Mr. Speaker: Mr. Khan has given a suggestion that the member may take up the matter with the Central Government and that he will be with him. Does the member still want to press it or withdraw it?

Minister of Railways: He wants to base his remarks on certain presumptions. He should get the position clarified from the Central Government. The Member can write to them or to me and I am prepared to take up the matter with the Central Government on his behalf.

میر عبدالباقی بلوچ—میں تو حکومت مغربی پاکستان کے نوٹس میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ یہ حرام مرغیاں اس صوبے میں لانے نہ دیں۔

مسٹر سپیکر—بہتر یہ ہے کہ آپ لکھ کر حکومت مغربی پاکستان کو بھیج دیں اور وہ اپنا covering letter لگا کر مرکزی حکومت کو forward کر دے گی۔

میر عبدالباقی بلوچ—اگر وزیر صاحب مرکزی حکومت سے اس معاملہ کے متعلق گفت و شنید کرنے پر رضا مند ہیں تو میں یہ تحریک التوا پیش کرنے پر اصرار نہیں کرتا۔

Mr. Speaker: So, the adjournment motion is not pressed.

Strike by Students of Government Intermediate College, Mastung.

Mr. Speaker: Mir Abdul Baqi Baloch wants to ask for leave to make a Motion for the adjournment of the Business of the Assembly to disuss a definite matter of urgent public importance, namely the Strike by the Students of Government Intermediate College, Mastung in the backward area of Kalat Division on the 25th March, 1963 as a result of resentment caused by the reduction in the rate of Scholarship awarded to them by the Government of West Pakistan in violation of the 4th Principle of Policy of the Constitution of the Republic of Pakistan.

Minister of Railways: (Mr. Abdul Waheed Khan): Sir, I oppose it on the grounds that, in the first instance, as far as the strike is concerned it started on the 28th March and ended on the 28th March, that is only for one day. Therefore the urgency is lost. In the second instance, no order has been passed by this Government after the discussion of the supplementary budget. It seems my friend was busy composing poems at that time otherwise he should have raised the matter at the proper moment. For his information I may say that there has been no violation of the 4th Principle of Policy of the Constitution of the Republic of Pakistan because the amount allocated to the class has not been reduced. In fact it has been increased. The actual position is that the number of students who were receiving scholarships has been increased and the amount of scholarships has reduced individually to accommodate all the students. To register a protest they resorted to strike which started and finished on the 28th March. Therefore, this motion has neither any factual ground nor any urgency

because there is no strike now Moreover the question has been raised by the Member after the supplementary budget. It should have been done at the proper time.

میر عبدالباقی بلوچ—جناب والا ۔ میں یہ گذارش کرونگا کہ کوئٹہ اور قلات کے طلبا نے یہ token strike کی ہے اس سلسلہ میں ایک ریزولیشن ہے ۔ اگر آپ اجازت دیں تو میں پڑھ کر سناؤں.....

Mr. Speaker: Mr. Baluch, I just want to know one thing whether the strike has ended ?

میر عبدالباقی بلوچ—جناب والا ۔ میری گذارش سن لیجئے ۔ میرے ایک سوال نمبر ۹۴ ے کے جواب میں فرمایا گیا تھا ۔

Minister of Railways: Sir, this is not a matter of recent occurrence. I have also explained that the amount has not been reduced.

میر عبدالباقی بلوچ ۔جناب والا ۔ اگر حکومت نے بر وقت توجہ نہ دی تو صورت حال زیادہ خراب ہو جائیگی ۔

Mr. Speaker: What is the point which the member wants to urge about the admissibility ? No facts but point of admissibility only.

میر عبدالباقی بلوچ—یہ بڑا ہی دستوری نکتہ ہے جو violate کیا گیا ہے ۔ طلبا اپنی تعلیم کو جاری نہیں رکھ سکیں گے ۔

Mr. Speaker: He is denying the fact that they have reduced the amount. If the member wants to challenge it, there are other procedures.

Minister of Railways: In the next budget after two months.

خواجہ محمد صفدر—جناب والا ۔ ممکن ہے جواب غلط دیا گیا ہو ۔

وزیر ریلوے— (مسٹر عبدالوحید خان) ممکن ہے آپ نے غلط سمجھ لیا ہو ۔

میر عبدالباقی بلوچ—اس کی اہمیت کے پیش نظر میں ان طلبا کے ایک ریزولیشن کی طرف آپ کی توجہ دلاتا ہوں ۔ جو کہ گورنمنٹ کالج کوئٹہ کی جنرل باڈی نے ۲۵ تاریخ کو پاس کیا ہے ۔ وہ کہتے ہیں کہ.....

Mr. Speaker: I do not want facts. I want to know one simple point and that is whether this strike has ended or still continues and how the matter is urgent.

میر عبدالباقی بلوچ—جناب والا ۔ میں یہ بتلانا چاہتا ہوں کہ طلباء میں کیوں resentment ہے ۔ اور انہوں نے token strike بھی کی ۔ اور ان کی resentment ابھی جاری ہے ۔ اور وہ نو تاریخ کو باقاعدہ strike کرینگے۔ میں آپ کے لئے ان کا ریزولیوشن پڑھتا ہوں ۔

Mr. Speaker: I have heard him. He has clarified his point. As the strike has ended the matter has lost its urgency. Therefore, the motion is ruled out of order.

میر یوسف علی خان مگسی—جناب والا ۔ میں ایک وضاحت چاہتا ہوں ۔ پچھلے سیشن میں جہاں تک مجھے یاد ہے ۔ وزیر تعلیم صاحبہ نے فرمایا تھا ۔ کہ انہوں نے وظائف اس لئے decrease کئے ہیں کہ زیادہ لوگ تعلیم حاصل کر سکیں ۔

مسٹر سپیکر—آپ وزیر صاحبہ سے مل لیجئے ۔ وہ آپ کو وضاحت کر دیں گی ۔ اور یا پھر سوال پوچھ لیجئے ۔

Acute Shortage of Drugs & Medicines in W. Pakistan.

Mr. Speaker: Rao Khurshid Ali Khan wants to ask for leave to make a Motion for the adjournment of the Business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the provincial Government in not apprising the Central Government regarding an acute shortage of the highly essential and indispensable drugs and medicines that has accurred in the Province of West Pakistan to the great detriment of the public, thereby adversely affecting their health, well-being and their very life, in consequence of the discriminatory attitude and under-hand means adopted by the Licensing Authorities in the matter of issue of import licenses.

وزیر ریلوے—(مسٹر عبدالوحید خان) جناب والا ۔ جیسا کہ ظاہر ہے یہ سنٹرل گورنمنٹ کا معاملہ ہے ۔ اور اس کے علاوہ یہ غیر واضح ہے ۔ کہ آیا ان کا مطلب ان دوائیوں سے ہے ۔ جو صوبہ مغربی پاکستان میں بنتی ہیں ۔ یا وہ باہر سے import کی جاتی ہیں ۔ وہ فرماتے ہیں ۔ کہ تمام زندگیاں خطرے میں ہیں ۔ تندرستی خطرے میں ہے ۔ تمام طرف غضب آ گیا ہے ۔ قیامت صغریٰ برپا ہو گئی ہے ۔ لیکن اس دوائی کے نام کا ذکر نہیں کرتے ۔ وہ یہ نہیں بتاتے کہ خاص طور

سے وہ کونسی دوائی ہے۔ وہ یہ نہیں بیان کرتے کہ کس تاریخ سے کمی آ گئی ہے ۔ اس لئے یہ غیر واضح ہے ۔

وہ ایک practising lawyer ہیں ۔ اتنے عرصے سے اسمبلی میں آ رہے ہیں ۔ ان کو یہ تو معلوم ہونا چاہئے کہ یہ دو چیزیں یعنی ایک یہ کہ یہ واضح ہونا چاہئے ۔ اور دوسرا یہ کہ متعین ہونا چاہئے ۔ اور پھر یہ کہ یہ مرکزی حکومت سے تعلق رکھتی ہے ۔ اس کے بعد بھی اگر کوئی اور چیز چاہئیے ۔ تو میں حاضر ہوں ۔

راؤ خورشید علی خان—جناب والا ۔ میں نے detail اسلئے نہیں لکھی ۔ کہ یہ ایک unusual بات ہو جاتی ۔ اب میں ان کی واقفیت کے لئے عرض کرتا ہوں ۔

میری گذارش یہ ہے کہ عام ضرورت کی دوائیوں کا یہ عالم ہے ۔ کہ وہ ملک میں نایاب ہیں اور اگر وہ ملک میں ملتی بھی ہیں تو وہ بھی بہت زیادہ قیمت پر ۔ مثلاً ایک عام ضرورت کی چیز ہے ۔ گرائپ واٹر اس کی حالت یہ ہے ۔ کہ وہ مارکیٹ میں سے ناپید ہو چکی ہے ۔ اور حالت یہ ہے کہ اگر وہ ملتا ہے تو پہلے وہ صرف دو روپے پر ملتا تھا ۔ تو اب سوا چار ساڑھے چار روپے میں ملتا ہے ۔

مسٹر سپیکر—آپ تشریف رکھیں میں نے آپ کو سن لیا ہے ۔ مجھے دوائیوں کے نام نہیں چاہئیں ۔ اور اب تو آپ نے مثال بھی دے دی ہے ۔

راؤ خورشید علی خان—میں یہ چاہتا ہوں کہ کم از کم اتنی assurance تو ہو کہ جو بھی کمیاب دوائیں ہیں وہ.....

مسٹر سپیکر—جو دوائیں کمیاب ہیں ۔ آپ ان کے متعلق انہیں لکھ کر دیں ۔ تو وہ مرکزی حکومت کو اس سلسلے میں move کرینگے ۔ تو کیا اس assurance کے بعد آپ اسے واپس لینے کے لئے تیار ہیں تو بتا دیں.....

راؤ خوشید علی خان—میں ایک شرط پر واپس لونگا ۔ اور وہ یہ ہے کہ مارشل لا میں.....

Mr. Speaker : The member should not talk of Martial Law. He should please be specific.

راؤ خورشید علی خان—میں تو جناب مارشل لاء کی تعریف کر رہا ہوں ۔

مسٹر سپیکر—میں مارشل لاء کی تعریف یا برائی سننا نہیں چاہتا۔ میں تو موشن کے متعلق بات سننا چاہتا ہوں ۔

I do not want 'ta' reef' or 'burai' of Martial Law.

راؤ خورشید علی خان—میں تو مارشل لاء کی اچھائی بتا رہا ہوں ۔

مسٹر سپیکر—اس کا مارشل لاء کی اچھائی یا برائی سے کیا تعلق ہے ۔ آپ ہی کا موشن رہ جائیگا ۔

وزیر ریلوے—جو تقریر انہوں نے تیار کی ہے ۔ وہ ضرور ہی کریں گے ۔

راؤ خورشید علی خان—جناب والا ۔ سابقہ regime نے ایک اچھا کام یہ کیا تھا ۔ کہ انہوں نے ان دواؤں کی قلت کو دور کرنے کے لئے ان کی امپورٹ او ۔ جی ۔ ایل ۔ لسٹ پر رکھی ہوئی تھی ۔

مسٹر سپیکر—آپ پھر تفصیلات پر آ گئے ۔ آپ صرف یہ بتائیے کہ اس یقین دہانی کے بعد آپ اسے واپس لے رہے ہیں یا نہیں ۔ مجھے اور کوئی وضاحت نہیں چاہئے ۔

راؤ خورشید علی خان—میں وضاحت نہیں کر رہا ۔ جناب ۔ سنٹرل گورنمنٹ کو جو چیز یہ بھیجیں گے ۔ میں اس چیز کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر—یہاں بتانے کی ضرورت نہیں ۔ آپ ان سے مل کر انہیں تفصیلات دے دیجئے ۔ اور اب آپ یہ بتائیے کہ اس یقین دہانی کے بعد آپ اسے واپس لے رہے ہیں ۔ یا نہیں ۔ اس assurance کے بعد مزید تفصیلات میں جا کر ایوان کا وقت ۔ آپ کا ہی قیمتی وقت ہے ۔

راؤ خورشید علی خان—میں یہ کہکر ختم کرتا ہوں ۔ آپ کی وساطت سے اس ایوان کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس معاملے میں under hand means استعمال کئے گئے ہیں ۔ اور لوگوں کے ساتھ Discriminatory treatment کیا گیا ہے ۔ پہلے اسی امپورٹرز تھے ۔ مگر اب انہوں نے صرف تین امپورٹرز کو لائسنس دیا ہے ۔ جس کی وجہ سے ان کی قیمت زیادہ ہو گئی ہے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں یہ تحریک پیش کرنے پر اصرار نہیں کرتا ۔

Mr. Speaker : So this adjournment motion is not prssed.

امیر حبیب اللہ خان سعدی—اس ایوان کا وقت کس مقصد کے لئے ہے ۔ آپ ہر بات پر کہتے ہیں کہ ہاؤس کا وقت قیمتی ہے.....

مسٹر سپیکر—یہ آپ کا job نہیں ہے ۔ میں مارشل لاء کے متعلق اس وقت تقریر نہیں کرا سکتا ۔ اگر میں کسی کو اس وقت یہ موقع دیتا ہوں ۔ کہ اس سے موشن پر کوئی points لے لوں تو یہ ضروری نہیں ۔ میں اپنی consent سے اسے reject بھی کر سکتا ہوں ۔ اگر آپ چاہیں تو میں وہ powers بھی استعمال کرنے کے لئے تیار ہوں ۔ میں تو سمجھتا تھا کہ اگر آپ اس موقع کو appreciate کرنا چاہتے ہیں ۔ تو میں آپ کو موقع دوں ۔ اور اگر آپ وہ موقع بھی نہیں لینا چاہتے ۔ اور مارشل لاء اور ادھر ادھر کی گفتگو میں وقت ضائع کرنا چاہتے ہیں ۔ تو میں اس کے لئے تیار نہیں ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی—تو جناب اس کا مقصد یہ ہوا کہ اگر میں ایک جائز کام کی طرف آپ کی توجہ دلاؤں ۔ تو آپ مجھے اس کی سزا دینگے ۔

مسٹر سپیکر—میں آپ کو سزا کیوں دونگا ۔ اگر آپ کوئی اہم اور جائز بات کہینگے ۔ تو میں آپ کی ہر بات سننے کے لئے تیار ہوں ۔ لیکن کوئی بھی غیر اہم بات سننے کے لئے تیار نہیں ہوں ۔ مجھے آپ کا بڑا احترام ہے ۔ اور مجھے آپ سے امید نہیں تھی ۔ کہ آپ اہم امور کے متعلق بھی اس قسم کی بات کرینگے ۔ آپ ہی بتائیے کہ مارشل لاء اور اس کی admissibility کا آپس میں کیا تعلق ہے ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی—وہ تو پس منظر بتا رہے تھے ۔

مسٹر سپیکر— آپ سمجھدار آدمی ہیں ۔ اور ماشاء اللہ پڑھے لکھے آدمی ہیں ۔ رولز کمیٹی کے ممبر ہیں ۔ ۔ تاویلات میں کیوں بیکار پڑتے ہیں ۔

مسٹر محمد حنیف صدیقی—مارشل لاء تو ختم ہو چکا اب کیوں ڈر رہے ہیں ؟

مسٹر سپیکر—ڈرنے کا سوال ہی نہیں ہے ۔ میں نے تو کہا ہے کہ میں نہ تعریف سننا چاہتا ہوں اور نہ برائی ۔

سردار عنایت الرحمن عباسی—جناب والا ۔ گرائپ واٹر کی بڑی ضرورت ہے ۔ اور آپ ہمارے حقوق کی protection کریں ۔ اور وزیر صاحب سے کہیں کہ کوئی کوٹہ ہمارے لئے بھی مقرر کریں ۔

Basant Mela at Kasur

Mr. Speaker : The next adjournment motion is also from Rao Khurshid Ali Khan who wants to ask for leave to make a Motion for the adjournment of the Business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the resentment prevailing among the citizens of Qasur as a result of the complete collapse of law and order on the occasion of the Basant Mela held during the 1st week of March, 1963 in that town under the auspices of the local Executive Officers where in there was loss of life and property at the hands of Goonda elements especially invited to adorn the anti social items of the programme.

Minister of Railways (Mr. Abdul Waheed Khan) : Sir, this Motion again is of a nature that I need not make a speech or objection, but I think that I should dispel the apprehensions of the Member that it is neither my right nor of the other Members that we must speak on every Motion. It is because you want to come to some conclusion I would submit that the resolution suffers from the defect that it is not of recent of occurrence. Basant Mela, as you know, was held in first week of March. After that the Member has made so many speeches and this thing was never mentioned by them. Its urgency has, therefore, been lost. Moreover the adjournment Motion is vague. The Member has not mentioned whether any person was injured or not. He has simply said that there was complete collapse of law and order. It is just a matter of opinion. What was the result ? He has not stated that. What was the date on which this incident took place ? The Member has not mentioned anything but still he insists on inflicting his speech on the House. In these circumstances I hope that he will withdraw his Motion and will not insist on its admissibility.

Mr. Speaker : How is it urgent?

راؤ صاحب خالی آپ یہ ایک بات بتائیں کہ یہ جلی مارچ کا واقعہ ہے اور آپ اسے آج ۲۹ - مارچ کو پیش کر رہے ہیں تو اس لحاظ سے اس کی کیا اہمیت ہے ؟

راؤ خورشید علی خان — میں جناب یہ عرض کرتا ہوں کہ میرے پاس جس وقت یہ اطلاع پہنچی ہے کہ کئی آدمی قتل ہو گئے جانی اور مالی نقصان ہوا - اور لوٹ مار ہوئی اور law and order collapse ہو گیا لیکن میں بلا تحقیقات کے اس معاملے کو نہیں پیش کرونگا - میں نے ان کو واپس کر دیا -

میں جناب والا- آپکی وساطت سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ خدا کے فضل و کرم سے ہمیں بولنے کے بہت سے مواقع ہیں میں آپ کی وساطت سے demand کرتا ہوں کہ اس قسم کے ریمارک گورنمنٹ بنچز کو پاس کرنے کا کوئی حق نہیں ہے ہم اپنی privilege کی وساطت سے بے بنیاد باتیں نہیں کرینگے - یہ ریمارک ان کو واپس لینا چاہئے -

Mr. Speaker : Has the Minister said something personal ?

There should be no pesonal remarks.

Rao Khurshid Ali Khan The Minister has said that the Member wants to inflict his speech on the House.

Minister of Revenue : It is a fact. (Interruptions)

Mr. Speaker : This Motion is ruled out of order as it has not been made at the earliest opportunity. (Interruptions)

Rao Khurshid Ali Khan : The Minister is himself inflicting a speech on this House. (Interruptions)

Notice of Strike by Students of Government College Mastung

Mr. Speaker : There is an adjournment Motion by Babu Muhammad Rafiq who wants to ask for leave to make a Motion for the adjournment of the Business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the Notice of strike from the students of Government College, Mastung, and drastic action taken by the Education Department in connection with their scholarships, which has created unhealthy conditions among the students and their parents as appeared in the local newspapers of Quetta.

A similar motion by Mir Abdul Baqi Baluch on the same subject has been ruled out of order.

The House is now adjourned for fifteen minutes for Asar Prayers.

(The Assembly then adjourned for fifteen minutes for Asar Prayers)

The Assembly met again at 6-00 p. m. of the clock after abjournment for Asar Prayers. Mr. Speaker in the chair.

RESOLUTION

Approval of the Punjab Land Preservation (West Pakistan Amendment) Ordinance 1963 (Resumption of discussion).

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on the motion that the Assembly do approve of the Punjab Land Preservation (West Pakistan Amendment) Ordinance 1963, promulgated by the Governor of West Pakistan on the 8th February 1963. Has Khawaja Safdar read this Ordinance ?

Khawaja Muhammad Safdar : Yes, Sir, I have gone through it.

Mr. Speaker : Does he want to oppose it ?

Khawaja Muhammad Safdar : Yes Sir.

Mr. Speaker : Alright.

The Punjab Land Preservation (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1963 آٹھ فروری

خواجہ محمد صفدر۔(سیالکوٹ ۔ ۱) جناب والا ۔

۱۹۶۳ء کو جناب گورنر صاحب نے اپنے خصوصی اختیارات کے ماتحت جاری فرمایا ۔ اس کے preamble کے الفاظ یہ ہیں

And whereas the Provincial Assembly of West Pakistan is not in session and the Governor of West Pakistan is satisfied that circumstances exist which render immediate legislation necessary

اس سے پہلے کہ میں اس آرڈیننس کے حسن و قبح کے متعلق کچھ عرض کروں میں ان الفاظ کے متعلق کچھ گذارشات کرنا چاہتا ہوں جو میں نے ابھی ابھی پڑھے ہیں ۔ ان میں ایک ہی فقرہ ہے ۔

and the Govenor of West Pakistan is satisfied that circumstances exist which render immediate legislation necessary

جناب والا ۔ مجھے اس پر اعتراض نہیں کہ یہ آرڈیننس کیوں جاری ہوا ۔ گورنر صاحب کو اختیارات ہیں اور انہوں نے اپنے ان اختیارات کو استعمال کیا لیکن مجھے اس پر ضرور اعتراض ہے کہ وہ اختیارات درست طور پر اور جائز طور پر استعمال نہیں ہو رہے ۔

جناب والا ۔ کانسٹی ٹیوشن کی متعلقہ دفعہ میں یہ واضح ہے کہ یہ اختیارات کونسے حالات میں اور کن وجوہات کی بنا پر استعمال

ہونے چاہئیں ۔ اس غرض کے ماتحت یہ الفاظ یہاں اس آئین کی دفعہ میں استعمال کئے گئے ہیں ۔ ہم نے دیکھنا ہے کہ آیا اس کے لئے کوئی جواز تھا ؟ کیا فوری طور پر یہ قانون بنانا درست اور ضروری تھا ؟ اور کیا یہ درست نہ تھا کہ آٹھ فروری کو یہ آرڈیننس جاری ہو رہا ہے اور اگر ایک ماہ بلکہ ستائیس دن بعد یعنی آٹھ مارچ کو اس معزز ایوان کا اجلاس ہونے والا تھا تو کیا یہ زیادہ مناسب نہ تھا بلکہ میں یہ کہوں گا کہ کیا یہ زیادہ ضروری نہ تھا کہ اس اجلاس کا انتظار کر لیا جائے اور ان خصوصی اختیارات کا استعمال نہ کیا جائے ؟ اس کے بعد جناب والا - اگر آپ اس قانون کا سرسری مطالعہ فرمائیں تو آپ یقیناً مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ اس میں کوئی ایسی چیز نہیں جو فوری نوعیت کی ہو ۔ یہ قانون ۱۹۶۳ء میں بھی بن سکتا ہے اور میری رائے میں ۱۹۶۰ء میں بھی بنایا جا سکتا تھا اور ۱۹۶۳ء میں بھی بنایا جا سکتا تھا ۔ اس میں کوئی urgency نہیں ہے لفظ 'immediate' غلط طور پر استعمال کیا گیا ہے ۔ یہ خصوصی اختیارات محض اس لئے کانسٹی ٹیوشن میں رکھے گئے ہیں کہ کسی وقت فوری طور پر ۔ ناگہانی طور پر کوئی آفت یا مصیبت اس صوبہ پر آ پڑے تو جناب گورنر صاحب ان اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے کوئی قانون نافذ کر سکیں۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ میرے نزدیک اس قانون کو اس ذریعہ سے ۔ آرڈیننس کے ذریعہ سے پیش کرنے سے اس معزز ایوان کے حقوق پر چھاپا مارا گیا ہے ۔ اس کے حقوق غصب کئے گئے ہیں ۔

ایک ممبر—ظلم ہوا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر—یقیناً ظلم ہوا ہے ۔ اس سے بڑا ظلم کوئی نہیں ہے کہ پانچ کروڑ کے نمائندوں سے یہ حق چھین لیا جائے ۔ اس صوبہ کے لئے ایک آدمی کی خواہش کے مطابق قوانین نہیں بنائے جا سکتے ۔ صرف وہ قوانین بنائے جا سکتے ہیں جو کہ اس ہاؤس میں پاس ہوں تاکہ اس ہاؤس میں پاس ہونے سے پیشتر اس صوبہ کے اطراف و اکناف سے تشریف لائے ہوئے اصحاب اپنے اپنے علاقوں کے حالات کے مطابق اور ان کی

ضروریات کے مطابق ان قوانین کو دیکھ لیں جو کہ ان کے علاقوں پر وارد ہونے والے ہوں ۔ ان کے متعلق وہ اپنی تجاویز پیش کریں اور پھر ہاؤس کثرت رائے سے جس شکل میں چاہے انہیں پاس کر دے ۔ لیکن میں یہ عرض کر دوں کہ یقیناً یہ اس ہاؤس کے حقوق پر غاصبانہ قبضہ ہے کہ اس کا ستائیس اٹھائیس دن انتظار نہ کیا جائے اور اس قانون کو ایک آرڈیننس کی شکل میں پانچ کروڑ افراد کے صوبہ پر تھوپ دیا جائے ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر سپیکر ایوان سے تشریف لے گئے اور مسٹر ڈپٹی سپیکر سید ظفر علی شاہ کرسیء صدارت پر متمکن ہوئے) ۔

اور اب جناب والا ۔ میں اس کے حسن و قبح کے متعلق چند گذارشات پیش کروں گا ۔ وزیر قانون اس طرف توجہ فرمائیں ۔ کیونکہ جو کچھ میں عرض کروں گا اس کے متعلق ان کو کم از کم سوچنا ضرور پڑے گا ۔

وزیر قانون ــ(ملک قادر بخش) بسم اللہ کیجئے ۔

خواجہ محمد صفدر ــ لیجئے میں بسم اللہ کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ یہ قانون ۱۹۰۰ء میں یعنی آج سے ۶۳ سال پہلے مخصوص علاقوں کے لئے وضع کیا گیا تھا ۔ یہ مخصوص علاقے ضلع کانگڑہ میں شوالک کی پہاڑیاں اور ان کے گرد و نواح کے علاقہ جات ہیں ۔ مختلف اوقات میں قیام پاکستان سے پہلے اس قانون میں جو ترامیم آتی رہیں ان کی نوعیت وہی تھی اور یہ قانون شوالک کی پہاڑیاں کے لئے مخصوص رہا ۔ ۱۹۴۲ء میں اس میں ایک ایسی ترمیم کی گئی جس کے ذریعہ سے حکومت نے اختیارات اپنے ہاتھ میں لے لئے اور پنجاب کے باقی علاقوں پر بھی اس کا اطلاق کیا گیا ۔

اس قانون کی کلاز ۲ جو شوالک کی پہاڑیوں کے متعلق ہے اس کا اطلاق پنجاب کے دوسرے اضلاع پر بھی ہو سکتا ہے ۔ primarily ۱۹۴۴ء میں ایک ترمیم کی گئی جس کے مطابق اگرچہ ضلع کانگڑہ پنجاب کا حصہ تھا پھر بھی اس قانون کو اس علاقہ کے لئے مخصوص

کیا گیا ۔ حالانکہ حکومت کے پاس اختیارات تھے کہ باقی علاقوں پر بھی نافذ کر سکے ۔ آج سارا دن میں اس کی confirmation کے متعلق تلاش کرتا رہا اور ابھی ابھی وزیر قانون نے confirm کیا کہ اس کے بعد کوئی ترمیم نہیں ہوئی ۔ اس سیکشن کی یہ شکل ہے ۔

Sections 8, 9 and 10 shall extend to the territories situated within and adjacent to the Sivalak Mountain Range. The remaining sections shall apply to the whole of Punjab.

جناب والا ۔ یہ ہمارے لاء ڈیپارٹمنٹ کا کرشمہ ہے کہ ایک آرڈیننس آ گیا ہے شوالک کی پہاڑیاں ہندوستان کا حصہ ہیں لیکن اس کے متعلق قانون ابھی تک ہمارے ہاں چلا آ رہا ہے ۔ وہ کم از کم اتنا تو دیکھ لیتے ۔ کیا وزیر قانون جغرافیہ سے واقف نہیں ہیں ۔

ایک معزز ممبر ــــ وہ قانون دان ہیں جغرافیہ دان نہیں ہیں ۔

وزیر قانون ــــ کاش وہ پہلے پڑھ لیتے کہ اس آرڈیننس میں ہم نے substitute کر دیا ہے ۔ افسوس ہے کہ وہ پڑھ کر نہیں آتے ۔

خواجہ محمد صفدر ــــ جناب والا ۔ میں تو تین ایکٹ پڑھ کر آیا ہوں ۔ ۱۹۴۴ء کے بعد اس میں کوئی ترمیم نہیں کی گئی ۔ اس میں اگر کوئی غلطی ہو گی تو میں اسے قبول کر لوں گا ۔ جو سیکشن یہاں موجود ہے اس کی جگہ یہ سیکشن لگ جائے گا وزیر صاحب توجہ فرمائیں کہ پہلا سیکشن delete ہو گیا اور یہ وہاں لگ گیا ۔

وزیر قانون ــــ آپ amending ایکٹ کو پڑھیں اور اس آرڈیننس کو پڑھیں ۔ تاکہ جو اوپر والے ہیں (پریس گیلری کی طرف سے اشارہ کر کے) ان کو پتہ لگ جائے ۔ (قطع کلامیاں اور شور)

Mr. Deputy Speaker: I will point out to the House that some aspersions have been cast during the past few minutes about some Members that they make speeches so that they may be recorded by the press. I think this is bad.

میاں محمد اکبر ــــ آپ اوپر والے (خدا) کو دیکھیں اوپر والوں کو نہ دیکھیں ۔

وزیر قانون۔۔۔ہمارا تو اس وقت اوپر والوں سے تعلق ہے ۔

خواجہ محمد صفدر۔۔۔اس قانون کے مطابق جو اختیارات حکومت پاکستان نے حاصل کر لئے ہیں اب میں ان کے متعلق چند گذارشات پیش کروں گا ۔ سیکشن ۴ میں یہ درج ہے کہ اگر کوئی اراضی جس کے متعلق سیکشن ۳ کے تحت نوٹیفیکیشن کیا جائے گا اس کے لئے ڈپٹی کمشنر بذریعہ منادی ان چیزوں کے متعلق اعلان کریں گے ۔ کس قسم کی کاشت ہو ۔ درختوں کا کاٹنا ۔ بھیڑ بکریاں چرانا ۔ اب میں quarrying کو بند کرنا ۔ اس کے علاوہ اگر grazing ہو تو اسے منع کرنا ۔ یہ اختیارات تو دفعہ ۴ کے تحت تھے ۔ جس کے مطابق ڈپٹی کمشنر صاحب ایک اعلان کے ذریعہ لوگوں کو عارضی طور پر منع فرمائیں گے اسی طرح دفعہ ۵ ہے کہ اگر کہیں کھیتی باڑی ہو رہی ہو ۔ بھیڑ بکریاں چرائی جا رہی ہوں ۔ لکڑی کاٹی جا رہی ہو ۔ quarry پر کام کر رہے ہوں تو ڈپٹی کمشنر دفعہ ۳ کے تحت نوٹیفیکیشن کر دیں اور جو کام ہو رہا ہو اسے بند کر دیں ۔ یہ بہت وسیع اختیارات ہیں ۔ مجھ سے وزیر قانون محترم اتفاق کریں گے کہ یہ انتہائی وسیع اختیارات ہیں اور ان کا استعمال دراصل وہ بنیادی چیز ہے جس کے مطابق ہر قانون اچھائی اور اصلاح پر مبنی ہوتا ہے لیکن نتائج اس کے استعمال پر ہوتے ہیں ۔ اگر استعمال اچھا ہے تو وہ قانون عوام کے لئے نعمت کا درجہ رکھتا ہے اور اگر اس کا استعمال غلط طریق پر ہو تو وہی قانون زحمت اور آفت کی شکل اختیار کر لیتا ہے ۔ اختیارات کے متعلق جیساکہ اس سیشن سے پہلے اور اس سے قبل نہ صرف اس طرف سے بلکہ حزب اقتدار کی طرف سے بھی بار بار اس امر کی طرف توجہ دلائی گئی ہے کہ ہمارے bureaucrats اور افسران اکثر اوقات اپنے اختیارات کا جائز استعمال نہیں کرتے ۔ وہ کسی جگہ راحت بخشتے ہیں اور کسی جگہ نا جائز تنگ کرتے ہیں ۔ ذاتی تعلقات کی بنا پر کسی سفارش کی بنا پر یا رشوت کی بنا پر اختیارات کا استعمال غلط یا صحیح ہوتا ہے ۔ اس معزز ایوان کے دوسری طرف بیٹھنے والے اس بات پر مجھ سے متفق ہیں کہ ہمارے ہاں باقی شعبہ ہائے زندگی کی طرح افسران میں حد درجہ قباحتیں دخل پا چکیں ہیں ۔

اس لئے ہمیں محتاط ہونا چاہیئے ۔ کہ ہم اپنے افسروں کو ایسے وسیع اختیارات نہ دیں ۔ جنکو غلط استعمال کرنے سے اس صوبے کو اور اس صوبے کے عوام کو نقصان پہنچے ۔ تو جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا ۔ کہ اگر ان اختیارات کا حامل اچھا آدمی ہو گا ۔ تو مجھے ملک صاحب سے اتفاق ہے ۔ کہ چونکہ اس صوبے میں اکثر جگہ ندی' نالوں اور طغیانیوں کی وجہ سے erosion ہو رہا ہے ۔ مثال کے طور پر سیالکوٹ کی تحصیل شکر گڑھ ہے ۔ اسی طرح ہر ضلع میں کوئی نہ کوئی علاقہ ہے ۔ جیسے گجرات ہے ۔ جہلم ہے ۔ اسی طرح سابقہ فرنٹیئر کا علاقہ ہے ۔ جہاں کٹاؤ وغیرہ ہو رہا ہے ۔ اور اس کے لئے قانون کی ضرورت ہونی چاہیئے ۔ اگرچہ کہ وہ طریقہ جس سے کہ قانون پیش کئے گئے ہیں اس سے مجھے اتفاق نہیں ہے ۔ لیکن میں عرض کروں گا ۔ کہ ایسے طریقے سے قانون بنانا چاہیئے ۔ تاکہ انکو احتیاط سے ہمارے افسران استعمال کریں ۔ اور ان میں یہ شائبہ کم سے کم ہو ۔ کہ اس کو غلط استعمال کیا جا سکے گا ۔ اس کے بعد جناب والا.....

اس کے بعد جناب والا ۔ اس میں یہ بھی طاقت صوبائی حکومت نے سیکشن ۸ اور ۹ کے تحت حاصل کی ہے ۔ کہ ندی نالوں کی beds پر یعنی راستے پر بھی اپنی ملکیت یا قبضہ عارضی طور پر کر سکتی ہے ۔ لیکن قانون میں کسی جگہ بھی یہ ''عارضی طور پر'' define نہیں ہے ۔ کہ دو سال کے لئے، چھ سال کے لئے یا بیس سال کے لئے یہ قبضہ ہو گا اگر اس سے بھی زیادہ ہو ۔ تو بھی اس ''temporary'' لفظ کا اطلاق ہو گا ۔ اور سیکشن ۹ میں درج ہے ۔ کہ اگر کسی جگہ پر اراضی کاشت ہو رہی ہو ۔ تو مالک کو منع کیا جا سکتا ہے ۔ کہ آپ اس اراضی کو کاشت نہ کریں ۔ اور اگر کسی آدمی کو بیس سال کے لئے اسکی اراضی سے بیدخل کیا جاتا ہے ۔ تو یقیناً اسکو بے اندازہ نقصان ہو گا ۔ پہلے ہی اس قسم کے بہت سے واقعات ہمارے سامنے آ چکے ہیں ۔ کئی لوگوں کو اپنے گھروں سے اکھاڑ پچھاڑ کر کسی دوسری جگہوں پر آباد کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔ تو اگر ان کو جو ندی نالوں کی وجہ سے اپنی جگہ نہ رکھتے ہوں ۔ تو کیا ہماری حکومت نے کوئی ایسی جگہ تیار

کی ہے ۔ جہاں ان کو نئے سرے سے آباد کیا جائیگا ۔ اور اگر کسی کی اراضی کا بیشتر حصہ کسے نالے کے bed میں آ گیا ہو ۔ اسکو تو گورنمنٹ خود لے لے گی ۔ لیکن اس کا معاوضہ کوئی نہیں ہے ۔ اور اس کو اگر گورنمنٹ کوئی معاوضہ کرایا یا compensation تین ماہ کے اندر دیگی ۔ تو وہ اسکے عوض زمین تو نہیں خرید سکتے ۔ ملک صاحب کو اس طرف بھی توجہ دینی چاہیئے ۔ اور کیا یہ مناسب ہے ۔ کہ لا محدود اختیارات اپنے ہاتھ میں رکھکر اسکے بعد ڈپٹی کمشنر کو تفویض کرنے کے لئے یہ جائز قدم ہو گا ۔ کیونکہ ہو سکتا ہے ۔ کہ یہ میعاد لا محدود ہو جائے ۔ او کسی کی زندگی سے بھی باہر ہو جائے ۔ اس لئے گذارش ہے ۔ کہ "temporary" کا لفظ جو استعمال ہوا ہے ۔ اسکی وضاحت کی جائے ۔ کہ "temporary" سے کیا مراد ہے ۔ دو ماہ' چار ماہ' چھ ماہ' سال' دو سال یا پچاس سال ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد گذارش کروں گا ۔ کہ یہ ایک قسم کا penal law بھی ہے ۔ اس میں دفعہ ۹ کے تحت سزا بھی مقرر ہے ۔ اگر کوئی بھیڑ' بکری' ڈپٹی کمشنر کے اعلان کے بعد کسی علاقے میں چرنے کے لئے چلی جائے ۔ تو اس کے مالک کو یکصد روپیہ جرمانہ اور ایک ماہ قید کی سزا دی جا سکتی ہے ۔ تو یہ بھی خاصی hardship ہے اور اس hardship کو بھی مد نظر رکھا جائے ۔ اور اس قانون کو کسی اور صورت میں یا بل کی صورت میں لایا جائے ۔ تو اس میں پھر amendment ہو سکتی ہے لیکن جس صورت میں یہ پیش کیا جا رہا ہے ۔ اس میں ترمیم پیش نہیں ہو سکتی ۔ لہذا ان خامیوں کی وجہ سے میں پورے کے پورے ریزولیوشن کی مخالفت کرنے پر مجبور ہوں ۔ اور اس بنا پر میں اسکی مخالفت کرتا ہوں ۔

میر عبدالباقی بلوچ—(مکران ۔ ۲) جناب سپیکر ۔ حکومت نے The Punjab Land Preservation (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1963 سارے مغربی پاکستان میں نافذ کر دیا ہے ۔ اور یہ سوچنے کی بھی زحمت گوارہ نہیں کی ۔ کہ آیا یہ تمام علاقے پر نافذ ہو سکتا ہے ۔ یا نہیں ۔ افسوس تو اس بات پر ہے ۔

کہ قانون نافذ کرنے سے قبل یہ دوسرے قوانین کا مطالعہ بھی نہیں فرماتے ۔ اور انہیں یہ بھی علم نہیں ہوتا ۔ کہ اس سے کسی قسم کی الجھنیں پیدا ہونگی ۔

کوئٹہ قلات ڈویژن پر بھی اس قانون کا اطلاق ہوگا ۔ لیکن آپ کی اطلاع کے لئے میں عرض کر دوں ۔ کہ آپ ہی کے قانون کی وجہ سے آپکا یہ قانون وہاں نافذ نہیں ہو سکتا ۔ آپ کے اپنے قانون میں conflict ہے ۔ اور اس کی مثال آپ کی خدمت میں یوں پیش کرونگا ۔ کہ اگر آپ اس قانون کا سیکشن ۸ ملاحظہ فرمائیں تو جناب والا ۔ اس کے تحت ۔ ۔ ۔ ۔

8. (1) Whenever it appears to the Provincial Government that it is desirable that measures should be taken in the bed of any cho for the purpose of:—

(a) regulating the flow of water within and preventing the widening or extension of such bed, or of
(b) reclaiming or protecting any land situate within the limits of such bed;

such Government, may either proceed at once in manner in sub-section (2) provided, or, in the first instance, by notification specifying the nature and extent of the measures to be taken and the locality in and the time within which such measures are to be so taken, require all persons possessing proprietory or occupancy rights in land situate in such locality to themselves carry out the measures specified in such notification accordingly.

جناب والا ۔ قبل اس کے کہ وہ اس دفعہ کے تحت نوٹیفیکیشن جاری کریں ۔ ان پر لازم ہو جاتا ہے ۔ کہ وہ record of rights کے مطابق اس کی وضاحت بھی کریں ۔ جس علاقے میں record of rights نہ ہوں آپ اس کی تخصیص کیسے کرینگے ۔ specify کیسے کرینگے ۔ کہ فلاں سے فلاں جگہ تک اس نوٹیفیکیشن کے اندر آئیگا ۔

دوسری بات اس میں بالخصوص جو قابل غور ہے ۔ وہ یہ ہے ۔ کہ اگر آپ نے ایک علاقہ specify کر دیا ۔ اور اس میں جتنے مالکان ہیں ۔ ان کے مابین کوئی تنازعہ پیدا ہوتا ہے ۔ اور آپ کو یہ فیصلہ کرنا ہوگا ۔ کہ کس کی بات صحیح ہے ۔ اور کس کی بات غلط ۔ تو ایسی صورت میں جبکہ آپ کے پاس record of rights موجود نہ ہوں تو آپ کس اصول پر فیصلہ کرینگے ۔ record of rights کے متعلق واضح سیکشن موجود ہے punjab land revenue act, 1887 اس کی دفعہ ۳۴ کے تحت ایک باقاعدہ procedure بنا ہوا ہے ۔ اور آپ خود اس سے باہر نہیں نکل سکتے ۔ اس

procedure کے تحت آپ کو جو record of rights تیار کرنے ہیں اسکے لئے ضروری ہے ۔ کہ آپ پہلے وہاں settlement کا کام کریں ۔ اور جب تک آپ وہ کام نہ کریں ۔ تو آپ کا یہ قانون بھی لغو اور اس قسم کے آپ کے تمام قوانین لغو ہوں گے ۔

جناب والا ۔ اس سے میری مراد یہ ہے ۔ کہ یہ اندھا دھند طریقے سے قانون جو آرڈیننس کے ذریعے نافذ کرتے ہیں ۔ اور ایوان کو موقع نہیں دیتے ۔ کہ وہ قانون کے حسن و قبح کو پرکھیں۔ اور ان میں جو خامیاں ہوں اس کے متعلق اپنی رائے دیں ۔ تاکہ اس قانون پر مزید غور و خوض ہو سکے ۔ اور ایک اچھا قانون تراشا جا سکے اسلئے یہ پیچیدگیاں پیدا ہو رہی ہیں ۔

دوسری بات جناب والا ۔ میں اس سلسلے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں تک اس قانون کے اصول کا تعلق ہے مجھے اس سے اتفاق ہے کہ یہ مسئلہ آئندہ نسلوں پر اثر انداز ہوگا بالخصوص ہمارے علاقے کوئٹہ قلات ریجن میں یقیناً اس قسم کے قانون کے ذریعے afforestration کی ضرورت ہوگی اور میں سمجھتا ہوں کہ ان کا منشا یہ ہوگا کہ afforestration کے لئے کوئی قانونی جواز پیدا کریں کیونکہ وہ علاقے بنجر ہیں اور وہاں بارشیں نہیں ہوتی ہیں اور اسلئے بھی یہ ضروری ہو گیا ہے کہ ان علاقوں میں afforestration کے ذریعے مستقبل کے لئے وہ ماحول پیدا کیا جائے جس سے بارشوں کے امکانات پیدا ہوں اور اگر ان کی نیت یہی ہے کہ وہاں afforestration کے ذریعے بارشوں کے امکانات بڑھائیں تو یہ ایک نیک خیال ہے اور میں اسکی تائید کرتا ہوں ۔

محمد حنیف صدیقی—''این خیال است و محال است و جنون''

میر عبدالباقی بلوچ—لیکن اس خیال کو بروئے کار لانے کے لئے ۱۵—۲۰ سال درکار ہوں گے ۔ دوسرے یہ کہ آپ جس علاقے میں afforestration کرنا چاہتے ہیں اس قانون کے تحت آپ کو یہ بھی اختیار ہے کہ آپ کسی علاقے کے لوگوں کو زبردستی یہ حکم دیں کہ وہ اس علاقے میں جو کام آپ چاہیں

ان سے کروا لیں ۔ مثال کے طور پر آپ کوئی مقام specify کرتے ہیں اور کسی گاؤں کے عوام کو حکم دیتے ہیں کہ اس علاقے کا afforestration کرو اگر وہ afforestration نہیں کرتے تو آپکو بھی اختیار ہے کہ آپ خود وہ کام کریں اور اس کے بعد جتنے اخراجات ان کاموں پر آتے ہیں وہ لینڈ ریونیو کے ذریعے وصول کریں ۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے ۔

Mr. Deputy Speaker: The time is over. I may point out that the time appointed originally was somewhere about 6.30. If the House is of the opinion that it should be extended beyond that, I have no objection.

(Members: No, Sir.)

The House stands adjourned till 9·00 a.m. on Saturday, the 30th March, 1963.

(The Assembly then adjourned till 9.00. a.m. on Saturday the 30th March, 1963).

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

THIRD SESSION OF THE FIRST PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Saturday, the 30th March, 1963

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9 25 a.m. of the Clock. Mr. Speaker, Mr. Mobinul Haq Siddiqi, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an and its translation by Qari Ali Hussain Siddiqui, Qari of the Assembly.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ ۖ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ ۚ فَإِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۚ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ۝ إِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۚ وَإِنْ يَّخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ بَعْدِهٖ ۗ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَّغُلَّ ۚ وَمَنْ يَّغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝

پارہ ۴ سورۃ ۳ رکوع ۸ آیات ۱۵۹ تا ۱۶۱

(اے پیغمبر) یہ خدا کی بڑی رحمت ہے کہ تم ان لوگوں کے لئے نرم مزاج واقع ہوئے ہو اگر تم سخت مزاج اور سنگ دل ہوتے تو لوگ تمہارے پاس سے بھاگ کھڑے ہوتے پس ان لوگوں کا قصور معاف کرو اور اللہ سے بھی ان کیلئے بخشش طلب کرو نیز اس طرح کے معاملات میں ان سے مشورہ کر لیا کرو پھر جب ایسا ہو کہ تم نے کسی بات کا عزم کر لیا تو چاہئے کہ خدا پر بھروسہ کرو یقیناً اللہ انہیں لوگوں کو دوست رکھتا ہے جو اس پر بھروسہ کرتے ہیں (مسلمانو!) اگر اللہ تمہاری مدد کرے تو کوئی بھی تم پر غالب نہیں آسکتا۔ لیکن اگر وہی تمہیں چھوڑ بیٹھے۔ تو کون ہے جو تمہارا اسکے بعد مددگار ہو سکتا ہے۔ صرف اللہ کی ذات ہے پس جو مومن ہیں وہ اسی پر بھروسہ رکھیں۔ اور نبی سے یہ بات کبھی نہیں ہو سکتی کہ وہ کسی طرح کی خیانت کرے۔ اور جو کوئی خیانت کرتا ہے تو جو کچھ اس نے خیانت کی ہے۔ قیامت کے دن نہیں چھپا سکے گا۔ وہ اسکے ساتھ آئیگی پھر ہر شخص کو اسکی کمائی کے مطابق پورا پورا بدلا ملے گا۔ یہ نہ ہوگا کہ کسی کے ساتھ بھی ناانصافی کی جائے۔

پیر علی شاہ جیلانی—جناب والا ۔ پیشتر اس کے کہ ہاؤس کی کارروائی شروع ہو میں یہ عرض کرونگا کہ میں نے parliamentary conventions دیکھی ہیں کہ جب اسمبلی کی کارروائی ہو رہی ہو تو اس کے دوران ممبران مصروف گفتگو نہیں ہوتے ۔ لیکن یہاں ممبران گفتگو میں مصروف ہوتے ہیں نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جب ممبران تقریریں کرتے ہیں تو وہ ہمارے سمجھنے اور سننے میں نہیں آتیں ۔ دوران تلاوت قرآن مجید ممبران گفتگو میں مصروف رہتے ہیں ۔ لابی اس لئے بنی ہوئی ہے کہ اگر گفتگو کی ضرورت ہو تو وہاں کی جائے ۔

Mr. Speaker: I think the Parliamentary convention should be observed.

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

PROVISION OF WATER COOLERS AT RAILWAY STATIONS IN HYDERABAD AND KHAIRPUR DIVISIONS

*1245. **Mir Haji Muhammad Bux Talpur**: Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) the names of the Railway Stations at which water coolers have been provided for the passengers ;

(*b*) the mileage of the meter gauge railway line along with the number of stations in Hyderabad and Khairpur Divisions ;

(*c*) whether it is a fact that no water cooler has been provided at any Station referred to in (*b*) above ; if so, the reasons therefor ;

(*d*) whether the Railway Authorities intend to install at least one water cooler at Mirpurkhas Railway Station ; if not, the reasons thereof?

Parliamentary Secretary (Mir Hamal Khan): (*a*) Water coolers have been provided at the following 9 stations in Hyderabad and Khairpur Divisions :—

1. Rohri.
2. Shikarpur.
3. Jacobabad.
4. Larkana.
5. Dadu.
6. Nawab Shah.
7. Hyderabad.
8. Kotri.
9. Karachi City.

(*b*) The meter-gauge railway line is 318.07 miles long and has 52 stations.

(*c*) Yes. Water coolers are being provided according to a programme, based on the availability of funds, in which priority is being given to important stations on the main line.

(*d*) Yes.

RAILWAY FACILITIES IN HYDERABAD DIVISION

***1247. Mir Haji Muhammad Bux Talpur :** Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that before Independence there was a scheme of opening a Railway line from Badin to Bombay *via* Nagarparker ; if so, the same be placed on the Table of the House ;

(*b*) whether Government intend to order a survey for opening of a new Railway Line connecting Nau Kot, Mithi, Islamkot, Danodhandal and Nagarparker to provide transport facilities to this backward area ; if so, when ?

Parliamentary Secretary (Mir Hamal Khan) : (*a*) Yes, a Traffic and Engineering Survey for a Broad Gauge railway line from Badin to Biramagaun *via* Nagarparker for a direct Bombay Sind Railway Connection was carried out in 1945-46.

Copies of the N. W. Railway Traffic and Engineering Survey Reports Part I/A/I/B and Part II, 1945-46, are placed on the Table of the House.

(*b*) No proposal for carrying out a survey for opening of a new railway line from Naukot a railway station on Jamrao-Pithoro Meter Gauge loop line to Nagarparker is under consideration at present.

حاجی میر محمد بخش تالپور—کیا وزیر متعلقہ ارشاد فرمائیں گے کہ اس کی کیا وجوہات ہیں کہ ریلوے لائین کی سروے کا خیال چھوڑ دیا گیا ہے ؟

وزیر ریلوے—(مسٹر عبدالوحید خاں) جیسا کہ جواب میں کہا گیا ہے کہ یہ سروے ۱۹۴۵-۴۶ میں کی گئی تھی اس پر ۴ کروڑ روپیہ خرچ آتا تھا اس لئے بند کر دی گئی تھی ۔ ابھی تک کوئی درخواست یا representation سوائے آپ کے سوال کے ہمارے پاس نہیں آئی ۔ اگر کوئی representation ایسی ہوئی تو اسے examine کر کے دیکھا جائے گا کہ آیا سروے کرائی جائے یا نہ کرائی جائے ۔

HEAVY RAILWAY TRAFFIC ON THE MIRWAH ROAD CROSSING IN MIRPURKHAS TOWN

*1324. **Mir Haji Muhammad Bux Talpur** : Will the Minister of Railways be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that railway traffic on the Mirwah Road crossing in Mirpurkhas town is very heavy ;

(*b*) the number of trains and engines passing through that crossing daily ;

(*c*) whether it is also a fact that due to the frequent closing of the Railway gates on the passing of trains and engines from this crossing much hardship is caused to the general public ;

(*d*) whether there is any proposal under the consideration of the Railway Administration to construct another bridge at the said crossing, if so, the date by which the other bridge is likely to be constructed ?

Parliamentary Secretary (Mir Hamal Khan) : (*a*) Yes.

(*b*) About 50 rail movements take place every 24 hours.

(*c*) No.

(*d*) Yes in the Third Plan period, if the Local Bodies agree to provide their share of cost.

OPENING OF A METER-GAUGE RAILWAY WORKSHOP AT HYDERABAD

*1431. **Mir Haji Muhammad Bux Talpur** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that he stated in Sukkur that a meter-gauge Railway Workshop will be opened at Hyderabad at a cost of Rs. 58 lacs ;

(*b*) whether it is a fact that Hyderabad Station is in the West corner of the meter gauge line ;

(*c*) whether it is a fact that survey has been made on Hyderabad meter gauge line to convert it into broad-gauge ;

(*d*) whether it is also a fact that with the convertion of the said line into broad-gauge, Hyderabad station will be disconnected with meter gauge line ;

(*e*) if answer to (*a*) to (*d*) above be in the affirmative whether Government intend to open this Workshop at Mirpurkhas or any station on the meter-gauge instead of at Hyderabad; if so, when, if not, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Mir Hamal Khan) : The information is being collected and will be placed on the Table of the House in due course or answered at the next day fixed for the Railway questions.*

* For final reply, please see the Appendix.

WATER FILTER PLANT AND A WATER COOLER AT RAILWAY STATION MIRPURKHAS

*1546. **Mir Haji Muhammad Bux Talpur**: Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that on some Railway Stations water filters have been provided, if so, the names and yearly income of those stations;

(*b*) whether it is a fact that Mirpurkhas Railway Station cannot be provided with a water cooler because for want of a water filter plant, if so, the names and the yearly income of those Railway Stations where water coolers have been provided, and the yearly income of Mirpurkhas Railway Station ; which is without a water cooler ;

(*c*) whether Railway Authorities intend to provide a water filter plant and a water cooler at Mirpurkhas Railway Station, if so, when, if not, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Mir Hamal Khan): The information is being collected and will be placed on the Table of the House in due course or answered at the next day by fixed for the Railway questions.*

OPENING OF OUTLETS OF BRIDGE OVER BASANTAR NALLA AT JASSAR RAILWAY STATION

*1733. **Major Abdul Majid Khan**: Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the bridge over Basantar has only 2 outlets open at Jassar Railway Station, District Sialkot ;

(*b*) whether it is also a fact that this obstructs the flow of water and causes the water to inundate the surrounding villages and endanger crops and houses ;

(*c*) if answer to (*a*) & (*b*) above be in the affirmative, whether Government intend to open the rest of the outlets of the bridge allowing water to flow smoothly ?

Parliamentary Secretary (Mir Hamal Khan): The information is being collected and will be placed on the table of the House in due course. *

REDUCTION IN RUNNING TIME OF TRAINS BETWEEN LAHORE AND JHANG FAST TRAINS

*1899. **Mr. Iftikhar Ahmad Khan**: Will the Minister of Railways be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that four trains running between Lahore and Jhang Sadder take about 8 to 9 hours to cover the distance of 197 miles;

*For final reply, please see the Appendix.

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether the Railway Administration intend to reduce the running time of trains between Lahore and Jhang by introducing fast trains ?

Parliamentary Secretary (Mir Hamal Khan) : (*a*)Yes.

(*b*) Yes.

نوابزادہ افتخار احمد خاں—fast train کب چلائینگے ؟

وزیر ریلوے (مسٹر عبدالوحید خاں)—جناب والا۔ ہم نے تو فاسٹ ٹرین چلائی بھی تھی اور کوشش بھی چلانے کی کی تھی ۔ لیکن وہ اسی صورت میں چل سکتی تھی کہ درمیانی قیام stoppages کو کم کیا جائے لیکن جب ہم نے ایک فاسٹ ٹرین چلائی اور وقت 8½ گھنٹے سے 7½ گھنٹے کر دیا تھا تو آپ ہی حضرات نے وہاں کے لوگوں سے ایجی ٹیشن کروایا کہ جہاں stoppages کم کئے گئے تھے ۔ تو پھر مجبوراً ہمیں اسی لائن پر جانا پڑا ۔ اب پھریہ مسئلہ زیر غور ہے کہ ہم اگر کوئی ایسی ترکیب کر سکیں ۔ کہ کچھ کچھ فاصلہ کم ہو سکے ۔ یا کچھ وقت کم ہو سکے ۔

نوابزادہ افتخار احمد خاں—کیا منسٹر ریلوے کو یہ علم ہے ۔ کہ پچھلے ٹائیم ٹیبل میں آپ نے ایک گاڑی کا آدھ گھنٹہ reduce کر دیا تھا ۔ لیکن ٹائم reduce کرنے کے بعد پندرہ دن میں اسے پھر revise کر دیا ۔ اور اس کا پھر وہی پرانا ٹائم کر دیا ۔ اور اب پھر وہ پرانا ٹائم بھی نہیں ہے ۔ شور کوٹ میں گاڑی روزانہ دو تین گھنٹے کھڑی رہتی ہے ۔ اور بارہ گھنٹے سے پہلے ۱۹۰ میل کا سفر طے نہیں ہوتا ۔ جب سے ریل وہاں چلی ہے ۔ تو کیا آپ جھنگ کو ایک ٹرین بھی نہ دیں گے جو یہ سفر چھ گھنٹے یا پانچ گھنٹے میں طے کرے ۔

وزیر ریلوے—ضرور دیں گے جناب ۔ اور ہم نے دی بھی تھی ۔ لیکن جیسا کہ عرض کیا ہے ۔ کہ اسی وقت دے سکتے ہیں ۔ جب کہ stoppages کم ہو جاتے ۔ تو جہاں وہ کم ہوئے ۔ لوگوں نے شور مچایا ۔ اور اب یہ مسئلہ زیر غور ہے ۔ اور ہم کوشش کریں گے ۔ کہ کچھ وقت کم ہو سکے ۔

نوابزادہ افتخار احمد خاں—جناب والا ۔ وہ route ہی غلط ہے ۔ جھنگ کے لئے جو shortest route ہے ۔ وہ لائل پور سے ہے ۔

رائے منصب علی خاں—کیا وزیر صاحب یہ بتائینگے کہ آپ stoppage کم کر کے ہی فاسٹ ٹرین دیں گے ۔ یا ویسے ہی فاسٹ ٹرین چلائیں گے ۔

وزیر ریلوے—جناب والا ۔ جہاں tracks کمزور ہیں ۔ وہاں فاسٹ ٹرین چلانا accidents کا باعث ہو جاتا ہے ۔ ہمیں جان کا زیادہ خیال ہے ۔ اس لئے تھوڑا سا وقت لگ جائے ۔ تو کوئی بات نہیں۔ جیسا کہ عرض کیا ہے ۔ ایسی تجویز ہے ۔ کہ اگلے ٹائم ٹیبل میں اگر ممکن ہو سکے ۔ تو اوقات کم کئے جائیں ۔

CONSTRUCTION OF OVER-BRIDGES ON LEVEL CROSSINGS

*2041. **Mian Muhammad Akbar** : Will the Minister of Railways be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that there are railway level crossings on G. T. Road near Wazirabad and Gujrat-Sargodha Road in Gujrat Town which remain closed for the most part of the day;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether Government intend to provide over-bridges on the said level crossings?

Parliamentary Secretary (Mir Hamal Khan) : (*a*) No. These level crossings are closed for short intervals for passage of trains.

(*b*) It is proposed to provide for a road over-bridge on G. T. Road level crossing near Wazirabad during the current Plan Period.

There is at present no proposal under consideration for the provision of a road over-bridge at level crossing in Gujrat Station yard on Gujrat Sargodha Road.

KASHMORE-KOT ADDU RAILWAY TRACK

*2069. **Sardar Muhammad Ramzan Khan Drishak** : Will the Minister of Railways be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that expenditure of lakhs of rupees has been incurred on the laying of the Kashmore-Kot Addu Railway track, if so, reasons for which the work on it has been discontinued;

(*b*) whether there is any likelihood of the above construction work being resumed; if so, when ?

Parliamentary Secretary (Mir Hamal Khan) : (*a*) No expenditure was incurred on the actual laying of track. An expenditure of Rs. 18·58 lakhs was, however, incurred on the acquisition of land and earthwork. Wrok was discontinued due to financial stringency.

(*b*) if the project is approved by the Government, there is likelihood of work being taken in hand in 1963-64 on the first phase to link Kot Addu with Dera Ghazi Khan.

بابو محمد رفیق—اگر حکومت نے یہ سکیم پہلے اچھی طرح منظور نہیں کی تھی - اور فنانس نہیں تھے - تو یہ اٹھارہ بیس لاکھ روپے خرچ کرنے سے کیا فائدہ تھا -

وزیر ریلوے (مسٹر عبدالوحید خاں)—یہ جناب والا - چونکہ ۱۹۵۲ء کی بات ہے - تو اس کا جواب ۱۹۶۳ء میں نہیں دیا جا سکتا - اسے ۱۹۵۳ء میں یعنی ایک سال کے بعد ہی بند کر دیا گیا تھا - کیونکہ اخراجات زیادہ ہوئے تھے - اس لئے جیسا کہ عرض کیا گیا ہے - اس لئے اسے دوبارہ پلاننگ ڈیپارٹمنٹ کے سپرد کیا گیا ہے - اور اگر اس کا پہلا phase منظور کر لیا گیا - تو پھر انشاء اللہ منظور کر دیا جائیگا -

---

ISSUING OF PERMITS TO MEMBERS OF PROVINCIAL ASSEMBLY FOR THE PURCHASE OF JEEPS AND CARS

***2087. Diwan Syed Ghulam Abbas Bukhari** : Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration Department be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that every Member of Provincial Assembly has to tour his constituency, to have contacts with the public to know their requirements ;

(*b*) if the answer to (*a*) above be in the affirmative, whether Government is prepared to issue permits to Members Provincial Assembly for the purchase of Jeeps and Cars according to their individual requirements to enable them to tour their constituencies extensively ?

پارلیمنٹری سیکرٹری - (چودھری سلطان محمود)

(الف) یہ فیصلہ کرنا ارکان کا کام ہے کہ انہیں اپنا حلقہ ہائے انتخاب میں عوام سے کیسے اور کس طرح سے رابطہ قائم رکھنا چاہئے -

(ب) یہ ممکن نہیں کہ صوبائی اسمبلی کے ارکان کو سرکاری افسروں کے لئے مختص کوٹہ میں جگہ دی جا سکے ۔ ڈیلر ۵ے فیصد کوٹہ حاصل کرتے ہیں اور ارکان اسمبلی عوام کے لئے مختص کوٹہ میں سے تخصیص کے لئے ڈیلروں میں سے کسی ایک کے پاس اپنے نام رجسٹر کرا سکتے ہیں ۔

بابو محمد رفیق—کیا گورنمنٹ کو یہ پتہ ہے کہ 75% سارا صرف بلیک میں کوٹہ اور قلات ڈویژن میں بیچتے ہیں ۔

وزیر زراعت و قانون—کوئی علم نہیں ہے ۔

PURCHASE OF R. C. C. HUME PIPES BY RAILWAY DEPARTMENT

*2097. **Mr. Ghulam Rasul** : Will the Minister of Railways be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that R. C. C. Hume pipes were purchased by the Railway Department from Pakistan Pipe and Construction Company, Karachi, without calling for tenders from any other manufacturers at Karachi;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the reasons for not inviting tenders from other firms of repute ?

Parliamentary Secretary (Mir Hamal Khan) : (*a*) No.

(*b*) Does not arise.

GUARD AT THE RESIDENCE OF CHAIRMAN, PAKISTAE RAILWAY BOARD, MAYO GARDENS, LAHORE

*2124. **Syed Ahmad Saeed Kirmani** : Will the Minister of Railways be pleased to refer to the answer to Starred Question No. 1083 of Khawaja Muhammad Safdar given on the floor of the House on17th December 1962 and to state:—

(*a*) the number of Watchmen sanctioned for mounting a Guard at the residence of the Chairman, West Pakistrn Railway Board, Mayo Gardens, Lahore ;

(*b*) whether it is a fact that a Head Watchman has also been sanctioned recently for this purpose;

(*c*) whether it is a fact that no General Manager prior to Mr. S. A. Suharwardy felt the need for watchmen at their residence and the last General Manager of the Pakistan Western Railway had also dipensed with the Watchmen;

(*d*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the reasons for keeping a 24 hours guard at the residence of Mr. S. A. Suharwardy ?

Parliamentary Secretary (Mir Hamal Khan) : (*a*) Three.
(*b*) No.

(*c*) It is not known whether any General Manager before Mr. S. A. Suharwardy felt the need for watchmen but none was provided before 15-4-55 The last General Manager did not dispense with watchmen.

(*d*) Pleased refer to my reply to part (*c*) of Starred Question No. 1083 of Khawaja Mohd Safdar given on the flor of the House on 17-12-1962.

TRAVELLING ALLOWANCES OVERDRAWN BY MR. S. A. SUHARWARDY CHAIRMAN, WEST PAKISTAN RAILWAY BOARD

***2125. Syed Ahmad Saeed Kirmani**: Will the Minister of Railways please refer to the answer to Starred Question No. 1985 of Kh. Muhammad Safdar given on the floor of the House on 17th December 1962 and to state :—

(*a*) whether the amount of Travelling Allowance overdrawn by Mr. S. A. Suharwardy, Chairman West Pakistan Railway Board, has since been calculated and recovered from him ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the negative, the reasons thereof and the time by which the Government intend to make the recovery ?

Parliamentary Secretary (Mir Hamal Khan): (*a*) The amount presumed to have been overdrawn has been calculated, but it has not been considered necessary to recover it at this stage for reasons stated in (*b*).

(*b*) The recovery relates to the period when Railways were a Central subject. Rules applicable and rate of T.A. admissible to Chaiman and Members of the Board are being determined in consultation with the Ministry of Finance. Only after these are determined will it be possible to definitely say whether any amount has been in fact overdrawn and if so, to what extent. As soon as this has been established, recovery if due will be made.

MEETINGS OF RAILWAY BOARD

***2126. Syed Ahmad Saeed Kirmani**: Will the Minister of Railways please refer to the answer to my Starred Question No. 804 given on the floor of the House on 7th December 1962 and to state :—

(*a*) the date on which nine formal meetings of the full Railway Board were held in the names of the members of the said Board who participated in these meeting ;

(*b*) whether the Government are prepared to place the agenda and the minutes of these meetings on the table of the House ?

Parliamentary Secretary (Mir Hamal Khan): (*a*) (*i*) Dates on which nine formal meetings of the full Railway Board were held are as follows :—

(1) 10th August 1962.

(2) 23rd August 1962.

(3) 25th September 1962.

(4) 4th October 1962.

(5) 5th October 1962.

(6) 25th October 1962.

(7) 6th November 1962.

(8) 20th November 1962.

(9) 21st November 1962.

(*ii*) All meetings were attended by M/S S. A. Suharwardy, N. A. Qureishy and K. A. Mobin, Chairman, Vice-Chairman and Member Finance, respectively except the meetings held on 25th September, 4th October and 25th October which were attended by Mr. K. A. Rashid, Officiating Member Finance, instead of Mr. K. A. Mobin.

(*b*) No.

OFFICERS SERVING IN SIALKOT DISTRICT
جناب والا ۔ میں یہ گذارش کروں گا کہ اگر اس آرڈیننس کی provisions کو دیکھیں تو سب سے پہلے یہ دیکھا جائے گا کہ حکومت جب declaration شائع کرے گی ۔ اس declaration کے بعد اس علاقہ کو عوام کے اختیار میں دے دیا جائے گا ۔ اگر وہ خود کام کرنا چاہیں تو جس طرح حکومت planning کرے وہاں کی اراضی کو preserve کرنے کے لئے علاقہ کے لوگ کام کریں ۔ اور اگر اس علاقہ کے رہنے والوں کو اخراجات کی ضرورت ہوئی اور Technical سہولتوں کی ضرورت ہوئی تو پھر حکومت خود وہ زمین عوام سے لے لیگی اور اس کام کو چلائے گی ۔ میں یہ عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ یہ محض عوام کی سہولتوں کے لئے ہے اور صرف اسی بات کے پیش نظر حکومت وہاں آئے گی خود بخود نہیں آئے گی ۔ اس میں جو ایک خطرہ ظاہر کیا گیا ہے وہ غلط ہے ۔

پھر یہ کہا گیا ہے ۔ کہ حکومت نے افسران کو بہت اختیارات دے دئے ہیں ۔ میں یہ کہتا ہوں کہ حکومت کی مشینری میں کوئی نہ کوئی تو یہ کام کرے گا ۔ اگر افسران یہ کام نہیں کریں گے تو اس میں provision موجود ہے ۔ حکومت دوسرے لوگوں سے کام کرائے گی اور اگر وہ نہ چاہیں گے تو پھر لازماً حکومت کو وہاں آنا پڑے گا اور وہ اپنی کسیAgency کی معرفت ہی کام کراسکے گی ۔ فرشتے کام نہیں کریں گے ۔ بلکہ آدمی ہی کام کریں گے ۔

Minister of Agriculture & Law : Question be put, Sir.

Mr. Speaker : Let Mr. Hamza speak first then I will put the question

Syed Zafar Ali Shah : I want to make a few submissions about this Ordinance.

Mr. Speaker : All right. After Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ۔(لائل پور - ٦) جناب سپیکر - یہ آرڈیننس جو اس ھاؤس میں ریزولیوشن کی صورت میں پیش کیا گیا ھے اس سے یہ بات عیاں ھو چکی ھے اور اس سے صاف پتہ چلتا ھے کہ وزیر قانون بہت جرات مند آدمی ھیں اور اس آرڈیننس کو ایک ریزولیوشن کی شکل میں پیش کرنے کی بنا پر وہ شاباش کے مستحق ھیں - دراصل ملکی اور اجتماعی مفادات کے لئے بعض اوقات ایسے افراد کے حقوق کو محدود کرنا پڑتا ھے جو اپنے مفادات کو نقصان پہنچانے کے ساتھ ساتھ ملکی اور مجموعی مفادات کو نقصان پہنچاتے ھیں - یہ بڑا اچھا اقدام ھے جو وزیر صاحب نے کیا ھے لیکن میں ان سے عرض کروں گا کہ انہوں نے جہاں soil erosion اور wind erosion کے متعلق ایک احسن اقدام کیا ھے وھاں ایک بہت بڑے erosion اور انتہائی خطر ناک erosion کو نظر انداز کر دیا ھے - وہ erosion انتظامیہ کی بنا پر ھے - جس نے اپنی بد انتظامی کی وجہ سے ملک کی خوش حالی اور آبادی کے سکون کو چھین لیا ھے - اس لئے عوام کی خوش حالی اور سکون چھیننے والوں کی طرف سے جو erosion ھو رھا ھے اس کا انتظام کرنا اشد ضروری ھے -

ھمارے ھاں سب سے بڑی دقت یہ رھی ھے کہ جو ذمہ داری بھی ھمارے افسران پر آتی ھے کہ وہ ملکی مفادات کو نظر انداز کر دیتے ھیں اور صرف ذاتی مفاد کو سامنے رکھتے ھیں - ملک کی judiciary اور مقننہ کے اختیارات کو محدود کیا جا رھا ھے اور executive کو جس کی نا اھلی اور بد دیانتی کے متعلق کسی کو شبہ نہیں مزید اختیارات دئے جا رھے ھیں - اس کا نتیجہ یہ ھے کہ آبادی کو انتہائی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رھا ھے -

جس قسم کے قوانین پیش کئے جا رہے ہیں کیا اس سلسلہ میں وزیر قانون نے کبھی اپنی انتظامیہ stock taking کی ہے اور اس کا جائزہ لیا ہے ؟

Minister of Agriculture : Sir, is he relevent ?

Mr. Speaker : Please come to the point.

Mr. Hamza : I am to the point, Sir.

جناب والا ۔ یہ پنجابی کی مثل ہے کہ ''اگا دوڑ پچھا چوڑ،، کے مترادف ہے انتظامیہ کو اس قدر وسیع اختیارات دے کر بد عنوانیوں کو چھپایا جا رہا ہے اس وقت ملک میں جس قدر بے ایمانی اور بد دیانتی ہے وہ زیادہ تر اس طبقہ کی پیدا کردہ ہے ۔ حکومت کو چاہئے کہ سب سے پہلے ان کے معاملات کو ٹھیک کرے ۔

Mr. Speaker : The Member is going a little off the track

مسٹر حمزہ۔جناب والا ۔ اس ریزولیوشن کو پاس کرنے کے بعد ہماری حکومت اس قانون کو جس طریقہ سے مغربی پاکستان میں نافذ کرنا چاہتی ہے اور مالکان اراضی کے حقوق کو کسی حد تک محدود کر دے گی اس کی تفاصیل دفعات ۳ ۔ ۴ ۔ ۵ اور ۵ (الف) میں درج ہیں ۔

جناب والا ۔ میں عرض کروں گا کہ اس قانون کے ذریعہ ہمارے officials کو بہت ہی وسیع اختیارات دئیے جا رہے ہیں ۔ وہ تمام مالکان جو اس قانون سے متاثر ہونگے ۔ ان کو compensation ادا کرنے کی بھی گنجائش رکھی گئی ہے ۔ اس ایوان میں کئی مرتبہ انتہائی ٹھوس واقعات پیش کئے گئے ۔ کہ جب بھی ہماری حکومت نے کسی شخص کی اراضی یا جائیداد اپنے قبضے میں لے لی ۔ تو ان لوگوں کو پندرہ پندرہ سولہ سولہ سال تک compensation ادا نہیں کی ۔ اور اس کے علاوہ بعض ایسے cases بھی سامنے آئے ہیں کہ جہاں کہیں ان کا اپنا خاص آدمی جس کو نوازنا مقصود ہوتا ہے ۔ ان کو compensation پبلک فنڈ سے نا جائز طور پر کئی گنا زیادہ دی جاتی ہے ۔

وزیر زراعت و قانون۔جناب والا ۔ اس میں کوئی relevency ہے ۔

مسٹر حمزہ__اس سے زیادہ relevant اور کیا ہو سکتا ہے ۔ اب میں وزیر صاحب کو پڑھنے کہاں ڈال دوں ؟

Minister of Agriculture & Law : Is he speaking about the Ordinance ?

Mr. Hamza : All these powers are being given to the executive.

Mr. Speaker : Please speak to the point.

Mr. Hamza : I am to the point.

Mr. Speaker : You are just a little off the track.

مسٹر حمزہ__تو اس کی بہت سی مثالیں روز مرہ کی زندگی میں دیکھنے میں آتی ہیں ۔ اور اس ایوان میں بھی پیش کی جاتی رہی ہیں ۔ میں مثال کے طور پر ان ہی کے ایک ڈپٹی کمشنر کی کارروائی کے بارے میں عرض کروں گا ۔

Mr Speaker : That I am not going to allow. If the Member wants to say anything about Deputy Commissioners, I will not allow him to do so. He should confine himself to the Ordinance. Has the Member studied it ?

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ یہ soil erosion سے متعلق ہے ۔ تو یہ جو ڈپٹی کمشنر صاحب ہیں ۔

Mr. Speaker : I want the Member, like a good parliamentarian, to give good points.

مسٹر حمزہ اب صورت حال یہ ہے ۔ کہ اگر ایک زمیندار جو ڈپٹی کمشنر صاحب کے فیصلے سے متاثر ہوتا ہے اس کو یہ اختیار دیا گیا ہے ۔ کہ وہ اس کے خلاف اپیل کر سکتا ہے ۔ لیکن جیسا کہ ہمارے تمام ممبران کو علم ہے ۔ کہ ہمارے ملک کی مشینری اتنی ناقص ہے ۔ کہ اگر کسی کاشتکار کو ایک مقدمے میں پھنسا دیا جائے ۔ اور بعد میں کہیں دو چار سال کی خواری پریشانی اور خرچ کے بعد مقدمہ کا فیصلہ اس کے حق میں ہو جائے تو یہ دو چار سال کی مقدمہ بازی اس کے لئے اچھی خاصی سزا کا موجب بن جاتی ہے ۔ لہذا یہ ایک خاص لائن ہے ۔ جس کو آپ سمجھنے کی کوشش کیجئے ۔ کہ جب تک آپ کی انتظامیہ بہتر نہ ہو گی ۔ یہ تمام اختیارات جو آپ ان کو دے رہے ہیں ۔ یہ عام آبادی کو سزا دینے کے مترادف ہوں گے ۔ ہمارے جو چھوٹے کاشتکار ہیں ۔

یا عام آبادی ہے ۔ ان کو یہاں انصاف ڈھونڈھنا مہنگا اور مشکل ہے ۔ بلکہ انہیں نہیں مل رہا ہے ۔ بلکہ اس کے مقابلہ میں جو لوگ جن کے پاس اختیارات ہیں ۔ جو آپ کی گورنمنٹ کی مشینری کے کل پرزے ہیں ۔ انہوں نے ہمارے لوگوں کے حقوق کو سلب کر کے.....

Mr. Speaker : This is again a general discussion. Is there any point left out ? I allow the Member two minutes to make his last point.

مسٹر حمزہ ۔ جناب من ۔ compensation کی ادائیگی سے متعلق ہے ۔

Mr. Speaker : The Member's time is over.

مسٹر حمزہ ۔ ایک منٹ میں ختم کرتا ہوں جناب ۔ گذارش یہ ہے کہ اس قانون کے تحت ہماری گورنمنٹ نے ان تمام officials کو جو کہ اس قانون کو نافذ کرتے وقت جرم کے مرتکب ہوتے ہیں یا کسی فرد کے حقوق کو بلا وجہ سلب کرتے ہیں ۔ انہوں نے ان کی protection کی ہے ۔ اس کے تحت اگر وہ کوئی زیادتی کرتے ہیں اس کے لئے ایک تحفظ ہے ۔ کہ جو کارروائی بھی وہ کریں گے اس کو نیک نیتی پر مبنی تصور کیا جائے گا ۔ حقیقت یہ ہے ۔ کہ ان کو واضح طور پر اس چیز کا علم ہونا چاہئے ۔ کہ عام طور پر اس قسم کے اختیارات ذاتیات کے تحت ناجائز طور پر استعمال کئے جاتے ہیں ۔ جب تک ان کی مشینری سے اس قسم کی خامیاں دور نہیں ہو جاتیں ۔ یہ انتہائی شرمناک ہے ۔ کہ وہ اس قسم کے تحفظات ان کے لئے مہیا کریں ۔

Syed Zafar Ali Shah (Deputy Speaker) : Sir, I have only a few points to raise with regard to this particular Ordinance. The first thing is that in former Punjab there was the Punjab Land Preservation Act 1900 and now under this Ordinance it is proposed to extend its provisions to other parts of West Pakistan also. My objection is mainly to the point that the ordinances and Acts existing in the former Punjab are indiscriminately going to be extended to other parts of the province. They will definitely hamper the public good. Sir, during the last 60 years it was not found necessary to have this law on the statute book of the province of former Sind or Balochistan and now suddenly it has been found necessary to extend it to this part of the province. I think, Sir, this is a wrong analogy. This is going to hamper the progress rather than to help the people. If it was necessary that such a law must be enacted then it would have been

better to make a new law instead of extending it by a single clause and by a single stroke of pen by saying that this particular Act, which was enacted in former Punjab in 1900 should be extended to other areas of West Pakistan also. Basically we are opposed to indiscriminate unification that is being followed. I think it is going to hamper the progress if this particular Act which is now found necessary, is to be extended to this area. In my opinion it is not necessary at all at this moment to extend it to that area. Our former Sind is definitely an arid area and it needs preservation. But it would have been better if some new provisions would have been incorporated by means of a new Bill brought in the House. I appeal, through you, to the Minister concerned that since the bills and ordinances always come through the Council of Ministers, they would be able to see what bills are necessary for the former Sind and to extend only those laws which are absolutely necessary. If this particular provision is extended to other areas of West Pakistan, I think this is definitely going to hamper the progress. Sir, in future also some kind of discrimination may be made when the question of unification of laws comes before the Government.

Mr. Speaker : The question is :

That the question be now put.

(*The motion was carried*)

Rao Khurshid Ali Khan : On a point of order. Sir, this is a very important measure and it should not be passed in such a roughshod manner. I may request you to give us ample time to discuss the pros and cons of the measure. You have not given us sufficient time.

Mr. Speaker : I am not concerned. I have to see to the wishes of the House.

دیکھئے ۔ آپ تشریف رکھئے ۔ میں آپ کو بتاتا ہوں ۔ مجھکو اس میں کوئی اعتراض نہیں ہے ۔ اور نہ تھا ۔ کہ آپ کی طرف سے یا ایوان کی دوسری طرف سے پانچ دس پندرہ بیس یا پچیس ممبران بولیں ۔ لیکن بات یہ ہے ۔ کہ میں جو اپنے تیئں سمجھا ۔ تو یہ سمجھا ۔ کہ جب ملک قادر بخش صاحب نے اب سے بیس منٹ پہلے کہا تھا ۔ کہ سوال پوچھ لیا جائے ۔ تو میں نے کہا ۔ کہ نہیں ۔ حمزہ صاحب کی تقریر ہو جائے ۔ تو اگر اس کے بعد چاہیں ۔ تو یہ تحریک پیش کر سکتے ہیں ۔ پھر اس کے بعد ظفر علی شاہ صاحب نے کہا کہ میں بھی بولنا چاہتا ہوں ۔ تو میں نے کہا ۔ کہ اچھا آپ بھی بول لیں ۔ تو اس کے بعد سوال put کیا جائےگا ۔ تو اس ہاؤس میں جو impression ہوا ۔ وہ یہی تھا ۔ کہ کوئی مقرر تقریر نہیں کرنا چاہتا ۔ تو میں نے سوال put کر دیا ۔ اب قانونی پوزیشن یہ ہے ۔ کہ جہاں سوال put ہو چکا ہو ۔ اور carry ہو چکا ہو ۔ تو

اس کے بعد قانونی پوزیشن change کرنے کا کسی کو اختیار نہیں ہے ۔ کیونکہ یہ اب ایوان کا اختیار ہے ۔ اسمبلی میں اور ایوان میں یہ سوال پوچھا گیا ۔ اور closure motion move کر دیا گیا ۔ اور وہ ایوان کے سامنے رکھا گیا ۔ اور majority party نے کہا سوال move کیا جائے ۔

تو اس وقت کسے اختیار ہو سکتا ہے ۔ کہ سوال نہ put کیا جائے ۔ تو اس وجہ سے راؤ صاحب یہ آپ کا پوائنٹ آف آرڈر بصد احترام مسترد کیا جاتا ہے ۔ راؤ صاحب میرا ہمیشہ یہ طریقہ ہے کہ میں ہر اس ممبر کی طرف دیکھتا ہوں جو اپنی جگہ سے کھڑا ہو جاتا ہے ۔ ملک صاحب نے جب فرمایا تو میں نے ان سے کہا کہ حمزہ صاحب کی تقریر ہو جانا چاہئے ۔ حمزہ صاحب کے بعد ظفر علی شاہ صاحب نے کہا تو میں نے ان کو بھی تقریر کرنے کی اجازت دے دی ۔ اب یہ بات میں آئندہ کے لئے کہہ رہا ہوں کہ یہ آرڈیننسوں اور بلوں کا سلسلہ تو روزانہ ہی جاری رہیگا جن صاحب کو کسی بل پر بولنا ہو وہ اپنی جگہ سے کھڑے ہو جائیں اور کہیں کہ ہم کو اس پر بولنا ہے اور ہم کو موقع دیا جائے ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ آپ دیکھتے ہی نہیں ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ سعدی صاحب جیسے ہی حمزہ صاحب کھڑے ہوئے میں ان کی طرف متوجہ ہو گیا تھا اس کے بعد ظفر علی شاہ صاحب نے تقریر کی ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ پھر اس کے بعد آپ نے منہ پھیر لیا تھا ۔

مسٹر سپیکر ۔ منہ پھیرنے کا سوال ہی نہیں ہے ۔ آخر آپ کچھ کہتے تب تو میں آپ کی طرف متوجہ ہوتا ۔ حمزہ صاحب کی تقریر کے بعد ظفر علی شاہ صاحب اپنی جگہ سے اٹھے میں فوراً ان کی طرف متوجہ ہو گیا ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ ہمیں ترمیم کا اختیار نہیں دیا گیا.....

مسٹر سپیکر۔حمزہ صاحب میں آپ کے جذبات کا پورا پورا احترام کرتا ہوں ۔ میں آپ سے پوری وضاحت کر چکا ہوں کہ یہ اسمبلی اور ایوان کی property ہے ۔ آپ آئندہ اس کا خیال رکھیں ۔

Now I will put the question.

Minister of Agriculture & Law: Sir, I have the right of reply. (Interruptions).

راؤ خورشید علی خان۔جناب والا ۔ آپ اگر ان کو موقع دے رہے ہیں.....

مسٹر سپیکر۔آپ قانون پڑھیں اس میں یہ ہے کہ اگر question-put ہو جائے تو mover کو right of reply دیا جا سکتا ہے ۔ rules of procedure میں یہ وضاحت ہے ۔

Rao Khurshid Ali Khan: The Minister may kindly quote the Rule.

Mr. Speaker: Kindly refer to Rule 157(2) which reads :

"Where a motion made under sub-rule (1) is carried, the question shall be put without amendment or debate unless the Speaker allows a Member such right of reply as he may have under these Rules".

So, he is being given the right of reply

وزیر زراعت و آبپاشی۔(ملک قادر بخش) مسٹر سپیکر ۔ یہ قانون ۱۹۰۰ء میں وضع ہوا تھا پھر اس کی ترمیم ۱۹۴۴ء میں ہوئی ۔ یہ سارے پنجاب کے ایریا پر حاوی تھا ۔ اب ہم ترمیم لائے ہیں کہ ٹرائبل ایریا کے ما سوا اس کو سارے ویسٹ پاکستان میں بڑھا دیا جائے ۔ میں نے جتنی تقریریں سنی ہیں میں انکو دو حصوں میں رکھتا ہوں۔ خواجہ صفدر صاحب خواہ حمزہ صاحب یا کوئی اور صاحب سب نے یہی فرمایا کہ قانون تو واقعی اچھا ہے اور قوم کے فائدے کے لئے ہے اور اس سے اچھا کوئی قانون نہیں ہو سکتا لیکن اس کو انتظامیہ کے ہاتھوں میں نہ ہونا چاہئے ۔ اس کا نفاذ اگر انتظامیہ کے ہاتھوں میں نہ ہو تو کیا ہائی کورٹ کے ججوں اور سیشن ججوں سے یہ کہا جائے کہ جاؤ کھیتوں میں کام کرو ۔ یہ قانون ہے کیا بھلا یہ سمجھے ہی نہیں ۔

اس ملک میں یہ مسلمہ امر ہے اور آپ نے اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا ہے کہ soil erosion ایک اچھا خاصہ مسئلہ ہے جس کو ہم نے meet کرنا ہے اور sub-soil water بھی ایک ایسا مسئلہ ہے جس کو اہمیت حاصل ہے وہ اپنی جگہ ہے ۔ اور سیکشن ۳ کے الفاظ یہ ہیں ۔

Whenever it appears to the Provincial Government that it is desireable to provide for the conservation of sub-soil water or the preservation of sub-soil water or the prevention of erosion in any area subject to erosion or likely to become liable to erosion such Government may, by notification make a direction accordingly.

پہلے تو یہ ہو گا جناب پھر to all the lands جہاں یہ دو چیزیں ہوں گی جہاں conditions ہوں گی وہاں یہ حاوی ہو گا.....

اب جناب جب یہ وہاں حاوی ہو گا اور حکومت جو کام وہاں کریگی وہ temporary ہو گا ۔ لیکن کاش محکمہ زراعت کے کام کے متعلق جو erosion روکنے کیلئے کیا گیا ہے حزب اختلاف کے دوستوں کو علم ہوتا اور ان کو علم ہے اور وہ اسے جان بوجھ کر چھپا رہے ہیں ۔ murree hill میں یا دوسرے hilly علاقوں میں جہاں erosion ہوتے ہیں وہاں ہم یہ کوشش کرتے ہیں کہ مری میں maize کی کاشت نہ ہو بلکہ محکمہ ان کو بند کر دے بلکہ محکمہ ان کو مفت پلاٹ دیتا ہے ۔ راؤ صاحب کی انفارمیشن کے لئے یہ جو apple ان کو ملتے ہیں یہ صرف erosion کو روکنے کی خاطر ملتے ہیں ۔ erosion کو روکنے کے لئے ہم trees کو نہیں کٹواتے بلکہ trees ہم لگواتے ہیں ۔ تاکہ یہ preserve کر دے ۔ اور یہ قانون جہاں جہاں اور جن جن علاقوں میں ہم لیجانا چاہتے ہیں بہت اچھا ہے ۔ اگر کوئٹہ قلات کے ہمارے دوستوں کو اس قانون سے مخالفت ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ ہم اس قانون کو وہاں نہ لیجائیں تو وہ ہمیں لکھکر دیدیں تاکہ ہم قوم کو بتلا سکیں کہ باقی صاحب نے یہ استدعا کی تھی کہ کوئٹہ قلات میں sub soil اور erosion نہ کیا جائے تو اس کو وہاں ہم نافذ نہیں کریں گے ۔

اس کے بعد میں مختصراً یہ عرض کروں گا کہ اس قانون کے متعلق یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ یہ قانون اچھا ہے لیکن جابرانہ صورت میں استعمال کیا جائیگا تو ہر روز ہم سنتے رہتے ہیں کہ یہ قانون اچھا ہے لیکن یہ قانون چلانے والے اچھے نہیں ہیں ۔ میں کہتا ہوں کہ وہ

ہمارے رشتے دار ہیں یا حمزہ صاحب کے رشتے دار ہیں لیکن میں یہ عرض کروں گا کہ انہوں نے اس ۱۵ سال کے عرصے میں جب کہ آپ کے پاس کوئی اچھی چیز نہیں تھی کیا کیا -

گلبرگ بنا اور اس سے آپ فارغ البال بنے اور آپ بہترین کاشتکار بنے تو اس قانون کی مخالفت کرنے سے آپ اپنے حلقے کی مخالفت کر رہے ہوں گے -

Mr. Speaker: The question is :

That the Assembly do approve of the Punjab Land Preservation (West Pakistan Amendment) Ordinance 1963 promulgated by the Governor of West Pakistan on the 8th February 1963.

(The motion was carried).

Extension of time for the presentation of Standing Committee Report.

Mr. Bashir Ahmed Shah: Sir I beg to move :

That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Education & Health on Sir Syed University at Multan Bill 1963, (Bill No 19 of 1963) be extended upto 6th June, 1963.

Mr. Speaker: Motion moved, the question is :

That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Education & Health on Sir Syed University at Multan Bill 1963 (Bill No. 19 of 1963) be extended upto 6th June, 1963.

(The motion was carried)

BILLS

The West Pakistan Animals Slaughter Control Bill 1962.

Mr. Speaker: Now we come to the West Pakistan Animals Slaughter Control Bill 1962.

Minister for Food & Agriculture (Malik Qadir Bakhsh): Sir, with your permission, I beg to present the Report of the Standing Committee on Food & Agriculture on the West Pakistan Animals Slaughter Control Bill 1962.

Mr. Speaker: The report is presented.

Minister for Food & Agriculture: With your permission Sir, I beg to move :

That the West Pakistan Animals Slaughter Control Bill 1962, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, be taken into consideration at once.

Mr. Speaker: The motion moved is :

That the West Pakistan Animals Slaughter Control Bill 1962, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, be taken into considration at once.

The question is :

That the West Pakistan Animals Slaughter Control Bill 1962, recommended by the Standing Committee on Food aud Agriculture, be taken into consideration at once.

(*The Motion was carried.*)

Mr. Speaker: Now we move on to clause by clause consideration of the Bill.

(*Clause* 2.)

Before I put the question, there are some amendments. First is of Khawaja Muhammad Safdar. As he is not present, his amendment lapses. Next is of Mian Muhammad Akbar. He is also not present and his amendment also lapses. The third one is of Mr. Munawwar Khan. He may please move his amendent.

Mr. Munawwar Khan (Bannu-I): Sir I beg to move—

That in clause 2 of the Bill, as recomended by the Standing Committee on Food and Agriculture, sub-clause (*j*) be deleted and sub-clause (*k*), be re-numbered as sub clause (*j*).

Besides this Sir at the end you will also find at No. 18 an amendment, which perhaps relates to the same fact, and this has been divided into two parts. My name is at No. 3 and again at No. 18.

Mr. Speaker: This is a different clause.

Mr. Munawwar Khan: Clause is different of course.

Mr. Speaker: You may press it at that time. Now we are only concerned with clause No. 2.

Minister for Food & Agriculture: Sir, I oppose this amendment.

Mr. Munawwar Khan: Sir I fully endorse the principle under which the Minister has presented this bill before the House. Cattle wealth of the country must be preserved but whenever a law is placed before the legislature for enactment it should be in such a form so that the object for which it is being considered is achieved. I find that the bill extends only to the urban area. It does not extend to the rural area and I suggest that it should extend to the entire West Pakistan. Now I am coming Sir to what would be the number of cattle which are slaughtered in the urban areas and the rural areas. Well, I am not conversant with the circumstances in the former Punjab or Sind but so far as the former NWFP is concerned Sir the number of cattle, which is slaughtered outside the municipal limits of the towns, is much more, rather ten times higher than those slaughtered in the municipal areas. Now in each big village Sir there are butchers and in each smaller village there is a butcher, and even on road-sides huts are there and bullocks, cows and buffaloes are slaughtered and their meat is

sold. So if this bill in the present form is limited only to the urban area, it will not achieve the object for which it is intended to be enacted Sir. So my respectful submission is that it should be extended to the entire area of West Pakistan. Of course, the Minister might consider how to endorse the provisions in the rural areas. The police is there Sir. When an offence under Section 447, which is an insignificant offence, is made cognisable, why an offence under the provisions of this Bill cannot be made cognisable and why should the police be not in a position to enforce these provisions. So my request would be that it might be extended to the entire area of West Pakistan.

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

> **That in clause 2 of the Bill as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, sub-clause (*j*) be deleted and sub-clause (*k*) be re-numbered as sub-clause (*j*).**

وزیر زراعت و خوراک—(ملک قادر بخش) حضور والا ۔ میں appreciate کرتا ہوں آپنے معزز دوست منور خان کے جذبات کو کہ کیٹل لائف کی preservation کے متعلق جو ان کے خیالات ہیں یہ ٹھیک ہیں کہ ان کا تحفظ ہو اور ان کے بچانے کے لئے پاکستان کے کونے کونے میں یہ قانون چاہئے لیکن اگر سارے قانون کو ہم دیکھیں تو اس کے لئے ضروری ہے کہ veterinary assistant یا نا جائز طور پر کوئی پولیس والا جس طرح کہ وہ فرماتے ہیں ۔ کہ پکڑے تو پھر پہلے اسکا کوئی اور remedy ہو جو کہ فی الحال ہم دیہاتوں میں نہیں کر سکتے ۔ کاش وہ دن آ جائے کہ ہمارے ہر گاؤں میں ایک veterinary ہسپتال ہو اورہم اس قابل ہو جائیں کہ اس قانون کو چپے چپے میں پاکستان کے لے جائیں لیکن اس کو شہری علاقوں تک محدود کر رہے ہیں ۔

Mr. Munawwar Khan : Sir for the information of the Minister I would say that I have got four veterinary hospitals in my district.

وزیر زراعت و خوراک—یہ بھی ٹھیک ہے سارے ضلع کے لئے چار تو میں عرض کر رہا ہوں کہ میں اس کو اپوز کر رہا ہوں ۔ جو مشکلات ہمارے سامنے ہیں ان مشکلات کی وجہ سے oppose کر رہا ہوں ۔

Mr. Speaker : The question is—

> That in clause 2 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, sub-clause (j) be deleted and sub-clause (k) be renumbered as sub-clause (j).

(The motion was lost)

Chaudhri Muhammad Ibrahim (Sialkot III) : Sir I beg to move—

That in clause 2 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, in part (v) of sub-clause (k), for the word 'ten', occurring in line 2, the word "six" be substituted.

جناب والا ۔ میرا مقصد اس ترمیم کے پیش کرنے سے صرف یہ ہے کہ ۱۰ سال کی عمر کو جب ایک جانور پہنچ جاتا ہے تو کسی کام کا نہیں رہتا ۔ اسکا گوشت پھر چمڑے ہی کے کام آ سکتا ہے ۔ میرا مطلب یہ تھا کہ ۶ سال تک کی عمر میں ہی اس کی کار گذاری اور اس کے نفع مند ہونے کا تعلق ختم ہو جاتا ہے ۔ اگر اس کو زیادہ دیر تک قائم رکھا جائے تو جس چیز کے لئے اس کی ضرورت ہوتی ہے اس سے فائدہ نہیں اٹھایا جا سکتا ۔

Mr. Speaker : Clause under the consideration, amendment moved is—

That in clause 2 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, in part (v) of sub-clause (k), for the word 'ten', occurring in line 2, the word "six" be substituted.

Minister for Food & Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : Opposed.

جناب والا ۔ میرا خیال تھا کہ وہ چودھری صاحب ہیں کچھ جاٹ ہوں گے اور ہلوں کے متعلق کچھ جانتے ہیں (قہقہہ) لیکن مجھے افسوس ہوتا ہے کہ وہ کچھ نہیں جانتے ۔ ۱۰ سال جو عمر تجویز کی گئی ہے وہ ایک مسلمہ عمر ہے ۔ ویسے اگر ان کو بھوکا رکھا جائے جانور کو خستہ حالت میں رکھا جائے تو ۵ سال کی عمر میں بھی وہ جانور اس قابل نہیں ہوگا کہ وہ ہل چلا سکے یا کوئی اور کام کر سکے ۔ لیکن کئی جانور ایسے بھی ہیں جو پندرہ سال یا بیس سال تک ہل چلا سکتے ہیں ۔ لیکن ہم نے ۱۰ سال عمر رکھ ہے یہ ٹھیک ہے ۔

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 2 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, in part (v) of sub-clause (k), for the word 'ten', occurring in line 2, the word "six" be substituted.

(*The motion was lost*)

Mr. Hamza (Lyallpur VI) : Sir, I beg to move :

That in clause 2 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, in part (v) of sub-clause (k), for the word 'ten', occurring in line 2, the word "seven" be substituted.

جناب سپیکر - یہاں ہمارے ملک میں جیسا کہ آپ کو علم ہے کہ عام انسانوں کی عمریں بہت کم ہیں وزراً صاحبان کو چھوڑ کر (قہقہے)

مسٹر سپیکر—جناب آپ بکریوں اور جانوروں کے متعلق بتائیں وزراً صاحبان کے متعلق تشویش نہ کریں -

مسٹر حمزہ—انسانی زندگی کے بعض حالات جانوروں پر بھی لاگو ہوتے ہیں - کیونکہ انسانوں نے ہی جانوروں کو رکھنا اور سنبھالنا ہوتا ہے - ہماری عام آبادی اتنی غریب ہے کہ وہ بچارے اپنا پیٹ بھی اچھے طریقے سے نہیں پال سکتے وہ جانوروں کو اچھا چارہ اور خوراک کیسے مہیا کر سکتے ہیں ؟ ہمارے ملک میں جانوروں کی عمریں دوسرے ممالک کے جانوروں کے مقابلے میں کم ہیں اس لئے اگر ہم ایک سادہ جانور کی عمر ۱۰ سال مقرر کر دیں تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ ۱۰ سال کی عمر تک پہنچتے پہنچتے انتہائی کمزور اور بوڑھی ہو جائے گی - کھانے پینے سے بڑھاپا رفع ہو جاتا ہے اور نہ کھانے سے جوان بھی بوڑھا ہو جاتا ہے - تو جناب والا - ان حالات میں ایسے جانوروں کا گوشت کھانا انسانی صحت کے لئے مضر ثابت ہوگا - مزید برآں اگر اس کے اوپر اس قسم کی سخت پابندی لگا دیں جو کہ عام انسانی زندگی میں روکاوٹ پیدا کریں اس کے یہ نتائج ہوں گے کہ لوگ قانون شکنی کرنے پر مجبور ہوں گے اور قانون کے محافظ جناب ملک قادر بخش صاحب جیسا کہ ان کو وزیر بننے سے پہلے پتہ تھا اور وزیر بننے کے بعد بھول گئے ہیں -

Mr. Speaker : Why to be personal ? Why to discuss Malik Qadir Bakhsh before his Ministership and after his Ministership ?

مسٹر حمزہ—تو جناب والا - نتیجہ یہ ہوا کہ قانون شکنی کے لئے لوگوں کو مواقع مہیا ہو جائیں گے -

مسٹر سپیکر—آپ امنڈمنٹ کے متعلق بتائیں -

مسٹر حمزہ—جناب والا - ویسے بھی آپ کو علم ہوگا کہ گوشت کا کھانا انسانی صحت کے لئے انتہائی ضروری ہے اور اس کو ہمارے

مسلمانوں میں بعض اوقات مسلمان بننے کی نشانی تصور کیا جاتا ہے ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ اگر آپ انسانوں کو انتہائی ناقص گوشت بہم پہنچائینگے ۔ تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ انسانی صحت پر بہت برا اثر پڑے گا ۔ جو بوڑھے جانور ہوتے ہیں ان کا گوشت بمشکل گلتا ہے اس لئے ان کا گوشت بوڑھے لوگوں کو کھانا مصیبت بن جائے گا (قہقہے) تو میں جناب ملک قادر بخش صاحب سے اور دوسرے بوڑھے وزراء صاحبان سے (ویسے کسی کو بوڑھا کہنا اچھا نہیں) عرض کرونگا کہ یا تو وہ قانون شکنی کر کے گوشت کھا سکیں گے ۔ اگر یہ قانون رہا تو میں سمجھتا ہوں کہ ان کے دانت بہت تھوڑے ہیں وہ چبا نہیں سکیں گے ابھی تک تو ان کو لوگوں کا خیال نہیں ہے کم از کم اپنا ہی خیال کر کے میری ترمیم کو منظور کر لیں ۔

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That in clause 2 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, in part (v) of sub-clause (k), for the word 'ten', occurring in line 2, the word "seven" be substituted.

وزیر زراعت و خوراک—جناب والا ۔ میں اس پر کوئی تقریر نہیں کرنا چاہتا صرف مسٹر حمزہ کی اطلاع کے لئے عرض کرونگا کہ یہ قانون animals slaughter control bill ہے human being slaughter control bill یہ نہیں ہے ۔ انسانوں کو قتل کرنے کا یہ کنٹرول بل نہیں ہے اور اکثر اوقات وہ انسانوں کے متعلق غلط سمجھتے ہیں کہ وہ قتل ہو رہے ہیں ۔ اس کے متعلق میں عرض کرونگا وہی کچھ ہے جو میں نے پہلے کیا ہے کہ ۱۰ سال کی عمر ٹھیک ہے ۔

مولانا غلام غوث—جناب سپیکر ۔ میری عرض صرف یہ ہے کہ یہ حضرات جو بل پیش کر رہے ہیں یہ مرغ کھا لیں گے اور غریبوں کو گوشت سے بھی محروم کر دیں گے ۔ ہم کب تک ساگ خور اور دال خور بنے رہیں گے یہ گاؤ ماتا کی پرستش اور اس کی حفاظت یہ کوئی صحیح چیز نہیں ہے ۔ آپ عوام کو ضروریات زندگی مہیا کریں ان کی تکلیفات کم کریں نہ کہ اس میں اضافہ کریں ۔

وزیر زراعت و خوراک—آپ دنبہ کھا سکتے ہیں بکرے کھا سکتے ہیں ۔ (قہقہے)

مسٹر تاج محمد خانزادہ—جناب والا ۔ میں اس ممبر کو جس نے یہ بل پیش کیا ہے coordination کے لئے مبارکباد دیتا ہوں انہوں نے جو سنٹرل گورنمنٹ کے امپورٹ جو مرغی منگوانے کا کیا ہے اس کے ساتھ اس کو خوب coordinate کیا ہے ۔ کیونکہ یہ جو ابھی ذبح کریں گے اور بوڑھے اس کو کھا نہیں سکیں گے تو وہ جو مرغی وہاں سے ذبح ہو کر آئیگی یہ اس کو کھا سکیں گے اس لئے میں ان دونوں کے coordination کی داد دیتا ہوں ۔ اس لئے یہ کہتا ہوں کہ یہ بل منظور کیا جائے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That in clause 2 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, in part (v) of sub-clause (k), for the word 'ten', occurring in line 2, the word "seven" be substituted.

(*The motion was lost*)

Mr. Speaker : Next amendment is in the name of Rao Khurshid Ali Khan and it being of identical nature automatically drops.

Mr. Speaker : Mian Muhammad Yasin may now move his amendment.

Mr. Muhammad Yasin Khan Wattoo : I beg to move—

That in clause 2 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, for the brackets and figure '(1)', the brackets and letter "(1)" be substituted.

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment move is :

That is clause 2 of the Bill, as accommended by the Standing Committee on food and Agriculcure, for the brackets and figure '(1)', the brackets and letter "(1)" be substituted.

Minister of Food & Agriculture : Sir, I accept this amendment.

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 2 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, for the brackets and figure '(1)', the brackets and letter "(1)" be substituted.

(*The motion was carried*)

The question is—

That clause 2, as amended, form part of the Bill.

(*The motion was carried*)

(*Clause* 3)

Mr. Speaker : This amendment to clause 3 is in the name of Chaudhri Muhammad Ibrahim. He may please move it.

Chaudhri Muhammad Ibrahim : (Sialkot III) Sir, I beg to move :

That in clause 3 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, in part (i) of paragraph (b) of sub-clause (2), between the word 'days' and the semi-colon, occurring in line 2, the words "and other festival days, e.g. Eid-ul-Fitr, Shab Qadar, etc., be inserted."

جناب والا ۔ معلوم یہ ہوتا ہے کہ جناب ملک قادر بخش صاحب نے یہ فیصلہ کر لیا ہے کہ خواہ کسی قسم کی تجویز کوئی پیش کرے وہ منظور نہیں ہونے دینگے ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ بشرطیکہ وہ معقول ہو ۔

چودھری محمد ابراھیم ۔ میرا مطلب ہے کہ نہ صرف عیدا لفطر بلکہ دوسرے تہوار بھی ہوتے ہیں ۔ مثلاً شادی وغیرہ کے وقت بھی ایسی ضرورت پیش آتی ہے اس لئے اس قانون میں ایسی گنجائش اور لچک ہونی چاہئے کہ اس سے لوگ فائدہ اٹھا سکیں ۔ عیدا لفطر ۔ شب قدر اور ایسے تہوار نہ صرف اسلام میں بلکہ دوسرے مذاھب میں آتے ہیں ان کے لئے گنجائش ہونی چاہئے ۔ ایسی گنجائش نہ ہونے سے دقت اور تکالیف کا سامنا ہوگا۔ میں چاہتا ہوں کہ ان الفاظ کو اس کلاز میں شامل کر لیا جائے ۔

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That in clause 3 of the Bill, as reeommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, in part (i) of paragraph (b) of sub clause (2), between the word 'days' and the semi-colon, occurring in line 2, the words "and other festival days, e.g., Eid-ul-Fitr, Shab Qadar, etc., be inserted.

Minister of Food & Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : Opposed.

اگر میں یہ کلاز منظور کر لوں تو اس سے اچھا ہے کہ میں اس قانون ھی کو واپس لے لوں کیونکہ اس میں جو الفاظ کا اضافہ یہ چاہتے ھیں یعنی تہوار ۔ عید الفطر ۔ شب قدر وغیرہ وغیرہ اگر یہ اس قانون میں آ جائیں تو بہتر یہ ہے کہ کوئی قانون ھی نہ آئے ۔ جہاں تک عیدا لضحیٰ کا تعلق ہے ہم نے یہ رکھا ہے کہ یہ قانون عیدالضحیٰ پر حاوی نہیں ہے کیونکہ عیدا لضحیٰ تین دن جاری رہتی ہے اب رہا عیدا لفطر ۔ تہوار اور بچوں کے عقیقوں پر دنبے ذبح کریں ۔ مرغیاں ۔ گائیں ۔ لیکن وہ جانور جن کے بارے میں ڈاکٹر کہتے ھیں کہ کارآمد ھیں اور ابھی بہت فائدہ مند ھیں انہیں اس طرح ضائع نہیں کرنا چاہئے ۔ اس

لئے میں عرض کرونگا کہ معزز محرک اس کو واپس لے لیں یا ھاؤس اسے مسترد کر دے ۔

مسٹر سپیکر—آپ کیا فرمائینگے مولانا صاحب ؟

مولانا غلام غوث—یہ ضروری نہیں ھے کہ وزرأ صاحبان اپنے بنگلے میں بیٹھ کر جو مسودہ قانون تیار کریں ..... .

راؤ خورشید علی خان—ھاؤس میں کورم نہیں ھے ۔

مسٹر سپیکر—ھاؤس میں کورم نہیں ھے مولانا صاحب آپ دو منٹ تشریف رکھیں ۔

(*At this stage Mr. Speaker ordered the quorum bells to be rung*)

Rao Khurshid Ali Khan : Can the House continue without quorum ?

Mr. Speaker : The House is not adjourned. We have rung the bells for quorum.

Rao Khurshid Ali Khan : If it is not adjourned, then the House is continuing.

Mr Speaker : The business is stopped and the House is continuing because business cannot be transacted without quorum.

Rao Khurshid Ali Khan : The House cannot continue.

Mr. Speaker : Please show me the Rule.

کورم پورا ھو گیا ھے ۔ مولانا صاحب آپ کہیں ۔

مولانا غلام غوث—جناب سپیکر ۔ یہ ضروری نہیں ھے کہ ھمارے معزز وزرأ صاحبان جو منصوبہ اپنے بنگلے میں بیٹھ کر بنا لائیں وہ صحیح بھی ھو اور اسے ھم مان لیں ۔ اگر عیدالفطر کے روز بھی اس طرح کی اجازت نہ ھو تو عوام بہت برا مانینگے اور اس کے بہت برے اثرات ھونگے۔ ھمارے معزز وزرأ نے فرمایا ھے کہ بکری اور دنبہ کیوں نہ کھائیں ؟ تو ایک حکایت پیش کرتا ھوں ۔

مسٹر سپیکر— ضرور ۔ ضرور

مولانا غلام غوث ھزاروی—حکایت یہ ھے کہ کسی نے ایک شہزادی سے کہا کہ لوگ بھوکے مر رھے ھیں تو شہزادی نے کہا کہ یہ پراٹھے کیوں نہیں کھاتے ؟

آوازیں—بات نہیں بنی - مولانا صاحب بات نہیں بنی -

مولانا غلام غوث—عوام کو بکری کا گوشت یا دنبہ کا گوشت آسانی سے نہیں ملتا - ان کو تو دو وقت کی روٹی نہیں ملتی آپ ۹ وقت کھاتے ہیں - آپ ان کی زندگی کو مزید مشکل نہ بنائیں-

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 3 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, in part (i) of paragraph (b) of sub-clause (2), between the word 'days' and the semi-colon, occurring in line 2, the words "and other festival days, e.g., Eid-ul-Fitr, Shab Qadar, etc.," be inserted.

(*The motion was lost*)

راؤ خورشید علی خاں —جناب نے دریافت کیا تھا کہ رولز بتلاؤں -

Mr. Speaker : Not at this stage.

یہ قصے تو روز ہوتے ہیں -

راؤ خورشید علی خاں—آپ سے ایسی توقع نہیں تھی کہ غلط رولز کے تحت اسے چلائینگے -

مسٹر سپیکر—میں نے کوئی غلط رولنگ نہیں دی - میں غلط رولز کے تحت نہیں چلا رہا ہوں -

راؤ خورشید علی خاں—بالکل آپ چلا رہے ہیں-

Mr. Speaker : What does the Member want to press. The House is in quorum. At this stage there is no occasion Had the Member quoted the Rule at that stage, I would have definitely heard him,

راؤ خورشید علیخاں—پھر وہ کارروائی غلط ہوئی ہے -

Mr. Speaker : There is no 'Ghalati'.

Rao Khurshid Ali Khan : I am quoting the Rule.

Mr Speaker : If the Member wants to be clear, he may please quote the Rule.

Rao Khurshid Ali Khan : Rule 154 says :—

" If at any time during a sitting of the Assembly the attention of the Speaker is drawn to the fact that less than forty members are present, he shall adjourn the Assembly for fifteen minutes."

There is no option but to adjourn the Assembly and you should have adjourned it, but you did not.

Mr. Speaker : I agree with the Member's point of view, If it had been quoted before I would have heard him. I entirely agree that under the Rule there is no option but to adjourn the Assembly

مسٹر حمزہ آپ نے اس وقت جب دیکھا تھا کہ ھاؤس میں کورم نہیں ھے تو اس وقت کہا کیوں نہیں تھا ؟ اس طرح سے جو بھی کارروائی ھوئی ھے وہ خلاف ضابطہ ھے ۔

مسٹر سپیکر—وہ خلاف ضابطہ نہیں ھوئی ھے ۔

Proceedings are entirely in order.

مسٹر حمزہ—ایک عام شخص جسے قانون کا پتہ نہیں وہ تو خیر مستثنیٰ ھے لیکن آپ کو جنہیں قانون سے پوری واقفیت ھونی چاھئے آپکو ایسا نہیں کرنا چاھئے تھا ۔ آپ نے غلط رولنگ دی ھے ۔

مسٹر سپیکر- میں نے غلط رولنگ نہیں دی ھے ۔

I asked him to quote the Rule but he did not quote that Rule at that time (Interruptions)

گھبرانے کی بات نہیں ھے ۔ طریق کار یہی ھے لیکن اگر آپ کھڑے ھوں اور کوئی رول نہ بتائیں تو یہ ایسے ھی ھے جیسے آپ ایک مقدمہ کرتے ھیں کسی عدالت میں مگر کوئی contention پیش نہیں کرتے اور کہتے ھیں کہ جج صاحب نے آپ کا مقدمہ مسترد کر دیا ۔ وہ تو کر دینگے ۔ جج تو فیصلہ دے گا اس پوائنٹ پر جو اس کے سامنے ھوگا ۔ جب آپ نے کوئی قانون ھی quote نہیں کیا تھا تو رولنگ کا سوال ھی پیدا نہیں ھوتا تھا ۔ مگر جب خورشید صاحب نے ضابطہ quote کیا تو میں نے ان سے اتفاق کیا اور جو کچھ اس وقت ھوا وہ بھی ضابطہ کے مطابق تھا ۔

So far as the ruling is concerned it is correct. (Interruptions)

Mian Muhammad Sharif : Respect the Chair.

میاں محمد یسین خاں وٹو—جناب والا۔ میں آپ کی توجہ آئین کے آرٹیکل ۱۱۰ کی طرف دلاتا ہوں جس کے مطابق آپ کا پہلا رولنگ درست ہے ۔ وہ آرٹیکل یوں ہے ۔

(1) Subject to this Constitution—

(a) the procedure of an Assembly shall be regulated by rules of procedure made by the Assembly ;

اب رول صرف اس چیز کے متعلق ہو سکتا ہے جس کے متعلق آئین میں کوئی بات نہ ہو اس آرٹیکل ۱۱۰ کا سب آرٹیکل ۲ ہے ۔ وہ ملاحظہ فرمائیں ۔

If, at any time during a meeting of an Assembly, the attention of the person presiding at the meeting is drawn to the fact that less than forty members are present, it shall be the duty of the person presiding either to adjourn the meeting, or to suspend the meeting until forty members are present.

You suspended the business of the House till forty members were present in the House. (Interruptions)

Rao Khurshid Ali Khan : Then this ruling will have to be revised.

Mr. Speaker : Mr. Hamza may please move his amendment.

Mr. Hamza : (Lyallpur VI) Sir, I beg to move :

That in clause 8 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, in sub-clause (2) (b) (i) in line 2, between the word 'days' and the semi-colon, the words "and other religious festivals and ceremonial occasions" be inserted.

Mr. Speaker : Does the member want to say something?

Mr. Hamza : Yes, Sir.

Mr. Speaker : Make it short.

مسٹر حمزہ—عرض یہ ہے کہ قانون کی ایک خوبی یہ ہونی چاہئے کہ وہ fool proof ہو ۔ دوسرے یہ کہ یہ زندگی کے عام حالات کے عین مطابق ہو ۔ حقیقت یہ ہے کہ ہمارے ہاں لوگ عیدالضحیٰ کے علاوہ دوسری مذہبی تقاریب کے ایام میں اور شادیوں

کے ایام میں بھی گھروں پر جانور ذبح کرتے ہیں اور اس بل کے سیکشن ۴ میں بتایا گیا ہے کہ

Any person intending to slaughter an animal in a slaughter House shall produce the animal in the stock yard for examination at least six hours before slaughtering.

اور اس سے پہلے حصہ میں یہ درج ہے کہ جس جانور کو ذبح کرنا مقصود ہو اسے لازمی طور پر مذبح خانہ میں لے جانا ہوگا ۔ اگر ایک شخص جو مذبح .....

وزیر زراعت و خوراک—سمجھے ہی نہیں قانون کو۔

سسٹر سپیکر - حمزہ صاحب راؤ صاحب سے سمجھ لیں ۔

Minister of Food and Agriculture : It is not for fools. It is for wise men.

Mr. Speaker : This is unparliamentary

سسٹر حمزہ—میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ذبح کئے جانے والے جانوروں کو لازمی طور پر مذبح خانہ میں لے جاناہوگا انہیں اپنے گھر پر ذبح نہیں کیا جا سکیگا اور چونکہ ایسے تہواروں پر عام طور پر گھروں پر جانور ذبح کئے جاتے ہیں تو اسکا مطلب یہ ہوگا کہ آپ افسران کو ایسے اختیارات دیدیں گے جنہیں وہ لوگوں کے خلاف استعمال کریں گے جب کبھی لوگ تہواروں کے موقع پر جانوروں کو گھروں میں ذبح کریں گے ۔ یہ امر یقینی ہے کہ لوگ جانوروں کو گھروں پر ذبح کریں گے اور آپ انہیں نہیں روک سکیں گے ۔ اگر روکیں گے تو لوگوں میں آپ کے خلاف زیادہ نفرت پیدا ہوگی ۔ بہتر یہ ہے کہ آپ میری ترمیم قبول کر لیں ۔

Mr. Speaker. Clause under consideration, amendment moved is :

That in clause 3 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, in sub-clause (2) (b) (i) in line 2, between the word 'days' and the semi colon, the words "and other religious festivals and ceremonial occasions" be inserted

وزیر زراعت و خوراک—(ملک قادر بخش) عرض یہ ہے کہ جیسا کہ میں نے کہا ہے حمزہ صاحب اسے سمجھے نہیں ۔

اول تو یہ کہ یہ قانون دیہاتیوں پر لاگو ہی نہیں ۔ دوسرے یہ کہ تمام شہری علاقوں پر بھی لاگو نہیں ہوگا تیسرے یہ کہ عیدالضحیٰ کے دنوں پر یہ ہرگز لاگو نہیں بلکہ صرف ان علاقوں پر جن کو گورنمنٹ notify کریگی۔ ہوگا ۔ چوتھے یہ کہ جو جانور اس تعریف میں نہیں آتے ان پر بھی یہ لاگو نہیں ۔ لیکن اگر حمزہ صاحب فرماتے ہیں کہ یہ قانون توڑا جائے گا تو میں کہتا ہوں کہ میں تو مر چکا ہونگا اور حمزہ صاحب جیل میں ہوں گے اگر یہ قانون توڑا جائیگا ۔

مسٹر تاج ۔محمد خانزادہ میں ایک وضاحت چاہتا ہوں ۔ یہ ٹھیک ہے کہ عیدالضحیٰ کے دنوں پر اس کا اطلاق نہیں ہوگا ۔ لیکن یہاں دو عیدیں ہوتی ہیں ۔ ایک سرکاری ہوتی ہے دوسری غیر سرکاری ۔ یہ بتا دیں کہ کونسی عید پر اس کا اطلاق نہیں ہوگا؟

وزیر مال—عید کے لئے تین دن رکھیں گے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That in clause 8 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, in sub-clause (2) (b) (i) in line 2, between the word 'days' and the semi colon, the words "and other religious festivals and ceremonial occasions" be inserted.

(*The motion was lost*)

مسٹر سپیکر —راؤ خورشید علی خان صاحب کی ترمیم بھی اسی طرح کی ہے اس لئے وہ بھی مسترد کی جاتی ہے ۔

The question is :

That Clause 8 stand part of the Bill.

(*The motion was carried*)

(*Clause* 4)

Mr Speaker : There is an amendment by Khawaja Muhammad Safdar. As Khawaja Sahib is not present, his amendment lapses.

Next amendment is in the name of Mian Muhammad Akbar. He, too, is not present. His amendment also lapses.

Next comes the amendment by Chaudhri Muhammad Ibrahim. He may please move his amendment.

Chaudhri Muhammad Ibrahim (Sialkot III) : Sir, I beg to move :

That in clause 4 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, in sub-clause (1) for the words 'at least three hours before slaughtering'., occuring in lines 4-5, the words "at any time during the hours fixed by the local body concerned for inspection" be substituted.

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That in clause 4 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, in sub-clause (1) for the words 'at least three hours before slaughtering., occuring in lines 4-5, the words "at any time during the hours fixed by the local body concerned for inspection" be substituted.

وزیر زراعت و خوراک—(ملک قادر بخش): میں اس کی مخالفت کرتا ہوں ۔ میں صرف یہ عرض کر دوں کہ اس قسم کی ایک ترمیم وٹو صاحب لا رہے ہیں ۔ دراصل تین چار ترامیم ایک ہی چیز کے متعلق ہیں ۔ میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ان ترامیم میں لوکل باڈی کا ذکر ہے اور لوکل باڈی کی تعریف نہیں کی گئی ہے۔وٹو صاحب جو ترمیم لا رہے ہیں اس میں لوکل اتھارٹی ہے ۔ دوسرے یہ کہ کہیں ایک گھنٹہ ضروری ہوگا ۔ کہیں زیادہ وقت کی ضرورت ہوگی۔ لاہور میں کام زیادہ ہے یہاں زیادہ وقت کی ضرورت ہوگی ۔ اس لئے بہتر یہ ہوگا کہ چودھری صاحب یہ ترمیم واپس لے لیں ۔

چودھری محمد ابراہیم—مجھے اس میں کیا اعتراض ہو سکتا ہے۔ میں اپنی ترمیم واپس لینے کی اجازت چاہتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر - کیا ایوان کی طرف سے محرک کو اجازت ہے کہ وہ اپنی ترمیم واپس لے لیں ؟

(ایوان کی اجازت سے ترمیم واپس لے لی گئی)

Mr. Speaker : There is an amendment by Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo.

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo : Sir, I beg to move :

"That in clause 4 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture for the words 'at least three hours before slaughtering' occurring in lines 4-5, the words "at any time during the hours fixed by the local authority concerned for inspection" be substituted.

جناب والا ۔ اس سلسلہ میں میں ایک چھوٹی سی بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جو ترمیم میں نے پیش کی ہے اور چودھری محمد

ابراھیم اور دوسرے فاضل ممبران نے جو ترامیم پیش کی ھیں - وزیر قانون نے ان سب سے استفادہ کیا ھے اور موجودہ ایکٹ میں ان ترامیم کو accept کر لیا ھے اور قانونی سقم دور کر دیا ھے -

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is:

That in clause 4 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, for the words 'at least *three* hours before slaughtering', occurring in lines 4-5, the words "at any time during the hours fixed by the local authority concerned for inspection" be substituted.

Minister of Food and Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : Sir I accept this amendment.

Mr. Speaker : The question is :

That in clause 4 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, for the words 'at least *three* hours before slaughtering,' occurring in lines 4-5, the words "at any time during the hours fixed by the local authority concerned for inspection" be substituted.

(*The motion was carried*)

Mr. Speaker : The next two amendments by Mr. Hamza and Rao Khurshid Ali Khan are the same as has been withdrawn by Ch. Muhammad Ibrahim.

Mr. Hamza : Sir, I do not want to move any amendment.

Rao Khurshid Ali Khan : Sir, I also do not move my amendment.

Mr Speaker : The question is—

That clause 4 as amended form part of the Bill

(*The motion was carried,*)

(*Clause 5*)

Mr. Speaker : The question is—

That clause 5 form part of the Bill.

(*The motion was carried*)

(*Clause 6*)

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo : Sir I beg to move –

That in clause 6 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, between the comma and the word 'subject', occurring in line 1, the words "under special circumstances" be inserted

recommendation standing committee جناب والا - اس کلاز میں جو کی ھے وہ یہ ھے -

"Government may, subject to such conditions as it may deem fit to impose, exempt any person or class of persons from all or any provision of the Act."

جناب والا ۔ میں نے جو ترمیم پیش کی ہے اس کے ذریعہ حکومت پر مزید یہ شرط عائد کر دی گئی ہے کہ حکومت صرف خاص حالات میں ایسا کر سکتی ہے ہر وقت نہیں ۔ اس لئے یہ ترمیم بے حد مفید ہے اور اسے accept کر لیا جائے ۔

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That in clause 6 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, between the comma and the word 'subject' occurring in line 1, the word "under special circumstances" be inserted.

Minister for Food and Agriculture : Sir, I accept this amendment.

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 6 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, between the comma and the word 'subject,' occurring in line 1, the words "under special circumstances" be inserted.

(The motion was carried)

Mr. Speaker : The question is—

That Clause 6 as amended form part of the Bill.

(The motion was carried)

(Clause 7)

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo : Sir I beg to move—

That in clause 7 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, full stop appearing after the word 'committed,' in line 9, be substituted by a comma and the words "as the case may be" be added thereafter.

Minister for Food and Agriculture : Sir, I accept this amendment.

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved, the question is :

That in clause 7 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, full stop appearing after the word 'committed,' in line 9, be substituted by a comma and the words "as the case may be" be added thereafter.

(The motion was carried)

Mr. Speaker : The question is—

That clause 7 as amended form part of the Bill.

(The motion was carried)

(Clause 8)

Mr. Speaker : There are some amendments to this clause. First is by Khawaja Muhammad Safdar. As he is absent, hisa mendment lapses. Second is by Mian Muhammad Akbar who is also abse nt andhis amend-

ment also lapses. Now Chaudhri Muhammad Ibrahim may move his amendment.

Chaudhri Muhammad Ibrahim (Sialkot III) : Sir, I beg to move.

That in clause 8 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture—

(a) in sub-clause (1), in lines 4-6, the words "with imprisonment for a term which may extend to one month," and in lines 8-9, the words "with imprisonment which may extend to six months" be deleted ;

(b) sub-clause (2) be deleted ; and

(c) sub-clause (3) be deleted.

جناب والا ۔ میں صرف یہ عرض کروں گا کہ imprisonment صرف moral offenece کی حالت میں دی جاتی ہے ۔ یہاں سزائے قید اور سزائے جرمانہ میں مناسبت ہونی چاہئے ۔ بعض حالات میں کوئی شخص مجبور ہو جاتا ہے اور خاص حالات کے تحت اگر وہ قانون کی خلاف ورزی کرتا ہے تو اس کے لئے جرمانہ کی سزا بہت کافی ہے ۔ اس ایوان میں ہر طرف سے ممبران نے خواہ سرکاری نشستوں پر بیٹھے ہیں یا اس طرف ہیں ۔ اس امر کا اعتراف کیا ہے کہ ہماری executive میں جو افراد ہیں ان میں سے اکثر کی کارکردگی پر بھروسہ نہیں کیا جا سکتا ۔

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That in clause 8 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture—

(a) in sub-clause (1), in lines 4-6, the words "with imprisonment for a term which may extend to one month," and in lines 8-9, the words "with imprisonment which may extend to six months" be deleted ;

(b) sub-clause (2) be deleted ; and

(c) sub-clause (3) be deleted.

وزیر زراعت و خوراک—(ملک قادر بخش) ۔ آپ جو کچھ فرما رہے ہیں ہم خود اپنی ترمیم اسی طرح لا رہے ہیں کہ پہلی دفعہ جرمانہ کی سزا ہو اور اگر کسی نے آٹھ دس جانور ذبح کر دئے ہیں تو اسے قید کی سزا بھی دی جا سکے حقیقتاً ہم نے آپ کی ترمیم سے استفادہ کیا ہے ۔

چودھری محمد ابراھیم—کیا ہی اچھا ہو اگر آپ اسے بالکل اڑا دیں ۔

وزیر زراعت و خوراک—جی نہیں یہ نہیں ہو سکتا ۔

چودھری محمد ابراھیم۔ سزائے جرمانہ خود ھی بڑی deterent ھوتی ھے ۔ آپ اس طرح ان کے ھاتھ میں لاٹھی نہ دیں کیونکہ وہ اندھے کی لاٹھی کی طرح استعمال کریں گے ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی۔ میں محترم وزیر صاحب کی توجہ اس امر کی طرف دلانا چاھتا ھوں کہ ھمارے دیہات میں بڑے واقعات ھو رھے ھیں اور وہ یہ ھیں کہ ۔ڑکوں پر بدقسمتی سے کئی حادثات ھو جاتے ھیں جن کی زد میں مویشی بھی آ جاتے ھیں ۔ عام طور مالک کی کوشش یہ ھوتی ھے کہ مرنے سے پہلے جانور کو ذبح کر لیں ۔

وزیر زراعت و خوراک۔ جی نہیں ۔ یہ اس پر حاوی نہیں۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی۔ جناب والا ۔ آپ جانتے ھیں کہ بد عنوانیاں ھوتی ھیں ۔ پولیس رشوت لیتی ھے ۔ میں چاھتا ھوں کہ ان برائیوں کا انسداد ھو سکے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That in clause 8 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture--

(a) in sub-clause (1), in lines 4-6, the words "with imprisonment for a term which may extended to one month," and in lines 8 9, the words "with imprisonment which may extend to six months" be deleted ;

(b) sub clause (2) be deleted ; and

(c) sub-clause (3) be deleted

(The motion was lost)

Mr. Speaker : There is an other amendment to this clause by Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo. He may please move his amendment.

Mian Muhammad Yasin Khan Watoo : Sir I beg to move :

That in clause 8 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture,

(a) in sub clause (1), for the word 'specified,' occurring in line 4, the word "prescribed" be substituted, and the words "with imprisonment for a term which may extend to one month or," occurring in lines 4-6, be deleted ;

(b) in sub-clause (1), between the words 'or' and 'with,' occurring in line 7, the words "with imprisonment for a term which may extend to one month or" be inserted ;

(c) in sub-clause (3), for the comma occurring between the words 'been' and 'is,' in line 2, the word "or" be substituted, and in line 3, the words "or is about to be" be deleted.

جناب والا ۔ میں آپ کی اجازت سے صرف چند باتیں عرض کروں گا ۔ میری ترمیم کے تین مقاصد ھیں ۔ لفظ specified کی اس بل میں تعریف نہیں کی گئی ۔ یہاں prescribed کی تعریف کی گئی ھے ۔ تو اس specified کی جگہ prescribed آ جانے سے قانونی سقم دور ھو جائے گا ۔

دوسری جو amendment ھے ۔ جس طرح ملک قادر بخش صاحب نے فرمایا ھے ۔ تو اس کے مطابق یہ ھو جائے گا ۔ کہ پہلے offence پر صرف جرمانہ ھو سکیگا ۔ عام حالات میں ۔ لیکن اگر offence کوئی زیادہ اھم ھو ۔ یا زیادہ جانوروں کو ذبح کر دیا گیا ھو ۔ تو اس صورت میں قید بھی ھو سکتی ھے ۔ لیکن پہلے جرمانہ ھو گا ۔

اور تیسری بات جناب والا ۔ جو اسکی سب کلاز (۳) میں دی ھے ۔ وہ بڑی ضروری ھے ۔ اسکے متعلق پہلے کوئی amendment نہیں تھی ۔ وہ الفاظ جناب والا ۔ یہ ھیں ۔ کہ

Now, Sir, the object of the adjournment motion is that all business must be stopped because if the business of the House is not stopped some harm may be done to the question involved. A very sudden emergent matter is pointed out to the House in the form of an adjournment motion. It is not that every question and every offence of robbery and dacoity, particularly in a place where dacoity has become the order of the day...

Khawaja Muhammad Safdar : There you are. This is the point.

Minister of Railways : He could have discussed the question of law and order. For the information of the Members and Leader of the Opposition I want to say that the question of law and order including this aspect of the affairs in Sind has been discussed in the Supplementary Budget and is again going to be disussed after two months. I would like to say that an offence or commission of an offence does not make it a subject matter of an adjournment motion. On the point of facts...

Mr. Speaker : I want to be clear on one point. Has it become the order of the day ?

Minister of Railways : Not, 'has become,' There are two things. There has been a time in this part of the Province when night travelling by trains had been stopped by the Government. What I mean to say is : that this is not of recent occurrence. This has always been the case. Only yesterday Mr. Jatoi must have read an interesting article about dacoits in Sind and I give him the names of very famous dacoits in that part of the Province :

1. Bachchu Badshah.
2. Peroo Wazir.
3. Machi.
4. Hingoro.
5. Khoso.
6. Chandio.

Sir, this has not become the order of the day now. In that part of the country dacoities were not rare even in the past. They were generally committed. And my friend, Mr Jatoi never went to the public or appealed to the dacoits to give up their anti-social activities. He always comes to the House with an adjournment motion.

Mr. Speaker : You say that it was an order of the day in the past, (Interruptions).

Minister of Railways : I am submitting to you as a general rule because I am marking as you are marking. (Interruptions).

مسٹر سپیکر--جتوئی صاحب تشریف رکھیں - اطمینان رکھیں - ان کی باری بھی آ جائے گی اتنے جذبات سے کام نہ لیں -

Minister for Railways : As you are marking I am also marking and everybody is marking that adjournment motions on very minor incidents are being pressed. So as a general case I placed these observations before you. Now I come to this particular case (Interruption) I want to tell you also that the epidemic of poetry from Mr. Abdul Baqi is spreading to Mr. Hanif Siddiqi and Haji Abdul Majid Jatoi.

خواجه محمد صفدر—آپ بچ کر رهیں - یه کہیں آپ تک نه پہنچ جائے -

Minister for Railways : I am already suffering from it but I don't use it inside the House ; I use it outside the House.

Mr. Speaker : Yes, yes.

Minister for Railways : Sir on the last adjournment motion I had given out very detailed facts that it was not a case of dacoity. It was a case about the engagement of a girl and kidnapping of a girl. Now Sir this is a case in which the F. I. R. has been filed. There was private enmity between two parties. Those two parties fought and certain arrests have been made. The Court is already in possession of the case. It is not a case of dacoity. I read, for your information, the actual wordings of the facts; which I have received, and as you know on disputed facts you cannot press for a motion.

> "The motive of attack on village Macchi was to murder Gatchi and Jan Muhammad Chando due to previous enmity. As the culprits failed to find Jam Muhammad and Gatchi, they started firing at random killing one Wazir, a hari. The village police is investigating the case and a number of arrests have been made. The F. I. R. have already been filed.

This is also not a case of dacoity. But I suppose even if it is a case of dacoity, then merely a commission of dacoity cannot constitute and should not, and I hope you will kindly take note of this fact that this will not be a subject-matter of adjournment motion. You can draw attention through some other agency. It is a matter of ordinary law and order. There is the agency of police and the agency of court. They will deal with it in the ordinary way as the offences and crimes can be dealt with and are being dealt with.

Then there is the third ground. It is not a matter of recent occurrence. The first available opportunity occurred to him on March 29 but he did not press it on that date. The incident occurred not on March 26 but on March 25. He reads in papers on March 27. The fact that the information has reached him a bit latter cannot be a cause for admission of an adjournment motion. It is a case of recent occurrence and not of recent knowledge. The incident occurred on March 25. It appeared in the press on 27th or 28th. He had a time to

press it on that very date but because he wants to preserve some motions for every day—on that day he already had one-he wanted to move it on another day. He has already two-three motions for other days. So he kept it in his pocket for some other day.

Mr. Speaker : I have had a clarification from him on this issue,

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱)—جناب سپیکر - صرف دو منٹ - جناب والا - مجھے جناب وزیر صاحب کے فرمانے سے اتفاق ہے کہ اگر کوئی ڈاکہ زنی یا قتل کی ایک آدھ واردات ہو جائے تو وہ ایک معمولی اور ordinary administration کا معاملہ ہے اور اس کے مطابق کوئی تحریک التوا یہاں نہیں پیش ہو سکتی لیکن جیسا کہ خود انہوں نے ارشاد فرمایا ہے یا تسلیم کیا ہے کہ یہ سندھ کے علاقے میں ایک معمول بن گیا ہے اور جیسا کہ اخبارات آپ بھی دیکھتے ہیں اور ہم بھی دیکھتے ہیں یہ حقائق چھپانے کے باوجود یہ حقیقت ان کے منہ سے نکل گئی کہ وہاں یہ "order of the day" ہو گیا ہے - اس کو انہوں نے گول مول کرنے کی کوشش کی ہے - اس سلسلے میں ایک تاریخی واقعہ پیش کرتا ہوں کہ سلطان محمود غزنوی کے پاس ایک بڑھیا روتی پیٹتی گئی اور کہا کہ اس کا بیٹا ایک قافلے کے ساتھ آ رہا تھا راستے میں ڈاکوؤں نے اس کے قافلے پر ڈاکہ مارا اور سارا سامان لوٹ لیا - واقعات کو سن کر سلطان محمود نے (خدا ان پر رحم کرے) کہا کہ اس بارے میں میں کیا کر سکتا ہوں ؟ جب کہ وہ علاقہ میرے علاقے سے بہت دور دراز فاصلے پر ہے - اس جواب کو سن کر بڑھیا نے کہا کہ جب تم اتنے بڑے علاقے کی نگرانی اور خبر گیری نہیں کر سکتے تو اس کو فتح ہی کیوں کیا تھا ؟ تو یہی حال ہمارے وزرأ صاحبان کا ہے - یہ ہمارے وزرأ اگر اتنے بڑے علاقے میں law and order maintain نہیں کر سکتے تو خدا ان پر رحم کرے- اگر آپ law and order maintain نہیں کر سکتے تو بہتر آدمیوں کو یہاں لانا چاہئے -

مسٹر سپیکر—مسٹر جتوئی -

حاجی عبدالمجید جتوئی—(دادو - ۱) میں عرض کرونگا کہ ہمارے وزراً نے فرمایا ہے کہ یہ جتوئی کا آدمی ہے - یہ بات میں نے پہلے ہی بتلائی ہے کہ یہاں سے جن کو بھیجا گیا ہے وہ اس گورنمنٹ کے افسر ہیں - نواب شاہ ضلع میں لوٹ مار ہو رہی ہے اور غریبوں کا خون ہو رہا ہے اور گورنمنٹ کو ہم سندھیوں کے خون کا یہ احساس ہے کہ سندھ میں لوٹ مار خون روز کا کام ہے اور سندھیوں کی خون کی ندیاں بہائی جا رہی ہیں اور ہم سندھیوں کے خون کی ہولی کھیلی جا رہی ہے (حزب اختلاف سے نعرۂ ہائے تحسین) افسوس ہے کہ اگر یہ حالت حکومت کی ہے تو یونٹ کو ختم کر دو - جب آپ چھوٹے صوبوں کے ساتھ ہمدردی نہیں کر سکتے تو یونٹ کو توڑ دو -

وزیر خزانہ—(شیخ مسعود صادق) جناب والا - یہ admissibility کے بارے میں بات کریں -

مسٹر سپیکر—آپ admissibility کے بارے میں بات کریں -

حاجی عبدالمجید جتوئی وزیر صاحب نے کہا ہے کہ پہلے سندھ میں بجو بادشاہ اور پیرو وزیر وغیرہ ڈاکو ہوا کرتے تھے تو میں حکومت کو اور وزیر صاحب کو بتلاتا ہوں کہ وہ ڈاکو نہیں تھے - غریبوں سے لوٹ مار نہیں کرتے تھے - ان کا جھگڑا انگریز سے تھا وہ انگریز سے آزادی اپنے سندھ کو دلاتا چاہتے تھے اور وہ انگریز کی غلامی سے بیزار تھے وہ سندھی ہی تھے جنہوں نے پہلے انگریز سے آزادی کے لئے لڑائی کی- اب ان کو ڈاکو کہنا یہ بڑے افسوس کی بات ہے -

مسٹر سپیکر—مسٹر جتوئی - آپ صرف اپنی تحریک کے متعلق ہی بات کریں -

You are talking about general things.

حاجی عبدالمجید جتوئی ابھی کل وزیر صاحب مسٹر عبدالوحید خان نے تسلیم کیا تھا کہ ہمارے ساتھ کہ غلطی ہماری ہے - ہم نے کہا تھا کہ ساری غلطی آپ کی ہے آپ کی گورنمنٹ کی ہے تو انہوں نے قبول کر لیا تھا کہ ساری غلطی ہماری ہے کہ ہمیں سندھ

میں اس کے پرانے افسروں کو ضرور بھیجنا چاہئے تھا - میں نے بتایا کہ سانگھڑ کا ایک ایس - پی کافی عرصہ پشاور میں رہ کر سندھ میں آیا ہے سندھی نہیں ہے - اس کے آنے کے بعد دو مہینے کے اندر دو خطرناک ڈاکو شجاع اور جانو کو ختم کیا گیا ہے -

مسٹر سپیکر - اچھا اچھا - اب آپ تشریف رکھیں -

If Syed Zafar Ali Shah wants to argue, he may do so, but in a few words.

Minister for Railways : Sir I would submit that you might give your ruling on this and that will *mutatis mutandis* apply to his also.

Mr Speaker : He is also the mover of the motion on this subject.

Syed Zafar Ali Shah : Sir certain points, which have been left out...

Mr. Speaker : Speak on the admissibility please.

Syed Zafar Ali Shah : Sir the main thing is this that this is the only remedy left to us to bring out the facts before this House that have led us to bring this motion. There may be a resolution, which we can't move on this subject. There is no other remedy. So the only remedy left to us is to move an adjournment motion.

Mr. Speaker : Resolution can be moved.

Syed Zafar Ali Shah : It can be moved but it cannot be as imperative and as urgent as it will take about a week or so. Sir the fact remains that lawlessness has become an order of the day. There have been numerous incidents and every day the incidence of crime is rising. And Sir the other thing is this that not only the incidence of crime is rising but the incidence of corrupt and inefficient officers is also rising. Therefore, Sir, I say it is a very urgent matter, it is of recent occurrence and Sir such things are occurring every day and every now and then. The life has become miserable. Therefore, I request that the admissibility may be granted.

Mr. Speaker : The motion is not of urgent public importance. It is, therefore, ruled out of order.

Armed Decoity in village Machhi, District Nawabshah

Mr. Speaker : Next adjournment motion is that of Syed Zafar Ali Shah. He wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the Business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, daring armed decoity on the residents of village Machhi, Taluka Moro, District Nawabshah in which people's homes were looted and one person was killed, and failure of the Police to check the lawlessness which has caused panic in the people of the area.

As an adjournment motion on the same subject has already been ruled out of order, this adjournment is, therefore, also ruled out of order.

Decision of hunger strike by students of Quetta/Kalat studying at Karachi

Mr. Speaker: Babu Muhammad Rafiq wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the Business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the decision of hunger strike on 9th April by the students of Quetta/Kalat studying at Karachi, due to the action taken by the Government to decrease the amount of their scholarships as stated in a telegram by the Baluchistan students stationed at Karachi.

Minister of Railways: Sir you have already disallowed adjournment motions on similar subject.

بابو محمد رفیق — میں یہ عرض کرونگا کہ یہ ایک ایسی تحریک چل رہی ہے کہ جس کی وجہ سے کراچی - لاہور - کوئٹہ تمام جگہوں پر ایسے حالات پیدا ہونے کا خدشہ ہے کہ جن سے.....

مسٹر سپیکر - پہلے دو تحریکات التوا خلاف ضابطہ قرار دی جا چکی ہیں - ایک آپ کی اور ایک بلوچ صاحب کی طرف سے تھی -

What does the member say about its admissibility now ?

بابو محمد رفیق جناب والا - آپ دیکھیں کہ کراچی جیسی جگہ میں ٹرائک ہو رہی ہے جہاں ہمارے بچوں کے لئے مشکلات پیدا ہو رہی ہیں -

Minister of Railways: The incident is the same.

Mr. Speaker: Two adjournment motions of the same nature were ruled out of order and hence this adjournment motion is also ruled out of order.

Mir Yousaf Ali Khan Magsi: The motion by Mr. Baqi was about the general strike.

Mr. Speaker: I have already given a ruling that this cannot be discussed.

Sale by auction of Guddu Barrage land.

Mr. Speaker: Mr. Muhammad Murad Khan Jamali wants to ask for leave to make a Motion for the adjournment of the Business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the advertisement by A. D. C. appearing in the press on 1-4-1963 about sale of land by auction on Guddu Barrage which has caused wide spread resentment in the people of that area.

Minister of Railways (Mr. Abdul Waheed Khan) : I think on this point also I need not argue. The mere fact that it is an advertisement cannot constitute the subject matter of an adjournment motion. Moreover, this is in pursuance of a policy and that policy is still continuing.

وزیر خزانہ—(شیخ مسعود صادق) اگلے روز جمالی صاحب کا ایک ریزولیوشن پیش ہوا تھا جسے ہاؤس نے مسترد کر دیا تھا ۔ اس کے باوجود میں نے یقین دھانی کرائی تھی جس پر میں قائم ہوں ۔ پھر کہتا ہوں کہ جو نیلام ہوگا وہ گورنمنٹ کے پاس منظوری کے لئے آئے گا ۔ ہم اسے confirm نہیں کرینگے جب تک کمیٹی کی رپورٹ ہمارے پاس نہ پہنچے اور کابینہ اس پر فیصلہ نہ کرے ۔

Mr. Speaker : What does Mr. Jamali say after this assurance ?

میر محمد مراد خاں جمالی—یہ مسئلہ ہمارے لوگوں کے لئے بہت اہم مسئلہ ہے ۔ پرانے زمانے کی ایک کہانی ہے ۔ ایک پنچھی کی کہانی ہے.....

مسٹر سپیکر—کہانی کی بجائے قانونی نکتہ پر آ جائیے ۔

میر محمد مراد خاں جمالی—پھر وزیر صاحب یہ شرط لگا دیتے ہیں کہ مسئلہ اہمیت کا نہیں ہے ۔ تو عرض یہ ہے کہ اس زمانے میں ایک امیر نے یہ غلطی کی تھی کہ ایک سو روپیہ میں پنچھی لیا تھا ۔ اس بیسویں صدی میں بھی ایک امیر نے غلطی کر کے ایسے وزراً مقرر کر لئے ہیں (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : The Member should not be personal. I am not going to allow him to discuss personal things here He should withdraw these words.

Mir Muhammad Murad Khan Jamali : What unparliamentary words have I said ?

Mr. Speaker : These are personal remarks and the Member should not use personal words while speaking upon the admissibility of the motion.

Mir. Muhammad Murad Khan Jamali : I have not mentioned any name.

Mr. Speaker : Please withdraw those words. It is a question of etiquette.

میر محمد مراد خاں جمالی—بیسویں صدی میں بھی.....
(قطع کلامیاں اور شور)

Mr. Speaker : Has Mr. Jamali withdrawn those words ?

Mir Muhammad Murad Khan Jamali: If you think it necessary, I withdraw those words.

جناب عالی ۔ خان عبدالوحید خان صاحب ابھی اٹھ کر وھی بات دھرا دینگے کہ واقعہ حالیہ نہیں ھے یا اھمیت عامہ کا نہیں ھے ۔ وہ تو ایک ھی رٹ لگاتے ھیں ۔ شیخ صاحب جو کنونشن مسلم لیگ پارٹی کے لیڈر ھیں انہوں نے اس ایوان میں 'جس کے درو دیوار شاھد ھیں، میں ریزولیوشن کے سلسلے میں یقین دھانی کرائی تھی کہ اس مسئلہ پر غور و خوض کیا جائے گا ۔ یہ اھم ھے اور میں اصولی طور پر اس سے اتفاق کرتا ھوں ۔ اور آج ان کی یقین دھانی کا بھانڈہ چوراھے میں پھوٹا ھوا آپ کے سامنے ھے ۔ ھمارے سندھی ممبران جو دوسری طرف بیٹھے ھیں اس یقین دھانی اور امید پر کہ ان کے عوام کے لئے کچھ ھوگا میں سمجھتا ھوں کہ.....

وزیر خزانہ—جمالی صاحب سمجھے نہیں ۔ ان کا ریزولیوشن مسترد ھو گیا تھا لیکن اس کے باوجود میں نے یقین دھانی کرائی تھی ۔ میں نے پہلے بھی عرض کیا ھے کہ میں اپنی یقین دھانی پر قائم ھوں ۔ یہ نیلام اس وقت تک confirm نہیں ھوگا جبتک گورنمنٹ کی منظوری نہیں ھو گی اور گورنمنٹ منظور نہیں دے گی جب تک کمیٹی کی رپورٹ اس کے سامنے پیش نہ ھو اور کابینہ اس کی منظوری نہ دے ۔

Mr. Speaker : As the motion is not of urgent public importance, it is ruled out of order.

Mir Muhammad Murad Khan Jamali : It is a very important adjournmotion motion, Sir.

Mr Speaker : I have already ruled it out of order.

Settlers from East Pakistan

Mr. Speaker : Next adjournment motion is also from Mr. Muhammad Murad Khan Jamali who wants to ask for leave to make a Motion for the adjournment of the Business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the news appearing in the National press on 30-3-1963, about the deplorable conditions of the Settlers from East Pakistan on Ghulam Muhammad Barrage in Chak No. 4 at Golarchi.

وزیر ریلوے- (مسٹر عبدالوحید خاں) جمالی صاحب شکایت کرتے ہیں کہ وہی باتیں دہرا دیتا ہوں ۔ اب ان کی دھرائی ہوئی باتوں کا جواب بھی وہی ہوگا ۔ ان کی اس تحریک التوأ میں کوئی چیز واضح یا معین نہیں ہے ۔ پرانا واقعہ ہے ۔

It is not a matter of recent occurrence.

Khawaja Muhammad Safdar : The grievance is there even today.

Minister of Railways : The fact that the grievance is continuing is not sufficient if it is not of recent occurrence.

I would further submit, Sir, that this matter is under the consideration of the Government and every effort is being made to resolve it. So, it is a continuing matter and should, therefore, be rejected.

میر محمد مراد خاں جمالی جناب عالی ۔ وزیر صاحب کو غلط فہمی ہوئی ہے وہ میں دور کرنا چاہتا ہوں ۔ میرے پاس ''عبرت،، اخبار ہے سندھی کا ۔ یہ حیدر آباد سے نکلتا ہے ۔ تیس تاریخ کا پرچہ ہے ۔ اس میں یہ کہا گیا ہے کہ . . . . میں جو بنگالی کاشتکار ہیں وہ فاقے کر رہے ہیں ۔ یہ چک نمبر ۴ کے متعلق ہے ۔ چک نمبر ۴ کے بنگالی کاشتکار فاقے کر رہے ہیں ۔ انہوں نے جو فرمایا ہے کہ گورنمنٹ نے غور کیا ہے وہ چک نمبر ۵ اور ۶ کے متعلق ہے ۔ اس لئے یہ بالکل نیا معاملہ ہے ۔ میری گذارش یہ ہے کہ چک نمبر ۵ اور ۶ کے مزارعین کو جب وہ کراچی گئے اچھی اراضی دی گئی لیکن چک نمبر ۴ والوں کو بد ستور

....

Mr. Speaker : Does the Member mean to say that Chak No. 4 is not being considered for the new land that is being given.

Mir Muhammad Murad Khan Jamali : Sir, listen to me first otherwise you will rule it out of order.

بنگالی بھائیوں کے متعلق اخباروں میں آتا ہے کہ وہ فاقہ کر رہے ہیں اور مصیبت میں مبتلا ہیں یہ ہمارے لئے شرم اور ندامت کا باعث ہے اس لئے کہ اگر ہم اپنے بنگالی بھائیوں کو مغربی پاکستان میں اچھی طرح نہیں رکھ سکتے تھے ۔ اگر ہم ان کو اچھی طرح سے آباد نہیں کر سکتے تھے تو ان کو وہاں سے ان کے گھروں سے لانے کی کیا ضرورت تھی ؟ جناب والا ۔ میں یہ عرض کرونگا ۔

Mr. Speaker : Be short please.

میر محمد مراد خاں جمالی—جناب والا - میرے خیال میں اگر اسی طرح کیا گیا یعنی اراضی کو نیلام کیا گیا تو اس سے یہ ثابت ہوگا کہ یہ بنیا حکومت ہے -

Mr Speaker : The Member is again coming to the facts. He may please confirm his remarks to admissibility.

Minister of Railways : Sir, he knows it very well that the Government is considering this matter Mr. A. T. M. Mustafa came from East Pakistan and the Government provided all facilities to him.

Mr. Speaker : He means to say that they are included in Chak No. 6 and other chaks but not in Chak No. 4.

Minister of Railways : All East Pakistan settlers have similar complaint. They are settled in different chaks and they are all being considered by Government. Moreover it is not otherwise a matter for an adjournment motion He says about the deplorable conditions, which is vague. There is nothing specific. Their complaint is that they should be given land in this barrage instead of Ghulam Muhammad barrage That matter is hanging fire for two months. But that is not a matter for an adjournment motion. The Government is considering their case.

Mr. Speaker : It is clear that their case is also being considered.

میر محمد مراد خان جمالی—وہ تو جناب والا - برائے نام ہے - میری تحریک التوا میں یہ تھا کہ چک نمبر ۴ (گولارچی) میں جن افراد کو اراضی دی گئی ہے ان کی حالت اچھی نہیں - میرا مطالبہ یہ ہے کہ بنگالی بھائیوں کو گدو بیراج میں جگہ دی جائے اور ان کو مجبور نہ کیا جائے کہ غلام محمد بیراج کی سیم زدہ زمین حاصل کریں - وہاں ان کو مجبور کر کے زمین نہ دی جائے بلکہ میں تو کہوں گا کہ ان کو گدو بیراج میں مفت زمین دی جائے -

Mr. Speaker : That is alright. I have heard his contention. The motion is not of urgent public importance and, therefore, is ruled out of order.

Robbery of land produce in Deh Mithi Taluka Badin

Mr. Speaker : Next adjournment motion is from Pir Ali Shah Jilani who wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the Business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of Government to keep law and order since Malik and other Foujies armed with guns and revolvers robbed produce of lands of Arbab Muhammad Aqil Dal and others in Deh Mithi Taluka Badin.

وزیر ریلوے (مسٹر عبدالوحید خان)—معزز ممبر کو میں یہ assurance دیتا ہوں کہ حکومت واقعات کی تحقیقات کرائے گی ۔ اگرچہ اس تحریک التوا میں تاریخ کا کوئی ذکر نہیں لیکن جیسا کہ انہوں نے فرمایا ہے ایسے واقعات ہوئے ہونگے اور ضرور ہوئے ہونگے ۔ اس لئے میں یقین دلاتا ہوں کہ حکومت تحقیقات کرائے گی اور مناسب اقدامات کرے گی ۔ اس یقین دہانی کے بعد مجھے امید ہے کہ وہ اس تحریک التوا کو پیش کرنے پر اصرار نہیں کریں گے ۔

Pir Ali Shah Jilani : Sir. I received the wire yesterday and as it was Sunday I could not bring the adjournment motion.

مسٹر سپیکر— وزیر صاحب نے یقین دلایا ہے کہ وہ واقعات کی تفتیش کرائیں گے ۔

پیر علی شاہ جیلانی— اس یقین دہانی کے بعد میں حکومت کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اپنی تحریک التوا پیش کرنے پر اصرار نہیں کرتا ۔

Mr. Speaker : So the motion is not prssed.

Denial of Fundamental Human Rights to people of Tribal Areas through proposed amendments to constitution.

Mr. Speaker : Amir Habib Ullah Khan Saadi wants to ask for leave to make a Motion for the adjournment of the Business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance, in that such amendments in the Constitution have been proposed as deny Fundamental Human Rights and legal protection of justice by High Courts and Supreme Court to the people of Swat and other parts of West Pakistan, known as Tribal areas, which denial in the proposed amendments has created grave alarm and apprehension in the minds of millions of Swati and other citizens of this Province that the lives and properties of the people of these areas have discriminately been left at the mercy of local autocratic chieftains and overlords.

وزیر ریلوے (مسٹر عبدالوحید خان)— جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ میری گذارش کے بغیر ہی آپ اسے out of order قرار دیں گے کیوں کہ مرکزی حکومت آئین میں جو ترمیم کرتی ہے صوبہ کا اس سے کوئی تعلق نہیں ۔ سعدی صاحب کو معلوم ہونا چاہئے کہ اس بات کا تعلق مرکزی حکومت سے ہے ۔ اس میں صوبائی حکومت کا قطعاً کوئی تعلق نہیں ہے ۔ اس لئے میری بات سنے بغیر آپ کو اس تحریک التوا کو reject کر دینا چاہئے ۔

Mr. Speaker : How does it relate to the Provincial Government ?

امیر حبیب اللہ خان سعدی- پیشتر اس کے کہ میں کچھ عرض کروں میری خواہش ہے کہ کاش وزیر صاحب شیخ سعدی کے شاگرد ہوتے تو یہ بات ان کی سمجھ میں آسانی سے آ سکتی ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ اس کا تعلق اس صوبہ سے براہ راست ہے ۔ چوں کہ سوات کے متعلق پہلے یہاں ایک تحریک التوا کی اجازت دی گئی ہے ۔ سوات اور دوسرے قبائلی علاقے مغربی پاکستان کا حصہ ہیں ۔ اس لئے یہ ترمیم تجویز کی گئی ہے ۔ میں یہ صاف طور پر جو تسمہ لگا رکھا گیا تھا پہلے آئین میں اس کو کاٹ دیا گیا ہے کہ Fundamental rights کے متعلق یہ نئی ترمیم اور یہ ..... amended constitution

مسٹر سپیکر— مرکز کے متعلق اگر کوئی ترمیم ہو تو اس کے مطابق وہاں قانون بنائے جاتے ہیں ۔ صوبہ کی ذمہ داری اس میں involve نہیں ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی- صوبہ کی ذمہ داری اس واسطے آتی ہے

Mr. Speaker : The idea of the adjournment motion is to censure the Government.

امیر حبیب اللہ خان سعدی صوبہ کی ذمہ داری اس وقت آتی ہے کیوں کہ اس کی ترمیم کی تجویز سے صوبہ کے لوگوں میں انتہائی بد دلی اور مایوسی طاری ہے اور اس سے خیال پیدا ہوتا ہے کہ حکومت انہیں انسانی حقوق سے محروم کر رہی ہے ۔ اب آپ سمجھ سکتے ہیں کہ اگر لوگوں میں یہ جذبہ پیدا ہو گیا تو حکومت کے متعلق ان کے کیا اعتماد کے لئے کون سی چیز باقی رہ جاتی ہے ۔

Mr. Speaker : The matter relates to the Central Government and the responsibility of the Provincial Government is not involved. Therefore, the motion is ruled out of order.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : Sir, the Chapter relating to adjournment motions should be removed from our Rules of Procedure.

Mr. Speaker : You may move it in the Rules Committee.

چودھری محمد ابراہیم- پوائنٹ آف آرڈر جناب والا— پچھلے ہفتہ جب میں نے Agror Valley Regulation (Repeal) Bill 1963. کے متعلق

تقریر کی تھی تو سردار عنایت الرحمن خان عباسی نے کچھ اعتراضات اٹھائے تھے - میں ان کے متعلق وضاحت کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ انہوں نے غلط سمجھا ہے کہ میں نے ہزارہ کے عوام پر سکھوں کی امداد کا الزام لگایا ہے - یہ بات میرے حاشیہ خیال میں بھی نہیں آ سکتی - کہ میں ہزارہ کے عوام کے متعلق کوئی اس قسم کی بات کہوں -

Mr. Speaker : All right.

چودھری محمد ابراھیم— آپ نے alright کہہ دیا ہے میری بات تو سنی ہی نہیں -

Mr. Speaker : Whatever the member wants to explain he may explain in a short statement.

چودھری محمد اراھیم— جناب والا - میں نے کوئی الزام نہیں لگایا -

Mr. Speaker : According to Rules I cannot give the member long time for personal explanations. He should be very brief.

چودھری محمد ابراھیم—میں تو اس سلسلے میں اس کتاب کے اندر جو ایک تاریخی بات ہے - بیان کرنا چاہتا ہوں جو کچھ میں نے کہا تھا - وہ عوام کے متعلق نہیں تھا - وہ وہاں کے ظالم حکمرانوں کے سلسلے میں کہا تھا - کہ انہوں نے سکھوں کی امداد کے صلے میں یہ ایک انعام پایا تھا - عوام کو تو سکھوں کے خلاف کام کرنے کی سزا کے طور پر ان پر یہ نواب مسلط کئے گئے تھے - مثال کے طور پر عرض کرونگا- کہ یہ گزٹیئر ہے - N. W. F. P کا -

"That title of the Nawab was restored to him partly as a reward for his father's services."

یہ تو اسطرح سے ہے - اور پھر اس کے بعد یہ بالکل واضح طور پر کہا گیا ہے -

In 1841 it was restored by the Sikhs to Atta Muhammad.

تو میں نے جو کچھ کہا تھا - وہ تاریخ کے واقعہ کی بناء پر کہا تھا- عوام سے تو مطلق اس کا کوئی تعلق نہیں تھا - عوام کو تو سکھوں کے خلاف کام کرنے کے سلسلے میں سزا دی گئی تھی -

سردار عنایت الرحمن عباسی — (ہزارہ ۱) جناب والا۔ میرے واجب الاحترام بزرگ چودھری صاحب نے اپنی پرسنل Explanation میں جو Reference quote کیا ہے ۔ N. W. F. P. گزٹیئر کا ۔ تو میں حیران ہوں ۔ کہ وہ اتنے عالم فاضل ہوتے ہوئے اس کتاب کا Reference دے رہے ہیں ۔ جو خود انگریز نے ترتیب دی ہوئی ہے ۔ تو ان کی خدمت میں یہ گذارش کروں گا۔ کہ ہزارہ گزٹیئر کو نہ دیکھیں ۔ ہزارے کے ان مجاہدین کی تاریخ کو پڑھیں ۔ اور میں نے انہیں یہ نہیں کہا ۔ اور نہ ہی میں نے آن پر Charge لگایا ہے کہ انہوں نے تمام ہزارے والوں کو سکھوں کے مدد گار قرار دیا ہے ۔ میں نے ان کی خدمت میں صرف یہ گذارش کی تھی کہ ہزارہ کے جو جاگیردار ہیں ۔ آن میں اکثریت ایسے لوگوں کی ہے ۔ جنہوں نے سکھوں کے خلاف لڑائی لڑی ہے ۔ اور وہ جاگیریں ان کو عہد مغلیہ کے زمانے سے ملی ہوئی ہیں ۔ تو برائے مہربانی ایسی کتاب پر بھروسہ کریں ۔ جو کم از کم کسی ایسے تاریخ دان کی لکھی ہوئی ہو ۔ جو انگریز کا Pet نہ ہو۔ اب جناب والا۔ میں اصل موضوع کی طرف آتا ہوں ۔ جناب والا ۔ اگرور ویلی کا جو بل آج معزز ایوان کے سامنے منظوری کے لئے پیش ہوا ہے ۔ اس پر نظر ڈالی جائے ۔ تو وہ خود اس بات کی دلالت کرتا ہے ۔ کہ اس سے بہت سے لوگوں کے حقوق Restore ہو رہے ہیں ۔ نہ کہ اس بل کے ذریعے کسی کے حقوق پر ڈاکہ ڈالا جا رہا ہے ۔ حقیقت یہ ہے ۔ کہ اگرور ویلی کے جو مالک تھے ۔ آن تمام کے حقوق اس ایک آرڈر ۔ اس ایک ایکٹ یا اس ترمیم کے ذریعے غصب کرکے ایسے آدمی کو دے دیئے گئے تھے ۔ اور اب اس بل کو ملا کر اس آرڈر کو منسوخ کیا جا رہا ہے ۔ جس کے ذریعے اس کے دوسرے لواحقین ۔ ۔ ۔ یہاں میں آپ کی خدمت میں یہ بھی عرض کر دوں ۔ کہ جہاں مالک اور مزارع کا سوال پیدا ہو ۔ تو اس بات پر بھی مناسب غور نہایت ضروری ہے ۔ کہ آن میں سے ضرر رسیدہ غریب کونسا ہے ۔ اور آپ کی خدمت میں یہ بھی عرض کر دوں ۔ کہ آپ اگر ہزارہ میں جا کر جائزہ لیتے ۔ تو آپ کے علم میں یہ آ جاتا ۔ کہ پانچ روپے اور دس روپے مالیہ دینے والے وہ لینڈ لارڈ جن کی اکثریت ستانوے فیصدی ہے ۔ اور ان کی حالت زار آپ کے آن مزارعین سے خدا شاہد ہے ۔ کہ ہزارگنا بد تر ہے ۔ جیسی کہ آپ کے علاقے میں موجود ہے تو محض اس لیبل پر کہ لینڈ لارڈ کا لیبل لگایا گیا ہے ۔ یعنی جمعبندی کے خانۂ ملکیت میں ان کا نام آ گیا ہے ۔ ایک چھوٹی سی کہاوت ہے ۔ کہ

'ماهی، کا خط آیا تو میرا نام بھی اس میں تھا ۔ تو اس ضمن میں عرض یہ ہے ۔ کہ محض لینڈ لارڈ کے نام پر آپ ہر معاملے میں انھیں گھسیٹتے جائیے ۔ اور پھر آپ یہ کہیں ۔ کہ آپ مزارعین کے حقوق کا تحفظ کر رہے ہیں ۔ تو میں آپ کی خدمت یہ عرض کروں گا ۔ کہ آپ آئیں ۔ تاکہ میں ہزارے کے وہ لینڈ لارڈ آپ کی خدمت میں پیش کروں ۔ اور آپ ان کے حقوق کا جائزہ لیں ۔ تو آپ دیکھیں ۔ کہ ان کی حالت خدا شاھد ہے ۔ کہ اُن مزارعین سے بد تر ہے ۔ اور وہ بھوکے مر رہے ہیں ۔ آپ نے کبھی یہاں غور کیا ۔ کہ زرعی اصلاحات کا جو ایک یونٹ قرار دیا گیا ہے ۔ ایک مالک کے لئے ۔ ہزارہ کے تمام لینڈ لارڈز کو اگر اکٹھا کیا جائے ۔ تو اُن کی Cultivable لینڈ اس ایک یونٹ کے برابر نہیں ہوتی ہے ۔ تو محض اس ایک نام سے ان کے پیچھے نہ پڑ جائیں ۔ اور اس بل کی دفعہ کو غور سے دیکھیں ۔ خان بدیع الزمان خان کے ان لواحقین اور رشتہ داروں کو حسن ابدال میں جا کر دیکھیں وہ روٹی سے لاچار ہیں ۔ اور کس مپرسی کی حالت میں ہیں ۔ کیا وہ انسان نہیں ہیں ۔ ایک جمعبندی کے خانہ ملکیت میں ان کا نام مالکوں کی فہرست میں آ گیا ہے ۔ تو آپ یہ سمجھتے ہیں ۔ کہ وہ انسانی حقوق سے بھی محروم ہو جائیں ۔ جو اس بل کے ذریعے انھیں وہ حقوق دئیے گئے ہیں ۔ ہاں یہ بات ٹھیک ہے ۔ اور میں بھی اس کے حق میں ہوں ۔ کہ اگر اس بل سے اور انھیں یہ حقوق دینے سے ان غریب لوگوں کے حقوق پر کوئی ڈاکہ پڑے ۔ یا کوئی حق غصب ہو ۔ یا وہ مزارع ہوں ۔ یا وہ مالک ہوں ۔ تو پھر وہ صورت ٹھیک ہے ۔ اس کے الفاظ جناب والا ۔ آپ ملاحظہ فرمائیں ۔ وہ تو بالکل Clear ہیں ۔ صحیح ہے ۔ میں تو کہتا ہوں ۔ کہ وہ آدمی جنھیں انگریزوں کے بنائے ہوئے ایکٹ کے ذریعہ دیوانی چارہ جوئی سے محروم کر دیا گیا ہے ۔ یہاں آپ دیکھیں کہ ایک معمولی سوال ہوتا ہے ۔ کہ ایک وزیر کی ممبر کے حق کو دانستہ یا نا دانستہ طور پر زائل کرتا ہے ۔ تو اس کے متعلق privilege motion آ جاتا ہے ۔ تو جناب والا ۔ ایک انسان کو جو حقوق خدائے پاک کی طرف سے اسے بنیادی طور پر حاصل ہیں ۔ اُن سے محروم کیا جا رہا ہے ۔ اور

پھر اگر گورنمنٹ نے یہ موشن پیش کر دیا ۔ تو اس میں کون سی برائی کی ہے ۔ اس گذارش کے ساتھ میں آپ کی خدمت میں گذارش کروں گا ۔ کہ آپوزیشن یا مخالفت کرتے وقت یہ دیکھنا چاہئے ۔ کہ اس بل کا مطلب کیا ہے ۔ اور اس کا اثر کیا ہے ۔

چودھری گل نواز — جناب والا پرسوں اس ایوان میں ایک ناخوشگوار واقعہ ہوا تھا ۔ اخبارات میں کچھ الفاظ مجھے منسوب کئے گئے تھے ۔ اس لئے میں آپ کی وساطت سے پریس سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایک عوامی نمائندے کو ایسے حالات سے کافی نقصان پہنچ سکتا ہے ۔

Mr Speaker : They have been expunged.

چودھری گل نواز وہ الفاظ ریکارڈ سے تو Expunge ہو چکے ہیں ۔ لیکن میرے متعلق سول اینڈ ملٹری گزٹ نے لکھا ہے ۔ کہ اس کی آواز سنائی نہیں دی ۔ ایکا اخبار نے لکھا ہے ۔ کہ اس نے صرف مال روڈ کا لفظ کہا ہے ۔ ایک اخبار نے لکھا ہے ۔ کہ اس نے مال روڈ کی ایک دوکان کا ذکر کیا ہے ۔ ایک اخبار نے لکھا ہے ۔ کہ نہیں ۔ اس نے ایک افسر کہا ہے ۔ اس میں ایسے ہی بالکل مختلف فقرے ہیں ۔

میں صرف یہ استدعا کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ اس صورت میں عوام میں ۔ ۔ ۔ ۔

خواجہ محمد صفدر — جناب والا ۔ آپ کی ایک Ruling ہے ۔ کہ اگر کوئی پریویلج موشن ہو ۔ تو وہ لکھ کر دی جائے ۔ ۔ ۔ ۔

Sir, I beg to remined you that you have given a ruling in this very Session.....

Mr. Speaker : He is not discussing a Privilege motion.

Khawaja Muhammad Safdar : Then what is he discussion, Sir ?

Mr. Speaker : He wants to explain something personally.

Khawaja Muhammad Safdar : Personal explanation ?

Mr. Speaker : That is it.

Khawaja Muhammad Safdar : Then let him restrict himself within that.

چودھری گل نواز— مجھے افسوس ھے ۔ کہ پرسوں جو واقعہ ھوا تھا ۔ اس کے بارے میں میرا کوئی ھاتھ نہیں تھا ۔ اور نہ میں چاھتا تھا کہ ایسا ھو بلکہ میں یہ عرض کر دینا مناسب سمجھتا ھوں۔ کہ اس ایوان میں جو نمائندے موجود ھیں ۔ وہ نئے ھیں ۔ میں اس ایوان میں دس سال پہلے سے بھی ممبر رھا ھوں ۔ اس لئے میرے پچھلے حالات جو ھیں ۔ اس سے واضح کر دوں ۔ کہ سب سے میرے تعلقات اتنے خوشگوار تھے ۔ کہ میں نے اس طرح کے واقعات میں کبھی بھی حصہ نہیں لیا ۔ اور یہ بھی عرض کر دوں ۔ کہ ایک سال سے جب سے آپ یہاں سپیکر منتخب ھوئے ھیں ۔ آپ دیکھ رھے ھیں اور اسکے متعلق آپ کو یاد ھوگا ۔ کہ کوئی قدم میں نے ایسا نہیں اٹھایا ھے ۔ کہ جس سے ھاؤس کے وقار کو زد پہنچے ۔ لیکن اسکے باوجود میں عرض کر دوں ۔ کہ جو کرمانی صاحب نے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : The Member should not bring in his name, otherwise there will be another discussion.

چودھری گل نواز میں مختصراً عرض کر دوں کہ آپ کو یاد ھوگا کہ کئی باتوں میں وہ آپ سے بھی الجھے ھیں اور انہوں نے جو قدم اٹھایا اور جو طریقہ اختیار کیا اس سے ھاؤس کا وقار گرتا رھا ھے ۔

خواجہ محمد صفدر اب آپ وقار بڑھا دیجئے ۔ (قطع کلامیاں اور شور)

مسٹر سپیکر—یہ سب قصہ ختم ھو گیا ھے ۔ مسٹر گل نواز تشریف رکھیں I have heard his personal explanation. No more personal talk

خواجہ محمد صفدر—اگر آپ اس کو دوبارہ شروع کرنا چاھتے ھیں تو ھم اس کے لئے تیار ھیں ۔

Minister for Railways : Sir, Mr. Safdar is in a mood of playing a match. (Interruptions)

مسٹر سپیکر—اب آپ تشریف رکھیں ۔

BILLS

The Agror Valley Regulation (Repeal) Bill 1963 (Resumption of discussion)

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on the motion moved by Chaudhri Muhammad Ibrahim that the Agror Valley Regulation (Repeal) Bill 1963 be circulated for the purpose of eliciting public opinion thereon. Mr. Gul Muhammad.

مسٹر گل محمد (پشاور-۱) --جناب سپیکر- زیربحث اگرور وادی بل کے متعلق اس ایوان میں بہت سے شکوک کا اظہار کیا گیا - اگر اس بل کو غور کی نظروں سے دیکھا جائے تو اس بل کی راہ ایک اور صرف ایک ہے کہ اگرور وادی بل جس کے ذریعہ اختیار سلب کئے گئے تھے - آج اس کو منسوخ کرنے کے بعد عدلیہ کے اختیارات جو بہتر سال تک برطانوی حکومت نے ضبط کئے تھے انہیں بحال کرنے کی کوشش کی گئی ہے -

جناب سپیکر--کسی بھی ملک میں اور جمہوری ملک کے نظام میں عدلیہ کو سب سے اعلیٰ اور ارفع مقام حاصل ہوتا ہے - ہمیں خوشی ہے کہ گورنمنٹ بنچز نے عدلیہ کا وہ مقام جو برطانوی حکومت نے سلب کیا تھا اس بل کے ذریعے عدلیہ کے اختیارات واپس کرنے کی کوشش کی ہے اور یہ ثابت کیا ہے کہ ہم نہ صرف عدلیہ کو آزاد کرتے ہیں بلکہ ہماری یہ کوشش ہے کہ ان کے اختیارات زیادہ وسیع اور زیادہ مضبوط اور مستحکم کئے جائیں - اس قسم کے شکوک کا اظہار کیا گیا ہے کہ اگرور ویلی بل کے پاس ہونے کے بعد بہت ممکن ہے کہ خان اپنے مزارعین کے ساتھ مزید زیادتیاں کر سکیں - تو جناب سپیکر - جب عدلیہ کو یہ اختیارات دئے جا رہے ہیں تو جس قسم کی عدلیہ ہو خواہ وہ ہائی سول ہو یا criminal ہو وہ مداخلت کرے گی - اور عدلیہ کے اختیارات کو بحال کر دینا ہی اسبات کی ضمانت ہے کہ وہاں کے مزارعین کے ساتھ زیادتی نہ ہو سکیگی - اور عدلیہ کو

اسی لئے اختیارات دئے جا رہے ہیں کہ وہ مزارعین کی نگہداشت کرے لہذا یہ شکوک بے بنیاد ہیں اور عدلیہ ان کے حقوق کا تحفظ کرے گی ۔

جناب سپیکر۔اس بل کے سلسلے میں کچھ معزز ممبروں نے سرحدی ریاستوں کے متعلق ذکر کیا اور ایسے واقعات کہے جو یقیناً حقائق پر مبنی نہیں ہیں ۔ اور محض سنی سنائی باتوں کی بنیاد پر یہ چیز اس ایوان کے سامنے پیش کی گئی ۔ میں چونکہ اس علاقے کا باشندہ ہوں اور وہاں کے ریاستوں کے ساتھ میرا تعلق رہتا ہے اور لوگوں سے اچھی طرح واقف ہوں ریاست سوات جس کا اس ایوان میں پرسوں ذکر آیا تھا وہ ایک مثالی اور نمونے کی ریاست ہے جہاں امن اور جہاں کے عوام ہر لحاظ سے خود ہمارے settled area of pakistan سے زیادہ خوشحال ہیں ۔ وہاں کا نظام اسدرجہ اچھا ہے اور اس درجہ امن و امان بہتر ہے اور خوشحالی ہے کہ یہاں ہم سب کی یہ خواہش ہے کہ کاش ہم سوات کے اسٹینڈرڈ پر آ سکیں ۔ تو میں اس معزز ممبر سے جنہوں نے سوات کے متعلق محض سنی سنائی باتوں کا ذکر کیا اگر وہ خود مشاہدہ کریں تو وہ کسی نتیجہ پر پہنچیں۔

جہاں تک اس بل کا تعلق ہے میں نہیں سمجھتا کہ ایک ایسے نیک اور رفاعی بل جس کے ذریعے عدلیہ کے اختیارات وسیع کرنے کی کوشش کی گئی ہے اس کو کیوں oppose کیا جا رہا ہے اور اس کے پاس کرنے میں کیوں رکاوٹیں پیدا کی جا رہی ہیں ۔ حالانکہ اس بل کی صحیح سپرٹ یہی ہے کہ عدالتوں کے وہ اختیارات جو برطانوی حکومت نے ۱۸۹۱ء میں سلب کئے تھے وہ بحال کئے جائیں ۔ ہماری طرف سے نیک نیتی کا یہ ایک مظاہرہ ہے لیکن opposition اس میں رکاوٹ پیدا کر کے یہ ثابت کرنے کی کوشش کر رہی ہے کہ وہ خود عدالتوں کے اختیارات کو کم کرنے کے حق میں ہیں ۔ جو لوگ اس بل کی مخالفت کر رہے ہیں وہ نہیں چاہتے کہ عدلیہ کا اعلیٰ مقام بحال کیا جائے۔ وہ نہیں چاہتے کہ عدلیہ کے اختیارات بحال ہوں ۔ لیکن میں ان

سے اپیل کرونگا کہ عدلیہ کے متعلق وہ اپنی نیک نیتی کا ثبوت دیں اور یہ بل جس کا تعلق صرف judiciary کی rehabilitation of powers کے ساتھ ہے وہ اس کی بلا تاخیر اور بلا شکوک و شبہات اس کی حمایت کریں۔ ہمارے ساتھ تعاون کریں ۔ تاکہ یہ جلد پاس ہو اور عدلیہ کو اعلیٰ مقام بحال ہو جائے ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی (لائلپور ۔ ۷) —جناب والا ۔ ضابطہ کی تنسیخ کا یہ مسودہ نہایت ہی عجیب و غریب حالات میں پیش کیا جا رہا ہے ۔ مجھے اس سے پورا اتفاق ہے کہ کسی شخص کے جائز حقوق اگر وہ صحیح معنوں میں جائز ہوں تو ان کو ضرور بحال کر دینا چاہئے لیکن ہم یہ دیکھتے ہیں کہ زرعی اصلاحات کے دعویدار ایک طرف جاگیروں اور اعلیٰ ملکیتوں کے حقوق کے خاتمہ کی مہم چلا رہے ہیں اور دوسری طرف اس کے ساتھ ہی ساتھ یہ نئی جاگیر اور یہ نئی اعلیٰ ملکیت پیدا کی جا رہی ہے ۔

مجھے علی گوہر خان مرحوم کی اولاد سے پوری طرح ہمدردی ہے ۔ ان کے حالات اور ہزاروں پاکستانیوں کی طرح یقیناً خراب ہونگے اگر گورنمنٹ کی طرف سے انہیں کوئی مدد دی جا رہی ہے تو اس میں مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے ۔ لیکن دیکھنا یہ ہے کہ ان کے حقوق قائم کرتے ہوئے تقریباً ۲۰-۲۵ ہزار کی آبادی کے دوسرے حقوق پر کوئی اثر نہ پڑے ۔ میرا منشاء صرف اسطرف اپنی محترمہ وزارت کی توجہ دلانا ہے ۔

وزیر خزانہ—اچھا محترمہ نوٹ کر لیا ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی—اس کی زیادہ تفاصیل میں جانیکا وقت نہیں ہے لیکن ۱۰ میل لمبی اور ۶ میل چوڑی آبادی جس میں قریباً ڈیڑھ سو گاؤں آباد ہیں ان لوگوں کے حقوق ۷۰-۸۰ سال سے وہاں قائم ہیں ان سے چھین کر ہم ایک شخص کو اعلیٰ ملکیتی اور خان کے اختیارات وہاں دے رہے ہیں اور وہ یہ کہکر کہ ان اختیارات کو ۱۸۹۱ء میں چھین لیا گیا تھا ۔ یعنی اگر آپ دینا چاہتے ہیں تو اپنے پاس سے دیں لوگوں سے چھین

کر نہ دیں یہ بات یقیناً ایوان کے سامنے آ چکی ہے کہ ۱۸۴۱ء میں عطا محمد خان کو سکھوں نے یہ جاگیر دی تھی اور جن حالات میں دی تھی میں ان حالات کا اعادہ نہیں کرونگا ۔

۱۸۹۲ء میں نمک کے دو افسر کسی نے قتل کر دئے تھے گوھر پر ان کا الزام عائد ھوا حکومت نے کچھ سختی کی جس سے معاملہ خراب ھوا اور جاگیر اور اس کے حقوق سلب کر دئے گئے اب ملاحظہ فرمائیے کہ یہ جو ۱۸۹۱ء کا ضابطہ ہے اس کا عنوان ہے ۔

تو آپ اس better administration کے regulation کو منسوخ کر کے اب کونسا نظام وھاں رائج کرنا چاھتے ھیں ۔ میں آپکی توجہ اس طرف دلاتا ھوں ۔ کہ جو حقوق مدت ھوئی سلب ھو چکے ھیں اور زمانہ اور تاریخ اس پر قلم پھیر چکی ہے اب اس کو دوبارہ قائم کر کے ایک نئی ریاست قائم کرنا چاھتے ھیں از راہ کرم اب overload ان کے سر پر نہ تھوپئے ان کو کسی اور صورت میں گذارہ دیجئے ۔

پھر جناب یہ statement of objects and reasons آپ ملاحظہ فرما سکتے ھیں کہ آٹھ اکتوبر ۱۹۵۸ء کو فوجی انقلاب آیا اور زرعی اصلاحات کے مصنفین کی طرف سے بارہ اکتوبر کو شاھی فرمان جاری ھو گیا کہ ۷۵ سال پہلے کے ضابطے کو منسوخ کریں اور خان بدیع الزمان کے حقوق بحال کر دئے گئے ۔

Mr. Speaker : Please be relevant to the point at issue.

Minister of Revenue : Is it relevant to the point at issue ?

امیر حبیب اللہ خان سعدی میں بالکل relevant ھوں اگر relevant نہیں تو اسے statement objects reasons سے کاٹ دینا چاھئے ۔ میں بالکل دیکھ کر عرض کر رھا ھوں ۔ بغیر دیکھے کوئی بات نہیں کر رھا تو اب ان ڈویژنل عدالتوں میں سہولتیں پیدا کرنے کے لئے یہ بل ھمارے سامنے پیش کیا گیا ہے ۔ میں اس معزز ایوان کی خدمت میں گذارش کرونگا کہ اسلام تو کمزور کی گردن کو زبردست کے آزاد کرانے کا حکم دیتا ہے ۔ آپ اس بل کے تحت ساری ۲۵-۲۶ ھزار کی آبادی کو ایک آدمی کے تحت لا رھے ھیں ۔

وزیر مال (خان پیر محمد خان)—on a point of information مجھے یہ بتایا جائے کہ کونسی شکل میں ایک آدمی مسلط کرایا جا رہا ہے اور اصل جو بل ہے اس میں کونسی چیز ہے جو پہلے مسلط نہیں ہے اور اب کی جا رہی ہے ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی—یہ جناب اب ریگولیشن کے متعلق عرض کرتا ہوں ۔

وزیر مال مجھے دفعہ سے آگاہ کر دیں ۔

خواجہ محمد صفدر سنئے ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی سیکشن چار پڑھ کر سناتا ہوں۔

All rights recognised as existing in the Khan of Agror or conferred upon him, by or in the said Record-of-Rights, are hereby forfeited to the Government.

اس کے بعد جناب دفعہ ۹ ہے ۔ اس میں headman کا ذکر ہے ۔

The headman of each village in the Agror Valley shall, after the commencement of the regulation, be appointed by the Collector of the Hazara District and be entitled to such remuneration, not exceeding ten percentum of the revenue of the village of which he is the headman as the Collector may fix.

وزیر مال وہ اس کے پنجوترے ہیں ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی ان کے بندوبست کے تحت زمین لوگوں کو دی گئی اور دفعہ نو کے تحت گاؤں کے ہیڈ مین مقرر کئے گئے ۔ تو یہ واضح دفعات ہیں کہ وہاں کے لوگوں کے حقوق قائم ہو چکے ہیں ان کو کسی صورت میں تلف کرنا اور ان کو مقدمے بازی میں الجھانا جو ہے وہ صرف ایک کنبہ کی پرورش کے لئے ہے جو قطعاً غلط ہے اور ہمارے موجودہ آئین کی رو کے منافی ہے ۔

مسٹر عبدالرازق خان (مردان ۔ ۳) جناب سپیکر agror valley regulation (repeal) bill جو اس ایوان کے سامنے پیش کیا گیا ہے اس کی مختصر روئداد یہ ہے کہ ۱۸۷۰ء میں خان علی گوہر کی جو ملکیت تھی یعنی مال کے متعلق جو بندوبست ہو رہا تھا وہ کیا گیا اب خان علی گوہر فطرتاً انگریزوں کے خلاف تھے اور

ان کو اب خطرہ ہے کہ کوئی موقعہ پا کر ہمارے خلاف کوئی ایسی کارروائی نہ کر بیٹھے جس سے ہمیں نقصان پہنچے اور ان کو ایک افسر کے تحت پابند کر دیا ہے ۔ agror valley کا امن قائم رہے ۔ ۱۸۸۰ء میں جیسا کہ اس ایوان کے سامنے اور بہت سے معزز ممبر صاحبان نے کہا ہے کہ دو انگریز قتل ہو گئے اور ان کا بہانہ بنا کہ انکریزوں نے خان کی جائیداد کو اپنے قبضہ میں لے لیا اور ان کی جائیداد سے ان کو بے دخل کر دیا ۔ ۱۸۹۱ء میں یہ agror valley regulation نافذ کیا گیا جس کی رو سے خان کی جائداد کے انتظام و انصرام کیلئے حکومت نے ایک مینجر مقرر کیا اور اس کے تحت تمام جائیداد اسکے حوالے کر دی گئی ۔

جناب والا ۔ اس وقت یہ Repeal Bill جو پیش ہوا ہے اس کے اثرات دو تین قسم کے لوگوں پر پڑینگے ۔ agror valley میں اس میں شک نہیں کہ ۱۸۹۱ء کے بعد ان کی جائیداد کے انتظام کے طور پر کچھ جائیداد خان کے رشتہ داروں کو اور انکے کنبہ کے جو لوگ تھے جو ان پر depend کرتے تھے انکے قبضہ میں تھی ۔ کچھ جائیداد ایسی تھی جو مزارعین کو دی گئی اور کچھ جائیداد ایسی ہے جو ناقابل کاشت تھی ۔ اور لوگوں نے اسکو قابل کاشت بنایا ۔ تو اب ان حقوق کے تعین کا سوال تب تک سامنے نہیں آ سکتا جب تک یہ جائیداد قانونی طور پر کاغذات مال میں کسی کے نام پر ہے چونکہ یہ گورنمنٹ پراپرٹی ہے اور گورنمنٹ پراپرٹی بھی مکمل نہیں ہے ۔ صرف گورنمنٹ نے خان اگرور کی جائیداد کو اپنے قبضہ میں لیکر اسکی انتظام کی ذمہ داری سنبھالی ہے تو جو لوگ اس وقت جائیداد پر قابض ہیں یا اسے بٹائی پر کاشت کرتے ہیں یا انکے رشتہ دار ہیں سب ایک suspense کی حالت میں پڑے ہوئے ہیں ۔

جناب والا ۔ قانون بالکل صاف ہے کہ اگر کسی زمین پر کوئی شخص ساٹھ سال تک قابض رہے تو یقیناً وہ شخص بلا شراکت غیر کے سول قانون کے تحت اس جائیداد کا مالک بن جاتا ہے ۔ اسکے علاوہ زرعی اصلاحات کے قانون کے تحت زرعی اصلاحات نے کسی کو مالک بنایا ہے تو سول کورٹس میں آنے کے بعد

وہ جائیداد بھی انکی اپنی ہو جائیگی ۔ لیکن وہ جائیداد جو خان کے رشتہ داروں کے پاس ہے ہر وقت اس کے مطلق مزارعین کے ساتھ جھگڑے چلتے رہے ہیں نہ تو مزارعین سمجھ سکتے ہیں کہ یہ جائیدد ہماری ہے اور ہم اطمینان سے اس سے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں اور خان کے رشتہ دار مصیبت میں مبتلا ہیں ۔ یہ تو انتہائی ضروری ہو گیا ہے ۔ کہ عدالت کے ذریعے یہ فیصلہ کرایا جائے اور موجودہ جائیداد جو اگرور ویلی میں ہے اور جو مزارعین کے قبضہ میں ہے یا خان کے رشتہ داروں میں ہے وہ کسکی ملکیت میں ہے ؟ اسکی ملکیت کا فیصلہ سول عدالتیں ہی کر سکتی ہیں ۔ یہ بل جو لایا گیا ہے اگر آپ اس بل کی منظوری نہ دیں تو جو تکلیفیں ان مزارعین کو ہیں اور جو انکے مسائل ہیں وہ چلتے رہیں گے اور میرا خیال ہے یہ انکے لئے کوئی فائدہ مند بات نہ ہوگی ۔ انکی ملکیت کا فیصلہ کس طرح ہو تو ایک اچھی حکومت کا فرض ہے کہ وہ اسپارہ میں غور کرے۔ لہذا میں ان الفاظ کیساتھ اس بل کی منظوری کیلئے اسکی تائید کرتا ہوں ۔

Minister of Revenue : After this, question be put and I may be allowed to wind up the debate.

راؤ خورشید علی خان—ابھی تو ہم نے حصہ بھی نہیں لیا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ پہلے وہ اپنی sense کو استعمال کر رہے ہیں ۔

مسٹر سپیکر—آپس میں فیصلہ کر لیجئے ۔

Khawaja Muhammad Safdar : Two speakers from this side.

Minister of Revenue : I object to it. It should be put to the House now.

Khawaja Muhammad Safdar : It is the discretion of the Speaker.

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqi (Karacei-I) : Sir, I rise to oppose the amendment and to support the original bill. But before I do so, I feel that I will be failing in my duty if I do not remind all the members sitting on either side of the House that every speech that we make, every sentence that we speak and every word that we utter has got its own repurcussions and we must be really strict and we must be conscious that we should not enter into things which are neither expected nor demanded by legislation,

Certain criticism has been levelled on this Bill from the other side which I am afraid may work as an excitement for creating and fomenting trouble in the area known as Agror Valley. I would, therefore, request them to seriously consider the provisions of the original Bill. The Bill by itself is a very innocent legislation. It repeals the regulation promulgated during the British regime. My friend on the other side. Amir Habibullah Khan Saadi, has stated that the regulation from the very beginning is for a better administration. I will remind him that the Britishers, whenever they harboured any nefarious designs whenever they perpetrated any evil acts, they always began with solemn indication to the people that things were being done for their betterment. I can tell them that those Britishers were known as Jewels with Bibles on their lips when the liberties of the people were trempled upon. Therefore, mere words that have been used in the regulation appear to be for the better administration but under that very regulation peoples' rights were trampled upon and peoples' rigths were taken away. Is it meant that it should be a guiding factor for us.

The second point I would like to place before the House is that under sections 5 and 6 of the original regulation an officer was to be appointed and that officer was the determining officer of the rights in respect of parties. After the determination by that nominated officer all their rights were to be determined according to his decision. Under section 11 of that regulation, the jurisidiction of the civil and revenue courts was barred. The result was that whatever the nominated officer of the British decided that was the final verdict for them. Now, when the Agror Valley regulation is being repealed, the only intent and only purpose is that the rights *interest* of the people whose rights were forfeited should be decided by civil court or revenue court as the case may be, and all those decisions by which people were dissatisfied concerning the officer appointed under sections 5 and 6, they will stand repeated.

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon: The member is opposing the amendment and speaking against the bill.

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqi: I support the Bill and oppose the amendment proposed by the other side. The legislation before us is the Bill, which is the original Bill. There is an amendment to that Original Bill. My friend is confused. There is also an amendment from the other side and I am opposing that amendment and supporting the original Bill. My argument is that the only intent and the only purpose of this innocent legislation is that under section 11 of the Regulation, the orders and jurisdiction of revenue and civil courts which were barrred will now be restored. All those persons who felt aggrieved from time to time from the decisions of the nominated officer under section 5 will have the right to get their rights determined. How is it in the purview of the repealing Bill that those who have some existing rights, will be disturbed.

Another apprehension is expressed that after the Land Reforms Act a new stage is being created. That is also misconceived. This original Bill does not take effect irrespective of the other law for the time being in force, the repealing Bill is subject to other laws of the land, and these laws of the land, namely, the Land Reforms Act, etc., are applicable to that area. In that also the Opposition's misconception stands deluded. I hope that will clear their minds out of this. With these words I request that this original Bill may be passed.

راؤ خورشید علی خان (منٹگمری ۔ ۳)۔جناب والا ۔ اب تک جتنی لیجسلیشن ہمارے دوستوں کی طرف سے آئی ہے وہ جناب نے ملا خطہ فرمائی ہو گی ۔ کہ اس میں ہمیشہ یہ تاثر دینے کی کوشش کی گئی ہے کہ اگر فیصلہ سول کورٹ کے حوالہ کر دیا گیا تو یہ ایک الجھاؤ پیدا ہو جائے گا اور معاملات بڑی دیر تک حل نہیں ہو سکیں گے ۔ بلکہ اس شدت کے ساتھ اس چیز کا اظہار کیا گیا ہے کہ یہ ایگزیکٹو قسم کے معاملات ہیں خواہ مخواہ ان معاملات کو سول کورٹ کے حوالے کر رہے ہیں ۔

اس کے بعد جناب والا ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میرے دوستوں کی طرف سے اس ہاؤس میں اب تک جو تاثر دیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ مزارعین کو اس قابل نہیں سمجھا گیا کہ وہ بھی اس ملک کے شہری ہونے کی حیثیت سے عزت و آبرو کی زندگی بسر کرنے کا حق رکھتے ہیں ۔ مجھے بڑے افسوس کے ساتھ ان خیالات کا اظہار کرنا پڑ رہا ہے کہ مختلف مراحل پر اس معزز ایوان کے سامنے ejected tenants کے متعلق grow more food کے تحت جو tenants ہیں اور باڑا اراضی کے تحت جو allotees ہیں ... ...

Minister of Revenue Has it got anything to do wi·h 'Bara Arazi'?

خواجہ محمد صفدر۔جناب وہ تو مثال دے رہے ہیں ۔

راؤ خورشید علی خان—جناب والا ۔ اس سے زیادہ متعلقہ بات اور کیا ہو سکتی ہے ۔ ابھی اس ہاؤس میں یہ بات کہی گئی ہے کہ ہم اس ایوان میں مزارعین کے مفاد کے لئے یہ بل لا رہے ہیں اگر ہم اس کے متعلق جواب دیتے ہیں تو کہا یہ جاتا ہے کہ غیر متعلقہ ہے یہ عجیب انداز ہے ۔

وزیر مال—جناب میری information کے لئے بتائیں کہ کون سی دفعہ کے تحت ہم ان کے ساتھ ظلم کر رہے ہیں جس کو آپ oppose کر رہے ہیں ۔

راؤ خورشید علی خان—جناب والا ۔ مزارعین کے متعلق آپ کی مسلسل یہ روش ہے اور ہمیشہ ان کے جائز حقوق کو پائمال کرنے کی کوشش کی ہے ۔ (قطع کلامیاں)

مسٹر سپیکر۔ راؤ صاحب آپ بل کے متعلق بات کریں ۔

راؤ خورشید علی خان جناب والا ۔ اگر اس طرف سے interruptions کو ختم کریں گے تو بات جلد ختم ہو گی ۔ ہم بھی منہ میں زبان رکھتے ہیں ہم چیخ بھی سکتے ہیں اور چلا بھی سکتے ہیں ۔

Mr. Speaker : The Member may please come to the point.

راؤ خورشید علی خان—جناب وہ ہماری بات کیوں نہیں سنتے جب کہ ہم ان کی بات سننے کے لئے تیار ہیں ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا یہ راتوں رات جو مزارعین کی ہمدردی کا درد پیدا ہو رہا ہے ۔

It is a trap that is being laid and we refuse to be entangled in that.

تو میں عرض یہ کر رہا ہوں کہ اس بات کے متعلق بڑا ڈھنڈورا پیٹا جا رہا ہے یہ تو صاحب innocent قسم کی لیجسلیشن ہے اور یہ ننھی منھی منی سی آپوزیشن کا عجیب عالم ہے کہ اس میں بھی کیڑے نکالے جا رہے ہیں ۔ اگر یہ facts & figures معقول طریقے سے بتائیں کہ کیا ہیں ۔ جناب والا ۔ اگر واقعی اس کے اندر کیڑے مکوڑے چھپے ہوئے نہیں ہیں تو پھر میں ان کو چیلنج کرتا ہوں کہ وہ ان باتوں کا جواب دیں ۔ اگر ہم غلط بات کریں تو ان کو بھی جواب کا حق حاصل ہے ۔

وزیر مال جناب اس کے متعلق جواب دیا جائے گا ۔

راؤ خورشید علی خان—اگر statement of objects & reasons پر نظر ڈال لی جائے تو معاملہ بہت جلد حل ہو جاتا ہے ۔ میرے دوستوں کو زیادہ عرصہ تک میری بات کی ناخوشگواری محسوس نہیں کرنی پڑے گی ۔

The Agror Estate has been restored to Khan Badiuz-Zaman, the Khan of Agror, under the order of the Government of West Pakistan contained in their Memorandum No. LR-15/22-56 (4279), dated the 13th October, 1958.

۱۹۵۸ء کے تحت ان کو یہ ریسٹرکشن ہوئی ہے کہ

The kinsmen of the Khan are repeatedly requesting for the settlement of their rights. In fact their rights have been determined by the Settlement Officer in 1898-1900.

میں آپ کی وساطت سے اپنے مہربانوں کی خدمت میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ یہ کہنا ہیزرڈ قسم کی لیجسلیشن تھی ۔ اس میں حوالہ دیا گیا ہے کہ باقاعدہ سیٹلمنٹ کے ذریعہ سے ان حقوق کا تعین کیا گیا ہے ۔ ہیزرڈ قسم کی کارروائیاں نہیں ہوئی تھیں ۔ باقاعدہ ان سے ایک ایگزیکٹو افسر نے جس کو یہ اب تک افضلیت دیتے رہے ہیں سول کورٹ پر انہوں نے ان rights کی determination کی ہے ۔

As under the law prevalent at that time.

اس کے متعلق یہ کہنا کہ ان کا تعین ٹھیک نہیں ہوا تھا اور پھر کتنے عرصہ کے بعد ؟ چار پانچ سات دس بارہ سال کے بعد نہیں پورے ۷۰ سال کے بعد اب گڑے مردے اکھاڑے جا رہے ہیں یہ عجیب ذہنیت کا اظہار ہے ۔ بھئی ۔ اگر آپ سترے بہترے کے ہو گئے ہیں تو بھئی قانون کو سترہ ۔ بہترہ نہ بنائیے ۔ (قہقہہ)

میں عرض کر رہا تھا کہ یہ ٹھیک ہے کہ سول کورٹ کے jurisidiction کا جہاں معاملہ آ جائے it is definite ۔ لیکن اگر سول کورٹ کے jurisidiction پروہ میں اینٹھنا ہے آپ نے اب established rights کو جو by law establish ہوئے تھے ان کو آپ گھیلے میں ڈالیں تو ہم اس trap میں پھنسنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ (نعرہ تحسین)

معلوم ایسا ہوتا ہے کہ جس طرح خان گروہ اپنی غداری اور انگریز دشمن کی وجہ سے ان کے مظالم کا شکار بنا معلوم ایسا ہوتا ہے کہ اب جو اس کے ورثا اور رشتہ دار ہیں ان لوگوں اور ہمارے حضرات میں دشمنی ہو رہی ہے ۔ یعنی

جناب سپیکر ۔ یہ اتنا بڑا trap ہے کہ مجھے بڑا افسوس ہے کہ اس قسم کی روش اختیار کی جا رہی ہے ۔ اگر اس ملک کے اندر کچھ افراد اب بھی ایسے پائے جاتے ہیں اس تمام بد انتظامی اور تشدد اور اس کی جمہوریت کی نفی کے باوجود ان کے دماغ میں آزادی ہے اور وہ آزادی سے سوچنا چاہتے ہیں اور نیک و بد میں تمیز کرنا چاہتے

ھیں وہ حق اور باطل میں تمیز روا رکھنا چاھتے ھیں اور اس ملک میں عدل و انصاف اور جمہوریت کی عملداری کو welcome کرنا چاھتے ھیں اور لانا چاھتے ھیں تو ان دوستوں کو اس میں روکاوٹ نہیں بننا چاھئے ۔ اس قسم کے افراد قابل تعظیم ھیں اور ان لوگوں کو حقوق سے محروم کرنا سول کورٹ کی jurisidiction کے پردے میں اور مزارعین کے تحفظ کے پردے میں

We cannot allow this to go unchallenged

میں یہ بات ختم کرتا ھوں اور بیٹھ جانا چاھتا ھوں اس لئے آخری فقرہ پڑھ دیتا ھوں ۔

In fact their rights have been determined by the Settlement Officer in 1898-1900 ; but they want to contest this determination by him. The Agror Valley Regulations 1891 (Regulation IV of 1891) debars them from seeking their remedy in the Civil Court. It has been decided to withdraw the Regulation as it is no longer required This will also give an opportunity to the kinsmen of the Khan and others to approach the Civil Courts.

The Bill seeks to achieve th. above object.

تو اس ریگولیشن میں مجھے یہ بتلایا گیا ھے اس میں چھ ماہ کی میعاد دی گئی ھے آپ اگر اسے reopen کرانا چاھتے ھیں تو کرا لیں ۔ اس چھ ماہ کی میعاد کو اب ۲۷ سال پر extend کیا جا رھا ھے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس اس ریپیلنگ بل کی مخالفت کرتا ھوں ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the question be now put.

(*The motion was carried*)

وزیر مال و بحالیات (خان پیر محمد خان)—مسٹر سپیکر ۔ چونکہ اس معزز ایوان میں اب قصہ خوانیاں بہت زیادہ ھو رھی ھیں اور روز مرہ کبھی میرے دوست خواجہ صفدر صاحب اور کبھی شیخ سعدی رحمت اللہ علیہ صاحب قصے بیان کرتے ھیں (قہقہہ) بات یہ ھوئی کہ جناب چند ایسے ھوشیار لوگ جیسے راؤ خورشید ھیں میرے معزز دوست چودھری ابراھیم اور جناب سعدی صاحب ھیں یہ تینوں ملے اور ان کو یہ سوجھی کہ کوئی ایسا طریقہ نکالا جائے کہ بھئی تکلیف بھی نہ اٹھانی پڑے جیب پاپولریٹی بھی ھو جائے اور کچھ پلے بھی آ جائے ۔ انہوں نے یہ سوچا کہ ایک فرضی مردہ چارپائی پر ڈال دو اور جہاں جہاں

لوگ اس جلوس کے سامنے آئے تو انہوں نے کہا کہ خدا کے واسطے یہ مردہ بے کفن پڑا ہے کچھ خیرات تو دیدیں ۔ آہستہ آہستہ ان سے اور ہوشیار لوگ خواجہ صفدر کی طرح ان کو ملے اور کہا کہ یار ہم کو بیچ دو ہم کفن ڈال دیں گے ۔ ہوتے ہوتے یہ مردہ کئی جگہ بک گیا ۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ یہ غریب کو رونے والے کہ غریب پر ظلم ہوا غریب پر ڈاکہ ہوا یہ کب تک روے جائیں گے ؟ اعمال تو دیکھنا چاہئے کہ کیا ہوتے ہیں ؟ اب میں حقیقت آپ کے سامنے پیش کروں گا کہ یہ بے کفن مردہ کب تک فروخت کریں گے ؟

میاں محمد اکبر—جناب عالی ۔ اس مردے کا کفن تو آپ نے اتار لیا ہو گا ۔ (قہقہہ)

وزیر مال—جی ہاں ۔ جناب والا ۔ اس مردے کا کفن تو ٹرانسپورٹرز اتارتے ہیں جو over right مال دار ہو گئے ہیں اور لکھ پتی بن گئے ہیں ۔ تو جناب ۔ ۱۸۷۰ء میں اگرور ویلی کا سرسری بندوبست ہوا اور عطا محمد خان اس بندوبست کے واجب‌الارض کے تحت ۔

He was declared to be the sole owner of the Agror Valley.

اس کی تائید میں میں چیف کورٹ کی judgement کا مختصر حوالہ دے دیدیتا ہوں کہ صرف عطا محمد کو ساری agror valley کا مالک قرار دیا گیا اس کی family والے اور اس کے kinsmen بھی گذارہ خور قرار دیدئے گئے۔ یہ ہے فیصلہ خان بہادر سعد الدین اور مسٹر فریزر کا جو ۲۳ فروری ۱۹۳۲ء کو کیا گیا ۔

It is not necessary for us to go into the history of the Agror Family. Suffice it to say that in 1870 Ata Muhammad Khan, Plaintiff's father was living when a settlement of the tract was carried out and the record of rights prepared. In these records he was shown as full owner of the whole estate. Ata Muhammad Khan died in 1875 and Ali Gohar Khan, his second son, was declared as his successor as Khan. By some arrangement a small portion of land amounting to 3975 kanals in the four villages above mentioned is given by him to his four real brothers, Haibat Khan, Gauhar Zaman, Muhammad Usman Khan and Azad Bakhat Khan. A dispute, however, arose between him and his brothers which was submitted to the arbitration and award of Jirga. The award of the Jirga dated 27th July 1885 is printed on pages 63 and 64 of the paper book and shows that besides the area above noted the Khan at the request of the Jirga members, gave 60 kanals more of irrigated land to his brothers thus making a total of 4035 kanals.

اس میں یہ فیصلہ ہوا اور اراضی جرگہ نے دیدی اس کے بعد یعنی ۱۸۷۰ء کے بعد

With regard to this maintenance grant, during the settlement of 1870-75 certain provisions were made in the Wajib-ul-arz. It was decided therein that the relatives of the Khan had no right to inherit this property and that it rested with him to allow them on anything for their maintenance or to get back from them the property given to them for this purpose.

وہ گذارہ خور ہوئے جناب ۔

Ata Muhammad Khan succeeded his father and (some-how or the other) because some Englishman was murdered in Black Mountain Ata Muhammad Khan and his four brothers were deported to Kangra Valley. Ata Muhammad Khan died in 1924 in Hassan Abdal.

تو وہ جناب ۔ ۱۹۲۴ء میں حسن ابدال میں فوت ہوا ۔

But we don't know about his brothers.

Amir Habibullah Khan Saadi : You mean Ali Gauhar.

Minister for Revenue : Thank you very much. I am sorry Sir because Ata Muhammad died in 1875.

تو وہ جناب ۱۹۲۴ میں حسن ابدال میں فوت ہوا۔ باقی اس کے وارثین اور اولاد جلا وطن رہے۔ ۱۹۳۲ میں بدیع الزمان خان واپس چلا گیا اور اس نے جائداد کا انتظام لے لیا ۔ وہ اب بھی وہاں آباد ہے ۔ وہ جائداد کا انتظام نہ کر سکا اور جائداد پھر لے لی گئی ۔ اور اس کے لئے گذارہ دینے کا فیصلہ ہوا ۔ ۱۹۵۸ء میں جیسا کہ ابھی میرے فاضل دوست سعدی صاحب نے ذکر کیا وہ جائداد اس کو واپس دے دی گئی ۔ سوال یہ پیدا ہوا کہ آیا یہ ریگولیشن جس کی بحالی کے متعلق میرے فاضل دوست بہت زور دے رہے ہیں آیا یہ بحال رہے یا اس کی تنسیخ کر دی جائے ۔ تو جہاں تک اس ریگولیشن کے حسن و قبح کا تعلق ہے میں افسوس کرتا ہوں کہ اس کے متعق میرے دوستوں نے جو اس تنسیخ کی مخالفت کر رہے ہیں ایک جملہ بھی نہیں کہا کہ اس میں کیا خوبی ہے جس کے ذریعہ سے غریب لوگوں ۔ مزارعین اور بے گھر لوگوں کو کچھ فوائد حاصل ہیں اور اس ریگولیشن کی وجہ سے اور اس کی تنسیخ کی وجہ سے وہ حقوق چھن رہے ہیں ۔ (اس مرحلہ پر مسٹر محمد حنیف صدیقی نے کچھ کہنے کی کوشش کی)

Minister for Revenue : Unfortunately or fortunately my friend has been the law Secretary. So he must know the elementary principles of parliamentary life. If he wants to say something, then I will sit down.

Mr. Speaker : The minister may please go on.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : I am suggesting somethiug good to you.

Mr. Speaker. Order please. There should be no interruption.

وزیر مال و بحالیات — سیکشن ۳ ہے جناب attachment کے متعلق ۔

"The estate of the Khan of Agror shall be deemed to have been attached under the provisions of section 9 of Regulation III of 1818 upon the first day of August, 1888."

Later on it was forfeited.

اور سیکشن ۴ ہے forfeiture کے متعلق ۔

"All rights recognized as existing in the Khan of Agror, or conferred upon him, by or in the said record of rights—are hereby declared to be forfeited to the Government."

The eight was forfeited to the common گورنمنٹ مالک ہوگئی

اب اس کے متعلق یہ ہوا کہ ... .

Another Officer was appointed for the settlement of that property.

وہ ہے سیکشن ۵ ۔

"The Local Government shall appoint an officer to deal with the aforesaid rights."

He had to deal with those rights which had accrued to the Khan and which were forfeited to the Government. There was nothing more. Am I right Khawaja Safdar ?

خواجہ محمد صفدر — جی ۔ جی ۔ (قطع کلامیاں) آپ ہماری تائید کر رہے ہیں ۔

Mr. Speaker : No interruptions please.

وزیر مال و بحالیات — تائید تو کر رہا ہوں لیکن آخر میں آپ کو پتہ لگ جائے گا۔ اس کے بعد سیکشن ۶ ہے۔ میرے دوست جن کو دن رات نیند نہیں آتی غریبوں کے غم کی وجہ سے وہ اس سیکشن کو دیکھیں کہ ان غریبوں کو جن کا رونا سعدی صاحب اور خورشید صاحب رو رہے ہیں ان کو کتنی eights دے دی گئی ہیں کسی حد تک دے دی گئی اور اگر وہ ان سے ناراض ہوں تو انکی جو remedy کیا تھی (قطع کلامیاں) سیکشن ۶ میں وہ حقوق ہیں جو سیٹلمنٹ آفیسر settle کرے گا ۔

"The officer appointed under the last foregoing section shall, subject to any instr uctions which he may receive from the Local Government.

He was to act under the instructions and guidance of the Local Government.

اس کی بحالی کے لئے ہمارے دوست لڑ رہے ہیں۔ ہمارے گریبان میں تو ہاتھ ڈالتے ہیں کہ خون ہو گیا جناب ۔ ایگزیکٹو کو اتنے اختیارات دے دئیے گئے ۔

He was subordinate to the Local Government. He may.

"enquire and determine with respect to the said forefeited rights—

وہ کون کون سے تھے جناب ۔

(1) how far they shall be retained by the Government;

کہ حکومت وہ حقوق کس حد تک اپنے پاس retain کریگی ۔

(2) how far and on what conditions they shall be transferred to persons now in possession of land—

جن کا رونا میرے دوست رو رہے ہیں ۔

Who were then in possession in 1888.

if land or any interest in land in the Agror Valley or to the kinsmen or relatives of the Khan or any one or more of them; and

(3) how far and on what conditions they shall be restored to the Khan."

گورنمنٹ کے کتنے حقوق ہوئے ؟ جو لوگ قابض تھے جو خان کے ورثاء تھے ۔ سیٹلمنٹ آفیسر ان کے حقوق کا تعین کرے گا اور یہ بھی تعین کرے گا کہ خان کو کیا کیا چیز واپس ملے گی۔ اب اس کی remedy کہ جس کےمتعلق ہمارے دوست مضر ہیں کہ یہ بحال رہے ان کے متعلق غریبوں کے safegaurd کے متعلق جنکا رونا میرے دوست رو رہے ہیں کہاں تک۔ provision رکھا گیا ہے ۔ وہ سیکشن ۷ میں ہے ۔

"Every determination made by such officers under the last foregoing section (Section 6) shall be subject to revision and confirmation by the Local Government and when so confirmed shall be final;"

جہاں ہمارے دوست ہائی کورٹ کے بغیر تو کوئی بات نہیں کرتے لیکن یہاں یہ زور دے رہے ہیں کہ لوکل گورنمنٹ کا فیصلہ بحال رہے final ہو ۔ چاہے ایگزیکٹو side پر کیوں نہ ہو ۔ کہ یہ بل ہماری طرف سے آ رہا ہے ۔ اس کے بعد جو remedy دی گئی ہے وہ میں آپ کی خدمت میں اور آپ کی وساطت سے اس ہاؤس کی خدمت میں عرض کر رہا ہوں ۔

(قطع کلامیاں) ۔ یہ ہے جناب کہ اگر کوئی اس پر ناراض ہے ۔ کہ لوکل گورنمنٹ کا فیصلہ final ہو ۔ اس پر ناراض ہے تو وہ ہائی کورٹ میں جائے گا ۔ فیڈرل کورٹ میں جائے گا ۔ وہ ہے ؟

"Provided that any person, other than the Khan," Sir there was no remdy for the Khan—

میجر سلطان احمد خان— ایف سی آر کا پتہ ہے ؟

وزیر مال و بحالیات— آپ کو اپنے ضلع کا پتہ نہیں خان ۔ پشتو میں ایک مثال ہے ۔ خیر کا مطلب یہ ہے ۔

"ہندو کی طرح حجام کی بہادری پر خوش ہوتے ہیں" ۔ (قہقہہ)

"Provided that any person other than the Khan aggrieved by any such determination as aforesaid may, at any time within six months after the same shall have been confirmed by the Local Government apply to the Governor-General in Council to rescind or vary the same, and the Governor General in Council shall thereupon pass such order as may be just."

غریب کے لئے ۔ قابض کے لئے یہ remedy تھی کہ یا تو لوکل گورنمنٹ وہ سیٹلمنٹ آفیسر کے فیصلہ کے خلاف درخواست کرے گا تو that will be final اور پھر اس کے بعد ہے کہ اس فیصلے کے چھ مہینے کے بعد گورنر جنرل کو اپیل کریگا اور جو فیصلہ وہ مناسب سمجھے کرے ۔ and the thing ended sir ۔ ان disputes کے لئے کہ اگر وہ ناراض ہے تو کیا remedy open ہے ریونیو بورڈ میں جانے کے لئے اگر وہ چاہتا ہے کہ ۔

His occupancy shall be established. He shall have to go to highest side of the revenue Sir.

اگر کوئی title establish کرانا چاہتا ہے ۔

remedy for him should have been to the highest court on the civil side.

تو اس کے متعلق میں اپنے دوستوں کی خدمت میں سیکشن ۱۱ پیش کر دوں ۔ وہ یہ ہے

No Court or Revenue Officer shall have jurisdiction in any matter which the Governor General in Council or the Local Government or an Officer appointed under section 5 is empowered by this regulation to dispose of or take cognizance of the matter in which the Governor-General in Council or the Local Government or any such officer may exercise any of the powers vested in him or it by or under this regulation.

تو یہ تو تھے وہ حقوق جو سیکشن ۵ کے نیچے انہیں ملے ۔

This is to be determined by a civil court. ۔ عدلیہ کو چھوڑ دیں
سیکشن ۵ کے تحت ان کو یہ حقوق ملے جن کا یہاں تعین کیا گیا ہے ۔ اور سیکشن ۷ کے تحت remedy تھی کہ ان کا کیا ہو گا ۔ لوکل گورنمنٹ آخری عدالت تھی اور زیادہ سے زیادہ گورنر جنرل ۔ اور وہ سول کورٹ ریونیو کورٹ اور ریونیو افسر کی jurisdictirn سے باہر تھی ۔ ان حالات کی موجودگی میں ہم نے یہ اپنا فرض سمجھا کہ جو لوگ aggrieved ہیں ان کی امداد کی جائے ۔ ان کی فیملیز کی کم از کم ۲۰۰ درخواست میرے فائل میں موجود ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ہمارے ساتھ ظلم ہو رہا ہے۔ ہمیں جائداد سے کچھ نہیں مل رہا ۔ ہم جلا وطن ہیں ۔ کوئی ہسپتال میں بیٹھا ہوا ہے ۔ کوئی لاہور میں ہے ۔ کوئی پشاور میں ہے ۔ وہ چلاتے ہیں کہ ہم بھوکے مر رہے ہیں ۔ اور کہتے ہیں کہ ہمیں جائداد دی جائے ۔ اب اس ریگولیشن کی موجودگی اور دفعہ ۱۱ کی موجودگی میں ہمارے ہاتھ بندھے ہوئے ہیں ۔ اور ان کے ہاتھ بھی بندھے ہوئے ہیں ۔ وہ کسی دیوانی عدالت سے رجوع نہیں کر سکتے ۔ تا کہ اپنے حقوق اور title کو ثابت کریں اور اپنے آپ کو قابض مزارعین ظاہر کریں ۔ میرے فاضل دوست خوش قسمتی سے وکیل ہیں کہ اگر وہ adverse possession بھی ثابت کرنا چاہیں تو اچھی بات ہے کہ میرے ساتھ اتفاق کریں گے ۔ لیکن جہاں تک adverse possession کی establishment کا تعلق ہے ۔ اگر کسی مزارع کا قبضہ مخالفانہ زائد از بارہ سال یا ممکن ہے اب ۶۰ سال ہو تو وہ تو رہے گا ۔

خواجہ محمد صفدر— یہ ٹھیک ہے ۔

وزیر مال— میں کوئی بات غلط نہیں کہوں گا ۔ Please have patience جو شخص اپنے آپ کو aggrieved محسوس کرتا ہے ہم اسکے لئے remedy سوچ رہے ہیں تاکہ اس کو کم از کم کچھ تسلی ہو ۔ ہم نے بڑی سے بڑی عدالت تک اپنی چارہ جوئی کی ہے ۔ ان حالات کی موجودگی میں میں یہ عرض کروں گا کہ ہمیں مبارک باد ملنی چاہئے ۔

خواجہ محمد صفدر— اپنے منہ سے ۔

وزیر مال— ہمارے یار بہت بخیل ہیں وہ ہمیں کبھی مبارک باد نہیں دیں گے ۔

جناب والا ۔ اب یہ Repeal Bill ہم نے پیش کیا ہے اور مجھے امید ہے کہ ہاؤس مجھ سے agree کرے گا ۔

Mr. Speaker : The question is—

That the Agror Valley Regulation (Repeal) Bill 1968 be circulated for the purpose of eliciting opinion thereon.

(*The motion was lost*)

Since the amendments moved by Amir Habib Ullah Khan Saadi and Rao Khurshid Ali Khan are of similar nature, they are also lost.

Now, the question is—

That the Agror Valley Regulation (Repeal) Bill 1968 be taken into consideration at once.

(*The motion was carried*)

Mr. Speaker : The House will now take up clause by clause consideration of the Bill.

(*Clause* 2)

Mr. Speaker : There is an amendment to clause 2 by Mr. Hamza. He may please move his amendment.

Mr. Hamza : Sir, I beg to move :

That in clause 2, after substituting a colon for the full-stop appearing after the word 'repealed', the following proviso be added, namely—

"Provided that the repeal of the said Regulation shall not in any way jeopardise the interests of the inhabitants of the Agror Valley who have directly or through succession acquired any piece of land, agricultural or otherwise in the Agror Valley since the promulgation of the Agror Valley Regulation 1891."

جناب سپیکر ۔ خان پیر محمد خان صاحب نے فرمایا ہے کہ حزب مخالف کی طرف سے اس مسودہ قانون کی بلا وجہ مخالف کی جا رہی ہے میرے خیال میں انہوں نے میری ترمیم کو غور سے مطالعہ نہیں کیا۔ میں نے یہ ترمیم اس لئے پیش کی ہے کہ اگر گورنمنٹ پارٹی اسے منظور کرے گی تو اس میں تمام کی بھلائی مضمر ہو گی ۔ اور اگر یہ منظور نہیں کرے گی تو ان کے دعوے کا بھانڈہ پھوٹ جائے گا ۔ میرا مطالبہ صرف یہ ہے کہ اگر وہاں مزارعین نے اتنا لمبا عرصہ اراضی پر قابض ہونے کی وجہ سے کوئی حقوق حاصل کر لئے ہیں تو اس ایکٹ کی تنسیخ سے ان کے حقوق متاثر نہ ہوں ۔ انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ تیس چالیس ہزار کی آبادی کے حقوق کا کوئی خیال نہیں رکھا جاتا ۔ بلکہ اس مسودہ قانون کو عام ضابطہ کی تنسیخ کے بعد فوری طور پر پاس کروانے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔

جناب عباسی صاحب نے والئے اگرور کو انگریز دشمنی کی بنا پر معزول کرنے کا ذکر کیا ہے لیکن جناب ابراہیم صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ ریاست سکھوں نے عطا محمد خان کو اس غداری کے صلہ میں دی جو کہ اس نے مجاہدین اسلام سید احمد شہید اور محمد اسمعیل شہید سے کی۔

ایک ممبر— کیا یہ relevant ہے۔

Mr. Speaker : Mr. Hamza, how is it relevant to the amendment ?

مسٹر حمزہ— جناب گل محمد خان نے فخریہ فرمایا ہے کہ گورنمنٹ عدلیہ کو اختیار دے رہی ہے لیکن یہ بات انہیں زیب نہیں دیتی کیوں کہ ان کی پارٹی ایف سی آر کو اسی اجلاس میں نئی شکل میں بہروپ پہنا کر لا رہی ہے۔ انہوں نے مزید فرمایا ہے کہ یہ قانون انگریزوں نے نافذ کیا تھا۔ تعجب ہے کہ آج وہ اپنی انگریز دشمنی کا دعوے کر کے آزاد خیالی کا ثبوت دے رہے ہیں۔

Mr. Speaker ; The member may please come to the amendment which he has moved.

مسٹر حمزہ— میں اس کا پس منظر بتانا چاہتا ہوں تا کہ آسانی سے ان کی سمجھ میں آ سکے۔ ہمارے ہاں جو لوگ بڑے بڑے عہدوں پر متمکن ہیں جو عوام کی بہبود اور خوش حالی جیسے خوب صورت الفاظ کی رٹ لگاتے ہیں۔ ان کی اظہار ہمدردی محض دھوکا ہے۔ جن لوگوں کو آج اپنے اعلیٰ خاندانی ہونے کا فخر ہے ان کی اکثریت نے انگریزوں کی خوشامد کر کے عوام سے غداری کر کے ناجائز فائدے اٹھائے لیکن انگریزوں میں کچھ خوبیاں بھی تھیں انہوں نے ان کی خوبیوں کو نہیں اپنایا بلکہ ان کی برائیوں کو اپنایا ہے۔ میں حیران ہوں کہ یہ انگریزوں کی کس قسم کی مخالفت ہے۔ انہیں شرم نہیں آئی کہ وہ آج اپنے محسن انگریزوں کی مخالفت کا ذکر کر کے اسے ایک کارنامہ گردانتے ہیں حالانکہ تمام ملک میں یہ مطالبہ ہوتا رہا ہے۔ کہ گورنمنٹ انگریزوں کی پالیسی کی غلامانہ پیروی کو چھوڑ دے۔ جس کو وہ چھوڑنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ لیکن اس ہاؤس میں —

Mr. Speaker : The member is again speaking in general. This is my third reminder.

If he goes on speaking in general terms and will not talk about the amendment that he has proposed, then, I am afraid, I will have to ask him to resume his seat.

مسٹر حمزہ— جہاں تک اس بل کی Repeal کا تعلق ہے ۔ صوبہ مغربی پاکستان میں بڑے لینڈ لارڈز یا جاگیردار تین اسباب کے پیدا کردہ ہیں ۔

ایک ممبر—وہ تو ختم ہو گئے ہیں ۔

مسٹر حمزہ— ختم کہاں ہوئے ہیں ۔ یہ حکومت نئے سرے سے انہیں پیدا کر رہی ہے ۔ افسروں کی صورت میں نئے جاگیردار پیدا کر رہے ہیں ۔

عرض یہ ہے ۔ کہ وہ پچھلے زمانے کے ایسے حالات میں پیدا ہوئے تھے ۔ جب طاقت کے بل بوتے پر وہ فرد جو اپنے علاقے میں زیادہ طاقت رکھتا تھا وہ علاقے کی اراضیات پر قبضہ کر لیتا تھا ۔ اور اسے اپنی ملکیت قرار دیتا تھا ۔ دوسرے وہ لوگ تھے ۔ جنھوں نے عوام سے غداری کی اور انگریزوں کی ناجائز حمایت کی ۔ جنھوں نے ان کو نوازنے کے لئے بڑی بڑی زمینیں دیں ۔

وزیر زراعت و قانون— میں آپ کی وساطت سے یہ استدعا کروں گا ۔ کہ غالباً یہ ترمیم انھوں نے خود نہیں بنائی ۔ کیوں کہ اس پر تو وہ بولتے ہی نہیں ہیں ۔

مسٹر حمزہ— میں یہی تو عرض کر رہا ہوں ۔ کہ آپ نواب کے خاندان کو اب حقوق دے رہے ہیں ۔ یہ حقوق کن حالات میں ان کو ملے ۔ اور وہاں جو لوگ عرصہ دراز سے کاشت کاری کرتے ہیں ۔ آپ اس ریگولیشن کو Repeal کرکے انہیں نیست و نابود کرنا چاہتے ہیں ۔ جیسا کہ آپ ہر تناول میں کر چکے ہیں ۔ لہذا ہم آپ کو یہ حق نہیں دیں گے ۔ کہ آپ بڑے بڑے جاگیرداروں سے مل کر اس قسم کے قانون بنا کر کمزور اور غریب کاشت کاروں پر ظلم کریں ۔

Mr. Speaker : The member's time is almost over.

مسٹر حمزہ—جناب عالی ۔ میں نے تو ابھی شروع بھی نہیں کیا ۔

Mr. Speaker : The member has taken 10 minutes and still he says that he has not yet started.

مسٹر حمزہ—میں نے تو ابھی شروع ہی کیا تھا ۔ میں تو ان کو اس کی back ground سمجھا رہا تھا ۔ لیکن مجھے پتہ ہے ۔ کہ وہ پھر بھی نہ سمجھینگے ۔ پہلے مجھے انہیں سمجھا تو لینے دیں ۔

Mr. Speaker : I will allow him two minutes more.

مسٹر حمزہ—تمام ملک کی ذی شعور آبادی کو علم ہے ۔ کہ ہمارے ملک میں جمہوریت کے نہ بننے کی سب سے بڑی وجہ یہی ہے ۔ کہ یہ بڑے بڑے لینڈ لارڈز ہمارے ملک کی حکومت پر غاصبانہ قبضہ جمائے ہوئے ہیں ۔ اور انہوں نے اس طریقے سے کسی بھی اچھی چیز کو بننے نہیں دیا ۔

ہماری طرف جو شکوک و شبہات پیدا ہوئے ہیں ۔ وہ ان کے اپنے کردار کی وجہ سے پیدا ہوئے ہیں ۔ وجہ یہ ہے ۔ کہ ہمارا مطالبہ تھا کہ اس repeal بل کو standing کمیٹی کے سپرد کیا جائے ۔ تاکہ پورے طور پر ہر زاویہ سے اس کی اچھائی اور برائیوں کا جائیزہ لیا جا سکے ۔ تاکہ ہم میں سے اگر کسی شخص کو کوئی شبہ ہو ۔ تو وہ جا کر اس علاقے کے لوگوں سے ملتا ۔ یا اس متاثرہ علاقے کے لوگ ہم سے آکر ملتے ۔ اور ہمیں تمام حالات کا پتہ چل جاتا ۔ یہ جو شکوک اور شبہات پیدا ہوئے ہیں ۔ اس کے پیدا کرنے کی سب سے بڑی وجہ گورنمنٹ بذات خود ہے ۔ اور میں سمجھتا ہوں ۔ کہ جس طریق سے وہ یہ بل لائی ہے اور پاس کروانا چاہتی ہے ان کی نیتیں صاف نہیں ہیں ۔ اگر نیتیں صاف ہوتیں ۔ تو پھر یہ کیسے ہو سکتا تھا ۔ کہ standing کمیٹی کو بھی انہوں نے غور کرنے کا موقع نہیں دیا ۔

اب عرض یہ ہے ۔ کہ اگر اس repeal بل کو ان لوگوں نے بعینہ پاس کر دیا ۔ جیسا کہ بدقسمتی سے ان لوگوں کا ارادہ دکھائی دیتا ہے ۔ تو اس سے متر اسی گاؤں کی غریب آبادی متاثر ہو گی ۔ وہاں تیس چالیس ہزار نفوس پر مشتمل آبادی جو وہاں پہلے پہل کاشتکار مزارع تھے ۔ اب ان کو دخیل کاری کے حقوق حاصل ہو گئے ہیں ۔ یہ حقوق بری طرح متاثر ہوں گے ۔ یہ فرماتے ہیں ۔ کہ سول کورٹس میں جا کر وہ اپنے حقوق کا تعین کر سکتے ہیں ۔

میں یہ عرض کروں گا ۔ کہ ہمارے ملک کے اندر آج نظام حکومت اس قسم کا ہے ۔ کہ عدالتوں میں انصاف اتنی تاخیر اور خرچ کے بعد ملتا ہے جو غریب آدمی کی دسترس سے بالا ہے ۔ غریب آدمی کے مقابلے میں اگر کوئی نواب ہے ۔ اور غریب آدمی کتنا ہی حق بجانب کیوں نہ ہو ۔ تو اسے انصاف نہیں مل سکتا ۔ سول کورٹس کا تو محض ایک بہانہ ہے۔ وہاں کمی غریب کو نہ انصاف ملتا ہے نہ ملتا رہا ہے ۔ طاقتور اور دولت مند کے مقابلہ میں کمزور اور غریب کی اس ملک میں کیا وقعت ہے ۔

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

> That in clause 2, after substituting a colon for the full-stop appearing after the word 'repealed', the following proviso be added, namely :—
> "Provided that the repeal of the said Regulation shall not in any way jeopardise the interests of the inhabitants of the Agror Valley who have directly or through succession acquired any rights through possession or otherwise on any piece of land, agricultural or otherwise, on any piece of land in the Agror Valley since the promulgation of the Agror Valley Regulation 1891."

There is another amendment to this clause by Mr. Saadi. It is the same.

Khawaja Muhammad Safdar : Substance is the same but the wording is different.

Khan Pir Muhammad Khan : There is no difference of even a comma.

Amir Habib Ullah Khan Saadi : Sir, I beg to move :

> That in clause 2, after substituting a colon for the full-stop appearing after the word 'repealed,' in line 2, the following proviso be added, namely :—
>
> "Provided that this repealment of the said Regulation shall not jeopardise in any manner whatsoever, the interests of the villagers and inhabitants of the Agror Valley who, directly or through succession, have acquired the right of possession, or otherwise, on any piece of land in the Agror Valley since the promulgation of the Agror Valley Regulation 1891."

جناب والا ۔ اس بل کا مقصد حقیقتاً جو ہے ۔ وہ بہتر سال کا عرصہ گذر چکا ہے ۔ اس کو پھر وہ چھ ماہ کی میعاد کے اندر لانا چاہتے ہیں ۔ یعنی regulation میں جو شرط تھی ۔ دفعہ (۷) میں ۔ اس میں یہ تھا ۔ کہ

"Provided that any person by such determination may at any time within six months....."

تو صرف اس میعاد کو کم کرنے کے لئے یہ اصل بل لایا جا رہا ہے ۔ تو مجھے اس پر کوئی.....(قطع کلامی)

خان پیر محمد خان کی عادت ہے ۔ کہ وہ سنتے کم ہیں ۔ اور بولتے زیادہ ہیں ۔ تو میں نے اس میں جو کچھ گذارش کی تھی ۔ تو وہ یہی خدشہ تھا ۔ کہ جو ۱۹۰۱ء میں جب دوسرا بندوبست ہو رہا تھا ۔ اور اس میں حقوق دوبارہ متعین کئے گئے تھے ۔ اس repeal بل سے ان کے متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ اس پر آپ نے غور نہیں کیا ۔ آپ صرف لطیفہ بازی میں ہی ہنستے رہے ۔ تو میں نے جو ترمیم اس میں پیش کی ہے ۔ ضمن ۲ کی آخری سطر ۲ کے آخر میں مندرج سارا جملہ شرطیہ ایزاد کیا جائے ۔

"مگر شرط یہ ہے ۔ کہ متذکرہ ضابطے کی شیخ وادی اگرور کے ان باشندوں اور دیہاتیوں کے مفادات پر کسی بھی طریق سے اثر انداز نہ ہو گی ۔ جنہوں نے ضابطہ وادی اگرور مصدرہ ۱۸۹۱ء کے نفاذ کے بعد وادی اگرور میں کسی قطعہ اراضی کے سلسلے میں حقوق براہ راست یا وراثتاً بذریعہ قبضہ یا بصورت دیگر حاصل کئے ہوں" ۔

اگر وہ ٹھنڈے دل سے سوچیں ۔ تو اس ترمیم کی اصل غرض یہ ہے کہ خان علی گوہر خان کے وارثین اور وادی کے دوسرے باشندوں میں بلا وجہ طول و طویل مقدمے بازی نہ ہو ۔ اور فسادات نہ ہوں ۔ یہی میں نہایت ہی مختصر الفاظ میں کہہ سکتا ہوں ۔ کہ

"اگر در خانہ کسی است ہمیں قدر بس است"

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is:

That in clause 2, after substituting a colon for the full-stop appearing after the word 'repealed,' in line 2, the following proviso be added, namely :—

"Provided that this repealment of the said Regulation shall not jeopardise in in any manner whatsoever, the interests of the villagers and inhabitants of the Agror Valley who, directly or through succession, have acquired the right of possession, or otherwise, on any piece of land in the Agror Valley since the promulgation of the Agror Valley Regulation 1891.,'

میجر سلطان احمد خان (ہزارہ-۳)— صاحب صدر ۔ میں مسٹر حمزہ کی ترمیم کی پرزور تائید کرتا ہوں۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمارے ضلع میں اصلاحات کے چند واقعات ظاہر ہو چکے ہیں جسے وزیر مال صاحب بھی جانتے ہیں ۔ کہ لاکھوں نہ سہی تو ہزاروں انسان اپنے گھروں سے بے گھر آج بھی ہو رہے ہیں ۔ اور اس کی مثال

سامنے ہے ۔ مجھے خان اگرور سے ذاتی طور پر ہمدردی ہے ۔ میں ہر اس شخص کے ساتھ ہمدردی کرنے کو تیار ہوں جو انگریزوں کے مقابلے کے لئے کھڑا ہو گیا ہو ۔ اگر اس بل کا واقعی کوئی نیک مقصد ہوتا تو اچھا تھا ۔ گو کہ میں جانتا ہوں کہ یہ بل آپ نہیں لائے ہیں یہ بل آپ پر تھوپا گیا ہے ۔ اگر آپ نے یہ بل بنایا ہوتا تو مجھے توقع ہوتی کہ آپ یہ معمولی ترمیم منظور کر کے اس کا سہرا اپنے گلے میں ڈال لیں گے ۔ (قہقہہ)

وزیر مال—سہرا یا پھندا ؟

میجر سلطان احمد خان—مقامی صورت حال یہ ہے کہ پچھلے ۸۰ - ۹۰ - سال ہوئے جب خان اگرور کو ظالمانہ طریقہ سے اپنی جگہ سے ہٹا کر ملک بدر کر دیا گیا تھا اور اس ملک بدری کے بعد جو دوسری بات ہوئی وہ یہ کہ وہاں کی آبادی کو خان اگرور کی زمین کے مالکانہ حقوق دے دئے گئے اور کچھ زمین وہاں کے لوگوں نے خود لی ۔ اور وہ ۷۰-۸۰ سال سے لوگوں کے قبضہ میں چلی آ رہی ہے ۔ میرے دوست عبدالرازق صاحب نے فرمایا ہے کہ جس آدمی کے ۷۰ - ۸۰ سال سے حقوق ہوں اور وہ قابض ہوں تو اس کا کیا ہو گا ۔ میں کہتا ہوں کہ آج ہمارے بنیادی حقوق ڈانواں ڈول ہو رہے ہیں تو یہ ۷۰ - ۸۰ سال قبضہ کیا کرے گا ۔

یہی واقعہ اب تناول میں ہوا ہے اس کو ۱۹۵۰ ء میں قیوم خان کی گورنمنٹ نے take over کیا تھا اور یہ زمین سرکاری قرار پائی تھی ۔ اور نواب صاحب کو دریا کے دوسری طرف علاقہ دے دیا گیا تھا لیکن لینڈ ریفارم میں یہ زمین نواب صاحب کی تصور کر لی گئی ۔ لہذا اس چیز کے ماتحت میں سمجھتا ہوں کہ حمزہ صاحب کی ترمیم کو مان لینا چاہئے ۔ جو نواب صاحب کبھی مظلوم تھے وہ آج عیاشی کر رہے ہیں ۔

وزیر مال و بحالیات (خان پیر محمد خان)—جناب صدر ۔ میری یہ توقع تھی کہ سوائے میجر سلطان کے حمزہ صاحب کی ترمیم کی تائید کے لئے کوئی اور بھی کھڑا ہو گا ۔

جہاں تک مسٹر حمزہ کی امنڈمنٹ کا تعلق ہے اور ان لوگوں کے حقوق کے تحفظ کا تعلق ہے میرے دوست سعدی صاحب کی جیسا کہ میں نے عرض کیا کہ امنڈمنٹ میں اور ان کی امنڈمنٹ میں کوئی فرق نہیں ہے ۔ میں اسے پڑھ کر سناتا ہوں ۔

"Provided that the repeal of the said Regulation shall not in any way jeopardies the interests of the inhabitants of the Agror Valley who have directly or through succession acquired and rights through possession or otherwise on any piece of land, agricultural or otherwise, on any piece of land in the Agror Valley since the promulgation of the Agror Valley Regulation 1891."

اب اس کے بعد ایک قانونی سیکشن بتائے دیتا ہوں تاکہ معزز ایوان کا وقت ضائع نہ ہو ۔

Within six months when the rights accrued to them and the decision of the Local Government was final.

وہ حقوق جو ان کو اس repeal کے ذریعے ملے ہیں اس کی وجہ سے چھین نہ لئے جائیں ۔

یہ الفاظ اس کے بعد ہیں ۔

And there was no other remedy.

اب جناب میں repetition کرنا نہیں چاہتا ۔ سیکشن میں نے ہاؤس کی خدمت میں سنا دیا ۔ تو جو حقوق ان کو دفعہ ۴ کے تحت ملے ہیں ان کو سیٹلمنٹ کمشنر نے متعین کیا ہے ۔

"Section 4 of the General Clause Act."

Effect of Repeal: Where this Act or any other West Pakistan Act repeals any enactment then unless a different intention appears, the repeal shall not—

(*a*) revive anything not in force or existing at the time at which the repeal takes effect ;

(*b*) affect the previous operation of any enactment so repeated or anything duly done or suffered thereunder.

اب جہاں تک ان حقوق کا تعلق ہے وہ settle ہو چکے ہیں اور وہ ۱۸۹۱ء میں پاس ہوئے تھے ۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ ان حقوق پر اس repeal کا اثر تو نہیں پڑتا ہے ۔ اس کے لئے میں سیکشن ۴ سی پڑھے دیتا ہوں

(*c*) affect any right, privilege, obligation or liability acquired, accrued or incurred under any enactment so repealed ; or

تو جو حقوق ان کو حاصل تھے وہ اسی طرح رہیں گے ۔ اب میں سمجھتا ہوں کہ repeal کا اثر خواجہ صاحب پر نہیں ہو گا ۔ یہ سیکشن ۲ سی ہے جس کو میں نے پڑھ کر سنا دیا ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اب ختم کرتا ہوں اور ایوان کا وقت ضائع کرنا نہیں چاہتا ۔

Mr. Speaker : The question is ;

That in clause 2, after substituting a colon for the full-stop appearing after the word 'repealed,' the following proviso be added, namely :—

"Provided that the repeal of the said Regulation shall inhabitants of the Agror Valley who have directly or through succession acquired any rights through possession or otherwise on any piece of land, agricultural or otherwise, on any piece of land in the Agror Valley since the promulgation of the Agror Valley Regulation 1891."

(*The Motion was lost*)

Mr. Speaker : The question is :

That in clue 2; after substituting a colon for the full-stop appearing after the word 'repealed,' in line 2, the following proviso be added, namely :—

"Provided that this repealment of the said Regulation shall not jeopardise in any manner whatsoever, the interests of the villages and inhabitants of the Agror Valley who, directly or through succession, have acquired the rights of possession, or otherwise, on any piece of land in the Agror Valley since the promulgation of the Agror Valley Regulation 1891.

(*The Motion was lost*)

Mr. Speaker : The question is :

The Clause 2 stand part of the Bill.

(*The Motion was carried*)

(*Clause* 1)

Mr. Speaker : The question is :

That Clause 1 stand part of the Bill.

(*The Motion was carried*)

(*Preamble*)

Mr. Speaker : The question is :

That the Preamble be the Preamble of the Bill.

(*The Motion was carried*)

Minister of Revenue : (Khan Pir Muhammad Khan) Sir, I beg to move :

That the Agror Valley Regulation (Repeal) Bill 1963 be passed.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

That the Agror Valley Regulation (Repeal) Bill 1963 be passed.

(*The Motion was carried*)

The West Pakistan Pure Food (Adjournment) Bill 1962

Minister of Health (Mr. Abdul Qadir Sanjrani) : Sir, I present the Report of the Standing Committee on Education and Health on the West Pakistan Pure Food (Amendment) Bill 1962.

Mr. Speaker : The report is presented.

Minister of Health : Sir, I beg to move :

That the West Pakistan Pure Food (Amendment) Bill 1962 as recommended by the Standing Committee on Education and Health be taken into consideration at once.

Mr. Speakrr : The motion moved is—

That the West Pakistan Pure Food (Amendment) Biil 1962, as recommended by the Standing Committee on Education and Health be taken into consideration at once.

In this connection there is an amendment by Khawaja Muhammad Safdar. Will he please move his amendment.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move—

That the West Pakistan Pure food (Amendment) Bill 1962, as recommended by the Standing Committee on Education and Health be circulated for the purpose of electiug public opinion thereon.

جناب والا ۔ Punjab Pure Food Act ۱۹۶۴ء میں پاس کیا گیا ۔ اور آج سے تقریباً دو ڈھائی سال پہلے یہ ایکٹ اس صوبے کے کچھ حصہ میں نافذ تھا ۔

وزیر خوراک—یہ کچھ بادل نخواستہ کہہ رہے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر—سنئے ذرا ۔ جناب والا ۔ اس میں قطعاً کوئی کلام نہیں کہ ہمارے صوبہ میں ایک ایسے قانون کی اشد ضرورت ہے جس کے ذریعے سے ہم خوراک کی چیزوں میں ملاوٹ کو اگر بالکل بند نہیں کر سکتے تو بہت حد تک بند کر سکتے ہیں ۔ اس ملاوٹ کے متعلق کہ جہاں تک اس قسم کے قانون کے نفاذ کا تعلق ہے میں اس کے پرزور حامیوں میں سے ہوں ۔ لیکن جس طرح سے یہ قانون نافذ کیا جا رہا ہے ۔ یہ جو ترمیم موجودہ قانون میں لائی جا رہی ہے میں اس کا اسی حد تک شدید مخالف ہوں ۔

جناب والا ۔ یہ ڈھکی چھپی بات نہیں ہے اس صوبے میں خوراک کی کوئی صحیح چیز کسی صاحب کو میسر نہیں آ رہی جس میں کہ کسی نہ کسی حد تک ملاوٹ کی گئی ہو ۔ دودھ مکھن مرچ

ملدی کئی چیزیں ہیں جو آپ بازار سے خریدیں یعنی جو چیز آپ کو پیسوں کے عوض دی جا رہی ہے اس میں کچھ نہ کچھ ملاوٹ ضرور موجود ہوتی ہے ۔ اخبارات سے پتہ چلتا ہے کہ ۱۵ فیصدی پانچ یا دس فیصدی چیزیں اصل ہیں باقی ساری کی ساری ملاوٹ ۔ تو اسکا مطلب یہ ہے کہ اس صوبہ کے عوام و خواص کی صحت پر برا اثر پڑتا ہے اور حکومت کا فرض ہے کہ وہ ایسے اقدام کرے جس سے ملاوٹ کنندگان کی سر کوبی کی جائے ۔ ملاوٹ کرنے والوں کو زیادہ سے زیادہ اور شدید سزائیں دی جائیں تاکہ ملاوٹ کا کاروبار بند کیا جا سکے ۔ یہ چند گذارشات اگر حزب اقتدار سے ذہن میں آ جاتیں تو یقیناً میں آج ان کو مبارکباد دیتا لیکن معلوم ہوتا ہے کہ وہ نشہ اقتدار میں ایسے دنیا ا فیہا سے بے خبر ہیں کہ اگر کوئی اچھا قانون اس صوبے میں رائج ہے تو ان کی کوشش یہ ہوتی ہے کہ وہ اسکو بد سے بد تر کر دیں اور اگر برا ہے تو اسکو مزید برا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے اس میں ترمیم لا کر جناب والا ۔ اس قانون کی تین چار شقوں میں ترمیم کی گئی ۔ پہلی ترمیم اس قسم کی ہے کہ موجودہ قانون کراچی اور tribal areas میں نافذ نہیں تھا اسلئے کراچی پر اس کا اطلاق کیا گیا ۔ اس حد تک یہ قانون پسندیدہ ہے ۔ میں ان لوگوں میں سے ہوں جو اس صوبے میں قانون کی یکسانیت کے سختی سے حامی ہیں کیونکہ کراچی پر ا ن کا اطلاق کیا گیا اور tribal areas میں ہمارے اس قانون کا نفاذ نہیں کیا جا سکتا اسکا special procedure قائم کیا گیا ہے میرے دل میں tribal areas کا بے حد احترام ہے لیکن میں یہ بات کہے بغیر ہرگز نہیں رہ سکتا کہ ہم نے تمام سہولتیں ان کو دی ہیں اور دے رہے ہیں اور ہر سہولت جو اس صوبے کے لئے ہے اور گورنمنٹ tribal areas کو بہم پہنچا سکتی ہے پہنچائی جا رہی ہے ۔ کیا یہ بہتر نہ ہوگا کہ وہ بھی ہماری اس ذمہ داری میں شریک ہو جائیں ۔

اس کے بعد جناب والا ۔ دوسری شق جس میں ترمیم کی گئی ہے وہ یہ ہے کہ موجودہ قانون میں ایک شق کے ذریعے بناسپتی چربی اور

مارجرین کو کھلا بیچنا ممنوع ہے لیکن اس وقت یہ ترمیم لائی جا رہی ہے ۔ کہ اس کو کھلا بیچنا خلاف قانون نہیں اس وقت لوگوں کو اجازت ہے کہ وہ ان کو کھلا بیچیں ۔

جناب والا ۔ اس سے زیادہ کیا ہو گا پہلے بھی ہو رہا ہے اس میں غالباً وہ گناہ ہے اور اس ننگ انسانیت فعل میں ہماری حکومت غالباً اضافہ کرنا چاہتی ہے ۔ عام طور پر ہم یہ دیکھتے ہیں کہ ما سوا ان لوگوں کے کہ جنہوں نے اپنے گھر میں گائے یا بھینس رکھی ہوئی ہوتی ہے کسی صاحب کو خالص گھی میسر نہیں آتا اس کی وجہ یہ ہے کہ لوگ بازار سے بناسپتی یا چربینی خرید کر اصلی گھی ساتھ ملا کر اسکو فروخت کرتے ہیں اس حد تک پہلے پابندی تھی کہ کچھ خرید کر ملاوٹ کرنا چاہتے ہیں ٹین کی شکل میں ۵ یا ۱۰ پونڈ کا ہوتا تھا ۔ لیکن آج وہ پاؤ بھر یا آدھ سیر جتنا گھی وہ چاہے کھلا خرید سکے گا۔ اس کو خرید سکتا تھا ۔ قانون کے جو مروجہ قانون ہے اس میں مزید خرابی پیدا کی جا رہی ہے اور ملاوٹ پیدا کرنے والوں کے لئے آسائیش پیدا کی جا رہی ہے ۔ تاکہ وہ آسانی سے جس وقت وہ چاہیں گھی میں مزید ملاوٹ کر سکیں ۔

اس کے بعد جناب فوڈ انسپکٹروں کے سلسلہ میں انہوں نے یہ ترمیم پیش کی ہے کہ پہلے جو فوڈ انسپکٹر ہیں جیساکہ ہر شہر اور ہر ضلع میں میڈیکل افسر اور ڈسٹرکٹ بورڈ کے اور ڈسٹرکٹ کونسل کے ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسر ہیں ان کو اختیارات حاصل ہیں ۔ اس ضمن میں میں بتفصیل سے جناب کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ترمیم نہایت اہم ہے اس ترمیمی بل کی اہم ترین ترمیم یہی ہے اسکا پس منظر یہی ہے کہ ۱۹۴۵ء میں۔ سابق پنجاب میں ۴۰ فوڈانسپکٹرز مقرر کئے گئے اس غرض کے پیش نظر کہ ملاوٹ ہے اور ملاوٹ بدستور بڑھ رہی ہے اور اس کے لئے کافی سٹاف ہونا چاہیے تاکہ وہ ملاوٹ کرنے والوں کے ہاتھوں کو روک سکیں ۔ اور اس کو قرار واقعی سزا دلا سکیں ۔ ۱۹۴۵ء سے لیکر ۱۹۶۱ء تک یہ ۴۰ فوڈ انسپکٹرز تقریباً ۱۶ سال ہمارے صوبہ کی حکومت کے ملازم رہے اور وہ اپنے فرائض منصبی ادا کرتے رہے میں نہیں کہہ سکتا دیانتداری کے ساتھ ۔

کیونکہ جو حال ہمارے دوسرے افسروں کا ہے وہ ہی ان کا ہے لیکن بہر حال ان کو ذمہ داری سونپی گئی تھی حکومت کی طرف سے۔ اگر وہ رشوت لیتے تھے تو میں ان کو defend کرنے کے لئے آج تیار نہیں ہوں.....

ان کی کارگذاری یہ ہے۔ کیا جناب وزیر صاحب اس طرف غور فرمائیں گے۔ ۱۹۶۰-۶۱ء میں سابقہ صوبہ پنجاب کے اعداد و شمار کے مطابق ۹۸۴۱ sample لئے گئے جن میں سے ۴۳۴۱ ملاوٹ شدہ تھے۔ ان پر مقدمات بنائے گئے جن کی وجہ سے ان ملاوٹ کرنے والوں کو ۲۳۴۲ روپیہ جرمانہ ہوا۔ اسی طرح سابقہ صوبہ سرحد سے کئی ہزار sample حاصل کئے گئے جو جو ان میں سے ملاوٹ شدہ پائے گئے ان کے چالان کئے گئے اور ۷ لاکھ روپیہ کے لگ بھگ وہاں سے جرمانہ وصول ہوا لیکن یکا یک ۱۹۶۱ء میں حکومت کی طرف سے ایک چٹھی جاری ہوئی اور ان کو ۲۲ ستمبر سے ملازمت سے برطرف کر دیا گیا۔ کہا یہ گیا کہ آپ کی یہ ملازمتیں اور jobs بھی باقی نہیں رہیں۔ پھر بھی آپ کو کسی اور جگہ کھپائیں گے۔ فوڈ انسپکٹر کو کلرک بنانا کوئی بعید نہیں اور کسی کو کہیں اورسیئر لگانے کا خیال ٹھیک نہ ہو گا اور لگانے کا خیال بھی ۱۹۶۱ء سے ہے۔ مجھے ان لوگوں سے ہمدردی ہے۔ تو جناب والا۔ اس وقت موجودہ بحث یہ غور طلب نہیں ہے کہ ان کو کیونکر برطرف کیا گیا اس لئے کہ میں ہمدردی کا اظہار کروں۔ میری غرض اس وقت یہ ہے کہ ان کا کام میونسپل کمیٹیوں اور ڈسٹرکٹ کونسل کے ذمے ڈالا گیا۔ اس وقت ان کے ڈی۔ ایچ۔ او اور میونسپل کمشنر کام کر رہے ہیں۔ (باوجود کوشش کے اعداد و شمار اکٹھے نہیں ہو سکے اور میونسپل کمیٹیوں کے اعداد و شمار علیحدہ علیحدہ ایک جگہ مجتمع نہیں ہو سکے) میرا مشاہدہ ہے کہ وہ انسپکٹر پورا وقت یہاں کام کرتے تھے اور اپنے فرائض کی انجام دھی میں پورا دھیان دیتے تھے۔ مگر ان لوگوں کے پاس بہت سے کام اور بھی ہیں مثلاً میونسپل آفیسر ہے اس نے سارے شہر کی صفائی وغیرہ دیکھنی ہے وہ ایک

جگہ موجود نہیں رہتا اور وہ فرصت میں ایک آدھ sample لے لیتا ہے ۔ جناب والا ۔ جو لوگ ملازمت کرتے تھے وہ چھ گھنٹے اس کام پر صرف کرتے تھے یہ پارٹ ٹائم کرنیوالا اہل کار یہ کام نہیں کر سکتا ہے ۔ بازار سے قلیل بلکہ کم sample لئے جاتے ہیں اور بہت کم ملاوٹ کنندگان کو سزا دی جا رہی ہے اور بہت کم چالان کئے جا رہے ہیں اسکا نتیجہ یہ ہے کہ ملاوٹ کنندگان دیدہ دلیری سے کھلے بندوں ہر بازار اور ہر شہر میں ملاوٹ کر رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ اس ترمیم کی غرض یہ ہے کہ ملاوٹ کا سد باب کیا جائے میری رائے میں یہاں کچھ نہیں ہوگا ۔ کیونکہ موجودہ ترمیم میں یہ اختیارات ان لوگوں کو دئیے گئے ہیں یہ اختیارات میونسپل کمیٹیوں کے ہر اہل کار کو ڈسٹرکٹ کونسل کے ہر اہلکار کو یونین کونسل کے ہر اہل کار کو دئیے گئے ہیں ۔ یونین کونسل کا سیکرٹری میرے خیال میں اسوقت ۶۰ روپے تنخواہ لیتا ہے ۔ اگر تمام کے تمام اس کام پر مقرر ہو گئے تو اسکا نتیجہ یہ ہوگا کہ کئی ہزار ماہوار sample نہ ہونے کے عوض مختلف دکانداروں سے رشوت کا بازار گرم ہو جائیگا ۔ جناب والا ۔ جس غرض کے لئے فوڈ ایکٹ بنایا گیا ہے وہ غرض اور مقصد پورا نہیں ہوگا اور ہمیں بغیر ملاوٹ کے چیزیں نہیں ملا کریں گی ۔ اسلئے میری رائے میں یہ حد درجہ خطرناک ہے ۔ یہ ایک ایسا فن ہے جس کے لئے دراصل کچھ نہ کچھ qualification چاہئے ہر آدمی یہ کام نہیں کر سکتا ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر سپیکر ایوان سے تشریف لے گئے اور مسٹر ڈپٹی سپیکر سید ظفر علی شاہ کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے) ۔

اب جناب والا ۔ میں تھوڑا سا پہلے اختیارات کے متعلق عرض کرونگا ۔ اختیارات کی شق ۱۷ اور ۱۸ جو یہاں درج ہیں ۔ شق ۱۷ میں ان کے اختیارات ہیں اور شق ۱۸ میں ان کے فرائض درج ہیں ۔ شق ۱۷ میں جو ان کو اختیارات دیئے گئے ہیں وہ کسی گودام میں کسی سکونتی مکان میں.....

Minister of Railways : (Mr. Abdul Waheed Khan) : On a point of order, Sir. With due deference to the Leader of the Opposition, I would say that at this stage he should not go into the details of the fact. He is not talking about principles and is going into details. He should talk about the principles which are involved.

Khawaja Muhammad Safdar : I am going into details I am discussing on the motion by a Minister that the West Pakistan Pure Food (Amendment) Bill 1962, as recommended by the Standing Committee on Education and Health be taken into consideration at once.

جناب والا ۔ میری امنڈمنٹ یہ ہے ۔

That the West Pakistan Pure Food (Amendment) Bill 1962, as recommended by the Standing Committee on Education and Health be circulated for the purpose of eliciting public opinion thereon.

اب جناب والا ۔ میں جب تک اس ایوان کی خدمت میں یہ نہ عرض کرونگا کہ اس بل میں کیا کیا پنہاں ہے اور کون کون سی چیزیں پوشیدہ ہیں اور کن کن کی طرف نگاہ دوڑانی لازمی ہے .....

Haji Gul Hassan Maughi : Point of order. Sir, there is no quorum.

Mr. Deputy Speaker : The House is adjourned for fifteen minutes.

(*The Assembly then adjourned for fifteen minutes*)

(*The Assembly met again at* 1-00 *p.m. of the clock. Mr. Deputy Speaker Syed Zafar Ali Shah, in the chair*)

Mr. Deputy Speaker : Khawaja Muhammad Safdar was speaking on his amendment to the motion that the West Pakistan Pure Food (Amendment) Bill 1962 be taken into consideration atonce.

A Member : He is absent.

Mr. Deputy Speaker : The question is:

That the West Pakistan Pure Food (Amendment) Bill 1962, as recommended by the Standing Committee on Education and Health be circulated for the purpose of eliciting opinion thereon.

(*The Motion was lost*)

Mr. Deputy Speaker : There is an other amendment by Mian Muhammad Akbar. As Mian Sahib is not present this amendment lapses.

The question is :

That the West Pakistan Pure Food (Amendment) Bill 1962, as recommended by the Standing Committee on Education and Health be taken into consideration at once.

(*The motion was carried.*)

Mr. Deputy Speaker : The House will now take up clause by clause consideration of the Bill.

(*Clause* 2)

Mr Deputy Speaker : The question is—

That clause 2 stand part of the Bill.

(*The motion was carried*)

(*Clause* 3)

Mr. Deputy Speaker : There are certain amendments to this clause by Chaudhri Muhammad Ibrahim. He may move his amendment.

Chaudhri Muhammad Ibrahim : Sir I move—

That in clause 3 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Education and Health, in line 1 of the proviso to proposed section 10 of the West Pakistan Pure Food Ordinance, 1960 (West Pakistan Ordinance VII of 1960), between the words 'sold' and under, the following words be inserted, namely ;—

"from an open or sealed package unless the same has been coloured with an easily recognisable edible colour, and."

میں یہ عرض کرونگا کہ یہ ایک بہت ہی ضروری ترمیم ہے اگر حکومت کی فی الواقع یہ نیت ہے کہ اس قانون سے وہی مقصد حاصل کیا جائے جس کے لئے یہ بنایا جا رہا ہے تو میری گذارش ہے کہ ملاوٹ کو نمایاں کر دیا جائے تاکہ ہر عام آدمی ملاوٹ کو سمجھ سکے اور ملاوٹ کرنے والے کو بھی معلوم ہو کہ وہ اپنا کار و بار اس طرح سے نہیں چلا سکیگا۔ جب آپ کو معلوم ہوگا کہ آپ کی اشیاء میں کس قسم کی ملاوٹ ہے تو آپ بخوبی پہچان سکیں گے لیکن اگر کاروباری لوگوں نے اپنی چیزوں کو اصل اشیا کے مشابہ رکھا تو عام آدمی کے لئے پہچاننا مشکل ہو جائیگا۔ میری ترمیم یہ ہے کہ ایسی چیزوں میں جن میں ملاوٹ کی جا سکتی ہے کوئی رنگ دیا جائے تاکہ انجان سے انجان آدمی پہچان سکے کہ اس میں ملاوٹ ہو چکی ہے۔ اور دوکاندار کو ناجائز نفع حاصل کرنے کی جرأت نہ ہو۔ میں نہیں سمجھ سکا کہ اس معاملہ میں مخالفت کی کیا کوئی معقول وجہ ہو سکتی ہے سوائے اس کے کہ چند سرمایہ دار لوگوں کو پالنے کا مقصد ہو یا ان کے کاروبار کو فروغ دینے کا مقصد ہو۔ میرے خیال میں اگر کوئی وجہ ہو سکتی ہے تو یہی ہو سکتی ہے کہ باہر کی دنیا کو تسلی دیں کہ ہم اپنی پبلک کے مفاد اور صحت کے متعلق

سوچ رہے ہیں ۔ اگر حکومت سچ مچ اپنے ارادے کی تکمیل اس طرح کرنا چاہتی ہے تو میری نگاہ میں یہ ترمیم بے حد ضروری ہے ۔

اگر حکومت کا مقصد ایک طرف سرمایہ داروں کو پالنا نہیں اور دوسری طرف رشوت کو فروغ دینا نہیں تو اس ترمیم کو قبول کر لینا چاہئے ۔ آخر ایسے قوانین بنانے کا فائدہ کیا ہے ۔ جس سے اصل مطلب اور مقصد حاصل نہیں ہو سکتا ۔ اس سلسلے میں میں ایک میٹنگ کا حوالہ دیتا ہوں جس میں کچھ اعتراضات کئے گئے تھے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر—آپ اپنی ترمیم کے متعلق ہی بولیں ۔

چودھری محمد ابراھیم—میں صرف یہ عرض کرونگا کہ اگر آپ میری ترمیم کو منظور نہیں کرینگے تو یہ میں سمجھونگا کہ آپ کا مقصد صرف کارخانہ داروں اور بناسپتی گھی کے کاروبار کرنے والوں کو پالنا ہے اس کے سوا اور کوئی مقصد نہیں ہو سکیگا۔ ایک طرف تو ان کو فائدہ پہنچیگا دوسری طرف ان لوگوں کو فائدہ پہنچیگا جن کے ہاتھ میں اس کام کی inspection ہو گی ۔ جب سرکاری اہل کار معائنہ کریں گے تو وہ لوگوں کو تنگ کریں گے ۔ میں مختصر طور پر اس میٹنگ کی کارروائی پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ اس میٹنگ میں یہ بات واضح کی گئی کہ تمباکو انسپکٹر نے تمباکو فروشوں سے یوں خطاب کیا یہاں دوسرے مقامی افسر موجود ہیں ۔ ان میں فوڈ انسپکٹر ۔ ناپ تول کے انسپکٹر ۔ سینٹری انسپکٹر ۔ چنگی محصول کے انسپکٹر ان اہل کاروں کے ماہانہ مقرر ہیں ۔ آپ لوگوں نے اگر ایسا ہی ماہانہ تمباکو انسپکٹر کا مقرر نہ کیا تو آپ کو اس کا خمیازہ بھگتنا پڑے گا ۔

Minister for Health : Sir has it got any relevancy to the amendment ? He is talking about the tobacco meeting Sir.

چودھری محمد ابراھیم—جناب والا ۔ جب کوئی انسپکٹر مقرر ہوتا ہے تو اس کا ماہانہ مقرر ہو جاتا ہے ۔

Minister for Health : That is not the question. Here the question is that some colour should be mixed with vanaspati so that it should be

recognisable. There is no question of appointing anybody Sir. That is a different amendment.

Mr. Deputy Speaker : Is this clause related to the powers of the investigating authority ?

چودھری محمد ابراھیم—میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اگر ملاوٹ کو آسانی سے شناخت نہ کیا جا سکا تو مختلف سرکاری طبقے عوام کا خون چوس لیں گے ۔

جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے اگر آپ نے اس ترمیم کو قبول نہ کیا تو بناسپتی گھی بنانے والے کارخانہ دار اور دوسرے لوگ چیزوں میں ملاوٹ کریں گے ۔ نیز سرکاری اہل کاروں کو عوام کا خون چوسنے کا بہانہ مل جائیگا ۔ یہ ترمیم بالکل relevant ہے ورنہ جو لوگ ملاوٹ کو چیک کرنے کے لئے مقرر ہوں گے ان کی پھر چاندی ہو جائیگی ۔

میں سمجھتا ہوں کہ اگر فی الواقع آپ یہ چاہتے ہیں کہ کھانے پینے کی چیزوں خصوصاً گھی میں کوئی ملاوٹ نہ ہو تو میری ترمیم کے مطابق ان میں کوئی غذائی رنگ ملا دیا جائے جس سے ہر شخص اصل اور نقل میں پہچان کر سکے ۔ میں حیران ہوں کہ آپ کو اس میں کیا اعتراض ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

> That in clause 3 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Education and Health, in line 1 of the proviso to proposed section 10 of the West Pakistan Pure Food Ordinance 1960 (West Pakistan Ordinance VII of 1960), between the words 'sold' and 'under' the following words be inserted, namely :—
>
> 'From an open or sealed packeage unless the same has been coloured with an easily recognisable edible colour, and"

Minister of Health : Opposed.

Khawaja Muhammad Safdar : No one else is to speak ? He is giving his reply. . . What about other gentlemen who want to speak on it ?

Mr. Deputy Speaker : You may.

Khawaja Muhammad Safdar : I don't want to speak. The Minister should speak afterwards.

Mr. Deputy Speaker : I think let the Minister speak about it.

وزیر صحت (مسٹر عبدالقادر منجرانی)—جناب والا ۔ میرے دوست چودھری صاحب نے یہ کہا ہے ۔ کہ یہ جو بناسپتی loose form میں بیچی جائیگی ۔ تو اس میں کوئی ایسا colour ملایا جائے ۔ کہ جس سے یہ پتہ چلے ۔ کہ یہ بناسپتی ہے ۔ اور میرے دوست نے تو یہ کہہ دیا ۔ کہ اس colour سے یہ فائدہ ہوگا ۔ کہ جو آدمی purchase کرینگے ۔ ان کو معلوم ہو جائیگا ۔ کہ اس میں بناسپتی ملا ہوا ہے ۔ اس لئے وہ جو فوڈ انسپکٹر ہیں ۔ ان کا اتنا اثر نہ ہوگا ۔ لیکن میرے دوست نے یہ suggest نہیں کیا ہے ۔ کہ کونسا colour ہونا چاہئے میرا کہنا ہے کہ اس وقت جن کارخانوں میں بناسپتی بنتا ہے ۔ اس میں تلوں کا تیل پانچ فیصدی ملایا جاتا ہے ۔ اور اس کے لئے کہ یہ distinguishable ہو اس کی شناخت یہ ہے کہ اس میں نمک کا تیزاب اور شکر لا کر ملائیں ۔ تو اس کا رنگ بدل جائیگا ۔ اور اس سے معلوم ہو جائیگا کہ اس میں پانچ فیصد تیل ملا ہوا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر—یعنی بگلے کے سر پر موم رکھ کر پکڑنا ہے ۔

وزیر صحت—اس لئے کہ اسوقت تک کوئی بھی ایسا colour نہیں نکلا ہے ۔ کہ جو ملایا جائے ۔ اور اسکا اثر اچھا ہو۔ اسوقت جو بھی colours ہیں ۔ وہ اگر ملائے جائیں گے ۔ تو اسکا یہ effect ہوگا ۔ کہ یہ زہر ہو جائیگا ۔ اور وہ پبلک کے لئے اور food کے لئے بالکل ناقص ہوگا ۔ اسلئے میں اسے oppose کرتا ہوں ۔ کہ یہ colour نہ ملایا جائے ۔ کیونکہ یہ انسان کے کھانے کے قابل نہیں ہوگا ۔

چودھری عبدالرحیم— آپ کی وساطت سے وزیر صحت صاحب سے عرض کروں گا ۔ کہ انہوں نے کہا ہے ۔ کہ کوئی ایسا colour نہیں ہے ۔ جو اس میں ملایا جائے تو وہ مضر نہ ہو ۔ میں کہتا ہوں کہ اگر یہ زرد رنگ کا colour ملا دیا جائے تو یہ مفید ہو گا ۔

Mr. Deputy Speaker : It is not only a matter of ghee but there are also other things which are covered by it.

The question is—

That in clause 3 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Education and Health, in line 1 of the proviso to proposed section 10 of the West Pakistan Pure Food Ordinance 1960 (West Pakistan Ordinance VII of 1960), between the words 'sold' and under,' the following words be inserted, namely :—

"from an open or sealed package unless the same has been coloured with an easily recognisable edible colour, and"

(The motion was lost)

Khawaja Muhammad Safdar : There is another amendment to this effect by Mr. Hamza.

Mr. Deputy Speaker : It is identical to the amendment moved by Chaudhri Muhammad Ibrahim.

Khawaja Muhammad Safdar : But, Sir, he must be given a chance to speak on it.

Mr. Deputy Speaker : But when it was asked whether anybody wanted to speak he did not stand up.

Khawaja Muhammad Safdar : As amendment is standing in his name and he should be given a chance to speak.

Mr. Deputy Speaker : Yes, Mr. Hamza, make out your point.

Mr. Hamza : Sir, I beg to move :

That in clause 3 of the bill, as recommended by the Standing Committee on Education and Health, in line 1 of the proviso to proposed section 10 of the West Pakistan pure food ordinance 1960 (West Pakistan Ordinance VII of 1960,, between the words 'sold' and 'under', namely :—

"from an open or sealed package unless the same has been coloured with an distinguishable edible colour, and"

جناب سپیکر ۔ جیسا کہ آپ کو علم ہے ۔ کہ گھی کی ملاوٹ کے واقعات اتنے عام ہو گئے ہیں کہ یہ خالص حالت میں عام صارفین کو میسر نہیں آتا اس لئے نہایت ضروری ہے ۔ کہ ہم کچھ ایسے اقدامات کریں ۔ جس سے کہ آسانی سے بناوٹی اور اصلی گھی کو پہنچانا جا سکے ۔ کہ جہاں تک ہمارے pure food انسپکٹرز کے sample لینے کا تعلق ہے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر— یہ تو اس تحریک کے متعلق نہیں ہے ۔ آپ اس Amendment کے متعلق بولیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ انکے sample لینے کا جو طریقہ کار ہے۔ وہ اکثر اوقات رشوت کا شکار ہونے کی وجہ سے ٹھیک نہیں

ہو تا۔ اسلئے اگر گورنمنٹ colour دیکر Distinguishable بنا دے۔ تو ملاوٹ کے امکانات بہت کم ہو جائیں گے۔ کیوں کہ عام لوگ اسے آسانی سے پہنچان لیں گے۔ موجودہ حالت میں لوگ اسے آسانی سے پہنچان نہیں سکتے۔

میں عرض کروں گا ۔ کہ اگر میری ترمیم گورنمنٹ Benches یا ہماری گورنمنٹ منظور کرے ۔ اگر ان کا منشاء یہ ہے ۔ کہ اسے Statute Book پر لانے کے بعد عام لوگوں کو زندگی میں خالص چیزیں میسر آئیں ۔ اگر ان کی نیت صحیح ہے ۔ تو میں ان سے امید کرتا ہوں ۔ کہ وہ میری اس ترمیم کو منظور فرمائینگے۔ بلکہ اسے خوش آمدید کہیں گے ۔ اور اس کو قبول کرنے سے سب سے بڑی چیز جو مفید ہو گی ۔ وہ یہ ہے کہ ہمارے ہاں جو عملہ چیکنگ کے لئے مقرر کیا جاتا ہے ۔ وہ چون کہ رشوت حاصل کر لیتا ہے ۔ وہ مل جل کر sample بھرتے ہیں ۔ یا کم بھرتے ہیں ۔ یا sample جو بھرے جاتے ہں ۔ تو بعض اوقات جب وہ Laboratories میں جاتے ہیں ۔ ملاوٹ کرنے والے وہاں جا کر Laboratories کے کار کنان سے مل کر اپنے sample پاس کرا لیتے ہیں ۔ جیسا کہ وزیر صاحب کو پتہ ہو گا کہ ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر صحت۔ مجھے بھی معلوم ہے ۔ آپ کو بھی معلوم ہے ۔ آپ یہ تو بتائیں ۔ کہ کونسا colour ملائیں ۔ ترمیم تو صرف یہ ہے کہ

..... colour should be mixed with banasapti. Let him come out with suggestions.

مسٹر حمزہ— ان کو آپ سمجھائیے ۔ کہ مجھے Interrupt نہ کریں ۔ پہلے میں عرض کر لوں ۔ اس کے بعد جو کہنا ہو ۔ وہ کہیں ۔ میں کہہ رہا تھا کہ Edible colour موجود ہیں ۔ وہ اس کے لئے مخصوص کریں ۔ جس کو کہ عام انسان آسے پہنچان سکے ۔

(*c*) Yes. Only one Forest Ranger who was promoted to W. P. F. S. II and deputed to WAPDA had refused the promotion stating that he could not go out of his Region.

(*d*) Yes. Their applications are being considered by the Government.

(*e*) Yes.

(*f*) Yes. No officer from Quetta Region was deputed to WAPDA because that Region was deficit in officers and no suitable officers were available. It is not correct that a large number of officers from Hyderabad Region were deputed to WAPDA. Only three Class II Officers out of a total of nine Gazetted Forest Officers serving in WAPDA were drawn from Hyderabad Region.

(*g*) The pay to the officers has to be allowed by the WAPDA. This Department is, therefore, not concerned with this part of the question.

بابو محمد رفیق۔ کیا یہ صحیح ہے کہ حکومت نے کوئٹہ و قلات ڈویژن میں افسروں کی عام recruitment نہیں کی اور سٹاف کو promotions دے دی ہیں ۔ مگر ان کا کوٹا at par نہیں ہے ۔ میں یہ دریافت کرتا ہوں کہ کوئٹہ کے علاقہ جات کو کیوں ignore کیا جا رہا ہے ۔

مسٹر سپیکر۔ اس کے لئے fresh notice دیجئے ۔

مسٹر محمد خاں جنیجو۔ کیا یہ حقیقت ہے ۔ کہ سروس رولز کے مطابق جب کسی افسر کو اپنے محکمے سے ٹرانسفر کیا جاتا ہے ۔ تو اسکی consent لینا لازمی ہے ۔ تو اس معاملے میں ان سے consent کیوں نہیں لی گئی ؟

وزیر زراعت و آبپاشی (ملک قادر بخش)۔ اسکا تو جواب دیا جا چکا ہے ۔ کہ ہم نے consent نہیں مانگی تھی ۔ لیکن for the information of the house میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ جتنے ایسے محکمے ہیں ۔ مثلاً A.D.C ہے ۔ واپڈا ہے اور کوارپریشن سائیڈ پر جو ہے ۔ انکے Parent Department سے یعنی Agriculture ڈیپارٹمنٹ یا اریگیشن ڈیپارٹمنٹ سے وہ آدمی مانگتے ہیں ۔ آخر foreigners یا غیر ملکی آدمی تو نہیں آئینگے ۔ یہیں کے آدمی ان کو دینے ہوتے ہیں ۔ یہ National Importance کا کام ہے ۔ اس لئے ہم چاہتے ہیں ۔ کہ اچھے سے اچھا افسر دیا جائے ۔ اور وہ choice کرتے ہیں ۔ اور میں ان افسران کا جو deputation پر جاتے ہیں ۔ شکریہ ادا کرتا ہوں کہ وہ وہاں جاکر قوم کی خدمت بہترین طور پر کر رہے ہیں ۔ اگر کوئی hard case آجائے ۔ جس میں ہم سمجھیں کہ اس کو تکلیف ہوگی تو اسے individual basis پر consider کر لیتے ہیں ۔ اور انہیں نہیں جانے دیتے ہیں ۔ ابھی ابھی گل محمد نے ہمیں کچھ اپنی تکالیف بتلائیں ۔ کہ میں واپڈا میں نہیں جاسکتا ۔ تو ہم نے اسے withdraw کر لیا ہے ۔ اور اریگیشن میں لے لیا ۔ یہ صرف individual basis پر ہوسکتا ہے ۔

مسٹر محمد خاں جنیجو۔ آپ نے جیسا کہ کہا ہے ۔ کہ کوئٹہ ریجن سے ہم نے کوئی بھی افسر واپڈا کو نہیں دیا ۔

کیونکہ وہاں پہلے ہی سٹاف کم ہے۔ اور حیدر آباد ریجن سے کچھ سٹاف واپڈا کو دیا ہے۔ ان کو آپ واپڈا میں بھیج کر اور دوسرے ریجن سے پروموشن کر کے افسروں کو سندھ میں پوسٹ کیا ہے۔ کیا یہ ممکن نہ تھا۔ کہ آپ پہلے ہی وہاں جو لوگ دوسرے ریجن میں تھے۔ انہیں آپ direct واپڈا کو بھیجتے۔ اور جو پہلے اس ریجن میں کام کر رہے ہیں۔ اس کو وہاں پر کام کرنے دیتے۔

وزیر زراعت و آبپاشی—ہم نے ہر ریجن سے آدمی واپڈا میں بھیجے ہیں۔ اور ہر ریجن کے آدمی سندھ میں بھیجے ہوئے ہیں۔ Poor fellows are not willing, but they are serving. کم از کم میرے محکمے میں یہاں region wise تعصب نہیں ہے۔

حاجی گل حسن منگھی—اس appointment کے سلسلے میں جیسا کہ عرض کیا گیا ہے۔ کہ willingness اور unwillingness کی کچھ مجبوریاں ہیں۔ یہ جتنے سندھ سے واپڈا میں افسر گئے ہیں۔ ان کو equal treatment نہیں مل رہا ہے۔ اور سب افسر جانے کے لئے تنگ بیٹھے ہیں۔

وزیر زراعت و آبپاشی— یہ بالکل غلط ہے۔

حاجی گل حسن منگھی—یہ آپ کو معلوم ہے کہ جتنے افسر جہاں بھی ہیں۔ وہ کہتے ہیں۔ کہ foreigner consultants کی شکل ہمیں اچھی نہیں لگتی۔

Mr. Speaker : This is a hypothetical question.

وزیر زراعت و آبپاشی—یہ foreigners آپ کے پاس آئے ہوں گے۔ میرے پاس کبھی نہیں آئے۔

حاجی گل حسن منگھی—پنجاب سے جتنے آفسر واپڈا میں گئے ہیں۔ ان کو سپیشل الاؤنس ملتا ہے۔ اور سندھ سے جو افسر گئے ہیں۔ وہ الاؤنس ان کو نہیں دیا جاتا۔

وزیر زراعت و آبپاشی—جیسے آپ سپیشل کیس لکھ کر بتائیں - کہ ایک ہی cadre ایک ہی پوسٹ اور ایک ہی ذمہ داری پر کچھ آدمی الاؤنس لے رہے ہیں - اور اسی طرز کی اسی cadre میں اس کام پر سندھی کو نہیں دے رہے ہیں - تو میں دیکھ لونگا - کہ وہ at par ہو جائے -

میجر سلطان احمد خان—معزز وزیر صاحب کو معلوم ہونا چاہئے - کہ یہ regional تعصب اور victimization اصل میں ان اداروں میں جاری ہے - کیا وہ اس کو دور کرنے کے لئے یہ طریقہ کار اختیار نہیں کرسکتے - کہ ریجنل کوٹہ مخصوص ہوسکے -

وزیر زراعت و آبپاشی— اگر آپ حضرات یہ چیزیں پیدا نہ کریں - تو ہم سارے پاکستان کو پاکستان سمجھتے ہیں - بعض اوقات اپوزیشن سے ایسی چیزیں پیدا کی جاتی ہیں - ہر روز - میں نام نہیں لیتا کسی ممبر کا -

Dr. Mrs. Ashraf Abbasi: Sir in (g) it has been asked whether it is a fact that special pay has been paid to some deputationists and others have been denied. If you go into details of this question, you will know... ...

تو اس سوال کا جواب آپ نے دیا ہے - کہ واپڈا کے متعلق ہے - اور اس کا جواب نہیں ہے - If you would go into details of this answer you will know کہ کس کو یہ special pay ملتی ہے - اور کس کو نہیں ملتی -

وزیر زراعت و آبپاشی— اس لئے عرض کیا ہے - کہ یہ سوال واپڈا کے متعلق تھا - اور کوئی individual cases میرے نوٹس میں لائے جائیں - میں تو Agriculture منسٹر کے طور پر اٹھا ہوا ہوں - اگر سوال اریگیشن یا پاور کے طور پر پوچھا جائے تو میں بتا دوں گا -

ڈاکٹر بیگم اشرف عباسی— اس کا جواب کوئی دے گا -

وزیر زراعت و آبپاشی—میں دوں گا -

ڈاکٹر بیگم اشرف عباسی ۔ کب دیں گے ؟

وزیر زراعت و آبپاشی ۔ جب آپ fresh سوال پوچھینگے ۔

ڈاکٹر بیگم اشرف عباسی ۔ fresh سوال کیوں۔ سوال تو already موجود ہے کہ special pay دینے کے لئے کیا authorities یا حکومت کے پاس کوئی پالیسی بھی ہے ۔ یا جس کو آئے ۔ اس کو دیدیں ۔

وزیر زراعت و آبپاشی ۔ جہاں تک سپیشل پے کے رولز کا تعلق ہے ۔ اگر آپ چاہیں کہ جواب دوں ۔ تو previous نوٹس کے بغیر جواب نہیں دیا جا سکتا ۔

In certain cases there are special pays, in certain cases there are no special pays.

ڈاکٹر بیگم اشرف عباسی ۔ اگر رولز نہیں ہیں ۔ تو آپ بنائیے ۔ کیونکہ ان اتھارٹیز میں کوئی رولز نہیں ہیں ۔

وزیر زراعت و آبپاشی ۔ اگر آپ پوچھیں تو بتا دونگا۔

Mr. Muhammad Khan Junejo: Sir since WAPDA is working under the Agriculture Department, why is it not possible for the Minister, Malik Qadir Bakhsh, to give us a definite reply ?

Mr. Speaker: There is a separate day fixed for irrigation.

ڈاکٹر بیگم اشرف عباسی ۔ اس (d) کا جواب کسدن دیا جائیگا ؟

Mr. Speaker: I think Minister for Food and Agriculture will be able to reply on the day fixed for Irrigation and Power.

CONTROL ON THE SALE OF CHARCOAL IN KARACHI

*2459. **Mr. Muhammad Khan Junejo:** Will the Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) the date on which the sale of charcoal was controlled in Karachi ;

(*b*) the reasons for continuing the control for such a long time ;

(*c*) whether it is a fact that the control of charcoal does not extend to the whole of Karachi ; if so, the area to which this applies ;

(*d*) whether similar control is in force in any other part of the Province; if not, reasons therefor ;

(*e*) whether it is a fact that the consumption of charcoal in Karachi has decreased to 1/3rd of the consumption in 1954, if so, reasons therefor ;

(*f*) whether it is a fact that many charcoal depot-holders in Karachi have surrendered their licences ;

(*g*) whether it is also a fact that the Chief Conservator of Forests, has recommended de-control of charcoal ;

(*h*) if answer to (*d*) to (*g*) above be in the affirmative, whether Government intend to de-control the sale of charcoal.

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmad Gill) : (*a*) March 1944.

(*b*) Control on price and distribution ensures supply of good quality charcoal at reasonable and fair prices to the maximum number of consumers.

(*c*) Yes, It extends in the Karachi District only to the Municipal and Cantonment limits, Manora and Mauripur.

(*d*) No. Karachi is the biggest consuming centre and the commodity is in short supply.

(*e*) The consumption has not decreased to 1/3rd. There is, however, some decrease in consumption due to use of alternate fuels.

(*f*) Licences have been surrendered in some cases.

(*g*) The position is being ascertained.

(*h*) Question does not arise.

مسٹر محمد خان جینجو—جناب والا ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا تھے ۔ کہ کراچی شہر میں یہ situation ہے ۔ کہ کراچی municipal limits میں تو کنٹرول ہے ۔ مگر باہر کنٹرول نہیں ہے ۔ تو یہ کیا وجہ ہے ۔ یا تو سارے شہر پر کنٹرول لگائیے ۔ یا سارے شہر سے کنٹرول اٹھا لیں ۔

وزیر زراعت (ملک قادر بخش)—جیسا کہ میں نے کہا ہے ۔

"Yes, it extends in the Karachi District only to the municipal and cantonment limits, Manora and Mauripur."

تو یہ تقریباً کراچی شہر ہی سمجھئے ۔ آپ کیا چاہتے ہیں ۔ کہ اس کو اور extend کریں ۔

مسٹر محمد خان جینجو—یا تو آپ سارے کراچی پر لگائیں ۔ یا سارے کراچی سے lift کریں ۔ ملیر اور ڈرگ روڈ پر وہاں کنٹرول ہے ۔ اور یہاں کنٹرول نہیں ہے ۔ یہ کہاں کا انصاف ہے ۔

وزیر زراعت—آپ کا آئیڈیا کیا ہے ۔ آپ کیا چاہتے ہیں ۔ آپ اس کو extend کرنا چاہتے ہیں ۔ کہ وہاں بھی کنٹرول ہو جائے ۔

مسٹر محمد خان جنیجو—میرا آئیڈیا یہ ہے ۔ کہ آپ نے جو کراچی میں کنٹرول نافذ کیا ہے.....

وزیر زراعت—جہاں ضرورت محسوس کی وہاں کنٹرول لگا دیا ۔ اب اگر آپ چاہتے ہیں ۔ کہ کسی اور جگہ بھی لگا دیں ۔ اور ہم کول ڈپوز رکھیں ۔ تو میں اس کے لئے تیار ہوں ۔

I am prepared to consider that.

Mr. Speaker : You may give the details about it.

Minister for Agriculture : It is not a cross-examination of a Minister but it is a supplementary.

حاجی گل حسن منگھی—ابھی کراچی میں سوئی گیس بھی ہے ۔ اور اتنی زیادہ قیمت بھی نہیں ہے ۔ پھر چار کول پر کنٹرول رکھنے کی کیا ضرورت ہے؟

وزیر زراعت—میں یہ مانتا ہوں کہ جس شہر میں منگھی صاحب رہتے ہیں ۔ وہاں سوئی گیس سے کام چل سکتا ہے ۔ لیکن بار بار کہا گیا ہے ۔ کہ وہاں کچھ غریب لوگ بھی رہتے ہیں ۔ مزدور بھی رہتے ہیں ۔ مڈل کلاس لوگ بھی رہتے ہیں ۔ اور lower طبقہ بھی رہتا ہے ۔ اور سوئی گیس کے لئے محلات نہیں ہیں ۔

حاجی گل حسن منگھی—کراچی میں charcoal پر جو کنٹرول ہے اس سے غریبوں کو تکلیف ہے اگر charcoal پر سے کنٹرول اٹھا لیا جائے تو اس سے بہت آسانی ہو جائیگی ۔ کیونکہ سوئی گیس غریب استعمال نہیں کرتے ۔

وزیر زراعت—اگر آپ کا یہ خیال ہے تو آپ درخواست دے دیں لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ آپ clearly فرمائیں کہ آپ کیا چاہتے ہیں ۔ آیا کوئلہ وہاں زیادہ چاہتے ہیں کم چاہتے ہیں کنٹرول اٹھانا چاہتے ہیں تو اس کے فوائد مجھے دفتر میں آکر بتائیے تو میں اس پر غور کرونگا ۔

ADMINISTRATION OF LAHORE ZOO

2466. Maulana Ghulam Ghaus: Will the Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Lahore Zoo was previously under the administrative control of the Deputy Commissioner, Lahore;

(*b*) whether it is a fact that the control of the said Zoo has been transferred to the Animal Husbandry Department, if so, from which date;

(*c*) the pay-scales of the Clerical Staff in the said Zoo at the time of their appointment and at present;

(*d*) whether the pay-scales of the Clerical staff have been increased, if so, the authority under whose orders the increase was made;

(*e*) whether the Clerical staff was got medically examined by the Medical Board, at the time of appointment;

(*f*) whether it is a fact that the coolies, gardeners and sweepers of the said Zoo are recruited through the employment Exchange and the clerical staff is appointed direct if so, the reasons therefor;

(*g*) whether it is a fact that a post of Storekeeper has been created in the said Zoo, if so, (*i*) reasons therefor, (*ii*) the name of the person appointed against the said post, and (*iii*) the authority under whose orders his appointments was made;

(*h*) whether it is a fact that Mr. Noor Hussain, Clerk and Abdullah Khan, Chowkidar were caught red-handed on 21st May 1961 embezzling the amount collected as gate money;

(*i*) whether it is a fact that Mr. Noor Hussain Clerk was reinstated and Abdullah Khan, Chwkidar, was dismissed, if so, the reasons therefor;

(*j*) whether it is a fact that another clerk, Mr. M. Afzal was also caught red-handed on the same charge in 1961;

(*k*) whether it is a fact that one more Clerk, Mr. Shaukat Mahmood who was also a student of the veterinary College misappropriated the amount collected from the Elephant-ride on 13th November 1962 and he was forced to pay Rs. 20/ as penalty and resign;

(*l*) whether it is a fact that during the short span of one year 150 animals of the said Zoo died;

(*m*) if answer to (*l*) above be in the affirmative, whether Government are prepared to consider the advisability of entrusting the administration of the said Zoo again to the Deputy Commissioner, Lahore?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmad Gill): (*a*) Yes.

(*b*) Yes, from 16-3-1962.

(*c*) A statement giving the information is laid on the table.

(*d*) No.

(*e*) No.

(*f*) No. Recruitment through Employment Exchange is not necessary according to the constitution of Zoo Advisory Committee.

(*g*) Yes. (*a*) to maintain record of perishable and unconsumeable articles.

(*b*) to arrange supplies of daily ration through the contractor, receive daily supplies and to maintain their record.

(*c*) to maintain record of exhibits.

(*ii*) Mr. Muhammad Din.

(*iii*) Chairman Zoo Advisory Committee appointed the Store-Keeper which was later confirmed by the Committee.

(*h*) Yes.

(*i*) Yes. On the recommendation of Anti-Corruption Department the case was departmentally dealt with. Deputy Commissioner Lahore the then Chairman of the Zoo Advisory Committee appointed a first class Magistrate for the enquiry. The clerk was reinstated on the recommendation of the enquiry officer.

(*j*) Yes.

(*k*) No. In his application Mr. Shaukat Mahmood had stated that he had discontinued his studies in the College of Animal Husbandry from 2nd Year. He was appointed on trial. His conduct was not found satisfactory. He removed tickets from the counter-file. The amount was realised from him and he resigned ;

(*l*) 128 birds and animals died from 16-3-1962 to 15-3-1963, against 171 during the corresponding period of the previous year.

(*m*) No.

STATEMENT SHOWING THE PAY-SCALES OF CLARICAL STAFF

(*i*) Head-clerk Rs. 120-8/10-250.

(*ii*) Gate Clerk Rs. 60-4-100/5-120.

(*iii*) Typist-cum-Record Clerk Rs. 60-4-100/5-120.

(*iv*) Store-keeper Rs. 60-4-100/5-120.

There has been no change in the pay-scale.

مولانا غلام غوث—یہ محکمہ ڈپٹی کمشنر کی تحویل میں کیوں نہیں دیا جائیگا ؟

وزیر زراعت (ملک قادر بخش)—مولانا اس کی ایڈوائزری کمیٹی ہے جس کے ذریعے یہ کام ہو رہا ہے اس کا ڈپٹی کمشنر چیئرمین ہے اور

کچھ ہمارے محکمہ کے بھی لوگ ہیں اس لئے ڈپٹی کمشنر کی تحویل میں دیا گیا ۔ اس کے علاوہ میں عرض کروں گا کہ آپ کی تحویل میں بھی یہ محکمہ نہیں دیا جائیگا اور ظاہر ہے کہ کسی نہ کسی ذمہ دار افسر کی تحویل میں یہ محکمہ ہوگا ۔ مولانا آپ کوئی خاص اعتراض فرمائیں کہ آپ کمشنر یا منسٹر کی تحویل میں اس محکمہ کو دینا چاہتے ہیں ۔ آپ کوئی خاص بات کریں ۔

مولانا غلام غوث—یہ کیسا انتظام ہے کہ ایک ایک سال میں ڈیڑھ ڈیڑھ سو جانور مر جاتے ہیں ؟

وزیر زراعت—اس کا جواب تو دے دیا ہے کہ گذشتہ سال ۱۷۰ جانور مرے تھے لیکن اس سال ۱۲۸ مرے ہیں اور کمی ہو گئی ۔

میاں محمد اکبر—محترم وزیر صاحب نے بتایا ہے کہ پہلے سال ۱۷۰ جانور مرے اور دوسرے سال میں ۱۲۸ جانور مرے۔ کیا میں ان کی خدمت میں یہ سوال کر سکتا ہوں کہ اس سے پیشتر گذشتہ سالوں میں کتنے جانور مرے ۔

Mr. Speaker : This is a fresh question.

Mian Muhammad Akbar : This is not a fresh question, Sir.

Mr. Speaker : You cannot challenge my ruling.

میر محمد مراد خان جمالی—جتنے جانور مرے ہیں یہ جانور تھے اس لئے کچھ کہہ نہ سکے لیکن آخر یہ ذمہ داری کس پر آتی ہے محکمہ حیوانات پر یا کسی اور پر ؟ کیونکہ اگر وہ انسان ہوتے تو یہاں آ کر مظاہرہ کرتے ۔

وزیر زراعت—باہر کا اگر کوئی جانور بھی اسمبلی میں آ جائے تو ہم اس کی عزت کریں گے ۔

JURISDICTION OF LAHORE FOREST REGION.

*2469. **Raja Ghulam Sarwar :** Will the Minister of Agriculture be pleased to state the names of Districts and Divisions included in the jurisdiction of Lahore Forest Region ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmad Gill): Lahore Region of the Forest Department includes Lahore, Rawalpindi and Sargodha Divisions. These Divisions are composed of the following Districts :—

Lahore Division—

Lahore.
Sialkot.
Gujranwala.
Sheikhupura.

Rawalpindi Division—

Rawalpindi.
Campbellpur.
Gujrat.
Jhelum.

Sargodha Division—

Sargodha.
Lyallpur.
Jhang.
Mianwali.

راجہ غلام سرور—کیا یہ درست نہیں کہ ویسٹ پاکستان میں ۱۵ - ریجن ہیں اور انہیں سب سے بڑا ریجن لاہور کا ہے -

وزیر زراعت (ملک قادر بخش)—جی ہاں یہ درست ہے -

راجہ غلام سرور—پنڈی کے گرد و نواح کے جو آپ نے چھہ ضلع بتلائے ہیں ان کے گرد و نواح زیادہ جنگلات نہیں ہیں اور جو آپ نے ۱۲- ڈسٹرکٹ بتلائے ہیں ان میں ۹- فارسٹ ڈویژن پنڈی کے گرد و نواح کے چھ اضلاع میں ہیں -

وزیر زراعت—رقبے کے لحاظ سے تو راجہ صاحب میں کچھ نہیں کہہ سکتا لیکن یہاں تک میں ضرور کہہ سکتا ہوں کہ پنڈی کے ضلعوں میں فارسٹ کی اہمیت زیادہ ہے میں سمجھتا ہوں کہ آپ کے اس سوال کی غرض شاید یہ ہے کہ لاہور ہیڈ کوارٹر کیوں ہے ؟ پنڈی کیوں نہیں ہے - تو اس کے لئے میں یہ عرض کرونگا کہ ۹ ضلع یا ۸ ضلع جس میں سیالکوٹ - شیخوپورہ -

گوجرانوالہ ۔ لاہور ۔ جہنگ ۔ لائلپور ۔ گجرات اور سرگودھا یہ لاہور سے نزدیک پڑتے ہیں ۔ اور ۴ ضلع پنڈی سے نزدیک پڑتے ہیں آج کل مکانوں کی قلت ہے اور سرکاری ملازمین کے لئے رہائش کا انتظام اور نقل و حرکت بہت مشکل ہے ۔ اسلئے ہیڈ کوارٹر ہم نے لاہور رکھا ہے لیکن اگر کسی قدر finances ہوئے اور کام اگر بڑھا تو ہو سکتا ہے کہ ہم اس پر غور کریں لیکن میں کوئی وعدہ نہیں کرتا یہ کام پر منحصر ہے ۔

راجہ غلام سرور—جناب وزیر صاحب نے ارشاد فرمایا ہے کہ پنڈی کے گرد و نواح میں چار اضلاع ہیں ۔ میں آپ کی اطلاع کے لئے عرض کرتا ہوں کہ پنڈی کے گرد و نواح میں ۹ اضلاع ہیں اور ۹ اضلاع میں آپ کے ۱۱ ڈویژن ہیں اگر آپ دوبارہ اپنی رولنگ طلب کریں تو آپ کو وضاحت ہو جائیگی کہ راولپنڈی کے گرد و نواح میں زیادہ جنگلات ہیں ۔ اس کے علاوہ گھوڑا گلی میں پنجاب فارسٹ سکول و رینجر سکول ہیں جن کے تمام اخراجات آمد و رفت کے حکومت پر پڑتے ہیں ۔ اگر اس رینج کو دو حصوں میں تقسیم کیا جائے تو یہ اخراجات بند ہو سکتے ہیں ۔

وزیر زراعت و خوراک—میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ پنڈی رینج کے پاس پاس کے علاقوں میں کافی جنگلات ہیں اور میں ان کی اہمیت کو پوری طرح سمجھتا ہوں باقی رہا اس لمبے چوڑے ڈویژنوں کو دو حصوں میں کر دیا جائے تو یہ غالباً ایک علیحدہ چیز ہے ۔ فائننس کا سوال ہے میں کچھ اس پر comments کر سکتا ہوں اگرچہ میری ہمدردی آپ کے ساتھ ضرور ہیں ۔

میر محمد مراد خان جمالی—یہ غالباً کا لفظ بڑی فراخدلی سے استعمال کیا ۔ معلوم ہوتا ہے کہ ان کی معلومات محدود ہیں ۔

Mr. Speaker: This is no question—

وزیر زراعت و خوراک—یہ جناب امرتسری زبان بول رہے ہیں مجھ کو پتہ نہیں ہے ۔

ایک ممبر—جس تیزی کے ساتھ جنگلات میں اضافہ ہوا ہے کیا حکومت اس کو برقرار رکھنا چاہتی ہے ؟

وزیر زراعت و خوراک—جنگلات کی رفتار اور زیادہ بڑھ جائیگی ۔

راجہ غلام سرور—کس مد سے روپیہ اس میں زیادہ تقسیم کیا جائے گا ۔

وزیر زراعت و خوراک—میں اس کا جواب دے چکا ہوں ۔

Mr. Speaker : The Minister says he will look into it.

LOANS ADVANCED TO CULTIVATORS BY AGRICULTURAL DEVELOPMENT CORPORATION IN QUETTA/KALAT DIVISIONS

*2490. **Babu Muhammad Rafiq :** Will the Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) the total amount of loans advanced to cultivators by the Agricultural Development Corporation in Quetta/Kalat Divisions specially in Loralai, Zhob and Pishin Tehsils of Quetta Division ;

(*b*) amount spent by Agricultural Development Corporation on buying fertilizers during the year 1961-62 in the said Divisions ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmad Gill) : (*a*) the Agricultural Development Corporation is not advancing any loans to the cultivators in Quetta-Kalat Divisions.

(*b*) the fertilizer operations were taken over by the Agricultural Development Corporation in August, 1962 and therefore, the question of spending any money for its purchase during 1961-62 does not arise,

بابو محمد رفیق—کیا کوئی ایسا ادارہ ہے جو اس علاقے کے زمینداروں کو قرضہ دے ؟

وزیر زراعت و خوراک (ملک قادر بخش)—اگر شروع میں سوال یہ کر دیتے تو اچھا ہوتا لیکن میں انفارمیشن منگا سکتا ہوں جناب ۔

مسٹر گل محمد—کیا معزز وزیر صاحب یہ فرمائیں گے کہ کوئٹہ قلات ڈویژن کی درخواستیں اے ۔ ڈی ۔ سی کو دی گئی ہیں ۔ یا نہیں دی گیئں ۔

وزیر زراعت و خوراک—مجھے پتہ نہیں ۔

مولانا غلام غوث—جناب یہ کاشتکاروں کو جو قرضہ دیا جاتا ہے یہ کس ذریعہ سے دیا جاتا ہے ؟

وزیر زراعت و خوراک—ایجنسی کا مطلب ہے آپ کا ؟

مولانا غلام غوث—آپ بڑے بڑے لوگوں کو تقسیم کر دیتے ہیں یہ آپ نے . . . (قطع کلامی)

وزیر زراعت و خوراک—آپ کی معرفت ہم تقسیم نہیں کرانا چاہتے ۔

مولانا غلام غوث—محترم وزیر صاحب جواب دینے سے قاصر ہیں۔

میر محمد مراد خان جمالی—سوال ضمنی۔ کیا بلوچستان پاکستان کا حصہ نہیں ؟

وزیر زراعت و خوراک—یہ تو دوسرے محکمہ کا سوال ہے ورنہ میں بتا دیتا ۔

UNHYGIENIC WHEAT SUPPLIED TO QUETTA/KALAT DIVISIONS

*2491. **Babu Muhammad Rafiq**: Will the Minister of Agriculture and Food be pleased to state :—

(*a*) the acreage of land under cultivation in Quetta/Kalat Divisions, Tehsil-wise, since 1955 to 1962 ;

(*b*) the total requirement of food-grains in the said Divisions, District-wise ;

(*c*) whether it is a fact that these Divisions are not self-sufficient in Food Production and that the Foodgrains, specially wheat, supplied to these Divisions is unhygienic, which causes many stomach diseases ;

(*d*) if answer to (*c*) above be in the affirmative, remedial measures Government have taken or intend to take in this behalf ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmad Gill): (*a*) This part of the question relates to the Revenue Department.

(*b*)

		Tons		
Quetta	...	36,600	,,	The figures include requirements for purposes of food, seed and wastage.
Zhob	...	11,900	,,	
Loralai	...	15,800	,,	
Sibi	...	16,900	,,	
Chaghai	...	5,400	,,	
Kalat	...	44,700	,,	
Kharan	...	19,200	,,	
Mekran	...	5,600	,,	
Total	...	1,56,100	,,	

(*c*) (*i*) The Divisions are not self-sufficient.

(*ii*) It is incorrect that unhygienic wheat is supplied.

(*d*) The Provincial Government issues wheat from its reserves to meet the actual deficit.

Mr. Speaker: The Question Hour is, now, over.

ADJOURNMENT MOTIONS

Looting on Nawabshah-Sakrand Road.

Mr. Speaker: There is an adjournment motion by Haji Abdul Majid Jatoi who wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the Business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of Government to maintain law and order on Nawabshah-Sakrand Road on the night of 28th March, 1963 resulting in a loss of about Rs. 12,000 caused by looting to peaceful citizens of Pakistan travelling by jeep and car on that road.

As repeatedly pointed out every incident of crime cannot form the subject matter of an adjournment motion. As there is nothing to show that Government was expected to do something at the place, not doing of which led to this incident, the motion is clearly out of order and I accordingly rule it out of order.

حاجی عبدالمجید جتوئی—جناب یہ جو لوٹ مار ہوتی ہے کیا اس پر .....

Mr. Speaker: I have given ruling on about 10 such motions. So I cannot waste the time of the House by giving a ruling on the same subject again. Every day every theft will be a subject matter of an adjournment motion. I would have heard the member but hearing does not mean just to go on listening to things which have already been discussed ten times. There were about 10 motions on this very subject and on about nine I have given my opinion. I think it is too much to hear the members again and again on the same subject and give my ruling

حاجی عبدالمجید جتوئی—جناب اگر ten incidents ہوئے ہیں تو اس پر .....

Mr. Speaker: Please no more discussion on it Mr. Jatoi.

دیکھئے جتوئی صاحب آپ تشریف رکھیں ہر دفعہ اس پوائنٹ پر clear رولنگ ہو چکی ہیں - آپ کا یہ آٹھواں نواں ایڈجرنمنٹ موشن ہے اور ہاؤس میں اسی point کے اوپر clear رولنگ ہو چکی ہیں - جہاں کہیں ضرورت بحث مباحثہ کی ہو ہے میں allow کر دیتا ہوں -

نوابزادہ افتخار احمد خان—ایک بد قسمتی یہ ہے کہ کوئی adjournment motion admit نہیں ہوتا ۔ دوسرے آپ نے ہمیں ذبح کرنا شروع کر دیا ہے ۔

مسٹر سپیکر—دیکھئے آپ ''ذبح'' کا لفظ واپس لیں this is very sad otherwise I will have to point out.

نوابزادہ افتخار احمد خان—میں واپس لیتا ہوں ۔

Mr. Speaker : This is no procedure at all.

نواب زادہ افتخار احمد خان—اگر ان کی مخالفت نہ ہو تو کیا حرج ہے ۔

مسٹر سپیکر—اگر آپ ان کو ذبح کرنا سمجھتے ہیں تو جتنی adjournment motions ساٹھ ستر تک آ چکی ہیں بلکہ اسی کے قریب آ چکی ہیں ۔ تو ۸۰ میں سے شائد دو adjournment motions ایسی آئی ہیں ایک تو وہ مسٹر میکناگی کے سلسلہ میں تھی ایک وہ ہے جس کو ۹ دفعہ سننے کے بعد پہلی دفعہ ہی میں نے رول اوٹ آف آرڈر کر دیا ہے ۔ تو پھر اس کا فیصلہ کرنا ذبح کرنے کے مترادف ہے ؟ اگر آپ یہ چاہتے ہیں تو میں نے ۷۸ میں سے ۲۱ کے اوپر رولنگ دی ہے لیکن ۸۰ ایڈ جرن منٹ موشنز میں سے ۲۱ پر میں نے discretionary رولنگ دی ہے میں سمجھتا ہوں کہ وہ clearly out of order ہیں (قطع کلامیاں اور شور)

اگر آپ اس سے بھی satisfied نہیں ہیں تو اپنی discretionary power کے ذریعہ میں خود ہی رولنگ دینا شروع کر دوں ؟

This is discretionary. It is not at all necessary that I should hear on every motion.

کل تک ۸۰ adjournment motions تھیں ان میں سے دو پر میں نے رولنگ دی ہے ۔

حاجی عبدالمجید جتوئی ۔آپ نے تو رولنگ دے دی ہے کیا ہم انگریزوں کے پاس جائیں کیا۔ ہماری جان ملکیت وغیرہ کا بندوبست کچھ نہیں ہو رہا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔جتوئی صاحب سات آٹھ adjournment motions اسی مضمون پر آپ لائے ہیں اور ان کے متعلق آپ کو سنا گیا ہے ۔

Suspension of work on Warsak High Level Canal

Mr. Speaker : Next adjournment motion is from Mr. Gul Muhammad who wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the Business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the suspension of work on Warsak High Level Canal thereby causing great resentment and economic loss to the local inhabitants and the Government.

Minister of Railways (Mr. Abdul Waheed Khan) : Sir, the Member has got some information which is not based on correct facts. But still it is a matter of great importance. The work has not been suspended. It has been slowed down due to the fact that the contractors are asking for higher charges. Therefore, new tenders are being called and negotiations are going on. I can assure the Member that the work is being speeded up and efforts are being made to complete it within the prescribed time.

I hope that after this assurance he will not press his motion.

میاں محمد اکبر۔جناب والا ۔ اس سلسلے میں کچھ وضاحت کرنا چاہتا ہوں ۔ محترم وزیر صاحب نے فرمایا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔

Mr. Speaker : I will give the Member one or two minutes later.

مسٹر گل محمد۔جناب والا ۔ میں آنریبل منسٹر صاحب کا ممنون ہوں کہ انہوں نے اس چیز کو تسلیم کیا ہے ۔

میاں محمد اکبر۔آپ شکریہ ادا کریں اور جلدی بیٹھ جائیں ۔

مسٹر گل محمد۔جہاں تک آنریبل منسٹر صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ وہاں کام suspend نہیں کیا گیا بلکہ slow down کیا گیا ہے اور اس کے بعد آنریبل منسٹر صاحب نے کہا ہے کہ ہم نئے ٹنڈر call کر رہے ہیں یہ چیز بذات خود ثابت کرتی ہے کہ وہاں کام slow down نہیں ہوا بلکہ بند کر دیا گیا ہے ۔ اور اس لئے نئے ٹنڈر call کئے جائیں گے ۔ جناب والا ۔ کام میں تاخیر ہوئی ہے اس کی وجہ سے گورنمنٹ کو کم از کم ۱۰ لاکھ سے زیادہ کا خسارا اٹھانا پڑے گا ۔ خرچ اور لاگت الگ زیادہ ہو گی اور وہ کام بھی وقت پر مکمل نہیں ہو سکے گا ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ اگر کام صرف پرانے ریٹوں پر مکمل ہوتا تو گورنمنٹ کو ۱۰ لاکھ سے زیادہ کی saving

ہوتی ۔ اور اس علاقہ کے لوگوں کی زمین دو سال پہلے سے زیر کاشت آ جاتی ۔ اگر ذیلی کاشت دو سال پہلے آ جاتی تو اس کی وجہ سے گورنمنٹ کو سالیہ اور آبیانہ کی شکل میں بھی ایک کافی بڑی رقم ملنے کی توقع ہو سکتی تھی ۔ جناب وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ کام slow down ہوا ہے میں ان کی خدمت میں مودبانہ عرض کروں گا کہ کام slow down نہیں تھا بلکہ کئی ہفتے ہو گئے ہیں بند ہے اور اس کام کے بند ہونے سے حکومت ۔ عوام اور اس علاقے کے تمام لوگوں کو بے حد نقصان پہنچا ہے لیکن چونکہ حکومت نے اس چیز کو تسلیم کر لیا ہے کہ اس کام کی اہمیت ان کے پیش نظر ہے اور وہ اس چیز کی طرف فی الفور توجہ دیں گے اور چونکہ ان کی یقین دہانی پر مجھے مکمل اعتماد ہے لہذا اس یقین دہانی کی بنیاد پر میں اپنی تحریک التوا پیش نہیں کرنا چاہتا ۔

میاں محمد اکبر ــ جناب والا ۔ آپ نے فرمایا تھا کہ ایک دو منٹ وقت دیں گے .....

Mr. Speaker: It has already been withdrawn, (Interruptions). I have to abide by the rules. Mian Sahib is a responsible Member. He should either bring a resolution or some motion.

Major Sultan Ahmed Khan: I think, it has become customary with the Treasury Benches (and I am not much of a Parliamentarian, they are becoming unparliamentary themselves) that the Members move adjournment motions censuring the Government and then they withdraw them.

Minister of Railways: He was open to reason.

Minister of Agriculture: We are thankful to him.

Non-supply of water in Hiral Wah Sarhari Shakh and Farash Distributory of Thar Division

Mr. Speaker Haji Mir Muhammad Bux Talpur wants to ask for leave to make a Motion for the adjournment of the Business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of Government to supply water in Hiral Wah Sarhari Shakh and Farash Distributory of Thar Division of Nara Circle on first April with the result that the Rabi Crop is likely to suffer.

میاں محمد اکبر ــ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ہاؤس کا بڑا قیمتی وقت ضائع کیا جا رہا ہے ۔ ٹریری بنچز کی طرف سے اپڈ جرنمنٹ موشنز لائی گئی ہیں ۔ قبلہ تالپور صاحب سے پوچھ لیجئے اگر

انہوں نے شکریہ کے ساتھ اپنی موشن واپس لینی ہے تو بغیر وقت ضائع کئے پہلے ہی واپس لے لیں ورنہ جناب با قاعدہ اس پر ڈسکشن ہونی چاہئیے اس طرح سے جناب ہاؤس کا وقت ضائع ہوتا ہے ۔

مسٹر گل محمد۔جناب سپیکر ۔ جو ممبر غلط پوائنٹ آف آرڈر اٹھاتے ہیں اور پوائنٹ آف آرڈر کے پردے میں غلط قسم کی چیز پیش کرتے ہیں اُن کے خلاف بھی کچھ اقدام کیجئے ۔

Mr. Speaker : This is no point of order. Mr. Khan, the Motion relates to the first of April. Please see that there is no element of April Fool in it.

Minister of Railways (Mr. Abdul Waheed Khan) : I think somebody has given him some information on the first of April. I do not call it April Fool, Sir. His complaint is that the water which is generally supplied on the 15th of April (for the Kharif crop) will adversely affect the Rabi crop. I do not think that the water-supply on the first April affects the Rabi crop. The Rabi crop does not exist at that time.

Mr. Speaker : Have you received a telegram ?

Haji Mir Muhammad Bux Talpur : Yes sir.

Minister of Railways : If he means the Kharif crop then, Sir, water is generally supplied on April 15 every year and not on the first of April. But if they think and there is a demand that the water can be supplied or should be supplied on the first of April then we look into the question. The Minister concerned can make a statement and give an assurance in this behalf.

وزیر زراعت و آبپاشی (ملک قادر بخش)—جناب والا ۔ سندھ کے متعلق ایم ۔ پی ۔ اے کے دو مطالبات تھے ۔ کچھ حضرات یہ چاہتے ہیں کہ چند شہروں کا پانی یکم مئی سے چلے کچھ چاہتے ہیں ۱۵ اپریل سے چلے ۔ تو میں محمد بخش صاحب تالپور کو یقین دلاتا ہوں کہ ان کے شہر میں ہم ۱۵ اپریل کی بجائے یکم اپریل کو بھی کہیں تو ہم پانی چلانے کی کوشش کرینگے اور وہ حق بھی تین دن کا پورا کر دینگے اور آج سے ہی چلا دیں گے ۔ لیکن اگر ۱۵ مئی کو چاہتے ہیں تو ۱۵ مئی کو بھی ہم تیار ہیں ۔ اگر یکم مئی کو چاہتے ہیں تو ہم یکم مئی کو چلا دیں گے ۔

Mr. Speaker : Now that the Minister has given an assurance.....

میر حاجی محمدبخش تالپور—یہ مطالبات جو ہیں سندھ کے مختلف نہیں ہیں.....

وزیر زراعت و آبپاشی—اگر سارا سندھ کا علاقہ ہے تو میں آج ہی تیار ہوں ۔

میر حاجی محمد بخش تالپور—اگر آپ کہتے ہیں تو ٹھیک ہے۔ جناب والا ۔ وزیر صاحب کی اس یقین دہانی کے بعد میں اپنی تحریک التوا پیش نہیں کرتا چاہتا ۔

خواجہ محمد صفدر—پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ کل رات تقریباً ۱۰ بجے کے بعد ہمیں ۳ اپریل کا order paper ملا ہے اور اس میں نمبر ایک آئٹم ویسٹ پاکستان کریمنل لا امنڈمنٹ بل ۱۹۶۳ ہے اور اس میں دوسری موشن جو کہ منسٹر صاحب کی طرف سے کل پیش ہوگی وہ یہ ہے ۔

A Minister to move that the requirements of Rule 58 of the National Assembly of Pakistan Rules of Procedure, as adopted for the provincial Assembly of West Pakistan, be dispensed with so far as the West Pakistan Criminal Law Amendment Bill 1963 is concerned.

Minister for Food & Agriculture : How can that be taken up ?

Mr. Speaker : It is better that the Leader of the Opposition and the Leader of the House sit together and make out something rather than raise a point of order.

خواجہ محمد صفدر—میرے لئے یہ بالکل ناممکن ہے کہ میں کسی.....

Mr. Speaker : I say first sit together. If nothing comes out, which is convenient to both sides, then he may raise his point of order.

خواجہ محمد صفدر—کیا ملک صاحب ہماری یہ تسلی کرا سکتے ہیں کہ کل پیش نہیں ہوگا ؟

وزیر زراعت(ملک قادر بخش)—میں کوئی تسلی نہیں دے رہا ہوں آپ کو ۔

خواجہ محمد صفدر—آپس میں یہ اگر فیصلہ ہو جائے تو پھر میں raise کرونگا ۔

مسٹر سپیکر—جی ہاں ۔

خواجہ محمد صفدر—ٹھیک ہے ۔

BILLS

The West Pakistan Pure Food (Amendment) Bill, 1962 (Resumption of discussion).

Mr. Speaker : The House will now resume clause by clause consideration of the West Pakistan Pure Food (Amendment) Bill, 1962.

(Clause 4)

Mr. Speaker : Khawaja Safdar may please move his amendment to Clause 4.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move—

> That clause 4 of the bill as recommended by the Standing Committee on Education and Health be deleted.

جناب والا ۔ اس سے پیشتر کہ میں کچھ دلائل پیش کروں اپنی اس ترمیم کے حق میں میں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ جس ترمیم کی میں مخالفت کر رہا ہوں اس کے الفاظ اس معزز ایوان کے سامنے پڑھوں

> "In section 16 of the Principal Ordinance, for the proviso to sub-section (1), the following proviso shall be substituted, namely :—
>
> "Provided that Health Officers of Local authorities and such other holders of offices and posts in or under local authorities (including Local Councils constituted under the Basic Democracies Order, 1959) and such officers in the service of Government, as Government my by notification in the Official Gazette specify in this behalf, shall be ex-officio Inspectors in respect of all foods within the areas under their respective jurisdiction."

تو جناب والا ۔ اس کا احاطہ یہ ہے اور حکومت کی منشا یہ ہے صرف ڈائرکٹر صاحب بلکہ ایڈشنل اسسٹنٹ ڈائرکٹر صاحبان جیسا کہ اس میں موجود ہے بلکہ لوکل باڈیز جن میں یونین کونسل بھی شامل ہے اس کے عہدہ دار اور ملازمین کو یہ اختیار دیا جائے کہ وہ اپنے اپنے حلقہ اقتدار میں بطور فوڈ انسپکٹر فرائض اور اختیارات استعمال کریں ۔

جناب والا ۔ اس کی وسعت کا اندازہ اس بات سے لگائیں کہ کسی ایک میونسپل کمیٹی کو یا کارپوریشن کو لے لیا جائے ۔ مثال کے طور پر لاہور میں کارپوریشن کے ملازمین کی تعداد ہزاروں تک ہو گی ۔ اس طرح چھوٹی سے چھوٹی میونسپل کمیٹی میں بھی سینکڑوں کی تعداد

میں ملازمین ہوں گے ۔ کوئی کسی قسم کا استثنیٰ نہیں رکھا گیا ہے کہ فلاں category کے ملازمین تو بطور فوڈ انسپکٹر کام کر سکیں گے اور فلاں category کے ملازمین ایسا کام نہیں کر سکیں گے ۔ یہ انہوں نے من حیث الجماعت یعنی مجموعی طور پر لوکل باڈیز کے تمام ملازمین کو یہ اختیارات تفویض کر دئیے ۔ اب جناب والا ۔ ذرا اس کی repurcussion ملاحظہ فرمائیں کہ کیا ہے کیا اس ملک میں جہاں تک فوڈ انسپکشن کا تعلق ہے طوائف الملوکی نہیں ہوگی ہزارہا لوگ بیک وقت سینپل لینے کے لئے دوڑ رہے ہوں گے اور ہزار ہا لوگ دوکان داروں کے درپے ہو رہے ہوں گے جن کی نسبت میں نے کل ہی شکایت کی تھی کہ اکثر و بیشتر لوگ ملاوٹ کر کے اشیاء خوردنی فروخت کرتے ہیں جس سے اس صوبے کے عوام کی صحت دن بدن گر رہی ہے ۔ میں اس بات کے حق میں بھی ہوں کہ ملاوٹ کرنے والوں کو سزا دی جائے ۔ جب میں اس ایمنڈ منٹ پر آؤں گا تو پھر عرض کروں گا ۔ میرے کہنے کی غرض یہ ہے کہ مجھے ملاوٹ کرنے والوں سے قطعاً sympathy نہیں ۔ اس کے باوجود آپ خیال کیجئے کہ سینکڑوں نہیں ہزاروں لوگ فوڈ انسپکٹر بنے پھر رہے ہوں گے کوئی کسی مٹھائی کی دوکان سے رشوت لے جا رہا ہو گا تو کوئی کسی دودھ والوں کی دوکان سے کوئی کسی کریانہ فروش کی دوکان سے ٹھیکہ کر رہا ہو گا تو کوئی کسی آٹے اور دال بیچنے والوں سے یہ بات چیت ٹھہرا رہا ہو گا کہ دیکھئے صاحب ۔ میں آپ کا چالان نہیں کرتا میں اتنے پیسے ماہوار آپ سے لے لوں گا تو یہ ایسی طوائف الملوکی ہو گی جس سے کہ جو غرض اس ایکٹ کے بنانے کی ۱۹۶۰ میں تھی یا جو ترمیم کرنے میں ہے وہ ساری کی ساری فوت ہو جائے گی اور ہم کسی ایسے نتیجے پر نہیں پہنچ سکیں گے جس نتیجے کے حصول کے لئے ہم یہ کوشش کر رہے ہیں ۔ در اصل جناب ۔ اس amendment کا کچھ background ہے ۔ میں اب اس background کو اس معزز ایوان میں آپ کی وساطت سے پیش کروں گا ۔

جناب والا ۔ ۱۹۲۹ء میں Pure Food Act پہلے پہل سابق پنجاب میں نافذ ہوا ۔ اور اس کے مطابق لوکل باڈیز کو جیسا کہ آج یہ اختیارات دیے رہے ہیں اس طرح نہیں بلکہ لوکل باڈیز کو باقی نوٹیفیکیشن یہ

اختیارات دئیے جاتے تھے کہ لوکل باڈیز کا فلاں فلاں آدمی بطور فوڈ انسپکٹر کے فرائض انجام دے گا ۔ آج کی طرح بحیثت جماعت اختیارات نہیں دئیے جاتے تھے ۔ اس وقت لوکل باڈیز کو یہ اختیار تھا کہ وہ اپنے میڈیکل آفسرز یا سینٹری انسپکٹر صاحبان کو یہ اختیار تفویض کرے کہ وہ شہر میں یا دیہات میں جیسا کہ ان کا حلقہ ہو وہاں فوڈ انسپکٹر کے فرائض انجام دیں ۔ لیکن ایک لمبے عرصے اس کا تجزیہ کرنے کے بعد کہ لوکل باڈیز یہ کام efficiently کرتی ہے یا نہیں حکومت نے ایک ''بھاؤ کمیٹی'' ۱۹۴۲—۴۳ میں مقرر کی ۔ بھاؤ کمیٹی نے یہ سفارش کی کہ لوکل باڈیز کا جہاں تک تعلق فوڈ یعنی خوراک کے ان قوانین کے ساتھ ہے وہ مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہیں ۔ اس لئے اس کے لئے حکومت اپنا کوئی اسپیشل محکمہ مقرر کرے ۔ بھاؤ کمیٹی کی سفارش پر یہ فیصلہ ہوا کہ ۱۹۴۵ء میں سابق پنجاب میں تین انسپکٹرز مقرر کئے گئے اور یہاں تین لیبارٹریز میں chemical analyists مقرر کئے گئے ۔ اب حکومت نے ایک لمبے عرصے تک ان ۴۰ انسپکٹروں کی خدمات سے فائدہ اٹھانے کے بعد ۱۹۵۵ء میں انہیں کنفرم کر دیا ۔ لیکن ۱۹۶۱ میں بعض وجوہات کی بنا پر یہ محکمہ retrench کر دیا گیا یہ محکمہ کیوں retrench کیا گیا ؟ یہ در اصل ایک سازش کا نتیجہ ہے جناب ۔ طریقہ کار فوڈ انسپکشن کے متعلق یہ ہے کہ جو فوڈ انسپکٹر ہیں وہ مختلف اضلاع سے اپنے نمونے حاصل کر کے لیبارٹریز میں بھیج دیتے ہیں اور اگر گورنمنٹ کے ملازمین وہ نمونے بھیجیں chemical analyist جو ایک لاہور میں ایک ملتان میں اور دوسرے علاقے میں ہے ان کو کوئی معاوضہ ماسوا اس تنخواہ کے جو انہیں حکومت سے ملتی ہے یعنی ۶۰۰ - ۷۰۰ - یا ۸۰۰ روپے اس کے علاوہ اور کوئی چیز نہیں ملتی ہے ۔ لیکن اگر یہ نمونے لوکل باڈیز کے ذریعہ آئیں تو ہر نمونے کی فیس ۳۰ روپیہ مقرر ہے اور اس نمونے کی فیس میں سے ۷۰ فی صد یعنی تقریباً ۲۳ روپے chemical analyist کو اس تنخواہ کے علاوہ ملتا ہے جو وہ گورنمنٹ سے حاصل کرتے ہیں ۔ تو در اصل یہ تھی وہ سازش جو ان لیبارٹیز سے شروع ہوئی جو یہ سمجھتے ہیں کہ ان کی تنخواہ قلیل ہے حالاں کہ میری نگاہ میں یہ خاصی بڑی تنخواہ ہے ۔ انہوں نے اس طرح سے گورنمنٹ کو تحریک کی ۔ جہاں تک مجھے معلوم ہوا ہے کہ ان گورنمنٹ فوڈ انسپکٹروں کی قطعاً

ضرورت نہیں ہے ۔ یہ اختیار انسپکٹر آف فوڈ کا لوکل باڈیز کو دے دیا جائے اور اس طرح ۱۹۲۹ء سے ۱۹۴۲ء تک جو سلسلہ چلا آیا ہے اسی طرح چلے ۔ گورنمنٹ نے غالباً بلا سوچے سمجھے اس تجویز کو قبول کر لیا ہے اور نتیجہ یہ ہے کہ ۱۹۶۰ء سے دسمبر ۱۹۶۱ء تک اور پھر ۱۹۶۲ء تک جب کہ دوبارہ یہ اختیارات چند گورنمنٹ ملازمین کو تفویض کئے گئے public analyist گورنمنٹ سے بھی تنخواہ لیتے رہے ہیں حالاں کہ وہ اپنی فیسیں لوکل باڈیز سے وصول کرتے رہے ہیں ۔ اب صورت حال یہ ہے کہ گورنمنٹ نے اپنے ملازمین میں سے چند کو یہ powers دے رکھے ہیں مثال کے طور پر ''بی ایم او'' ــ ''اے ایم او'' ''ڈی ایچ او'' اور اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ آفسرز۔ حالاں کہ ان کی طرف سے جو samples آج تک وصول ہوئے ہیں ان کی تعداد اتنی قلیل ہے کہ نہ ہونے کے برابر ہے ۔ اس کے علاوہ جناب اگر آپ آرٹیکل ۱۶ (۴) ملاحظہ فرمائیں تو آپ کو معلوم ہو گا ۔

16(4). The Director may exercise the powers and perform the functions of an Inspector under this Ordinance throughout the province and any Deputy or Assistant Director working under him may exercise such powers and perform such functions throughout such areas as the Director may by notification direct.

تو جناب والا- ڈائرکٹر صاحب کو اسسٹنٹ ڈائرکٹر صاحبان اور ڈپٹی ڈائریکٹر صاحبان کو یہ اختیار پہلے سے حاصل ہے لیکن دیکھنا یہ ہے کہ یہ تمام عہدیدار اور بڑے افسر جو ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ سے منسلک ہیں ان کی اتنی گوناگوں مصروفیتیں ہیں کہ کیا یہ تمام فرائض وہ سر انجام دے سکتے ہیں ۔ یقیناً اس کا جواب نفی میں ہے ۔ ان عہدیداروں کی طرف سے آج تک کوئی sample بھی کسی دوکان یا فیکٹری سے حاصل نہیں کیا گیا اور نہ اسے chemical examination کے لئے بھیجا گیا ہے ۔ نتیجہ کے طور پر یہ چیز میری دلیل کو تقویت پہنچاتی ہے کہ جن لوگوں کو ex-officio Food Inspector بنایا جا رہا ہے وہ یقیناً کام نہیں کریں گے اور اگر کریں گے تو وہ کام بددیانتی پر مبنی ہو گا اپنی جیبیں بھرنے کے لئے ۔ مثال کے طور پر سیکرٹری یونین کونسل جو کہ جونیئر کلرک کی تنخواہ پاتا ہے اس کے ذمہ یہ فرض عائد ہوتا ہے اس ترمیم کے ذریعہ کہ وہ فوڈ انسپکٹر کا کام اپنے حلقہ یونین کونسل میں کرے ۔ اس کا نتیجہ کیا ہوگا ؟ اول تو وہ اس کام سے ناواقف ہے ۔ وہ نہیں

جاننا کہ sample کس طرح بھرنا ہے ۔ کس کو بھیجنا ہے ۔ یہ سیکرٹری میٹرک پاس نوجوان بھرتی کئے ہوئے ہیں ۔ ہو سکتا ہے وہ بطور سیکرٹری اچھا کام کر رہے ہوں اگرچہ مجھے اس میں بھی شک ہے ۔ لیکن بطور فوڈ انسپکٹر انہیں لگا دینے سے اول تو یہ ہو گا کہ اس یونین کونسل میں جتنے دوکان دار ہیں وہ ان کے زیر اثر آئیں گے اور وہ ان سے ناجائز مفاد حاصل کرتے رہیں گے ۔ دوسرے یہ کام اتنا ہی نہیں کہ sample لئے اور لاہور بھیج دئیے ۔ اس کے بعد ان کا چالان مرتب کرنا ہوتا ہے اور جب عدالت میں جائیں تو شہادت دینی ہوتی ہے ۔ میں نہیں سمجھ سکتا کہ گورنمنٹ کی بصیرت کو کیا ہوا ہے ۔ ایک طرف تو یہ حالت ہے کہ جس دفتر میں جائیں وہ کہتے ہیں کہ ہم overworked ہیں اور اتنے کاغذات آتے ہیں کہ جواب نہیں دے سکتے ۔ کسی افسر سے شکایت کریں کہ اتنے عرصہ سے چٹھی آپ کے پاس آئی ہے اس کا جواب نہیں دیا وہ کہتے ہیں کہ کام اتنا ہے کہ فرصت نہیں ملتی ۔ ایک طرف تو یہ شکایت ہے اور دوسری طرف چھوٹے ملازمین کے ذمہ مزید ذمہ داریاں ڈالی جا رہی ہیں اور وہ اتنی بڑی ہیں کہ پانچ چھ چالان جو سیکرٹری یا کوئی دوسرا ملازم کرے گا تو اسے کم از کم دس بارہ چکر عدالت کے لگانے پڑیں گے ۔ کسی روز اسے کہا جائے گا کہ آج شہادت نہیں ہو گی اگلی تاریخ پر آؤ ۔ میرا ذاتی تجربہ ہے کہ چار چار پانچ پانچ چھ چھ بار گواہوں کو جانا پڑتا ہے ۔ اس طرح سے اس کا وقت ضائع ہو گا اور جو اس کے اصل فرائض ہیں وہ بھی ادا نہیں کر سکے گا ۔ وہ صرف اتنا فرض ادا کر سکے گا کہ ہو سکے تو رشوت وصول کرنے کی کوشش کرے ۔ ایسے ملازم کوئی مفید کام سر انجام نہیں دیں گے ۔ میری گذارش ہے کہ میں اس ترمیم کی اس لئے مخالفت کر رہا ہوں کہ ایک تو پہلے ہی یہ تجربہ ناکام ہو چکا ہے اس صوبہ کے ایک حصہ میں ۔ بلکہ دو حصوں میں کیوں کہ سابقہ سرحد میں بھی ناکام رہا ہے اور وہاں بھی انسپکٹر مقرر کئے گئے تھے ۔ تو اس طرح صوبہ کے تقریباً نصف حصہ میں یہ تجربہ کیا گیا ہے کہ لوکل باڈیز کو یہ اختیارات دئیے جائیں اور وہ تجربہ ناکام ہوا ہے ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا اس تجربہ کی ناکامی کے بعد ایک ہائی پاور کمیٹی بنائی گئی جس نے کہا کہ ایسے فرائض لوکل باڈیز پر ڈالنا لا حاصل ہے ۔ لہذا انہوں نے سفارش کی کہ اس کے لئے

permanent cadre ہو اور اس سے کام لیا جائے ۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ یہ کام exofficio لیا جا رہا ہے ۔ یہ اتنا اہم کام ہے کہ میں پورے طور پر اس کی وضاحت نہیں کر سکتا ۔ میرے پاس الفاظ نہیں کہ میں اس کی اہمیت واضح کر سکوں ۔ آپ اندازہ لگائیے کہ ہمارے ہاں کس قدر ملاریا ہو رہی ہے اور ہم کچھ نہیں کر سکتے ۔ میرے دوست ابھی بتا رہے تھے کہ کراچی میں چائے میں گوبر ملایا جاتا ہے ۔ ہم اس حد تک پہنچ چکے ہیں ۔ اور اس کے لئے علاج کیا سوچ رہے ہیں کہ میونسپل کمیٹی کے چیئرمین یا یونین کونسل کے سیکرٹری فوڈ انسپکٹر کا کام سر انجام دیں ۔ وہ اپنا کام تو کر نہیں سکتے اور ان پر مزید ذمہ داری ڈالی جا رہی ہے ۔ یہ کیسے ممکن ہے کہ وہ اس سے عہدہ برآ ہو سکیں ۔ تو جناب والا میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ترمیمی بل حد درجہ ناقص ۔ ناقابل عمل اور بے سوچا سمجھا بل ہے اور اس پر مناسب غور و خوض نہیں کیا گیا ۔ اسلئے اس بل کو واپس لے لیا جائے اور اس پرانے محکمہ کو بحال کیا جائے اور جو انسپکٹر پہلے کام کر رہے تھے ان کو انہوں نے یہ understanding دی ہوئی ہے کہ ان کو کسی اور جگہ لگائیں گے ۔ وہ سولہ سولہ سترہ سترہ سال کے ملازمین ہیں لیکن ان کو absorb نہیں کیا گیا ۔ ان کی عمر کا بیشتر حصہ اس محکمہ میں ضائع ہوا ہے ۔ یہ سب کچھ میں ان کے وکیل کی حیثیت سے نہیں کہہ رہا بلکہ میں یہ اس لئے کہہ رہا ہوں کہ کام اتنا اہم ہے کہ ان کو اب دوبارہ رکھنا چاہئے اور یہ لوگ experts ہونے چاہئیں جن کا یہ کام ہو کہ وہ نمونہ جات حاصل کریں ۔ یہ چھوٹی سی بات نہیں ہے ۔ ممکن ہے گورنمنٹ کہے کہ ہمارے پاس پیسہ نہیں ہے ۔ میں کہتا ہوں کہ کئی فضول باتوں پر لاکھوں کروڑوں روپیہ خرچ کر دیا جائے اور ایک ایسی اہم بات جو کہ صوبہ کے عوام کی صحت سے تعلق رکھتی ہے اس کے لئے چند لاکھ روپیہ خرچ کر دیا جائے تو یہ اس صوبہ پر احسان ہوگا اور گورنمنٹ پر جو ذمہ داری عائد ہو رہی ہے وہ بھی اس سے عہدہ برآ ہو جائیگی ۔

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That clause 4 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Education and Health, be deleted.

Mian Muhammad Akbar : There is another amendment in my name.

Mr. Speaker : It is the same.

Mian Muhammad Akbar : But I have my own views.

Mr. Speaker : Please don't be sentimental. I am asking if it is the same.

میاں محمد اکبر— (گجرات-۱) جناب والا ۔ اس کلاز نمبر ۴ کے متعلق میرے لیڈر خواجہ محمد صفدر صاحب نے جو خیالات پیش کئے ہیں مجھے ان سے کلی طور پر اتفاق ہے ۔ اس کلاز کی رو سے بہت سے افراد کو Food Inspectors کے Ex-officio اختیارات دے دئیے گئے ہیں ۔ اس میں قابل اعتراض چیز یہ ہے کہ یونین کونسلوں کے Office holders اور post holders کو جو اختیارات دئیے گئے ہیں ان کے متعلق الفاظ پڑھ کر سناتا ہوں ۔ اس سے میں اپنا مطلب بخوبی بیان کر سکوں گا ۔

"Provided that Officers of local authorities and such other holders of offices and posts in or under local authorities (including Local Councils constituted under the Basic Democracies Order of 1959)."

The words used are—

"holders of offices and posts".

جناب والا— اس میں یہ الفاظ خاص طور پر قابل ذکر ہیں ۔ یہ الفاظ یونین کونسلوں کے تمام چیئرمین ، سیکرٹری اور چپڑاسی وغیرہ پر عائد ہو سکتے ہیں ۔ اس کلاز کی رو سے یونین کونسلوں کے چیئرمین سیکرٹریوں اور چپڑاسیوں کو عام لوگوں اور دوکان داروں پر مسلط کر دیا گیا ہے ۔ اور وہ دیہات میں من مانی کرتے پھریں گے ۔

محکمہ خوراک میں جو pure food کے سلسلہ میں Food Inspectors تھے ۔ ان کی کچھ ٹیکنیکل حیثیت تھی لیکن یونین کونسلوں کے کارندوں کی کیا حیثیت ہے ۔

West Pakistan Pure Food Ord: 1960. کے سیکشن ۱۷ سے لے کر ۲۲ آپ پڑھیں تو آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ جو اہم اختیارات Food Inspectors کو تفویض کئے گئے تھے وہی اختیارات اب یونین کونسلوں کے چیئرمین اور سیکرٹریوں کو دئیے گئے ہیں ۔ ان کے فرائض میں جہاں samples لانا اور چالان کرنا وغیرہ شامل ہے وہاں procedure کے تحت سیکشن ۲۵ اور سیکشن ۱۸ کے سب سیکشن (۴) کی رو سے ایک Declaration بھی دینا پڑتا ہے ۔ اس Declaration کے بعد Food Inspectors

کو بذات خود گواہ کے طور پر عدالت عالیہ میں جانا پڑتا ہے لیکن اب چپڑاسی وغیرہ کو شہادت کے لئے حاضر ہونے کی ضرورت نہیں ہو گی ۔ خود ہی Declaration بنا لیں گے اور بغیر شہادت کے کسی مجرم کو سزا دلائی جا سکے گی ۔ اس لحاظ سے یونین کونسلوں کے سیکرٹری وغیرہ کلاز ۴ کے تحت اپنے اختیارات کو غلط استعمال کریں گے اور لوگوں کو فائدہ کی بجائے نقصان ہو گا ۔ اور pure food حاصل کرنے کے لئے پریشانیوں میں اضافہ ہو جائے گا ۔

اس کے بعد جناب والا ۔ سیکشن ۳۲ کے تحت جو انسپکٹر مقدمات درج کرتے ہیں وہی مقدمات کی پیروی کرتے ہیں ۔ اس ضمن میں آپ غور فرمائیں کہ اگر دیہات سے یونین کونسلوں کے سیکرٹری وغیرہ کو شہر میں آنا پڑے گا تو ان کے اپنے کام میں بھی حرج ہو گا اور حکومت پر بھی بوجھ پڑے گا ۔ اور ان کو سفر خرچ دینا پڑے گا ۔ جس طرح وہ اپنے علاقہ میں دورہ کرتے وقت خرچ لیتے ہیں ۔ میں نے اس آرڈیننس کو study کیا ہے اس کے سیکشن ۲۲ (ب) کی رو سے وہ جو اخراجات کریں گے حکومت سے لے سکتے ہیں ۔ اس کی افادیت بالکل کوئی نہیں محض یونین کونسلوں کے چیئرمین اور سیکرٹریان کو خوش کرنے کے لئے کلاز ۴ رکھی گئی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں حکومت نے جان بوجھ کر ایسا کیا ہے ۔ تا کہ جس طرح چاہا کر لیا اور پھر آبادی کے toady قسم کے لوگوں سے ناجائز مہر تصدیق ثبت کرا لی ۔ اس سے پہلے بھی ایک ایسی مثال موجود ہے کہ یونین کونسلوں کے سیکرٹریوں کو جمع بندیوں کی نقلیں دینے کے اختیارات دئیے گئے ہیں انہوں نے ان اختیارات کو بڑے برے طریقہ سے استعمال کیا ہے اور لوگوں کو ناجائز تنگ کیا ہے اور بلا خوف رشوت لی ہے ۔

دیہات میں پہلے ہی پٹواریوں کے تین چار قسم کے طبقے ہیں اب پانچواں اور چھٹا طبقہ اور پیدا ہو گیا ہے ۔ در اصل ہماری حکومت ان لوگوں کو اختیارات دے کر دیہات میں اپنی مرضی کے Yesmen پیدا کر رہی ہے ۔ تا کہ جب ضرورت ہوئی غلط کام پر بھی مہر تصدیق ثبت کرا لی ۔ جو قطعاً درست نہیں ۔

ان الفاظ کے بعد میں گذارش کروں گا کہ کلاز ۴ واپس لی جائے کیوں کہ اس سے کوئی فائدہ نہیں - بلکہ مفت میں پریشانی ہو گی -

Mr. Speaker : The question is—

That clause 4 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Education and Health, be deleted.

(*The motion was lost*).

Mr. Hamza : Sir, I beg to move—

That in clause 4 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Education and Health, for the proviso proposed to subsection (1) of section 16 of the West Pakistan Pure Food Ordinance 1960 (West Pakistan Ordinance VII of 1960), the following proviso be substituted, namely :—

"Provided that Health Officers of local authorities shall be ex-officio Inspectors in respect of all foods within the areas under their respective jurisdiction."

جناب سپیکر— یہ میری اور اس ملک کی بد قسمتی ہے کہ میں یہاں ایک ایسی حکومت کے سامنے ترمیم پیش کر رہا ہوں جس سے مجھے امید نہیں کہ میری اس معقول تجویز کو مانے - کیونکہ ان کے کل کے رویہ نے صاف طور پر ظاہر کر دیا ہے - ولیکا صاحب نے Adultery کے متعلق بل پیش کیا تو انہیں وعدہ کرکے بالکل ٹرخا دیا - Adulteration کے متعلق ترمیم پیش کی گئی - تو اس حکومت نے اتنی بھی assurance نہیں دی کہ گھی میں edible colour ملا دیا جائے گا تاکہ عوام اس میں جو ملاوٹ ہوتی ہے اس سے بچ جائیں - ان حالات میں میں مجبوراً اپنی ترمیم اس حکومت کے سامنے پیش کر رہا ہوں - ورنہ انہوں نے تو اپنے رویہ سے یہ ثابت کیا ہے کہ یہ بناسپتی گھی بنانے والوں سے ملے ہوئے ہیں اور ان کے کاروبار میں شاید ان کا حصہ پتی ہے -

Minister of Health : This is objectionable that the Government has a hand in the factories which manufacture Banaspati. This is an allegation against the Government that there is some motive behind it. It is unparliamentary.

Mr. Speaker : What is that ?

Minister of Health : That the Government had a hand with the manufacturers.

Mr. Speaker : What is unparliamentary in it ?

Minister of Health : With regard to adulteration of food he said that the Government had a hand in it with manufacturers.

Mr. Speaker : This is a criticism.
Minister of Health ; No Sir, that is not a criticism.

میاں محمد یسین خان وٹو—جناب والا۔ وزیر صاحب کو اعتراض اس بات پر ہے کہ معزز ممبر نے لفظ ''پتی'' استعمال کیا ہے ۔

Mr. Speaker : Please withdraw the word "patti".

مسٹر حمزہ— میں پتی کی بجائے لفظ "share" استعمال کروں گا امید ہے اب وہ میری تقریر میں رکاوٹ پیدا نہیں کریں گے ۔

Mr. Speaker : Is the word "patti" unparliamentary?

Minister of Agriculture : Yes, it is unparliamentary meaning thereby that we the Ministers have got a share.

مسٹر حمزہ — مطلب تو وہی ہے ۔ آپ کہتے ہیں تو میں واپس لے لیتا ہوں ۔

تو خیر ۔ انہوں نے حصہ رکھا ہوگا ۔ share رکھا ہوگا ۔

جناب سپیکر ۔ انہوں نے اس کلاز کے ذریعے بعض ایسے لوگوں کو اختیارات دینے کی تجویز کی ہے ۔ جن کے بارے میں تمام ملک میں مشہور ہے ۔ کہ وہ اپنے فرائض کو ٹھیک طریقے سے ادا نہیں کرتے ۔ جہاں تک یونین کونسلوں کے سیکرٹریوں یا چیئرمینوں کا تعلق ہے ۔ یا ڈسٹرکٹ کونسلوں کے ممبران کا تعلق ہے ۔ ان میں اکثریت ایسے لوگوں کی ہے ۔ جو کہ ہماری گورنمنٹ کے نامزد ممبران کے پیدا کردہ ہیں ۔ اور نامزد ممبران جس طریقے سے کہ نامزد کئے گئے ہیں ۔ اس کے بارے میں آپ کو پتہ ہوگا ۔

Minister of Agriculture : Point of order. Sir, my friend is opposing those people who voted for him.

یہ ان کو کہہ رہے ہیں ۔ کہ وہ برے ہیں اور وہ اچھے ہیں ۔ اور وہ رشوت خور ہیں ۔ وہ اپنے ضلع لائلپور کے متعلق فرما رہے ہیں ۔

Mr. Speaker : This is no point of order.

مسٹر حمزہ— انکی اطلاع کے لئے ....

میاں محمد اکبر— ملک صاحب نے جو یہ فرمایا ہے کہ اچھے ۔

تو وہ تو Nominated ممبران کے لئے کہہ رہے ہیں ۔ Elected ممبران کے لئے نہیں کہہ رہے ہیں ۔ وہ تو Elected ممبر ہیں ۔

پیر محمد زمان چشتی— ان تمام ممبران کا مجموعہ ہم بنے ہوئے ہیں ۔ اگر وہ برے ہیں ۔ تو ہم ان تمام کا نچوڑ ہیں ۔

مسٹر حمزہ— جناب صدر ۔ کل اس ایوان میں ایک لفظ استعمال کیا گیا تھا ۔ کہ بعض وزراء سترے بہترے ہوگئے ہیں ۔ (قطع کلامی) میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ ڈسٹرکٹ کونسل کے ممبران جو ہیں ۔ وہ تمام نامزد ہیں ۔ اور یونین کونسل کے چیئرمین جو ہیں ۔ ان کو نامزد ممبران نے ووٹ دیا ہے ۔ اور جس طریقے سے نامزد کئے گئے ہیں ۔ اس کے بارے میں مجھے پورا علم ہے ۔ ہمارے ضلع میں کم از کم چار پانچ سو روپیہ مقرر تھا ۔ جو امیدوار ادا کر دیتا تھا ۔ نامزد ہو جاتا تھا اور ان کو اتنا بھی پتہ نہیں (قطع کلامی) ۔ کہ نامزد ممبران نے تو ہم کو ووٹ دیا ہی نہیں ۔ البتہ آپ کو دیا ہوگا ۔ لیکن حمزہ کو کسی نامزد ممبر نے ووٹ نہیں دیا ۔

وزیر زراعت— Elected چیئرمین نے آپ کو ووٹ دیا ہے ۔

مسٹر حمزہ— خیر منتخب شدہ چیئرمین صاحبان کو نامزد ممبران نے بھی ووٹ دئے تھے ۔ اور اسی لئے وہ تمام.....

خان اجون خان جدون—کیا یہ سوال جواب کی سیٹنگ ہے ۔

مسٹر حمزہ—اب عرض یہ ہے ۔ کہ اس ترمیم کو پیش کرتے ہوئے ان کے لئے ضروری تھا ۔ کہ وہ Specifically یہ بتاتے ۔ کہ یہ فوڈ انسپکٹر کے اختیارات کن کن officials کو دے رہے ہیں ۔ وہ اس کلاز کے ذریعہ اس قسم کے اختیارات حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ کہ جس کو بھی وہ چاہیں ۔ اسے فوڈ انسپکٹر کے اختیارات دے دیں ۔ خواہ اس کو اس کی کوئی سپیشل ٹرننگ نہ ہو یا ٹیکنیکل know-how کا قطعی طور پر پتہ نہ ہو ۔ اس کے باوجود یہ اس کو ایک آرڈر کے ذریعے بیک جنبش قلم فوڈ انسپکٹر بنا دیں ۔ محترم خواجہ صفدر صاحب نے فرمایا ہے ۔ کہ فوڈ انسپکٹر صاحبان کو نوکری سے علیحدہ کیا گیا ۔ اور اس سے یقیناً جہانتک فوڈ کی انسپکشن کے لئے Samples لینے کا تعلق ہے کے کام کو نقصان پہنچا ہے ۔

کیونکہ Samples پورے نہیں لئے جاتے - لیکن میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کروں گا - میں ذاتی تجربات سے بتاتا ہوں - کہ ہر ضلع میں ایک فوڈ انسپکٹر ہوتا تھا - اور گوجرہ جو ضلع لائلپور میں ہے - عام طور پر ہوتا یہ رہا ہے - کہ وہ انسپکٹر جب گوجرہ تشریف لاتے تھے - تو ان کا ماہانہ مقرر تھا - اور وہ اپنا ماہانہ موصول کر کے چلے جاتے تھے - اگر ایسے انسپکٹرز ہم نے مقرر کرنے ہیں جو کہ لوگوں سے محض رشوت وصول کریں - اور sample نہ بھریں - یا sample بھرنے کے بعد کوئی ہیرا پھیری کرتے رہیں - تو ہمیں ایسے انسپکٹرز کی ضرورت نہیں ہے - میں نے اپنی ترمیم میں یہ عرض کیا ہے - کہ یہ کام ہیلتھ آفیسرز کو دیا جائے - اس پر ایک اعتراض یہ ہو سکتا ہے - کہ اس سے پہلے ہیلتھ آفیسرز کو یہ اختیارات دئے گئے تھے - اور وہ اس کو استعمال نہیں کرتے رہے ہیں - اس کا یہ علاج ہے - کہ جب ہم ایک افسر کے ذمہ ایک کام لگاتے ہیں - تو ہم اس کو اس کام کو کرنے پر مجبور بھی کر سکتے ہیں - کہ وہ مقررہ تعداد sample لازمی طور پر لے - ہمارے موجودہ ضابطے کے مطابق سینیٹری انسپکٹرز جن کو فوڈ انسپکٹرز کے اختیارات دئے گئے ہیں ان پر یہ لازمی ہے کہ وہ ایک ماہ میں بیس sample لیں اسی طریقے سے اپنے ہیلتھ آفیسرز کو بھی مجبور کر سکتے ہیں - کہ ایک ماہ میں وہ خاص مقررہ تعداد samples کی لیں - اور اسے chemical examination کے لئے بھیجیں لہذا یہ ترمیم پیش کرنے کا مقصد یہ ہے کہ بجائے اس کے کہ یونین کونسل کے ممبر یا چیئرمین یا ڈسٹرکٹ کونسل کے ممبر یا دوسرے لوگ جن کو کہ قطعی طور پر اس کام سے دلچسپی یا واقفیت نہیں ہوگی وہ ایسے ادنیٰ ملازمین ہیں - کہ جن کو آسانی سے رشوت دی جا سکے - اس سے بہتر ہے - کہ میونسپل کمیٹی کے ہیلتھ آفیسرز کو یہ فرائض سونپے جائیں لیکن اسطرح ایک اور اعتراض بھی پیدا ہو سکتا ہے - کہ ان کے پاس وقت کم ہوگا - حقیقت یہ ہے - کہ اب ہمارے پاس medical graduates کافی ہیں - میں تو یہ کہونگا - کہ اس کام کی اہمیت اتنی زیادہ ہے - کہ اگر ہم اس کام کے لئے ایک separate ہیلتھ آفیسرز کو ضرورت کے مطابق pure food inspector

کے طور پر میونسپل کمیٹی میں ان کے مالی وسائل کے مطابق تعینات کر دیں ۔ یا اس کام کے لئے extra allowance دے دیں تو یہ بہت ہی مفید ثابت ہوگا ۔ بجائے اس کے کہ ہم اتنے زیادہ فوڈ انسپکٹرز بنا دیں جو کہ موجودہ مسودہ قانون پاس ہونے کی صورت میں بنائے جائیں گے یا بنائے جانیکا اندیشہ ہے۔ زیادہ سے زیادہ فوڈ انسپکٹرز بنانے سے تو رشوت کا معیار اتنا گر جائیگا ۔ کہ ممکن ہے کہ وہ ایک مٹھائی کی دکان سے ایک لڈو پر ہی بک جایا کریں ۔

جناب من ۔ جہاں تک سخت سزا دینے کا تعلق ہے ۔ یہ مسئلہ اتنا اہم ہے ۔ کہ مجرمان کو سخت ترین سزائیں دی جائیں ۔ لیکن سخت سزا دینے کے ساتھ ساتھ ہمیں یہ احساس ہونا چاہئے ۔ کہ یہ کام ہم ایسے لوگوں کے ذمہ لگائیں ۔ جو انتہائی قابل اعتماد ہوں عام طور پر ہوتا یہ رہا ہے ۔ کہ جہاں قانون کو سختی سے نافذ کیا گیا ۔ اور سخت سزا دی گئی ۔ بجائے اس کے کہ سزاؤں سے ڈر کر مجرمان ملاوٹ سے باز آتے ۔ رشوت کا ایک اور معیار اونچا ہوا لوگوں کو سو سو روپے جرمانہ کی بجائے چار چار ماہ کی سزا ہونے لگی تھی ۔ اگر اس سے قبل رشوت کا ریٹ دس روپیہ فی کیس تھا ۔ تو اب چار سو روپے تک پہنچ گیا ۔ لہذا اس صورت حال کے پیش نظر میری یہ درخواست ہے بلکہ مودبانہ التماس ہے ۔ کہ ہمیں ایسے لوگوں کو اختیارات دینے چاہئیں ۔ جو انتہائی قابل اعتماد ہوں ۔ اور اتنے چھوٹے اہل کار اور چھوٹے ملازم نہ ہوں کہ جن کو آسانی سے رشوت کا لالچ دیا جا سکے ۔ میں جناب وزیر صحت صاحب کی خدمت میں عرض کرونگا ۔ کہ میں نے جو facts آپ کے سامنے پیش کئے ہیں ۔ یا جو خیالات آپ کے سامنے پیش کئے ہیں یہ زندگی کی تلخ حقیقتوں کے پیدا کردہ ہیں ۔

میں آپ کو ایک مثال دونگا ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کو علم ہے ۔ کہ پچھلے دنوں اضلاع میں district education کمیٹیاں بنائی گئیں تھیں جس پر مختلف ممبروں کو نامزد کیا گیا ۔

Mr. Speaker : The Member may please speak on his Amendment. He should not refer to what was said yesterday.

مسٹر حمزہ — اس سے کیا نتیجہ پیدا ہوتا ہے ۔ کہ یہاں بھی وہی ہم عنوانیاں ہونگی ۔ میں عرض کرتا ہوں ۔ کہ ایجوکیشن کمیٹی کے ممبران ہمارے ڈپٹی کمشنر صاحبان نے ممبر نامزد کرنے تھے ۔ میرے ایک دوست نے جو بڑے لائق وکیل ہیں ۔ لائلپور میں وکالت کرتے ہیں نے ڈپٹی کمشنر صاحب کو کہا کہ ممبران nominate کسی طریقے سے ہوتے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ علاقے کے M.P.A.S اگر recommend کر دیں تو میں نامزد کر دوں گا (قطع کلامی)

Mr. Speaker : This is not the way Mr. Hamza.

Minister of Agriculture : Is he relevant, Sir?

Mr. Speaker : Please speak about Clause 4.

Mr. Hamza : I am quite relevant Sir. Because I am pointing out what is the defect in nominating certain persons.

یہ nomination کے متعلق ہے ۔

Minister of Health (Mr. Abdul Qadir Sanjrani) : What relevance has that got. Mr. Speaker, Sir, he should not go beyond the scope of the Amendment which he has moved in the House. He has suggested that Health Officers should work as ex-officio Inspectors. Now, he should speak on that point and not about the Basic Democrats.

مسٹر حمزہ — میری امنڈمنٹ یہ ہے .....

Mr. Speaker : I am not going to allow the Member to go out of the purview of his amendment. He may please be very careful. He can read it again.

> **"Provided that Health Officers of local authorities shall be ex-officio Inspectors in respect of all foods within the areas under their respective jurisdiction."**

Khawaja Safdar's amendment was that Clause 4 be deleted, There the scope was very wide and he could discuss about the basic democracies and nominations. But Mr. Hamza's amendment is limited in scope. I think he himself is a lawyer.

مسٹر حمزہ — یہ جو actual امنڈمنٹ پیش کی گئی ہے

> **Provided that Health Officers of local authorities and such other holders of offices and posts in or under local authorities (including Local Councils constituted under the Basic Democracies Order, 1959) and such Officers in the service of Government, as Government may by notification in the Official Gazette specify in this behalf shall be ex-officio Inspectors in respect of all foods within the areas under their respective jurisdiction."**

میں یہ عرض کر رہا تھا کہ نامزد کرنے کے لئے جو powers ہیں وہ abuse ہوتی ہیں اسکے لئے میں مثال پیش کرتا ہوں ۔

Mr Speaker . Within two minutes he may make his point.

مسٹر حمزہ — لیکن اگر یہ سب interrupt کرتے رہیں گے تو کیسے کر سکتا ہوں ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ نامزدگیوں سے برائیاں پیدا ہوتی ہیں ۔

Mr. Speaker: Again the Member is discussing the same point. He should have brought an amendment for deleting Clause 4. Who had stopped him from bringing in an amendment to that effect? He should confine himself now to the amendment.

Minister for Health: Mr. Speaker, an amendment is coming for the Basic Democracies Ordinance. At that time my friend can speak.

مسٹر حمزہ — جناب میں nomination کے بارے میں عرض کر رہا تھا اور اس امنڈمنٹ کے ذریعہ میں اسکو delete کرنیکی وجہ بیان کر رہا تھا ۔

مسٹر سپیکر — جلدی بتائیے and be relevant to the amendment ۔

مسٹر حمزہ — وکیل صاحب نے ڈپٹی کمشنر صاحب سے عرض کیا کہ میں حمزہ سے سفارش کروا لیتا ہوں ۔ لیکن ڈپٹی کمشنر صاحب نے فرمایا کہ ہمیں کمشنر صاحب کی زبانی ہدایات ہیں کہ جس امیدوار کی گورنمنٹ کو سپورٹ کرنے والے ایم ۔ پی ۔ اے سفارش کریں اس کو نامزد کیا جائے ۔ یعنی اس کا مقصد یہ ہے کہ اگر ہم ان لوگوں کو اختیارات دے دیں جو ڈسٹرکٹ کونسل کے ممبر یا یونین کونسل کے چیئرمین ہیں یا سیکرٹری ہیں تو یہ لوگ اس سے پہلے بھی اس قسم کے اختیارات abuse کرتے رہے ہیں ۔ آئندہ بھی کرتے رہیں گے ۔ اس لئے میں نہیں چاہتا کہ ایسے لوگوں کو نامزد کیا جائے جو نا اہل ہیں اور جو نہ خود control کر سکتے ہیں اور نہ کروا سکتے ہیں ۔ جیسا کہ انہوں نے اپنے کردار سے ظاہر کیا ہے ۔ یہ اختیارات ایسے لوگوں کو دینا اس ہاؤس سے دشمنی ہے ۔ اس ملک سے دشمنی ہے اور سب سے بڑھ کر اس ملک کے عوام الناس سے دشمنی کرنا ہے ۔

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is—

That in clause 4 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Education and Health, for the proviso proposed to sub-section (1) of section 16 of the West Pakistan Pure Food Ordinance 1960 (West Pakistan Ordinance VII of 1960), the following proviso be substituted, namely :—

"Provided that Health Officers of local authorities shall be ex-officio inspectors in respect of all foods within the areas under their respective jurisdiction."

There are similar amendment from Rao Khurshid Ali Khan and Chaudhri Muhammad Ibrahim. They can support Mr. Hamza.

راؤ خورشید علیخان (منٹگمری ۔ ۳)— جناب والا ۔ اس امنڈمنٹ کے ذریعے ہمارے موجودہ حکمرانوں نے اسبات کو ثابت کر دیا ہے کہ ان کی طرف سے جو کارروائی ہوتی ہے اس پر قطعی کوئی غور و خوض نہیں کیا جاتا اگر کسی معاملے پر غور و خوض کیا جاتا ہے تو پھر کوئی ایسی کارروائی کی جاتی ہے کہ کسی مصلحت کا شکار ہو کر یہ کوئی امنڈمنٹ لے آتے ہیں جناب والا ۔ موجودہ امنڈمنٹ اس بات کا قطعی ثبوت ہے کہ ان دونوں الزامات میں سے یہ ایک الزام کے ضرور ملزم ہیں ۔

جناب والا ۔ آپ کی وساطت سے میں ان حضرات کی خدمت میں یہ بات پیش کرنا چاہتا ہوں کہ موجودہ امنڈمنٹ سے پہلے لوکل باڈیز کے ملازموں کو ex-officio فوڈ انسپکٹر کی حیثیت حاصل تھی اس حیثیت کو ختم کیا گیا اور اصل ضابطہ ایک علیحدہ cadre بن گیا ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اور فوڈ انسپکٹر کے علیحدہ cadre بنانے کا مطلب یہ تھا کہ اس سے پہلے جن لوگوں کو ex-officio اختیارات حاصل تھے وہ اپنے فرائض منصبی کی ادائیگی میں فیل ہو چکے تھے اب اس موجودہ امنڈمنٹ کے ذریعے ان ہی لوگوں کو پھر اختیارات سونپے جا رہے ہیں تو میں اپنے دوستوں سے التجا کرونگا کہ وہ کوئی قانون بناتے وقت عوام کے مفاد کو پیش نظر رکھ کر کوئی امنڈمنٹ کیا کریں ۔ یہ ایک legislature ہے اسکا قیمتی وقت اس طرح ضائع نہ کرنا چاہئے ۔ کتنے افسوس کی بات ہے اور میں ایمانداری سے کہتا ہوں اور میرے دل میں ایک جذبہ ہے اور میں اپنے دل کے تاثرات اور وارداتات کے باعث یہ بات کہہ رہا ہوں ۔

اب جناب والا ۔ آگے بڑھنے سے پہلے ایک منٹ ٹھہر کر میں کچھ عرض کرونگا ۔ اور وہ یہ کہ agror valley bill جس کا نمبر تئیسواں یا چوبیسواں تھا یعنی درمیان کے تمام نمبروں کو نظر انداز کر کے اس کو پہلے پیش کر دیا گیا ۔

مسٹر سپیکر—یہ بھی ہیلتھ آفیسرز سے متعلق ہے ۔

راؤ خورشید علی خان—جناب ۔ میں نے جو نقطہ پیش کیا ہے اور میرا اس کہنے سے جو مقصد ہے وہ یہ ہے کہ یہ جو کام کرتے ہیں جو قدم اٹھاتے ہیں وہ کسی نہ کسی مصلحت کا شکار ہو کر اٹھاتے ہیں اور وہ گویا تدبر' تفکر اور غور و فکر سے عاری ہو کر کام کرتے ہیں ۔ تو میں نے اس سلسلے میں یہ مثال دی تھی کہ آرڈر آف دی ڈے کے سلسلے میں ''اگرور ویلی بل'' کا نمبر تئیسواں تھا لیکن درمیان کے ۲۲ کو نکال کر اس کو علیحدہ پیش کر دیا گیا ۔ اور پھر یہ بھی کہ رول ۵۸ کو بھی suspend کر دیا جائے ۔ اس قسم کے مشکوک حالات میں میں یہ عرض کرتا ہوں کہ آپ کی روش مشکوک ہے ۔ اسیطرح criminal law amendment کا نمبر چالیسواں تھا آپ درمیان کے ۳۹ کو چھوڑ کر اس کو لے آئے ۔

مسٹر سپیکر—کچھ ہیلتھ آفیسر کے متعلق بھی تو فرمائیے ۔

راؤ خورشید علی خان—جناب میں عرض کر رہا ہوں کہ اس قسم کی کارروائیاں نیشنل اسمبلی میں بھی ہو رہی ہیں ۔ تو آخر بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی ۔ اب جناب میں اصل بات کی طرف آتا ہوں ۔ بات یہ ہے کہ جناب والا ۔ یہ ابتدا تھی اس وقت صورت حال یہ ہے کہ ہمارا معاشرہ کسی نہ کسی خرابی اور فتنہ و شکوک اور corruption سے خالی نہیں ہے یہ بڑی شرمناک بات ہے ۔ اور اس سے میں اپنے آپ کو بھی مستثنیٰ نہیں کر سکتا ۔ ایمانداری کی بات یہ ہے کہ سارا کا سارا معاشرہ بگڑا ہوا ہے اور جس کی ہم سب کو مل جل کر اصلاح کرنا چاہئے ۔ بر سر اقتدار پارٹی پر ظاہر ہے کہ اسکی زیادہ ذمہ داری آتی ہے اور اپوزیشن کی ذمہ داری بہت قلیل ہے ۔ میں ایمانداری سے اپیل کرتا ہوں کہ اسکا تدارک کیا جائے ۔ کیونکہ یہ صورتحال بڑی تشویش ناک اور بڑی خطرناک ہے اور اس ملک کے لئے ہمارا فرض ہے کہ all round compaign کر کے معاشرے کی اصلاح کر دی جائے ۔ عجیب بات ہے کہ ایک فوڈ

انسپکٹرز کے محکمہ کو single out کر دیا گیا اور ظاہر یہ کیا جا رہا ہے کہ جو محکمہ فوڈ انسپکٹروں کا تھا وہ corrupt تھا اور جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے یہ بات کہنی چاہتا ہوں کہ اس طرح سے ایک محکمہ کو single out کرنا کہ وہ سارے کے سارے بے ایمان ہیں اور corrupt ہیں میں کہتا ہوں کہ اس طبقے پر کیا یہ انتہائی ظلم نہیں ؟ پانچوں انگلیاں برابر نہیں ہوتیں ۔ جیسا کہ میرے دوست صفدر صاحب نے فرمایا ہے کہ آج ہم defend corrupt food inspectors کو کرنے کے لئے نہیں آئے اور جو corrupt نہیں ہیں ہم ان پر انتہائی ظلم تصور کرتے ہیں ۔ یہ کس طرح مان لیا جائے کہ سو کے سو فیصدی corrupt ہیں اور اس قسم کا تاثر جو گورنمنٹ کو ہے وہ نہایت زیادتی ہے ۔ وہ اپنے گریبان میں منہ ڈال کر دیکھیں ۔

مسٹر سپیکر اب آپ اختتامیہ پر آ جائیے ۔

راؤ خورشید علی خان—صحیح باتیں جو ہیں اگر وہ اچھی نہیں لگتیں تو variety show میں جانا پڑے گا ۔ تو بہر حال جن لوگوں نے سولہ سولہ اٹھارہ اٹھارہ سال کی سروس اس محکمہ میں سر انجام دی ہے اور مجھے ایسے فوڈ انسپکٹران کا بھی علم ہے کہ جس قسم کے وہ پبلک سرونٹس ہیں ان کے دامن پر ملک قادر بخش صاحب کو نماز پڑھنے کی سعادت حاصل کرنی چاہئے ۔ ایک فوڈ انسپکٹر اگر ایماندار ہے تو اس کے دامن پر کیوں نہ ہم نماز پڑھیں گے ۔

وزیر مال—آپ کو کس نے منع کیا ہے آپ پڑھیں ۔

راؤ خورشید علی خان—بہر حال میری یہ عرض ہے کہ یہ انتہائی ظلم ہے جو ان کے ساتھ روا رکھا گیا ہے میں یہاں ختم کرنا چاہتا ہوں ایک انجان سے غلطی ہو تو اس وجہ سے شرم نہیں محسوس کرنی چاہئے اگر یہ غلطی آپ سے ہوئی تو یہ آپ کے regime سے ہوئی آپ کو اسے rectify کرنا چاہئے میں اس پوائنٹ پر ختم کرنا چاہتا ہوں ۔ میں کورپٹ آدمیوں کو نہیں لینا چاہتا ۔ جو دیانتدار ہیں ان کو لینا چاہتا ہوں ۔ اور آئندہ یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس چیز پر کنٹرول کرو یہ عجیب انداز ہے کہ صاحب خرابی ہے ۔ اگر ہے تو

اس کو دور کرنے کی صلاحیت پیدا کرنی چاہئے ۔ کیا کنٹرول کرنے کی ہمت نہیں ہے ؟ اس میں کس کا نقصان ہے ۔ یہ انہوں نے کہا کہ فوڈ انسپکٹروں کا اڈہ اڑا دیا گیا ہے ۔ میں آخری بات کرکے بیٹھ جاتا ہوں ۔ اب یہ اختیارات سونپے کس کو جا رہے ہیں ؟ B. Ds. کو ؟

جناب والا—میں پوری ذمہ داری کیساتھ کہتا ہوں کہ ان بی ڈیز کو سیاسی رشوت دلائی جا رہی ہے اور اس بگڑے ہوئے معاشرے کو مزید بگاڑنے کی کوشش کی جا رہی ہے اور اس قسم کے اختیارات جو ان لوگوں کو دیے رہے ہیں اور اس سے پیشتر جو اختیارات انکو ملے ہوئے ہیں .... قطع کلامی .....

نواب زادہ غلام قاسم خان—پوائنٹ آف آرڈر جناب والا—اس بی ڈیز کے معاشرے کو خراب معاشرہ قرار دیا جائے جس معاشرے سے یہ خود منتخب ہو کر یہاں آئے ہیں ۔ تو ان کے نمائندے اتنے اچھے ہیں ۔ آپ معاشرے کو کیوں برا کہہ رہے ہیں ؟

Rao Khurshid Ali Khan : Exception proves the rule.

چودھری محمد ابراہیم—(سیالکوٹ - ۳) صاحب صدر - مجھے اس بل کے مقصد سے ہمدردی ہے اس بارے میں میرا کسی سے اختلاف نہیں ۔ واقعہ امر یہ ہے کہ لوگوں کو خالص غذائی اشیا مہیا ہونا چاہئیں ۔ کیونکہ اس پر ان کی صحت کا دارو مدار ہے ۔ اس پر ان کے زندہ رہنے کا دارو مدار ہے ۔ سوال یہ ہے کہ جو بل پیش کیا گیا ہے اور جس میں یہ شقیں رکھی گئی ہیں کیا ان سے وہ مقصد پورا ہو سکتا ہے جیسا کہ اس سے پہلے خواجہ صفدر صاحب اور دوسرے محترم مقررین نے فرمایا ہے مجھے ان کے ساتھ پورا اتفاق ہے کہ جب تک آپ ان ہاتھوں کی تربیت نہیں کریں گے جنکے ہاتھوں میں آپ قوت اور اختیار دے رہے ہیں تب تک کسی بھلائی کی صورت نہیں ہو سکتی ۔ سب دارو مدار تو اس بات پر ہے کہ آپ قوت کن ہاتھوں میں دے رہے ہیں اور اس بات کی ضرورت ہے کہ ان ہاتھوں کی تربیت ہو جن کے ہاتھوں میں

لاٹھی دے رہے ہیں وہ اس کو پوری بے تمیزی کے ساتھ استعمال کرتے ہیں یہ اختیارات جو اس وقت وہ حاتمانہ نوازش کے ساتھ تقسیم کیے جا رہے ہیں اس میں nominated ممبرز بھی آ جائیں گے - یونین کونسل اور ٹاؤن کمیٹیاں بھی آ جائیں گی تو اس کے یہ معنی ہونگے کہ ایک مظلوم طبقہ رہ جائیگا جن کے خون کا آخری قطرہ یہ لوگ چوس لیں گے - ضروری یہ ہے کہ نہایت احتیاط کے ساتھ ان ہاتھوں میں اختیارات دئے جائیں جس سے ان کے غلط استعمال کا خدشہ نہ ہو - میری جو ترمیم ہے اور دوسرے احباب کی جو ترمیم ہے اس سے وہ اسبات کو emphasise کر رہے ہیں کہ اختیارات تھوڑے ہاتھوں میں دئے جائیں صرف D. H. O. کو اس بات کا ذمہ دار قرار دیا جائے ہر Tom, Dick and Harry کو لاٹھی نہیں دی جائیگی تاکہ مظلوم طبقہ پر ظلم نہ ہو - میری اس سلسلے میں گذارش یہ ہے کہ پیشتر اس کہ ہم ان اختیارات کو اس طرح سے تقسیم کریں ہم ان ہاتھوں کی تربیت کا انتظام کریں اور آئین کی رو سے جو بات ہم پر فرض ہے یہ مملکت ایک اسلامی ریاست ہو گی - اس کا کاروبار انہیں اصولوں کے تحت چلایا جائے گا - ان اصولوں کو ہر شعبہ زندگی میں اکٹھا کیجئے اور نافذ کرنیکی کوشش کیجئے - یہ نہ variety show, art and culture کے نام پر جو کچھ تھوڑی سی اخلاقی حس باقی ہے اس کو بھی فنا کر دیں -

Mr. Speaker : The question is :

> **That in clause 4 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Education and Health, for the proviso proposed to sub-section (1) of section 16 of the West Pakistan Pure Food Ordinance 1960 (West Pakistan Ordinance VII of 1960), the following proviso be sub-stituted, namely,**
>
> **"Provided that Health Officers of local authorities shall be ex-officio Inspectors in respect of all foods within the areas under their respective jurisdiction".**

(*The motion was lost*)

Mr. Speaker : Now Amir Habib Ullah Khan Saadi may please move his amendment.

Amir Habibullah Khan Saadi : Sir, I beg to move :

> **That in clause 4 of the Bill as recommended by the Standing Committee on Education and Health in the proviso proposed to sub-section 1 of section 16 of the West Pakistan Pure Food Ordinance 1960, in line 10 after the word "behalf" add the words "and school teachers, patwaries and Chaukidars."**

جناب صدر - مجھ سے پہلے مقررین نے جو سیدھا سادہ طریقہ حالات کو درست کرنے کے لئے تجویز کیا تھا اور ترامیم پیش کی تھیں - وہ ہماری محترمہ وزارت کی سمجھ میں نہیں آتی ہیں اس لئے میں نے ایک ہومیوپیتھک طریقہ تجویز کیا ہے - میں ان کی تائید کے ساتھ یہ علاج اسی لئے تجویز کر رہا ہوں -

Proviso to clause 4 reads as follows :—

"..... and such other holders of offices and posts in or under local authorities (including Local Councils Constituted under the Basic Democracies Order, 1959) and such officers in the service of Local Gorvernment as Government may by notification in this official gazette specify in this behalf....."

میرا خیال یہ ہے کہ یہ دیہات اور قصبات کے ان غریب ملازموں کے ساتھ نہایت ناانصافی ہو گی جو سکول ٹیچر ہیں - پٹواری ہیں اور چوکیدار بھی ہیں - رشوت کے مواقع سے جب آپ نے سب کو نوازنا ہے جو اس وقت رسم و رواج چالان کرنے کے رائج ہیں - جب آپ نے باقی تمام طبقہ کو مستفید ہونے کا موقع دینا ہے - میرے خیال میں باقی غریبوں نے کوئی ایسا گناہ نہیں کیا ہے - ان کو بھی حصہ دار بنانا چاہئے اور رشوت کی وہ تمام آمدنی جو ملک میں تقسیم ہو رہی ہے اور دولت کی تقسیم کا ذریعہ ثابت ہو گی - میں جناب مختصراً یہ گذارش کرتا ہوں کہ یہ ترمیم آپ کی تائید میں ہے آپ مہربانی کر کے اسے قبول فرمائیں - تاکہ سکول ٹیچر - پٹواری اور چوکیدار رشوت کے مواقع سے محروم نہ ہوں اور آپ کی جان کو دعائیں دیں -

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved, the question is :

That in clause 4 of the Bill as recommended by the Standing Committee on Education and Health, in the proviso proposed to sub-section (1) of section 16 of the West Pakistan Pure Food Ordinance 1960, in line 10 after the word "behalf" add the words "and school teachers, patwaries and chaukidars."

(The motion was lost)

Mr. Speaker : The question is :

That clause 4 stand part of the Bill.

(The motion was carried)

(*Clause* 6)

Mr. Speaker : Khawaja Sahib, your amendment is for the opposition of the whole clause. So it should be taken last. Same is the case with Mian Akbar's amendment.

Now Chaudhri Muhammad Ibrahim may please move his amendment.

Chaudhri Muhammad Ibrahim (Sialkot-III) : Sir, I beg to move—

That in clause 5 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Education and Health, in line 8 of the proposed clause (iii) of sub-section (2) of section 17 of the West Pakistan Pure Food Ordinance, 1960 (West Pakistan Ordinance VII of 1960), between the word 'food' and semi-colon, the following words be inserted, namely :—

"excluding premises where food is stored or prepared for home consumption."

جناب والا ۔ ایک شعر عرض کرتا ہوں ۔

ناوک نے تیرے صید نہ چھوڑا زمانے میں
تڑپے ہے مرغ قبلہ نما آشیا نے میں

یہ اس وقت تک تو صرف حکومت کی نظر درم گھروں کی چار دیواری سے باہر تھی اب وہ اس کو بھی مستثنیٰ نہیں رہنے دینا چاہتے اب وہ گھروں کی privacy میں بھی دخل دینا چاہتے ہیں ۔ یعنی جو موجودہ صورت حال ہے اس قانون کی اس سے تو وہ لوگ بھی نہیں بچیں گے ۔ جو لوگ اپنے گھر میں اپنی ضرورت کے لئے کوئی چیز تیار کرتے تھے مثال کے طور پر اگر کسی شخص نے اپنے گھر میں بھینس پالی ہوئی ہے تو وہ اس سے دودھ اور گھی تیار نہیں کر سکے گا بجز اس کے آپ کے جو انسپکٹر اور یہ جو فوج ظفر موج آپ تیار کر رہے ہیں ان کا صبح سے شام تک تانتا لگا رہے گا ۔ کہ اس کے گھر میں کیا ہے ۔ اس گھر میں کیا بن رہا ہے ۔ میرے اپنے خیال میں یہ بڑی معصوم ترمیم ہے ۔ کم از کم لوگوں کو جو گھروں میں رہتے ہیں ۔ اپنی ضرورت کے لئے اشیاء تیار کرتے ہیں ۔ ان کی جان بخشی کر دی جائے (قطع کلامیاں) آپ اگر بناسپتی کو رنگ نہیں دیتے ہیں ۔ اگر اس میں آپ کی کچھ مفاد اور کچھ مصلحتیں پوشیدہ ہیں تو وہ رہیں آپ کے پاس طاقت ہے آپ اس طاقت اور اختیار کو مفاد عامہ کی خدمت کے لئے استعمال کیجئے ۔

Mr. Abdul Qadir Sanjrani : May I submit one thing. Sir, he should speak to the amendment whicd he has moved. He should not speak on other clauses which have already been passed. He is speaking with regard to clauses 3 and 4, while he has moved an amendment to clause 5.

Mr. Speaker : The Member may please sp ak to his amendment.

چودھری محمد ابراھیم۔صاحب صدر ۔ میں نے اس کی طرف اشارہ کیا ہے ۔

مسٹر سپیکر۔آپ اشارہ ہر ھی بولیں آپ اسی ہر تقریر فرمائیں ۔

چودھری محمد ابراھیم۔اگر اور کسی گوشے سے ان کے کانوں میں کوئی معقول بات کہی جائے .....

مسٹر سپیکر۔آپ کی ترمیم میں جس طرف اشارہ ہے آپ اس موضوع ہر بولیں ۔

چودھری محمد ابراھیم ۔اگر کوئی معقول بات سنی جا سکتی ہے تو کم از کم یہ جو گھروں کا تقدس ہے وہ ملحوظ خاطر رکھیں اور ان کو مستثنیٰ کر دیں ۔ صرف اس کے متعلق میری یہی گذارش ہے ۔

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

> **That in clause 5 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Education and Health, in line 8 of the proposed clause (iii) of sub-section (2) of section 17 of the West Pakistan Pure Food Ordinance, 1960 (West Pakistan Ordinance VII of 1960), between the word "food" and semi-colon, the following words be inserted, namely :—**
>
> **"excluding premises where food is stored or prepared for home consumption."**

Mr. Abdul Qadir Sanjrani : Sir, I oppose it.

Mr. Speaker : This is a similar amendment from Mr. Hamza. He can speak in support of Chaudhri Muhammad Ibrahim's amendment.

مسٹر حمزہ۔جناب سپیکر . جیسا کہ میں نے اپنی پہلی ترمیم میں عرض کیا تھا کہ اس گورنمنٹ کی نا اہلی اور ان کے آفیسرز کی بد دیانتی .....

Mr. Speaker : The Member may please speak on his amendment.

مسٹر حمزہ ۔جناب ان کے رویہ سے ایسی بات پیدا ہو گئی ہے ۔ جو کلاز انہوں نے یہاں پیش کی ہے ۔ وہ یہ ہے ۔

"(iii) enter into and inspect any market, godown, shop, stall or other place used for the manufacture, storage or sale of any apparatus, utensil or vessel ordinarily used or intended to be used or likely to be used for preparing, manufacturing or containing any food." (Interruptions)

جناب والا ۔ وزارتی بنچوں کے ممبران نے اگر میری تقریر میں رکاوٹ پیدا کرنا بند نہ کیا تو مجھے یہ تقریر بڑی لمبی کرنی ہو گی انہوں نے یہ رویہ اختیار کیا ہے کہ جب بھی اس طرف سے کوئی شخص تقریر کرتا ہے ... ...

مسٹر سپیکر۔آپ تقریر لمبی کریں اس میں کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن اپنے آپ کو اپنی ترمیم excluding premises where food is stored تک محدود رکھیں ۔

This is not a general discussion on the Bill.

We are going clause by clause. In this clause the member has moved an Amendment. He should confine his speech to his Amendment.

مسٹر حمزہ—اس سب کلاز کے ذریعہ وہ تمام لوگ جنہیں یہ فوڈ انسپکٹر بنا رہے ہیں اور انہیں وسیع اختیارات دے رہے ہیں ۔ میرا منشا یہ ہے کہ وہ جگہیں جہاں ذاتی استعمال کے لئے خوراک تیار کی جاتی ہو ان کو مستثنیٰ قرار دیا جائے ۔ حقیقت یہ ہے کہ جب بھی کوئی قانون بنایا جاتا ہے ۔ تو اس میں saving clause رکھی جاتی ہے کہ اگر کوئی اہل کار فرائض کی انجام دہی میں نیک نیتی سے کام کر رہا ہے ۔ تو اس کے خلاف کوئی قانونی چارہ جوئی نہیں ہو سکتی۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ لوگ saving clause کا ناجائزطریقہ سے فائدہ اٹھاتے ہیں ۔ عام زندگی میں دیکھنے میں آیا ہے کہ سیونگ کلاز کے پردے میں اہل کاران حکومت لوگوں کو پریشان کرتے ہیں ۔ اور یہ ایک انتہائی خطرناک اور اہم اختیار ہے کہ وہ رہائشی مکانات میں یاجہاں ذاتی کھانے پینے کی اشیاء تیار کرتے ہوں یہ لوگ وہاں بھی داخل ہو سکینگے ۔ میں جناب سپیکر ۔ آپ کے سامنے ایک واقعہ پیش کرتا ہوں کہ Maintenance of Law and Order Ordinance کے تحت پچھلے دنوں محمود علی قصوری صاحب.....

Mr. Speaker How does it relate to Amendment ?

Mr. Hamza : Definitely Sir.

ان کے پاس اختیارات نہیں تھے ۔ رات کے وقت وہ ان کے گھر میں دیوار پھاند کر گھس گئے ۔ ان کی اہلیت اور قابلیت تو سامنے ہے کہ جب سندھ میں ڈاکوؤں کا مقابلہ کرنا ہوتا ہے۔ وہاں یہ خصی ہو جاتے ہیں ۔ (قطع کلامیاں) وہاں میدانوں اور جنگلوں میں تو یہ ان کا مقابلہ نہیں کر سکتے لیکن جہاں کسی شریف شخص کو ذاتیات کے تحت پریشان کرنا ہو ۔ کسی سیاسی لیڈر کو خائف کرنا ہو وہاں چاہے ان کو یہ اختیار ہو یا نہ ہو چاہے موقع محل اس کا مطالبہ کرتا ہو یا نہ کرتا ہو یہ لوگ ان کے گھروں میں دیواریں پھاند کر داخل ہو جاتے ہیں ۔

جناب وزیر صحت ہماری گورنمنٹ ہی کے وزیر ہیں اور اس گورنمنٹ کی کارروائیاں اس قسم کی ہیں ۔ اور جب ہم نے ان کے اس رویہ کو دیکھ لیا ہے جو یہ ایک با رسوخ شخص بلکہ ایک انتہائی نامور سیاسی لیڈر یا وکیل کے خلاف ایسی کارروائیاں کر سکتے ہیں .....

Mr. Speaker : The Member should not be personal. I will not allow him to continue if he is personal.

مسٹر حمزہ ۔میری عرض سنئے ۔ جب اتنے مشہور طاقتور انسان کے خلاف ایسی کارروائی ہو سکتی ہے آپ خود ہی اندازہ لگائیں ۔ کہ عام پبلک کو وہ کس طرح تختہ مشق بنائینگے ۔ ظالموں کی اتنی بڑی فوج کو آپ اتنے اختیارات دے رہے ہیں .....

مسٹر سپیکر۔باورچی خانے کی بات پر آپنے amendment کی ہے بات فوج کی کر رہے ہیں آپ۔

مسٹر حمزہ ۔محترم ۔ میں نے عرض کیا ہے کہ گھروں میں داخل نہ ہوں جہاں ذاتی استعمال کے لئے خوراک وغیرہ تیار ہوتی ہو اور یہ کہتے ہیں کہ ہم نے داخل ہونا ہے ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ وہ اس قدر بڑے اور طاقتور لوگوں کو بھی نہیں چھوڑتے تو عام لوگوں پر ظلم کرنا ان کا روز کا کام ہے تو ان ظالموں کو ان نالائقوں کو.....

مسٹر سپیکر—آپ پارلیمنٹری طریقہ سے بات کیجئے یہ ظالموں اور بے وقوفوں کیا کر رہے ہیں ۔ this is not the way.

مسٹر حمزہ ۔ ''بیوقوف'' تو میں نے نہیں کہا ہے ۔

مسٹر سپیکر—دیکھئے ۔ آپ یہ الفاظ واپس لے لیجئے ۔

مسٹر حمزہ—چونکہ آپ کا حکم ہے اسلئے واپس لیتا ہوں ۔ تاہم آپ سے عرض کرونگا کہ ان اختیارات کو جب تک ناجائز طریقہ سے استعمال کیا جائیگا.....

امیر حبیب اللہ خان سعدی—میں جناب آپ کی رولنگ واضح طور پر اس معاملے میں چاہتا ہوں کہ اگر اس صوبے میں کوئی ظالم ہو تو اسے کس جگہ ظالم کہا جائے ؟ آخر کوئی مقام تو ہوگا ؟

مسٹر سپیکر آپ جو بات کہیں پارلیمنٹری طریقہ سے کہیں ۔ خوب کہیں ۔ اعتراضات کریں ۔ لیکن یہ کہنا کہ نالائق ہے فلاں ہے اس قسم کے نازیبا غیر پارلیمانی الفاظ استعمال نہ کیجئے ۔ پارلیمانی انداز سے آپ کچھ ہی کہیں وہ روا ہے ۔ بات کیجئے ذرا خوبصورتی سے کیجئے اور کوئی بات نہیں۔ اب آپ تشریف رکھیں۔ اب جو ممبر صاحبان اس کے حق میں ہوں.....

مسٹر حمزہ—مجھے ابھی کہنا ہے ۔

مسٹر سپیکر—اچھا جملہ پورا کر لیں ۔

مسٹر حمزہ—میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ملک کے عوام اور ہم لوگوں کو پتہ ہے کہ کیونکہ ہم ان کے نمائیندے ہیں وزارتی بنچوں پر بیٹھنے والے نمائیندے نہیں ہوں گے لیکن ہمیں تو علم ہے کہ کار پردازان سرکار ان کو اختیارات کو انتہائی برے طریقے سے ناجائز طور پر استعمال کرتے رہے ہیں اور اب ایسے اختیارات میں یہ بہت بڑا اضافہ کر رہے ہیں ۔

مسٹر سپیکر—اب آپ تشریف رکھیں ۔

مسٹر حمزہ—ہم کس طرح انہیں اجازت دے دیں کہ یہ لوگوں کے گھروں میں دیوار پھاند کر داخل ہو جائیں ؟ تھوڑا بہت اپنی عقل سے بھی کام لیں.....

مسٹر سپیکر—آپ تشریف رکھیں -

مسٹر حمزہ—آپ اس اکثریت کے نشہ کو اتاریئے.....

مسٹر سپیکر—اب آپ تشریف رکھیں حمزہ صاحب.....مسٹر حمزہ تشریف رکھیں -

مسٹر حمزہ—آپ اس بارے میں.....(قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : Mr. Hamza may please resume his seat.

The question is :

That in clause 5 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Education & Health, in line 8 of the proposed clause (iii) of Sub-section (2) of section 17 of the West Pakistan Pure Food Ordinance 1960 (West Pakistan Ordinance VII of 1960), between the word 'food' & semi-colon, the following words be inserted namely :—

"excluding premises where food is stored or prepared for home consumption".

(*The motion was lost*).

وزیر زراعت (ملک قادر بخش)—یہ فیل تو ہو گئی لیکن ذرا اس کلاز کو دیکھ لیجئے کہ یہ اگر پاس کر دیتے تو باہر دنیا کیا کہتی ؟ صفدر صاحب ہی کہدیں کہ دنیا ہمیں کیا کہتی کہ ''الف'' ''ب'' بھی انگریزی کی ہمیں نہیں آتی - کرمانی صاحب ہی کہہ دیں - وہ تو - اس نے سر نیچا کر لیا - شکریہ - شکریہ -

Mr. Speaker : Next motion is of a similar nature and should therefore be considered to have been lost.

There is an amendment in the name of Sardar Muhammad Ashraf Khan. He may move it.

Sardar Muhammad Ashraf Khan : Sir I beg to move—

That in clause 5 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Education and Health, for sub-clause (*b*) of the proposed amendments to sub-section (2) of section 17 of the West Pakistan Pure Food Ordinance 1960 (West Pakistan Ordinance VII of 1960), the following be substituted, namely :—

"(*b*) in sub-section (3)—

(*i*) for the words and figures "mentioned in clause (*ii*) of sub-section (2)", the words and figures "mentioned in clauses (*ii*) and (*iii*) of sub-section (2)" shall be substituted ; and

(*ii*) in between the word "therein" and the word "unwholesome", the words "or may ordinarily be prepared, manufactured or contained therein" shall be inserted.

Mr. Speaker : Is there any opposition?

Minister for Health : No opposition.

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved, the question is :

> That in clause 5 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Education and Health, for sub-clause (*b*) of the proposed amendments to sub-section (2) of section 17 of the West Pakistan Pure Food Ordinance 1960 (West Pakistan Ordinance VII of 1960), the following be substituted, namely :—
>
> "(*b*) in sub-section (3)—
> (*i*) for the words and figures "mentioned in clause (*ii*) of sub-section (2)", the words and figures "mentioned in clauses (*ii*) and (*iii*) of sub-section (2)" shall be substituted ; and
> (*ii*) in between the word "therein" and the word "unwholesome", the words "or may ordinarily be prepared, manufactured or contained therein" shall be inserted.

(*The motion was carried*).

Mr. Speaker : Now there is total opposition of this clause by Khawaja Safdar. The amendment is ruled out of order because it is not an amendment. It is a total deletion. Anyhow if he wants to speak on this total deletion, he may speak.

Khawaja Muhammad Safdar (Sialkot-I) : Sir this is an amendment, which amounts to total deletion. The proper wording would be like this that this is an amendment, which amounts to total deletion. Of course, it should be taken up at the end. That is the procedure as far as I know.

Mr. Speaker : You may totally oppose it now.

خواجه محمد صفدر—جناب والا ۔ اس سے پیشتر کہ میں اس ترمیم کی مخالفت کے متعلق اپنی وجوہات عرض کروں میں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ میں یہ ترمیم آپ کے توسل سے ایوان کے سامنے پڑھ کر سناؤں ۔

Mr. Speaker : There is no need to read it.

خواجه محمد صفدر—میں اپنی ترمیم نہیں پڑھ رہا ۔ میں اس ایکٹ میں جو ترمیم پیش ہوئی ہے وہ پڑھ کر سنا رہا ہوں ۔

> "(*a*) in sub-section (2), in clause (*ii*) the full-stop at the end shall be substituted by a semi-colon and thereafter the following new clause shall be added:—
> "(*iii*) enter into and inspect any market, godown, shop, stall or other place used for the manufacture, storage or sale of any apparatus, utensil or vessel ordinarily used or intended to be used or likely to be used for preparing, manufacturing or containing any food"

جناب والا۔ اس کا اردو ترجمہ مختصراً کچھ اس قسم کا ہو گا ۔ کہ انسپکٹر کو یہ حق حاصل ہو گا کہ وہ کسی مکان ۔ گودام ۔

منڈی یا ایسی اور کسی قسم کی جگہ میں داخل ہو کر معائنہ کرے گا کن چیزوں کا ؟ جہاں کہ کوئی ایسی چیز بن رہی ہو جیسے کوئی برتن ۔ apparatus یا utensil یا مٹی کے برتن جن میں عام طور پر ملاوٹ کی چیز تیار کی جا سکتی ہو یا کی جا چکی ہو ۔ تو جناب والا ۔ میری سمجھ میں یہ بات نہیں آئی کہ اس سے حکومت کا منشاء کیا ہے ۔ اس سے پیشتر کہ میں اس کے متعلق عرض کروں میں سیکشن ۷، کی پہلی اور دوسری کلاز بھی اس ایوان کے سامنے پڑھ کر سنانا چاہتا ہوں ۔ یہ سیکشن ۔۱ انسپکٹروں کے ان اختیارات کے متعلق ہے ۔ جن میں اس اختیار کا مزید اضافہ کیا گیا ہے ۔ سب کلاز ۲ (۱) میں یہ ہے کہ انسپکٹر صاحبان جہاں کوئی کھانے کی چیز تیار ہو رہی ہو یا ہونے والی ہو یا جہاں اس کا storage ہو وہاں جا کر اس کے معائنہ کر سکتے ہیں ۔ دوسری کلاز میں یہ ہے کہ وہ ان اس کا sample لینے کے لئے داخل ہو سکتے ہیں و علیٰ ہذالقیاس ۔ تیسری چیز جو کہ میں سمجھا ہوں وہ یہ ہے کہ جہاں کسی قسم کے ظروف یا برتن (خوراک نہیں) تیار ہو رہے ہوں ۔ مثال کے طور پر محلہ کھمہاراں سیالکوٹ میں ہنڈیاں بنتی ہیں ۔ ہنڈیوں کی انسپکشن کے لئے انسپکٹر وہاں پہنچ جائے یا گوجرانوالہ میں تانبے یا پیتل کے برتن بنتے ہیں تو یہ وہاں جائے ۔ لیکن آخر یہ جائے کیا کرنے کے لئے ؟ سوال تو یہ ہے کہ خوراک کی چیزوں کا معائنہ کرنا ہے ۔ sample لینا ہے ۔ جس نے ملاوٹ کی ہو اس کا چالان کرنا ہے اور اس کو سزا دلانی ہے ۔ یہ جو نیا اختیار دیا جا رہا ہے ۔ یہ میری سمجھ میں نہیں آیا ۔ دو محترم وزیر سر ہلا رہے ہیں ۔ جس سے میں سمجھتا ہوں کہ وہ میری بات سمجھ رہے ہیں ۔ اور مجھ سے اتفاق کر رہے ہیں ۔ لیکن میں یہ سمجھنے سے قطعی طور پر قاصر ہوں ۔ اس میں مجھے قطعاً کوئی ایسی بات نظر نہیں آتی کہ ان برتنوں کا معائنہ انسپکٹر کس غرض سے کریں گے ۔ دوسری بات جس کے متعلق میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ وہ یہ ہے کہ یہ جو ایک قسم کی برتنوں پر پابندی ہے کیا یہ ضروری ہے ؟ در اصل چیز یہ ہے کہ جیسے ایک ڈنڈا یا عصا ہوتا ہے ۔ وہ کسی بوڑھے کے لئے سہارا ہوتا ہے ۔ لیکن جب وہ ڈنڈا کسی لڑاکے جنگجو یعنی ملک قادر بخش جیسے کے ہاتھ میں دیدیا جائے ۔

تو وہ کسی کا سر پھوڑ سکتا ہے ۔ ڈنڈا وہی ہے ۔ اب ایک ہنڈیا میں ایک شریف آدمی اپنے لئے خوراک تیار کرتا ہے ۔ اور دوسرا جیساکہ سلطان محمود صاحب نے ارشاد فرمایا تھا کہ گھروں میں گھی میں ملاوٹ ہوتی ہے اسی ہنڈیا میں گھی میں ملاوٹ بھی کر سکتا ہے ۔ اب کسی مکان میں جو دیگچہ پڑا ہوا ہے ۔ اس کا استعمال کیسے کیا جاتا ہے ؟ اگر تو اس میں سالن تیار ہوتا ہے تو کوئی جرم نہیں اور نہ ہی انسپکٹر کو وہاں جھانکنا چاہئے اور اگر وہاں ملاوٹ ہو رہی ہے تو وہی ایک جرم کی صورت بن جاتی ہے ۔ اگر دودھ میں پانی ڈالا ہوا ہے ۔ اور وہ بالٹی میں رکھا ہوا ہے اور نہانے کی غرض سے وہ بالٹی نہیں رکھی ہوئی تو پھر یہ سوال پیدا ہوتا ہے ۔ کہ اس کا معائنہ کیا جائے ۔

جناب والا ۔ یہاں تو میرے خیال میں انسپکٹرز کو بے پناہ قسم کے اختیارات دئیے گئے ہیں ۔ ان کو بغیر وارنٹ حاصل کئے داخلے کے اختیارات حاصل ہیں ۔ ان کو یہ بھی اختیار ہے کہ برتنوں کو inspect کریں لیکن میں حیران ہوں کہ آیا وہ ان کو seal بھی کریں گے اور ٹیسٹ کرنے کے لئے لیبارٹری میں بھیجیں گے ۔ یہ جو انسپکٹرز برتنوں کا معائنہ کریں گے ۔ میں نہیں سمجھتا کہ حکومت کی اس سے کیا منشا ہے اور کیا غرض ہے ۔ اور کن حالات کی بنا پر ان کے اختیارات میں اضافہ کیا جا رہا ہے ۔ میرے خیال میں اس کی قطعاً ضرورت نہیں ماسوائے اس کے کہ انسپکٹرز عوام کو harass کریں اور کوئی چیز فائدہ بخش نظر نہیں آتی ۔

امید ہے حکومت میری اس بات کی تائید کرے گی ۔ میں نے بڑے صبر سے یہ توقع رکھی تھی کہ ملک صاحب اس بات کی وضاحت کریں گے کہ اس کلاز کا مقصد کیا ہے ۔

وزیر زراعت (ملک قادر بخش)—اگر آپ پہلے پوچھ لیتے تو میں عرض کر دیتا ۔

خواجہ محمد صفدر—بحیثیت mover کے مجھے right of reply حاصل ہے اس لئے میں بعد میں کچھ عرض کروں گا ۔

مسٹر سپیکر۔اکبر صاحب اب آپ بھی اپنی تقریر دل پذیر شروع کریں ۔

میاں محمد اکبر (گجرات ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ میرے خیال میں Amending Bill کی کلاز ۵ بالکل بیکار ہے اور غیر ضروری ہے اس کا کوئی مقصد نہیں ۔ کیونکہ Food Inspectors کو کافی powers دے دی گئی ہیں ۔ اس وقت میں west Pakistan Pure Food Ordinance کے سیکشن ۱۷ (۲) کے الفاظ پڑھ کر سناتا ہوں ۔

> Enter into any premises for the purposes of exercising the powers of purchasing or taking a sample under section 18 and may in such premises inspect and examine any food and any apparatus, utensil or vessel used for preparing, manufacturing or containing such food."

اس کی sense یہ ہے کہ جہاں کوئی چیز بن رہی ہو اور وہ کھانے پینے کی چیزوں یعنی Food کے تحت آتی ہو تو یہ سمجھ کر کہ اس میں ملاوٹ ہو رہی ہے اسے seize کیا جائے ۔ لیکن اس میں کوئی sense نہیں کہ جہاں برتن بنتے ہوں اس جگہ کا معائنہ کیا جائے ۔ یہ بات تو عقل سے بعید ہے ۔ اصل بات یہ ہے کہ گجرات کے کارخانوں کو نقصان پہنچانے کے لئے یہ ترمیم لائی جا رہی ہے ۔ تا کہ Food Inspectors جب معائنہ کریں تو وہ کہہ سکیں کہ برتنوں کی مٹی میں زہر ملائی جا رہی ہے اور یہ Human consumption کے منافی ہے ۔ یہ بات تو صرف مصنف کے ذہن میں ہی آ سکتی ہے کہ کوئی Food Inspector کسی شریف آدمی کے گھر میں گھس جائے ۔ گھروں میں دیگچہ وغیرہ ایسی چیزیں استعمال ہوتی ہیں ۔ میں حیران ہوں کہ گھروں میں ایسی چیزوں کا معائنہ کس کام آ سکتا ہے ۔ بناسپتی میں تو ملاوٹ وغیرہ ہوتی ہے ۔ لیکن دیگچہ میں کیا ملاوٹ کا امکان ہے ۔ البتہ خانہ تلاشی کا ایک بہانہ بن سکتا ہے ۔ Food Inspectors کو تو سیکشن ۱۷ (۲) کے تحت پہلے ہی کافی اختیارات ملے ہوئے ہیں ان میں اضافہ کی کیا ضرورت ہے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس کی پر زور مخالفت کرتا ہوں ۔

وزیر صحت (مسٹر عبدالقادر سنجرانی) جناب والا ۔ جو ترمیم اس وقت ہم یہاں لا رہے ہیں اگر خواجہ صاحب کو اس کا مطلب معلوم ہو جائے تو مجھے یقین ہے وہ مجھ سے agree کریں گے ۔ در اصل ترمیم کے لانے کا یہ مطلب ہے کہ adulteration بند کی جائے ۔

ایسے برتنوں میں جو کھانا وغیرہ پکتا ہے جب وہ use ہوتا ہے تو وہ Human consumption کے قابل نہیں ہوتا ۔ اس سے نقصان ہو جاتا ہے ۔ اس لئے ایسے برتنوں کو بند کرنا ضروری ہے ۔ گجرات میں چینی کے برتن بنتے ہیں ۔ جب ان پر پالش کیا جاتا ہے تو اس میں ایک قسم کی poison ہوتی ہے ۔ ٦ سے ١٢ ماہ کے اندر اس کا برا اثر پڑتا ہے ۔ جوڑوں میں درد ہونے لگتا ہے اس لئے ان کو بند کرنا ضروری ہے کیونکہ ان میں کھانا پینا ٹھیک نہیں ۔ یہ کلاز جو لائی گئی ہے اس سے میرا مطلب یہ ہے کہ جہاں برتن بنتے ہیں یا سٹور ہوتے ہیں یا sale ہوتے ہیں وہاں Food Inspectors جا سکیں ۔ گھروں میں جانے کے لئے نہیں ہے ۔ کلاز میں کہیں بھی اس کا ذکر نہیں کہ ۔

They can even enter into houses where they are manufactured for personal consumption.

I may read out the words which have been used in the amendment. The words are—

"enter into and inspect any market, godown, shop, stall or other place.....

Mian Muhammad Akbar: What do you mean by that.

Minister for Health: Wait a minute please.

".....stall or other place used for the manufacture".

I am sorry to say that they have not followed it.

Mr. Speaker: The question is :

That Clause 5, as amended, stand part of the Bill.

(*The motion was carried.*)

Nawabzada Iftikhar Ahmad Khan: Point of Order, Sir.

Mr. Speaker: This is disallowed because the member is not in his seat.

مسٹر افتخار احمد خان (اپنی نشست سے)۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا ۔ میرا پوائنٹ آف آرڈر خان پیر محمد خان صاحب کی تشریف آوری سے شروع ہوتا ہے وہ یہاں نہیں تھے میں نے سمجھا کہ جو ہزاروں کسان باہر بیٹھے ہیں یہ ان سے گفتگو کر رہے ہیں ۔

Minister for Railways: Is it a point of order ?

Mr. Speaker: This is no point of order.

Minister for Revenue (Khan Pir Muhammad Khan): I met them yesterday. I gave them time to see me and they are meeting me to-day at 1-30 p.m.

(*Clause* 6)

Mr. Speaker: Now, we come to clause 6. Khawaja Safdar to move his amendment please.

Khawaja Muhammad Safdar (Sialkot—I): Sir, I beg to move:

That Clause 6 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Education and Health, be deleted.

جناب والا ۔ میں اس نئی کلاز 23 (a) جو کہ اب اصل قانون میں شامل کرنا چاہتے ھیں ۔ اسکی مخالفت کے لئے کھڑا ھوا ھوں ۔ وہ کلاز یہ ھے جناب ۔

"Any magistrate for the time being empowered to try in a summary way the offences specified in sub-section (1) of section 260 of the Code of Criminal Procedure, 1898, may try summarily any offence made punishable under clause (a) of sub-section (1) of sectson 23 of this Ordinance or sub-section (2) of the said section in accordance with the provisions of Chapter XXII of that Code".

تو جناب والا ۔ اس سے مراد وزارت کی یہ ھے کہ جو جرائم Pure Food Act کے تحت اس صوبے میں سرزدھوں دفعہ 30 کے اختیارات رکھنے والے میجسٹریٹ صاحبان سرسری سماعت کے بعد ان کا فیصلہ کر سکیں ۔

جناب والا ۔ اس کے نتائج سے با خبر ھونے کے لئے لازم ھے ۔ کہ میں اس ایوان کی توجہ اس ایکٹ کی دفعہ 30 کی طرف دلاؤں ۔ جس کے حصہ (الف) میں درج ھے ۔ کہ جو پہلی بار ان جرائم کا مرتکب ھوگا ۔ جو کہ اس ایکٹ میں دئیے گئے ھیں ۔ تو اس کو ایک سال سزا اور جرمانہ جس کی تعداد یہاں نہیں دی گئی ۔ یعنی لا تعداد ۔ اور اگر دوسری بار وہ ملزم پکڑا جائے ۔ اور Summary طور پر اس کو فیصلہ کرنے کے لئے اسے سزا دی جائے ۔ تو اس کے لئے دو سال سزا اور جرمانہ ھے ۔ جس کی مقدار کوئی نہیں دی گئی ۔ اور اسی طرح سب کلاز (2) میں جو لوگ دفعہ 10 اور 12 کی خلاف ورزی کے مرتکب ھوں گے ۔ ان کو ایک سال سزا اور جرمانہ اور بعض حالتوں میں دونوں ھوں گی ۔

اب جناب والا ۔ یہ واضح ہے ۔ کہ دو سال کی سزا اور جرمانہ اس کے علاوہ ۔ یہ اتنی وسیع سزا ہے ۔ اور میری رائے میں بغیر مقدمہ کی سماعت عام حالات میں کئے ہوئے کسی شخص کو سرسری طور پر اس قسم کی سزا نہیں ہونی چاہئے ۔ ایک وکیل کی حیثیت سے بلکہ ایک ضلع میں پریکٹس کرنے والے کی حیثیت سے مجھے یہ معلوم ہوا ہے ۔ کہ سرسری سماعت کس طرح ہوتی ہے ۔ ایک عدالت میں سرسری سماعت کے لئے دن مقرر ہوتا ہے ۔ اور وہاں دو سو ۔ پانچ سو ۔ سات سو آدمی بیٹھے ہوتے ہیں ۔ ان کی ایک لائن لگا دی جاتی ہے ۔ جو کچہری کے احاطہ سے باہر دور تک پھیلی ہوتی ہے ۔ ایک آدمی جو آگے جاتا ہے ۔ تو وہ کہتے ہیں ۔ کہ تم فلاں ہو ۔ کیا نام ہے تمہارا ۔ دراصل ان کے نام پہلے ہی ایک رجسٹر میں درج ہوتے ہیں ۔ وہ اسی طرح لائن میں کھڑے ہوتے ہیں ۔ تو وہ کہتا ہے ۔ کہ فلاں ولد فلاں ۔ تو وہ میجسٹریٹ اسے کہتا ہے ۔ کہ اچھا ۔ تم نے دودھ میں ملاوٹ کی ہے ۔ تو وہ کہتا ہے ۔ کہ جناب میری بات تو سنئے ۔ تو اسے کہا جاتا ہے ۔ کہ بس بات کرو گے تو اور زیادہ ہو جائے گا ۔ تو سو ۔ دو سو یا پچاس روپے اس پر جرمانہ تین مہینے قید ۔ اور کوئی بات نہیں ۔ تو یہ پانچ سات سو مقدمات انہوں نے ایک دن میں کرنے ہوتے ہیں ۔ اور اس کے لئے ان کی کارگذاری میں کچھ اضافہ بھی نہیں ہوتا ۔ بہر حال یہ اور بات ہے ۔ تو اس Summary طریقے سے کسی شخص کو دو سال سزا دینا ۔ ۔ ۔

Minister of Agriculture and Law (Malik Qadir Bakhsh) : Sir, he is wrongly interpreting the law. By this clause we are not empowering magistrates to sentence any man to more than 3 months or to a fine of more than 200 rupees. What we are providing is that if a case under this law is tried in an ordinary way, the sentence may be upto 2 years or one year, but why there was need to bring this section is that under section 260 of the Criminal Procedure Code only those offences can be tried summarily whose maximum punishment is six months. Here we have taken away cases of punishment of two years or one year and therefore they should not be tried summarily. We have just enabled them to do so. If they try it summarily the punishment will not be more than 3 months. If the offence is serious, it will be tried under the regular law.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں دیکھتا ہوں ۔ جناب والا ۔ الفاظ یہ ہیں ۔ کہ.....(قطع کلامی) اگر میں غلطی پر ہوں ۔ تو میں اسے قبول کر لوں گا ۔

".....which may extend to 2 years and fine provided that in the absence of special reasons to the contrary which may be recorded in the judgement and such imprisonment shall not be less than 3 months".

تو یہ limitation ہے در اصل ۔ اور دوسرا جو offence ہو گا ۔ یا دوسری بار جو گرفتار ہو گا ۔ یا الزام کا مرتکب ہو گا ۔ تو اس کو اگر تین ماہ سے کم سزا عدالت دے گی ۔ تو وہ وجوہات درج کرنے پڑینگے ۔ کہ جن کی وجہ سے تین ماہ سے کم سزا دے گئی ہو ۔ یہاں اس سے ordinarily یہ تاثر پیدا ہوتا ہے ۔ کہ اس کو تین ماہ سے زیادہ سزا دی جائے ۔ دوسری بار جب وہ گرفتار ہو ۔

Minister of Agriculture and Law : I give you assurance that this is what we want. On this very point we spent with the Law Department sufficient time and in fact we were satisfied and what we meant was that we should enable the courts to make choice whether to try summarily and give lesser penalty or try them on the regular side and give more punishment.

خواجہ محمد صفدر—آپ الفاظ کو پھر دیکھیں ۔

وزیر زراعت و قانون—میں نے دیکھ لیا ہے ۔

میاں محمد اکبر— جناب سپیکر ۔ میں کئی مرتبہ بولنے کے لئے کھڑا ہوا ہوں ۔ لیکن مجھے بولنے کا موقع نہیں دیا گیا ۔

مسٹر سپیکر— سنائیے ۔ آپ بھی اپنی تقریر دل پذیر سنائیے ۔

میاں محمد اکبر (گجرات۔۱)— جناب والا ۔ میں بھی اس کلاز کی پر زور مخالفت کرتا ہوں ۔ کیوں کہ Summary طور پر مقدمہ فیصلہ کرنے میں بہت بے انصافیاں ہوں گی ۔ اور خاص طور پر جب کہ ایک ملزم کو پکڑنے کے لئے پوری بریگیڈ تیار کی گئی ہے ۔ تمام یونین کونسلوں کے چیئر مین ۔ سیکرٹریوں اور چپڑاسیوں سمیت اور تمام ڈسٹرکٹ کورٹس کا عملہ ۔ یہ سارے تو لاکھوں کی تعداد میں جائینگے تو جس کو مرضی آئے وہ پکڑ لیں ۔ اور پھر اگر میجسٹریٹ صاحب نے اسے Summary طور پر ہی try کر کے سزا دے دینی ہے ۔ تو پھر تو اللہ حافظ ہے یہاں قانون کا اور انصاف کا ۔ اس کو اپنی Defence میں کچھ کہنے کی اجازت نہ ہو گی ۔ بس وہ آئینگے ۔ کان سے پکڑ کر اسے لائینگے ۔ اور کہیں گے ۔ لو جی اسے اتنی سزا ہونی چاہئے ۔ یا

میجسٹریٹ صاحب جو مناسب سمجھیں گے ۔ ایک دو یا تین مہینے دے دیں گے ۔ میں کسی adulteration کرنے والے کی حمایت نہیں کرنا چاہتا ۔

میں یہ کہتا ہوں ۔کہ سخت ترین سزا ہونی چاہئے ۔ اگر کسی کے برخلاف یہ ثبوت مل جائے کہ اس نے adulteration کی ہے ۔ میں اس کی پرواہ نہیں کروں گا ۔ اگر معاشرے میں اس برائی کا قلع قمع کرنے کے لئے جو آمیزش کرتے ہوئے ۔ پکڑے جائیں ۔ اور جن کے برخلاف عدالت میں باقاعدہ شہادتوں کے بعد یہ ثبوت مہیا ہو جائے ۔ ان کو تختہ دار پر لٹکایا جائے ۔ تین مہینے یا پانچ سو روپیہ کوئی چیز نہیں ہے ۔ جو لوگ آمیزش کرتے ہیں ۔ جناب ملک صاحب وہ ہر روز ہزاروں روپے کماتے ہیں وہ تو آپ کے انسپکٹروں کو ہر روز پانچ پانچ سو روپے حصہ دیتے ہیں ۔ ان کے لئے پانچ سو ۔ چار سو یا دو سو روپے کا جرمانہ کیا جرمانہ ہو سکتا ہے ۔ یہ مطلقاً کوئی سزا نہیں ہے آمیزش کرنے والے کے لئے آمیزش کرنے والے کا یا ہاتھ کاٹ دیا جائے یا تختہ دار پر لٹکا دیجئے ۔ لیکن خدا را انصاف کا خون نہ کیجئے ۔ اور اسکو summary طور پر try نہ کیجئے ۔ باقاعدہ شہادتیں لیں ۔ اگر جرم ثابت ہو جائے تو سخت ترین سزا اس کو دی جائے ۔ میں اس کی مخالفت اصولی طور پر نہیں کر سکتا ۔ میں اس کی اس لئے مخالفت کرتا ہوں ۔ کہ یہ انصاف کا خون ہوگا ۔ اکثر اوقات بہت کم سزا ملے گی ۔ کیونکہ Summary Trial میں تین مہینے سے زیادہ سزا آپ کسی کو نہیں دے سکتے ۔ تو میں سمجھتا ہوں ۔ کہ اس ملک کے دشمن کیلئے ۔ اس سماج دشمن کے لئے تین مہینے بالکل کوئی سزا نہیں ۔ اسے تین سال تیس سال یا کالا پانی ملنا چاہئے ۔ اسکے لئے یہ Summary طور پر ٹرائی کرانا Delete کیجئے ۔ آپ کے Cause کو ملک اور قوم کے Cause کو نقصان پہنچے گا ۔ اس لئے جناب والا ۔ میں اس کی سخت مخالفت کرتا ہوں ۔ اور کہتا ہوں ۔ کہ یہ Delete ہونا چاہئے ۔ اور کہتا ہوں کہ باقاعدہ طور پر شہادتیں لے کر سخت سے سخت سزا دیجئے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That Clause 6 stand part of the Bill.

(The motion was carried.)

(Clause 7)

Mr Speaker : The question is :

That Clause 7 stand part of Bill.

(The motion was carried.)

(Preamble)

Mr. Speaker : The question is :

That Preamble be the Preamble of the Bill.

(The motion was carried.)

(Short title)

Mr. Speaker : Short title. There is an Amendment by Khawaja Safdar. He may move his Amendment.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move :

That in Clause 1 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Education and Health, for the figures, '1962', in line 3, the figures '1963' be substituted.

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That in Clause 1 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Education and Health, for the figures '1962', in line 3, the figures '1963' be substituted.

Minister for Health (Mr. Abdul Qadir Sanjrani) : Accepted.

Mr. Speaker : The quection is :

That in Clause 1 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Education and Health, for the figures '1962', in line 3, the figures '1963' be substituted.

(The motion was carried.)

Mr. Speaker : The question is :

That Short Title, as amended, be the Short Title of the Bill.

(The motion was carried.)

Minister for Health (Mr. Abdul Kadir Sanjrani) : Sir,I beg to move :

That the West Pakistan Pure Food (Amendment) Bill, 1963 be passed.

Mr. Speaker : Motion moved is :

That the West Pakistan Pure Food (Amendment) Bill, 1963 be passed.

(At this stage, Mr. Speaker left the chāmber and Mr. Deputy Speaker, Syed Zafar Ali Shah, occupied the chair.)

بیگم جہاں آرا شاہ نواز (لاہور - ملتان ڈویژن)—میں اسکی مخالفت کرتی ہوں -

صدر محترم ۔ اس خاکسار کو یہ مواقع ملتے رہے ہیں کہ گذشتہ ۳۰ اور ۳۵ برس مختلف سکولوں اور کالجوں میں جا کر تقریریں کروں۔ میں آپ کو سچ بتاتی ہوں کہ قوم کے بچوں کی جسمانی صحت جس طرح دن بدن deterioate ہو رہی ہے اس کو دیکھ کر اکثر دل خون کے آنسو روتا رہتا ہے ۔ کہاں وہ لمبے لمبے قد کہاں وہ لڑکوں لڑکیوں کے کشادہ سینے کہاں وہ چہروں پر سرخیاں اور کہاں آج کی گری ہوئی جسمانی صحت کہاں وہ وقت جب سارے ہندوستان کے لئے فوج میں سابق پنجاب سے ۲۷ فیصدی سپاہی لئے جاتے تھے وہ ان ماؤں کے بچے تھے جو صحت کی تصویر ہوتی تھیں اور ۱۴ فیصدی صوبہ سرحد سے لئے جاتے تھے کہاں آج یہ حالت کہ آپ اب کسی سکول یا کالج میں چلے جائیے بچوں کے پچکے ہوئے سینے چھوٹے چھوٹے قد اور چہروں پر خون ندارد۔ یہ دیکھ کر دل خون کے آنسو روتا ہے۔

صدر محترم ۔ جس وقت سے ہمیں آزادی ملی اس کے بعد اشیاء کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں اور ۱۰ آنے سیر جو گوشت بکتا تھا وہ آج سوا تین روپے سیر بیچا جا رہا ہے ۔ ہماری حکومت کا جو قوم کی بہی خواہ حکومت ہونے کا دعویٰ کرتی ہے فرض یہ ہے کہ وہ سارے کے سارے مشرقی اور مغربی پاکستان میں فوڈ ڈیپارٹمنٹ کو منظم کرے اور خصوصیت سے ایک experts کا کمیشن مقرر کرے اور وہ کمیشن جو ماہرین پر مشتمل ہو اس کی تحقیقات کرے اور معلوم کرے کہ قوم کی جسمانی صحت دن بدن کیوں خراب ہو رہی ہے اور اس تحقیق کے بعد وہ سفارش کرے کہ قوم کی جسمانی حالت کیسے پرانی حالت پر آ سکتی ہے ۔ اس کے برعکس آج یہ ہو رہا ہے کہ یہ pure فوڈ ایکٹ پاس کیا جاوے جس کے مطالعہ سے آنکھوں میں رنج کے آنسو آ جاتے ہیں ۔ ان سرکاری بنچز والوں کو چاہئے تھا کہ وہ اس محکمہ کا چارج میری عزیز بیٹی محمودہ سلیم کے ہاتھ میں دیتے وہ اس کو ایک منظم محکمہ بناتیں اور اس میں زیادہ سے زیادہ عورتوں کو موقع دیتیں اور وہ عورتیں اس معاملے میں قوم کی مدد کرتیں کہ خالص غذا قوم کو کس طرح مہیا کی جا سکتی ہے ۔ اس کے برعکس صدر محترم ۔ ہوا یہ ہے کہ وہ یہ فرما رہے ہیں کہ اس کام کو B. Ds. کے ہاتھوں

Rao Khurshid Ali Khan: The mover is sitting here.

Mr. Speaker: Be clear on the point that there was no motion in the House to refer it to the Parliamentary Affairs Committee or any other committee.

Rao Khurshid Ali Khan: Orally there was. There was no motion in writing.

Mr. Speaker: This was my observation and I think the member stands corrected. There was no motion to refer it to the committee.

Rao Khurshid Ali Khan: Motion there was.

Mr. Speaker: There was no motion. The Member may continue his argument.

راؤ خورشید علی خان۔۔میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ اگر کوئی شخص یہ اعتراض کرتا ہے کہ جس precedent کی طرف میں نے اشارہ کیا ہے اس وقت تک ہاؤس کے سامنے کوئی motion of privilege موجود نہ تھی تو اس کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ اس کے لئے یہ ضروری نہیں تھا کہ کوئی motion of privilege موجود ہو اور اگر اس قسم کا کوئی objection اٹھایا بھی جا سکتا تھا تو وہ objection آنے کے بعد اس پر بحث و تمحیص ہونے کے بعد اگر یہ carry out ہو جاتا تو اس وقت کہا جا سکتا تھا کہ وہ on par نہیں ہے اور وہ پچھلا precedent یہ نہیں تھا لیکن چونکہ اس وقت باقاعدہ زبانی طور پر privilege motion آیا تھا اور اس پر میں نے جناب والا ۔ کو precedent کی طرف توجہ مبذول کرائی ہے اور اس ایوان میں باقاعدہ یہ پریولیج موشن اس معزز ایوان میں آئی تو آپنے اور اس معزز ایوان نے اتنی بڑی اہمیت دی تھی کہ اس ایوان کا قیمتی وقت.....

مسٹر سپیکر ۔اگر یہ کمیٹی کو چلا بھی گیا تو بھی اس ایوان کے سامنے آئے گا ۔ اس سے تو کوئی بحث ہی نہیں ہے ۔

Rao Khurshid Ali Khan: It is putting the cart before the horse, Sir.

میں جناب کی خدمت میں وہ الفاظ عرض کرتا ہوں.....

وزیر زراعت۔(ملک قادر بخش) جناب والا ۔ میں بھی اس بارے میں عرض کروں گا ۔

مسٹر سپیکر۔ضرور ۔ ضرور ۔

راؤ خورشید علی خان۔میں جناب کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ۔

Rule 177 says—

"Consideration by the Assembly or Reference to the Standing Committee on Rules of Procedure and Privileges—

"If leave is granted, the Assembly may consider the question of privilege and come to a decision or refer it to the Committee on Rules of Procedure and Privileges....."

اس کی رو سے صرف دو راستے ہمارے سامنے موجود ہیں ۔ تیسرا کوئی نہیں ۔

مسٹر سپیکر۔بالکل ٹھیک ۔

راؤ خورشید علی خان۔اچھا جناب ۔ دو راستوں میں سے ایک اسمبلی کا راستہ ہے ۔

مسٹر سپیکر۔اسمبلی کا راستہ ہی بالکل سیدھا اور صحیح راستہ ہے ۔

راؤ خورشید علی خان۔اور دوسرا راستہ ہے اس کے متعلق میں پھر پڑھ دیتا ہوں ۔

or refer it to the "Committee on Rules of Procedure and Privileges..."

مسٹر سپیکر۔دیکھئے آپ اسی کا heading پڑھیے اس پر لکھا ہے ۔

"Standing Committee on Privileges".

There is no Standing Committee on Privileges. That is your committee. You have no Committee on Privileges.

Rao Khurshid Ali Khan: اس کا عنوان ہے "Consideration by the Assembly or Reference to the Standing Committee on Rules of Procedure and Privileges".

Mr. Speaker: That is exactly the point. I wish that Members may come to my help. According to the Notification made on 8th June, the Standing Committee have been defined and there are specific Committees and it has

been provided that instead of by the rules of the Committee provided these Standing Committees will work. In other words, even for this Privilege Committee, the Standing Committee on Parliamentary Affairs has been substituted according to the Notification of 8th June 1962. So that is the relevant point. The details on the Standing Committee have been given, the subjects have been given and it has been stated that in place of any Committee provided under the rules, the following Standing Committees will work. This is the notification and my point is that no Standing Committee on Privileges has been defined in that Notification and naturally instead of that we have to go to the Law and Parliamentary Affairs Committee. The member may satisfy me on this legal issue.

Begum Jahan Ara Shah Nawaz: Sir it is a question of privilege. You should explain this point. It is this: as this one privilege of the House been taken away by the rules? I want to know this.

Mr. Speaker: This is not a question and answer meeting. I will give my ruling.

Haji Gul Hassan Mangbi: On a point of order, Sir. This question was admitted that the motion was carried. Afterwards it was suggested that it should be referred to the Committee on Law and Parliamentary Affairs and this motion was voted upon and passed by this House. No one in this House has a right to reopen it again. It is nobody's fault if Mr. Safdar did not point out at the proper moment. Now, this is a closed matter and none has got any right to object to it. It is better that it should be referred to the Committee on Law and Parliamentary Affairs. There is no need to reopen it when we have already passed the motion.

مسٹر سپیکر۔ راؤ صاحب جلدی کریں ۔

راؤ خورشید علی خان۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔

مسٹر سپیکر۔ آپ کا پوائنٹ آف آرڈر کس سلسلے میں ہے ؟

مسٹر گل حسن منگھی۔ پوائنٹ آف آرڈر پر پوائنٹ آف آرڈر ؟ پہلا پوائنٹ آف آرڈر تو ہو جائے ۔ پوائنٹ آف آرڈر پر پوائنٹ آف آرڈر ہو ہی نہیں سکتا ۔

مسٹر سپیکر۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر آپ کے متعلق تو نہیں ہے ۔

حاجی گل حسن منگھی۔ پوائنٹ آف آرڈر پر پوائنٹ آف آرڈر ہو ہی نہیں سکتا ۔

مسٹر سپیکر۔ کیا پتہ وہ کہہ رہے ہوں کہ آپ جو بحث کر رہے ہیں وہ غیر قانونی ہے۔

Mr. Ghulam Qasim Khan: Point of order.

Mr. Speaker: Let me finish one point of order.

Mr. Ghulam Qasim Khan: Sir, you put the question and the House voted on it and then you declared that the "Ayes" have it. After that, this matter cannot be reopened.

Mr. Speaker: I agree with the point of order raised by Haji Gul Hassan Manghi that it cannot be raised at this stage.

Now I will put the question again.

The question is:

That the Question of Privilege raised by Major Abdul Majid Khan [be referred to the Committee on Law and Parliamentary Affairs.

(On count, the motion was carried.)

Mr. Speaker: I think it is quite clear now and the motion is referred to the Committee on Law and Parliamentary Affairs.

Begum Jahan Ara Shah Nawaz: This House is conducting its business in a strange manner. I say it can't go to the Standing Committee.

Mr. Speaker: Begum Sahiba need not be sentimental, I am hearing all the points.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) _ جناب والا۔ میں آپ کی توجہ رول ۱۷۷ کی طرف دلا رہا ہوں جس میں یہ لکھا ہے ۔

If leave is granted, the Assembly may consider the question of privilege and come to a decision or refer it to the Committee on Rules of Procedure and Privilege on a motion made either by the Member who has raised the question of privilege or by any other Member

جناب والا ۔ یہاں زبان نہایت واضح استعمال کی گئی ہے اور اس میں ایک ایسی کمیٹی کا ذکر کیا گیا ہے جو بدقسمتی سے اس ہاؤس نے آج تک نہیں بنائی ۔ اس کی ذمہ داری اس ہاؤس کے باقی ممبران کی طرح مجھ پر بھی ہے لیکن اس کا اس وقت کوئی علاج نہیں ہے کہ ہم نے کمیٹی قائیم نہیں کی ۔ اب سوال یہ ہے کہ جس کمیٹی کا ذکر میرے محترم دوست وزیر قانون ملک قادر بخش صاحب نے کیا ہے اس کے پیش نظر کیا انکا motion رولز کے مطابق ہے ؟ دیکھنی صرف اتنی بات ہے ۔ اگر وہ رولز کے مطابق نہیں ہے تو جو کارروائی ان کے موشن کے بعد ہے اب تک ہوئی ہے وہ خلاف قاعدہ ہے اور اس پر اس ایوان کا عمل کرنا جائز نہیں ہوگا ۔

جناب والا ۔ میں آپ کی توجہ ۸ جون ۱۹۶۲ء کی ایک نوٹیفیکیشن کی طرف دلاتا ہوں جس میں گورنر نے مختلف سٹینڈنگ کمیٹیاں بنائی تھیں اور جن کے متعلق آپ کے دل میں کچھ شکوک و شبہات تھے ۔ انہی کا میں حوالہ دیتا ہوں ۔ وہ اس طرح ہے۔

Instead of Standing Committees provided for by the said rules, the following Standing Committees shall be constituted for the Provincial Assembly of West Pakistan to deal with the subjects.....

Very important words, Sir.

..... assigned in the West Pakistan Government Rules of Business to the department or the departments mentioned against each.

جناب والا ۔ یہ نوٹیفیکیشن جاری کرنے کی ضرورت اس لئے پڑی کہ ہمارے قواعد طریق کار جو کہ ہم نے نیشنل اسمبلی کے اپنائے ہوئے ہیں ۔ اس میں سیکشن ۱۳ میں مختلف سٹینڈنگ کمیٹیوں کے نام دئے ہوئے ہیں اور ان کے آگے ان محکمہ جات کے نام دئے ہوئے ہیں ۔ جن کے متعلق وہ سٹینڈنگ کمیٹیاں کام کر سکتی ہیں ۔ یہ نوٹیفیکیشن گورنر نے اس لئے جاری کیا کہ اس سیکشن کی application بعینہ ہم وہی لے لیں تو اس ہاؤس پر نہیں ہو سکتی تھی ۔ تو جناب والا ۔ سٹینڈنگ کمیٹی نمبر ۵ میں لکھا ہوا ہے committee on law and parliamentary affairs یہ کمیٹی ہے جس کے متعلق وزیر صاحب نے اپنا موشن پیش کیا ہے ۔ جناب یہ mandatory ہے جیساکہ میں نے ابھی پڑھا ہے ۔ میں اسے دوبارہ پڑھ دیتا ہوں ۔

..... shall be constituted for the Provincial Assembly of West Pakistan to deal with the subjects assigned in the West Pakistan Rules of Business to the department or the departments mentioned against each.

تو جناب یہ mandatory ہے کہ نمبر ۵ کمیٹی کس کے ساتھ deal کرے ۔ اس کے آگے صرف ایک لفظ لکھاہوا ہے 'Law' ۔

Mr. Speaker: Has the Member gone through the details?

Khawaja Muhammad Safdar: I have got that Notification before me. In fact, I am reading from it.

Mr. Speaker: Has he gone through the Law Department's details given at page 57 of the Rules of Procedure.

Khawaja Muhammad Safdar: Against item No. 7.

matters relating to provincial legislature نمبر ۷ کے متعلق فرماتے ہیں
تو میرا خیال ہے یہ دور کی کوڑی لائی گئی ہے ۔

Mr. Speaker : I think the Member is clear in his mind now.

Mr. Hamza : So far as the general rule is concerned, a specific provision is there.

Mr. Speaker : Mr. Hamza should not be impatient. When his turn comes he will be given chance.

Khawaja Muhammad Safdar : Matters relating to the Provincial Assembly.

جس چیز کا میں نے حوالہ دیا ہے وہ نمبر ۷ ہے ۔ پراونشل اسمبلی
اس کے دائرہ میں میں نہیں آتی ۔ جس پر اس وقت بحث ہو رہی ہے
اس سلسلہ میں میں House of Commons کا حوالہ دوں گا ۔

I am reading from page 645 of the May's Parliamentary Practice
"Committee of Privileges—Commons :—

Mr Speaker : Do they have Standing Committees in the House of Commons ?

Khawaja Muhammad Safdar : Yes, Sir.

It says :—

"It has been the practice of the House of Commons from the seventeenth century to appoint a Committee of Privileges at the beginning of every session. It is now customary to nominate the committee at an early date in the session instead of waiting until some matter has been referred to its consideration. The number of members is usually ten and the quorum is fixed at 5."

اس کے بعد ہے جناب والا ۔

"The Committee are given powers to send for the persons, papers and records. The scope of any inquiry comprises of matters relevant to the complaint."

جناب والا ۔ ہاؤس آف کامنز کی تصریحات کے مطابق ایک کمیٹی
بنائی جاتی ہے جو اس پر غور کرے ۔ آپ صفحہ ۶۴۵ ملاحظہ فرمائیں ۔
ہاؤس آف کامنز کی ہدایات کے علاوہ ہمارے رولز میں اتنا وضاحت
سے لکھا ہوا ہے کہ میں مزید وضاحت نہیں کر سکا ہوں ۔ اس لئے میں
یہ عرض کروں گا کہ ملک قادر بخش صاحب کی motion قطعاً خلاف
قاعدہ ہے اور جو کارروائی ہوئی ہے خلاف ضابطہ ہونے کی وجہ سے
ہاؤس پر اس کی کوئی پابندی واجب نہیں ۔

وزیر زراعت و قانون (ملک قادر بخش)—جناب والا۔ اس ہاؤس میں معزز ممبر کے سوال کا اگر کوئی جواب عمداً غلط دیا گیا ہے ۔ خواہ وہ ہماری طرف سے ہو خواہ دفتر کی طرف سے ہو وہ اچھا نہیں لیکن باوجود اچھا یا برا ہونے کے ہم نے (قطع کلامی)

Yes Sir I am coming to that whatever we can we cannot override the constitution.

کسی سٹیج پر اگر یہ پتہ چل جائے ۔

that provision of the constitution are being violated we shall have to stop and consider that matter Sir.....

Sir, privilege under the Constitution has been provided under Article III. Up to clause 5, my friend, of course, will be compelled to agree with me that the present privilege motion does not come or fall within any of these 5 clauses—from 1 to 5. (*Interruptions.*) No, no. It is a point of Constitution.

Mr. Speaker: We are not discussing it now at this stage. That stage is over. I want only to know whether it can be referred to a privilege committee or not.

خواجہ محمد صفدر—جب وہ کمیٹی نہیں ہے ۔ تو پھر یہ ہاؤس ہی باقی رہ جاتا ہے ۔

Minister of Agriculture and Law: What I was going to submit was.....

Mr. Speaker: Not at this stage, Malik Sahib. I want only .....

Minister of Agriculture and Law: I am coming to that, Sir. I quite agree, just a basis and therefore, Sir .. (*Interruptions*) My friend, just wait. Mr. Safdar has a right to say because he knows something of law.

Mian Muhammad Akbar: On a point of order.....
Minister of Agriculture and Law: You have every right. But law knowing is better than with him Sir.

Khawaja Muhammad Safdar: The Minister should withdraw these remarks.

Minister of Agriculture and Law: I most humbly withdraw. Only have patience, this much I request. Under clause 6 we have not so far made any provision in this House nor have we been able to make or appoint any committee, because, particularly I am not going to reopen this question.

اس ہاؤس نے جو رائے دی ہے اس کی عزت کرنا چاہئے ۔

What I meant was that I take it that you have rightly accepted it and the House has rightly accepted, but it will fall under clause 6, whether it is defined or not defined. However, it does not come within the first 5 clauses. That is number one.

Number 2 – We have so far appointed no privilege committee of the House. Therefore, that alternate, given under the Rules either the House itself or the privilege committee, that does not arise. The question is whether only the House is competent or some other committee is competent. For that we have got a Standing Committee under Law to which you have already referred. Therefore, I have quoted this Constitution. This is a matter for that committee because we are here sitting as Legislative Assembly. All these functions are pertaining to the Legislative Assembly here in this House. This matter pertains to the whole House which has been placed before them. Therefore, I have every right to make this submission to the House that this matter should go to the committee for which there is .. ...

Mr. Speaker: It is better, because the Minister is referring to clause 6 under which a Privilege Bill will be introduced as assured by him in the last session to avoid all confusion and long discussions on the point.

Minister of Agriculture and Law: Of course, Sir. We will make all efforts to expedite that. Then, Sir, as it was pointed out by you and you came to the rescue twice to help Mr. Safdar, but he could not help himself because he was in a net in which you had placed him. There are Law Department, clause 7—matters all matters, whatever they may have with which in any way they are connected, as Provincial Legislature as we are sitting now. Therefore, I submit that this has been rightly carried out and rightly passed.

میاں محمد اکبر۔ملک صاحب آپ نے تو بڑا قانون دانی کا دعویٰ باندھا تھا ۔ آپ تو وکیل ھیں ۔ آپ کو یہ بھی پتہ نہیں ۔ کیا یہ ھے آپ کی قانون دانی ؟

راؤ خورشید علی خان۔جناب والا ۔ میں اپنے دوستوں کی سہولت کے لئے کچھ عرض کرنا چاھتا ھوں ۔ ابھی پچھلے دلوں یہ سوال پیدا ھوا تھا کہ اگر lack of quorum کی وجہ سے ھاؤس adjourn ھو گیا .....

Mr. Speaker: The member should quote the Rule which is infringed, Otherwise I will disallow his point of order.

Rao Khurshid Ali Khan: I am quoting the Constitution.

Mr. Speaker: Quote the Rule which has been infringed.

Rao Khurshid Ali Khan : That I am quoting. You are not allowing me to say even a few words. How can I be able to quote the Rules. (*Interruptions*) I most humbly protest against this attitude. You are not allowing me to speak. You are curbing my right. You are threatening me. This is very unfair. I protest against that.

Mr. Speaker : Do not be personal.

Rao Khurshid Ali Khan : I am not personal.

Mr. Speaker: Please withdraw the word 'threaten'.

Syed Ahmad Saeed Kirmani : You go on speaking and you do not permit him to speak.

Rao Khurshid Ali Khan : I withdraw.

Mr. Speaker : I am not going to hear anything. I want his point of order. That is all.

راؤ خورشید علی خان—جناب والا ۔ بعض دفعہ آپ اتنا پریشان کرتے ہیں کہ ہم کوئی بات بھی نہیں کر سکتے اور نہ ہی آپ کوئی بات سنتے ہیں ۔

Mr. Speaker : The member is casting aspersions. I am going to disallow him. Please withdraw these words پریشان کرتے ہیں

Rao Khurshid Ali Khan : I withdraw.

راؤ خورشید علی خان—میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پچھلے دنوں یہ سوال پیدا ہوا تھا کہ lack of quorum کی وجہ سے اگر ہاؤس adjourn ہو جائے ۔

When there is a clash between the Rules of Procedure and the Constitution what will be given priority and what is to be followed. This issue has already been decided in the House and you yourself have decided it. I am referring .....

Mr. Speaker : How is it relevant to it?

Rao Khurshid Ali Khan : I am sorry to say that I am coming to my point and you are not allowing me. Sir, the other day there was lack of quorum and the question arose whether this House should be adjourned or the business be suspended. I humbly invited your attention to the Rules of Procedure and said that the House must be adjourned when there is lack of quorum, But now, Sir.....,

Mr. Speaker : Will the member make out some point .....I am afraid I have to disallow him now. I cannot waste the time of the House.

راؤ خورشید علی خان—میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ بغیر Interruption کے اگر اس ہاؤس کا کام چلے ۔ تو ہم بڑے تھوڑے وقت میں کام ختم کر سکتے ہیں ۔ لیکن میرے فاضل دوست چونکہ آج قانونی بحث میں الجھ گئے ہیں ۔ اور وہ وقت while away کر رہے ہیں تو میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ ابھی پچھلے دنوں اس بات کا فیصلہ ہو گیا ہے ۔ کہ.....

Mr. Speaker : This is no point of order. This is a hypothetical question. (Interruptions.)

راؤ خورشید علی خاں—میں تین دفعہ یہانتک پہنچا ہوں ۔ میں کوئی نتیجہ نکالنے والا ہوتا ہوں ۔ تو اس وقت آپ مجھے ٹوک دیتے ہیں ۔ اور آگے نہیں چلنے دیتے تو میں یہ کہہ رہا تھا ۔ کہ اس وقت میں نے rules of procedure quote کیا تھا ۔ تو آپ نے مجھ سے اتفاق کیا تھا ۔ اور فرمایا تھا ۔ کہ یہ ٹھیک ہے ۔ اور میرے دوست محمد یسین وٹو صاحب نے constitution quote کیا ۔ اور کہا ۔ کہ rules of procedure غلط ہیں ۔ اور constitution کے لحاظ سے یہ suspend ہو سکتے ہیں ۔ تو اب rules of procedure کو کیوں follow کیا جا رہا ہے ۔ اور constitution کو کیوں follow نہیں کر رہے ہیں ۔

مسٹر سپیکر—دیکھئے ۔ تقریر کی بجائے اگر معزز ممبران اپنا پوائنٹ آف آرڈر ہی پیش کریں ۔ کہ کونسا رول infringe ہوا ہے ۔ ایک اچھا parliamentarian بننے کے لئے ضروری ہے ۔ کہ پوائنٹ آف آرڈر مختصر ہو ۔ کیونکہ اس ہاؤس کا وقت بڑا ہی قیمتی ہے.....

خواجہ محمد صفدر—آپ سابقہ ریکارڈ دیکھ لیں... .....

Mr. Speaker : I would request you to call for the debate of the day to which he has referred.

Minister of Railways : How is it relevant ?

Khawaja Muhammad Safdar: It is very relevant. It has been referred to in this House.

Minister of Railways: Not in a relevant manner.

میاں محمد یاسین خاں وٹو (منٹگمری - ۴) جناب والا - اس سے پیشتر کہ میں اس نکتے کے متعلق عرض کروں - جو اس وقت ایوان کے سامنے پیش ہے - میں یہ بات جناب کی وساطت سے اپنے دوست کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں - کہ آئین کی جو بھی صورت ہو - ایکٹ کی جو بھی صورت ہو - قواعد اس کے تحت بنائے جاتے ہیں - ہمیشہ تفسیر کے قانون کے مطابق یا Interpretation کے قانون کے مطابق اصل قانون یا آئین رولز پر ہمیشہ precedence لیگا - اور ہمیشہ اس کی روشنی میں Interpretation کیجائیگی - جو بھی بنیادی قانون یا آئین ہو گا - اس لئے میرے خیال میں اس دفعہ ہی نہیں بلکہ ہمیشہ ہی آئین کو رولز پر precedence ہو گی - اب جناب والا - اس وقت جو ہمارے سامنے مسئلہ ہے - وہ یہ ہے - کہ رول ۱۷۷ کے مطابق خواجہ محمد صفدر صاحب نے فرمایا ہے - کہ ہمارے سامنے دو صورتیں ہیں - کہ جب کسی question of privilege کی اجازت ایوان میں دے دی جائے - تو اس وقت اس کے متعلق کیا کرنا ہے - وہ جناب دو صورتیں ہو سکتی ہیں - ایک تو یہ ہے - کہ اس ایوان میں اسی وقت وہ مسئلہ زیر بحث آ جائے - اور دوسرا یہ ہے - کہ وہ committee on rules of procedure and privileges کو refer کیا جائے - یہ بات اپنی جگہ پر یہ حیثیت رکھتی ہے - جس پر سنجیدگی سے غور کیا جائے - کیونکہ ہمارے سامنے وہ بل نہیں آیا - اور وہ قانون نہیں آیا - اور نہ ہی وہ کمیٹی موجود ہے - جس نے ان معاملات کو دیکھنا ہے - اور یہ معاملات روز پیدا ہو سکتے ہیں - اور اس ایکٹ یا اس standing committee کے بننے تک بھی پیدا ہو سکتے ہیں - ہو سکتا ہے - کہ ہر روز ہی پیدا ہوں - تو میں اس سلسلے میں عرض کروں گا - آج ہمارے سامنے کئی دقتیں پیدا ہو گئی ہیں - اس بارے میں وزیر قانون صاحب نے یہ موشن put کیا - اس ہاؤس کے سامنے - کہ یہ معاملہ جو ہے - اسے کمیٹی متعلقہ یعنی standing committee on rules of procedures and privileges کی عدم موجودگی میں دوسری کمیٹی یعنی پارلیمنٹری affairs اور Law کے متعلق کمیٹی کو refer کر دیا جائے - اور جو معاملہ

اس وقت ہے ۔ وہ یہ ہے ۔ کہ وہ اس ایوان نے کثرت رائے سے منظور ہے کر لی ہے ۔ اب ہمارے سامنے اور ایوان کے سامنے بڑی دقت پیدا ہو گئی ہے ۔ خواجہ صاحب نے جس طرح فرمایا ہے ۔ کہ privilege کمیٹی نہیں ہے ۔ اور ہاؤس نے فیصلہ کر لیا ہے ۔ کہ دوسری کمیٹی کو refer کیا جائے ۔ انکے خیال کے مطابق یہ مسئلہ اس وقت سے لیکر جب سے کہ یہ موشن پیش کیا گیا ہے ۔ کہ یہ معاملہ دوسری کمیٹی کے سپرد کیا جائے ۔ خلاف قاعدہ ہے ۔ اور اس بات میں کسی حد تک وزن بھی ہے ۔ لیکن ہمارے سامنے اس ضابطے میں انہی قواعد میں ایک ایسا رول بھی ہے ۔ نمبر ۱۷۰ جس میں یہ privilege کیا گیا ہے ۔ اگر کوئی ایسا مسئلہ ایوان میں پیش ہو جائے ۔ جہاں کوئی ایسی دقت ہمارے سامنے ہو جائے ۔ تو ہم اس رول کو suspend کر دیں ۔ میں اسے جناب کے سامنے پڑھتا ہوں ۔

Whenever any inconsistency or difficulty arises in the application of these Rules, any Member may, with the consent of the Speaker, move that any Rule may be suspended in its application to a particular motion before the Assembly and if the motion is carried the Rule in question shall be suspended.

اب جناب والا ۔ ہمارے سامنے تین صورتیں ہو سکتی ہیں ۔ پہلی صورت یہ ہے کہ ایوان خود consider کرے ۔ اور دوسری صورت یہ ہے کہ وہ کمیٹی privilege کو refer کرے ۔ اور تیسری صورت یہ ہے کہ اس رول کو suspend کر دیا جائے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ مسئلہ ایوان کے سامنے آج فوری طور پر آنے سے بھی زیادہ بہتر ہے ۔ کہ اس مسئلہ پر ہمارے سامنے ہمارے چند دوستوں کی considered opinion آ جائے ۔ اور یہ معاملہ اس وقت زیر بحث آئے ۔ اس کے دونوں پہلوؤں سے اس کے متعلق مزید اطلاعات بھی اس کمیٹی کی وساطت سے اس ایوان کے سامنے آ جائیں ۔ اور پھر اس ایوان کو بہر صورت اس کمیٹی کی رپورٹ کو بھی consider کرنا ہے ۔ تو اس وقت فوری طور پر جو معلوم ہوتا ہے ۔ جو anxiety ہے ۔ وہ یہ ہے کہ یہ مسئلہ آج فوری طور پر ایوان میں پیش ہو ۔ یا کسی اور وقت میں ۔ تو میرے خیال میں مناسب یہی ہے ۔ کہ کسی کمیٹی کی considered opinion آ جائے ۔ privilege کمیٹی تو ہے نہیں ۔ تو difficulty arise ہو گئی ہے ۔ موشن carry ہو گیا ہے ۔ اب اس میں اور کئی complications پیدا ہوں گے ۔

اس لئے جناب میں آپ کی اجازت اس مسئلے میں طلب کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : The motion has already been carried. That question does not arise and rules cannot now be suspended.

میاں محمد یسین خان وٹو۔جناب والا ۔ اسی کے متعلق میں عرض کرتا ہوں.....

(Interruption from Rao Khurshid Ali Khan.)

Mr. Speaker : Rao Sahib should not make personal remarks ; otherwise I will have to take serious notice. This is not the way to behave to the Speaker. He must be careful in future. I am noting it.

میاں محمد یسین خان وٹو۔جناب والا ۔ اس لئے میں یہ عرض کرتا ہوں کہ اس معاملے میں اس بحث کے بعد چونکہ یہ point of order ہے اور اسی پر آپ کو فیصلہ کرنا ہے ۔ مسلہ آپ کے سامنے ہے یہ کہ آیا ایسی proceedings جن کے لئے عام rule provide نہیں کرتے یا اور کوئی رول provide کرتا ہے ہاؤس میں پاس ہو جائے اور اس کے بعد اگر آپ یہ کہیں کہ وہ proceedings جو ہیں ۔ ..... ۔

Mr. Speaker : But the motion has already been carried.

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo : If the motion has been carried then discussion on what point is taking place.

Mr Speaker : The discussion is taking place whether the proceedings that have taken place are legal or not.

میاں محمد یسین خان وٹو تو جناب والا ۔ میں یہی عرض کر رہا ہوں کہ جناب کا جو final ruling ہو اگر وہ یہ ہو کہ وہ proceedings جو ہیں وہ illegal ہیں ۔

Mr. Speaker : This is a very important point I would like to give a ruling. I don't want any side hitches or this and that. Because it is a matter of privilege there will be hundred and one privilege motions. This is a question about which we should be very clear.

میاں محمد یسین خان وٹو۔ جناب والا ۔ اس لئے میں آپ کی اجازت سے یہ تھوڑی سی استدعا کرنا چاہتا ہوں کہ اگر جناب کا رولنگ یہ ہے

کہ جو point of order raise کیا جائے وہ ٹھیک ہے اور فلاں stage پر proceedings جو ہیں وہ illegal ہیں ۔

Mr. Speaker : I will have to see the law and the rules, I will go by the rules and the law.

میاں محمد یسین خان وٹو- جناب والا ۔ اس کے متعلق ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : Yes. Saadi Sahib.

میاں محمد یسین خان وٹو- جناب مجھے اپنا فقرہ پورا کر لینے دیں ۔

جناب والا ۔ میری عرض یہ ہے کہ اگر آپ یہ رولنگ دیں کہ فلاں stage سے جو proceedings ہیں وہ خلاف قاعدہ ہیں تو پھر یہ motion move کرنے کی آپ سے اجازت طلب کروں گا ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی (لائل پور-۷)—صاحب صدر- میرے محترم دوست یسین وٹو صاحب نے رول ۱۷۰ کا حوالہ دیا ہے ۔ ابھی وہ خود دیکھ چکے ہیں کہ گھوڑا گاڑی کے پیچھے جوتنے والی بات ہے ۔ جیسا کہ جناب خواجہ صفدر صاحب نے کہا ہے کہ یہ تمام کارروائی غلط ہوئی ہے اور قواعد کے خلاف ہوئی ہے میں اس کی تائید کرتا ہوں اور یہ وقت نہیں کہ رول ۱۷۰ کو suspend کیا جائے ۔

جہاں تک نقطہ استحقاق کے فیصلے کا تعلق ہے ہمیں ہمارے قواعد نے اختیار دیا ہے ۔ قاعدہ ۱۷۷ میں صرف دو صورتیں رکھی گئیں ہیں -

"Consideration by the Assembly or Reference to the Standing Committee on Rules of Procedure and Privileges".

Mr. Speaker : In place of a point of order, will it not be proper if Mr. Safdar has something to say about the proceedings; then he may move a motion for rescinding it and let us put it to the House?

Khawaja Muhammad Safdar : Now that a decision has been taken by the Assembly Sir, it was *ultra vires* of the Assembly.

Mr. Speaker : No, it is not *ultra vires* but if he has got something to say, then in place of putting a point of order, he can make a motion that these proceedings may be rescinded, and I will again put that before the House.

Khawaja Muhammad Safdar : In that case my position will be rather difficult. I will be accepting the position of the Law Minister and I will be rather going against the stand, which I have already taken My party on this side is in a minority and we cannot carry any motion. I don't understand why this suggestion is made to me. I don't know whether the Government has made this suggestion to you. I am not going to accept this Sir.

Mr. Speaker : Alright, I will give my ruling, This is the last speech.

(*Voices from Opposition : No Sir.*) (*Interruptions.*)

Mr. Speaker : This is a point of order and there should be no debate. (Interruptions.) This is a point of order. There should be no long debate. This is not a bill. I will give my ruling. Mr. Saadi may continue.

Syed Ahmad Saeed Kirmani : Sir you had given me a word of honour that after Mr. Saadi you will give me a chance.

Mr. Speaker : Alright, that will be the last speech.

امیر حبیب اللہ خاں سعدی تو میری گذارش یہ ہے کہ جس وقت standing committees بنائی جا رہی تھیں تو جناب اس وقت اس ایوان نے standing committee کے متعلق کوئی Rules of procedures and privileges نہیں بنائی اس سے یہ صاف ظاہر ہوتا ہے کہ privileges کے سوال کو ایوان نے اپنے ہی اختیار میں رکھا ہے ۔

Mr. Speaker : I have already given one hour. I have got other business to conduct.

امیر حبیب اللہ خان سعدی —جناب یہ تو نہایت ہی اہم نکتہ ہے میں جناب سے گذارش کروں گا کہ اس کو پورے طور پر چھان بین کرکے فیصلہ کریں ۔ میں نے یہ گذارش کی ہے جب ہاؤس نے وہ اختیارات جو قواعد کی رو سے اسے حاصل تھے صرف اپنے لیے مخصوص رکھے ہیں تو دوسری کمیٹیوں کو نقطہ استحقاق پیش کرنے کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا اور دوسرے میں حیران ہوں کہ ہمارے قانون دان وزیرصاحب ، شاید وہ کہیں چلے گئے ہیں ، انھوں نے کس طرح فرض کر لیا کہ ریلوے منسٹر صاحب بھی اپنی نستعلیق گفتگو کے باوجود ہاؤس کو یہ یقین نہیں دلا سکتے کہ rules میں rules committee جو ہے اس کی جگہ ہماری parliamentary affairs committee کیسے لے سکتی ہے ۔

Mr. Speaker : This is a point of order and I have already heard many speeches.

Minister of Railways : Sir you promised that I will speak after Mr. Saadi.

Mr. Speaker : Let Mr. Kirmani speak.

Syed Ahmad Saeed Kirmani (Lahore-V) : Sir I will not repeat what has been said by my friends sitting on this side of the House but I will only meet the statement made by the acting Law Minister. Sir now I understand why he has not been made the permanent Law Minister and he is still the Acting Law Minister.

A Member : There are two Law Ministers.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : He said that in the presence of Committee on Law and Parliamentary Affairs, the matter can be referred to it. He has quoted item No. 7-matters relating to Provincial Legislature (page 57) under the heading "Law Department". That was the hurdle and the feeling on that side is that argument of the Law Minister has not been met.

Now, Sir I invite your attention to the words "Provincial Legislature". Provincial Legislature is something different from the Provincial Assembly.

Mr. Speaker : Is it not a part of the legislature ?

Syed Ahmed Saeed Kirmani : I will come to that part as a different matter, Where the Assembly has been independently mentioned and defined in the Constitution, I agree that legislature has not been defined. Those matters, which are concerned with the whole, with the Governor and with this House, can be taken up by the Law Committee, but matters which concern this Assembly or the Members of this Assembly have not been provided in that Schedule. I invite your attention to Articles 70 and 71 of the Constitution. Articles 70 says—

> **"There shall be a Provincial Legislature of each Province, which shall consist of the Governor of the Province and one House, to be known as the Assembly of the Province".**

Article 71 says—

> **"There shall be one hundred and fifty-five members of the Assembly of each Province, who shall be elected in accordance with this Constitution and the Law".**

So Provincial Legislature is one thing and Provincial Assembly is another thing. The matter before the House is of the privileges of this Assembly and nothing less and nothing more, and the Law Committee, by virtue of item 7, is not competent to deal with a matter which exclusively concerns the Provincial Assembly. Therefore, the Law Minister's contention that this matter can be properly and adequated dealt with by the Law Committee is without any substance and force.

چودھری محمد اذور (پارلیمنٹری سیکرٹری)—جناب سپیکر ۔ آرٹیکل ۱۷۱ رولز آف پروسیجر میں مندرج ہے ۔ ۔ ۔

Rule 177 says :

If leave is granted, the Assembly may consider the question of privilege and come to a decision or refer it to the Committee on Rules of Procedure and Privileges.

اس میں جناب الفاظ یہ ہیں کہ ہاؤس خود چاہے جیساکہ وہ کہہ رہے ہیں یہ May کا لفظ جو رولز کمیٹی کو refer کر دیا ہے یا ۔ ۔ ۔

Rule 100 says :

There shall be elected by the Assembly as soon as may be, the following Standing Committees for the duration of the Assembly and shall deal with the subjects assigned to each Ministry or Division in the Rules of Business of the Central Government as at present detailed in Schedule III.

تو اس آرٹیکل ۱۰۰ میں لفظ shall کا استعمال کیا گیا ہے پوزیشن یہ ہے کہ کانسٹی ٹیوشن کمیٹی بنی ہوئی ہے exclusively اس کا حلقہ اختیارات کا سیلیکٹ کمیٹی کے متعلق جو ہے اس کو assign کرے گی law and parliamentary affairs کی کمیٹی جو ہے اس کو تمام اختیارات جو concerning the House ہیں (قطع کلامی)..... ... میں نے آپ کو سنایا ہے کہ آرٹیکل ۱۰۰ لفظ shall کا استعمال کیا ہے یہ معاملہ لا اینڈ پارلیمنٹری افیرز کی کمیٹی کے پاس جانا چاہیے ۔ May کا لفظ جو ۱۷۱ میں ہے یہ اس کے اوپر prevail کرے گا ۔

Minister of Railways (Mr. Abdul Waheed Khan) : I have to make only one submission and that is with regard to the word 'decision' used here in this section. The words are "If leave is granted, the Assembly may consider the question of privilege and come to a decision or refer it to the Committee on Rules of procedure and privileges".

So, there are two very clear alternatives envisaged by the framers of these rules. The question is what is the meaning of word 'decision' here ? Are any restrictions placed on the manner and methods that a decision should be taken by the House. The House, if the Committee on Rules of procedure and privileges had existed, would have surely referred it to that Committee But if the Committee does not exist, as it does not, then the House has got a right to take a decision itself. Now, we have to see whether that decision is restricted by the manner that you have prescribed that it should take a final decision. Does the decision mean here the final decision'. If the intention of the law would have been what my friends on the other side are suggesting then the scheme of wording would have been different. They would have said 'the final decision'. The decision can be

any. We can take the decision that the answer was not given in the proper spirit. We can come to a decision that before coming to 'final decision' this matter should be referred to a Committee referred to by my friend under rule 100 and which you have already pointed out. Sir, the word 'decision' here is not restricted in the sense in which it is being constantly mentioned by my friends on the other side. The word 'decision' has got wide sense. This House can take any decision and the decision that this House is taking now is that the matter be referred to the Committee on Law and Parliamentary Affairs. That is the decision. The question is whether that decision to refer the matter to a Committee is the decision of the House or not? It may be an interim decision and we come to a final decision after the Report is submitted. But this is a decision of the House.

Rao Khurshid Ali Khan : But a procedure against the constitution.

Minister of Railways : My point is the word 'decision' may kindly be taken into consideration by you whether referrence to a Committee which has been appointed by the Governor can be a decision of the House and whether it comes under this word or not.

Mr. Speaker : I reserve my ruling on this point.

Khawaja Muhammad Safdar : You wind up, Sir.

Mr Speaker : I am sorry. I have reserved my ruling.

Use of obsusive Language & Threats by a C.I.D. Inspector against peasants outside Assembly Building.

Mr. Speaker : Amir Habib Ullah Khan Saadi may now ask for leave to raise his question of privilege.

Amir Habibullah Khan Saadi : Sir, I ask for leave to raise a question of privilege to bring to the notice of the House the act of the plain clothes C.I.D. Inspector, namely, Mr. Muhammad Mirza, of using abusive language towards the peasants and threatening them with firing in order to disperse these peasants who have come to Lahore from several districts and were waiting outside Assembly Building in order to lay their grievances before the Revenue Minister at 1.30 p.m., the time appointed by the Minister for this purpose, amounts to showing disregard to the promise made by the Revenue Minister and thus constitutes a breach of privilege of this august House.

Minister of Railways (Mr. Abdul Waheed Khan) : I got this notice one minute before but I think it is not a very ticklish question. I do not think that the privilege of any Member or of the House is involved.

Khawaja Muhammad Safdar : It is the privilege of a Minister involved.

ہم آپ کی عزت بڑھانا چاہتے ہیں آپ اپنی عزت گھٹانا چاہتے ہیں ۔

Minister of Railways: It is not the privilege of a Minister. It is the privilege of peasants and we respect them more than the members on the other side.

میرا خیال ہے کہ خمیرہ مروارید صفدر صاحب اور کرمانی صاحب کے لئے بنا کر رکھ لیں ۔

مسٹر سپیکر—سی ۔ آئی ۔ ڈی سب انسپکٹر کے معاملے کا اس ہاؤس سے کیا تعلق ہے ؟

امیر حبیب اللہ خاں سعدی—لیکن محترم وزیر مال صاحب نے ان کو وقت دیا تھا ۔ وہ ان کے منتظر تھے تو اس ایوان کے وقار کے خلاف ہے کہ سی ۔ آئی ۔ ڈی سب انسپکٹر نے ان کو دھمکی دی کہ میں یہاں فائرنگ کرا دوں گا ان کو گالیاں بھی دیں اشتعال دلانے کی کوشش کی تا کہ ان کو وہاں سے چلتا کیا جائے یہ انہوں نے کوشش کی ۔ یہ ایوان کے استحقاق کے خلاف نہیں کہ محترم وزیر صاحب کو یا ممبر صاحبان سے ایک وفد ملنے کے لئے آیا ہو تو یہ ان کے استحقاق میں مداخلت ہے ۔

Mr. Speaker. No infringement of the privilege of the House or a member is involved. It is a matter between the C. I. D. Inspector and the persons abused and the normal law of the land is there to be had resort to. The motion is out of order.

ADJOURNMENT MOTIONS

High-handedness of Thatta Police

Mr. Speaker: There is a adjournment motion from Syed Bahir Ahmed Shah, who wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the Business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the high-handedness of Police of Thatta Police Station for having little regard for lives of men by beating one Abdul Karim Brohi to death and the consequent resentment prevailing against the Police in Thatta.

وزیر ریلوے—جناب والا۔ یہ معاملہ واقعی public importance کا ہے لیکن ہمارے ممبران بڑا غضب کرتے ہیں کہ تاریخ نہیں بتاتے ۔ کم از کم اتنی دل چسپی تو لیں اور تاریخ ہی بتا دیں کہ کون سی تاریخ کا واقعہ ہے کہ اس میں recent occurrence ہے یا نہیں۔ جناب والا۔ انہوں نے تاریخ

قصداً نہیں بتائی اس لئے کہ یہ واقعہ بہت پرانا ھے یہ واقعہ ٦ مارچ کا ھے ۔

میاں عبداللطیف—کیا یہ ۱۹۵۸ کا واقعہ ھے ؟

Minister of Railways : I think I am taking to the lawyers and they should know what is meant by recent occurrence. They should not play to the galleries in the matter of interpretation of law.

یہ ٦ مارچ ۱۹٦۳ کا واقعہ ھے ۔ میں جناب یہ عرض کر رھا تھا کہ ایک تو یہ معاملہ recent occurrence کا نہیں لیکن میں اس مسئلے پر بھی نہیں جاتا کیوں کہ یہاں یہ کہا جاتا ھے کہ ایک آدمی کو پولیس نے اتنا مارا کہ اس کا انتقال ھو گیا تو recent occurrence آپ نوٹ کر لیں کہ یہ ٦ مارچ کا واقعہ ھے ۔

مسٹر سپیکر—رپورٹر نوٹ کریں گے ۔

وزیر ریلوے—Sir for your ruling.

جناب والا۔ بات یہ ھے کہ اس آدمی کا پولیس custody میں انتقال ھوا ۔ اس کا پوسٹ مارٹم ایک سول سرجن ایم بی بی ایس نے کیا ایک فرسٹ کلاس مجسٹریٹ کی موجودگی میں کیا اور اس نے یہ رپورٹ دی کہ اس کے جسم پر کوئی ضرب کا نشان نہیں ھے لیکن اس کے بعد جب ان کے رشتہ داروں کو اس کی لاش دی گئی تو اس لاش پر انھوں نے ریذیڈنٹ میڈیکل آفیسر سے معائنہ کرایا اور اس پر ضرب کا نشان پایا گیا یہ اس کے رشتہ داروں کا بیان ھے ۔ اس کے بعد انھوں نے باقاعدہ مجسٹریٹ کی عدالت میں استغاثہ دائر کر دیا اور وہ کیس عدالت میں پہنچ چکا ھے اور وہ sub-judice ھے ۔ یہ میں نے اس لئے کہا ھے کہ recent occurrence کے پوائنٹ کو میں نہیں لیتا اس معاملہ میں باقاعدہ ایف آئی آر ھوا پھر اس کے بعد اس کی رپورٹ ھوئی اور ویسے بھی ان کا allegation تھا گورنمنٹ نے اتنا کیا باوجود اس کے کہ رپورٹ یہ تھی کہ اس کے جسم پر کوئی ضرب کا نشان نہیں ھے لیکن چونکہ دوسری طرف سے اصرار کیا گیا تو گورنمنٹ نے ایک انکوائری کرا دی یہ انکوائری آفیسر کے پاس جاری ھے ۔ اس سے قبل انھوں نے استغاثہ دائر کر دیا اور یہ سارا

معاملہ مجسٹریٹ کے سامنے ہے ۔ اور وہ کیس Sub-judice ہے اس لئے ہمیں اس پر کوئی بحث نہیں کرنی چاہیے ۔

Mr. Speaker : The matter is *sub judice* before a magistrate.

Syed Bashir Ahmed Shah : The enquiry magistrate has only submitted a report. He has not given any judgment.

Minister of Railways : I have ascertained the whole position. In this case a regular complaint was filed on 9-3-63. I am not referring to the inquiry simply because the fact of inquiry cannot make it *sub judice*. A regular complaint is with the magistrate and now the proceedings are on.

Mr. Speaker : Does the Minister mean to say that regular proceedings are in a court of law ?

Minister of Railways : Yes, for administration of law and justice it is before the court.

خواجہ محمد صفدر۔ جناب والا ۔ محترم شاہ صاحب نے جو کچھ ارشاد فرمایا ہے وہ کچھ مختلف ہے بلکہ خاصا مختلف ہے اور جو کچھ جناب منسٹر صاحب فرما رہے ہیں اگر یہ مسئلہ کسی مجسٹریٹ صاحب کی عدالت میں پیش ہے - - - -

Mr. Speaker : The motion is ruled out of order because it relates to a matter which is *sub judice*.

خواجہ محمد صفدر۔ جناب والا ۔ ان کی بات زیادہ معتبر ہے کیوں کہ وہ بزرگ وہاں سے آئے ہیں ۔

مسٹر سپیکر۔ میرے نزدیک دونوں کی بات معتبر ہے ۔ وزیر صاحب کے پاس یہ facilities ہیں کہ وہ facts کو حکام کے ذریعہ جلدی Verify کرا سکتے ہیں ۔

Hunger strike by workers of Colony Sarhad Textile Mill, Naushera

Mr. Speaker : There is an other adjournment motion from Mr. Nasrullah Khan Khattak, who wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the Business of Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, six workers of the Colony Sarhad Textile Mill, Nowshera, who were arrested on 24th March, 1963, and are now detained in the Central Jail, Peshawar have gone on hunger strike since yesterday as a result of which a serious unrest and general discontentment is prevailing amongst the working class and the masses.

(*Voices from Opposition* : Very serious, very serious.)

Minister of Railways : I agree that it is very serious. I would have opposed it on different grounds but I would like the member to give out the facts.

مسٹر نصر اللہ خاں خٹک۔ جناب عالی ۔ کالونی سرحد ٹیکسٹائل ملز کے مزدوروں نے ۲۴ مارچ کو کالونی سرحد ٹیکسٹائل ملز کے مالکان کے سامنے اپنے مطالبات پیش کئے ۔

مسٹر سپیکر۔ Admissibility بتائیے ۔

مسٹر گل محمد۔ جناب سپیکر ۔ منسٹر صاحب اس کی Admissibility کو تو چیلنج نہیں کر رہے ہیں ۔

مسٹر نصر اللہ خاں خٹک۔ جہاں تک اس کی فوری عوامی اہمیت کا تعلق ہے ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : I am not going to allow anything which is not entirely confined to the point of admissibility.

مسٹر نصر اللہ خاں خٹک۔ میں جناب سنا رہا ہوں آپ ذرا سنیں تو سہی ۔ جناب والا جہاں تک اس کے فوری عوامی اہمیت کا تعلق ہے وہاں ۱۲۰۰ مزدوروں نے ہڑتال کی ۔ ۶۰۰ مزدور جیل میں بند کر دئیے گئے اور ان میں سے دو قیدیوں نے بھوک ہڑتال کر دی ہے ۔ حکومت اور کالونی ٹیکسٹائل ملز کے مالکان نے غیر دانشمندانہ کارروائی کرکے مسئلے کو نہایت سنگین اور اہم بنا دیا ہے اور امن و عامہ کو سخت خطرہ ہو گیا ہے ۔

Mr. Speaker : The member should say something with reference to admissibility.

Mian Muhammad Akbar : Is he objecting to the admissibility ?

Minister of Railways : Before I object, I want to know the details. My right to object remains.

مسٹر عبدالرازق خاں (مردان۔۳)۔ جناب والا ۔ یہ میرے پاس "بانگ حرم" اخبار ہے ۲ تاریخ کا اور اس میں یہ واقعہ تفصیل سے بیان

کیا گیا ہے ۔ اس اخبار کے مطابق ۲۴ مارچ کو ''سرحد کالونی ٹیکسٹائل ملز،، کے مزدوروں کی انجمن نے مل کے management کے پاس آپنے چند مطالبات پیش کئے ۔ اس سے پہلے بھی وہ ایک نوٹس دے چکے تھے اور وہ نوٹس باقاعدہ serve کیا گیا تھا ۔ مل والوں کو اس کے بعد ۲۴ تاریخ کو انھوں نے اپنے قطعی مطالبات پیش کئے ۔ مطالبات کیا تھے ؟ مطالبات یہ تھے کہ جو آٹا ہمیں دیا جا رہا ہے وہ ٹھیک نہیں ہے اس کے پہلے انہیں آٹا کے لئے جو الاؤنس دیا جاتا تھا وہ بند کر دیا گیا تھا ۔ وہ چاہتے تھے کہ وہ الاؤنس دوبارہ جاری ہو ۔ دوسرا مطالبہ یہ تھا کہ ہماری جو تنخواہیں ہیں اس میں دس فی صد اضافہ کیا جائے ۔ تیسرا مطالبہ یہ تھا کہ ہمیں رہنے کے لئے جو کوارٹرز دئیے گئے ہیں وہ بہت کم ہیں اور جو دئیے گئے ہیں وہ مناسب نہیں ہیں لہذا اس میں کوئی امپروومنٹ کی جائے ۔ ان کے صدر تاج محمد خان کو بجائے اس کے کہ ان کے مطالبات پر غور کیا جاتا حکومت کی طرف سے وہاں factory area میں ایک اسسٹنٹ لیبر افسر مقرر کیا گیا ہے ۔ اس لیبر افسر نے مل والوں کے ساتھ ملکر ان کو یہ شہ دی کہ آپ مزدوروں کی کوئی پرواہ نہ کریں ۔ یہ آپ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے ۔ تاج محمد خان یہ شکایت لیکر ''پشاور لیبررز فیڈریشن،، کے دفتر میں گیا اور وہاں جو عہدہ دار تھے ان کو یہ شکایت پیش کی ۔ جوں ہی وہ ''پاکستان ہوٹل۔۔پشاور،، میں پہونچا پولیس پہنچ گئی اور اس کو گرفتار کر لیا ۔ اس کے بعد چھ مزدوروں نے مل کے سامنے بھوک ہڑتال کر دی ۔ ان کو پکڑ کر جیلوں میں بند کر دیا گیا ۔ ان میں سے دو مزدور جنکی حالت نہایت نازک ہے جب ان کی بیویاں جیل کے قریب پہنچیں تا کہ اپنے خاوندوں سے ملاقات کر سکیں تو جناب ۔ ان خواتین کی بھی بے عزتی کی گئی ۔

حزب اختلاف سے آوازیں۔۔ شیم شیم ۔

مسٹر عبدالرازق خان۔۔ اس وجہ سے انھوں نے وہاں بھوک ہڑتال کر دی ۔ میرا خیال ہے کہ اس مسئلے پر خواتین بھی ہمارے ساتھ ہوں گی ۔

Mr. Speaker : Has the member finished ?

مسٹر خواجہ محمد صفدر۔ میرا خیال ہے کہ چونکہ ان کی باتیں بہت کڑوی ہیں اس لئے وہ بیٹھ گئے ۔

وزیر ریلوے۔ نہیں جناب ۔ باتیں تو بڑی تلخ نہیں بلکہ بہت شرین تھیں ۔ البتہ حقیقت بڑی تلخ تھی ۔ (قہقہہ)

عبدالرازق خان۔ ذرا ان کو وضاحت کے ساتھ معلوم ہو جائینگی یہ چاہتے ہین کہ جو مزدور جیل میں ہیں انہیں رہا کر دیا جائے ۔ لیبر افسر کو سزا دی جائے یا تبدیل کیا جائے اور جو مطالبات ہیں انہیں پورا کیا جائے ۔

وزیر ریلوے۔ اچھا جناب ۔ اب میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کرتا ہوں کہ وہ بارہ کے بارہ مزدور جس مین ایک outsider ہے سب کو release کر دیا گیا ہے ۔ (نعرہ تحسین)

hunger-strike ختم ہو گئی ہے ۔ strike ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

خواجہ محمد صفدر۔ ان کو threaten کیا گیا ہے ۔

وزیر ریلوے۔ hunger-strike ختم ہو گئی ہے ۔ میں نے واقعات اس لئے عرض کئے تھے ۔.....

مسٹر سپیکر۔ پھر آپ facts کیوں سننا چاہتے ہیں ؟ (قہقہہ)

وزیر ریلوے۔ facts میں اس لئے سننا چاہتا تھا کہ اس درمیان میں جیسا کہ انہوں نے ذکر کیا ہے ایک آدمی کو اتنا مارا گیا یعنی پولیس نے اتنا مارا کہ وہ مر گیا ۔ ممکن ہے وہ چھ یا بارہ گرفتار ہوئے ہیں اس سے ایک بات تو حکومت کے نوٹس میں آ جائے گی ۔ ایک بات تو یہ نوٹس میں لائی گئی ہے اس کے متعلق میں یقین دہانی کرانا چاہتا ہوں کہ اس اسسٹنٹ لیبر افسر نے اگر کوئی زیادتی کی ہے تو میں اپنے دوست جناب گردیزی صاحب سے request کروں گا کہ وہ اس معاملے کی با ضابطہ تحقیقات کرائیں اس طرح جہاں تک اس adjournment motion کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ طے ہو گیا ہے ۔

وزیر محنت (سید احمد نواز شاہ گردیزی)۔ میں اس سلسلے میں عرض کروں گا کہ پہلے جناب خان صاحب بھی فرما چکے ہیں اور میں بھی یہ عرض کروں گا کہ اگر کسی افسر نے اس قسم کی حرکت کی ہے تو اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی ۔ (نعرہ ہائے تحسین)

مسٹر سپیکر۔ اس یقین دہانی کے بعد خٹک صاحب اسے واپس لیں گے ؟

مسٹر نصر اللہ خان خٹک۔ جناب ۔ میں منسٹر صاحب کی اس یقین دہانی پر اسے واپس نہیں لیتا ۔ لیکن اگر ہماری پارٹی کے ممبران یقین دہانی کرائیں کہ وہ ان منسٹروں سے وعدہ پورا کرائیں گے تو پھر میں واپس لیتا ہوں ۔

مسٹر عبدالرازق خان۔ میں درخواست کرتا ہوں کہ جناب وزیر کی یقین دہانی پر ہمیں یقین ہے کیوں کہ انہوں نے بہت کم یقین دہانیاں کرائی ہیں ۔ لہذا ۔ ۔ ۔ ۔(قہقہہ)

وزیر محنت۔ جناب میں کوئی ایسی بات نہیں کہتا جو نہ کر سکوں ۔

مسٹر نصر اللہ خان خٹک۔ جناب والا ۔ وزیر صاحب نے جو کچھ ارشاد فرمایا ہے اس کے پیش نظر میں اپنی تحریک التوا پیش نہیں کرنا چاہتا ۔

Non-supply of Railway Wagons for carrying coal in Quetta/Kalat Divisions.

Mr. Speaker: Next adjournment motion is from Babu Muhammad Rafiq who wants to ask for leave to make a Motion for the adjournment of the Business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the Government to provide Railway wagons for carrying coal in Quetta/Kalat Divisions due to which about 50,000 tons of coal costing Rupees 13 lacs is lying on various Railway Stations of Quetta/Kalat Divisions *i.e.* Quetta, Spozand, Much, Harnai and Sharig etc. It is further known that many coal mines have stopped functioning due to which it is feared that 25,000 labour will face the dangerous consequences of unemployment as per news in the papers.

وزیرریلوے (مسٹر عبدالوحید خان)۔ جناب والا ۔ میں آنریبل ممبر کی اطلاع کے لئے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اول تو پچاس ہزار ٹن کوئلہ وہاں موجود نہیں ہے ۔ ہمارے پاس یعنی ریلوے کے پاس جو demands ہیں وہ ۲ اپریل کو ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

بابو محمد رفیق ۔ میری statement کو منسٹر صاحب نے چیلنج کیا ہے ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر ریلوے۔ ۲ اپریل کو جناب ۔ میرے پاس جو demands ہیں وہ آٹھ ہزار ٹن کی ہیں ۔ یعنی جو تحریری درخواستوں کی صورت میں ہمارے پاس آئی ہیں ویگنز کی وہ آٹھ ہزار ٹن کی ہیں اور جو ڈیلی کلیرنس ہے یعنی جو آٹھا سکتے ہیں وہ آٹھ سو سے لے کر ایک ہزار ٹن تک ہے یعنی ان کے یہاں ۲ اپریل تک جو درخواستیں آ چکی ہیں وہ ایک ہفتہ میں ختم ہو چکی ہوں گی ۔

دوسری اطلاع عرض کروں ۔ پچھلے سال کے مقابلے میں ۔ میں نے پریس نوٹ میں بھی اس کا اظہار کر دیا ہے ۔ آپ کے بیان کا احترام کرتے ہوئے پوری پوزیشن کی وضاحت کر دی ہے ۔ پچھلے سال ہم تیرہ ہزار ایک سو اکیانوے ویگن چھ ماہ میں یعنی اکتوبر سے مارچ تک باہر لے گئے ہیں کوئلہ کے ۔ اور اس سال تیرہ ہزار سات سو چوالیس ویگن ہم نے آپ کو مہیا کیے ہیں یعنی پچھلے سال کے مقابلے میں پنتالیس ہزار ٹن کوئلہ زیادہ ریلوے ویگنوں کے ذریعہ باہر پہنچا ہے یعنی ریلوے ویگنز ہم نے آپ کو زیادہ دئیے ہیں ۔ آپ کی جو problem ہے وہ اس قدر ہے جو تحریروں اور تاروں کے ذریعہ ظاہر کی گئی ہے وہاں صرف آٹھ ہزار ٹن کوئلہ موجود ہے جیسے آپ نے پچاس ہزار ٹن یہاں کہا ہے ۔ اس کے متعلق میں آپ کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ایک ہزار ٹن ہم روزانہ clearance کر رہے ہیں یعنی جہاں تک ہماری گنجائش کا تعلق ہے آٹھ دس دن میں یہ clear ہو جائے گا ۔ اس لئے زیادہ پریشان ہونے کی اس میں ضرورت نہیں ہے ۔

بابو محمد رفیق۔ جناب عالی ۔ یہ میرے پاس ۲ اپریل کا ''کوہستان،، ہے جس میں ہمارے ڈپٹی لیڈر نبی بخش صاحب کا statement

ہے تو میرے پاس کوئی وجہ نہیں ہے کہ اس پر شبہ کیا جا سکے کیوں کہ یہ ابھی ابھی کوئٹہ سے آ رہے ہیں ۔ کوئی وجہ نہیں کہ ہم اس پر بھروسہ نہ کریں جس میں انھوں نے پریس کانفرنس میں کہا ہے کہ :-

کوئلے کے کانوں کے علاقے میں کوئلے کی نقل و حرکت کے لئے ریلوے ویگنوں کی زبردست کمی ہے جس کی وجہ سے پچاس ہزار ٹن کوئلہ جس کی قیمت تقریبا ڈیڑھ لاکھ سے تیس لاکھ روپے تک ہوتی ہے مختلف مقامات تک نہیں پہنچایا جا سکا اس بناء پر مختلف کانوں میں کام بند ہو گیا ہے اور اگر یہی صورت حال برقرار رہی تو پچیس ہزار کارکن بے روزگار ہو جائیں گے ۔ میر نبی بخش نے کہا ہے کہ سابق پنجاب اور سندھ میں کوئلہ کی کمی محسوس ہونے لگی ہے جس کی وجہ سے ان علاقوں میں کوئلہ کی قیمتوں میں اضافہ ہو گیا ہے ۔ انھوں نے حکومت مغربی پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ ریلوے کے ویگنوں کا فوری انتظام کیا جائے ۔"

میر نبی بخش خان زہری:- جی ہاں ۔ میں یہاں موجود ہوں ۔

بابو محمد رفیق:- میں نہیں سمجھتا کہ جیسا کہ ہمارے وزیر صاحب نے کہا ہے وہاں صرف آٹھ ہزار ٹن کوئلہ پڑا ہے ۔ ایک ایسے معزز ایوان کا ممبر جو مسلم لیگ پارٹی کا ڈپٹی لیڈر بھی ہے وہ اس قسم کا غلط statement دے سکتا ہے ۔ اگر انھوں نے اس قسم کا غلط statement دیا تو ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر:- دیکھئے ۔ اس بارے میں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

بابو محمد رفیق:- مجھے بولنے دیجئے ۔ میرے علاقے کی زندگی اور موت کا مسئلہ ہے ۔ آپ کہنے دیجئے ۔ میں نہیں سمجھتا کہ انھوں نے اس قسم کا statement غلط دیا ہو گا ۔

خواجہ محمد صفدر:- پھر کس کی غلطی ہو گی ؟

بابو محمد رفیق:- میں کہوں گا کہ منسٹر صاحب کی اطلاعات ہی غلط ہوں گی ۔ کیوں کہ انھوں نے جو کچھ کہا ہے وہ ہو سکتا ہے کہ غلط figures ہوں ۔ (قہقہہ)

جیسا کہ یہاں دستور ہے غلط بات بتلائی جاتی ہے ۔ جوابوں میں بھی اور چیزوں میں بھی یہ غلط figures ہیں ۔ لیکن سوال یہ ہے کہ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ میں نے جو پریس نوٹ پڑھا ہے ''پاکستان ٹائمز'' میں ۔ اس کی کاپی میرے پاس موجود ہے میں سمجھتا ہوں کہ کوئلہ ایسی چیز ہے کہ وہ ابھی ایک ماہ ۔ دو ماہ پڑا رہے تو اس میں آگ لگ جاتی ہے۔ اس سے پہلے بھی لاکھوں روپے کا نقصان ہماری collieries owners اٹھا چکے ہیں ۔ انہوں نے اس دوران میں یعنی مارچ کے مہینے چاول کے لئے تین ہزار ایک سو اٹھاسی ویگنز پچھلے سال تھے لیکن اس سال چھ ہزار ایک سو اٹھاسی ویگنز دئیے ہیں جو سو فی صد زیادہ ہیں اور چار سو یا پانچ سو ویگن انہوں نے زیادہ اس عرصے میں دئیے ہیں میں نہیں سمجھتا کہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr Speaker: I may remind the Member that it is only the admissibility stage. He need not go into the details at this stage.

بابو محمد رفیق۔ جناب والا ۔ یہ حالیہ واقعہ ہے ۔ لوگ بے کار ہو رہے ہیں ۔ ان کا بیڑا غرق ہو گیا ہے ۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ وہ ہمارے ساتھ ایسا سلوک کیوں کر رہے ہیں ۔ پہلے کہا تھا کہ ویگن دیں گے لیکن نہیں مل رہے ہیں ۔ نتیجہ یہ ہو گا کہ لاکھوں روپیہ کا نقصان ہو جائے گا ۔

*2535. **Syed Diwan Ghulam Abbas Bukhari**: Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that there is an unmetalled road between Shujabad and Lodhran *via* Jalalpur-Pirwala in Multan District which is under the control of the District Council;

(*b*) whether it is a fact that a small branch of the Sutlej river crosses the above mentioned road Bahadur Pur, Wahari and Shujaat-pur and bridges constructed at these three places by the District Council are narrow and are in a state of utter disrepairs;

(*c*) whether it is also a fact that these bridges are constructed at a very low level and during floods in Sutlej River they are damaged and rendered unserviceable for traffic purposes;

(*d*) whether it is a fact that bridges constructed near Haveli Lang and Qabar Musafir on Shujabad-Jalalpur road are also in deplorable condition since long;

(*e*) whether it is also a fact that no bridge has been constructed over the culvert at Chah token-wala which flows to its full capacity during floods into the Sutlej River with the result that traffic is greatly hindered:

(*f*) if answers to (*a*) to (*e*) be in the affirmative, whether Government intend to direct the District Council to take steps for the repairing of the said bridges and constructing a bridge over the said culverts an early date?

Parliamentary Secretary (Mian Mehraj-ud-Din) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) Yes.

(*d*) Yes.

(*e*) Yes.

(*f*) The District Council, Multan is reported to have allocated a sum of Rs. 50,000/- for the re construction/widening of these bridges during the years 1961-62/1962-63. The B & R Department was asked to prepare necessary plans and estimates for these works but the same have not yet been prepared. It is because that Deptt : is still reported to be investigating and collecting reliable data regarding the discharge etc., /of the river for designing these bridges. The B & R Department is being asked to expedite to finalise plans and estimates of these bridges.

COLLECTION OF TAXES BY BASIC DEMOCRACIES DEPARTMENT IN LAHORE DIVISION

*2544. **Chaudhri Muhammad Ibrahim** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Deputy Director, Basic Democracies Lahore has issued a circular letter to the effect that all those supervisors and Development Officers of Basic Democracies who do not work hard and show slackness in the collection of taxes will be sacked ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether the above circular letter has been issued under the instructions of the Government ;

(*c*) the number of lady workers and supervisors in Wazirabad and Sialkot development areas ;

(*d*) whether any of the officials mentioned in (*c*) above were dismissed from service for moral turpitude ;

(*e*) whether it is a fact that some of the dismissed Officers were re-employed, if so, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Mian Mehraj-ud-Din) : (*a*) Yes. The Circular letter has been issued by the Director Basic Democracies, Lahore.

(*b*) No.

(*c*) There are twenty Lady Workers and two Lady Supervisors in these development areas.

(*d*) No.

(*e*) No.

چودھری محمد ابراھیم—یہ جو انھوں نے فرمایا ھے کہ کسی برطرف شدہ افسر کا تقرر نہیں کیا گیا ھے اگر یہ غلط ھوا تو کیا اس کی ذمہ داری لینگے ؟

مسٹر سپیکر—کیا کہہ رھے ھیں کہ یہ اگر غلط ھوا تو ؟ یہی فرما رھے ھیں نا آپ ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری—پریولیج موشن آ جائے گا اور کیا ۔

چودھری محمد ابراھیم—میں اس سلسلے میں وزیر متعلقہ سے دوسری بات یہ پوچھنا چاھتا ھوں کہ ایک سرکلر جو پورے ایک محکمے سے تعلق رکھتا ھے کیا وہ گورنمنٹ کی اجازت کے بغیر جاری کیا جا سکتا ھے ؟ ابھی آپ نے فرمایا ھے کہ یہ سرکلر گورنمنٹ کی اجازت کے بغیر ھوا ھے ۔ آپ اس سلسلے میں کیا کارروائی کرینگے ؟

وزیر صحت و لوکل گورنمنٹ—(مسٹر عبدالقادر سنجرانی) جناب میں اس کو دیکھوں گا کہ یہ جو سرکلر جاری ھوا ھے تو یہ کس طرح ھوا ھے We will consider over that circular ۔

چودھری عبدالرحیم—ابھی وزیر صاحب نے ضمن (ب) میں فرمایا ھے کہ وھاں پر بداخلاقی کے الزام میں کوئی برطرفی نہیں ھوئی ھے ۔ اگر اس سوال کا جواب غلط ھوا تو کیا وزیر صاحب اس کے متعلق کوئی کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتے ھیں ؟

وزیر صحت ولوکل گورنمنٹ—ضرور ۔

RECRUITMENT IN THE BASIC DEMOCRACIES DEPARTMENT

*2545. **Chaudhri Muhammad Ibrahim :** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state : —

(*a*) whether it is a fact that further recruitment in the Basic Democracies department has been banned ;

(*b*) whether any recruitment has been made by the Deputy Director Basic Democracies, Lahore after the imposition of the above ban, if so, the names of the persons so recruited ;

(*c*) whether the Steno-typist appointed in the Office of the Deputy Director, Basic Democracies Lahore knows type-writing ;

(*d*) whether it is a fact that the said Steno-typist is a student of the Law College ?

Parliamentary Secretary (Mian Mehraj-ud-Din) : (*a*) Yes. Recruitment to all posts, gazetted as well as non-gazetted, was banned on 30-6-61 in all Govt. Departments. But the ban on non-gazetted posts was removed with effect from December, 1962.

(*b*) Yes. Only one person (Munir Ahmad) was recruited as Steno-typist by the Director, Basic Democracies, Lahore Division and that also after exchausting all the channels from which the services of a Steno-typist could be procured. The person recruited is M. A. in Political Science. He has been employed temporarily as a stop gap arrangement.

(*c*) Yes.

(*d*) Yes.

چودھری عبدالرحیم—ایک شخص کو جو سٹینو ٹائپسٹ ہے وہ بیک وقت لا کالج کا سٹوڈنٹ بھی ہو سکتا ہےاور سٹینو ٹائپسٹ بھی ہو سکتا ہے وہ کتنے فرائض بیک وقت ادا کرے گا ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری—یہ ہو سکتا ہے ۔ اس کے لئے اجازت لینی پڑتی ہے ۔

چودھری عبدالرحیم انہوں نے کہا ہے کہ وہ جو سٹینو ٹائپسٹ ہے وہ عارضی طور پر رکھا گیا ہے کیا وہ ٹرینڈ ٹائپسٹ بھی ہے ؟

وزیر صحت (مسٹر عبدالقادر سنجرانی) جواب دے دیا گیا ہے ۔ انہوں نے سنا نہیں ہے ۔

چودھری عبدالرحیم—سنا تو ہے ۔ معلوم ہوا ہے کہ اس نے سروس کے تین سال بعد سرٹیفکیٹ پیش کیا ہے ۔

Minister of Health : This question is whether the men who were appointed were qualified or not.

DEPUTY DIRECTOR BASIC DEMOCRACIES LAHORE

*2546. **Chaudhri Muhammad Ibrahim** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) the date on which the present incumbent of the post of Deputy Director Basic Democracies Lahore was appointed as such ;

(*b*) the number of days during which the said Officer remained on tour ;

(*c*) whether it is a fact that the said Officer remained on tour in Sialkot for a comparatively long period, if so, reasons therefor ;

(*d*) whether it is a fact that there have been complaints against the improper behaviour of the said Officer towards the Chairman of Basic Democracies ;

(*e*) whether it is a fact that a resolution to this effect was also passed by the Kasur Tehsil Council ?

Parliamentary Secretary : (Mian Mehraj-ud-Din) : (*a*) The designation of the post is Director Basic Democracies and the present incumbent was appointed on the 7th May, 1962.

(*b*) 92 days

(*c*) A perusal of his tour programme, given below, would show that he did not remain on tour in Sialkot District for a comparatively longer period as alleged :—

Lahore	...	18
Sheikhupura	...	29
Sialkot	...	24
Gujranwala	...	21

(*d*) No complaint has been received from any Chairman so far.

(*e*) No such resolution was passed by the Tehsil Council, Kasur.

RE-EMPLOYMENT OF MALIK NAZIR HUSSAIN BY IMPROVEMENT TRUST MULTAN

*2557. **Rao Khurshid Ali Khan** : Will the Minister of Health and Basic Democracies be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Malik Nazir Hussain was convicted and sentenced to rigorous imprisonment by a Military Court in the year 1958-59 on the charge of corruption when he was posted as Naib Tehsildar, Qaidabad, Bhakkar ;

(*b*) whether it is a fact that on an appeal preferred by him to higher Military authorities, the un-expired portion of his sentence was remitted on 14th December, 1959 on grounds of clemency without prejudice to the facts of the case ;

(*c*) whether it is a fact that after his release from Jail sometime in 1959 he was appointed as Revenue Officer, Multan Improvement Trust Multan and was given the maximum pay in the scale of Rs 120—250 ; if so, whether sanction for his re-employment as such was obtained from the Government as being a previous convict he could not have been re-employed without previous Government sanction ; if not ; why ;

(*d*) whether it is also a fact that after serving one year as Revenue Officer he was promoted to the post of Secretary, Multan Improvement Trust in the scale of Rs. 350—750, which is equal to that of a P. C. S. Officer ;

(*e*) whether it is a fact that as he did not fulfil the requisite qualifications advertised for the post of Secretary his case was sent up to Government for relaxation of the rules in spite of the fact that many better candidates fulfilling the requiste qualification were available ;

(*f*) whether it is a fact that the then Chairman, Multan Improvement Trust, confirmed him only two days before his transfer from Multan without waiting for the approval of Government ;

(*g*) whether it is a fact that both Malik Nazir Hussain and the then Chairman of the Multan Improvement Trust belong to Sargodha district ;

(*h*) if answers to (*a*) to (*g*) above be in the affirmative, the action Goverment intend to take in the matter to rectify this grave irregularity ?

Parliamentary Secretary (Mian Mehraj-ud-Din) : (*a*) He was convicted but the year of his conviction is not known.

(*b*) Yes.

(*c*) He was appointed on 28-10-1960 as Revenue Officer, Multan Improvement Trust, on Rs. 200/- (and not Rs. 250/-) in the grade of Rs. 120—8—200- 10/250 No sanction for his re-employment was necessary from the Government in view of the "No Objection" Certificate dated 6th October, 1960 obtained by him from the Martial Law Administrator, Zone 'B'.

(*d*) Malik Nazir Hussain worked as Revenue Officer from 28-10-1960 to 14-5-1961. He was promoted by the Multan Improvement Trust as officiating Secretary in the P. C. S. scale of Rs. 300—850.

(*e*) Malik Nazir Hussain is a graduate but had not served for a period of five years as Secretary or Executive Officer of a Municipal Committee which was also one of the conditions for employment as Secretary of the Multan Improvement Trust. Therefore, his case was referred to Government for relaxing this condition as other suitable candidates who had applied for the post were not considered suitable by the Trust as Secretary.

(*f*) He was confirmed on 23-6-1962 by the Improvement Trust pending decision of the Government on his relaxation case.

(*g*) No.

(*h*) Government has already inquired from the Improvement Trust why the proposed relaxation was not asked for before the actual appointment of Malik Nazir Hussain as Secretary of the Trust.

مسٹر حمزہ—کیا مارشل لاء کے تحت سزا پانے کو مزید کوالیفیکشن سمجھا جاتا ہے ؟

مسٹر سپیکر—یہ سوال مبنی بر قیاس ہے ۔

مسٹر حمزہ—انہوں نے یہ تسلیم کیا ہے کہ اس کو مارشل لاء کے تحت سزا ملی ہے ۔ یہ بھی تسلیم کیا ہے کہ وہ گریجویٹ ہے ۔ یہ بھی فرمایا ہے کہ اس کو سب سے زیادہ موزوں امیدوار تصور کیا گیا ہے ۔ وہ کیا کوالیفیکیشن تھی جس کی وجہ سے اسے سب سے زیادہ موزوں امیدوار تصور کیا گیا تھا ؟ کیا یہ وجہ تھی کہ وہ ڈپٹی کمشنر کا خاص پروردہ تھا ؟

Minister of Local Govt : It is a separate question.

مسٹر حمزہ—میرے سوال کے پچھلے حصے کا جواب نہیں دیا گیا ۔

مسٹر سپیکر—پچھلے اور اگلے حصے کا سوال نہیں پیدا ہوتا ۔

راؤ خورشید علی خاں—مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر نے جب no objection certificate دے دیا تو کیا آپ نے دوبارہ انہیں یہ لکھا کہ ایک corrupt official جو سزا یافتہ ہے اس کے لئے no objection certificate جاری کرنا ٹھیک نہیں ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت—no objection certificate مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر زون ''بی'' نے جاری کیا تھا ۔

The Martial Law Administrator Zone 'B' issued a certificate that this man can be re-instated in Government Service.

مسٹر سپیکر—اب ایک قلیل المہلت سوال ہے .....

راؤ خورشید علی خاں—ضمنی سوال جناب ۔

Mr. Speaker : Not now.

راؤ خورشید علی خاں—جناب والا ۔ ہم آپ کی ہر بات کو بلا چون و چرا تسلیم کرتے ہیں.....

مسٹر سپیکر—آپ خود ہی بیٹھ جاتے ہیں ۔

راؤ خورشید علی خان—ایک سوال پوچھنے کے بعد تو میں نے بیٹھنا ہی ہوا ۔

Mr. Speaker : Alright, but be more attentive in future.

راؤ خورشید علی خان—میں عرض کرونگا کہ وزیر صاحب پہلے سپلیمنٹری سوال کو سن لیا کریں اور سمجھ لیا کریں ۔ میں پھر دھراتا ہوں ۔ میرا سوال یہ تھا کہ جب مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر نے no objection certificate جاری کر دیا ایک corrupt official کے متعلق جس کو سزا مل چکی تھی تو کیا ان کا یہ فرض نہیں تھا کہ وہ مارشل لاء والوں کو لکھتے کہ آپ no objection certificate کو revise کریں ؟ کیونکہ سروسز کے اندر corrupt official کو رکھنے سے ایڈمنسٹریشن کی تطہیر نہیں ہو سکتی ۔

وزیر بنیادی جمہوریت جب اس نے یہ سرٹیفیکیٹ پیش کیا تو اس کے بعد ضرورت نہیں تھی دوبارہ لکھنے کی کہ اس کو reconsider کیا جائے ۔ اور سرٹیفیکیٹ کو cancel کیا جائے ۔

راؤ خورشید علی خان—کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ جس شخص نے گورنمنٹ کی منظوری حاصل کئے بغیر اس کی تقرری بحیثیت سیکرٹری امپروومنٹ ٹرسٹ کر دی کیا یہ وہی شخص نہیں ہے جو اسی ضلع کا رہنے والا ہے جس ضلع سے یہ سیکرٹری تعلق رکھتا ہے ؟ اور کیا یہ وہی شخص نہیں ہے کہ جس کے corruption کے کیس مشہور ہیں اور جس کے متعلق ایک وزیر صاحب نے فرمایا تھا کہ ایسے افسروں کے دامن پر نماز پڑھی جا سکتی ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت—افسوس ہے کہ ہر وقت میرے دوست کہتے رہتے ہیں کہ دامن پر نماز پڑھیں ۔ آپ ہی شاید نماز پڑھتے ہیں ۔ اور تو مسلمان نہیں پڑھتے ۔ عرض کرونگا کہ یہ شخص ملتان کا نہیں ہے بھکر کا ہے ۔

راؤ خورشید علی خان —میں پھر مودبانہ درخواست کرتا ہوں کہ میرے فاضل دوست نے اس دفعہ بھی سوال کو سمجھنے کی زحمت گوارا نہیں فرمائی ۔ اس میں ملتان کا جھگڑا نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر—آپ نے پوچھا تھا کہ کس جگہ کا ہے تو انہوں نے کہا ہے کہ بھکر کا ہے ۔

راؤ خورشید علی خاں—میں کہتا ہوں کہ انہوں نے سمجھا نہیں ہے ۔ دراصل یہ دونوں سرگودھا کے ہیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ ایک ملتان کا ہے اور ایک سرگودھا کا ۔

مسٹر حمزہ—جناب والا ۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ شخص مذکورکو corruption کیس میں سزا دی گئی تھی اور مارشل لاء کے تحت آیا جن لوگوں کو Ebdoed کیا گیا تھا ان کے متعلق گورنمنٹ کا خیال ہے کہ ان میں سے کسی ایک کو ترقی دے کر گورنر بنا دیا جائے ؟

مسٹر سپیکر- یہ سوال مبنی برقیاس ہے ۔

مسٹر حمزہ ان کا کیا قصور ہے کہ ان کو ترق نہ دی جائے ؟

میجر سلطان احمد خاں کیا وزیر صاحب یہ بتا سکتے ہیں کہ اس قسم کی پالیسی یا رویہ ہر شہری کے ساتھ ہو سکتا ہے ۔ اس کو clear کر دیں ۔

مسٹر سپیکر- یہ سوال مبنی برقیاس ہے ۔

راؤ خورشید علی خاں- وزیر صاحب نے جواب دیا ہے کہ ہم نے دریافت کیا تھا کہ گورنمنٹ سے منظوری حاصل کئے بغیر کنفرم کیوں کر دیا گیا ۔ میں پوچھ سکتا ہوں کہ یہ جواب کب مانگا تھا ؟

Minister of Local Government & Basic Democracies : I require notice for this question.

مسٹر سپیکر—آپ نوٹس دے دیجئے ۔

راؤ خورشید علی خاں—میں نے یہ سوال کافی عرصے سے دیا ہوا ہے ۔ جس چیز کے متعلق definite سوال کیا ہوا ہے اس کے متعلق بھی کہیں کہ نوٹس دیا جائے تو پھر سپلیمنٹری کیا ہے ؟

Mr. Speaker: He says he wants fresh notice to reply.

راؤ خورشید علی خاں—کیا وہ مجھے یہ یقین دھانی کرائینگے کہ وہ اس کا جواب جلد سے جلد حاصل کرنے کی کوشش کرینگے ؟

مسٹر سپیکر—آپ نوٹس دے دیں ۔

راؤ خورشید علی خاں—اگر میرا سوال سپلیمنٹری نہیں تھا تو پھر ڈکشنری کے معنی بدلنے پڑینگے ۔

مسٹر سپیکر—آپ تو جذبات میں کہیں سے کہیں چلے جاتے ہیں ۔ آپ پہلے نوٹس دے دیں ؟

راؤ خورشید علی خاں—میں پوچھتا ہوں کہ آخر سپلیمنٹری کیا بلا ہے ؟

مسٹر سپیکر—کچھ تو بلا ہوگی ۔ اب آپ تشریف رکھیں ۔

SHORT NOTICE QUESTION AND ANSWER

DEARTH OF DRINKING WATER IN PIND DADAN KHAN SUB-DIVISION

*2562. **Malik Sarfraz Khan :** Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) Whether it is a fact that there is a dearth of drinking water in Pind Dadan Khan Sub Division, District Jhelum;

(*b*) Whether any temporary arrangements have been made to provide hygienically good drinking water for the inhabitants of the said Sub Division;[if so, the details thereof ;

(*c*) Whether Government intend to make permanent arrangements in this behalf, if so, when ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): (*a*) Yes.

(*b*) Water supply arrangements exist for Pind Dadan Khan town from the tubewells. Thal Illaqa water supply also exists from Sardhi Spring and feeds to the villages - Pir Khara, Kaptanwala, Lilla Town, Toba, Saroba, Kubdal, Kandwal, Jaithal & Dhuddi. Also a new water supply scheme called Bhilowal water supply scheme is under execution the source of which is the same sardhi spring. Under this scheme 7 other villages are

being connected through water supply distribution system. The scheme is Government sponsored. Also in Manher Illaqa there is Buchal Kalan water supply scheme the source of which is perculation wells Another water supply scheme which will feed 6 villages of the area. Machinery has been installed and water is being pumped through water supply mains to some of the villages. Another water supply scheme namely Dulmial water supply is also under execution which is Sanitary Board aided.

(*c*) According to Sections 16 to 19, Schedule III of Basic Democracies Ordinances it is the primary responsibility of the local council to provide adequate water supply. Looking to the difficult situation in the area the following schemes for the improvement of existing water works have been prepared and submitted to the Divisional Council :—

(*i*) Improvement of Sardhi Springs water supply; (Thall Illaqa water supply).

(*ii*) Improvement of Buchal Kalan (manhar Illaqa) water supply;

(*iii*) Improvement of Pind Dadan Khan water supply;

A comprehensive Plan for supply of water to the various villages and towns in Pind Dadan Khan Sub-Division has been drawn which will cover 231 villages & 3 towns. This scheme has been submitted to the Divisional Council for consideration. Normally the local Council has to sponsor and provide funds for the water supply schemes, but since the financial position of the area is not satisfactory the Government has placed Rs. two lacs at the disposal of the commissioner, Rawalpindi Division, for giving grant in-aid for the water supply schemes of the area. Any additional help required will be considered favourably by the Government.

Mr. Speaker : The Question Hour is now over.

UNSTARRED QUESTIONS AND ANSWERS

SCHEMES SANCTIONED BY UNION COMMITTEES HIRAR TALUKA CHACHRO, DISTRICT THARPARKAR

31. **Mir Haji Muhammad Bux Talpur** : Will the Minister of Basic Democracies and local Government be pleased to state :—

(*a*) the number of schemes sanctioned by Union Committee Hirar, Taluka Chachro, District Tharparkar during the year 1960-62;

(*b*) the yearly income of the above Union Committee;

(*c*) whether it is a fact that most of the schemes mentioned in (*a*) above are for the village Sadharo which is the village of Chairman Union Committee;

(*d*) whether it is a fact that one of the schemes-mentioned in (*a*) above is the construction of the office of the Union Committee at Sadharo;

(*e*) if answer to (*d*) above be in the affirmative, whether it is a fact that out of 8 elected members of the Union Committee 7 members have applied to Deputy Commissioner Tharparker and A. D. B. D. that they did not Pass any resolution to that effect; if so, action taken by them in the matter;

(*f*) whether it is a fact that the Chairman of the said Union Committee is illiterate?

Minister of Basic Democracies & Local Government: (Mr. Abdul Qadir Sanjrani): (*a*) the following schemes have been sanctioned by Union Committee, Hirar during the years 1960-61 and 1961-62 :—

1. Construction of two Primary School buildings at Hirar and Sadharo.

2. Construction of a wall at village Sadharo.

(*b*) the income of the Union Committee, Hirar for the current financial year is Rs 10,300,00 including Government's grant-in-aid of Rs. 3,000/-.

(*c*) two of the schemes sanctioned by the Union Committee are for village Sadharo ;

(*d*) No.

(*e*) Does not arise ;

(*f*) Yes.

SUSPENSION OF SECRETARY OF UNION COMMITTEE HIRAR, TALUKA CHACHAO DISTRICT THARPARKAR

33. **Mir Haji Muhammad Bux Talpur** : Will the Minister of Basic Democracies and local Government be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Secretary of Union Committee Hirar, Taluka Chachro, District Tharparker Mr. Muhammad Ramzan has been suspended; if so, the date and reasons of his suspension;

(*b*) whether it is a fact that he was transferred on many occassions before but he did not make over the charge; if so, reasons therefor;

(*c*) the date on which he made over charge to his successor and in case he has not yet made over the charge, reasons therefor ?

Minister of Basic Democracies & Local Government : (Mr. Abdul Qadir Sanjrani) : (*a*) Yes. He was transferred by the Deputy Commissioner to the Union Council Bustan on 11.12 1962, but he refused to comply with these orders. Therefore, he was suspended by the Deputy Commissioner on 6.2.1963.

(*b*) On one occasion previously he was transferred, but his transfer orders were cancelled in the public interest.

(*c*) He made over charge to his successor on 17.2.1963.

ROADS SHOWN AS DHAKA IN PROPERTY REGISTER OF DISTRICT COUNCIL THARPARKAR

38. **Mir Haji Muhammad Bux Talpur :** Will the Minister of Health and Local Government be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that in the property Register of District Council, Tharparkar, some Roads are shown as 'DHAKA" of canals and minors; if so, their total length in each Taluka;

(*b*) names of overseers, S. D. Os. and Engineers who have inspected the said roads from 1947 to date alongwith the dates of inspection;

(*c*) whether it is a fact that most of these DHAKA roads are cultivated by the local zamindars by obtaining lease from the Irrigation Department;

(*d*) whether the said District Council intend to take steps to improve the conditions of these roads; if so, when if not, reasons therefor ?

وزیر صحت و لوکل گورنمنٹ (مسٹر عبدالقادر سنجرانی) :

(الف) ڈسٹرکٹ کونسل تھرپارکر کے پراپرٹی رجسٹر میں کسی سڑک کو بھی نہروں اور کھیتوں کا ,,ڈھکا'' نہیں دکھایا گیا ہے ۔

(ب) کیونکہ وہاں ڈھکا سڑکیں نہیں ہیں اس لئے سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

(ج و د) سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

QUESTION OF PRIVILEGE

Wrong information supplied in connection with an adjournment motion regarding a patient of Lady Aitchison Hospital Lahore

Mr. Speaker: Amir Habib Ullah Khan Saadi wants to raise a question of privilege. He may please ask for leave to raise it.

Amir Habib Ullah Khan Saadi : Sir, I ask for leave to raise a question of privilege, namely, the Privilege of a Member and of this House have been denied by the Health Minister and the Railway Minister while supplying wrong information to this House which was based upon the information supplied by the Lady Medical Superintendent and her staff in the Lady Aitchison Hospital Lahore in reply to an ADJOURNMENT MOTION moved by me and also tabled by Mr. Munawar Khan Sahib, M. P. A. on 26.3.1963 which are as under :—

(1) that the lady patient was discharged from the Hospital on 20.3.63 as her condition was well and her treatment was over.

(2) that this case was not of 'MISCARRIAGE'. These replies made by the Minister are quite incorrect as will be evident from the accompanying documents (1) a copy of the original case dated 20.3.1963 and (2) a copy of reply to the Requisition made for blood required for the treatment of the lady patient, requisitioned by the Lady Medical Superintendent herself.

The lady patient was however removed to a Private M.B.B.S. doctor who treated her on the same day *i. e.* 21.3.1963 and on the advice of the privite doctor she was removed to the Convalescent Nursing Home Lahore on 25.3. 1963 where also the lady patient was admitted on the same day *i.e.* 25.3.1963. Later the Convalescent Nursing Home also referred the case to the Lady Willingdon Hospital. The Lady Willigdon Hospital Authorities immediately admitted the lady patient on the same day *i. e.* 28.3.1963 when she had got temperature and was also bleeding being a case of Anti-Partum Haemmorrage. At the very moment the Lady Willingdon Hospital authorities (Lady House Surgeon) gave immediate Blood Requisition addressed to the Red Cross Blood Donor; and the Red Cross arranged the blood by the same evening and she continued to stay there upto 4.3.1963 in the Emergency Ward. Inspite of best treatment in this Hospital the case had become so worse that the lady patient gave premature delivery to a baby son who also died on 3 4.1963 at mid-night. The worsening of the condition of the patient, the premature delivery amounting to abortion and the death of the baby was solely due to the negligence and indifference of the Lady Medical Superintendent of the Lady Aitchison Hospital Lahore and its incharge supplying medicines to the patient. The abrupt discarge of the lady patient on 20.3.1963, virtually turning her out and denying her treatment by the Lady Medical Superintendent in her serious condition is proved above. If an Independent enquiry is made (after the suspension of the Lady Medical Superintendent and the staff concerned with the treatment and administering of medicines or their transfer outside Lahore City and Lahore District) by a Committee of three M. P. As. of this House including Dr. Ashraf Abbasi, M. P. A., it will be observed that not only this patient but many others have suffered at their hands.

As the information supplied by the Ministers is incorrect as stated above and the statement made in my adjournment motion regarding Government is proved to be correct and the lady patient continues to be in a serious condition, I, therefore, appeal to the House on both sides to pass this Privilege Motion unanimously and take an appropriate decision in the matter.

Mr. Speaker : Does the Railway Minister want to verify the facts, because his speech has been referred to ? I think it would be better if he looks into his speeches.

Minister of Railways : Question of verifying does not arise.

A Member : The Health Minister should speak first.

Minister of Railways : If the question of facts will come, then the Minister for Health will speak.

Mr. Speaker : If the Ministers want to verify their speeches, then I may defer it.

Minister of Railways : I have verified my speeches.

Mr. Speaker : Has Mr. Sanjrani also verified ?

Minister of Railways: Sir, we might ask ourselves for deferring, if situation arises. But I want to draw your attention to one very basic fact because if this fact is not decided, then this whole House will be in trouble, you will be in trouble, and everyday a privilege motion will come-one ruling is to be given by you. That if a statement is made in the House by a Member or by a Minister, and somebody comes and says that the statement made by the Minister was incorrect, then Sir, in that case would you permit dicussion even on the question of admissibility though there is no documentary or any irrefutable proof to rebut it.

There have been two motions. They do not even use parliamentary language. They could have more easily said that the statement is not right or is doubtful, but they make very definite allegations that the statement of the Minister is incorrect and on what basis? When we have made a statement on the basis of an enquiry from the department, it is but natural that if they want to repudiate it, they must produce counter-documents on that particular point, on what basis that statement is wrong.

Mr. Speaker: Produce documents.

Minister of Railways: I am talking of particular document, I am not talking of documents. They have produced my speech, they have produced a certificate that blood could be given. There is no certificate stating that the fact of her discharge on a particular date was uncalled for or arbitrary. The point he has raised is this that on a particular date, a patient was discharged according to the discretion of a doctor, who thought that the bleeding had stopped and it was no longer a serious case.

Mr. Speaker: Let me clarify the point. I am going to point out to the Minister if he wants to listen because this is very relevant The relevant point is that what he has alleged, as I could guess from it, is that it was denied by this side that it was a case of miscarriage and what he has attempted to show is that the certificate of the lady doctor has shown it as a case of miscarriage.

Minister of Railways: If you suggest I have no objection. It may be taken up on Tuesday.

Mr. Speaker: I say that the Minister may verify the facts. I think this is the basic fact in Mr. Saadi's Privilege Motion that there was a statement that it was not a case of miscarriage and the certificate he has attached shows that it is a case of miscarriage.

امیر حبیب اللہ خاں سعدی—جناب صدر - میں نے اپنی پرولیج موشن کی وضاحت کے لئے دو حوالے دئے ہیں -

Mr. Speaker: Has the member got a copy of the certificate ?

Minister of Railways: I have got a copy of the certificate, but it is not stated that it was a case of bleeding. The bleeding had stopped.

Mr. Speaker : This is why this is very important because it can only be verified from the Minister's speech and Mr. Sanjrani's speech.

Minister of Railways : Since you consider it advisable to go into facts...

Mr. Speaker : But this fact has to be verified. Not merits but this particular fact whether it has been said or not.

بیگم جہاں آرا شاھنواز۔صدرمحترم۔ ایک ضمنی سوال کے جواب میں گورنمنٹ کی طرف سے یہ کہا گیا تھا کہ یہ serious case نہیں۔ bleeding stop ہو گئی ہے اور اس لئے اس مریضہ کو discharge کیا گیا تھا ۔ اس کے بعد آپ دیکھ لیجئے کہ کیا ہوا ۔ اب انہوں نے دیکھ لیا ہے کہ خون کی ضرورت فی الفوری ہے ۔

Mr Speaker : They may give a fully prepared reply.

بیگم جہاں آرا شاھنواز انہوں نے یہ کہا تھا کہ اسے reserve میں رکھا گیا ۔

مسٹر سپیکر—بیگم صاحبہ یہی تو میں کہہ رہا ہوں ۔

بیگم جہاں آرا شاھنواز—آج تک یہ نہیں سنا گیا کہ ہم سوال پوچھیں اور ہم ہی اس کو defend کریں ۔ documents تو ان کو produce کرنے ہیں نہ کہ ہم کو ۔

Mr. Speaker : So it is postponed to Tuesday.

Begum Jehan Ara Shah Nawaz : Please teach him parliamentary procedure.

امیر حبیب اللہ خاں سعدی جناب صدر۔ میں نے یہ privilege motion دو وجوہ کی بنا پر پیش کی ہے ۔

Mr. Speaker : Let them verify. It is also in the interest of the member that he should have full facts and have full discussion and have my ruling because this is very important. I will like to give a ruling on this, but before that ruling I would like to be sure that I do not give a ruling on an infructuous point. Suppose if Mr. Sanjrani has not used the wor "miscarriage" and has not denied, then the point becomes infructuous.

امیر حبیب اللہ خان سعدی—جناب والا ۔ میں صرف اتنی گذارش کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ ۔

مسٹر سپیکر جی ہاں ۔ وہ اس وقت کر لیجئے گا ۔

That is why I said that; just not to waste the precious time of this House.

امیر حبیب اللہ خان سعدی—میں صرف یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ اس روز کر لیجئے گا ۔ اب تو مولانا غلام غوث صاحب کی تحریک التوا پیش ہونی ہے ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ میں بحث نہیں کرنا چاہتا ہوں ۔ لیکن

Mr. Speaker : I have deferred it till Tuesday.

راؤ خورشید علی خاں—جناب والا ۔ ہم آج بحث نہیں کرنا چاہتے ۔ لیکن اگر منگل کو یہ بات ان کے نوٹس میں لائیں ۔ تو پھر کہیں وہ یہ نہ کہیں کہ fresh notice دیں ۔

Mr. Speaker : I am not going to allow further time.

Mian Muhammad Akbar : Point of order :

جناب والا ۔ چونکہ privilege motion کے سلسلے میں وزرا صاحبان کی تقریریں بہت اہمیت رکھتی ہیں ۔ اس لئے میں گذارش کرونگا ۔ کہ میں نے بھی ایک privilege motion دیا ہے ۔ تو اس لئے میں گذارش کرونگا ۔ کہ جناب وزیر صاحب کی تقریر کی ایک authentic کاپی مجھے دلائی جائے ۔

Mr. Speaker : This is no point of order.

میاں محمد اکبر—ویسے کاپی تو دلا دی جائے ۔ کہیں وہ غلط کاپی نہ پیش کر دیں ۔

Mr. Speaker : It is an authentic record.

Minister of Railways : This is not a transport company.

خواجہ محمد صفدر—جب وزراء صاحبان روز ہی غلط جواب دیتے ہیں ۔ تو کیا عجب ہے ۔ کہ وہ تقریر کی کاپی بھی غلط دے دیں ۔

وزیر ریلوے—جناب والا ۔ لیڈر آف دی آپوزیشن تو پرانے ممبر ہیں ۔ لیکن وہ اتنا نہیں جانتے کہ جب کوئی سخت الفاظ استعمال کرتے ہیں ۔ تو وہ واک آؤٹ کر جاتے ہیں ۔ اور خود اسی پر عمل کرتے ہیں ۔ یعنی جو اپنے اوپر پسند نہیں کرتے وہ دوسروں پر پسند کرتے ہیں ۔ ,,غلط'' کا لفظ غیر پارلیمانی ہے ۔ آپ یہ کہہ سکتے ہیں ۔ کہ صحیح جواب نہیں دیا ۔ لیکن آپ کو یہ نہیں معلوم کہ پارلیمانی اور غیر پارلیمانی الفاظ میں کیا فرق ہوتا ہے ۔ یہ کہنا کہ غلط جواب دیا ہے۔ "the word "ghalat is wrong. He should with draw it.

لیکن ہم واک آؤٹ نہیں کریں گے ۔

خواجہ محمد صفدر—سرٹیفکیٹ آپ کو اپنی پارٹی ہر روز دیتی ہے ۔

ADJOURNMENT MOTIONS

Sectarian Clash at Okara

مسٹر سپیکر—اب تحریکات التوا کے متعلق کارروائی ہوگی ۔

مولانا غلام غوث یہ تحریک پیش کرنے کی اجازت چاہتے ہیں کہ اہمیت عامہ کے ایک واضح اور فوری معاملہ کو زیر بحث لانے کے لئے ایوان کی کارروائی ملتوی کی جائے یعنی کہ ۴ اپریل ۱۹۶۳ء کو اوکاڑہ میں مسلمانوں کے دو فرقوں میں خونریز تصادم ہوا جس میں تین مسلمان قتل ہو گئے اور تین شدید زخمی ہوئے ۔ جیسا کہ آج کے اخبارات میں ہے اس قتل و خون کی محرک مقامی پولیس ہے جس کی غلط مداخلت اور پارٹی بازی سے یہ فساد ہوا ۔

وزیر ریلوے (مسٹر عبدالوحید خاں)—جناب والا ۔ یہ بڑا افسوس ناک معاملہ ہے ۔ دراصل چاہیے تو یہ تھا کہ بجائے اس کے کہ مولانا صاحب تحریک التوا پیش کرتے ۔ اس سلسلے میں وہ ایوان سے باہر بھی کچھ اقدامات کرتے اور اس سلسلے میں ان کے دوسرے جو علمائے کرام ہیں ان کا بھی یہی فرض تھا۔ جن کی ہمارے دل میں بڑی توقیر ہے ۔ بڑی عزت ہے ۔ بار بار حکومت کی طرف سے توجہ دلائی جا رہی ہے ۔ کہ اس قسم کے فروعی معاملات میں خدا کے لئے آپس میں نہ لڑیں ۔ آپ نے جس اخبار میں یہ رپورٹ دیکھی ہے ۔ اس میں یہ بھی دیکھا ہوگا کہ جناب والا ۔ یہ واقعہ ایک معمولی سی بات پر ہوا ۔ اور مسجد کے نمازیوں پر حملہ ہوا ۔ ایک محلے میں جو مسجد ہے ۔ وہ دیو بندی مسجد ہے ۔ اور اس کا امام دیو بندی ہے ۔ لیکن محلے کے لوگ بریلوی ہیں ۔ ان کا تقاضا یہ تھا کہ امام ہمارے بریلویوں کا ہوگا ۔ اس بات پر ان کا جھگڑا ہوا ہے ۔ مولانا صاحب آپ اخبار میں پڑھیں ۔ کہ حکومت نے کوتاہی نہیں کی ۔ حکومت نے دونوں فرقوں کو ''قلندرے'' کا لفظ آپ جانتے ہیں ۔ technical term ہوتی ہے ۔ نمبر ۱۰۷ کی کارروائی کرنے سے پہلے دونوں پارٹیوں سے معاہدہ کرایا جاتا ہے ۔ ان سے کچھ نہ کچھ assurance لی جاتی ہے ۔ یقین دہانی لی جاتی ہے ۔ دونوں فریقوں میں ''مچلکے'' لینے سے پہلے یہ کارروائی ہوتی ہے ۔ جسے ''قلندرے'' کہتے ہیں ۔ ایک فارم ہے preliminary to the proceedings of section 107 تو اس میں دونوں پارٹیوں سے ''قلندرے'' لئے ۔ دونوں پارٹیوں میں سمجھوتا ہو گیا ۔ یہ اخبار کی رپورٹ میں درج ہے ۔ اخبار کی رپورٹ بھی پڑھئے ۔ اور .....

میاں محمد اکبر ۔ وہاں آپ نے F. C. R. کیوں نہ لگایا ۔ وہ ''قلندروں'' سے بہتر ہوتا ۔

وزیر ریلوے ۔ جب F. C. R. لگائینگے ۔ تو آپ کو tribunal کا نمائیندہ بنا دینگے ۔

جناب والا ۔ اخبار کی جس رپورٹ پر تحریک ہوئی ۔ اس اخبار کے اندر یہ جملہ بھی ہے ۔ کہ خطرہ تھا ۔ کہ یہ تنازعہ

کہیں نازک صورت نہ اختیار کر جائے ۔ جس کی پہلے سے اطلاع نہیں تھی ۔ چنانچہ حکومت نے مداخلت کر کے حالات پر قابو پا لیا ۔ اور گو کہ اب فریقین میں بظاہر مصالحت ہو گئی تھی ۔ لیکن مخالفت اور فرقہ وارانہ تعصب کی آگ اندر ہی اندر سلگتی رہی جو رات ساڑھے آٹھ بجے اچانک نماز عشاء کے وقت جس وقت وہ واقعہ ہوا ہے ۔ وہ anticipate نہیں ہو سکتا تھا ۔ اور نہ پولیس کو اطلاع تھی ۔ کہ کوئی مسلمان ایسے بھی ہو سکتے ہیں ۔ کہ نماز پڑھتے ہوئے مسلمانوں پر حملہ کر دیں ۔ میں مولانا صاحب سے عرض کرونگا ۔ کہ جہاں تک حکومت کی ذمہ داری کا تعلق ہے ۔ اس نے کوتاہی نہیں کی ۔ جھگڑا ہونے سے پہلے حکومت نے اقدامات کئے ۔ جو ان کو قانون کے اند اقدامات کرنے کا حق تھا ۔ لیکن ان ذرا سے فروعی معاملات ۔ تنازعہ اتنا بڑھ گیا ۔ کہ جس کی طرف توجہ آپ جیسے مقتدر حضرات پھر اور اس ایوان سے باہر ایسی فضا پیدا کریں ۔ کہ مسلمان ذرا ذرا سے فروعی اور جزوی معاملات پر نہ لڑا کریں ۔ آج تو تین موتیں ہوئی ہیں ۔ آپ کے سامنے تو تاریخ ہے ۔ کہ ہماری سلطنتیں اور حکومتیں ان جزوی، فروعی اور فقہی مسائل پر تباہ ہو چکی ہیں ۔ اور ایسے چھوٹے چھوٹے مسائل پر جو بنیادی ایمان کے مسائل نہیں ہیں ۔ آپ اگر وہ امام فرض کیجئے کہ دیو بندی تھا ۔ تو کیا غضب ہو گیا تھا ۔ اور وہ لوگ اس کے پیچھے نماز پڑھ لیتے ۔ نماز تو جائز ہے ۔ تو جناب والا ۔ میں وعظ نہیں کرنا چاہتا ہوں ۔ میں آپ کی توجہ اس طرف دلانا چاہتا ہوں ۔ کہ جہاں تک حکومت کا تعلق ہے ۔ وہ اپنے فرائض سے غافل نہیں رہی ۔ البتہ مولانا صاحب سے مجھے یہ شکایت ہے ۔ کہ وہ اپنے فرض سے غافل رہے ۔ اور انہوں نے جا کر اس عرصہ میں ان تنازعات کو دور کرنے کی کوشش نہیں کی ۔

اسلئے جناب والا ۔ میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ اس کو out of order قرار دیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ مولانا صاحب ۔ آپ بحث میں یہ بتائیں ۔ جو اصل بات ہے ۔ وہ یہ ہے کہ جس کے متعلق میں satisfy ہونا چاہتا

ہوں ۔ اس بات پر روشنی ڈالیں ۔ کہ دو فرقوں کے تصادم سے گورنمنٹ کی responsibility کس طرح اس میں involve ہوتی ہے ۔

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : Is it necessary that Government should be responsible before anything can be discussed ? This House can discuss anything that happens.

Mr. Speaker : When the members bring an Adjournment Motion that is to censure the Government.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : It is not necessary.

مولانا غلام غوث ۔ جناب سپیکر ۔ یہ صرف دو پارٹیوں کا فساد نہیں ہے ۔ اس میں گل شیر نامی A. S. I. اور خادم حسین حوالدار کا دخل ہے ۔ یہ فساد انہوں نے کرایا ہے ۔ یہ مسجد C. I. A. سٹاف کی دیوار کے ساتھ واقع ہے ۔ دیوار مشترک ہے جب یہ فساد ہوا تو پولیس سٹاف نے بتیاں گل کر دیں ۔ اور ایک طالبعلم جانے لگا تھا ۔ تو اسے کہا ۔ کہ قبضہ کر کے کیوں نہیں جاتے ۔ یہ ان کی شہ پر ہوا ہے ۔ ایک بار درمیان میں اس خادم حسین حوالدار نے اور گل شیر A. S. I. نے مسجد کر قفل لگایا ۔ اور چابیاں دوسرے فریق کو دے دیں ۔ جس کے بعد D. S. P. نے آکر اسکی جواب طلبی بھی کی تھی ۔ کہ تم نے چابیاں اس فرقے کو دے کر یہ ثابت کیا ہے ۔ کہ تم جانبداری اور پارٹی بندی کر رہے ہو ۔ باقاعدہ اس میں پولیس نے بد انتظامی کی پولیس کے بعض افسران کا رویہ اچھا رہا ۔ اور اچھا ہے ۔ لیکن گل شیر A. S. I. اور خادم حسین حوالدار اس فساد کے ذمہ دار ہیں ۔ انہوں نے باقاعدہ اکسایا ۔ ۵۵ء سے جو طریق کار چلا آ رہا تھا ۔ اس کے خلاف ایک فرقے کو اکسا کر انہوں نے دو جماعتیں شروع کرائی ہیں ۔ اور فساد کی ذمہ داری ساری ان پر ہے ۔ اور میں کہتا ہوں ۔ کہ حکومت کا عام طور پر رویہ ۔ مغربی پاکستان کی انتظامیہ کا رویہ خراب ہے ۔ سارے فساد کی ذمہ داری حکومت پر ہے ۔ ایک جگہ ہر ایک مسجد پر کئی فرقے کا قبضہ ہے ۔ اگر کوئی دوسرا فرقہ اس پر حملہ کرتا ہے ۔ تو اس کو پولیس ہدایت کر سکتی ہے ۔ کہ تمہارے لئے دیوانی عدالت کے دروازے کھلے ہیں ۔ تم اپنے حقوق ثابت کراؤ ۔ پھر یہاں آؤ ۔ ورنہ ان کا

چالان کیا جا سکتا ہے ۔ ضمانت کا پابند کیا جا سکتا ہے ۔ دو مہینے سے یہ کیس چل رہا ہے ۔ اور پولیس پابند ضمانت نہیں کرتی بلکہ قفل لگا کر ایک فرقے کو چابیاں دے دیتے ہیں ۔ کہ کشتی ہو جماعت پر ۔

آپ اس کی تحقیقات کریں گے ۔ تو واقعات آپ کو معلوم ہو جائینگے ۔ در اصل ایسے فساد پولیس کراتی ہے مختلف جگہوں میں اس جگہ پر D. S. P., S P. اور تھانیدار کا رویہ قابل تعریف ہے وہاں میں یہ کہونگا ۔ کہ ساری ذمہ داری گل شیر A. S. I. اور خادم حسین حوالدار پر ہے میں وہاں دو چار دن پہلے گیا تھا میں نے وہاں کے حالات کا جائزہ لیا ۔ ڈپٹی کمشنر نے وہاں فضا ہموار کرنے کی کوشش کی اور یہ جو وزیر صاحب فرما رہے ہیں کہ صلح ہو کر.....

مسٹر سپیکر—آپ جو کچھ فرما رہے ہیں وہ adjournment motion میں تو آپ نے کچھ لکھا نہیں ۔ اس میں تو آپ نے صرف یہ لکھا ہے کہ دو پارٹیوں کے درمیان تصادم ہوا ۔

مولانا غلام غوث—جناب میں نے اس میں لکھا ہے کہ یہ فساد بعض پولیس کے افسروں کی غلط کاری کا نتیجہ ہے ۔

Mr. Speaker : It has not been stated where the Government failed to do anything which was necessary. A mere occurrence of riot does not make a subject for an adjournment motion. This motion is, therefore, ruled out of order.

Mr. Muhammad Akbar : On a point of order.

adjournment motion لانے کے سلسلے میں ہمیں یہ بتلا دیا جائے کہ ہم کس طرح گورنمنٹ کو involve کریں ۔

وزیر ریلوے—کیا ہم نمونے کے طور پر انہیں ایک ڈرافٹ بھیج دیں ؟

مولانا غلام غوث—جناب میں نے اپنی تجویز میں یہ لکھ دیا ہے کہ اس فساد کی ذمہ داری پولیس پر ہے ۔

مسٹر سپیکر وہ ٹھیک ہے لیکن اب آپ بیٹھ جائیے ۔

مولانا غلام غوث—لیکن میں آپ کی یہ نصیحت کیسے مانوں ؟

میاں محمد اکبر—جناب والا ۔ جو adjournment motion پیش کیا جاتا ہے وہ آپ کے معیار کے مطابق نہیں ہوتا ۔ کیا ہمیں نمونے کے طور پر کوئی ڈرافٹ آپ دے سکتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر - آپ دیکھ سکتے ہیں کہ ۵۰ فیصدی adjournment motion admit ہوئے ہیں اپوزیشن کی طرف سے بھی admit adjournment motion ہوئے ہیں مولانا غلام غوث کا بھی admit adjournment motion ہوا ہے۔ لیکن اگر آپ لوگوں کو parliamentarian بننا ہے تو adjournment motion کے قواعد کو پورا کرنا ہوگا ۔

مولانا غلام غوث - جناب میرا موشن آپ پڑھئے میں نے اس میں لکھا ہے ۔

مسٹر سپیکر—آپ نے جو کچھ لکھا ہے اس سے گورنمنٹ براہ راست involve نہیں ہوتی ہے اسلئے adjournment motion نہیں آ سکتا ۔

راؤ خورشید علی خاں اگر گورنمنٹ involve نہیں ہوتی تو آپ رول quote کریں جس سے گورنمنٹ involve ہو ۔

مسٹر سپیکر—راؤ صاحب آپ تو سمجھدار آدمی ہیں آپ اس طوالت میں نہ پڑھئیے adjournment motion ہمیشہ urgency اور پبلک importance پر admit ہوتا ہے ۔

مسٹر حمزہ—پوائنٹ آف آرڈر جناب والا ۔ آپ نے فرمایا ہے کہ پچھلے سیشن میں ۵۰ فیصدی admit adjournment motion ہوئے تھے ۔ کیا موجودہ سیشن کی آب و ہوا adjournment motion کو نظر انداز کر رہی ہے ۔

مسٹر سپیکر—adjournment motion کا کسی آب و ہوا سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔ جو موشن قانون کے اعتبار سے ٹھیک ہوتا ہے ۔ وہ admit ہو جاتا ہے ۔

Financial Hardships & Economic imbalance of Peasants & Labourers.

Mr. Speaker : Amir Habib Ullah Khan Saadi wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the utter failure of Government to adopt a realistic policy towards lakhs of peasants and labourers of the province who are beset with manifold financial hardships and economical imbalance on account of the inefficiency and in-effectiveness of the Provincial Administration resulting in mounting discontentment among them.

وزیر ریلوے (مسٹر عبدالوحید خاں) جناب کسان اور مزدوروں کا جہاں تک تعلق ہے اس سے میں آپ سے متفق ہوں لیکن سوال یہ ہے کہ یہ اقتصادی مشکلات کل سے شروع ہوئیں ہیں یعنی ''کل'' آیا اور مشکل پیدا ہوگی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ بات کوئی weight نہیں رکھتی ہے ۔

A countinuing grievance cannot form the subject matter of an adjournment motion. Morever, it is not specific.

امیر حبیب اللہ خان سعدی۔ جناب ''کل'' سے نہیں شروع ہوئی ہے یہ کل تک تھی اور آج بھی ہے اور یہ صورت حال مسلسل جاری ہے ۔ اور اس کی تازہ ترین مثال میں یہ بتاتا ہوں کہ کسانوں کا وفد یہاں مختلف حصوں سے آیا تھا اور اس نے اپنی وہ مشکلات وزیر صاحب کے گوش گذارکیں جو گذشتہ ایک سال سے اس ہاؤس کے سامنے مختلف موقعوں پر آتی رہی ہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان میں کتنی بیچینی ہے لیکن آپ ان کا خیال نہیں کرتے اور کل کے اخباروں میں یہ تھا کہ مختلف جگہوں سے مزدور ہڑتال کریں گے اور انہوں نے قرار دادیں پاس کیں اور نوٹس دئے ہیں اور تازہ ترین یہ ہے کہ ۔

''تربیلا سد ہنائی لنک پر کام کرنے والے مزدور ۱۷ اپریل سے ہڑتال کریں گے مزدوروں کی یونین کے جنرل سیکرٹری نے اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ تربیلا سد ہنائی لنک کینال کے ٹھیکیداروں میسرز قیصر انجینئرز نے مزدوروں کے ساتھ جو معاہدہ کیا تھا اس کی خلاف ورزی کی ہے انہوں نے اخبار نویسوں کو بتایا ہے کہ میسرز قیصر انجینئرز نے اظہار وجوہ کا نوٹس دئے بغیر ۹۰ کارکنوں کو ان کی ملازمت سے الگ کر دیا ہے ۔ حالانکہ ٹھیکیداروں اور کارکنوں کے درمیان سمجھوتے کے مطابق اظہار وجوہ کا نوٹس دئے بغیر کسی مزدور کو الگ نہیں کیا جا سکتا علاوہ ازیں انتظامیہ نے مزدوروں کے ساتھ یہ وعدہ بھی کیا تھا

کہ ہر تہوار کے موقعہ پر ان کو پوری تنخواہ ادا کر دی جائیگی لیکن ایسا نہیں کیا گیا انہوں نے کہا کہ جب تک مطالبات پورے نہیں کئے جائینگے ہڑتال جاری رکھی جائیگی"

Mr. Speaker : The motion is general in character and not specific and is, therefore, ruled out of order.

News item regarding Pakistan's annual liability of Rs. 82 crores.

Mr Speaker : Next adjournment motion is also from Amir Habib Ullah Khan Saadi who wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, a news item appearing in newspapers of April 4, 196' regarding the so called foreign aid to pakistan relating to 1965 revealing Pakistan's annual liability of Rs. 82 corers which has caused wide-spread resentment in the public because it has exposed Pakistan to the danger of falling a prey to foreign slavery and economic jeopardy, and consistent concealment of the news of this heavy debt by the Government has damaged public confidence in Government thereby rendering the future of the nation extremely precarious.

Mr. Speaker : The matter relates to a Central subject and therefore the motion is ruled out of order.

Increase in the import of wine

Mr. Speaker : There is another adjournment Motion by Amir Habib Ullah Khan Saadi who wants to ask for leave to make a Motion for the adjournment of the Business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the general discontentment among the masses over news item published in newspapers dated the 4th April that there has been an eighteen fold increase in the import of wine which is not only a negation of the ideal on which Pakistan is based but has also undermined the confidence of the people in the Government to its unislamic policy of encouraging drinking in the country.

وزیر ریلوے (مسٹر عبدالوحید خان)—میرے خیال میں یہ چیز بھی اس بحث کی محتاج نہیں کہ جو اخبارات کی خبریں بیان کی گئیں غالباً یہ چیز اس سوال سے متعلق ہے جس کا جواب ایوان میں دیا جا چکا ہے ۔ جب سوال پوچھا جا چکا ہے تو جواب دیا جا چکا ہے ۔

Mr. Speaker : Has it been discussed. Is it so ?

Minister of Railways : Yes Sir.

اس مسئلے پر سوال پوچھا جا چکا ہے اور اسکا جواب دیا جا چکا ہے تو اب یہاں تحریک التوا کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اس سوال کے جواب کی بنیاد پر ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی—آپ ان کو کہہ دیں پھر میں عرض کرونگا ۔

وزیر ریلوے—جناب رندے خانہ کو بھی سنئے ۔ میں تو شراب پیتا نہیں اور نہ ہم شراب کی درآمد کو پسند کرتے ہیں ۔ اس معاملہ میں راؤ خورشید علی خان ایک قدم آگے بڑھنے کو تیار ہیں.....شور

مسٹر حمزہ—آپ کاروبار اس کا کراتے ہیں ۔

وزیر ریلوے—ہم تو سگرٹ بھی نہیں پیتے راؤ خورشید علی سگرٹ پی لیتے ہیں ۔ دوسرے یہ کہ اگر کسی جنرل بحث کا مسئلہ ہوتا تو ضمنی بجٹ میں اس بحث کو اٹھایا جانا چاہئے تھا اگر آپ یہ بتا دیں کہ کوئی نئی development ہو رہی ہے تو ہم وہ عرض کر دیں ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد—پوائنٹ آف آرڈر جناب والا ۔ ایک واقعہ بتانا چاہتا ہوں کہ میں نے ایک short notice quesiton دیا تھا ۔ لا منسٹر اس وقت شیخ خورشید احمد تھے انہوں نے جواب دیا اس پر میں نے adjournment motion جناب کو دیا تھا اور آپ نے اس کو admit کیا تھا ۔

Mr. Speaker : This is no point of order.

علامہ رحمت اللہ ارشد—وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ سوال آیا اور اس کا جواب دیا گیا اس پر بحث ہو گئی تو اس جواب سے جو صورت حال پیدا ہوئی اس سے یہ تحریک التوا آئی ہے ۔

This is a precedent of the House.

Mr. Speaker : The member may say that he is discussing the question of admissibility. But this is not a point of order.

امیر حبیب اللہ خان سعدی—جناب اجازت کے متعلق گذارش کرونگا کہ ملی لیکن وزیر صاحب کا اس سوال کا حوالہ دینا بے ضرورت ہے کیونکہ یہ خبریں جو ہیں یہ ساری جواب کے بعد آئی ہیں اور یہ تازہ ترین واقعہ ہے اور اس سے بھی اہم چیز یہ کہ یہ حالات اس کے بعد پیدا ہوئے کیونکہ اخبارات

میں یہ چیزیں کل اور پرسوں دو تین دن سے مسلسل آ رہی ہیں اس لئے خاص طور پر وہ قابل توجہ ہیں ۔ یہ واقعہ بیرونی سفارت خانوں کے مسئلہ سے تعلق رکھتا ہے جہاں شراب کی زیادہ کھپت ہے ۔

وزیر ریلوے—یہ بھی غور کر لیں کہ جب میں جواب دے رہا تھا تو میں نے عرض کیا تھا کہ یہ central subject ہے ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی—central subject کا ذکر نہیں یہ آپ کی jurisdiction میں ہو رہا ہے ۔

وزیر ریلوے —یہ central subject ہے ہمارا subject نہیں ہے ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی—یہ آپ کی حدود اختیار کے اندر ہو رہا ہے ہمیں اس کی consumption سے بحث ہے آپ کے حلقے میں شراب کا استعمال بڑھ رہا ہے اور محفلوں میں بھی بڑھ رہا ہے ۔

Minister of Railways : The word used is 'import ?

Minister of Finance : (Sheikh Masood Sadiq) I may add something for the information of my friend.

آپ نے خود ایوان کی کمیٹی مقرر کی ہوئی ہے جس کی بہت سی meetings ہو چکی ہیں اور جو رپورٹ ہاؤس کے سامنے پیش کرنی ہے اور جو council of islamic idealogy سنٹرل گورنمنٹ کی ہے اس کو بار بار ہم لکھ چکے ہیں بعض باتوں کے متعلق لیکن وہ جواب نہیں دے رہے ۔ کیونکہ یہ صرف شراب کا مسئلہ نہیں ہے اس میں وہ ادویات شامل ہیں جن میں سپرٹ پڑتی ہے اس بارے میں بھی ہم نے پوچھنا ہے کہ یہ شرعاً حلال ہے یا حرام ۔ جب تک وہ ہمیں جواب نہ دیں گے تب تک ہم کوئی قدم نہیں اٹھا سکتے میں نے کب کہا ہے کہ وہ حلال ہے یا حرام ہے میں کہتا ہوں کہ ایک ایکٹ جب آپ بنائیں گے یا ریگولیشن بنائیں گے تو اس کی روشنی میں غور ہوگا کہ اس میں سپرٹ کا استعمال ہونا چاہئے اور دوائیوں میں بھی شراب پڑتی ہے ۔ تو میری عرض یہ تھی کہ مولانا صاحب جب کہتے ہیں کہ شراب حرام ہے میں مانتا ہوں کہ حرام ہے اگر قرآن

شریف نے منع کیا ہے اور اگر پھر بھی پیتے ہیں تو خود قانون پر عمل درآمد نہیں کرتے میں بالکل قانون لانے کے لئے تیار ہوں کہ اسے بالکل حرام قرار دیا جائے۔

مسٹر حمزہ—پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب میں مسعود صادق صاحب سے ایک چیز دریافت کرتا ہوں کہ آپ نے council of islamic idealogy کو کیوں refer نہیں کیا ؟

Mr. Speaker : I want one thing to be clarified. Tell me which rule has been infringed.

Mr. Hamza : Article 6 of the Constitution.

Mr. Speaker : What is the member's point of order with reference to the proceedings ?

مسٹر حمزہ— کیا یہ قانون اسلامی قانون کے خلاف نہیں بنیگا ؟

Mr. Speaker : This is no point of order

مسٹر حمزہ—ایوان کا انتہائی قیمتی وقت جو ہے ضائع ہو گیا ہے اس کی consumption کے بارے میں پوچھا ہے یہ آپ سے پوچھا ہے کہ شراب کا کاروبار جائز ہے یا ناجائز۔

مسٹر سپیکر—سعدی صاحب یہ بتائیے کہ.....

How does the Member say that the responsibility of the Provincial Government is involved if there has been an increase in the import of wine.

امیر حبیب اللہ خان سعدی - جناب صدر۔ یہاں امپورٹ پالیسی زیر بحث ہے۔ یہ صوبائی حکومت کے مشورے سے طے ہوتی ہے۔ سنٹرل گورنمنٹ نے نہیں کہا کہ اس کو بند کر دو۔ ٹیکس یہ لیتے ہیں اس کی آمدنی یہ کھاتے ہیں۔

Mr Speaker: The matter of import relates to the Central Government. Therefore, the motion is ruled out of order.

BILLS

The West Pakistan Criminal Law Amendment Bill 1963.

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on the motion that the West Pakistan criminal Law Amendment Bill 1963 be taken into consideration at once. Khawaja Muhammad Safdear may please resume his speech,

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱)—جناب والا - کل میں اس معزز ایوان کے سامنے یہ گذارش کر رہا تھا کہ یہ مسودہ قانون جو کہ اس ایوان کے سامنے پیش کیا گیا ہے یہ قانون سازی کے بنیادی اصولوں کے منافی ہے اور اس لئے اس معزز ایوان کو سب سے پہلے اس امر پر غور کرنا ہوگا اور اس پر یہ فیصلہ صادر کرنا ہوگا کہ یہ قانون سازی کے بنیادی اصولوں کے مطابق ہے یا اس کے خلاف ہے - جو قواعد اس کے متعلق مرتب ہیں ان کے مطابق جب یہ معزز ایوان یہ فیصلہ فرمائے گا کہ یہ قانون سازی بنیادی اصولوں کے خلاف ہے پھر اس کو کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی کے سپرد کر دیا جائیگا تاکہ وہ ہم کو اس پر مشورہ دیں -

میر محمد مراد خان جمالی—میرا مطلب اس معاملے کو پیش کرنے سے یہ تھا کہ خدارا ایسے کام اس ملک میں نہ کریں میں درخواست کرتا ہوں کہ وہ افسروں کو - - - -

Mr. Speaker: This is not the Parliamentary way. I am afraid I am not going to allow.

میر محمد مراد خان جمالی—میری بات تو سن لیجئے - ملک قادر بخش بھی یہی عمل کرتے ہیں -

مسٹر سپیکر—وہ کیا کریں اور کیا نہ کریں یہ آپ پرائیویٹ طور پر ان سے بات کر لیں -

امیر حبیب اللہ خان سعدی—اس کو اس رنگ میں دیکھئے کہ اس ملک کو کیا بنایا جا رہا ہے مسٹر سپیکر - اس کی اہمیت سے کوئی شخص انکار نہیں کرتا ہے -

میر محمد مراد خان جمالی—صرف دو منٹ دیجئے -

Mr. Speaker: I have to respect the law and the rules. The ruling has been given. I am not going to allow any further discussion. The member must respect the rules. Mr. Jamali, should please resume his seat.

Minister for Revenue: Sir, we are here since the 8th of March and to-date it has been full one month. But our progress (I do not blame any particular person or party) on legislation is not what it should have been. The world knows and the nation knows.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi: You withdraw this Bill and we shall pass all the laws. (Interruptions).

Minister for Revenue: There is a proposal signed by sixty four Members of this House that henceforth we should have two sittings daily to facilitate the disposal of work and save public money.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqui : I offer that if this Bill is withdrawn we shall pass all the remaining Bill within a week. (Hear, hear) Are they prepared to accept it ?

Minister of Railways : This is black-mail.

A Member : You are bringing a black-law.

Minister of Railways : We are not bringing any new Bill, you must know this. It was on the statute for the last 15 years.

Minister of Agriculture : Sir, I propose that we meet from four to seven with breaks for two prayers and at seven we finish.

Mr. Speaker : The proposal is that we should have, from today, evening sittings and we sit from four to seven with intervals for prayers.

Mr. Ali Gohar Khubro : There will be no quorum in the House you will see.

Begum Jehanara Shahnawaz : I would request the Members that in the interest of the country and the nation the discussion should not be curtailed. There has been a time when one Member has spoken for four hours. We are prepared to sit upto twelve o'clock at night. We must do our duty to the public and we must discuss every clause of this important Bill.

مسٹر افتخار احمد خان—جناب والا ۔ جناب پیر محمد خان صاحب کی اس تجویز سے عام حالات میں کوئی اختلاف نہ کرتا ۔ جس احساس فرض کا انہوں نے ذکر کیا ہے اس کی نسبت میرے یہ بتلانے کی ضرورت نہیں ہے کہ ہم میں سے ہر ایک جو یہاں آتا ہے وہ اپنی ذمہ داری سے پوری طرح واقف ہے ۔ اس سلسلے میں ہمارے خیالات بھی وہی ہیں جو ان کے ہیں ہم دس نہیں بیس گھنٹے کام کرنے کے لئے تیار ہیں لیکن سوال یہ ہے کہ کام کو عجلت سے کرنے کے لئے یہ احساس فرض کی آڑ کیوں لے رہے ہیں وہ پرافے اراکین اسمبلی جو اس ہاؤس میں موجود ہیں وہ جانتے ہیں کہ اسمبلی چار دن کام کرتی تھی یعنی سوموار ۔ پیر ۔ منگل اور بدھ ۔ جمعہ اور ہفتہ کو کام نہیں کیا کرتی تھی ۔ ہم اس کنونشن کے خلاف لگا تار چھ گھنٹے کام کر رہے ہیں ۔ آج کی ان کی تجویز میں سمجھتا ہوں کہ کسی اچھی نیت پر مشتمل نہیں ہے اس لئے کہ یہ ''کریمنل لا بل'' کو جلدی سے پاس کرانا چاہتے ہیں اور ہم یہ کبھی نہیں ہونے دیں گے میں صاف اعلان کرتا ہوں کہ جہاں تک

قومی مفاد اور معاملات کا تعلق ہے ہم دس نہیں پورے چوبیس گھنٹے بیٹھنے کو تیار ہیں لیکن اس کے یہ معنی نہیں کہ خامیوں سے بھرپور اس غلط قسم کے بل کو بلا سوچے سمجھے پنجاب ۔ سندھ اور بہاولپور اور مغربی پاکستان پر عاید کر دیں ۔ یہ بہت اہم قانون ہے اس کو بجائے عجلت کے بہت ہی سنجیدگی کے ساتھ آہستہ آہستہ طے کرنا چاہئے ۔

Mr. Speaker : They want to give more opportunities to the Members.

Minister for Revenue : Sir, I beg to move :

That the Assembly shall be having two sittings daily from today onwards.

Mr. Speaker : The question is :

That the Assembly shall be having two sittings daily from today onwards.

(The Motion was carried).

Mr. Speaker: Now from 4-00 p. m. we will be meeting in the evening to-day.

Voices : From 4-30 p. m.

Mr. Speaker : Alright, from 4-30 p. m.

BILLS

The West Pakistan Criminal Law Amendment Bill 1963 (*Resumption of discussion*)

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on the motion that the West Pakistan Criminal Law Amendment Bill 1963 be taken into consideration at once. Allama Rehmat Ullah Arshad may please resume his speech on his amendment that the Bill be circulated for the purpose of eliciting public opinion thereon.

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon (Hyderabad-I) : On a point of order Sir. My point of order is that the motion of Allama Sahib is not in conformity with rule 62 of the Rules of Procedure, and therefore, cannot be considered.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : It is too late now.

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon : Sir I read rule 62 (1) to make it intellegible.

Rule 62 deals with the discussion of principles of Bills. It says :—

> **(1) On the day on which any of the motions referred to in Rule 60 is made, or on any subsequent day to which the discussion thereof is postponed, the principles of the Bill and its general provisions may be discussed, but the details of the Bill shall not be discussed further than is necessary to explain its principle.**
>
> **(2) At this stage amendments to the Bill may not be moved, but :—**
>
> **(a) if the Member-in-charge moves that his Bill be taken into consideration, any Member may move as an amendment that the Bill be referred to a Select Committee or be circulated for the purpose of eliciting opinion thereon by a date to be specified in the motion."**

Sir I stop here. The motion of Allama Arshad does not specify the date by which the public opinion should be had and, therefore, it is hit by clause (2) of rule 62. Sir, I submit that the fixation of the date by which public opinion should be had is the sine qua non of this rule because if the date is not mentioned and if this Assembly passes this motion of Allama Arshad, the disposal of this bill will be held up indefinitely. Under these circumstances Sir I propose and move and crave your indulgence to give a ruling that this motion is not in conformity with rule 62 and should be thrown out. But before I resume my seat, I will make a sporting offer to the opposition side, and particularly the mover of this motion that if they are really sincere and they want this House to discuss this motion, then we will be prepared to support them if they brought a motion that this rule should be suspended so far as the motion of Allama Arshad is concerned.

Minister of Food & Agriculture : We are ready Sir to help to you

Mr. Speaker : This is a very important point.

Mr. Iftikhar Ahmad Khan : No Sir, he has mis-quoted the rule.

Mr. Speaker : Why are you hiding Mr. Kirmani ? You should come here and help us.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Don't provoke me today.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : Sir his point is not at all important. He is too late. Allama Arshad had already moved his amendment day before yesterday and had already spoken on it. Now the motion is already before the House and the House is in possession of the amendment.

Mr. Speaker : Now there is a legal and technical objection, the Member had raised the point the other day under rule 59, when the bill was already under consideration and I had upheld his point of order.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : You did not uphold my point of order on that ground. Because he moved an amendment, therefore, you accept ed it.

Mr. Speaker : No, the member's point of order was upheld.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : This is too late Sir because Allama Sahib has already moved his amendment.

Minister of Food & Agriculture : Sir, we are prepared to help them.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir I will be the last man to move for the suspension of the rules. There is another provision in the rules. Even if these amendments are ruled out of order, we can discuss the principles underlying this bill by opposing it.

Mr. Speaker : That is another point. That I will allow.

Khawaja Muhammad Safdar : I will take this opportunity of suggesting Sir that if your honour feels that these amendments are not within the ambit of the rules of procedure, then of course we should be allowed to oppose this bill on principles only.

Mr. Speaker : Yes. Is Allama Arshad prepared to move an amended motion. In place of suspending the rule, it should be a motion for amending this amendment.

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon : We oppose ; it is too late in the day. My submission is that as day before yesterday we were faced with a similar difficulty, we do realize that a genuine difficulty has come up now in the way of the Opposition. But we are not opposing it if they move that this rule be suspended.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : There is no difficulty. This amendment can be amended now.

Mr. Speaker There is another motion of Mr. Baluch on this point. He may move it.

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon : My submission is that all these motions suffer from this defect.

Mr. Speaker : I mean to say that if Mr. Baluch moves an amendment to his motion then what is the harm ?

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon : I agree that the Speaker has got vast powers to allow amendment of any amendment to be moved even at the last stage.

Mr Speaker : So in place of following a long procedure of suspension of rule, and then asking the Assembly, and all that, let Mr. Baluch move an amendment The Members on the other side are quite generous and they want to help them.

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon: We cannot commit out side as to what would be our attitude. At the present moment the Speaker is concerned with the point of order raised by me and we would very earnestly request him to give his ruling thereon. If there is a motion for leave for allowing an amendment of the amendment, it will be considered on its merits.

Mr. Speaker: I agree with Mr. Memon and his point of order is upheld and the amendment of Allama Arshad is ruled out of order. Now I will request Mr. Baqi Baluch to move his amendment and if he thinks that he should amend it, he may make an amendment.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan: Mr. Speaker, Sir. I rise on a Point of Order. Before you proceed to the business of the day Sir, I would refer you to Article 104 of the Constitution, which reads as under :—

> "(1) If a member of an Assembly is elected as President, or appointed as a Governor or Minister or to any other office of profit in the service of Pakistan, he shall cease to be a member of the Assembly on the day on which he enters upon his office.
>
> (2) If any question arises whether a member or an Assembly has, after his election become disqualified from being a member of the Assembly, the Speaker of the Assembly shall refer the question to the Chief Election Commissioner and, if the Chief Election Commissioner is of the opinion that the member has become disqualified, the member shall cease to be a member."

I have already given you my objection in writing Sir, and I have raised a question that the Members, who have become Ministers, have ceased to be the members of this hon'ble House in view of the above rule.

Mr. Speaker: I quite realise the importance of the point of order raised by the member but it will be better if we hear it day after tomorrow because the Advocate-General is not here and also the Law Minister is not here. I think, we should hear it tomorrow or the day after tomorrow.

Minister of Revenue: By all means.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan: I don't need any admission on your part.

Mr. Speaker: It is not a question of admission. The member may raise his point of order day after tomorrow when the Advocate-General will be here. At the moment, he has gone to Karachi and will be here by day after tomorrow.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan: I say that they are not Members now. They are sitting here knowing fully well that they are not the Members of this House.

Mr. Speaker: This is no point. We will hear the member day after tomorrow.

علامہ رحمت اللہ ارشد— جناب والا . عبدالباقی بلوچ صاحب کے بعد مجھے اپنی معروضات پیش کرنے کی اجازت دی جائے تاکہ میں بتا سکوں کہ یہ غلطی خواہ حکومت کی طرف سے ہے یا اس ہاؤس کی طرف سے یا وزیال صاحب سے یہ ایک مشترک غلطی ہے -

Mr. Speaker: The Member has already been given enough opportunity. Still, for courtesy sake, I will allow him some more minutes.

Mir Abdul Baqi Baluch: I beg to move :

> **That the West Pakistan Criminal Law Amendment Bill 1963 be circulated for three months for the purpose of eliciting public opinion thereon.**

Mr. Speaker: Three months is not a date. Give some specific date.

Mir Abdul Baqi Baluch: I beg to move :

> **That the West Pakistan Criminal Law Amendment Bill 1963 be circulated for the purpose of eliciting public opinion thereon by the 30th June, 1963.**

Mr. Speaker: Motion under consideration, amendment moved is :

> **That the West Pakistan Criminal Law Amendment Bill 1963 be circulated for the purpose of eliciting public opinion thereon by the 30th June, 1963.**

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon: I oppose it.

Sir, my objection is that these motions have been moved and we find them on the Orders of the Day since at least about one week. One of the motions moved is by no less a person than the Leader of the Opposition who is an eminent lawyer and who has always been insisting, alongwith his colleagues, on the meticulous observation and compliance of the rules of business. My submission is that even his motion suffers from the same defect and one could see that if there are no alternate remedies available to the Members of the Opposition by which they could still have their motion discussed the Speaker may have been, and rightly too, in a position to exercise his discretion in favour of allowing this amendment. As has already been announced by the Ministers, we are prepared to support their move for the suspension of the rule and we can go on with this. The alternative remedy is available to them but they are not availing it. I would appeal to the Speaker not to allow this amendment to be moved at this stage. The Speaker would have been justified if he had found that there is no other way out except to throw it out or to discuss it.

Mr Speaker: It is one and the same whether rule is suspended or amendment is allowed.

Khawaja Muhammad Safdar: You have already allowed it.

Mr. Speaker: I have not put it before the House.

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon : That makes all the difference.

There have been accusations against this party that the rules are suspended recklessly to go on with the work but now when a genuine difficulty has arisen, and they are fully aware of it, my friends are not availing of the opportunity that is available to them and which, under the circumstances, they could very well avail of.

علامہ رحمت اللہ ارشد—اب مجھے ایک منٹ کی اجازت دی جائے ۔

مسٹر سپیکر—مسٹر سہیل کے بعد آپ کچھ کہہ لیں ۔

Mr. S. M. Sohail (Karachi-II) : Sir, after hearing my friend Mr. Memon, one thing is quite obvious that he is in favour of this matter being considered and discussed in the House. He goes further to say that he extends an assurance that if a motion is made for suspending the relevant rule, we on this side will accept it.

I would submit only one thing. The suspension of rules is a very extreme measure. The point that my friend wanted to make out has more than very clearly been made out viz that is quite generous and that we on this side are going to be very generous too. Once we make that gesture of generuosity the fact of putting the Opposition in a tight corner, where they should do that which is not justifiable. I would submit is not advisable. It is not proper that the rule regarding the suspension of business should invoked in haste unless there is no other way of meeting the difficulty. Sir, No difficulty remains when Mr. Memon is himself very clear in his mind that this can be more than met by an amendment and by a simple ruling of the Speaker that the amendment has been accepted. If that is the position then I think we should be further generous by not putting the Opposition in a position where they have to ask for the suspension of a such which is not to be asked for unless there is no other remedy.

The admitted position being that this matter should be discussed, the only question remains as to how it should be discussed. Whether it should be discussed by asking for a suspension of the rules which invoke a very extraordinary position and what should not be invoked except in circumstances otherwise where the difficulty cannot be met. My friend has given only one reason for his insistance. And that is that we put the Opposition in the same place where we found ourselves some time back. That could not be a justification. I submit that the situation can very well be met by a simple ruling and if you think, Sir, that the amendment should be allowed, taking the sense of the House, then it should be allowed.

خواجہ محمد صفدر—جناب والا ۔ اس مسئلہ کے متعلق میں آپ کی خدمت میں تھوڑی سی گذارش کرونگا ۔ ممکن ہے کل ہمیں اس موضوع پر تقریر کرنے کا موقع ملے یا نہ ملے ۔

جناب والا ۔ ہم کسی صورت میں بھی rules کو suspend کرنے کی درخواست نہیں کر سکتے ۔ یہ تو بالکل واضح ہے ۔

یہ اس لئے کہ ہمارے پاس کئی اور راستے موجود ہیں ۔ سب سے پہلے جناب والا ۔ میں آپ کی توجہ رول نمبر ۸۶ کی طرف دلاتا ہوں for the admission of motion ۔ تو اس میں صرف ایک بات ہے ۔ جو کہ difficulty پیدا کرتی ہے ۔ وہ دو دن کی میعاد ہے ۔ اس کی آخری لائین میں ہے ۔ کہ ہم اسے waive کر سکتے ہیں اور آپ کے پاس اس سے بھی زیادہ وسیع اختیارات رول نمبر ۱۷۱ میں موجود ہیں ۔ لیکن اگر اس کے باوجود وہ ناپسند فرمائیں کہ وہ یہ اختیارات استعمال نہ کرنا چاہیں ۔ تو پھر جناب والا ۔ ہمارے پاس وہ اختیارات ہیں کہ جن کی رو سے ترمیمات نمبر چھ ، سات ، آٹھ ، نو اور دس جتنی ہیں خارج ہو سکتی ہیں ۔ یہ پہلے چار پر ہی اثر انداز ہوگا ۔ (قطع کلامیاں) میں ترمیم لانے کے لئے تیار ہوں ۔ لیکن suspension کے لئے تیار نہیں ہوں ۔ جناب والا ۔ اس کی تیسری صورت یہ ہے لیکن میرا خیال ہے کہ ہمیں تیسری صورت پر جانے کی ضرورت نہیں پڑے گی کیونکہ آپ کو اختیار ہے ۔ کہ آپ موجودہ ترمیم کی اجازت نہ دیں اور جیسا کہ آپ نے ابھی ابھی فرمایا کہ اس میں ہاؤس سے اجازت لینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔ اس میں آپ اپنے اختیارات استعمال کر سکتے ہیں ۔ تو تیسری صورت کا تو کسی صورت میں بھی خصوصی اختیارات کے استعمال کرنے کی ضرورت نہیں پڑتی ۔ اگر فیصلہ ہمارے حق میں نہیں ہے ۔ تو ہم اپنے اس حق کو کبھی ترک نہ کریں گے اور اس بل کو oppose کرینگے اور اس میں دس ، بیس ۔ سو جس قدر چاہیں گے ترامیم لائینگے اور جب تک یہ debate ختم نہ ہو اس وقت تک ہم اپنی ترامیم لاتے رہینگے ۔

Mr. Speaker : My ruling is that it is the inherent power of the Speaker to allow a motion of which due notice has been given to be moved in a form slightly different from the one in which notice has been given. I am, therefore, allowing Mr. Baqi Baloch to move his motion with the addition of the words "by 30th June, 1963." No suspension of rules is necessary.

(*Hear, hear from the Opposition Benches*)

Khawaja Muhammad Safdar : Thank you very much.

میر عبدالباقی بلوچ (مکران-۱) ۔

جناب صدر ۔ آج West Pakistan Criminal Law amendment Bill, 1963 اس ایوان میں پیش ہے اور میں نہایت ادب و احترام سے اس ایوان کی توجہ Bengal criminal law amendment ordinance, 1924 کی طرف مبذول کراتا ہوں ۔ یہ نقالی وہیں سے چلی ہے ۔ اب جو انہوں نے F. C. R. کا نام بدل کر criminal law amendment bill رکھا ہے ۔ یہ در اصل اس ۱۹۲۴ء والے آرڈیننس کی کسی حد تک نقل ہے ۔ بہت سی ایسی باتیں اس میں موجود تھیں ۔ جو اس میں بھی موجود ہیں بلکہ یہ اس سے بھی سخت ترہیں ہے ۔

جناب والا ۔ اس آرڈیننس کے اغراض و مقاصد میں لارڈ ریڈنگ نے بھی یہی کچھ کہا تھا ۔ جو آج یہ کہہ رہے ہیں ۔ جناب والا ۔ انہوں نے ملک کے حالات کی ایک تصویر کھینچنے کے بعد یہ کہا تھا ۔ ۔ ۔ ۔

"I have, therefore, come to the conclusion after fullest consultation with the local Government that it is necessary to arm the Government of Bengal with special powers to deal with suppression of crime."

آج بھی ہمارے سامنے وہی بات موجود ہے ۔ کہ یہ جرائیم کی روک تھام چاہتے ہیں ۔ جناب والا ۔ اس سلسلے میں جناب قائداعظم کی اس تقریر کا اقتباس یہاں پیش کرتا ہوں ۔ جو انہوں نے ۱۹۲۵ء میں legislative Assembly کے اجلاس میں کی تھی اور اس تقریر سے آپ کو پتہ لگ جائے گا کہ آج ۱۹۶۳ ماڈل کے F. C. R. میں بھی ہم اسی دور میں ہیں ۔

جناب والا ۔ قائداعظم نے اٹھائیس جنوری ۱۹۲۵ء کی legislative Assembly میں جو تقریر کی تھی ۔ یہ اس کا اقتباس ہے ۔ وہ انگریزوں سے کہتے ہیں ۔ کہ

"You want to get rid of violent crimes, you want to get rid of terrorism; you can only do so by good government. Good government does not mean autocratic government. Good government does not mean despotic government. Good government means a government that is responsible to the representatives of the people. What do we find here today? We find here today on the authority of Lord Reading—and rightly under the present constitution—that the Government cannot share the responsibility with us. The responsibility is yours. But we are, if you like to call us, interlopets, if you like to call us, busy-bodies, who want to interfere with your responsibility. You may des-

cribe us in any other manner you like. But we thought this debate should be raised, and we must tell you really, frankly and respectfully what is in our mind. The responsibility is yours. If you like to follow our advice, our advice is this. Please revise your Policy. It is no Sign Weekness to revise your judgment if you are wrong. I again say, revise it and come down from your high pedestals, and discuss with us on equal terms what India wants and meet us reasonably. And I venture to say that this terrorism which I condemn in no too strong terms will be destroyed."

جناب والا ۔ یہ ایک ریزولیوشن ہے Bengal criminal law ordinance پر ۔ اس تقریر کا اقتباس جو میں نے پیش کیا ۔ یہ ۱۹۲۵ء کا ہے ۔ کیا آج اس ملک پر وہی عالم نہیں ہے جو قائداعظم کی تقریر میں موجود ہے ۔ صرف ناموں کا فرق ہے اور حد تو یہ ہے کہ اس وقت قائداعظم بڑی بے تکلفی سے لارڈ ریڈنگ کا نام لے لیتے تھے ۔ مگر آج ہم اس معزز ایوان میں نام بھی نہیں لے سکتے ہیں ۔ یہ اس قائداعظم کا ملک ہے ۔ جس نے اسے بنایا اور عظیم تصورات کے ساتھ بنایا ۔ آج آپ نے اس کا کیا عالم کر دیا ہے ۔ جناب والا ۔ ۱۹۲۴ء میں جو اختیارات اس وقت کی سامراجی حکومت اپنی executive کو دے رہی تھی اور جو آج ہماری حکومت بھی اپنی انتظامیہ کو ویسے ہی اختیارات دینا چاہتی ہے دونوں کی وجوہات ایسی ہی ہیں اور جب بھی F. C. R. لگایا گیا یہی دلیل دی گئی کہ جرائم بڑھ رہے ہیں اور ان کی روک تھام کے لئے انتظامیہ کو ایسے اختیارات دینا ضروری ہیں ۔ چنانچہ ۱۸۷۱ والے F. C. R. اور ۱۸۸۷ والے F. C. R. اور ۱۹۰۱ والے F. C. R. کے preamble اور ۱۹۶۳ ماڈل F. C. R. کے preamble تقریباً یکساں ہیں اور ان میں ایک ہی قسم کی وجوہات دی گئی ہیں ۔ قائداعظم نے اس وقت اس مسئلے پر اس تقریر میں جو ارشاد فرمایا تھا ۔ میں وہ اس ایوان کی رہنمائی کے لئے پیش کرتا ہوں ۔ انہوں نے فرمایا :—

This was a resolution on Bengal Criminal Law Amendment Ordinance.

انہوں نے فرمایا ۔

"The Honourable the Home Member has told us of those few events which have taken place and, in order to wind up to the highest possible pitch, he sums up by saying that there was going to be spectacular murder in Bengal. Was it intended to prevent that spectacular murder? Sir, I cannot conceive that any country with a constitution can possibly tolerate a measure of this character. Sir, you put the guilty and the innocent together. You give powers to your Executive. I owe allegiance to the King Emperor. What do I get in return for it, what do I claim in return for it? Protection of my liberty, my life and my property. My liberty should not be taken away without a judicial trial in a proper court where I have all the right to defend myself.

Under this ordinance, if I were a citizen of Calcutta, I should have to transfer my allegiance to Mr. Tegart the Commissioner, because he is the only man who can give me protection and not His Majesty's High Court or His Majesty's Courts."

جس صورت سے آپ مقدمات لانا چاہتے ہیں اس پر بھی وہ بحث کر رہے ہیں ۔

I am very glad, Sir, that I am not in Calcutta but live in Bombay, because I can still continue my allegiance to the King Emperor. I say, if I were a citizen of Calcutta, in whose hands am I ? It is all very well for Colonel Crawford to give us a lecture here as to how the Intelligence Department works. We have examined his Intelligence Department, Sir. I have spent twenty five years of my life in doing so and we know what it is ; I have gone through many cases and I know how it works, the less said the better. Are you going to lock up an innocent man because of the Intelligence Department ? And what do we get from the Home Member ? The Home Member says, "I have not got legal evidence, I am not prepared to put it before the Courts, and when I do get evidence I shall do so." You are reversing the order. A man is entitled to his liberty until you have got to evidence to place him before a Court. Says the Home Member : "I am entitled to lock him up because my Police Commissioner says he has got some evidence or he suspects, and I am entitled to lock him up and I will lock him up as long as necessary, and until I get evidence I will keep him there." Sir, I, therefore say that it is shocking in the first place and next that it is opposed to the fundamental principles which I say must be observed by any civilised Government, which is conducted on a certain constitutional system."

جناب والا ۔ اس کے بعد کیا اس سلسلے میں اب بھی کچھ کہنے کی ضرورت رہ گئی ہے ۔

وزیر ریلوے—اب تو خاص طور سے ہونا چاہئے کہ ہم قائداعظم کے ارشاد کی تعمیل کر رہے ہیں ۔

میر نبی بخش زہری—جی ہاں بلکہ اب تو قائداعظم کے نقش قدم پر چل رہے ہیں ۔

میر عبدالباقی بلوچ—اس وقت جناب جب قائداعظم نے یہ بات کہی تھی تو یہاں انگریز مسلط تھے ۔

وزیر ریلوے—اب آپ مسلط ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر—ہم تو آپ کے تابعدار ہیں ۔

میر عبدالباقی بلوچ—وحید خان صاحب اب تو آپ ہماری گردنوں پر پیر نسمہ باکطرح سوار ہیں اور اڑنگا مار کر بیٹھے ہوئے

ہیں ۔ تو جناب والا ۔ یہ وہ زمانہ تھا اور یہ اس وقت کی تقریر ہے جب قائداعظم بمبئی میں تشریف رکھتے تھے اور انہیں کلکتے جانے کی کوئی ضرورت نہیں تھی ۔ آج جب اس بل کے ذریعے یہ قانون تمام مغربی پاکستان پر نافذ کیا جا رہا ہے تو آپ ہی بتائیے کہ مغربی پاکستان کے عوام کہاں جائیں گے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ مشرقی پاکستان میں ۔

میر عبدالباقی بلوچ ۔ اب جب کہ یہ حکومت یہ ۱۹۶۳ء ماڈل ایف ۔ سی ۔ آر ۔ لائی ہے ۔ تو اس کی وجوہات جو وزرا نے بتائی ہیں کہ ملک میں جرائم کی روک تھام کے لئے ایسا کیا جا رہا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ غلط ہے ۔ جب بھی ایف ۔ سی ۔ آر نافذ کیا گیا یہی دلیل دی گئی ۔ جب ۱۸۷۱ء میں ایف ۔ سی ۔ آر لگایا گیا تو یہی دلیل دی گئی کہ جرائم کو روکنے کے لئے ایسا کیا جا رہا ہے جب ۱۸۸۷ء میں ایف ۔ سی ۔ آر لگایا گیا تو اس وقت بھی یہی بات کہی گئی کہ جرائم کو روکنا مقصود ہے ۔ جب ۱۹۰۱ء والا ایف ۔ سی ۔ آر آیا تب بھی یہی کہا گیا اور اب ۱۹۶۳ء ماڈل جو ایف ۔ سی ۔ آر ہے وہ بھی اسی لئے لایا جا رہا ہے ۔ غرض ان سب کا premable یکساں ہے ۔

اب جناب دیکھنا یہ ہے کہ اس قسم کے قوانین سے جو عدل و انصاف لوگوں کو دلوانا چاہتے ہیں اس کی سپرٹ کیا ہے ۔ انگریز نے اس ملک پر regulation کے ذریعے حکومت کی تھی اور انہوں نے dual system of justice اپنے اقتدار کو برقرار رکھنے اور سامراجی مقاصد کی بقا کے لئے نافذ کیا تھا ۔ اس کے بعد جناب والا ۔ میں repressive law inquiry کمیٹی کی رپورٹ کی طرف اس ایوان کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ یہ رپورٹ سنہ ۲۱ ۔ ۱۹۲۲ء میں مرتب کی گئی تھی اور گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ۱۹۱۹ء کے بعد اس کی ضرورت محسوس ہوئی تھی ۔ چنانچہ اس کمیٹی نے جتنے بھی ریگولیشن تھے ان کا جائزہ لیا اور ان کو منسوخ کرنے اور ان میں ترمیم کرنے کی سفارشات کی تھیں ۔ اس سلسلے میں legislature اسمبلی میں ایک بل لایا گیا جس کا نام special laws repeal bill تھا ۔ چنانچہ اس بل پر بھی قائداعظم نے ایک تقریر فرمائی تھی ۔ میں اس تقریر کے

بھی اقتباسات پیش کرتا ہوں - یہ تقریر ۱۰ فروری سنہ ۱۹۲۵ء کو ہوئی و ہ فرماتے ہیں -

Now, Sir, let us examine the issue before the House today. The first charge that is brought against us is that we are wanting in capacity to appreciate the necessity for maintaining law and order. I assure you, whatever may be your ideas, and I am speaking on behalf of a very large body of the Members of this House there is no justification for that allegation. I have no hesitation in saying that anarchical crimes must be ended. We want to see the end of it. I want to see the end of it, and I have no hesitation in telling you that I am willing to cooperate with you wholeheartedly to put an end to this danger which is facing us. And when I say so, I honestly say so and when I admit that, I honestly admit it; butit does not follow that while I desire that, I agree with your metods. The real issue is the methods. What are the methods which you want to employ? Sir these Regulations presuppose a personal rule. Do my Honourable friends there recognise that ? You have governed this country by Regulations ; you have governed this country by personal rule for the last 150 years. Do you recognise that this is slowly passing away ? You have reached a different stage. We, on the other hand desire that personal rule.....

that personal rule should be replaced by the rule of law. We desire that the growth of citizenship should be encouraged, and we desire to establish a representative Government. That is really the issue between us and you. How can we tolerate Regulations of this character on the Statute Book.

میر عبدالباقی بلوچ — یہ ۱۹۲۵ء میں یعنی آج سے ۳۸ سال قبل ان کے ارشادات گرامی ہیں اس تقریر میں bureaucracy کے ہاتھوں میں غیر معمولی اختیارات سونپنے کے متعلق وہ آگے چل کر فرماتے ہیں -

I say these are Powers which are always welcomed by the bureaucracy, although my Honourable friend the Home Member may be an exception to that and I am inclined to consider his case on a different footing. But it is common knowledge that these arbitrary powers are always welcome. Why are they welcome ? For the sakeof administrative convenience. It is a very nice thing to have. Mr Moir, if he is angry with me, can lock me up. That is a simple way to get rid of me. I cannot claim a trial.

اور پھر اسی میں آخر میں وہ فرماتے ہیں -

Well, if you really keep harping on this point that this Assembly is incapable of appreciating the necessity of maintaining law and order and cannot, therefore, be trusted, we keep on saying that this bureaucracy wants arbitrary powers for furthering their own ends and that after they have obtained these powers they are going to misuse them as they have misused them in the past and as they are bound in the very nature of things to do—they cannot help doing it.

یہ جناب والا - انگریزوں کی بیوروکریسی کے متعلق تھا اس بیوروکریسی کے متعلق جو بد دیانت نہیں تھی جتنی ہماری بیوروکریسی ہے - انگریز کی نوکر شاہی اپنے سامراجی مقاصد کو مضبوط رکھنے کی

پالیسی پر عمل پیرا تھی - وہ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے سب کچھ کرتے تھے لیکن ہماری بیوروکریسی کی طرح وہ اپنے ذاتی مقاصد کے لئے کچھ نہیں کرتے تھے - ان کے متعلق ہابائے قوم یہ فرما گئے تھے اور اگر آج وہ زندہ ہوتے تو ہماری اس نوکر شاہی سے متعلق کیا فرماتے جنہیں اب موجودہ حکومت عوام کے سب حقوق سونپنا چاہتی ہے -

اب جناب انتظامیہ کو ایسے وسیع اختیارات دئے جا رہے ہیں اور اس کی دلیل حکومت یہ دے رہی ہے کہ جرائم بہت زیادہ بڑھ رہے ہیں اور ان کی روک تھام مقصود ہے اس لئے یہ اقدام ضروری ہے - تو جناب اس ضمن میں میں ان اعداد و شمار کا سہارا لوں گا جو یہ انتظامیہ ان کو فراہم کرتی ہے اور جن اعداد و شمار کے بل بوتے پر وزراء اس ایوان میں فیثا غورث بنے بیٹھے ہیں - ان اعداد و شمار کی رو سے میں یہ ثابت کروں گا کہ سابق صوبہ سرحد میں ایف سی آر لگنے کے بعد قتل کے مقدمات میں کمی نہیں ہوئی بلکہ زبردست اضافہ ہوا ہے - سابق صوبہ سرحد میں سنہ ۱۸۶۳ء میں ۷۰ قتل ہوئے اور وہ زمانہ ایف سی آر سے قبل کا زمانہ تھا - اس وقت ایڈمینسٹریشن چلا اٹھی تھی کہ یہ تو بڑے قتل ہونے لگے ہیں اور انہیں روکنے کے لئے ہمیں ایف سی آر لگانا چاہئے - چنانچہ ۱۸۷۱ء میں انہوں نے ایف سی آر لگایا تو اور اس کے بعد ۱۸۷۳ء میں قتل کی تعداد ۱۵۳ ہو جاتی ہے - ۱۸۸۳ء میں یہ تعداد ۱۷۵ ہو جاتی ہے اور ۱۸۸۷ء میں جب انہوں نے دوسرا ایف سی آر لگایا اس وقت تعداد ۲۶۱ ہو جاتی ہے اور جناب ۱۹۰۱ء میں انہوں نے تیسرا ایف سی آر لگایا تو تعداد ۲۱۴ ہو جاتی ہے - ۱۹۱۱ء میں یہ تعداد ۳۵۷ ہو جاتی ہے اور ۱۹۲۱ء میں یہ تعداد ۷۱۹ ہو جاتی ہے گویا ۱۸۶۳ء سے لے کر ۱۹۲۱ء تک تین ایف سی آر لگے اور صرف قتل کے مقدمات میں ۹۲۷ فی صد اضافہ ہوا -

اب جناب دوسرے خطرناک جرائم کو لیجئے - یہ تو صرف قتل کی بات تھی - خطرناک جرائم سے متعلق ۱۸۷۷ء میں ۲۵۹ مقدمات درج ہوئے - ۱۸۸۱ء میں ۳۷۷ اور ۱۸۸۷ء میں ۷۴۳ - ۱۸۹۱ء میں ۵۷۲ -

۱۹۰۱ء میں ۷۳۵ - ۱۹۱۱ء میں ۲۳۳۷ اور ۱۹۲۱ء میں ۲۴۴۷ گویا ایف سی آر لگنے کے بعد ۱۸۷۷ء سے ۱۹۲۱ء تک ۲۳۱ فی صد خطرناک جرائم میں اضافہ ہوا ۔

اب پنجاب اور این ڈبلیو ایف پی میں قتل کے مقدمات کے اعداد و شمار پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ ۔ ۔ ۔

Minister of Railways : Sir it is a very interesting speech and he is quoting very useful figures, I admit, but I want to draw your attention that he is speaking on a specific resolution. The Members on that side did not raise any objection to the general principle of the bill. All his speech is regarding the general principles of the bill. They have lost that opportunity.

خواجہ محمد صفدر—general principles کے متعلق جناب کیا فرماتے ہیں ۔

وزیر ریلوے—جناب والا ۔ وہ بھی available کئے ہوئے ہیں ۔ آپ کو یاد نہیں آپ نے general principles پر objection raise کیا تھا وہ reject ہو گیا آپ کے law making پرنسپلز پر اس کے بعد اب جو principal amendment ہے وہ یہ ہے کہ آیا یہ بل فوراً پاس کیا جائے یا سیلیکٹ کمیٹی کو یا پبلک کو circulate کیا جائے ۔ ان کو یہ arguments دینے چاہئیں کہ یہ بل یہاں پاس کیوں نہ کیا جائے اور پبلک کے سامنے کیوں جائے یا سیلیکٹ کمیٹی کے سامنے کیوں جائے ۔

Mr. Speaker : That would be the second stage. There are two things. Mr. Khan be clear.

میر عبدالباقی بلوچ—کیوں خان صاحب چھکے چھوٹ گئے آج آپ کے ۔

Khawaja Muhammad Safdar : I think I will have to refer him to the rules Sir.

جناب والا ۔ میں آپ کی توجہ رول ۶۲ کی طرف دلاتا ہوں ۔

"On the day on which any of the motions referred to in Rule 60..."

رول ۶۰ میں select committee کی طرف reference ہے ۔

اور یہ موشن زیر بحث ہے ۔ جیسا کہ میرے دوست بلوچ صاحب تقریر فرما رہے ہیں ۔

"(a) that it be taken into consideration by the Assembly at once ;

(b) that it be taken into consideration by the Assembly on a date to be fixed forthwith ;

(c) that it be referred to a Select Committee ; or

(d) that it be circulated....."

لیکن اس میں ایک اور چیز ہو سکتی ہے ۔ میں پھر آپ کی توجہ رول ۶۲ کی طرف دلاتا ہوں ۔

"On the day on which any of the motions referred to in Rule 60 is made, or on any subsequent day to which the discussion thereof is postponed, the principles of the bill and its general provisions may be discussed....."

Has the Minister of Railways found it ? I think he will withdraw his objection now and its general provisions may be discussed. Sir my friend, Mir Abdul Baqi, in his beautiful speech is discussing the principles underlying this Bill. I think the Ministers should have patience to hear him.

میر عبدالباقی بلوچ—جناب سپیکر ۔ میں اعداد و شمار کی بات کر رہا تھا جو ان کو ناگوار گذر رہی ہے ۔

Mr. Speaker : Mr. Khan, there is one point, which should be very clear. In rule 62, there are very clear provisions that the principles of the bill can be discussed. So I can agree with the point that when an amendment is being discussed there can be two ways of doing it. One is that at this stage of the moving amendment, the mover may talk only about the..... of the bill for eliciting Public opinion and then again he may be given the opportunity of discussing the principles of the bill at the second stage. The second is that he discusses the amendment as well as the Principles of the bill, so that heis not allowed to speak again. But the stage of the discussion of the principles of the bill cannot be taken away. So does the Minister still press it ?

Minister of Railways : That is right Sir.

ہم ضد تو نہیں کرتے ۔

Mr. Speaker : So he has withdraw his point.

میر عبدالباقی بلوچ—جناب - اب میں پنجاب اور این - ڈبلیو - ایف - پی کے قتل کے مقدمات کے اعداد و شمار پیش کرتا ہوں -

سال	پنجاب	این - ڈبلیو - ایف - پی
۱۹۰۱	۱۹۰۰ .	۸۸۰ .
۱۹۱۱	۲۰۰ ,,	۳۷۰۱
۱۹۲۱	۲۹۰ ,,	۹۳۰۲
۲۹۲۹	۲۹۰ ,,	۲۰۰۲
	۱۰۰ .	۱۳۰۱

جناب والا - N. W. F. P میں F. C. R بڑے زوروں پر تھا - اور اس لحاظ سے کوئی ۲۸ سال میں پنجاب میں قتل کے مقدمات میں جو اضافہ ہوا ہے وہ دس ہزار کی آبادی پر صرف 0.10 ہے اور N. W. F. P. میں جو اضافہ ہوا ہے وہ 1.14 ہے - اس سے بھی اندازہ یہی لگتا ہے کہ وہاں قتل کی واردات زیادہ ہو رہی ہیں - اب جناب جرگہ کی بات آتی ہے یہ اعداد و شمار بھی میرے پاس ہیں - ۱۹۰۸ء سے لیکر ۱۹۲۹ء تک کتنے مقدمات جرگہ کے سپرد ہوئے اور کتنے ان میں سے سزا یاب ہوئے - یہ ضلع وار N. W. F. P. کے میں اعداد و شمار دیتا ہوں - جو ۱۹۰۸ء تا ۱۹۲۹ء کا مجموعہ ہے -

District.	*Cases referred*	*Committed*
Hazara	836	511
Peshawar	4475	2557
Kohat	1406	988
Bannu	1462	854
D. I. Khan	536	318
Total N.W.F.P. ...	8715	5228

گویا مجموعی مقدمات جو جرگے میں پیش ہوئے ہیں وہ ۸۷۱۵ ہیں اور ان میں سے ۵۲۲۸ سزا یاب ہوئے ہیں - گویا سزا یاب مقدمات کی تعداد ۶۰ فیصدی ہے باقی ۴۰ فیصدی بغیر سزا کے چھوٹ گئے ہیں -

اب جناب ۔ موجودہ صورت حال دیکھئے ۔ آزادی کے بعد یہاں کیا عالم رہا ہے ۔ اس کا مقابلہ کرنے کے لئے جناب میرے پاس ۱۹۴۷ء سے ۱۹۵۵ء تک کے اعداد و شمار ہیں ۔ یہ صرف مقدمات قتل کے اعداد و شمار ہیں ۔

Year	True cases	Percentage of convicted to true cases.
1947	3477	19·9
1948	3449	21·1
1949	2511	30·7
1950	2009	35·8
1951	2017	34·1
1952	2042	39·3
1953	2115	42·7
1954	2152	33·9
1955	2376	47·3

جناب والا ۔ ۱۹۴۷ء میں percentage of convicted to true cases ۱۹۰۹ تھا اور ۱۹۵۵ء میں یہ percentage بڑھ کر ۲۷۰۳ ہو گیا ۔ گویا ۲۷۰۴ فیصد اضافہ ہوا ۔

خواجہ محمد صفدر—ایف ۔ سی ۔ آر کے لگنے کے بعد ۔

میر عبدالباقی بلوچ—ایف ۔ سی ۔ آر لگنے کے بعد اور مارشل لاء کے تحت تمام مغربی پاکستان میں جرائم کی تعداد بڑھتی رہی ہے ۔ اب جناب دیکھنا یہ ہے کہ ۱۹۴۷ء سے ۱۹۵۵ء تک کتنی کمی ہوئی ہے ۔ ۱۹۴۷ء میں ۳۴۷۷ قتل ہوئے اور ۱۹۵۵ء میں ۲۳۷۶ قتل ہوئے ۔ گویا ۱۱۰۱ کمی ہوئی اور جناب اس لحاظ سے ۳۰ فیصدی قتل کے جرائم میں کمی آ گئی ۔ یہ اعداد و شمار پیش کرنے کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ ان کے پاس کوئی وجہ جواز موجود نہیں ہے کہ ملک میں ابتری پھیلی ہوئی ہے یا جرائم کی حالت اس قدر خطرناک ہو گئی ہے کہ انہیں اب تمام صوبہ پر ۱۹۶۳ء مارشل لاء ۔

سی - آر لگانے کی ضرورت محسوس ہو رہی ہے - اب جناب سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس سے اثرات کیا پیدا ہوں گے - یہ جو dual system of justice صوبہ پر قائم رکھنا چاہتے ہیں - اس کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی - انگریز نے اگر یہ dual system of justice قائم رکھا تھا تو اس کی بات ہماری سمجھ میں آ جاتی ہے کیونکہ وہ اپنے سامراجی مقاصد کو مضبوط کرنے کے لئے عوام کے حقوق کو غصب کرنا چاہتا تھا - عوام کو دبانا چاہتا تھا۔ مگر اب میں ارباب حکومت سے دریافت کرتا ہوں کہ آج آپ کن کے حقوق غصب کرنا چاہتے ہیں - کن کو دبانا چاہتے ہیں (ہیئر - ہیئر) آپ نے اس بل کے preamble میں اور اپنے بیان اعزاز و مقاصد میں یہ بات کہی ہے - کہ آپ تو صرف جرائم کی روک تھام کے لئے اس قانون کو استعمال کرنا چاہتے ہیں - اگر آپ کے preamble اور دستور کے preamble میں کوئی مطابقت ہوتی تو ہم جان جاتے - اگر آپ کسی نظریئے کے حصول کے لئے اسے استعمال کرنا چاہتے جس طرح انگریز نے اپنے نظریہ کے حصول کے لئے اس غیر معمولی قانون کو استعمال کیا تھا تو ہم آپ کو خوش آمدید کہتے - مگر آپ کے دستور کے preamble میں تو یہ لکھا ہے -

That Pakistan should be a democratic State based on Islamic principles of social justice.

اگر آپ اس قانون کو اس مقصد کے لئے یعنی اسلامی نظام انصاف کے حصول کے لئے استعمال کرتے تو یقیناً آپ قابل قدر تھے اور آپ کے ساتھ نہ صرف ہم بلکہ پورے مغربی پاکستان کے عوام بھی ہوتے - لیکن آپ ایسا نہیں کر رہے ہیں - اب سوچنا یہ ہے کہ پاکستان میں جو موجودہ قوانین نافذ ہیں ان میں اور مذہب میں مطابقت کیسے پیدا کی جا سکتی ہے - اس سلسلے میں میری رائے کوئی اہمیت نہیں رکھتی -

Mr. Speaker : The member may finish his arguments in two minutes.

Mir Abdul Baqi Baluch : It is a legislation, Sir, and No time bar can be imposed upon me.

Khawaja Muhammad Safdar : You have seen the labours put in by him.

Mr. Speaker : I have already given him enough time.

خواجہ محمد صفدر—جناب ان کا شکریہ ادا کرنا چاہئے جو کچھ وہ کہتے ہیں ۔

Minister of Agriculture and Law : Thank you on the condition that when we reply you should have the courage to thank us.

خواجہ محمد صفدر—certainly آپ کوئی کام کی بات کیجئے ہم شکریہ ادا کرینگے ۔

میر عبدالباقی بلوچ—جناب والا ۔ اس سلسلے میں میری رائے کوئی وقعت نہیں رکھتی ۔ میں اس ملک کے ایک عظیم انسان کی رائے پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ جن کی رائے حقائق پر مبنی ہے ۔ تجربات پر مبنی ہے ۔ جذبات پر نہیں ۔ یہ رائے پاکستان کے چیف جسٹس جسٹس کارنیلیس کی ہے (ہیئر ۔ ہیئر) انہوں نے ۲۳ دسمبر ۱۹۶۲ء کو ڈھاکہ میں ایک تقریر میں فرمایا تھا ۔ اس کا ایک اقتباس اس سلسلے میں پیش کرونگا ۔ وہ فرماتے ہیں ۔

> In this respect one must acknowledge the aptness, in a country like ours with a State religion, of the popular demand to bring all the laws into conformity with the dictates of that religion. Whatever immediate form the demand may take, and from whatever angle it may be represented, the cry is clearly one from a people who are seeking to be nourished from the ancient roots of their being. It is not a sufficient answer to that cry that the people are already equipped with a through complex of laws under which they have lived successfully for so many decades.
>
> It is not enough to point out that these laws are in line with the laws prevailing in advanced countries There are a number of essential respects in which the Westren pattern of laws shows fundamental differences from those which arise out of the great civilizations and religions of the Middle East.

جناب والا ۔ یہ ان کی رائے ہے جن کی زندگی کا بیشتر حصہ عدل و انصاف کی کرسی پر گذرا ہے ۔ یہ رائے حقائق اور تجربات کی روشنی میں دی گئی ہے ۔ اب ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ اس ملک میں بقول وزراء کے ''افراتفری'' ہے اور قانون کا کوئی احترام نہیں ہے تو اس کی کیا وجہ ہے ؟ یہ قانون جو انگریزوں نے اس ملک پر مسلط کیا تھا انگریز کے دور میں تو چل سکتا تھا کیونکہ اس وقت انگریز کا خوف عوام کے دلوں پر تھا ۔ لیکن ہم نے آزادی ایک خاص نظریہ کے تحت حاصل کی ہے اور اس نظریہ کو اب جو عوام پورا ہوتا نہیں دیکھتے ہیں تو اس سے ان میں بےچینی پھیلی ہوئی ہے ۔ آخر

وہ انگریز مسلط کئے ہوئے قوانین کا احترام کس طرح کریں وہ اسلامی قوانین کا احترام کرنا چاہتے ہیں جو ان کے جذبات سے تعلق رکھتے ہیں ۔ اور جناب اس سلسلے میں پھر مسٹر جسٹس کارنیلیس کا حوالہ پیش کرتا ہوں ۔ وہ فرماتے ہیں کہ ۔

"The people will regard their laws with respect, and will implement them in their lives with honesty and reverence, only when they come to recognise the laws as deriving from a true source of Sovereignty.

Here in Pakistan that source is acknowledged without question, and the duty is plainnamely, so to shape the laws that they become instruments for the manifestation and fulfilment of the will of the Almighty, through the lives of the people and the organisation of their State. If that ideal is achieved, there would be as little need for a sanction to the laws as there is for the principles of natural justice which are universally revered and obeyed. It will become the delight of the community to live according to their laws, and the Devine wisdom, as embodied in the laws will find its delight in being among the children of men."

تو جناب ۔ اب ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ موجودہ قوانین جو اس ملک میں نافذ ہیں وہ یونیورسل ہیں یا نہیں ؟ موجودہ نظام انصاف جو یہاں رائج ہے وہ میں کہونگا کہ تمام مغربی پاکستان پر رائج نہیں ہو سکتا ۔

Mr. Speaker : The time is over.

سید احمد سعید کرمانی — میرا ٹائم بھی انہیں دے دیں ۔

Mir Abdul Baqi Balouch : I have to make up my case.

Minister of Agriculture and Law : Let every one of them speak, we have no objection Only we wish if speaker has got very very wide power where rules are silent.

علامہ رحمت اللہ ارشد — جب انہوں نے دو وقت کا کام کرانا ہم سے منظور کرا لیا ہے تو ہمیں بولنے دیں ۔

میر عبدالباقی بلوچ — جناب سپیکر ۔ میں آپ کی وساطت سے ارباب حکومت سے گذارش کرتا ہوں کہ ۔

"ظلم منظور مگر اذن تکلم دے دو
آدمی کچھ بھی سہی نقش بہ دیوار نہیں"

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ موجودہ قوانین سے پورے ملک میں یکساں نظام انصاف قائم نہیں کیا

جا سکتا ۔ مثال کے طور پر قلات ڈویژن میں density of population چار سے چھ آدمی ایک مربع میل میں ہے ۔ آپ کا یہ انگریزی قانون وہاں نہیں چل سکتا ۔ آپ اس انگریزی قانون شہادت کے تحت کوئی جرم ثابت نہیں کر سکتے ۔ آپ کی پولیس وہاں ہرگز کامیاب نہیں ہو سکتی اور شہادت بہم نہیں پہنچا سکتی ۔ اب سوچنا یہ ہے کہ آخر اس کا علاج کیا ہے اور اس کا بدل کہاں ہے ؟ جناب والا ۔ اس کا بہتر بدل ہمارے پاس پہلے بھی تھا اور اب بھی ہے اور وہ ہے ''اسلامی قوانین'' ۔ اسلامی قوانین ہی وہ قوانین ہیں جو نہ صرف قلات پر بلکہ پورے پاکستان پر یکساں نافذ ہو سکتے ہیں ۔ (نعرہ ہائے تحسین) اس سلسلہ میں بھی میں پھر مسٹر جسٹس کارنیلیس کا ایک نظریہ پیش کرونگا ۔ فرماتے ہیں ۔

"So if the people are to live under conditions favouring their natural growth the laws must conform to the faith they profess, and be adapted to their innermost sentiments. The idea that this means a turning back to mediaeval conditions is wholly incorrect, at least in relation to Pakistan and its people, for as I have pointed out, there are examples available in the other Muslim countries of laws based on religious and cultural concepts, which have undergone extensive adaptation to the changing conditions in recent years.

The path to true idealogical integration through law is thus only too clear. What is needed now is courage and consistent effort to follow that path. The largest share of that burden must fall upon those learned in the current law who have the capacity and the will to mould those laws to suit the requirements, which is in the words of the Constitution, the establishment of true democracy based on principles of Islamic social justice."

تو جناب والا ۔ میں ان سے یہ عرض کرونگا کہ اگر دستور کے preamble کے مطابق آپ اسلامی قوانین کے نفاذ کے لئے اس ہل میں ایسی تبدیلی کریں کہ اس کے ذریعے بیس ۔ پچیس ۔ تیس سال کے بعد اس حکومت میں ایک ماحول پیدا ہو جائے کہ پاکستان میں انگریزی عام قانون کی بجائے اسلامی قوانین نافذ ہو جائیں تو یہ کتنی اچھی بات ہوگی ۔ اس مشورے کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔ شکریہ ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد (بہاولپور ۔ ۲)—جناب صدر۔ مرزا غالب کو ایک خط ۳۰ دسمبر ۱۸۵۲ء کو ملا ۔ تو یکم جنوری ۱۸۵۳ء کو اس کے جواب میں انہوں نے لکھا کہ آپ خیال

کرتے ہوں گے کہ ایک سال کے بعد میں اس کا جواب دے رہا ہوں لیکن میں خدا کو گواہ کرکے کہتا ہوں کہ میں صرف ایک دن کا مجرم ہوں ۔ بیشک آپ نے تین دفعہ مجھے تقریر کرنے کی اجازت دی لیکن حقیقتاً میں تین منٹ تقریر کرنے کا مجرم ہوں اس سے زیادہ کا نہیں ۔

مسٹر سپیکر—فرمائیے جو کچھ فرمانا ہے ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد—میں جناب والا ۔ اس دن عرض کر رہا تھا کہ اس بل کے بعض اہم provisions قرآن کے نصوص کے خلاف ہیں ۔ جب ہم ان معاملات میں قرآن کا نام لیتے ہیں تو اس سے قرآن مجید ۔ حدیث شریف اور فقہ کے مسائل بھی مراد ہوتے ہیں ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ فقہی مسائل جو اجتہاد سے متعلق ہیں ان میں ترمیم و تنسیخ علماء ہی کر سکتے ہیں لیکن نفس قرآن کا جہاں تک تعلق ہے اس میں کوئی تبدیلی نہیں کر سکتا ۔

اب میں اس مسودے کے دوسرے رخ پر عرض کرونگا ۔ اس ایوان کے ساتھ عوام نے جو امیدیں وابستہ کی ہیں کہ ہم انہیں کوئی جمہوری اور مہذب قانون دے سکیں گے کیا یہ ان امیدوں اور خواہشات کے مطابق ہے ؟ کیا یہ ان کی خواہشات پر پورا اترتا ہے ؟ کیا عوام ان تقاضوں کو جو انصاف کے حصول کے لئے وہ ہم سے وابستہ کئے ہوئے ہیں ان کو یہ پورا کرتا ہے ؟ جناب والا ۔ سیدھی سادھی بات یہ تھی ایک وہ قانون جس کو اس ملک پر سو سال سے قائم رکھا گیا ہے اگر عام حالات میں اس قانون سے ہماری یہ معزز اور محترم گورنمنٹ کام نہیں چلا سکتی تو ان کے لئے آبرومندانہ طریقہ کار یہ تھا کہ یہ مستعفی ہو جاتی ۔ (حزب اختلاف کی طرف سے نعرہ ہائے تحسین) باعزت طریقہ یہ ہو سکتا ہے کہ جس قانون کے ماتحت یہ آئے ہیں اور جس قانون کے ساتھ آج تک یہ گورنمنٹ اس ملک پر حکومت کرتی رہی ہے اور یہ

گورنمنٹ نا اہل ہے تو آبرو مندی کا تقاضا یہ ہے کہ یہ مستعفی ہو جائیں اور اس ملک کا پیچھا چھوڑ دیں ۔

وزیر زراعت و قانون—اور آپ کے لئے جگہ چھوڑ دیں ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد—کبھی نہیں ۔ میں کبھی نہیں ہونگا ۔ میں یہ بھی ملک صاحب کی خدمت میں عرض کر دوں کہ پچھلے ۲۰ سال کی اپنی سیاسی زندگی میں میں ہمیشہ آپوزیشن ہی میں رہا ہوں .....

مسٹر سپیکر—ذاتیات میں نہ جائیے ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد—یہ تو مظفر گڑھ کی قسمت ہے کہ دستی صاحب نہ ہوئے ملک قادر بخش ہو گئے کسی نہ کسی کو کرسی مل ہی جاتی ہے ۔ (قہقہہ) ایک اور بات ہے جس کی طرف میں آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ یہ میرا خیال نہیں بلکہ ''خیال مستعار'' ہے ۔ پچھلے دنوں رخصت لے کر میں بہاولپور گیا تھا ۔ وہاں چند لوگ ملے ۔ میں انہیں متوجہ کرنا چاہتا ہوں کہ لوگ کس انداز سے اس بل کے بارے میں سوچتے ہیں کہ ۔

''ذکر جب چھڑ گیا قیامت کا
بات پہنچی تیری جوانی تک''

میں نے بہاولپور کی بات کرنی ہے کیونکہ میں بہاولپور سے آیا ہوں اور بہاولپور کا نمائیندہ ہوں تو ان کا خیال یہ تھا کہ یہ ساری مصیبت ''ون یونٹ شریف'' کی ہے اگر یونٹ معرض موجود میں نہ آتا تو بہاولپور میں نہ ''ایف ۔ سی ۔ آر'' آتا اور نہ ''ایف ۔ سی ۔ آر'' کا یہ سیکنڈ ایڈیشن کبھی وہاں لاگو ہوتا ۔ اس سے آپ اندازہ کیجئے کہ چھوٹے صوبے کے لوگ اس ''ایف ۔ سی ۔ آر'' کے متعلق کس انداز سے سوچتے ہیں ۔

اب جناب میں آپ کے توسط سے خصوصیت کے ساتھ ملک

نادر بخش صاحب کو متوجہ کرتا ہوں ۔ اسکا عملی نقشہ کیا ہوگا ؟ یہ مسودہ قانون اگر پاس ہو گیا اور ہمیں معلوم ہے کہ عددی اکثریت کی بناء پر یہ اس کو پاس کرا لیں گے اور نعرہ حق کا وہی انجام ہوگا جو آج سے چودہ سو سال پہلے عددی اکثریت کی بناء پر ہوا تھا ۔ لیکن اس کا انجام کیا ہوگا ؟ انجام یہ ہوگا کہ ضلع کے تمام لوگ حلقہ بگوش اور غلام بن جائیں گے ڈپٹی کمشنر کے اور ڈپٹی کمشنر غلام بن جائے گا اینٹی کرپشن ڈیپارٹمنٹ کا ۔ اس لئے کہ ایک آدمی کے متعلق پولیس تحریک کرے گی کہ اس کو جرگہ کے سپرد کرنا چاہئے ۔ ڈپٹی کمشنر اور کمشنر مجبور ہوں گے کہ وہ پولیس کے سامنے سر تسلیم خم کردیں اور جو وہ چاہتی ہے اس پر انگوٹھا ثبت کر دیں ۔ اور اگر نہیں کریں گے تو چھ مہینے کے اندر ایک اینٹی کرپشن کا کیس بنا کر اس کو اسی جرگہ کے سامنے کھڑا کر دیا جائیگا ۔ دوسرا نتیجہ یہ ہوگا کہ ہماری پولیس جس سے عوام کو اب بھی بڑی شکایتیں ہیں وہ پورے طور پر بے عمل ہو جائیگی اس لئے کہ اس وقت ان کو تحقیق و تفتیش کی تکلیف اٹھانی پڑتی ہے ۔ کوشش کرنی پڑتی ہے کہ کورٹ آف لاء میں اپنے مقدمہ کو ثابت کرے لیکن جب پرووِیژن یہ ہے کہ جرگہ سے خفیہ اطلاعات کی رو سے بھی وہ سزا دلا سکتی ہے اور چودہ چودہ سال تک سزا دلا سکتی ہے تو وہ کبھی تحقیق و تفتیش کی زحمت گوارا نہیں کرے گی ۔ مقدمے بنائے جائینگے اور با عزت لوگوں کی آزادی بارہ بارہ سال کے لئے سلب کر لی جائے گی ۔

مسٹر سپیکر—مجھ سے زیادہ آپ بہتر جانتے ہیں کہ انصاف کا بنیادی تقاضا یہ ہے کہ گنہگار اگر بری ہو جائے تو ہو جائے لیکن بے گناہ سزا نہ پائے ۔ اس بل کا بنیادی تقاضا یہ ہے کہ گنہگار چھوٹ جائے تو چھوٹ جائے لیکن بے گناہ کو سزا ضرور دیں گے ۔

اب جناب میں نہایت اختصار کے ساتھ جس طرح کہ محترم عبدالباقی بلوچ نے حقیقت پسندانہ اور حقیقت پرورانہ انداز

میں تقریر فرمائی میں سپریم کورٹ کی تازہ رائے اس معاملہ میں آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔

''سپریم کورٹ نے لکھا ہے کہ اگر یہ خطرہ عام ہو جائے کہ کسی کے خلاف بظاہر کوئی الزام نہ بھی ہو تب بھی اس کے خلاف مقدمہ کو جرگہ کے سپرد کر دیا جائیگا اور عام قانونی طریقوں سے انصاف حاصل نہیں ہو سکیگا تو اس بات کا اندیشہ ہے کہ انصاف کی وہ شکل جو محتاط قانون سازی اور کم سے کم ایک سو سال تک ان قوانین کی پابندی سے عوام کے ذھنوں میں بنائی گئی ہے بگڑ جائے گی اور اس کے بعد جو کچھ بھی ہوگا اس کا آسانی سے تصور کیا جا سکتا ہے ۔

''اس کا ایک فوری نتیجہ تو یہ نکلے گا کہ عوام کی قانون سے وابستگی باقی نہیں رہیگی جس کی وجہ سے ان کے طرز عمل میں ایسی تبدیلی ہوگی جس سے ظاہر ہوگا کہ ان کے دلوں میں قانون کا احترام باقی نہیں رہا ہے ۔ سپریم کورٹ نے لکھا ہے کہ عام عدالتوں کو سنگین جرائم کے مقدمات کی سماعت کا اختیار عرصہ دراز سے حاصل ہے لیکن اب احکامات کے ذریعہ جو مصلحتوں کی بنیادوں پر جاری ہوتے ہیں ان عدالتوں سے سنگین نوعیت کے جرائم کے مقدمات کی سماعت واپس لے لی جاتی ہے ۔

اور انہیں جرگہ کے سپرد کیا جا رہا ہے ۔ مجھے عرض یہ کرنا ہے کہ اس بل نے نہ صرف یہ کہ اس ملک کے عوام میں ایک اضطراب کی لہر دوڑا دی ہے بلکہ ہمارے ملک کی سب سے بڑی اور اونچی عدالت کے ججوں کو بھی اس قسم کا اندیشہ لاحق ہو گیا ہے کہ ملک میں قانون کی عملداری باقی نہیں رہیگی ۔ آج ہمارے وہ دوست جو ان بنچوں پر بیٹھے ہیں اسے حقیقت پسندانہ نقطہ نظر سے دیکھیں ۔ میں بڑی درد مندی اور دل سوزی کے ساتھ جو محسوس کرتا ہوں وہ عرض کرتا ہوں ۔ اس میں مخالفت برائے مخالفت کا جذبہ نہیں ہے ۔ میں اسطرح محسوس کرتا ہوں کہ اس مسودہ قانون کو پاس کر دینا ہماری طرف سے ہائی

کورٹ اور سپریم کورٹ کے خلاف عدم اعتماد کا ایک مجرمانہ طرز عمل ہوگا ۔

خواجہ محمد صفدر—(سیالکوٹ—۱) جناب والا ۔ میرے سامنے بیٹھے ہوئے حضرات اس کالے قانون کو مجبور و مقہور صوبہ پر نافذ کرنے میں جس عجلت کا مظاہرہ فرما رہے ہیں وہ میری سمجھ سے بالا ہے ۔ میں نہیں سمجھ سکتا کہ اتنی بڑی اکثریت رکھتے ہوئے انہیں کیوں اتنی عجلت پڑی ہے کہ ایجنڈے کو بار بار تبدیل کیا گیا ۔ وہ تو ہمیں اتنا وقت بھی نہ دیتے کہ ہم ترامیم پیش کر سکیں ۔ یہ تو ہماری کوششوں کا نتیجہ ہے کہ چار دن میں یہ بل زیر بحث نہیں آ سکا ۔ ورنہ یہ تو اسے اس دن لانا چاہتے تھے جب کہ ہم نے اسے پڑھا بھی نہیں تھا اور جب کہیں ایجنڈے کا نام و نشان نہیں تھا ۔ بہرحال اگر میرے دوستوں کا خیال ہے کہ نیشنل اسمبلی میں fundamental rights کا بل پاس ہونے سے پہلے پہلے اس مسودہ قانون کو قانونی شکل دے دی جائے تو میں حیران ہوں کہ آخر ان کو پھر بھی سوچنا چاہئے تھا کہ fundamental rights کا بل اس قسم کا بل نہیں ہوگا انشاء اللہ تعالی اور نیشنل اسمبلی میں اپوزیشن کی تعداد اللہ کے فضل و کرم سے ہماری طرح کم نہیں ہے بلکہ بہت زیادہ اور ان کی امداد کے بغیر fundamental rights کا بل وہاں پاس نہیں ہو سکتا — میں یہ کہوں گا کہ اگر کوئی اپوزیشن نیشنل اسمبلی میں اس قسم کے fundamental rights کے متعلق بل پاس کرنے کو تیار ہے جس سے اس مسودہ قانون جیسے کالے قانون پر زد نہیں پڑتی تو ایسی اپوزیشن کو اپوزیشن کہلانے کا قطعاً کوئی حق نہیں ہے ۔ جناب والا ۔ مجھے یقین ہے کہ اپوزیشن نیشنل اسمبلی میں اس قانون کو ایسی شکل میں پاس کرائے گی کہ اس کے پاس ہونے کے بعد یہ مسودہ قانون اگر پاس ہونا بھی ہے تو یقیناً کاغذ کا ایک بیکار ٹکڑا بن کر رہ جائے گا اور جو وقت اس ایوان کا ضائع کرایا جا رہا ہے اس کی ذمہ داری ہمارے سامنے بیٹھے ہوئے احباب پر آئے گی ۔

جناب والا ۔ اس صوبہ پر یا اس کے اکثر و بیشتر حصے پر تعزیرات پاکستان ۱۸۶۰ء سے نافذ ہے ۔ ضابطہ فوجداری ۱۸۹۸ء سے اور ایکٹ

شہادت ۱۸۷۲ء سے نافذ ہے ۔ قریب قریب ایک سو سال سے اس صوبہ میں یہ قوانین نافذ ہیں اور اتنے ہی عرصے سے ان قوانین کے تحت یہاں فوجداری مقدمات کا فیصلہ ہوتا رہا ہے ۔ مجرم سزا پاتے رہے ہیں اور ان اعداد و شمار کے پیش نظر جو کہ عبدالباقی نے پیش کئے ہیں یہ کہا جاسکتا ہے کہ جرائم کی رفتار اعتدال پر رہی ہے۔ ہو سکتا ہے کہ کسی ایک سال میں کوئی کمی بیشی ہو گئی ہو لیکن اس کے باوجود یہ دعویٰ سے کہا جا سکتا ہے کہ جرائم کی رفتار خواہ وہ قتل کے ہوں یا رہزنی کے یا کسی قسم کے جرائم ہوں ان کی رفتار گذشتہ ایک سو سال میں تقریباً تقریباً ایک ہی جیسی رہی ہے ۔

پھر آخر کیا وجہ ہے کہ اس قسم کا قانون لایا جا رہا ہے ۔ جس کے خلاف اس صوبہ کی پونے پانچ کروڑ آبادی ایک سرے سے دوسرے سرے تک چیخ و پکار کر رہی ہے اور کہہ رہی ہے کہ اس قانون سے بچایا جائے ۔ اس کے متعلق جو وجوہات پیش کی گئی ہیں اگر وہ درست ہیں تو اس کا یہ مطلب ہے کہ اس قانون میں سختی اس لئے لائی جا رہی ہے کیونکہ پہلے قانون سے مجرموں کو سزائیں نہیں دلا سکے آخر یہ سرٹیفکیٹ کس کو دیا جا رہا ہے ۔ کیا پولیس کو یہ سرٹیفکیٹ دیا جا رہا ہے کہ وہ اپنی نااہلی اور رشوت خوری کی وجہ سے مجرموں کو سزا نہیں دلا سکے یا افسروں کو ان کی نا منصف مزاجی کی بنا پر آپ یہ سرٹیفکیٹ کس کو دے رہے ہیں ۔ آپ کا نظام حکومت اور نظام قانون تو آپ کے دعویٰ کے مطابق معطل ہو چکا ہے ۔ تو یہ سرٹیفکیٹ اپنے افسروں کو دے رہے ہیں ۔ عدالتوں کو دے رہے ہیں یا پولیس کو دے رہے ہیں جو نااہل بد دیانت اور بدکردار ہیں ۔ ہم تو ایسا سرٹیفکیٹ ان کو دینے کے لئے تیار نہیں ہیں ۔ ہم تو سمجھتے ہیں کہ حکومت نے پہلے ہی عدالتوں کو اور پولیس کو اور تمام محکموں کے اختیارات کو مفلوج کر کے رکھ دیا ہے اب اس قانون کے پاس ہونے کے بعد ان کو مزید مفلوج کر دیا جائے گا ۔ بہتر یہ ہے کہ پولیس کو برطرف کر دیا جائے عدالتوں کے دروازے بند کر دئے جائیں کیونکہ اب آپ سب کچھ جرگہ کے ذریعہ کرانا چاہتے ہیں ۔ اب پولیس کسی کو گرفتار نہیں کر سکے گی مقدمات میں کسی سوچ سمجھ اور تفتیش کی زیادہ ضرورت نہیں ہوگی ۔ کوئی خاص گواہوں کو مقرر کرنے کی ضرورت

پیش نہیں آئے گی بس ایک سب انسپکٹر کی رپورٹ کافی ہوگی کہ خواجہ صفدر نے فلاں جرم کا ارتکاب کیا ہے ۔ اس لئے اب صرف یہ ضرورت ہوگی کہ ہر جگہ تھانیدار سے کام چلائیں گے یوں بھی تھانیداروں کے ذریعہ ہی اس صوبہ پر حکومت ہو رہی ہے جس کا کوئی جواز نہیں ۔ اب I. G. D.I.G. اور دوسرے افسران بالا کی کیا ضرورت رہے گی ۔ ان کی وجہ سے صوبہ پر اتنا بوجھ پڑا ہوا ہے ۔ میرے ایک دوست نے اسی طرح anticipate کیا ہے کہ شاید اس صوبہ میں عدالتوں کی ضرورت نہیں ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کی ضرورت نہیں ہے ۔ خیر وہ چونکہ سارے پاکستان کا معاملہ ہے ۔ میں صرف یہ کہوں گا کہ مغربی پاکستان میں ہائی کورٹ کی ضرورت نہ رہے گی ۔ شاید سیشن جج صاحبان اور دیگر میجسٹریٹ صاحبان کی ضرورت نہیں ہے ۔ بس جب اور جہاں چاہا کسی مقدمہ کو جرگہ کے سپرد کر دیا ۔ اگر یہی بات ہے تو پھر آپ نے اس صوبہ پر اتنا بوجھ کیوں ڈالا ہوا ہے ۔ آپ جرگہ ہی سے کام چلائیں اور اس سے ہی حکومت کریں ۔ اس کے بعد جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ میرے معزز دوست جو پرانے قانون دان ہیں یعنی ملک قادر بخش صاحب جو اس وقت یہاں سے چلے گئے ہیں انہوں نے اپنی تقریر دلپذیر میں یہ دعویٰ کیا تھا اور اس بات کا credit لیا تھا کہ ہم ایک زرین قانون لا رہے ہیں جس سے ہر طرف امن و امان کا دور دورہ ہو گا ۔ جب وہ یہاں آئیں تو انہیں میری بات convey کر دی جائے ۔

اس زرین قانون کے تحت جس کی بنیاد یہ ہے کہ ہر آدمی کو جرگہ کے سپرد کیا جائے ملزم کی حیثیت سے ۔ ہر مجرم کو خود ثابت کرنا ہوگا کہ اس پر جو الزام لگایا گیا ہے وہ غلط ہے ۔ جرگہ کو اتنے اختیارات حاصل ہیں کہ اس کے لئے یہ ضروری نہیں ہوگا کہ کارروائی کا ریکارڈ رکھے ۔ شہادتوں کو سنے یا کوئی گواہی لے بلکہ جو چاہے کرے ۔ صرف سنی سنائی بات پر کارروائی ہو سکتی ہے ۔ ایک خط لکھنے سے یا ممبر کے کان میں کوئی بات کہنے پر اعتبار کر لیا جاتا ہے اور تمام قوانین مروجہ تمام procedure کو طاق نسیاں پر رکھ سکتے ہیں ۔ اب اس بات کا بھی credit آپ لینا چاہتے ہیں تو لے لیں ۔ ۲۵۰۰ سال پہلے روم کے قیصر justinian کے ذہن میں یہ بات نہیں آئی تھی اور نہ ہی ۵۰۰۰ سال پہلے حمورابی کے ذہن میں یہ بات تھی کہ ملک میں اس قسم کا قانون رائج ہو جس سے کسی قسم کی کوئی عدالتوں کی ضرورت

نہ پڑے - کسی قسم کے دوسرے قانون کی ضرورت نہ ہو - بس جب کوئی چیز ذہن میں آئی کمشنر کو ٹیلیفون پر کہہ دیا کہ فلاں شخص کا مقدمہ جرگہ کے سپرد کیا جائے -

میں ملک صاحب سے ایک سوال پوچھتا ہوں - وہ پرانے وکیل ہیں اور صحیح طور پر بتا سکیں گے - اگر انہیں کسی سلسلہ میں جرگہ کے سپرد کر دیا جائے تو وہ کیا جرگہ کو باعث زحمت تصور کرتے ہیں یا باعث عذاب اور زحمت - پھر اگر وہ اپنے لئے کوئی بات پسند نہیں کرتے تو دوسروں کے لئے کیوں پسند کرتے ہیں -

"آنچہ بر خود مپسندی بہ دیگران مپسند"

جناب والا - اس سلسلہ میں جہاں تک ملک صاحب کا یہ دعویٰ ہے کہ وہ F. C. R. کو improve کر رہے ہیں میں نے اس پر بڑا غور کیا ہے اور بہت سر پٹکا ہے لیکن اس میں improvement کی کوئی گنجائش نظر نہیں آئی - میں حیران ہوں کہ آخر اس میں کون سی improvement کی جائے گی - اس میں کوئی شق ایسی نہیں جس کو اس شکل میں پیش کیا جائے کہ عوام کی کوئی بہتری ہو سکے- میرے محترم دوست وٹو صاحب نے کچھ ترامیم پیش کی ہیں - انہوں نے البتہ کوشش کی ہے کہ کوئی improvement کی جائے - جب ان کی باری آئے گی تو ہم سنیں گے کہ وہ کیا چاہتے ہیں -

یہ بات افسوس سے کہنا پڑتی ہے کہ حکمران پارٹی اس بل کو اس قدر عجلت سے لائی ہے کہ اپنی پارٹی سے رائے بھی نہیں لی اور یہ مسودہ قانون یہاں لے آئے ہیں - اب ان کی پارٹی کی ترامیم اس کے بعد آئے گی -

چاہئے تو یہ تھا کہ اس بل کو ایک amended شکل میں لایا جاتا - لیکن ان کی عجلت کی وجہ سے جو مسودہ قانون یہاں آیا ہے اور جو ترامیم اب اس میں لا رہے ہیں وہ انشاءُ اللہ ایسا قانون بنانے پر اس ہاؤس کو مجبور کر رہے ہیں کہ جب یہ قانون بن جائے گا تو سیشن ختم ہونے کے بعد ہی اس میں ترمیم کرنے کی ضرورت پڑ جائے گی -

مسلم لا شریعت ایکٹ جو پاس ہو چکا ہے اس کی سات دفعات متناقص ہیں اور جو کچھ ہو رہا ہے وہ آپ کے سامنے ہیں ۔ اب لا ڈیپارٹمنٹ سے کہا جا رہا ہے کہ انہوں نے یہ کیا بنا دیا ہے ۔ آپ اس مسودہ قانون کو اپنی brute majority کے بل بوتے پر منظور تو کر لیں گے لیکن اسے پھر لا ڈیپارٹمنٹ کے حوالے کرنا پڑے گا ۔

لا منسٹر صاحب نے ارشاد فرمایا ہے کہ وہ اسے improved form میں پیش کر رہے ہیں ۔ میری سمجھ میں تو نہیں آتا کہ یہ کیسی improved form ہے ۔ میری نظر میں اس مسود. قانون اور F C R میں کوئی فرق نہیں ۔ ماسوائے اس کے کہ چار پانچ شقوں کو نکال دیا ہے اور اس سے نمبر شمار تبدیل کرنے کی ضرورت پیش آئی ہے کیا اس تبدیلی کو وہ improved form کہتے ہیں ۔ کیا اس سے یہ سمجھا جائے کہ اونٹ پر سے چھلنی انار لینے سے اس کا بوجھ ہلکا ہو جائے گا ۔ کیا چند شقوں کو نکال دینے سے صوبہ کے عوام کا بوجھ ہلکا ہو جائے گا ۔ دیوانی مقدمات کو جرگہ کے سپرد کرنے سے بوجھ ہلکا نہیں ہوگا جب کہ فوجداری مقدمات اسی طرح عدالتوں کے پاس رہیں گے ۔

جناب والا ۔ میں آپ کی توجہ ایک بات کی طرف دلاتا ہوں ۔ نہ صرف ہماری یہ حکومت بلکہ اس سے پہلے بھی یہ دعویٰ کرتے رہے ہیں کہ یہ ملک چونکہ اسلام کے نام پر لیا گیا تھا ۔ اس لئے یہاں کے مسلمانوں کو اسلامی طور طریقے کے مطابق اپنی زندگیاں گذارنے کے مواقع بہم پہنچائے جائیں ۔ یہ دعویٰ اس سے پہلے بھی ہوتا رہا ہے اور آج بھی ہمارے وزرائے کرام اس دعوے کو دہراتے ہوئے نہیں تھکتے ۔ ہر روز کسی نہ کسی رسم افتتاح پر یا کسی اور مجلس میں ہمارے وزراء میں سے کوئی نہ کوئی یہ دعویٰ کرتے ہی رہتے ہیں ۔ ہاں ۔ ایک رات وہ کسی کلچرل شو کا افتتاح کر آتے ہیں اور دوسری رات کسی جگہ وعظ و نصیحت فرما آتے ہیں ۔ یعنی یہ دونوں کام ساتھ ساتھ چلتے ہیں ۔

تو جناب والا ۔ اگر میرے دوست اس کی طرف توجہ دلاتے اور موجودہ قانون کی اس طور پر ترمیم کرتے اور اسے اسلامی ڈھانچے میں

ڈھالنے کی کوشش کرتے ۔ تو ہم ان کو مبارک باد دیتے اور اس سارے صوبے کی آبادی ان کو مبارک باد دیتی ۔ کہ آپ نے ایک اچھا قدم اٹھایا ہے ۔ ایک احسن کام کیا ہے ۔ مجھے انتہائی خوشی ہوتی ۔ اگر آپ قتل کی سزا قتل مقرر کرتے ۔ اگر آپ چوری کی سزا ہاتھ کاٹ دینا مقرر کرتے ۔ مجھے انتہائی خوشی ہوتی اور میں کم از کم فخر سے کہہ سکتا کہ یہ سزائیں عین اسلامی ہیں اور جو آپ کی غرض و غایت ہے کہ جرائم میں کمی ہو ۔ تو اس قسم کی deterrent punishment سے جرائم میں کمی ہو سکتی ۔ لیکن آپ قتل کی سزا کیا دے رہے ہیں ۔ چودہ سال قید ۔ جہاں پھانسی ملنے پر تو قتل آپ سے ختم نہیں ہوئے ۔ تو جب یہ سزا اڑا دی جائے ۔ تو کیا قتل کی وارداتیں مٹ جائیں گی ۔ آپ اس حد تک اس قانون کو نرم کر رہے ہیں ۔ آپ پھانسی کی سزا ختم کرکے اس کے بجائے اسے عمر قید میں تبدیل کرکے لوگوں کو encourage کر رہے ہیں ۔ ان کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں کہ وہ زیادہ قتل کریں ۔

وزیر ریلوے (مسٹر عبدالوحید خان)—قتل کی سزا اگر پھانسی میں تبدیل کر دی جائے ۔ تو آپ اسے قبول کرینگے ۔

You have put a very specific question. If we convert the sentence from transportation of life to death, will you accept the law as it is ?

خواجہ محمد صفدر—جناب والا ۔ یہ hypothetical باتیں ہیں ۔ آپ ترمیم لائیں پھر باتیں کریں گے ۔

اگر تو عام عدالتی نظام کے تحت اس کا فیصلہ کرنا ہے ۔ تو میں accept کرتا ہوں ۔ لیکن اگر سنی سنائی باتوں پر چل کر پھانسی دینی ہو یا چودہ سال کی سزا دینی ہو تو میں اسے ایک مجرمانہ قتل سمجھوں گا ۔ اگر آپ اسے اس طریقے پر کریں گے ۔

Minister of Railways : Now, you are shifting ground.

Khawaja Muhammad Safdar : Not at all. I am not shifting.

میں تو یہ کہتا ہوں کہ موجودہ قوانین کو اس طرح تبدیل کیا جائے کہ وہ اسلامی قوانین سے ہم آہنگ ہو جائیں ۔ یہ نہیں کہہ

رہا ہوں کہ اسے جرگہ میں رکھ لیں تو مجھے قبول ہوگا ۔ میں تو ان کے اصول کے ہی خلاف ہوں ۔ یہ تو عدالت بنیادی اصول کے مخالف ہے ۔

Begum Jehan Ara Shahnawaz : Mr. Speaker, on a point of information. I have heard today a whisper that only those Members who have placed their amendments will be allowed to speak...

Mr. Speaker : I think the lady member is confusing the two things. I am taking up amendments first and after that if some speaker is left out then he can speak on the general principles. I will give the lady member an opportunity after disposing of the amendments.

خواجہ محمد صفدر—جناب والا ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ یہ ترمیم پیش کرنے کی ضرورت نہیں ہے ۔ البتہ جو دوست مثلاً بیگم صاحبہ ۔ کرمانی صاحب ۔ خورشید صاحب ۔ اگر اس کے جنرل principles پر بولنا چاہیں ۔ تو انہیں بولنے کی اجازت دیں ۔

Mr. Speaker : I am not going to allow speeches on general principles again.

مسٹر حمزہ (لائیلپور — ۱) — جناب سپیکر ۔ جناب صفدر صاحب یہ فرما رہے تھے کہ ہماری گورنمنٹ پارٹی نے اس بل کو اس ایوان میں پیش کرنے میں نہایت عجلت سے کام لیا ہے ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ شاید ان کو صحیح صورت حال کا علم نہیں ہے ۔ اگر انہوں نے تمام گورنمنٹ پارٹی کے ممبران سے رابطہ قائم کیا ہوتا ۔ تو ان کو اس بات کا پتہ چلتا کہ یہ بیچارے قطعی طور پر بے بس ہیں ۔ وزراء کا بھی یہی حال ہے یہ احکامات کسی اور کی طرف سے آتے ہیں اور وہ بھیجنے والے کے بارے میں آپ کو بھی علم ہوگا کہ وہ کون ہے اور اگر میں نے ان کا نام لیا ۔ تو آپ مجھے out of order کر دیں گے ۔ اس لئے ان کا نام نہیں لینا چاہتا ۔ ۔ ۔ ۔

میر نبی بخش خان زہری—ہم بے بس نہیں ہیں ۔

Mr. Speaker : The member should not be personal, he should talk on general principles.

مسٹر حمزہ—جناب صدر ۔ میں نے وہ ایام بھی دیکھے ہیں ۔ جس

وقت اس ملک پر انگریز قابض تھے - لیکن حقیقت یہ ہے کہ انگریز بھی بااصول انسان تھے - ان کی غلامی بھی بعض لوگوں کو برداشت تھی - لیکن ہماری انتہائی بدقسمتی ہے کہ آج ہم غلاموں کے غلام بنائے جا رہے ہیں اور وہ غلام جو اس ملک کے ایک بڑے حصے کو ایک قید - ایک کھلی قید کی شکل میں تبدیل کرنا چاہتے ہیں - اس لئے میں اس بل کی انتہائی مخالفت کرتا ہوں اور کرتا رہونگا -

جناب سپیکر - اس بل کے مقاصد کی کامیابی کی ایک سب سے بڑی شرط یہ ہے کہ ہماری انتظامیہ انتہائی طور پر دیانتدار اور efficient ہو - اور اگر یہ شرط پوری ہوتی تو اس صورت میں ہمیں اس قسم کا بل یہاں لانا چاہئے تھا - آپ کو اس بات کا علم ہوگا - اگر ہمارے وزراء صاحبان کو باہر پبلک کے مسائل کا پتہ نہیں - تو کم از کم ہم نے اس ایوان میں ثابت کر دیا ہے کہ ہماری انتظامیہ اس قسم کی ہے - کہ ان کو آپ جتنے بھی زیادہ اختیارات دینگے - وہ اس کو ناجائز طور پر استعمال کریں گے - میں آپ کے سامنے مثالیں پیش کرتا ہوں -

جناب راؤ خورشید علی خان صاحب کے سوال کے جواب میں پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے یہ فرمایا تھا کہ ایک شخص جس کو کہ مارشل لاء کے ایام بھی corruption کے کیس میں سزا ہوئی تھی - اس کے بعد اس گورنمنٹ نے اس کی services کو regularise کیا - اس کو پہلے ایک ادنیٰ عہدے پر فائز کیا اور اس کے بعد پھر ملتان امپروومنٹ ٹرسٹ کا سیکرٹری بنایا اور اسے P. C. S. کا سکیل دیا گیا - میں نے آپ کے سامنے اس ایوان کے سامنے ایک privilege motion پیش کیا ہے - - - -

Mr. Speaker : Is it the principle of law making ?

مسٹر حمزہ — جی ہاں - یہ principles of law making کے متعلق ہے کہ ہم کن لوگوں کو اختیارات دے رہے ہیں - مجھے اصولی طور پر اس سے اختلاف ہے - میں آپ کے سامنے اور آپ کی وساطت سے اس ایوان کے سامنے definite مثالیں پیش کرتا ہوں کہ یہ جو اختیارات دئے جا رہے ہیں - یہ ناجائز طور پر بے بسوں - غریبوں کمزوروں کے خلاف

استعمال ہوں گے اور جو لوگ صحیح معنوں میں مجرم ہونگے ۔ ان کو قطعی طور پر touch نہیں کیا جائے گا ۔

یہ ڈی ۔ آئی ۔ جی پولیس جن کی بابت آج تک مشہور ہے کہ قائد ملت لیاقت علیخان کے قتل میں ان کا ہاتھ تھا یہ ان ہی کا case تھا جن کو ٦ مربع زمین لائلپور کے قریب دیگئی اور انہیں کے متعلق anti corruption deptt. اور inspection team والوں نے یہ رائے دی تھی کہ جو اراضی انہیں نے حاصل کی تھی ناجائز طریقہ سے حاصل کی تھی اس زمین کو cancel کیا جائے اور یہ زمین cancel کی گئی لیکن انہی کو ۲۴۰ ایکڑ اراضی گدو بیراج میں دی گئی ۔ اس سے آگے بڑھئے اس بات کو دو تین سال کا عرصہ گذر چکا ہے ۔

Minister of Railways : Was it allocated under F. C. R. ?

مسٹر حمزہ—یہ آپ کی گورنمنٹ کے کار ہائے نمایاں ہیں یہ ان لوگوں کے کارہائے نمایاں ہیں جن کے ہاتھوں میں ننگی تلواریں ہیں اور وہ لوگوں کے گلے کاٹتے ہیں ۔ اس سے زیادہ اور کیا relevancy ہو سکتی ہے دو تین سال کا عرصہ گذر چکا ہے ۔

Mr. Speaker : I think I will have to disallow the member if he talks about general matters. If he does not stop talking about general things after my repeated reminders then I am not going to allow him to continue.

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر ۔ یہ جو مسودہ قانون گورنمنٹ نے ہمارے سامنے پیش کیا ہے اس کہ ہم علاج بالمثل کہتے ہیں بجائے اس کے کہ جو لوگ نااہل ہیں ہم ان کو اختیارات نہ دیں اور ان پر strict supervision کریں تاکہ ان کی اصلاح ہو ان ہی لوگوں کو مزید اختیارات دئے جا رہے ہیں اور جناب ملک قادر بخش صاحب نے فرمایا ہے کہ ان لوگوں کو اس لئے اختیارات دئے گئے ہیں کہ یہ لوگ رشوت ستانی کی وبا کو دور کریں گے ۔ preamble میں لکھا ہوا ہے ۔

"Whereas it is desired to take more effective steps for the eradication of corruption."

لیکن اس کے ساتھ ساتھ آپ سیکشن ۳ کو پڑھئے - اس میں لکھا ہوا ہے -

"Provided that the case of a person accused of an offence specified in Part B of the First Schedule shall not be referred to a Tribunal where such person is a public servant serving in connection with the affairs of Centre.

اس کے آگے sub section 3 میں فرماتے ہیں -

(3) No reference shall be made to a Tribunal under this section in respect of an offence specified in Part B of the First Schedule, where the accused or any of them is a public servant serving in connection with the affairs of the Province except with the sanction of Government or of any other authority specially authorised by Government in this behalf."

عرض یہ ہے کہ سرکاری ملازمین کے بارے میں یہ شرط لگا دی گئی ہے کہ اگر ان کے خلاف corruption کا case ہو تو سب سے پہلے پراونشل گورنمنٹ سے یا کمشنر سے یا سنٹرل گورنمنٹ سے اجازت لینی ہوگی - حقیقت یہ ہے کہ اگر انہیں corruption کو دور کرنا تھا اور اگر ان کا corruption دور کرنے کا وعدہ ٹھیک ہوتا تو اس proviso کو اس بل میں اس شکل میں نہیں لانا چاہئے تھا - corruption کے تمام cases کے خلاف عام قانون کے تحت کارروائی ہونی چاہئے تھی - لیکن افسوس کا مقام ہے کہ اس گورنمنٹ کی نااہلی کی وجہ سے بڑے بڑے لوگوں کے گناہ جنہوں نے مارشل لاء کے زمانے میں corruption کو چار چاند لگائے چھپائے جا رہے ہیں - اور اب اس proviso کی رو سے پراونشل گورنمنٹ اور سنٹرل گورنمنٹ اس قانون کے تحت وہ صرف اپنے مخالفین کے خلاف اس قانون کے تحت مقدمہ چلانے کی اجازت دے گی - اور جو منظور نظر ہوں گے - یہ اجازت نہیں دی جائے گی - اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ ملازموں میں جو چند ایک دیانتدار آدمی ہیں ان کا بھی صفایا کر دیا جائیگا -

Mr. Speaker : The member's time is over.

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر - آپ خود جانتے ہیں یہ کیسا اہم مسئلہ ہے -

مسٹر سپیکر—اس لئے تو میں ٹائم دے رہا ہوں -

I think the Opposition should be reasonable. I am giving full time.

مسٹر حمزہ—مسٹر سپیکر —ہمارا جو موجودہ آئین ہے اس کے بارے میں سیاسی حلقوں میں شبہہ کیا جاتا ہے کہ اس کو مرتب کرنیوالے سی - ایس - پی آفیسر تھے - اور یہ بل جو اس وقت ایوان کے سامنے ہے یہ بھی ہمارے سی - ایس - پی آفیسران کا کارنامہاں ہے - اور ان سی - ایس - پی آفیسران کے متعلق ہماری نیشنل اسمبلی میں جناب فرید صاحب نے فرمایا ہے کہ سی - ایس - پی آفیسرز سب سے زیادہ منظم اور طاقتور سیاسی پارٹی ہیں - جہاں تک کہ موجودہ وزرا اور ہماری گورنمنٹ پارٹی کے ممبروں کا تعلق ہے یہ سب کٹھہ پتلی ہیں - اصل میں سی - ایس - پی افسران ہی ہیں جو وسیع اختیارات حاصل کرنا چاہتے ہیں -

ایک ممبر—ہم کٹھہ پتلی نہیں ہیں -

مسٹر حمزہ—اگر آپ کٹھہ پتلی نہ ہوتے تو ادھر نہ بیٹھے ہوتے -

Mr. Speaker : The member may resume his seat.

رائے منصب علی خان—جناب والا - حمزہ صاحب نے اراکین کے متعلق ''کٹھہ پتلی'' کا لفظ جو استعمال کیا ہے میں استدعا کرتا ہوں کہ یہ اسے واپس لے لیں -

Mr. Speaker : He may please withdraw this word.

Khawaja Muhammad Safdar : It is not unparliamentary.

Mr. Speaker : It creates some insulting feeling.

مسٹر حمزہ—عرض یہ ہے کہ یہ بیچارے چون و چرا نہیں کرسکتے- چلئے میں ''کٹھہ پتلی'' کے لفظ کو withdraw کرتا ہوں -

میاں عبداللطیف (شیخوپورہ -) —جناب والا - قانون کا احترام ہر شخص کو ہونا چاہئے اس سے ہماری زندگی سے ایک ایک منٹ کا واسطہ ہے اگر یہ juresprudence نہیں تو ہماری زندگی

jurespredence نہیں اگر ہم اس پر بھروسہ نہیں کر سکتے اور یہ قابل عمل نہیں تو ہماری زندگی ہی بے عمل ہے - اس لئے law making machinery کو ہر پہلو سے غور کرنے کے بعد کوئی قانون بنانا چاہئے تاکہ کسی گوشے میں بھی ذرا سی خرابی نہ پائی جائے اور procedure یہ ہے اور یہ چیز internationally established ہے کہ جو شخص قانون بناتا ہے وہ اطمینان کے ساتھ غور کرتا ہے اس کے بعد وہ شخص اپنے مسودہ قانون کو اپنی پارٹی کے سامنے پیش کرتا ہے وہ پارٹی جیسا کہ ہمارے سامنے گورنمنٹ پارٹی ہے اور یہ پارٹی ۱۲۲ ممبروں پر مشتمل ہے غور کرتی ہے اور نہایت اطمینان کے ساتھ ایک ایک لفظ کو پڑھتی ہے ایک ایک para کو پڑھتی ہے تاکہ کوئی نقص اس کی کسی شق میں نہ رہنے پائے - اس کے بعد جب یہ چیز ہاؤس میں آتی ہے تو پھر یہ ہاؤس غور کرنے سے پہلے اس کو اکسپرٹ کے حوالے کرتا ہے -

ایک ممبر—پارٹی نے اس پر غور کر لیا ہے -

میاں عبداللطیف—جب اکسپرٹ کمیٹی اور سٹینڈنگ کمیٹی میں غور کرنے اور اس چھلنی میں سے گذرنے کے بعد بل دوبارہ ہاؤس میں آتا ہے تو پھر یہاں اس کے ہر clause اور ہر شق پر غور کیا جاتا ہے اور محض اس وجہ سے کہ کوئی قانونی خامی باقی نہ رہے لیکن میں یہاں یہ گذارش کرتا ہوں کہ جس شخص نے یہ legislative measure بنایا اور تیار کیا ہے اس نے بھی اس پر غور و خوض نہیں کیا اس نے بھی سکون سے اس پر توجہ نہیں کی -

Mr. Speaker : The House now stands adjourned till 4.30 p. m. today.

(The Assembly then adjourned till 4.30 p. m. the same day.)

The Assembly met at 5.10 p. m. Mr. Senior Deputy Speaker, Mr. Muhammad Ishaq Khan Kundi, in the chair.

Mr. Senior Deputy Speaker : Mian Muhammad Latif may please resume his speech.

میاں عبداللطیف — جناب سپیکر ۔ میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ قانون سازی اور تیزی یہ دو متضاد چیزیں ہیں ۔ تیزی کے ساتھ بنایا ہوا قانون قوم کے لئے کبھی مفید نہیں ہو سکتا اور ہاؤس کے لئے ہمیشہ سر درد بنا رہیگا ۔ اس کے لئے بڑے ٹھنڈے سوچ بچار کی ضرورت تھی ۔ میں یہ دعوے سے کہتا ہوں اس قانون کو ٹھنڈے دل کی سوچ بچار نہ لاء منسٹر کے ہاتھوں نصیب ہوئی اور نہ اس وزارت کے ہاتھوں نصیب ہوئی اور نہ اس پارٹی کے ہاتھوں نصیب ہوئی ہے ۔

میں دوسری بات یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اب جب کہ ہمارے سامنے دستاویز شہادت موجود ہے لیکن اس پر غور و خوض پورا نہیں کیا گیا کیونکہ وزیر قانون کی آج کی statement میں ہے کہ خود میں اس میں ترمیمیں کرنے والا ہوں اور ترمیمیں کرانے والا ہوں ۔ نمبر ۲ رولنگ پارٹی جس کی طرف سے یہ بل آیا ہے اور جس کی support سے یہ بل پاس ہونا ہے اس کی طرف سے جناب عالی ۔ کم از کم ۱۹۷ ترمیمیں اس وقت تک موصول ہو چکی ہیں ۔

چونکہ آپ کی پارٹی نے اس کو اپنایا نہیں ۔ آپ کی پارٹی اس کی ہر شق میں ہر فقرے میں ترمیم کرنا چاہتی ہے اس لئے یہ زیادہ ضروری وجہ ہے کہ آپ اس کو ہاؤس سے واپس لیں اس میں ترامیم کریں اور ہر ممکہ شکل میں جو آپ کی پارٹی کو کم از کم منظور ہو دوبارہ اسے اس ہاؤس میں لائیں ۔

اس کے بعد جناب میں نے یہ عرض کرنا ہے کہ میرے بہت سے دوستوں کو معلوم نہیں کہ یہ قانون دراصل ہے کیا اس کی implications ہیں کیا ۔ میں چند موٹی موٹی باتیں اور بنیادی اصول بیان کرتا ہوں جس کی وجہ سے بل کو ۱۹۰۱ سے اس وقت تک کالا بل کہا جاتا ہے وہ کیا ہیں ۔ نمبر ۱ شرعی لحاظ سے ۔ اخلاقی لحاظ سے یہ ضروری ہے کہ ملزم کو یہ معلوم ہو کہ میں کس آدمی کے بیان پر سزا پا رہا ہوں ۔ وہ آدمی اس کے سامنے آ کر شہادت دے اس کے بیان کو ملزم سنے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: I think the motion is for eliciting public opinion.

Mian Abdul Latif: I know my responsibility.

کیوں اس کو پبلک opinion کے لئے بھیجا جائے اس میں بہت سی اہم چیزیں ہیں ۔ natural justice سے depart کرتی ہیں ۔ اس لئے عوام سے پوچھا جائے اور لوگوں سے پوچھا جائے کہ تم رضا مند ہو کہ ایسا کر دیا جائے ۔ یہ مجھے بتانا پڑے گا کہ موٹے موٹے اصول کیا ہیں جن کی بنا پر ان کو باہر بھیجنا ضروری ہے ۔ تو جناب یہ ہمارے ویسٹ پاکستان کا قانون ہوگا جو یہ کہتا ہے کہ ملزم کی غیر حاضری میں ایک خفیہ تحقیقات آپ لوگ کر سکتے ہیں ۔ ملزم کو قیادت تک معلوم نہ ہو ۔ اس کو قید بھگت کر واپس جانے تک معلوم نہ ہو کہ کس کی شہادت پر اس کو سزا دی گئی تھی ۔ لیکن یہ جناب اس قانون میں موجود ہے یہ بھی جناب ضروری نہیں جرگہ کے ممبر صاحبان اس شہادت کو ریکارڈ پر لائیں ۔ یہ لکھیں کہ یہ بیان اس نے دیا تھا یہ جناب ریکارڈ کرنا اس قانون میں ضروری نہیں ۔

نمبر ۳ ۔ جناب یہاں evidence act کو اس میں سے خارج کر دیا گیا ہے ۔ evidence act یہ کہتا ہے کہ پولیس کے لکھے بیانوں کو شہادت میں نہیں لیا جائیگا ۔ اب یہ جناب جرگہ سسٹم والے پولیس کے لکھے ہوئے بیانات پر شہادت لیکر اس کے مطابق سزا دے سکتے ہیں ۔ evidence act خارج کرنیکا مقصد یہ ہے کہ قانون شہادت کے مطابق کسی آدمی کا اقبال جو پولیس کے سامنے ہو اس بنا پر سزا نہیں ہو سکتی ہے ۔ اب جناب جرگہ والے پولیس کے لکھے ہوئے اقبال پر سزا دے سکتے ہیں ۔ کس طرح کے اقبال سے جو جبر سے ۔ تشدد سے ۔ لالچ سے لیا گیا ہو وہ بنائے سزا نہیں ہو سکتا ہے۔ اب یہ جرگہ سسٹم جو قانون ۱۹۶۳ء میں بن رہا ہے یہ کہتا ہے کہ اس پر بھی سزا ہو سکتی ہے ۔

نمبر ۴ جناب چند ایک ایسی بنیادی چیزیں جو سوشل آرڈر کو برقرار رکھتی ہیں مثلاً قانون صاف یہ کہتا ہے کہ بیوی

اور خاوند کے درمیان جو بات چیت شادی کے دوران ہو وہ محفوظ ہے اس میں کوئی عدالت کوئی جرگہ دخل نہیں دے سکتا ۔ ہمارے جرگے والوں کو ہمارے وزیر قانون نے اختیار دیا ہے کہ بیوی خاوند کے پاس کھڑی ہے اسے مجبور کرو کہ وہ بتائے کہ تمہارے خاوند نے رات کو کیا بات کہی تھی یا خاوند کو مجبور کرو کہ وہ بتائے بیوی نے تم سے کیا بات چیت کی تھی۔ ایک اور دفعہ یہاں رکھی گئی ہے۔ قانون یہ ہے کہ وکیل اور موکل کے درمیان بات چیت ان کے اگریمنٹ کے متعلق ہو وہ محفوظ ہے وکیل کو اجازت نہیں ہوگی کہ کسی کو بتائے ۔ لیکن جو جرگہ کو اختیار ہوگا کہ وہ مجبور کرے وکیل صاحب کو کہ بتاؤ تمہارے پاس اس آدمی نے کیا کہا تھا یہ سوشل آرڈر کو جو بالکل ہی breach کر دینے والی چیزیں ہیں ان کے متعلق بھی میرے فاضل بھائی خود غور کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں نہ سلیکٹ کمیٹی پر متفق ہوتے ہیں نہ پبلک کی رائے لینے پر رضامند ہیں ۔

اس کے علاوہ جناب بڑی اہم چیز یہ ہے کہ اس میں کوئی حق اپیل نہیں ۔ میرے فاضل بھائی خود ہی روتے ہیں کہ اپیل کا حق دے دیا اس میں لکھا ہوا ہے "no appeal" محض کمشنر کو حق حاصل ہے کہ وہ کسی کی درخواست پر خود ریکارڈ کو طلب فرما لیں اور طلب فرما کر اس پر سماعت فرما لیں ۔ اس کو اختیار ہے کہ وہ اپیل reject کر دیں اور ملزم کو حق حاصل نہیں کہ وہ یہ کہے کہ مجھے بھی سنا جائے ۔ ملزم کی غیر حاضری میں وہاں شہادتیں لی گئیں ۔ ملزم کی غیر حاضری میں کمشنر نے revision نامنظور کر دی ۔ اگر کمشنر فیصلہ کو منسوخ کرنا چاہتے پھر البتہ ضروری ہے کہ فریقین کو بلا کر سماعت کر لے اگر وہ نامنظور کرنا چاہے تو وہاں سے ٹیلیفون پر جو یہاں سے جائے گھر بیٹھے ملزم کی اپیل کی نگرانی بھی نامنظور ہو جائے ۔

اس کے علاوہ جناب بنیادی اصول ہیں ۔ شرعی شہادت کا بھی اور اخلاقی شہادت کا بھی ۔ کہ کسی گواہ کے بیان کو

تسلیم نہ کرو جب تک ملزم اس پر جرح نہ کر لے - یہاں جرح کا کوئی سوال ہی نہیں - قانون میں لکھا ہوا ہے کہ ملزم کو جرح کا حق حاصل ہوگا -

اگر puplic opinion اس قسم کے سنگین قوانین کے لئے بھی نہ ہو تو میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے اس موجودہ دور میں کوئی قانون بھی نہیں ہوگا جس کے لئے سٹینڈنگ کمیٹی یا سیلیکٹ کمیٹی رائے عامہ کی محتاج ہو - تو جناب - ایک عرض یہ کرتا ہوں کہ میرے فاضل بھائی نے بڑے فخر سے فرمایا تھا کہ ہم قانون میں "improvement" کر رہے ہیں - ان کی اس "improvement" پر مجھے ایک کہانی یاد آ گئی - کہانی یہ ہے کہ

"ایک سکھ ریاست میں ایک مہنت تھا - اس مہنت کو بہت روٹیاں کھانے کی عادت تھی - کم سے کم بیس روٹیاں کھایا کرتا تھا - ورنہ کبھی کبھی تیس پینتیس روٹیاں بھی کھا جایا کرتا تھا - علاقے میں بدنامی ہو گئی - کوئی کہتا تھا یہ کالے منہ والا مہنت ہے - کوئی کہتا تھا کہ یہ ڈنگر ہے - کوئی کہتا یہ مویشی ہے - یہ کھاتا نہیں کھاتا بلکہ ـــــ کھاتا ہے - اس نے سنا کہ یہ بہت بدنامی ہو گئی ہے اب میں بھی کچھ 'امپرووومنٹ' کروں - ایک مائی تابو اس کو روٹی لا کر دیا کرتی تھی محلہ سے مانگ کر - وہ اس دن شام کو روٹیاں لے کر آئی - کہنے لگی - مہنت جی - روٹیاں رکھ کر جا رہی ہوں ڈیرہ میں - اس نے پوچھا کتنی ہیں ؟ کہنے لگی بیس - کہنے لگا تیرا ستیاناس ہو کیا انیس تھوڑی ہوتی ہیں ؟ انیس چھوڑ جا -"

تو میرے فاضل بھائی نے سو فی صدی برے قانون کو مٹا کر "امپرووومنٹ" نام دیا ہے ابھی ۹۹ فیصد را قانون ہمارے پاس موجود ہے تو اس پر میرے فاضل بھائی کیا فخر کر سکتے ہیں - قانون دان ہوتے ہوئے ملزم کو حق جرح تو ایک طرف گواہ کو دیکھنے تک کا موقع نصیب نہ ہو اپیل نصیب نہ ہو اور پھر میرے فاضل بھائی کہتے ہیں کہ میں نے کراچی پر احسان کر دیا جہاں پہلے یہ قانون نہیں تھا - سندھ پر کر دیا جہاں پہلے یہ نہیں تھا - بہاولپور کو عنائیت کر دیا ہم نے جہاں

پہلے یہ نہیں تھا - یہ ''امپروومنٹ'' ہے کہ جہاں پہلے یہ چیزیں نہیں تھیں وہاں بھی یہ لاگو کر دیا ہے - اب میرے فاضل بھائی یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہم نے یہ ۹۹ فیصدی کر دیا ہے ایک فی صد کی کمی کر دی ہے تو یہ فرانٹیئر کے رقبہ میں کر دی ہے - باقی پنجاب - بہاولپور - سندھ اور کراچی میں کوئی امپروومنٹ نہیں ہے ؟ اس سلسلے میں دو چیزیں اور ہیں جناب - میرے فاضل بھائی کہتے ہیں کہ اس سے رشوت ستانی کم ہو جائے گی - میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ اس میں دو ایک چیزیں ایسی ہیں جو رشوت ستانی کو بڑھا دیں گی - وہ یہ کہ اگر کوئی آدمی صحیح ملزم ہے تو اس کی یہ تمنا ہوتی ہے کہ میں بری ہو جاؤں یا کسی طرح پھانسی سے بچ جاؤں اور جہاں بےگناہ آدمی پھنس جاتے ہیں تو ان کی تمنا یہ ہوتی ہے کہ میں جرگہ کے حوالے نہ ہو جاؤں - مجھے وہاں قید ہو جائیگی - سات سال کی - میں کورٹ میں جاؤں - اب یہاں جناب ایگزیکٹو کو یہ اختیار ہے کہ ایک قاتل ہے جس سے وہ رعایت کرنا چاہتے ہیں - اس رعایت کی کوئی فیس کسی علاقے میں کسی شخص کو پہنچ جاتی ہے - جو رشوت یہ ہٹانا چاہتے ہیں - وہ اس سے اور بڑھ جائے گی - وہ پولیس افسر جو یہ چاہتا ہے - کہ اس ملزم کو ۱۴ سال کی قید نہ ہو اور پھانسی بالکل نہ لگے اور وہ ملزم پچاس ہزار روپیہ خرچ کرنے کو تیار ہو تو وہ recommend کرے گا - کہ یہ بڑا خطرناک آدمی ہے - اگر یہ کسی کورٹ میں گیا تو گواہان شہادت نہیں دیں گے یہ جرگہ میں جائے - تو اس آدمی کو تسلی ہو گئی - کہ مجھے پھانسی نہیں ہو گی - اور قید بھی چودہ سال سے آگے نہیں ہو گی - تو یہ رشوت انہوں نے دلائی ہے یا کسی اور نے ؟ - ایک بات اور جناب - کسی بے گناہ کو پکڑ لائے - روپیہ اس کے پاس موجود ہے تو تھانیدار کہے گا کہ بھئی - میں کیا کروں یہ قانون ہی ایسا ہے - مجھے تو جرگے کے حوالے آپ کو کرنا ہی ہو گا - وہ منتیں کرے گا کہ بھئی - چالان میرا ضرور کر دو - لیکن مجھے عدالت میں بھیج دو - اس کے لئے جناب ضروری نہیں ہے کہ وہ عدالت ہی میں بھیجے - وہ کچھ لے کر ہی بھیجے گا - اور میرے فاضل دوست اس کا کوئی علاج نہیں کر سکینگے - اس میں discretion دے کر آپ نے

رشوت ستانی کے لئے یہ ایک خلا چھوڑ دیا ہے ۔ ایک اور بات میرے فاضل بھائی نے یہ کہی تھی ۔ کہ اس سے جرائم کی رفتار اس علاقے میں سست پڑ جائے گی ۔ ۱۹۰۱ء میں یہ فرانٹیئر کرائمز ریگولیشن پیدا ہوا ۔ ۱۹۰۱ء سے ۱۹۶۳ء تک یعنی اب تک یہ " فرانٹیئر کرائمز ریگولیشن " فرانٹیئر ریجن میں رائج ہے ۔ کیا اس پارٹی میں سے کوئی صاحب یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس ۶۳ سال کے عرصے میں فلاں ڈویژن میں کوئی قتل یا چوری یا جرم نہیں ہوتا ؟

مسٹر حمید اللہ خان—پوائنٹ آف آرڈر ۔ کیا یہ صاحب بتلائیں گے ۔ کہ فرنٹیئر میں " فرنٹیئر کرائمز ریگولیشن " کیوں حاوی کیا گیا تھا ؟

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر—یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

میاں عبداللطیف—میری مختصر گذارش ان حالات میں یہ ہے کہ ان ساری باتوں کو مد نظر رکھتے ہوئے میرے فاضل بھائی خود اس بل کو جسے انہوں نے پیش کیا اس کو over نہیں کر رہے ۔ یہ پارٹی جس کو اسے support کرنا چاہئے ہے وہ پارٹی اس کو support نہیں کر رہی ہے ۔ اس کی ہر شق پر amendment آئی ہوئی ہے ۔ اس کے علاوہ یہ لازمی ہے کہ خدا کے لئے اس ہاؤس پر نہیں تو باہر کی دنیا پر رحم کرو ۔ اگر آپ public opinion نہیں لینا چاہتے ہیں تو خدا کے لئے اسے سیلیکٹ کمیٹی یا سٹینڈنگ کمیٹی کے حوالے کر دو تب یہ درست ہو گا ۔

Mr. Senior Deputy Speker : The House is adjourned for fifteen minutes for Asar Prayers.

(The Assembly then adjourned for fifteen minutes for Asar prayers.)

The Assembly met at 5. 50 p. m. after adjournment for Asar Prayers. Mr. Senior Deputy Speaker in the Chair.

Mr. Senior Deputy Speaker : Before we resume discussion, I would like tell the Members that repetition of old arguments will not be allowed.

Sardar Muhammad Asbraf Khan (Parliamentary Secretary) : As there are a number of speakers on both sides, I would requests that a time limit may kindly be fined.

میاں محمد اکبر(گجرات - ۱)—جناب والا - میرا سر ندامت کے ساتھ جھک جاتا ہے - جب میں اس بات کا تصور کرتا ہوں - کہ میں ایک ایسی اسمبلی کا ممبر ہوں - جو W/Pak. Criminal Law Amendment Bill ۱۹۶۳ء جیسا بل پاس کرنے والی ہے-جناب والا- اگر یہ بل پاس ہوگیا- تو قانون سازی کی تاریخ میں اس صدی کا یہ سب سے بڑا جرم ہو گا - اس قانون کو جو کہ سب مہذب قوانین کی نفی ہے - قانون کا نام دینا میرے خیال میں لفظ قانون کی توہین ہے - اور اسے اس ایوان میں پاس ہونے کے لئے پیش کرنا اس معزز ایوان کی براہ راست توہین کے مترادف ہے - یہ قانون تو اس وقت کا دکھائی دیتا ہے - جب انسان نے ابھی تک تہذیب کی وادی میں قدم نہیں رکھا تھا - لیکن آج تاریخ کو صدیوں پیچھے دھکیلنے کی کوشش میں اس بل کو ہمارے سامنے پیش کرنا - میں سمجھتا ہوں - کہ ہمارے ایوان کی majority party کا ہی کارنامہ ہے - اور اس بل کو pilot کرنا یا ممبر انچارج کی حیثیت سے کام کرنا ہمارے ملک صاحب قبلہ کا ہی دل گردہ ہے ملک صاحب بل پیش کرتے وقت جو کچھ ارشاد فرمایا تھا- اس میں اس بل کے کسی مثبت پہلو پر روشنی نہیں ڈالی گئی تھی - کہ یہ بل اس لحاظ سے بہتر ہے - اس میں یہ خوبی ہے - ہاں ہمیں F. C. R. کی ہولناکیوں سے ضرور ڈرایا گیا - کہ اس میں سے جو خطرناک اور گھناؤنی کلاز تھی - وہ نکال دی ہے - اور وہ اس بل میں نہیں ہے - ملک صاحب شاید اس Logic پر کار فرما تھے - کہ موت دکھاؤ - تاکہ وہ تپ دق خود ہی قبول کرلے -

جناب والا - اس بل کا مجھے کوئی جواز نظر نہیں آتا - اور ویسے بھی یہ اس وقت mistimed اور بے وقت ہے - جبکہ مرکزی اسمبلی میں بنیادی حقوق کا بل پیش ہو چکا ہے - تو یہ عجلت اور ایسے حیلے بہانے کہ اس کو فوراً منظور کر لیا جائے- یہ ہماری Majority Party کی اندرونی کیفیت اور اضطراب کا مظہر ہے - اور وہ چاہتے ہیں - کہ اگر مرکزی حکومت نے بنیادی حقوق کا بل پاس بھی کر دیا -

تو بھی مغربی پاکستان میں آزادی کے سورج کو کبھی طلوع نہ ہونے دیا جائے - لیکن جناب والا - میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا - کہ آزادی کا سیلاب بند باندھنے سے کبھی نہیں رکتا -

Mr. Senior Deputy Speaker : Is this relevant to the question of eliciting public opinion ?

Mian Muhammad Akbar : Yes Sir, it is.

Mr. Senior Deputy Speaker : No, I am afraid it is not. The Member should try to be relevant.

میاں محمد اکبر—جناب والا - تو میں یہ گذارش کر رہا تھا - کہ مجھے اس میں کوئی مثبت پہلو دکھائی نہیں دیا - اور نہ ہی کوئی وجہ جواز نظر آئی - یہ اسلام کے اصولوں کے سراسر منافی ہے - عدلیہ کی توہین ہے - اور عوام کے بنیادی حقوق پر چھاپہ ہے - مجھے تو اس میں کوئی خوبی نظر نہیں آ رہی -

جناب والا - آج کل کے زمانے میں جب کوئی بھی قانون کسی ملک میں International Law کے برخلاف بنایا جائیگا - تو ساری دنیا کی رائے عامہ اس کے برخلاف ہو جائیگی - میں آپ کو جنوبی افریقہ کی مثال دیتا ہوں - کہ وہاں انہوں نے نسلی امتیاز کا ایک قانون بنایا - جس کو کہ aparthied کہتے ہیں - وہ لوگ کہتے تھے - کہ یہ ان کا داخلی معاملہ ہے - اور دنیا کو ان کے داخلی معاملات میں دخل دینے کی کوئی گنجائش نہیں - لیکن آپ نے دیکھا - کہ کس طرح دنیا کی رائے عامہ نے اس میں دخل دیا - اور کس طرح اس قانون کے خلاف ساری دنیا میں صدائے احتجاج بلند ہوئی - اور پاکستان نے بھی حتی المقدور صدائے احتجاج بلند کی - اور پھر جناب والا - ہم نے United Nations کے Charter کے Human Rights پر بھی دستخط کئے ہوئے ہیں - اور ہم خدا کے فضل سے یہ دعویٰ کرتے ہیں - کہ ہم تمام دنیا کے لئے بنیادی حقوق کے علمبردار ہیں - اور اسی Logic پر ہم اپنا کشمیر کا case بھی Build up کرتے ہیں - جب یہ

case یونائیٹڈ نیشنز میں پیش ہوتا ہے۔ تو کہتے ہیں۔ کہ کشمیر کے چالیس لاکھ عوام کو ان کے بنیادی حقوق سے بھارت نے محروم کر رکھا ہے۔ اور ان کو اپنی آرزو مرضی سے استصواب میں ووٹ نہیں دینے دیا جاتا۔ تو میں یہ گذارش کرونگا۔ کہ ہمارے ہاں اگر ایسا قانون پاس ہو گیا۔ اور اس ملک کو ایک کھلا جیلخانہ بنا دیا گیا۔ تو کشمیریوں کے لئے کیا charm یا attraction ہو گی۔ کہ ہمارے ملک میں شامل ہونے کے لئے ووٹ ڈالیں۔

وزیر زراعت و قانون—آپ کے سامنے یہ کشمیری بیٹھے ہوئے ہیں۔

میاں محمد اکبر—میں تو اس لئے کہہ رہا ہوں۔ کہ آپ کشمیریوں کے کیس کو sabotege کر رہے ہیں۔ آپ نہیں چاہتے کہ کشمیر پاکستان میں شامل ہو۔ آپ نہیں چاہتے۔ کہ خواجہ صفدر صاحب کی برادری پاکستان میں شامل ہو .....

وزیر زراعت و قانون—جناب والا۔ ہمارے لئے ایک ہی کافی ہیں۔

خواجہ محمد صفدر—ایک تو اسطرف بھی ہے۔

وزیر زراعت و قانون—یہ قانون یہ کالا قانون اگر یہاں پاس کر دیا گیا۔ تو .....

وزیر زراعت و قانون—جناب والا۔ کیا یہ relevant ہے۔

میاں محمد اکبر—اگر آپ کو یہ بھی relevant دکھائی نہیں دیتا۔ تو میں کیا کہہ سکتا ہوں۔

جناب والا۔ میں یہ عرض کر رہا تھا۔ کہ ایسا قانون پاس کر کے ہم دنیا کی رائے عامہ کو اپنے خلاف کر لیں گے۔ اور کشمیر کا case بالکل ضائع کر دیں گے۔ یہ پنڈت نہرو کے ہاتھ میں ایک لمبا ہینڈل پروپیگنڈا کرنے کے لئے آ جائیگا۔

Mr. Senior Deputy Speaker: The Member is discussing the principle of the bill, It is not relevant to the motion before the House.

Mian Muhammad Akbar: Shall I not discuss the principle.

Mr. Senior Deputy Speaker: No, the Member can't.

ارباب محمد افضل خان—آپ نے تو کشمیر میں جہاد کیا ہوگا۔

میاں محمد اکبر—آپ نے بھی کیا ہوگا۔

پہلے تو یہ قانون صرف فرنٹئر ریجن میں ہی نافذ تھا۔ لیکن اب اس میں گنجائش رکھی گئی ہے۔ کہ سارے مغربی پاکستان میں نافذ کیا جائے۔ آیا یہ وہ نرمی ہے۔ جس کا ذکر انہوں نے کیا تھا۔ میں نے اپنے فرنٹئر کے بھائیوں کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے۔ وہ کہہ رہے ہیں۔ کہ یہ طوق غلامی یہ پھندا غلامی کا پہلے ہماری گردن میں تھا۔ اب سارے مغربی پاکستان کی گردن میں ڈال دیں۔ تاکہ وہ بھی تلملائیں۔

اگر اسے اس پہلو سے دیکھا جائے تو بڑا اچھا ہے کہ ہم ان کی مصیبت میں شریک ہو رہے ہیں لیکن جناب والا۔ میں آپ سے عرض کروں اور ملک صاحب کی خدمت میں بھی آپ کی وساطت سے عرض کرتا ہوں کہ مغربی پنجاب کے کسی ضلع میں آپ کو کوئی شخص ایسا نہیں ملیگا جس کی وفاداریاں کسی نہ کسی طرح سے کسی پارٹی سے وابستہ نہ ہوں۔ آپ کے لئے غیر جانبدار ٹریبونل قائیم کرنا ایک مسئلہ بن جائیگا اور جب بھی آپ ٹریبونل بنائیں گے تو وہ ٹریبونل اپنی پارٹی کے مفاد کو پیش نظر رکھیگا اور اسطرح انصاف کا خون ہوگا اور آپ کو کسی قسم کے انصاف کی توقع نہیں ہو سکتی۔

پھر جناب والا۔ جو سب سے بڑی خامی اس بل میں ہے وہ یہ ہے کہ اس میں اپیل کی گنجائش نہیں ہے صرف کمشنر صاحب بہادر یہ فیصلہ فرمائیں گے کہ کون سا مقدمہ جرگہ کے سامنے پیش ہوگا اور کونسا نہیں ہوگا اور انہیں یہ اختیارات بھی دئیے گئے ہیں کہ وہ revision بھی سن سکتے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ مقدمہ جب جرگہ کے سامنے پیش کیا جاتا ہے تو

اس وقت نیت یہ ہوتی ہے کہ اس میں سزا ضروری ہے ۔ کمشنر صاحب اپنی opinion اسطرح سے دے دیتے ہیں ۔ ظاہر کہ کمشنر صاحب سے پھر کوئی امید نہیں رکھنی چاہئیے ۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ انگلینڈ کے کرام ویل کی طرح آنیوالی نسلیں آپ کی قبریں کھود کر آپ کو پھانسی کے تختے پر لٹکا دیں ۔

اب جناب والا۔ میں آخر میں حکیم الامت کی زبان میں یہ کہکر ختم کرتا ہوں ۔

تمیز بندہ و آقا فساد آدمیت ہے

حذر اے چیرہ دستاں سخت ہیں فطرت کی تعزیریں

مسٹر حمید اللہ خان—جناب والا ۔ میاں صاحب نے فرمایا ہے کہ پہلے یہ پٹھانوں کے گلے پھندا ڈالا گیا تھا ۔ تو میں ان سے کہونگا کہ پٹھانوں کو خود یہ فیصلہ کرنے دیجئیے آپ کو یہ فیصلہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے ۔

بیگم جہاں آرا شاہ نواز (لاہور ۔ ملتان ۔ ڈویژن)—دو روز ہوئے کہ جسٹس سجاد احمد جان نے اپنے لاء کالج کے کونوکیشن ایڈریس میں یہ فرمایا ہے کہ ہر بل کو پیش کرتے ہوئے ہمیں اس چیز کو مد نظر رکھنا چاہئے ۔

"that the drafting of legislation was a matter of serious study and scrutiny and small omissions, errors and frequent changes in law after the fate of cases causing misery and wastage for the litigent public. One cannot imagine a greater evil for the country than that its laws should be debased to benefit and serve the needs and requirements of a handful of individuals. If the interests of an individual run counter to the general object of the law viz., the stability and well-being of the society as a whole, it should be sacrificed, not that the laws be sacrificed for the sake of individuals or group interests."

صدر محترم ۔ دنیا بھر کے قانون خاص خاص اصولوں پر بنائے جاتے ہیں یہ بات آپ بھی جانتے ہیں اور میں بھی جانتی ہوں ۔ دنیا بھر میں جتنے قانون ہیں وہ ایسے ہی خاص اصولوں پر مبنی ہوتے ہیں ۔ چنانچہ انہیں اصولوں کو مد نظر رکھتے ہوئے برٹش قوم نے اس country میں کام کیا اگرچہ وہ فارن گورنمنٹ تھی ۔

انہوں نے انتظامیہ اور عدلیہ کے متعلق جو خاص قانون تھے وہ بنائے اور عام جرائم عدلیہ کے سپرد کئے گئے ۔ مگر جہاں تک انتظامیہ کا تعلق ہے ۔ انہوں نے وہ پاور اپنے ہاتھ میں رکھی ۔ اس سلسلے میں صدر محترم ۔ انہوں نے یہ کیا کہ سابق صوبہ سرحد پر ایک ایسا قانون نافذ کر دیا ۔ جسے F. C R. کہتے ہیں ۔ رات کو جب میں اس بل کا مطالعہ کر رہی تھی ۔ تو صدر محترم ۔ میں آپ کو سچ بتاتی ہوں کہ ۱۹۲۰ء سے لیکر ۱۹۴۷ء تک جو جو تقریریں میں نے اپنے بزرگوں اور اس بر صغیر کے مدبروں کی مختلف اسمبلیوں اور جلسوں میں سنیں وہ میرے کانوں میں گونجنے لگیں ۔ ایک شام خاص طور سے جب میں ایک کھانے میں شریک تھی ۔ محترم قائد اعظم میرے سامنے بیٹھے تھے کہ ایف ۔ سی ۔ ار کے متعلق باتیں ہو رہی تھیں ۔ بزرگوں کے یہ الفاظ کہ یہ ایف ۔ سی ۔ آر Is responsible for the Red Shirt movement and Khan Abdul Ghaffar Khan is a creation of that abominable law برسوں سنیں ۔ اور اس قانون کے متعلق جو جو باتیں اکابر دین سے جگہ جگہ سنیں تھیں ۔ وہ ایک ایک کر کے آ رہی تھیں مجھے افسوس ہے ۔ کہ میرے پاس وقت نہیں ہے ۔ کہ میں ان کو تفصیل سے بتاؤں ۔ اس کے بعد جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گی ۔ کہ ایف ۔ سی ۔ آر انگریز کا قانون تھا اور اس نے بنایا تھا ۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ انگریز کا انصاف ایک ایسی چیز تھا ۔ جو آج تک مشہور ہے ۔ اور غریب سے غریب آدمی بھی اس انصاف کا ذکر کرتا ہے ۔ اس کی وجہ صرف ہمارے Courts کا انصاف تھا ۔ اور ہمارے Courts کی روایات قابل فخر تھیں اور ہمارے Courts کا انصاف ضرب المثل تھا ۔

صدر محترم ۔ ہمارے لاء منسٹر صاحب جب تقریر کرنے اٹھے تو میں سوچ رہی تھی کہ وہ ہمارے سامنے اس قانون کو لانے کے متعلق جواز اور وجوہات پیش کریں گے اور بتائیں گے کہ یہ یہ خرابیاں پیدا ہو گئیں ہیں اس لئے ایف ۔ سی ۔ آر لگایا جا رہا ہے اور اس لئے Code of Criminal Procedure بدلا جا رہا ہے جس کی رو سے جرائم کا انسداد ہوگا ۔

صدر محترم ۔ لیکن انہوں نے کوئی اعداد و شمار نہیں بیان

کئے لیکن میں اپنے بھائی عبدالباقی بلوچ صاحب کو مبارکباد دیتی ہوں کہ انہوں نے کافی سٹڈی کر کے ہمارے سامنے اعداد و شمار رکھے ہیں ۔

صدر محترم ۔ اب اگر یہ کہا جائے کہ نسیم یعقوب اور ایسے ایک دو cases کے باعث یہ بل لایا جا رہا ہے تو میں آپ کی توجہ اس سے بھی زیادہ گھناؤنے case کی طرف دلاتی ہوں جو ایک مرد نے دو لکھ پتی گھرانوں کے لڑکوں کے یونائیٹڈ اسسٹیس آف امریکہ میں کیا تھا وہ بہت افسوسناک جرم تھا قانون بدلے جاتے ہیں مگر اس کے لئے انہوں نے اپنے عام قانون کو نہیں بدلا کیونکہ ایسے خاص واقعات کے لئے روز مرہ کے انسداد اور طریقوں سے سے کیا جاتا ہے ordinary law کا بدلنا یا کسی سپیشل لاء کی ضرورت نہیں ہوتی ۔ جیسا کہ جسٹس سجاد نے فرمایا ہے ۔ (قطع کلامیاں) آرام سے سنئے ۔ جب آپ تقریریں کر رہے تھے تو ہم نے خاموشی سے سنا تھا اب جب ہم کچھ کہہ رہے ہیں تو آپ بھی آرام سے سنئے ۔

صدر محترم ۔ میں یہ عرض کرونگی کہ اب دیکھنا یہ ہے کہ اس قانون کی سپرٹ کیا ہے ۔ خیال یہ تھا کہ جب انشاءاللہ اب آزادی کے بعد ہماری عدلیہ اور انتظامیہ علیحدہ ہو جائیگی تو ظاہر ہے کہ وہ پھر اعلیٰ انصاف کریگی ۔ لیکن صدر محترم۔ اس کے برخلاف ہوا یہ کہ پہلے ایف ۔ سی ۔ آر لگایا گیا اور اب یہ بل لایا جا رہا ہے ۔ اسبات کا یقین ہے کہ آج ہمارے بزرگ قبروں میں بیچین ہونگے ۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ اس سے بنیادی انصاف کے اصول تو پائمال نہیں ہوتے ہمارے جج صاحبان کے جو اختیارات ہیں ان میں تو encroachment نہیں ہوتی ۔ مجھے صدر محترم ۔ اجازت دیجئے کہ آپ کی وساطت سے میں اس judgment کی طرف آپ کی توجہ مبذول کراؤں جو supreme کورٹ کے پانچ ججوں نے دی ہے جسٹس کارنیلیس کی تجویز ہے جو میں آپ کو پڑھ کر سناتی ہوں ۔

The Supreme Court Bench consisted of Mr. Justice A. R. Cornelius (Chief Justice), Mr. Justice S. A. Rehman, Mr. Justice Fazal-e-Akbar, Mr. Justice B. Z. Kaikaus and Mr. Justice Hamoodur Rehman.

This observation was made in judgement of the Supreme Court on two appeals brought by the state against Nawab Gul and Daud Shah

to call in question an order by the High Court of West Pakistan quashing the reference by the Deputy Commissioner of Peshawar of a case against them and one Gulin under section 302/34 PPC to a jirga, under Section 11, Frontier Crimes Regulation.

Nawab Gul and Daud Shah had moved separate writ petitions against the order of reference.

The Supreme Court observed :

> "The present is the case whose facts give ample cause for concern whether public justice is advanced by proceedings of this kind, or whether, on the contrary, if it becomes a general risk that men may be sent to be tried by jirga when there is visibly no case against them, and they are deprived of redress through the ordinary forms of law, there is not a danger that the image of public justice, built up with the aid of careful legislation and steady implementation of rules of procedure for at least a hundred years, will inevitably be destroyed.....

Syed Haziq Ali Shah : Sir, we have already read it in the Press.

Begum Jahan Ara Shah Nawaz :

> What might follow can well be imagined. An immediate result will be that devotion to law and to lawfulness in behaviour will be at a total discount."

یہ آپ کے سپریم کورٹ کے چیف جسٹس اور جج صاحبان کی رائے ہے کسی اور بزرگ نہیں جس وقت میں نے اس بل کا مطالعہ کیا تو میں حیران ہو گئی کہ اس بل میں ایگزیکٹو اور جوڈیشل کو بالکل خلط ملط کرنے کی کوشش کی گئی ہے - آپ خود فرمائیں کہ یہ وہی بات ہے -

وہی قاتل وہی منصف وہی حاکم ٹھہرے
اقربا میرے کریں خون کا دعویٰ کس پر

ملک صاحب نے فرمایا ہے جو آج کے اخبارات میں نکلا ہے کہ revision کی power بجائے کمشنر کے گورنر کو دے دی گئی ہے میں ان سے دریافت کرنا چاہتی ہوں کہ کیا گورنر صاحب بھی صوبہ کے ایگزیکٹو ہیڈ نہیں ہیں ؟ جیسا کہ پاکستان ٹائمز نے لکھا تھا - اگر وہ چاہتے ہیں کہ جرگہ ہی فیصلہ دے تو revision کیلئے ہائی کورٹ کا ایک جج بٹھا دیجئے یا ایک کونسل juists کی مقرر کر دیجئے جس کے سامنے جرگہ کا فیصلہ جائے - محترم یہ تو بالکل انصاف کا خون ہو رہا ہے - بجائے اس کے کہ زیادہ

سے زیادہ پاورز کورٹس کے سپرد کر دی جائیں آج انتظامیہ سب کچھ اپنے ہاتھ میں لینا چاہتی ہے تاکہ زیادہ دیر ہو اور اگر ایک نوجوان لڑکی کو اٹھا لیا جائے اور اس کی زندگی بالکل تباہ ہو جائے تو ملزم پانچ چھ سو روپیہ بھی دے کر جرمانے سے چھوٹ جائے تو کیا یہ انصاف ہے ؟ ایسا جرم بھی کمپاونڈیبل بنا دیا گیا ہے کیا قتل کے لئے صرف ۱۴ سال کی سزا ہونی چاہئے ۔ صدر محترم ۔ کیا یہی وہ انصاف ہے جس کا ہم آج دعویٰ کر رہے ہیں ؟ میں یہ عرض کرونگی کہ آپ کس اصول کے اوپر اپنے اس بل کو مبنی کر رہے ہیں اصل اصول قانون بنانے کا کیا ہے ؟ اس پر آپ اس کو مبنی کریں ۔ جسٹس سجاد احمد جان نے کہا ہے کہ کسی government کے لئے نہیں بلکہ سوسائٹی کی بہتری کے لئے اس قانون کو بننے دیجئے ۔ ایگزیکٹو اور عدلیہ بالکل علیحدہ ہونی چاہئے تاکہ جس شخص کو ایگزیکٹو مجرم قرار دے وہ اس کو سزا نہ دے سکیں اور ایک تیسرا آدمی جھان بین کر کے اس کا فیصلہ کرے ۔ سارے معاملے کی جھان بین کریں میں پوچھتی ہوں محترم کہ ۱۸۹۸ء سے کوڈ آف کریمنل پروسیجر ہی کام کر رہا ہے اس کو آج اتنا بدلنے کی ضرورت کیا ہے statistics بتاتے ہیں جرائم کی تعداد آج کم ہو رہی ہے ۔ اور آپ اپنے دیانتدار اور انصاف پسند کورٹس سے پاورز لے لینا چاہتے ہیں مجھے سمجھ نہیں آتا ۔ محترم آپ بھی جانتے ہیں اور میں بھی کہ پارٹیاں ہر جگہ اور ہر ضلع میں ہوتی ہیں اور پولیس یہ دیکھتی ہے کہ حاکم کسی سے ناراض ہوں تو اسے کسی نہ کسی طرح سے harrass کریں ۔ اس بل کے پاس ہونے سے نہ کسی کی عزت محفوظ رہے گی اور نہ کسی کی آزادی برقرار رہ سکیگی یہ بل ملک کے نام پر ایک کالا اور بد نما دھبہ ہوگا جو ہماری آنے والی نسلیں یاد رکھیں گی ۔ ایف ۔ سی ۔ آر کو ہمیشہ کالا قانون کہا گیا ۔ آپ اپنی نسلوں کے سامنے کیا چھوڑ کر جائیں گے ۔ کسی سپیشل جرگوں کی ضرورت نہیں زیادہ سے زیادہ طاقت اپنے کورٹس کو دیں ۔ اگر بل پاس کرنا ہے تو ایف ۔ سی ۔ آر انگریزوں کے وقت کا ہی رہنے دیں تاکہ وہ انگریز کے نام سے موسوم ہونے کی وجہ سے آپ کا نہ کہلائے ۔ اگر اب اس بل کو پاس کیا گیا

تو میں سمجھتی ہوں ہم خود اپنے گلے پر کند چھری پھیر لیں گے -

نہ تڑپنے کی اجازت ہے نہ فریاد کی ہے
گھٹ کے مر جاؤں یہ مرضی میرے صیاد کی ہے

صدر محترم - آنے والی نسلیں یہ نہ کہیں کہ ہماری یہ حکومت انگریزوں سے بھی بدتر حکومت تھی - اچھی طرح سے اس کو study کر لیں بہتر یہی ہوگا اگر آپ اس کو withdraw کر لیں - میں جانتی ہوں کہ شاید آپ سمجھتے ہوں کہ میں نے زیادہ وقت لے لیا لیکن میں ٹریژی بنچوں سے بھی اپیل کرونگی یہ بل ہرگز پاس نہ کریں اس کو withdraw کریں -

Minister of Agriculture and Law : Sir, the question be now put.

Khawaja Muhammad Safdar : I think it would be better as these amendments with reference to circulation of the Bill for eliciting public opinion have exhausted, it should be put to the House and then, of course, the second motion for reference to the Select Committee be taken up.

Minister of Agriculture and Law : That would be proper.

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is—

That the West Pakistan Criminal Law Amendment Bill 1963, be circulated for the purpose of eliciting public opinion thereon by the 30th June, 1963.

(*The Motion was lost*).

Mr. Senior Deputy Speaker : There is one thing. Actually according to the rules-rules as we are following there should be two motions. First, simply for appointment of select committee and the second motion for nominating members of the committee. These are two separate things. If we separate these two parts then we can get two types of motions. One is common to all, that a select committee should be appointed. First read this motion. When it is decided one way or the other then we will appoint the members of the committee. Chaudhri Muhammad Ibrahim will move them so far as admissible in the form of amendment. I call upon him to move.

Chaudhri Muhammad Ibrahim (Sialkot III) : Sir, I beg to move—

That the West Pakistan Criminal Law Amendment Bill, 1963, be referred to a select committee.

صاحب صدر - میرے سامنے اس وقت ''ٹائم'' رسالہ کا ۶ اپریل کا ایڈیشن ہے - اس میں ایک خبر میں کہا گیا ہے -

"In three months the Congress has filibustered, fulminated, fritered around and passed the precisely one Bill that might by any stretch of imagination be considered major."

یہ نیوز آئٹم اس لئے میں وزارت کے سامنے رکھ رہا ہوں ۔ کہ وہ ان لوگوں سے اپنے لئے کوئی نمونہ حاصل کریں ۔ کیونکہ ۳ مہینوں میں وہ ایک بل پاس کرتے ہیں ۔ اور ہماری وزارت یہ چاہتی ہے ۔ کہ یہ تین گھنٹوں میں ایک وہ بل جس کا تعلق پورے مغربی پاکستان کے ایک ایک فرد کی زندگی ۔ اس کے جان و مال اور اس کی عزت سے ہے ۔ وہ اسے تین گھنٹے میں پاس کرا لیں ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) اس سلسلے میں میں اس بات کو دھرا دیتا ہوں ۔ کہ میری مخالفت اس بل کے لئے برائے مخالفت نہیں ہے ۔ لیکن واقعہ یہ ہے جیساکہ شیخ سعدی کے ایک مقولہ کے مطابق کچھ اندھے لوگ کنوئیں میں گر رہے ہوں وہ فرماتے ہیں ۔

چون می بینم کہ نابینا و چاہ است
اگر خاموش بنشینم گناہ است

جب کچھ اندھے کنوئیں میں گر رہے ہوں تو پھر خاموش رہنا ٹھیک نہیں ۔ اس وقت ہمارے سامنے مسودہ قانون کچھ ایسی ہی صورت حال کا آئینہ دار ہے ۔ اور اس لئے میں مجبور ہوں کہ اس کی مخالفت کروں ۔ اس بات سے قطع نظر کر لیجئے کہ یہ ایف ۔ سی ۔ آر کا بالکل ایک ایسا ایڈیشن ہے ۔ جسے کنونشنسٹ ایڈیشن کہہ سکتے ہیں ۔ (قہقہہ) اس میں اور اس اصل میں کوئی فرق نہیں ہے ۔ اس بات کو بھی جانے دیجئے کہ اس کے پیراگراف ایف ۔ سی ۔ آر کے پیراگراف کے عین مطابق نقل کئے گئے ہیں ۔ پھر اس بات کو بھی بھول جائیے کہ اس میں اگر کوئی تبدیلی کہیں کی ہے تو اس تبدیلی سے کوئی مفید مطلب بات نہیں نکلی ہے ۔ بلکہ اصل مقصد یا تو فوت ہو گیا ہے ۔ یا وہ شکوک مشکوک ہو گیا ہے ۔ مثال کے طور پر صاحب صدر۔ میں آپ کی توجہ کلاز ۴ کی طرف دلاتا ہوں ۔ فرمایا ہے ۔

"The Commissioner may, if he thinks fit, at any time reconsider and set aside any order of the Commissioner under this Act."

"بسوخت عقل زحیرت کہ ایں چہ بوالعجبیست"

اس کلاز میں کمشنر کے آرڈر کو Re-consider کرنے کے لئے کہا گیا ہے ۔ میں نہیں سمجھتا کہ اس پر نظر ثانی کی ضرورت بھی ان لوگوں نے سمجھی ہے ۔ یہ ساری باتیں اپنی جگہ پر ہیں ۔ میں اس بات کو بھی فراموش کرتا ہوں ۔ کہ یہ قانون کی لاٹھی ایسی ہے ۔ جسے اندھوں کی طرح جہاں کہیں چاہیں ، جس پر چاہیں، جب چاہیں، اس کو استعمال کر سکتے ہیں ۔ اس کے لئے کوئی حدود مقرر نہیں ہیں ۔ میں صرف ایک بات کی طرف آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے ۔ کہ ہمارے آئین کے بنیادی مطالبے ہیں ان کی بھی یہ بل نفی کر رہا ہے ۔ یہ آئین کا ایک واضح اصول ہمارے سامنے ہے ۔ کہ کوئی قانون اسلام کے خلاف نہیں بنایا جائے گا ۔ نا معلوم ہمارے یہ حضرات اسلام سے کیا مراد لیتے ہیں ۔ اگر کسی کو فقہ کے متعلق کچھ اختلاف ہو وہ بھی تسلیم کیا جا سکتا ہے ۔ حدیث کے متعلق اگر اختلاف ہو تو اس بارے میں بھی شائد دو رائیں ہو سکیں ۔ لیکن یہ قانون تو قران حکیم کی صریح نص کے خلاف جا رہا ہے ۔ قرآن حکیم کی نص یہ ہے ۔

یا ایھا الذین امنو کتب علیکم القصاص فی القتلیٰ الحر بالحر و العبد بالعبر و الا نثیٰ بالا نثیٰ فمن عفی الہ من اخیہ شیئن فاتباع م بالمعروف و اداء الیہ باحسانط ذالک تخفیف من ربکم و رحمۃ فمن اعتدیٰ بعد ذالک فلہ عذاب علیم ○

اس کے ساتھ ہی فرمایا ہے ۔

ولکم فی القصاص حیوۃ یا ولی الا لباب لعلکم تتقون ○

اللہ تعالیٰ کا ڈر رکھو ۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ۔ تمہاری زندگی کا راز اس بات میں ہے ۔ کہ قصاص کے قانون کو قائم رکھو ۔

و لکم فی القصاص حیوۃ یا و لی الا لباب

مسٹر سپیکر ۔گورنمنٹ نے یہ کانفرنس نہیں کی تھی ۔ اگر ملک قادر بخش صاحب کا کوئی ڈیپارٹمنٹ آپ کو بلاتا اور یہ سلوک کرتا ۔ تو آپ کہہ سکتے تھے ۔ کہ گورنمنٹ کی ذمہ داری ہے ۔ بی ۔ این ۔ آر تو ایک ایسی جگہ ہے ۔ جہاں کوئی کانفرنس کرتا ہے ۔ کوئی جلسہ کرتا ہے ۔

امیر حبیب اللہ خاں سعدی— جناب والا ۔ اس کا صوبہ کی زندگی سے براہ راست تعلق ہے ۔

مسٹر سپیکر— اگر صوبائی حکومت کے کسی فرد نے نکالا ہے ۔ تو بتا دیں ۔

امیر حبیب اللہ خاں سعدی— میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں . . . . . .

Mr. Speaker : I quite realise the importance of the matter but if a delegate is turned out from a Conference how does the Provincial Government come into it ?

امیر حبیب اللہ خاں سعدی— سوال یہ ہے کہ اس کو کس بناء پر نکالا گیا ؟

مسٹر سپیکر— کل کو مولانا خورشید صاحب کوئی جلسہ کریں ۔ اور کسی کو نکال دیں تو اس میں صوبائی حکومت کی کیا ذمہ داری ہو گی ۔

راؤ خورشید علی خاں— میں یہ دریافت کرتا ہوں ۔ کہ تحریکات التوا کا جواب ہے ۔ اس میں یہ کہاں لکھا ہوا ہے ۔ کہ صوبائی حکومت کا ضرور براہ راست تعلق ہو ؟

مسٹر سپیکر— آپ رول ۷۴ پڑھ لیں ۔

راؤ خورشید علی خاں— اس میں یہ کہاں لکھا ہوا ہے ؟ یہ سلوک ناقابل برداشت ہے ۔ اس پر بحث ہونی چاہئے ۔

مسٹر سپیکر— بحث اس بات پر ہے کہ

Whether it is the primary concern of the Provincial Government.

Has Mr Saadi anything more to say ? I think I have heard him on this point.

Since the Provincial Government's responsibility is not involved, the motion is ruled out of order.

Tumbola gambling in an Exhibition at Sukhur.

Mr. Speaker : Now there is an adjournment motion from Rao Khurshid Ali Khan who wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the resentment prevailing among the public of Sukkur regarding the inclusion of Tumbola gambling as a prominent item in the programme of the Sukkur Exhibition being presently staged in that town.

30 telegrams from respectable citizens of that town are attached herewith.

راؤ خورشید علی خان۔ جناب والا ۔ جس وقت میں نے اس تحریک التوا کا نوٹس دیا ۔ اس وقت میرے پاس تیس کے قریب تار آئے تھے ۔ اور جب میں گھر پہنچا پیپلز میں تو سینکڑوں کی تعداد میں تار ملے اور ہر لحظہ آ رہے ہیں ۔ میرے پاس اور گورنر صاحب کے پاس بے شمار تار آئے ہیں ۔

مسٹر سپیکر۔ یہ تمبولا کیا ہے ۔ اور کب سے شروع ہوا ہے ؟

راؤ خورشید علی خان۔۔یہ ان کی ایجاد ہے ۔ ان سے پوچھئے ۔ میں یہ عرض کروں گا ۔ کہ یہ مسئلہ اتنی بڑی فوری اہمیت کا حامل ہے ۔ کہ یہ کھیل اگر فوراً بند نہ کیا گیا ۔ تو میں کہتا ہوں ۔ کہ یہ چنگاری جو اس وقت صرف سکھر میں سلگ رہی ہے ۔ سارے صوبہ کو اپنی لپیٹ میں لے لے گی ۔ ہاؤزی گیمبلنگ لاہور میں چل رہا ہے ۔ اور معلوم ہوتا ہے ۔ کہ تمبولا سندھی ترجمہ ہے ہاؤزی کا ۔ یہ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ یہ نہایت افسوس کی بات ہے ۔ کہ اس ملک میں جس کو اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا تھا ۔ اس میں وہ تمام چیزیں ہو رہی ہیں ۔ جو عین غیر اسلامی ہیں ۔ سکھر میں یہ تمبولا ایک نمائش کے ضمن میں ہو رہا ہے ۔

Mr. Speaker : Please don't be irrelevant. Talk on the admissibility. Is it organised by Government ?

راؤخورشیدعلی خان۔۔جی ہاں ۔ وہاں ہارس اینڈ کیٹل شو منعقد کیا گیا ہے ۔ اور اس کے اندر بے شمار قسم کے گیمبلنگ سٹال بلکہ گیمبلنگ ڈن

کہنا چاہئے ۔ لگا دئے گئے ہیں ۔ ان کی وجہ سے لوگوں میں بے حد انتشار پھیلا ہوا ہے ۔ جلسے ہو رہے ہیں ۔ جلوس نکالے جا رہے ہیں ۔ اور اگر یہ بند نہ کیا گیا ۔ تو حالات کے خراب ہو جانے کا احتمال ہے ۔ ایک بات عرض کر دوں کہ آپ حالات کا جائزہ لے کر اس پر غور کریں ۔ اور جس قدر جلد ممکن ہو سکے ۔ اس تنبولہ کو بند کیا جائے ۔ ورنہ حالات خراب ہو جائیں گے ۔ اور اگر آپ ٹیلیفون پر gambling کو بند نہیں کریں گے تو لوگ سول نافرمانی پر آمادہ ہو جائیں گے ۔ اور اس سول نافرمانی کی گرفتاریوں میں سب سے پہلی گرفتاری کی سعادت مجھے حاصل کرنا پڑے گی ۔ (قطع کلامیاں اور شور)

جناب والا ۔ اس وقت ایک chaos اور disorder پیدا ہو گیا ہے ۔

وزیر ریلوے---جناب والا ۔ راؤ صاحب نے جیساکہ حالات بیان کئے ہیں ۔ اس مسئلہ پر میں کچھ عرض کروں گا ۔ (قطع کلامیاں اور شور)

Minister of Agriculture & Law : (Malik Qadir Bakhsh) : On a point of order. I have been counting that 20 times you told this gentleman to stop, but he refused to obey your orders. I am asking the Leader of the Opposition to decide the thing.

Mr. Speaker : What has the Minister got to say about this Tambola business ?

وزیر ریلوے---جناب والا ۔ چاہئے تو یہ تھا کہ راؤ صاحب کچھ قوت برداشت سے کام لیتے ۔ (قطع کلامیاں اور شور)

مسٹر سپیکر---یہ mood کی بات ہے ۔ (قطع کلامیاں)

وزیر ریلوے---جہاں تک اس 'تنبورہ،، کا تعلق ہے ۔ اس کے متعلق تو میجر سلطان صاحب اور مسٹر افتخار صاحب ہی بتا سکتے ہیں ۔ یا آپ کی پارٹی کے آدمی بتا سکتے ہیں ۔ کہ یہ کیا چیز ہے ۔ (شور) اور پھر اس کے مطابق ہی عمل ہو سکتا ہے ۔

جناب والا ۔ یہ تنبورا یا تنبولہ غالباً ایک کھیل ہے ۔ جو یکم

اپریل ۱۹۶۳ء سے جاری ہے - ہم حیران ہیں کہ وہ ابھی تک جیل نہیں گئے - جیل جانے کی نوبت کب آئے گی -

جناب والا - اس وقت میں صرف ایک شق کی طرف آپ کی توجہ دلاؤں گا - کہ تنبولا یکم اپریل سے جاری ہے - اور یہ فوری اور Recent occurrence کا حامل نہیں -

مسٹر سپیکر---کب شروع ہوا تھا -

راؤ خورشید علی خان---حاجی صاحب سے پوچھ لیں کہ وہاں کیا حالات ہو رہے ہیں -

وزیر ریلوے---مجھے آپ سے ہمدردی ہے اور میں آپ کے جذبات کی قدر کرتا ہوں - لیکن جب یہ واقعہ یکم اپریل کو ہوا - آپ اسے تین یا چار اپریل کو لا سکتے تھے (شور)

خواجہ محمد صفدر---یہ لاہور میں ہو رہا ہے - اے ڈی ایم کی اجازت سے - (شور)

وزیر ریلوے---یہ ہاؤزی کب سے جاری ہے -

مسٹر سپیکر---یکم اپریل سے جاری ہے - اور آج نو اپریل ہو گئی ہے - (شور)

خواجہ محمد صفدر---یہ ہاؤزی برسوں سے جاری ہے -

وزیر ریلوے---میں نہیں کہہ سکتا - کہ تنبورہ یا تنبولا ایک جوآ ہے - لیکن چونکہ اب یہ پرانی بات ہو چکی ہے - اور Recent occurrence نہیں اس لئے اسے out of order قرار دے دیں (قطع کلامیاں اور شور)

خواجہ محمد صفدر---اسے فوراً بند کیا جائے -

وزیر ریلوے---جناب والا - یہ ایک ٹیکنیکل معاملہ ہے - اور میرے دوستوں نے پبلک opinion ابھارنے کے لئے ایسا کیا ہے - یہ

ان کی جماعت کا کام کہ ملک میں ایسی Character Building Spirit پیدا کر دی ہے ۔

Mr. Speaker : Is the Minister prepared to look into the matter?

Minister of Railways : This is a matter which is not of urgent public importance. It is of April 1.

Mr. Speaker : Is the Minister prepared to take steps to stop this Tambola ?

Minister of Railways : How can I give an assurance. (Shame, Shame, Interruptions) It is not a question of stopping, but the question ..... (Interruptions)

Sardar Muhammad Ashraf : I draw your attention to Rule 49 (V) which says :

> **"A motion shall not deal with a matter on which a resolution could not be moved."**

On this subject Rao Khurshid Ali Khan could move a resolution and as such no adjournment motion could be moved on this subject.

Mr. Speaker : This is no point of order. I think the member has misunderstood it.

He is supporting Rao Khurshid Ali Khan ..... (Interruptions)

Haji Gul Hasan Mangi : Sir, we should do nothing against the wishes of the people. This cattle show has been a very sad experience especially after Jacobabad show. This thing had been started by British people in order to take out money from Sardars. (Voices : What about Tambola?) I am coming to that. This cattle show at Sukkur has been started this year and the citizens Sukkur opposed it, because they do not like that they should go to see these cultural show etc. It is the wish of the people of Sukkur that these cultural shows and skilled games should not be played, because they are against Islamic teachings. But instead of sending these telegrams they should have sent a deputation to the Commissioner etc. They are good officers - and the matter would have stopped there. (Interruptions.) Hear me. Since this matter has come here, the Minister may give an assurance because it is not a good game and I request my friend to withdraw it.

میر محمد مراد خان جمالی--یہ لوگ گورنر صاحب کے سامنے جواب دیں گے ۔ خدا کے سامنے جواب نہیں دیں گے ۔ (قطع کلامیاں اور شور)

وزیر ریلوے—فقرہ بازی سے کوئی فائدہ نہیں - ہر بات کے لئے کوئی طریقہ ہونا چاہئے - - -

I will convey the sense of the House and request the Member to the Governor to see that this matter is looked into properly.

Mr. Speaker : Are you with drawing Rao Khurshid after this assurance.

راؤ خورشید علی خان—جناب والا - میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں - کہ عبدالوحید خان صاحب یہ فرمائیں - کہ وہ تو اہمیت کو سمجھ گئے ہیں - کہ اس کو ختم ہونا چاہئے - اور ہاؤس کی یہی sense گورنر کو convey کریں - اور اگر وہ خود ہی حرام کو حرام نہیں سمجھتے - تو پھر تو میں یہ عرض کروں گا . . . . . .

Mr. Speaker : That is what he is saying.

وزیر ریلوے—میں نے تو کہا تھا - کہ میں خود ہی اس معاملے میں آپ کے ساتھ ہوں - بلکہ میں آپ کو اس معاملے میں اس لئے مجرم قرار دیتا ہوں - کہ آپ اتنی مدت سے سوتے رہے - ورنہ میں تو آپ کے ساتھ ہوں -

سید حاذق علی شاہ—یہ یکم اپریل سے چل رہا ہے - آپ مسلمان ہو کر اس تحریک کی مخالفت کرتے ہیں - آپ جوئے کو بھی نہیں oppose کرتے ہیں -

Minister of Agriculture : I have further clarifications to give to the House with your permission.

already گورنمنٹ کی طرف سے ہدایت ہے - کہ کوئی ایسی game کی اجازت نہ ہو - یعنی games of chance جس کو سادے الفاظ میں جوا کہتے ہیں - اس کے لئے ہدایات جاری ہیں - کہ اس کی ہر گز اجازت نہ دی جائے - اور دوسرا یہ کہ ایک game of skill ہوتی ہے - اس کے متعلق میں نہیں کہہ سکتا ہوں - کہ یہ Tambola جو ہے - game of skill ہے - یا game of chance ہے -

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : Game of chance,

Minister of Agriculture : Even if it is a game of skill we assure you that we shall be writing to the Commissioner today to see that it is stopped. (Interruptions)

Mr. Speaker : Do not waste the time of the House. Let me ask Rao Khurshid Ali Khan if he is prepared to withdraw his Motion in view of this assurance.

راؤ خورشید علی خاں--اس یقین دھانی کے بعد میں بخوشی اپنی تحریک پیش کرنے پر اصرار نہیں کرتا -

---

Imposition of Section 144 in Peshawar District

Mr. Speaker ; Next Motion is from Amir Habib Ullah Khan Saadi who wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the Business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, that on 8th April the District Magistrate Peshawar has imposed Section 144 in Peshawar District causing widespread resentment among the public as this action of the Authorities has put a direct curb on impending Conferences and meetings of various political parties already arranged and announced.

Since it is a matter of ordinary administration of law, it is ruled out of order. (Interruptions)

Imposition of ban of public meetings processions in Peshawar District.

Mr. Speaker : There is an adjournment Motion by Mr. Abdul Majid Jatoi who wants to ask for leave to make a Motion for the adjournment of the Business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the unlawful and unwarrranted imposition of ban on public meetings and processions under Section 144 Cr. P.C. in Peshawar District by the Deputy Commissioner Peshawar for two months, with the object of prohibiting a three days political conference of the N.D F. scheduled to be held from April 21 to April 23.

Like Mr. Saadi's Motion this is also a matter of ordinary administration of law and is, therefore, ruled out of order. (Interruptions).

حاجی عبدالمجید جتوئی--یہ rule انگریزوں سے بھی زیادہ بدتر ہو گئے ہیں -

مسٹر سپیکر--آپ تشریف رکھیں - آپ سن تو لیجئے - بات یہ ہے - کہ سعدی صاحب کا ایک Adjournment موشن تھا - جو میں نے Rule out of order کر دیا ہے - اب جتوئی صاحب کا کس طرح admit کریں - جب کہ وہ ایک ہی طرح کے ہیں -

خواجہ محمد صفدر۔اگر Language مختلف ہو ۔ تو پھر تو اسے admit کر لیں ۔

Mr. Speaker : They are on the same subject.

Harassment of Qazi Aslam Iqbal, artist by Police officials.

Mr. Speaker : Next adjournment motion is again from Amir Habib Ullah Khan Saadi who wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the Business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, that on the 8th April 1963 a talented and patriotic artist of Lahore Mr Qazi Iqbal Aslam was harassed by police officials of Qila Gujar Singh Police Station of Lahore at the instance of WAPDA authorities simply on the ground of publically displaying a cartoon with the captain "YANKEE ARRANGES FEAST" depicting "UNCLE SAM" in the garb of WAPDA as the proverbial stork devouring all the feast while the invited guest looks on helplessly, thus portraying the artist's patriotic anxiety about the true state of how the WAPDA funds are being un scrupulously consumed back at the expense of real benefits to the Province; the action of the Police having aroused widespread resentment in all the patriotic elements in Lahore and elsewhere.

Minister of Railways : (Mr. Abdul Waheed Khan) : This is obviously a Motion of the nature in which he has drawn the attention of the Government and surely this matter will be looked into. This is a matter where a man has been man-handled or, I should say, the complaint is that the man has been man-handled.

Khawaja Muhammad Safdar : Harassed.

Minister of Railways : Yes, that is a case of harassment and we shall look into it. (Interruptions)

Mr. Speaker : The Minister says, he is prepared to look into it. After the assurance I think Mr. Saadi will not press his adjournment motion.

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ اگر آپ تحقیقات کریں گے ۔ تو میں مطمئن ہو جاؤں گا ۔ اور وزیر صاحب کی یقین دھانی کے پیش نظر اپنی تحریک التوا پیش کرنے پر اصرار نہیں کرتا ۔

BILLS

The West Pakistan Criminal Law Amendment Bill 1963 (Resumption of discussion)

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on the motion by Chaudhri Muhammad Ibrahim that the West Pakistan criminal Law Amendment Bill 1963 be referred to a Select Committee. Rao Khurshid Ali Khan will resume his speech.

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon : On a point of order. Sir, the Motion proposed to be discussed is not in conformity with Rules 131 and 132.

The Motion reads :—

> **"That the West Pakistan Criminal Law Amendment Bill, 1963 be referred to a Select Committee consisting of the following with instructions to report within one week .. ..**

Mr. Speaker : I was not present yesterday evening. I have been told that the Motion moved was :

> **"That the West Pakistan Criminal Law Amendment Bill be referred to a Selee Committee"**

and these names were not mentioned.

Khawaja Muhammad Safdar : It has been split up.

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon : My submission is that if a Motion has been moved the Motion is as a whole before the House.

Mr. Speaker : That was not moved as a whole.

Khawaja Muhammad Safdar : That was split up in two.

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon : The Motion as it is cannot be split up.

Khawaja Muhammad Safdar : An amended Motion : That the West Pakistan Criminal Law Amendment Bill 1963 be referred to a Select Committee, was moved.

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon : My submission is that the Motion as it stands cannot be split up.

Khawaja Muhammad Safdar : There was a ruling by the Chair. Perhaps Mr. Memon was not present.

Mr. Speaker : The Secretary Assembly has told me just now that it was not moved as a whole. An amended Motion "That the West Pakistan Criminal Law Amendment Bill, 1963, be referred to a Select Committee" was moved. The amended Motion was presented before the House by Mr. Kundi, the Senior Deputy Speaker.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : The understanding was that if this Motion is carried then the question of appointment of Members will arise.

Mr. Speaker : Yes, Rao Sahib.

راؤ خورشید علی خاں (منٹگمری - ۳)۔جناب والا - میری بھی ایک Amendment اسی مضمون کی ہے - کہ یہ Legislation جو اس ہاؤس کے سامنے پیش کی جا رہی ہے - یہ مروجہ قوانین اور اسلامی قوانین کے بنیادی اصولوں کے منافی ہے - اسی واسطے میں نے یہ amendment پیش کی ہے - کہ - - - -

مروجہ قانون کے اصولوں کے متعلق جب تک واضح طور پر یہ طے نہ کیا جائے کہ یہ ٹھیک نہیں ہیں اس وقت تک یہ لیجسلیشن پاس نہ کیا جائے - اور اس کو سلیکٹ کمیٹی کے سپرد کیا جائے - جناب والا - اس بات سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ یہ مروجہ اصولوں کا ایک بنیادی مسئلہ ہے کہ جس لیجسلیشن میں رول آف لاء کی نفی ہوتی ہو اس لیجسلیشن کو ایک لمحہ کے لئے بھی یہ حیثیت نہ دینی چاہئے کہ ہم اس پر اپنا وقت ضائع کریں -

مروجہ قانون کے بنیادی اصولوں سے متعلق یہ چیز ظاہر اور باہر ہے کہ شہادت ایکٹ سنہ ۱۸۷۲ کے provisions کی اگر کسی لیجسلیشن میں نفی کر دی جائے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ شہادت کے تقاضے پورے کئے بغیر شہادت پوری طرح سے مہیا کئے بغیرایک ملزم کی قسمت کا فیصلہ کرنے ہم جا رہے ہیں - یہ مروجہ قانون کے اتنا منافی ہے جیسا کہ میں نے عرض کیا کہ اس پر ہمیں ایک لمحہ کے لئے بھی وقت نہیں ضائع کرنا چاہئے -

ایک ضروری بات جو میری سمجھ میں آئی ہے یہ ہے کہ اس ملک کی جو highest judicial authority ہیں ان کی judgment میں اس بات کی تشریح کی گئی ہے کہ speady اور hasty اور cheap justice کے پردے میں اس بات کی کوشش کرنا کہ رول آف لاء کی نفی ہو جائے جو عام عدالتیں اس ملک میں اور اس صوبہ میں قائم ہیں ان کے اختیارات کو ختم کیا جائے اور لوگوں کی

قسمت کا فیصلہ ایسے لوگوں کے حوالے کر دیا جائے جو law کی الف ۔ ب بھی نہیں جانتے اور ان کی شہرت سوائے اس کے کچھ نہیں ہے کہ وہ لوگ پولیس کے tant ہیں وہ لوگ bureaucracy کے خوش آمدی ہوتے ہیں اس کے علاوہ ان کا کوئی کیریکٹر نہیں ہوتا اور اس قسم کے کردار اور کیرکٹر اور قانون کی شدہ بدھ سے عاری افراد کے ذمہ اتنی بڑی ذمہ درای رکھ دینا کہ وہ ایسے جرائم کا فیصلہ کریں ان کی میں مخالفت کرتا ہوں جب تک کہ eminent lawyers اور prominent علماء پر مشتمل سلیکٹ کمیٹی میں ان چیزوں کا فیصلہ نہ ہو جائے اس وقت تک یہ لیجسلیشن ہاؤس میں نہ لانا چاہئے ۔

160 to P-11

اس کے علاوہ جناب والا ۔ میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس معاملے میں خدا شاہد ہے کہ یہ میرا ہرگز مقصود نہیں کہ جو میرے دوست سرکاری بنچز پر بیٹھے ہوئے ہیں مجھے ان کو مطعون کرنا ہے ۔ اور خدا گواہ ہے کہ میرے دل کے کسی گوشے میں یہ بات نہیں ہے بلکہ میں آپ سے دلسوزی کے ساتھ یہ بات کہہ رہا ہوں اور میں ایک مسلمان کی حیثیت سے کہہ رہا ہوں اس قسم کی بنیادی لیجسلیشن کے سلسلے میں جو اسلام کی مخصوص ہدایات کے خلاف ہو ۔ یہ نہیں کہ یہ کوئی مسئلہ ہے یا محض ایک شریعت کی بات ہے کہ اگر قرآن حکیم کی واضح اور صریح نص پر کوئی چیز صادق نہ آتی ہو تو اس کو ہمیں نہ کرنا چاہئے اور اگر شریعت کے احکام کی خلاف ورزی ہم نے کھلے بندوں کر ڈالی تو یاد رکھئے کہ دو سال چار سال ۱۰ سال کے بعد اللہ کے ہاں کیا جواب دینگے جس وقت ایف ۔ سی ۔ آر انگریز نے بنایا تھا تو اللہ تعالیٰ کو یہ عذر قابل قبول ہو سکتا تھا کہ ہم مجبور تھے محکوم تھے انگریز کے ہاتھ میں ڈنڈا تھا ۔ عصا تھا اقتدار تھا اس نے زبردستی

قرآن کے خلاف شریعت کے خلاف یہ قانون ہم پر مسلط کر دیا۔ خدا کے فضل سے ہم اس پاکستان کے شہری ہیں ہم مسلمان ہیں تو ہمارے پاس کیا justification جواز ہے کہ ہم پرانے انگریز کے بنائے قانون کو ایک لیجسلیشن کی صورت میں معرض وجود میں لے آئیں جس سے ہمیں اس دنیا میں ذلت و رسوائی کا سامنا کرنا پڑے اور آخرت میں اس سے شدید عذاب میں مبتلا ہوں گے۔

میرے فاضل دوست چودھری [~~ابراہیم~~] صاحب نے کل ایک آیت یہاں پڑھی جو اس کے حسب حال تھی۔ یہاں کل وہ جلدی میں یا یہ سمجھ کر کہ اس کا ترجمہ کرنے کی کیا ضرورت ہے خاموش رہے۔ لیکن چونکہ وہ آیت حسب حال ہے اس لئے اس کو دوبارہ (2) پڑھ کر پیش کرتا ہوں اور اس کا ترجمہ بھی اپنے دوستوں کی خدمت میں پیش کرتا ہوں اور ان سے التجا کرتا ہوں کہ وہ اسے غور سے سن لیں۔ اور اس کی روشنی میں اپنی روش کو متعین کریں اور شریعت کی روشنی میں اپنی روش کو متعین کریں کہ اس دن ہمارا کہاں ٹھکانا ہوگا ہم کہیں شدید عذاب میں نہ مبتلا ہو جائیں ~~اور وہ آیت یہ ہے~~۔

افتؤمنون ببعض الکتب و تکفرون ببعض فما جزاء من یفعل ذالک منکم الا خزی فی الحیوۃ الدنیا و یوم القیمۃ یردون الی اشد العذاب و ما اللہ بغافل عما تعلون (2)

یعنی جو لوگ اللہ کی کتاب کے ساتھ یہ روش روا رکھتے ہیں کہ اس کے کچھ حصوں کو مانتے ہیں اور کچھ حصوں کو نہیں مانتے ان کے متعلق یہ کہا گیا ہے کہ جو لوگ اللہ کی کتاب کے ساتھ آدھا تیتر آدھا بٹیر کا سا رویہ اختیار کرتے ہیں ان کو دنیا میں سوائے ذلت و رسوائی کے کچھ ہاتھ نہ

آئیگا اور آخر میں شدید عذاب میں مبتلا ہونگے ۔ تم یہ نہیں
(3) سمجھتے کہ تمہاری روش اللہ میاں سے چھپی نہیں ہے ۔ اللہ کو
تمہاری اچھی طرح سے خبر ہے اور اس سے تمہاری کوئی بات
چھپی نہیں ہے اور نہ چھپ سکتی ہے ۔ جناب والا ۔ اس کے
لئے میں جناب کی خدمت میں یہ بات عرض کرونگا کہ جس وقت
بنی اسرائیل کو انکی بد اعمالیوں کے سبب اقوام عالم کے منصب
امامت سے معزول کیا گیا اور مسلمانوں کو منصب امامت پر فائز
کرنا اللہ میاں نے تجویز کیا تو اس وقت جو سب سے بڑا جرم
تھا اور یہودیوں میں رائج تھا اس کی طرف میں آپ کو دعوت
فکر دیتا ہوں ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کے ذریعے سے بنی اسرائیل جیسی
ایک عظیم قوم کو جس کے اندر بے شمار انبیا اور بے شمار
بادشاہ پیدا ہوئے ہیں جو یہ سمجھتے تھے کہ اس کے برابر کوئی
قوم دنیا میں پیدا نہیں ہوئی ان کے جاہ و جلال کا کوئی ٹھکانہ
(4) نہ تھا لیکن انکی بد اعمالیوں کی وجہ سے جڑ کاٹ دی گئی اور
ذلت و رسوائی ان پر مسلط کر دی گئی ۔ اور وہ اس قدر ذلیل
و رسوا ہوئے کہ آج انہیں کوئی ایسا خطۂ زمین نظر نہیں آتا
جس کے متعلق وہ کہہ سکیں کہ ہم اپنے بل بوتے پر اس پر قابض
ہیں ۔ ایک چھوٹی سی سلطنت بنائی گئی ہے ہماری کمزوریوں کی
وجہ سے اور امریکہ کی مدد کیوجہ سے تو وہ کیا چیز ہے جو دوسرے
کے سہارے پر قائم ہے ۔ تو میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ
بنی اسرائیل اپنی بد اعمالیوں کیوجہ سے ذلیل ہوئے اور ذلت و
رسوائی ان پر مسلط ہو گئی اور جس طرح وہ اقوام عالم کے
منصب امامت سے ہٹا دئے گئے خدا نہ کرے کہ ہم بھی ان
ہی جرائم کے مرتکب ہوں اور ہم بھی انکی ہی طرح شدید
عذاب کے مستحق ہو جائیں ۔ جناب سپیکر ۔ میں گذارش کرونگا
کہ وہ اس لیجسلیشن سے باز آ جائیں جس طرح بنی اسرائیل پر

(5) ذلت و رسوائی مسلط کر دی گئی کہیں ہم پر بھی نہ مسلط کر دیجائے ۔

جناب سپیکر ۔ توریت میں بنی اسرائیل کو حکم دیا گیا تھا کہ تم اپنے بھائی بندوں پر ظلم نہ کرو ان کے حقوق نہ تلف کرو ۔ لیکن یہودیوں نے وہی چیز اختیار کی جو انکی نظر میں اچھی تھی ۔

میں اس کے متعلق جناب والا ۔ آپکی خدمت میں یہ گذارش کرنی چاہتا ہوں کہ ایسی لیجسلیشن سے یہودیوں والی روش اختیار کیجا رہی ہے ۔ اللہ میاں نے ہمیں اس بات سے منع کیا کہ کسی پر جور و ستم نہ کرو نہ کسی پر زیادتی کرو تم ایسے قانون نہ بناؤ جن سے انسانی حقوق تلف ہوتے ہوں ایسے قانون نہ بناؤ جن میں رولز آف لاء کی نفی ہوتی ہو ۔ اس چیز کو اللہ میاں نے منع کیا لیکن اس کے باوجود یہ روش کیوں اختیار کیجا رہی ہے ان احکام کو کیوں ٹھکرایا جا رہا ہے جو احکام خداوندی ہیں اور اس کے بعد ہمیں دعوت دی جا رہی ہے کہ یہ قانون ہے اس میں کوئی ایسی بات نہیں لیکن یہ لیجسلیشن انسانی حقوق کے خلاف ہے ۔ قتل کی جو سزا رکھی گئی ہے وہ قرآن کریم کے خلاف ہے لیکن کہتے ہیں کہ تم اس کو مان لو ہم نے تمہارے لئے اس میں کچھ سہولتیں پیدا کر دی ہیں ۔ بالکل وہی روش ہے جو روش یہودیوں نے اختیار کی تھی ۔ کہ احکام خداوندی کی خلاف ورزی کرتے تھے اور پھر جن لوگوں پر وہ ظلم ڈھاتے تھے وہ جب قید ہو کر آپ کے پاس آتے تھے تو فدیہ اللہ پاک نے بنی اسرائیل کو کہا کہ خدا کے بندو میں نے تمہیں منع کیا تھا کہ تم اپنے بھائیوں کو جلا وطن نہ کرو اور تم نے وہ حکم تو ماننے سے انکار کر دیا تھا ۔ لیکن جب وہی جلا وطن لوگ قید ہو کر آتے ہیں تو ان کو فدیہ لے کر چھوڑ دیتے ہو

ہماری بعینہ وہی حالت ہے ۔

جناب والا ۔ کہا گیا ھے کہ لیجسلیشن اس قسم کی نہ بناؤ جو قرآن کریم کے خلاف ھو ۔ تو جناب دوسری بات میں عرض کرنی چاھتا ھوں قرآن کریم کی ایک آیت کیطرف میں جناب کی توجہ دلانا چاھتا ھوں ۔ جس میں ایک سخت وحی ان لوگوں کے لئے دی گئی جو شرعی احکام کی خلاف ورزی کرتے تھے ۔ جو قانون اسلامی کا احترام نہیں کرتے تھے اور اسلامی قانون کے مطابق فیصلے نہیں کرتے ادر اپنا قانون بناتے ھیں . . . . وہ آیت یہ ھے ۔

و من لم یحکم بما انزل اللہ فا ؤ لئلك ھم الکفرون ۞

تو جو لوگ اللہ کے قانون کی پرواہ نہیں کرتے اللہ کے قانون کے مطابق فیصلے نہیں کرتے انہیں کافر کہا گیا ھے ۔ میں اپنے دوستوں کو یہ کہنے کیلئے تیار تو نہیں ھوں لیکن اللہ کی کتاب میں ایسے لوگوں کو کافروں سے منسوب کیا گیا ۔ اس کے علاوہ جناب ۔

و کتبنا علیہ فیھا ان النفس بالنفس و العین بالین بالعین و الا نف با لا نف و الاذن با لاذن و السن بالسن لا و الجروح قصاص ط فمن تصدق بہ فھو لقارۃ لہ ط و من لم یحکم بما انزل اللہ فاؤلئلك ھم الظلمون ۞

جو لوگ خدا کے قانون کی خلاف ورزی کرتے ھیں ۔ خدا کی خوشنودی کے خلاف فیصلے کرتے ھیں انہیں ظالم کہا گیا . . . . . .

و من لم یحکم بما انزل اللہ فاؤلئلك ھم الفسقون ۞

کہ جو لوگ اللہ کے قانون کی پرواہ نہیں کرتے وہ فاسق ھیں ۔ تو پارٹی basis سے بالا ھو کر میں اپنے دوستوں سے کہونگا کہ وہ اس قسم کی جسارت نہ کریں اس دنیا میں ذلت اور رسوائی سے ھمیں بچنا چاھئے اور عاقبت میں جو سزا رکھی ھے اس سے بھی بچنا چاھئے ۔

Mr. Speaker : Mr. Saadi's amendment also suffers from the same defect. It will be better if he speaks on this and withdraws his amendment.

خواجه محمد صفدر۔کل یہ فیصلہ ہوا تھا ۔

Mr. Speaker : As Mr. Memon has correctly pointed out it suffers from the same defect. There is already a motion before the House if Mr. Saadi wants to make a speech, he may withdraw his own amendment.

امیر حبیب اللہ خان سعدی (لائلپور ۔ ۷) صاحب صدر ۔ قانون سازی اور اسکی خرابی کا جو کچھ اثر معاشرے پر ہوتا ہے اسکی تاریخ بڑی لمبی ہے ۔ لیکن اسکا خلاصہ یہ ہے کہ قانون بنانے والے تو بنا دیتے ہیں لیکن برے قانون کا خمیازہ عوام کو بھگتنا پڑتا ہے اور انکی نسلیں متاثر ہوتی ہیں تو اس تاریخ کے سبق سے ہمیں یہ رہنمائی ملتی ہے کہ قانون سازی نہایت احتیاط سے ہونی چاہیئے پورے غوروفکر کے ساتھہ ہونی چاہئے اور معاشرے کے تمام حالات اور تمام تقاضوں کو سامنے رکھکر ہونی چاہئے تو مجھے قانون سازی کے اصولوں کی تفصیل میں جانے کی ضرورت نہیں اسلئے کہ میرے اکثر دوست ان پر روشنی ڈال چکے ہیں ۔ اسمیں صرف اتنا اضافہ کریں گے کہ اسلام کی تشریح کے مطابق اور اسلام کے قانون کے مطابق سزا ایک نہایت واضح اور معقول اصول پر مبنی ہوتی ہے اور وہ اسلام امام اعظم نے پیش کیا جسے استحسان کہتے ہیں اور اس سے مراد یہ ہے کہ زندگی میں اور معاشرے میں ایک احسن اور ایک توازن اور اعتدال پیدا ہو ۔ تو اسطرح جمہوری اصول جو ہوتے ہیں ان میں قانون کے نظریہ کے مطابق وہ اس معاشرے کے تمام افراد پر یکساں حیثیت رکھتے ہیں ۔ تو یہ اسلامی نظریہ کی تشریح ہے ۔ یہ جمہوری اصول جو قانون سازی کے متعلق مذہبی دنیا میں اور معاشرے میں مقبول ہیں ۔ اگر انکو ان نظریات سے دیکھا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ ہم یہاں قانون بنانے میں کچھ ضرورت سے زیادہ اور نہایت عجیب قسم کی عجلت کر رہے ہیں ۔ اور اس سے قطع نظر کہ موجودہ قانون ہمارے آئین پاکستان کے بنیادی اصولوں کے سراسر خلاف ہے ۔ میں صرف ان دو باتوں کے

متعلق عرض کروں گا کہ یہ عجلت کیوں جاری ہے اور دوسرے یہ کہ قانون سازی کے تمام اصولوں کے خلاف یہ جو مسودہ قانون پیش کیا جا رہا ہے اسکے نتائج کیا ہو سکتے ہیں ۔ آپ نے دو تین روز ہوئے اخبار میں ایک نہایت مفید اطلاع پڑھی ہو گی کہ انگلستان کی مجلس قانون‌ساز نے ایک نہایت معمولی قانون کی صرف ایک ادنے شق میں تبدیلی کرنے کے لئے تین مہینوں کا وقت لیا اور تین مہینے رات دن وہ اس پر بیٹھے سوچتے رہے وہ معاملہ صرف مکانوں کے کرایہ کے متعلق تھا ۔ تو یہ آپ لوگوں کی زندگی کو ایک ایسے نظام میں جکڑنا چاہتے ہیں ۔ جس سے وہ پہلے ہی بلبلا رہے ہیں ۔ پہلے ہی ان کا دم گھٹا جا رہا ہے ۔ آپ ان پر ایسا قانون لاگو کرنا چاہتے ہیں ۔ جو مہذب دنیا کی نظر میں قانون نہیں کہلا سکتا ۔ آخر یہ عجلت آپ کس مقصد کے لئے کر رہے ہیں ؟

یہ ٹھیک ہے کہ آپ اس وقت ایوان میں اکثریت کی پارٹی کہلاتے ہیں ۔ لیکن اس سے وہ ذمہ داریاں ختم نہیں ہو جاتیں ۔ جو عوام کی طرف سے آپ پر اور ہم سب پر عائد ہوتی ہیں ۔ آپ نے ایف‌سی‌آر کی مدح سرائی اکثر سنی ہو گی ۔ ہمیں بڑی خوشی ہوئی تھی ۔ کہ ملک قادر بخش صاحب نے اٹھ کر بڑے طمطراق سے یہ فرمایا تھا ۔ کہ ہم ایف ۔ سی ۔ آر کو ختم کر رہے ہیں ۔ لیکن اس بات کو سمجھانے سے وہ قاصر رہے ہیں ۔ کہ اس عجلت کے ساتھ یہ مسودہ قانون کیوں پیش کیا جا رہا ہے ۔ جس کے نقائص جس کے تمام عیوب خود آپ نے اپنے عقل سے ثابت کئے ہیں ۔ آپ نے دیکھا ہے ۔ کہ پہلے روز جس شکل میں مسودہ پیش کیا گیا تھا ۔ آپ نے خود اس میں اتنی ترامیم پیش کی ہیں ۔ کہ آپ نے اس برے قانون کا ایک اور حلیہ بگاڑ کر رکھ دیا ہے ۔ ملک صاحب نے نہایت ہی خوبصورت اور ملائم الفاظ میں ایکہ نہایت ہی برے قانون کو پیش کرنے کے لئے جو تقریر فرمائی تھی ۔ مجھے وہ سن کر یہی بات یاد آئی ۔

پاپوش میں لگائی کرن آفتاب کی
جو بات کی خدا کی قسم لا جواب کی

یعنی ایک ایسا برا قانون جس کو ملک صاحب اپنے اس موجودہ دور سے بھی پہلے محسوس کرتے ہیں ۔ کہ ایسے قانون ناقص ہیں ۔ اور خراب ہیں ۔ اب اس کی تعریف میں اٹھ کر تقریر کریں تو کتنا تعجب ہوتا ہے ۔

تو جناب والا۔ قانون سازی میں عجلت کے متعلق میں اس اقتباس کو آپ کے سامنے پوری تفصیل سے پیش نہیں کروں گا ۔ جسٹس سجاد احمد جان صاحب کا خطبہ ہے جو لا' کالج کنونشن میں دیا گیا تھا ۔ میں اس میں سے دو چار سطریں ہی آپ کے غور کرنے کے لئے پیش کرتا ہوں ۔

وزیر زراعت۔۔ہم نے پڑھ لیا ہے ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی۔خدا کرے آپ کو عمل کی بھی توفیق ہو ۔

"Any legislation which sacrifices the fundamentals of Judtice is indeed a dangerous experiment fraught with grave consequences".

ملک صاحب نے یہ فرمایا تھا کہ ان کے اس خوبصورت مسودہ قانون کی تعریف میں کون فیصلہ کرے گا ۔ انہوں نے کیا احسان اس قوم پر کیا ہے ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں ۔ ایسے قانون کے بعد وہ کون سی قوم رہ جائے گی ۔ صرف بھیڑوں کا گلہ ہی رہ جائے گا ۔

وزیر زراعت و آبپاشی۔۔ہماری گورنمنٹ رہے گی ۔ آپ اپنی فکر کریں ۔

راؤ خورشید علی خاں۔۔آپ حکمرانی کس پر کریں گے ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی۔۔میں عرض کر رہا تھا ۔ جن خلاف انسانیت ۔ خلاف انصاف پابندیوں میں آپ انسانوں کو جکڑنا

چاھتے ھیں ۔ یہ ایسی مثال ھے ۔ جیسے انقلاب فرانس میں گلوٹیں لگا دی گئی تھی ۔ یہ گلوٹیں آپ یہاں لگانا چاھتے ھیں ۔ آپ نے تاریخ میں پڑھا ھو گا ۔ کمزور اور بے رسوخ لوگوں کا کیا حال ھوتا ھے ۔ ملک صاحب کی گردن تو شاید بچ جائے گی ۔ لیکن غریب اس میں کچلے جائیں گے ۔ جو آپ کی ھاں میں ھاں نہیں ملائیں گے ۔ ان کا حشر معلوم ھے کیا ھو گا ۔

Mr. Speaker : The time is over.

امیر حبیب اللہ خان سعدی—جناب دو منٹ اور دے دیں ۔ ملک صاحب نے یہ دعویٰ کیا ھے ۔ کہ ھم نے بغاوت کو اس مسودہ سے نکال دیا ھے ۔ میں اس کے معنے یہ سمجھتا ھوں انہوں نے کم از کم یہ تسلیم کر لیا ھے ۔ کہ اس صوبہ میں کوئی شخص غدار اور باغی اور اس ملک کے خلاف نہیں ھو سکتا ۔ تو پھر جب یہ ان کو اعتراف ھے ۔ میں یہ سمجھنے سے قاصر ھوں ۔ کہ ایسا جابرانہ اور ظالمانہ قانون لانے کی ضرورت کیا ھے ۔ اس عجلت سے مجھے تو ایک ھی بات لے دے کے سمجھ میں آتی ھے ۔ ان دونوں چیزوں کو آپ سامنے رکھ کر دیکھیں وہ یہ ھیں ۔ محض جو لوگ کسی نہ کسی طرح اقتدار پر قابض ھو گئے وہ اپنی ذاتی دشمنیوں اور ذاتی اغراض کے لئے ایسا قانون لانا چاھتے ھیں ۔ تو میں آپ سے یہ گذارش کروں گا ۔ کہ محض اکثریت کے بل بوتے پر آپ ایک برے قانون کو اگر منظور کرنے پر اصرار فرمائیں گے ۔ تو لازماً دنیا یہ نتیجہ اخذ کرے گی ۔ کہ پہلے گورنر صاحب آرڈیننس نافذ کرتے تھے اب ھماری وزارت کا یہ آرڈیننس ھے ۔

جناب والا ۔ وزیر ریلوے نے بڑے ھی معذرت خواھانہ انداز میں کہا ھے ۔ کہ ھم اس بل کو درست کرنے کی کوشش کر رھے ھیں ۔ تو سرکاری پارٹی کی طرف سے مسودہ میں جس قدر ترامیم آئی ھیں ۔

قطع نظر اس کے کہ وہ شوشوں اور نقطوں کی تبدیلیاں ہیں اور جو بنیادی چار پانچ خرابیاں اس میں ہیں ۔ ان کوجوں کاتوں اس میں رکھا گیا ہے ۔ میں کم از کم یہ سمجھتا ہوں ۔ کہ ان کو یہ اعتراف تو ضرور ہے ۔ کہ مسودہ قانون غلط ہے ۔ اس کو کوئی بھی معقول انسان قبول نہیں کرتا ۔ بہرحال ہم یہ کہتے ہیں ۔ کہ اس ایوان کا وقت ضائع کرنے کی بجائے آپ پہلے ہی سے سمجھ کر ایک بہتر مسودہ لائیں ۔

پیر غلام علی چشتی ۔۔ (منٹگمری ۔ ۶) جناب سپیکر ۔ جن ممبران نے کہا ہے ۔ کہ یہ سیاہ قانون ہے ۔ ان کو میں یہ بتانا چاہتا ہوں ۔ کہ سیاہ چیزوں کی ہمارے دل میں کتنی قدر ہے ۔ کعبے شریف کا غلاف سیاہ ۔ حضرت کی کملی سیاہ ۔ قرآن شریف کے حروف سیاہ انہوں نے سیاہ قانون کہہ کر ہماری تائید کر دی ہے ۔ کہ قانون اچھا ہے ۔ (قہقہے)

نمبر ۲ پر ایک ہمارے دوست جن کا نام مجھے نہیں آتا ۔ شعر بھی سناتے ہیں ۔ ان کا تخلص شائد بلوچ ہے ۔ انہوں نے قائد اعظم کی تقریر پیش کی ہے ۔ کہ ایسا قانون کسی وقت بنگال میں بن رہا تھا ۔ انہوں نے مخالفت کی تھی ۔ کہ ایسا قانون نہ بنے ۔ تقریر انگریزی میں تھی ۔ انگریزی تو میں سمجھتا نہیں ۔ ہمارے قانون کے خلاف ہی ہو گی ۔ جو انہوں نے پیش کی ہے ۔ لیکن جس وقت قائد اعظم نے یہ تقریر کی ہو گی ۔ اس وقت وہ حزب اختلاف کے بنچوں پر بیٹھے ہوں گے ۔ جب وہ یہاں کے گورنر جنرل بنے نہ انہوں نے ایف۔سی۔آر کو منسوخ کیا نہ سیفٹی ایکٹ کو منسوخ کیا ان کے ہاتھ میں اس وقت اختیار تھے تو ہم حزب اقتدار پر بیٹھے ہوئے ہم بھی قائد اعظم کی تقلید کر رہے ہیں ۔ اور حزب اختلاف میں بیٹھے ہوئے وہ بھی قائد اعظم کی تقلید کر رہے ہیں ۔ کہ انہوں حزب اختلاف پر وہ کیا ہے ۔ اور اقتدار کے آنے کے بعد وہ کیا تھا ۔ (ہیئر ۔ ہیئر۔ قطع

کلامیاں) هم ڈیڑھ سو ممبران جو هیں - تمام مغربی پاکستان کے نمائیندے هیں عوام نے همیں چنا هے (قطع کلامی) یه کہتے هیں - از رو شریعت - جنگ احد میں حضرت سرور کائنات کا اراده تها که هم خندقیں بنا کر مدینے کے اندر جنگ کریں - لیکن مسلمانوں کی اکثریت نے یه کہدیا که میدان میں جا کر لڑیں گے - انہوں نے جو لڑائی میں شہید هوئے وه برداشت کر لئے شکست هوئی برداشت کر لی - لیکن اکثریت کا فیصله مان لیا - جب هم ۱۲۰ فیصله کرتے هیں - ان کا فرض هے - وه هماری تائید کریں از روئے شریعت (قطع کلامیاں)

هم پر یه اعتراض کیا گیا هے - که یه قانون انگریزوں نے بنایا هے - اور هم اس کی سر پرستی کر رهے هیں - لیکن انہیں معلوم هونا چاهئے که اس میں هماری طرف سے سو سے زیاده ترمیمیں پیش کی گئی هیں - یه اس طرح هے - جیسا کوئی حکیم کسی کشته کو تیار کرے اور بار بار مختلف طریقوں سے مناسب مقدار میں اجزا کو باهم ملائے اور مناسب آنچ دیتا رهے تاکه معیاری کشته تیار هو اور جب تیار هو جائے تو استعمال سے کسی مریض کو کوئی نقصان نه هو . . . . (قطع کلامیاں) یه قانون ضرور پاس هونا چاهئے - دوسرا اعتراض یه هے - که انگریزوں نے اپنے دور اقتدار میں اس کو بنایا تها - تاکه عوام پر جبری طریقه سے حکومت کر سکے اور ان پر اپنی گرفت مضبوط رکھ سکے لیکن هم تو اس کو عوام کی اصلاح کے لئے نافذ کر رهے هیں (نعره هائے تحسین)

علامه عبدالحق - (رحیم یار خان-م) جناب صدر - سب سے پہلے میں اس ترمیمی بل کے سلسلے میں مجبوراً یه گذارش کرنا چاهتا هوں - که یه زیر بحث مسوده ترمیم - دستور پاکستان کے خلاف هے - اور اسلام کے صریح منافی هے - بلکه بعض صریح احکام قرآنی کی تنسیخ کرتا هے - اس سے بنیادی حقوق اور مسلمه قوانین عدل کی تکذیب هوتی هے - دستور پاکستان اور آئین قانون سازی کی ضمنی دفعه (۱) میں یه کہا گیا هے - که اس ملک میں کوئی قانون منافی اسلام نه هوگا۔

اس ہاؤس کے سامنے پہلے بھی یہ چیز عرض کی جا چکی ہے - لیکن چونکہ ہماری یہ بنیادی چیز ہے - میرے خیال میں اس سے گھبراہٹ پیدا نہیں ہونی چاہئے - اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں -

کتب علیکم القصاص فی القتلی ط الحر و العبد بالعبد والانثی بالانثی ط فمن عفی لہ من اخیہ شیی فاتباع بالمعروف وادآء الیہ باحسان ط ذلک تخفیف من ربکم و رحمتہ ط فمن اعتدی بعد ذلک فلہ عذاب الیم ۝

قرآن یہ کہتا ہے کہ مقدمات قتل میں قاتل کی سزا سزائے موت ہے - برابر کی سزا ہے - ''القصاص،، عربی کا لفظ ہے - اس کے معنی ہیں وہ جزا اور سزا جو جرم سے مطابقت رکھتی ہے - انسانی جان لینے والے کی سزا یہ ہے - کہ اس کی جان لیجائے - قرآن کریم کے دوسرے مقام پر یہ آتا ہے -

و کتبنا علیہ فیہا ان نفس بالنفس لا والعین بالعین والانف بالانف والاذن بالاذن والسن بالسن لا والجروح قصاص ط

جان کا بدلہ ہی جان ہے - پھر قرآن حکیم نے بتلایا ہے - کہ قتل کی سزا موت دراصل اسی کے اندر انسانی زندگی کا راز پنہاں ہے - لیکن اس کو وہی لوگ سمجھتے ہیں - جنہیں عقل دی گئی ہے -

و لکم فی القصاص حیوۃ یاولی الالباب لعلکم تتقون ۝

اے دانشمندو - تم یہ یقین کر لو کہ سوسائٹی کے لئے زندگی کا راز اس میں مضمر ہے- کہ قتل کی سزا سزائے موت ہونی چاہئے -

میں نے دوسری عرض یہ کی تھی ۔ کہ اس ترمیمی بل کے اندر یعنی دفعہ ۱۰ میں واضح طور پر یہ بات بتلائی گئی ہے ۔ کہ دفعہ ۳۰۲ کے مجرم کے لئے اگر کمشنر یہ محسوس کرے ۔ کہ اسے موثر سزا دینی ضروری ہے ۔ تو اس کو ٹریبونل کے حوالے کیا جائے گا ۔ جہاں اس جرم کی انتہائی سزا ۱۴ سال ہے ۔ لیکن یہ ضروری نہیں کہ وہ پوری سزا ہی دی جائے ۔ وہ اگر چاہیں تو آٹھ ۔ دس یا اس سے زیادہ بھی سزا دے سکتے ہیں ۔ لیکن کسی صورت میں ۱۴ سال سے زاید سزا نہیں دی جا سکتی ۔ قران یہ کہتا ہے ۔ کہ قاتل کی سزا سزائے موت ہے ۔ اور یہ ترمیمی بل کہتا ہے ۔ کہ اس کی انتہائی سزا ۱۴ سال ہے ۔ قرآن کہتا ہے ۔ کہ اس میں سوسائٹی کی زندگی ہے ۔ لیکن یہ ترمیمی بل سوسائٹی کو زندگی سے محروم کرنا چاہتا ہے ۔ میں وزیر انچارج سے کہونگا کہ اللہ کے ارشاد کی روشنی میں اس لائے ہوئے بل پر غور کریں ۔ کیا ہی اچھا ہو ۔ کہ ''اللہ،، کے پوچھنے سے پہلے ہی اسے آپ واپس لے لیں کیونکہ اس کے اثرات اس اس صوبے کے کروڑوں انسانوں کی زندگی پر پڑنے والے ہیں ۔

دوسری بات یہ ہے کہ خدانخواستہ یہ بل پاس ہو جاتا ہے ۔ تو اس کے نتیجے میں اس ملک کے اندر قتل کی وارداتیں اپنی انتہا کو پہنچ جائیں گی ۔ اس لئے کہ یہ بات پہلے سے مسلمہ ہے کہ ہمارے ملک کے اندر سوسائٹی کی خرابی ۔ معاشرے کی تباہ حالی کے وہ لوگ ذمہ دار ہیں ۔ جنہیں ان کی اصلاح کا کام اور ان کی نگرانی کی ذمہ داری سونپی ہوئی ہے ۔ ان کی اس غفلت کے نتیجہ میں قتل جیسے جرم کی سزا بھی اس کو کم کرنے کے لئے موثر ثابت نہ ہو سکی ۔ میں کہتا ہوں کہ ایوان اس پر غور کرے درآن حالیکہ قتل کی سزا موت ہے ۔ مگر آپ قاتل کو سزا سے بچا لیں گے ۔ آپ اندازہ کیجیئے ۔ کہ اس سے ملک میں انسانی خون کی کتنی ارزانی ہو جائے گی ۔

دوسری چیز جو فخر سے لائی گئی ہے وہ یہ ہے ۔ کہ اس ملک سے ہمیں کرپشن کو دور کرنا ہے ۔ میں کہتا ہوں ۔ کہ اگر یہ حقیقت مندانہ

جائزہ لیتے تو انہیں معلوم ہوتا ۔ کہ دراصل معاملہ اس کے بالکل برعکس ہو جائے گا ۔ اس کا انہوں نے صحیح اندازہ نہیں کیا تھا ۔ حقیقتاً سول لاء ان جرائم کی کثرت کا باعث نہیں بلکہ اس کا اصل باعث ہماری انتظامیہ ہے ۔ کیونکہ انتظامیہ کے تمام نہیں اکثر افراد کورپٹ ہیں ۔ جو انسانی جان و مال کے محافظ ہیں ۔ وہ اس ملک کے عوام کی جان و مال سے کھیل رہے ہیں ۔ اللہ ہی بہتر جانتا ہے ۔ اور میری عادت بھی نہیں ہے ۔ کہ میں خواہ مخواہ الزامات عائد کروں تاہم میں عام آدمی ہوں ۔ دیہات کا رہنے والا ہوں ۔ میری آنکھوں کے دیکھے حالات ہیں کہ اس سول لاء کو جنہوں نے ناکام بنایا ہے ۔ وہ لوگ ہیں ۔ جنہیں انسانی زندگی کا پاسبان بنایا گیا ہے ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر سپیکر ایوان سے تشریف لے گئے ۔ اور مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر جناب محمد اسحاق خان کندی ، کرسیٔ صدارت پر متمکن ہوئے)

میں عرض کر رہا تھا کہ ہم رشوت ستانی کا انسداد کرنا چاہتے ہیں ۔ عجیب بات ہے کہ انسداد رشوت کے لئے کوشش کی جا رہی ہے اور دوسری طرف رشوت کے طاغوتی جرائم کی پرورش کا بھی انتظام کر دیا گیا ہے ۔ کوئی بھی انتظامیہ کا فرد اپنے فرائض سے روگردانی کی جرأت اور رشوت خوری نہیں کر سکتا جب تک کہ اس پر گرفت رکھنے والا حاکم خود کسی نہ کسی کمزوری میں مبتلا نہ ہو ۔ ۱۴ سال کی قید کی نسبت میں کہونگا ۔ کہ پچھلے سیشن میں اس ہاؤس میں ضابطہ فوجداری کی ترمیم پیش ہوئی تھی ۔ کہ قتل کے جرائم کو قابل ضمانت قرار دیا جائے ۔ تو انہوں نے کہا تھا ۔ کہ اگر اس کو قابل ضمانت قرار دیا گیا ۔ تو ملک کے اندر خون کی ارزانی ہو جائے گی ۔

میں یہ کہتا ہوں کہ اس وقت سزائے قتل کو معطل نہیں کیا جا رہا تھا ۔ اس میں یہ تھا کہ سزا تو اس کی موت ہے

لیکن اگر مقتول کے ورثا کچھ لے دے کر ۔ خون بہا لے کر اس بات پر راضی ہو جائیں کہ اس کو معاف کر دیا جائے تو اسے معاف کر دیا جائے ۔ یہ رعایت اللہ جل شانہ نے دی ہے اپنے بندوں کو ۔ اس کے متعلق یہ کہا گیا کہ اس سے قتل و خون کی واردات انتہا سے بڑھ جائیں گی ۔ میں یہ کہتا ہوں کہ ایک سرمایہ دار دشمن اپنے مد مقابل سے انتقام لینا چاہتا ہے تو وہ ہزاروں روپیہ کی رشوت کسی ایسے شخص کو دے کر جو اپنی زندگی کے معاملات میں پنپ نہیں رہا یہ کہدے کہ تم یہ حرکت کر دو زیادہ سے زیادہ کچھ سزا ہو جائے گی لیکن ہم پندرہ بیس ہزار کی رشوت دیتے ہیں ۔ تو کیا ایسی صورتوں میں درحقیقت آپ نے اس ترمیم کے ذریعہ اس قتل و خون کی واردات کو بڑھانے کا سامان نہیں کر دیا ؟ اس لئے میں یہ گذارش کرتا ہوں کہ بہتر یہ ہوگا کہ اس قانون کو منظور نہ کیا جائے ۔

// اس کے بعد دوسری چیز جو ضروری طور پر عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ جرگہ کا قانون انگریز کی لائی ہوئی لعنت تھی ۔ اس کا ٹیکہ ہمارے ماتھے پر نہیں تھا ۔ ہم نے مجبوراً یا غفلت کی وجہ سے اس کو بدستور جاری رکھا اور بڑھاتے چلے گئے ۔ لیکن آج جو چیز آپ لا رہے ہیں وہ آپ خدائی احکام کو منسوخ کر کے لا رہے ہیں ۔ آپ اندازہ کیجئے کہ دنیا اور آخرت میں اللہ کے سامنے اور خلق خدا کے سامنے جواب دہی کی ذمہ داری آپ پر نہ ہوگی ؟ اس سے بہتر تھا کہ آپ جرگہ کے قانون کو رہنے دیتے تو کم از کم ملک کی انتظامیہ اور عوام کی اکثریت اس بلا سے محفوظ رہتی کہ خدا کے قانون کے مقابلہ میں ایک ایسی لعنت ان پر مسلط کی گئی ہے کہ آنے والی نسلیں جب اسے یاد کریں گی تو سوائے اس کے کہ وہ لعنت بھیجیں اور کسی چیز کی امید ہم نہیں کر سکتے // اس لئے کہ یہ نہایت خطرناک چیز ہے جس میں ملک کو مبتلا

کیا جا رہا ہے ۔ میں ان وجوہات کی بنا پر اس ترمیمی بل کی مخالفت کرتا ہوں اور میری درخواست ہے کہ بہتر یہ ہوگا کہ حکومت اسے واپس لے لے تاکہ دنیا اور آخرت میں اسے جواب دہ نہ ہونا پڑے ۔

وزیر ریلوے (مسٹر عبدالوحید خان)—جناب والا ۔ جو تجویز / ایوان کے سامنے اس وقت زیر بحث ہے اس کا مطلب اگر غور سے دیکھا جائے تو یہ ہے کہ ایف ۔ سی ۔ آر جو اس وقت نافذ ہے کچھ دیر کے لئے اور نافذ رہے اور جو قانون ہم لانا چاہتے ہیں وہ ملتوی رہے ۔ سیلیکٹ کمیٹی میں یا رائے عامہ کے سامنے پیش کرنے کا مطلب سوائے التوا کے اور کچھ نہیں ۔ اس کا دوسرا مطلب ہو نہیں سکتا میں یہ نہیں کہتا کہ آپ کی نیت یہ ہے لیکن اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ کچھ عرصے کے لئے خواہ وہ آٹھ دن کے لئے ہی کیوں نہ ہو ۔ وہ قانون جس کا نام ایف ۔ سی ۔ آر ہے اور جس کو آپ بار بار کالے قانون کے نام سے یاد کر رہے ہیں آپ کی اس تجویز کا مطلب یہ ہے کہ وہ ابھی کچھ گھنٹوں ۔ کچھ ہفتوں ۔ کچھ مہینوں کے لئے وہ قانون اس ملک میں نافذ رہے ۔ (قطع کلامیاں) میں اس تجویز کا مطلب بتا رہا ہوں آپ کی نیتوں کا مطلب نہیں بتا رہا ۔ (قطع کلامیاں)

Mr. Senior Deputy Speaker : No interruptions please.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : On a point of order Sir.

Mr. Senior Deputy Speaker : Is it a point of order ?

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : Sir he is not representing true facts. There are vast tracts of land in the province where there is no F. C. R. and they are trying to impose F. C. R. in those areas. He should not try to mis-represent.

Mr. Senior Deputy Speaker : Can Mr. Iftikhar say that it is a point of order ?

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : No Sir. This is my submission.

Mr. Senior Deputy Speaker : Then he should have asked for the permission of the Speaker and should not have had his say in this form.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : I am very sorry.

وزیر ریلوے—دوسرا مطلب اس تجویز کا یہ ہے جو ان تمام تقاریر سے میں سمجھا کہ ایک بہت اچھی قسم کا قانون جو کہ پہلے سے نافذ تھا اسے یہ اکثریت پارٹی اس قانون کے ذریعہ ختم کر کے کوئی بلائے ناگہانی یا کوئی بلائے آسمانی نازل کرنے والی ہے ۔ اور کوئی بڑا خراب قسم کا ۔ خطرناک قسم کا قانون نئے سرے سے نافذ کر رہی ہے اور پہلا قانون ایک بڑا اچھا قانون تھا ۔ امید تو یہ تھی جناب صفدر سے ان وکلاء سے جو اس طرف بیٹھے ہیں کہ وہ ایمانداری کے ساتھ ۔ ایمانداری سے یہ مطلب نہیں کہ وہ ایماندار نہیں ہیں بلکہ کچھ سیاسی ایمانداری کے ساتھ وہ دونوں قوانین کو سامنے رکھتے اور بحیثیت وکیل کے ایف ۔ سی ۔ آر کا جو اس وقت موجود ہے جو نافذ ہے اس کا موازنہ دفعہ بہ دفعہ مجوزہ قانون سے کر کے بتاتے کہ پہلے قانون کی فلاں دفعہ صحیح تھی ہم نے اس کو خراب کر دیا ۔ اور اگر جناب والا ۔ ہم نے کوئی ایسی ترمیمات کی ہیں جو بہتر ہیں تو

عیب مے جملہ بگفتی ہنرش نیز بگو

مانا کہ ہم میں کچھ خرابیاں ہیں لیکن مصیبت یہ ہے کہ ہماری آپوزیشن ہم سے زیادہ خراب ہے کہ وہ ہدایت نہیں کرتی ۔ وہ دراصل اپنا آپوزیشن کا رول ہی نہیں سمجھتی یعنی یہ کہ وہ اس ملک کی تاریخ کی تخلیق میں اس ایوان کے نظم و نسق کی تخلیق میں ہماری برابر کی شریک ہے ۔ اب اگر وہ اپنی غیر ذمہ دارانہ تقریروں سے ملک میں مایوسی کی لہر پیدا کر رہی ہے . . . . . (قطع کلامیاں)

جب آپ کی تقاریر ہو رہی تھیں تو میں نے انہیں پوری توجہ سے سنا اس لئے کہ مجھے اپنے دلائل و براہین پر پورا اعتماد ہے ۔ میں آپ کی ہر دلیل کا جواب دے دونگا ۔ لیکن آپ اتنا گھبرا رہے ہیں ۔ میری تقریر سنیں تو سہی آپ خود مطمئن

ہو جائینگے ۔ آپ جب یہاں سے نکلیں گے تو مطمئن ہو کر نکلینگے ۔
جناب والا ۔ کاش ہماری آپوزیشن یہ محسوس کرے کہ اس ملک میں عمومیت کے ساتھ اس قسم کی خطرناک باتیں کہنا جو مایوسی کی لہر لوگوں میں پھیلائیں نہ صرف ہمارے اوپر اثر انداز ہوگی بلکہ پوری قوم پر جس میں آپوزیشن بھی شامل ہے اثر انداز ہوگی ۔ اس لئے مجھے آپوزیشن سے توقع ہے کہ وہ کسی معاملہ میں رائے دیں تو حقیقت پسندانہ طریقے استعمال کریں ۔

راؤ خورشید علی خان ۔ آپ وعظ کی بجائے بل کے متعلق فرمائیں۔

وزیر ریلوے ۔ آپ تو اپنا خطبہ پورا دے چکے ۔ میری بات بھی سنیں ۔ میرا مطلب یہ ہے کہ

مانا کہ کچھ عیاں میں برائی ضرور تھی
کچھ یہ بھی ہے کہ مجھ کو زمانہ برا ملا

کچھ یہ بھی ہے کہ ہمیں آپوزیشن بری ملی ۔ (قطع کلامیاں اور تالیاں)

Mr. Senior Deputy Speaker : I would request all the members of the Opposition party not to betray their nervousness and to hear the speaker.

Mir Muhammad Murad Khan Jamali : We are not nervous.

Mr. Senior Deputy Speaker : That is the impression.

Mir Muhammad Murad Khan Jamali : That impression is wrong.

وزیر ریلوے ۔ جناب والا ۔ میں تو یہ عرض کر رہا تھا کہ وہ ہمارے اس بل کو سمجھتے نہیں جس کے متعلق ہمیں امید تھی کہ وہ اس پر اس لئے خوش ہوں گے کہ گذشتہ پندرہ برس میں جو کام نہیں ہو سکا تھا وہ ان چند لغزشوں اور گناہوں سے بھرے ہوئے انسانوں نے ۔ کمزور انسانوں نے اپنے نازک ہاتھوں سے کر دیا ۔

کامل اس فرقہ زہاد سے اٹھا نہ کوئی
کچھ ہوئے تو یہی رندان قدح خوار ہوئے

جناب والا ۔ میں نے بڑے شوق سے جناب عبدالباقی بلوچ کی تقریر دلپذیر سنی ۔

Mir Muhammad Murad Khan Jamali: Point of order Sir. The Minister should address the Chair but he is addressing the Members as if he is addressing a public meeting.

Minister of Railways: Sir I am not addressing them by name.

جناب والا ۔ میں نے تو شعر ہی کہا ہے ۔ اشارہ ممنوع تو نہیں ہوتا ۔

میں نے مسٹر باقی صاحب کی تقریر دلپذیر سنی اور میں نے دیکھا کہ صرف انہوں نے ہی آپوزیشن کی طرف سے کچھ باتیں کہی ہیں ۔ انہوں نے کچھ اعداد و شمار پیش کئے ہیں نہیوں نے جناب قائد اعظم کی عمدہ قسم کی تقریر پیش کی ہے ۔ اب راؤ صاحب کھڑے ہو کر کہیں گے کہ قائد اعظم کو درمیان میں نہ لائیں ۔ میں قائد اعظم کو درمیان میں نہیں لاؤنگا ۔ میں قائد اعظم کے ایک شاگرد کی حیثیت سے یہ عرض کرونگا کہ انہوں نے کس موقع پر تقریر کی تھی اور اب یہ تاریخ کو کس طرح مسخ کرنا چاہتے ہیں ۔ یہ تقریریں جو آج اس ایوان میں ہو رہی ہیں یہ تاریخ کے ابواب بنیں گے ۔ یہ میرا فرض ہے (اور اگر میں اس فرض کو بھولوں تو یہ کنمان شہادت ہونگی) ۔ میں آپ کو بتاؤں گا کہ انہوں نے کس طرح قائد اعظم کی تقریر کو غلط طریقہ پر پیش کر کے تاریخ کو غلط کرنے کی کوشش کی ہے ۔ (شور)

آپ گھبرائیے نہیں ۔ ابھی سے آپ کے چھکے چھوٹ گئے ۔ میں نے تو کوئی چھکا نہیں لگایا ۔ میری بات سنئے ۔

جناب والا ۔ قائد اعظم نے بنگال کرمنل لاء امنڈمنٹ ایکٹ کے سلسلہ میں ۸ جنوری ۱۹۲۵ء کو جو تقریر کی تھی باقی

صاحب کو بتانا چاہئے تھا کہ اس وقت کرمنل لاء میں کیا ترمیم کی گئی تھی جس پر قائد اعظم نے ۱۹۲۵ء میں اس کی مخالفت میں تقریر کی تھی کہ اس وقت وہ حزب مخالف میں تھے ۔ قائد اعظم حزب اختلاف میں ہوتے یا حزب اقتدار میں ہوتے ان کا طرز عمل یکساں تھا ۔ ان کا طرز عمل بدل نہیں سکتا تھا ۔ اس وقت ان کی مخالفت کا سبب یہ تھا کہ بنگال کرمنل لاء سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کرنے کی غرض سے پاس کیا جا رہا تھا ۔ اس لئے اس کی مخالفت ضروری تھی ۔ لیکن ہم نے موجودہ قانون میں سے ۱۲۴ الف کو نکال دیا ہے ۔ (شور) آپ بھول رہے ہیں ۔ آپ سے کوئی امید رکھنا بیکار ہے ۔ (شور)

ان سے ہم کو وفا کی ہے امید

جو نہیں جانتے وفا کیا ہے

خواجہ محمد صفدر—شعر تو خوب ہے لیکن موقع غلط ہے ۔

راؤ خورشید علی خان—''خود آپ اپنے دام میں صیاد آ گیا،، (قطع کلامیاں اور شور)

وزیر ریلوے—قائد اعظم کو یقین تھا کہ اس قانون کو سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کیا جائے گا ۔ خاص طور پر بنگال کے دہشت اور تشدد پسندوں terrorists کو دبانے کے لئے وہ قانون پاس کیا گیا تھا ۔ ہم جو قانون پاس کر رہے ہیں اس کی سب سے پہلی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں سے سیاسی دفعات نکال دی گئی ہیں ۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ ۱۹۴۷ء میں قائد اعظم نے بھی گورنر جنرل ہونے کے بعد F. C. R. کو منسوخ نہیں کیا ۔

خواجہ محمد صفدر—آپ یہ بڑا الزام لگا رہے ہیں ؟

وزیر ریلوے—میں الزام نہیں لگا رہا بلکہ تاریخ پیش کر رہا ہوں ۔ یہی نہیں بلکہ ۱۹۳۷ء سے ۱۹۴۷ء تک F. C. R. جن

علاقوں میں معطل کر دیا گیا تھا ۱۹۴۷ء میں وہاں دوبارہ نافذ کیا گیا ۔ اس کی وجہ یہ تھی ۔ (قطع کلامیاں)

جناب والا ۔ اس کا جواز تھا (اور قائد اعظم کا اس زمانے کا اقدام بالکل صحیح تھا) ایک وجہ یہ ہے کہ قائد اعظم حکومت کے سربراہ ہونے کی حیثیت سے جانتے تھے کہ اب انگریز یہاں نہیں ہے جو اسے اپنے یہاں ٹھہرنے کے لئے استعمال کریگا ۔ اب اپنے ملک کی حکومت ہے اور کسی سے ناجائز برتاؤ نہیں کیا جائیگا ۔ دوسری وجہ یہ تھی کہ ہمارا ملک دنیا میں ایک ایسا ملک ہے جس کے ایک حصے اور دوسرے حصے کے درمیان ۲۰۰۰ میل کا دشمن کے ملک کا فاصلہ ہے ۔ چنانچہ اس کے استحکام اور امن قائم رکھنے کے لئے اس کا ہونا ضروری تھا ۔ تاکہ ہم امن قائم رکھ سکیں اور امن قائم ہونے کی وجہ سے انسداد جرائم ہو ۔ یہی وجہ ہے کہ پبلک سیفٹی ایکٹ اور ایف ۔ سی ۔ آر کو قائم رکھا گیا ۔ میں یہ بتا رہا ہوں کہ اگر یہ قانون اتنا برا ہوتا جتنا آپ بتا رہے ہیں ۔ اگر اس کی ضرورت نہ ہوتی تو قائد اعظم سب سے پہلے یہ کام کرتے کہ اسے بہ یک جنبش قلم ساقط کر دیتے اور منسوخ کر دیتے ۔

اس کے بعد میں یہ عرض کرونگا کہ کونسل مسلم لیگ کے پریذیڈنٹ خواجہ ناظم الدین اس زمانہ کے گورنر جنرل اور وزیر اعظم کی حیثیت سے جب تشریف لائے تو انہوں نے بھی اسے منسوخ نہ کیا ۔ ابھی ابھی ڈھاکہ میں کونسل مسلم لیگ کی میٹنگ میں انہوں نے ۶ نکات کا پروگرام اس ملک کے لئے پیش کیا ہے۔ اب وہ جائز ہو یا ناجائز ۔

آوازیں ۔ آپ اس کا وجود مانتے ہیں ۔

وزیر ریلوے ۔ جناب والا ۔ کوئی چیز حلال ہو حرام، اس کی موجودگی سے کیسے انکار کر دوں ۔ ان ۶ نکات میں میں نے ایف ۔ سی ۔ آر کو بہت تلاش کیا ۔ میرا خیال تھا کہ ایف ۔ سی ۔ آر اس میں ضرور ہوگا ۔

خواجہ محمد صفدر - ان میں fundamental rights تھے ۔

وزیر ریلوے - آپ اس کی پناہ نہ لیں ۔ ان نکات میں ایف ۔ سی ۔ آر نہیں تھا ۔ حالانکہ آپ اس کو صبح شام بطور کلمہ استعمال کرتے ہیں ۔

اور پھر جناب والا ۔ یہ جماعت خود ناموں کے ذریعے پالنا اور پرورش کرنا چاہتی ہے قائد اعظم کا نام بڑا ہے ان کے نام پر اپنی غیر قانونی جماعت کو قائد اعظم لیگ کہنا شروع کر دیا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر—نام تو آپ نے چرا لیا ہے ؟

وزیر ریلوے - کنونشن مسلم لیگ والوں نے چوری نہیں کی ۔

نوابزادہ افتخار احمد صاحب نے اپنی تقریر میں ایک شعر پڑھا تھا ۔

نیرنگی سیاست دوراں تو دیکھئے

منزل انہیں ملی جو شریک سفر نہ تھے

اس وقت ایک شریک سفر بول رہا ہے ۔ (آوازیں ۔ بیشک ہم مانتے ہیں)

جناب والا ۔ وہ شریک سفر والنٹیر نہیں تھا ۔ وہ back benches میں سے بھی نہیں تھا بلکہ وہ آل انڈیا مسلم لیگ کا ممبر تھا وہ آپ سے یہ کہہ رہا ہے ۔ (interruptions)

خواجہ محمد صفدر—اپنے دائیں بائیں دیکھئے ۔

وزیر ریلوے - انہوں نے بھی آج تک مسلم لیگ نہیں چھوڑی ۔

خواجہ محمد صفدر—اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں ان کی ہسٹری بتاؤں کہ ان میں کون کون unionists تھے ۔

وزیر ریلوے—آپ مجھ سے بات کریں ۔ ''تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو ''

Mr. Senior Deputy Speaker : No interruptions, please.

وزیر ریلوے—اب میں یہ عرض کرونگا کہ سب سے پہلے جب کنوینشن مسلم لیگ نے اپنی تنظیمی کمیٹی کی پہلی میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا کہ ایف ۔ سی ۔ آر کو ہٹا دیا جائے اور اسے repeal کر کے دوسرا بل لایا جائے ۔ پھر اس اسمبلی کی اکثریت پارٹی نے اپنے مینی فیسٹو میں اس کو شامل کیا اور جناب والا۔ جب اس کا اعلان قائد ایوان نے ایوان میں کیا تو آپوزیشن والے کتنے خوش ہونگے اور اس کا credit خود لینا شروع کیا اور کہا کہ یہ ہمارے pressure کی وجہ سے ہوا ۔ اس وقت وہ اتنی تائید کرتے تھے ۔ لیکن جب انہیں یہ معلوم ہوا کہ کنوینشن مسلم لیگ پہلے ہی منظور کر چکی ہے اور اب اسمبلی پارٹی ایک بل لا رہی ہے تو ان کی مایوسی کا یہ عالم تھا کہ نوابزادہ افتخار احمد خاں نے زبان بند کر لی اب وہ ایک لفظ تک نہیں بولتے ۔ احمد سعید کرمانی صاحب نے ایوان آنا چھوڑ دیا حمزہ صاحب نے اپنے پینترے بدل لئے اور راؤ صاحب کے اعصاب جواب دے گئے ۔ (قہقہے) ان کے پاس ایک ہی تو ہتھیار تھا اب وہ ہتھیار بھی چھن رہا ہے ۔ ان کے ترکش میں ایک ہی FCR کا تیر تھا اور کچھ نہیں تھا ۔ اب ترکش کا آخری تیر بھی نکل رہا ہے ۔ اب اس تیر انداز کا کیا حشر ہو گا جس کے ترکش میں کوئی تیر بھی نہ ہو ۔

میر محمد مراد خاں جمالی ــ جناب والا ۔ وزیر صاحب یہاں کوئی مداری کی حیثیت سے بول رہے ہیں ہر ایک ممبر سے جھگڑ رہے ہیں ۔

Mir Nabi Bakhsh Khan Zahri : This is highly unparliamentary.

Mr. Abdul Latif Khan : My point is that the word 'madari' is extremely unparliamentary and he should with draw it.

Mr. Senior Deputy Speaker : I don't consider it to be unparliamentary but it is improper. Mr. Jamali should reconsider it.

میر محمد مراد جمالی ــ جناب میں یہ لفظ واپس لیتا ہوں ۔

Minister of Railways : I think you should ignore it because they are suffering from neurosis. I can afford to ignore these remarks.

جناب والا — اب ان لوگوں کے اعصاب جواب دے چکے ھیں ان کی حالت قابل رحم ھے ۔ اس لئے ان کے جملوں کو نظر انداز کرتا ھوں ۔

حضور والا — اب صرف دو جملوں میں یہ بتانا چاھتا ھوں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Mr. Khan should have appreciated on gesture of Mr. Jamali.

وزیر ریلوے — جناب والا اب میں یہ عرض کرنا چاھتا ھوں ۔ کہ پچھلے قانون میں کوڑوں کی سزا تھی ۔ شہر بدر کرنے کی سزا تھی ۔ پچھلے قانون کے chapter نمبر ۴ اور نمبر ۵ اگر آپ دیکھیں ۔ تو تمام گاؤں کے اوپر جرمانہ عائید کیا جا سکتا تھا ۔ اور اگر جناب والا ۔ آپ اس کے باقی sections ملاحظہ کریں ۔ تو اس میں سب سے بڑی خرابی یہ تھی ۔ کہ اس میں تمام ملک میں پٹھانوں اور بلوچیوں کو گناھگار سمجھا گیا تھا ۔ اور F. C. R. کی بنیادی خرابی یہ تھی ۔ کہ اس کے مصنفین یہ سمجھتے تھے ۔ کہ یہ سارا ملک اچھا ھے ۔ یہ سارا ملک تو فرشتوں کا ھے ۔ اور صرف پٹھان اور بلوچ ھی گناھگار ھیں ۔ اب آپ ھی سوچیں ۔ وہ لوگ کتنے ھی برے کیوں نہ ھوں ۔ آخر کافر تو نہیں ھیں ۔

حد چاھئیے سزا میں عقوبت کے واسطے
آخر گناھگار ھوں کافر نہیں ھوں میں

اور اگر ھیں ۔ تو سب ھیں ۔

میر محمد دلدار خاں جمالی — جناب والا ۔ میں وزیر صاحب کی اطلاع کے لئے عرض کرنا چاھتا ھوں ۔ کہ F. C. R. کا نفاذ جو موجود تھا ۔ ۔ ۔

مسٹر سنیئر ڈپٹی سپیکر — آپ خاموش رھیں ۔

وزیر ریلوے — جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رھا تھا ۔ کہ بلوچستان اور Frontier کے رھنے والے لوگوں پر ایک بڑا دھبہ تھا ۔ جو

اس قانون کی شکل میں نافذ کر رکھا تھا ۔ جو ہم نے ہٹا دیا ۔ ہم نے یہ کہا ۔ کہ اگر گناہ ہو سکتے ہیں ۔ تو سارے صوبے میں ہوسکتے ہیں ۔ یہ صرف پٹھان اور بلوچیوں کے لئے ہی نہیں ہے ۔ میں آپوزیشن کے ارکان سے دریافت کرتا ہوں ۔ کہ آپ نے کبھی ہمارے اس اقدام کی تعریف کی ہے ۔ کچھ تو بات کہی ہوتی ۔ ۔ ۔

میر محمد مراد خان جمالی — پوائنٹ آف آرڈر جناب — چونکہ سارے پاکستان کے شہروں کا ذکر آیا ہے ۔ تو یہ پراونشل گورنمنٹ اور سنٹرل گورنمنٹ کے جو افسران ہیں ۔ کیا یہ پاکستانی نہیں ہیں ۔ ۔ ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: This is not a point of order. The member may resume his seat.

وزیر ریلوے — ضرور ہیں ۔ جہانتک میرے دوستوں کے اس اعتراض کا تعلق ہے ۔ اس قانونی اعتراض کا جواب لاء منسٹر میرے بعد میں دینگے ۔ یہاں پر صرف اسقدر عرض کرونگا ۔ کہ وہ بھی رشوت ستانی کے سلسلے میں اسکی زد میں آئینگے ۔ لیکن میرے دوست میاں عبداللطیف صاحب نے جو ایک اعتراض کیا تھا ۔ کہ وکیل موکل اور خاوند بیوی کے درمیان جو راز و نیاز کی باتیں ہوتی ہیں ۔ انکا حق استثناء بھی اس بل میں ہے ۔ لیکن وہ بھول گئے ہیں ۔ کہ ایسا اس بل سے پہلے بل میں تھا ۔ ہم نے تو Evidence Act کی دفعات نمبر۱۲۱ اور نمبر۱۲۴ کو شامل کر دیا ہے ۔ اور وہ Privileges انکو ملیں گی ۔ اور جو sentence ہوگا ۔ اس پر عام قانون کے مطابق عمل درآمد ہو گا ۔

جناب والا — میں یہ عرض کرتا ہوں ۔ کہ ہم نے ایف سی آر کے وہ اچھے points لئے ہیں ۔ جنکی بناء پر پندرہ سال کے لئے F.C.R کو رکھا گیا تھا ۔ ہم نے اس کے سب برے points نکال دیئے ہیں ۔ بلکہ اور اچھے points اس میں شامل کر دیئے ہیں ۔

اب جناب والا ۔ کل عبدالباقی بلوچ صاحب نے بہت سے اعداد و شمار دیئے تھے ۔ اور وہ اعداد و شمار بہت صحیح تھے ۔ انہوں نے سو برس کے اندر کے اعدا و شمار دیئے کہ جرائم بڑھتے چلے گئے ہیں ۔ لیکن وہ

ایک بنیادی حقیقت بھول گئے ۔ چونکہ وہ ابھی نابالغ ہیں کہ آبادی کی تعداد بھی کچھ بڑھتی ہے ۔ ہر سال دو فیصدی تین فیصدی آبادی بڑھتی ہے ۔ جب سو برس میں آبادی بڑھ گئی ہے ۔ اگر Figures کچھ بڑھ گئے ہیں ۔ تو آبادی کا تناسب بھی بڑھتا رہا ہے ۔ وہ آبادی کے تناسب کو بھول گئے ۔ اگر اعداد و شمار کا مقابلہ دیگر اعداد و شمار سے کیا جائے جو ان صوبوں میں تھا ۔ کہ جہاں ایف سی آر نہیں تھا ۔ تو وہاں بھی تعداد کم نہیں ہے ۔ وہاں تعداد کہیں زیادہ ہے ۔

اب جناب والا ۔ میں باقی صاحب کی آخری بات عرض کرتا ہوں ۔ انہوں نے کہا تھا ۔ کہ جناب اسلامی قانون نافذ ہونا چاہئیے ۔ لیکن اگر انکی تقریر کا کوئی ماحصل ہے ۔ (اس میں کوئی شک نہیں کہ اسلام سے ان کو بھی محبت ہے ۔ اور مجھے بھی محبت ہے ۔ اور راؤ خورشید صاحب کو ہم سے زیادہ ہے) ۔ لیکن انکی تقریر کا جو ماحصل ہے ۔ وہ تو جناب والا ۔ صرف یہ ہے ۔ کہ جس نے اس ایف ۔ سی ۔ آر ۔ کے اوپر کتاب لکھی ہے ۔

Notes on Crimes and Criminal at Peshawar and Frontier.

اسکا نام تھا ۔ Mr. Elsemy اور ۱۸۷۳ میں اسی کی بناء پر ایف ۔ سی ۔ آر دوبارہ نافذ ہوا تھا ۔ انکا مطلب تو صرف اتنا ہے ۔ کہ Elsemy کے قانون کے بجائے Macaulay کا قانون نافذ رہے ۔ اور اسکے علاوہ ... . (قطع کلامی)

آپ زبان سے کچھ کہیں ۔ آپکا مطلب تو صرف یہ ہے ۔ کہ جو قانون اور عدالتوں میں نافذ ہے ۔ جاری ہے ۔ جہاں اپیل ہے ۔ جہاں طویل طریق کار ہے ۔ جہاں Macaulay کا قانون جاری ہے ۔ ۔ ۔

Mir Abdul Baqi Baloch : I said that.....

Minister of Railways : I know what you said, but you did not know it.

اب میں جناب والا ۔ آپوزیشن سے ایک بات کہہ کر بیٹھنا چاہتا ہوں ۔ کہ یہ نعروں کی دنیا کب تک چلیگی ۔ یہ سب کچھ تو جناب

والا ۔ خالی نعرے خالی طعنے اور خالی بھبکیاں ھیں ۔ یہ زیادہ عرصہ تک کام نہیں دینگی ۔ ہم سے تعاون کریں ۔

وصل کی بنتی ھیں ان باتوں سے تدبیریں کہیں
آرزؤں سے پھرا کرتی ھیں تقدیریں کہیں

ان باتوں سے مسائل حل نہیں ھوتے۔ مسائل کو حل کرنے کیلئے جیسا کہ میں نے عرض کیا تھا۔کہ آئندہ سے (مجھے امید ھے۔کہ میں نے جو شعر پڑھا ہے۔ اس کا مطلب خواجہ صفدر صاحب سمجھ گے ۔ اور ان سے درخواست کرتا ھوں ۔ کہ آئندہ سے) بحیثیت ایک وکیل کے جو ھماری غلطی ھو ۔ وہ ھمیں بتلائیں ۔ اور موازانہ کر کے جو ترمیم وہ لائینگے ۔ کہ پہلے ایف ۔ سی ۔ آر میں کوئی اچھی بات تھی ۔ اور ھم خراب لے کر آئے ھیں ۔ تو وہ یا حنیف صدیقی صاحب ھمیں بتائیں ھم اسے واپس لینگے ۔ اور اگر وہ کوئی اچھی چیز لے کر آئیں ۔ تو میں بغیر کسی سے مشورہ کئے انہیں یقین دلاتا ھوں ۔ کہ ھم اسے قبول کر لینگے ۔ لیکن خدا را اسمیں کوئی دفعہ ایسا بتایئے تو سہی ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس ترمیم کی مخالفت کرتا ھوں ۔ اور درخواست کرونگا ۔ کہ اس بل کو فوری طور پر پاس کیا جائے ۔

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : Sir, I want to speak on the principles of the Bill. I want to know whether you will allow me just now or after the amendments have been disposed of.

Mr. Senior Deputy Speaker : I will decide it afterwards.

مسٹر عبدالرازق خاں(مردان ۔ ۳)—criminal law amendment bill
جو کہ اس معزز ایوان کے سامنے پیش کیا گیا ھے ۔ اور جس پر بہت سے فاضل ممبروں نے اپنے خیالات کا اظہار کیا ھے ۔ میں بھی چاھتا ھوں ۔ کہ اس کے متعلق جو میری رائے ھے ۔ وہ میں اس ایوان کے سامنے پیش کروں ۔

جناب والا ۔ انگریز ھندوستان پر قابض ھوئے ۔ اور انھوں نے اپنی حکومت قائم کی ۔ تو ۱۸۹۸ء کا criminal procedure code سابقہ صوبہ سرحد میں بھی نافذ کیا گیا ۔ لیکن صوبہ سرحد کے لوگوں

کی یہ خوش قسمتی تھی ۔ یا بد قسمتی کہ وہاں پر ایسے لوگوں کی تعداد بہت زیادہ تھی جو کہ انگریزوں کے اقتدار کو دل سے تسلیم نہیں کرتے تھے ۔ اور اسی کوشش میں لگے رہتے تھے ۔ کہ کسی طرح انگریزوں کے اقتدار کو ختم کیا جائے ۔ لہذا انگریزوں نے اس وقت کے حالات سے ناجائز فائدہ اٹھاتے ہوئے جیسا کہ F. C. R. کے نفاذ کے وقت کہا گیا تھا ۔ یہ حقیقت ہے ۔ کہ سابقہ صوبہ سرحد میں اس وقت امن و امان اس طرح نہیں تھا ۔ جیسے کہ ہندوستان کے باقی حصوں میں تھا ۔ اس چیز کو انہوں نے exploit کیا ۔ اور سابق صوبہ سرحد میں F. C. R. کے نام سے ایک مخصوص قانون نافذ کیا ۔ انگریزوں کا مقصد F. C. R. کے قیام سے یہ نہیں تھا ۔ کہ وہ سابقہ صوبہ سرحد کی قتل و غارت گری کو ختم کریں ۔ انہوں نے F. C. R. اس لئے نافذ کیا تھا ۔ کہ وہ لوگ جو کہ انگریزوں کی حکومت کے خلاف ہیں ۔ جو انگریزوں کی حکومت کو نہیں مانتے ان کو کچلا جائے ۔ دبایا جائے اور انہیں ختم کیا جائے ۔ اور میرا خیال ہے ۔ کہ انہوں نے F. C. R کو اس پورے طور پر استعمال کیا ۔ اور وہاں کے لوگوں کو اس قانون کے تحت اسقدر کچلا ۔ کہ جس کی مثال تاریخ میں نہیں ملتی ۔ اور یہی وجہ ہے ۔ کہ صوبہ سرحد اور بلوچستان کے لوگوں کو جب کبھی موقع ملا ۔ انہوں نے ہمیشہ یہی کوشش کی کہ F. C. R. کو repeal کر دیا جائے ۔

جناب والا ۔ F. C. R. کے وہ دفعات جن سے کہ امن و امان کے قیام میں کچھ فائدہ حاصل ہو سکتا ہے ۔ بہت کم تھے ۔ اور ایسے دفعات کی بھرمار تھی ۔ کہ جس سے ایک شریف شخص کو بے عزت کر سکتے تھے ۔ اور جس کے ذریعے حکومت کسی شخص کی جائیداد پر ناجائز قبضہ کر سکتی تھی ۔ جس کے ذریعے کسی حریت پسند کو جیل میں ڈالا جا سکتا تھا ۔ ایسے ہی اور بہت سی دفعات تھیں ۔ یہاں تک کہ سول مقدمات کے فیصلے کے لئے بھی دفعات موجود تھیں ۔

سنہ ۱۹۳۷ء میں جبکہ سابق صوبہ سرحد میں عام انتخابات ہوئے اور ڈاکٹر خانصاحب کی منسٹری قائم ہوئی تو منسٹری کے قیام

سے پہلے ڈاکٹر خانصاحب نے بھی بلند بانگ دعوے کئے تھے کہ ہم ایف ۔ سی ۔ آر کو اس صوبے میں منسوخ کر دینگے لیکن وہ بھی اپنی حکومت کے قیام کے بعد اس علاقہ میں کچھ مخصوص حالات کے تحت ایف ۔ سی ۔ آر کو منسوخ نہ کر سکے ۔ سنہ ۱۹۴۳ء میں جب مسلم لیگ منسٹری ختم ہو گئی اور ڈاکٹر خانصاحب مہاتما گاندھی کے ایک مخصوص حکم کے تحت دوبارہ برسر اقتدار آئے اور انہوں نے حکومت قائم کی تو تھوڑے عرصہ کے لئے ایف ۔ سی ۔ آر repeal کر دیا گیا ۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ سنہ ۱۹۴۷ء میں قتلوں کی وارداتیں اسقدر زیادہ ہو گئیں کہ حکومت کو دوبارہ ایف ۔ سی ۔ آر نافذ کرنا پڑا ۔

میرے دوست باقی بلوچ صاحب نے کچھ اعداد و شمار اس ایوان کے سامنے رکھے ہیں اور انہوں نے ہمیں غلط فہمی میں مبتلا کرنے کی کوشش کی ہے لیکن ممکن ہے ان کی نظر اس طرف نہ گئی ہو اور انہوں نے ۱۹۰۸ء سے لے کر ۱۹۲۹ء تک کے مقدمات کے اعداد و شمار ہمارے سامنے پیش کئے ہوں جس میں وہ فرماتے ہیں ۔ کہ ۸ ہزار اور کچھ cases ہوئے ہیں اور ۵۲۲۸ committed ہوئے ہیں اس کا نتیجہ انہوں نے یہ نکالا ہے کہ ۸ ہزار میں ان ملزموں کو سزا دی گئی ہے لیکن انہوں نے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ ۶۰ فیصدی لوگوں کو سزا ہوئی ہے میرے خیال میں انہوں نے سمجھنے میں غلطی کی ہے ۔ یہ ۸ ہزار ۵۰۰ cases کا جو وہ حوالہ دیتے ہیں یہ وہ cases ہیں جو جرگوں کے سپرد ہوئے ہیں اور یہ ۵۰۰ cases وہ ہیں جو ماتحت عدالتوں اور ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ نے کئے ہیں ۔ لیکن ان دونوں کی حیثیت جدا جدا ہے اس سے آپ percentage نہیں نکال سکتے ۔ لیکن اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جہاں تک قتل کے مقدمات اور قتل کے ملزموں کو سزا دینے کا سوال ہے ایف ۔ سی ۔ آر نے مفید کام کئے ہیں ۔ لیکن جہاں تک ایف ۔ سی ۔ آر کی ان دفعات کا تعلق ہے جن سے حریت پسندوں کو کچلا گیا ہے وہ انتہائی ناجائز اور غلط ہیں ۔

اب جناب ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ موجودہ کرمنل لا امنڈمنٹ بل جو ہمارے سامنے لایا گیا ہے آیا یہ بھی اس قسم کا قانون ہے جیسا ایف ۔ سی ۔ آر تھا ۔ یا اس میں کوئی تبدیلی کی گئی ہے ۔ جناب میں وزیر قانون اور ان حضرات کو جنہوں نے یہ بل پیش کیا ہے مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے کم سے کم سب سے پہلے یہ کوشش کی ہے کہ ایف ۔ سی ۔ آر کو ختم کیا جائے ۔

جناب والا ۔ یہ کرمنل لا امنڈمنٹ بل جو پیش کیا گیا ہے اس میں کچھ ترمیمات کی ضرورت ہے اور وہ ترمیمات میں آپ کے سامنے رکھوں گا ۔ اس میں chapter 3 کلاز ۱۳ میں دو تین sub clauses ایسے ہیں جیسا کہ لکھا ہے dangerous fanatics ۔ انگریزوں نے یہ الفاظ ان مولوی حضرات کے لئے استعمال کئے تھے جو کہ انگریزوں کے خلاف جہاد کراتے تھے ۔ لیکن یہ جو کلاز ہے اس کے متعلق بعض میرے دوستوں نے ترمیم بھی پیش کی ہے اور میں بھی چاہوں گا کہ وزیر قانون اس ترمیم کو قبول کر لیں ۔

جناب ایف ۔ سی ۔ آر میں ایک دفعہ یہ تھی جس میں سابقہ صوبہ سرحد کے لوگوں کے جان و مال کو پائمال کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص ایسا نظر آئے جو امن عامہ میں خلا پیدا کر رہا ہو تو اس کو صوبہ بدر کر دیا جائے یہ انتہائی قابل اعتراض دفعہ ہے ۔ میں نے اس پر بھی ترمیم پیش کی ہے مجھے یقین ہے کہ وزیر قانون اس کو بھی مان لینگے ۔

اب جناب میں یہ عرض کروں گا کہ ہمارے دوست جو ایف ۔ سی ۔ آر کی کارروائی جو صحیح طریقہ پر نہیں سمجھ رہے ہیں ان کا یہ خیال ہے کہ کرمنل لا امنڈمنٹ بل جب سارے مغربی پاکستان پر نافذ ہوگا تو سپریم کورٹ ہائی کورٹ اور سیشن ججوں کے کورٹوں کو منسوخ کر دے گا ۔ اور تمام مقدمات کا فیصلہ کرمنل لا امنڈمنٹ کے تحت ہوگا ۔ میں ان دوستوں کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وہ یہ سمجھنے کی کوشش کریں کہ کرمنل لا امنڈمنٹ بل کے تحت جو قواعد بنے ہیں اور جو اس وقت ایف ۔ سی ۔ آر کے تحت قواعد بنے ہوئے ہیں ۔ مثلاً

ایک شخص رات کو کوئی قتل کرتا ہے ۔ لوگ دیکھ لیتے ہیں لیکن ڈر کے مارے شہادت نہیں دیتے گاؤں کے لوگوں کو بھی پتہ ہوتا ہے اور اس کے خلاف پولیس کو ثبوت نہیں ملتا اور وہ بری ہو جاتا ہے اور اس کے نتیجے میں قتل کی واردات میں اضافہ ہوتا ہے ایسے ہی مقدمات مجسٹریٹ کی انکوائری کے بعد ٹریبونل میں کئے جاتے ہیں اور جرگے کے ممبر بالکل عوامی عدالتوں کی طرح موقعہ واردات پر جاتے ہیں وہاں کے لوگوں کی شہادتیں قلم بند کرتے ہیں اور وہاں کے معزز لوگوں سے پولیس جا کر صحیح واقعات کا علم حاصل کرتی ہے اور پھر رپورٹ پیش کی جاتی ہے ۔ اور اس سے نتیجہ نکالا جاتا ہے اس کرمنل لا امنڈمنٹ میں اس قسم کی ایک دفعہ کا اضافہ کر دیا گیا ہے ۔

اس کے علاوہ میرے خیال میں اگر آپ گورنمنٹ سے انصاف چاہتے ہیں تو انصاف یوں نہیں ہو سکتا کہ ایک مالدار آدمی کسی شخص کو قتل کر دے اور وہ ۲۰ ہزار روپے خرچ کر کے اپنے لئے ایک وکیل کر لے ۔ ساری دنیا کو معلوم ہے کہ اس نے قتل کیا ہے اور یا قتل کروایا ہے لیکن technical خامیوں کی وجہ سے انصاف نہیں ہو سکتا کہ کس شخص نے قتل کیا ۔

اب سوال یہ ہے کہ بعض اصحاب نے یہ اعتراض کیا ہے کہ اسلام کی رو سے قاتل کے لئے موت کی سزا ہونی چاہئے یہ درست ہے اور کوئی بھی اس سے انکار نہیں کر سکتا جو کرتا ہے وہ اپنے آپ کو مسلمان نہیں کہہ سکتا ۔ جرگوں میں باقاعدہ شہادتیں اور اس کے بعد ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کی باتیں نہیں ہیں اس لئے یہ concession رکھی گئی ہے ۔ یہ مناسب سمجھا گیا ہے کہ اگر ایک ملزم سیشن جج کے بعد ہائی کورٹ اور ہائی کورٹ کے بعد سپریم کورٹ جانے کے قابل نہیں ہے اور جرگہ کے طریقہ سے کسی شخص کو سزا دیتے ہیں تو اس میں ضروری حالات کے موافق نرمی ہونی چاہئے کہیں ایسا نہ ہو کہ ایک فیصدی شک کی بناء پر کسی شخص کے ساتھ انصاف نہ ہو سکے ۔ لہذا یہ مفید قانون ہے ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی—یعنی آپ قرآن میں ترمیم کر رہے ہیں ۔

مسٹر عبدالرازق خان—میرے ایک دوست نے . . . . . .
میاں محمد شریف (پارلیمنٹری سیکرٹری)—کیا یہ اسلام کی ٹھیکیداری آپ ہی کے پاس ہے ؟

مسٹر عبدالرازق خان—میں اپنے معزز دوست شریف صاحب سے کہوں گا کہ ان کو آپ بولنے دیں آپ خاموش رہیں ۔ اور وہ جو کچھ کہیں اسے سن لیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں نے اور میرے چند دوستوں نے اس کرمنل لا امنڈمنٹ بل پر ایک کلاز اضافہ کرنے کی ترمیم دی ہے اور وہ یہ ہے کہ اگر دفعہ ۳۰۲-۳۰۴ اور ۳۰۷ کے تحت فریقین آپس میں راضی نامہ کر لیں تو اس کی اجازت ہونی چاہئیے یہ انتہائی اسلامی دفعہ ہے اور میرے ایک معزز اسلامی دوست نے اس پر بھی اعتراض کیا تو اگر وہ کسی ایسی دفعہ پر اعتراض کریں جو عین اسلام کے مطابق ہو تو ان کے لئے جائز ہے اور ہم اگر کوئی ایسی بات کریں جو ہمارے حالات کے موافق ہو ۔

میرے خیال میں کرمنل لا امنڈمنٹ بل جس صورت میں یہاں پیش کیا گیا ہے اگر ہمارے وزیر قانون وہ ترامیم بھی accept کر لیں جو ہاؤس کے سامنے رکھی گئی ہیں تو اس سے بہتر بل امن قائم کرنے کے لئے اور قاتل کو سزا دینے کے لئے اور رشوت خوروں کو سزا دینے کے لئے کوئی نہ ہوگا ۔

جناب والا ۔ میں بھول گیا سب سے اہم چیز یہ ہے کہ ان افسروں کے خلاف جو رشوت لیتے ہیں اس قانون کے تحت ان کو بھی سزا دی جائے گی ۔ میں چیلنج کرتا ہوں کہ وہ ثابت کریں کہ یہ کس طرح ٹھیک نہیں ہے آج کل عدالتوں میں جو سزائیں ملتی ہیں وہ ساری دنیا کو معلوم ہیں ۔ رشوت خور افسران ہیں ان کے خلاف بازاروں اور ہوٹلوں میں بیٹھ کر باتیں کی

جاتی ھیں ۔ حکومت کو بدنام کیا جاتا ھے لیکن جب کرمنل لا امنڈمنٹ بل لایا گیا تو اس کے خلاف ایک ھزار تقریریں کی گئیں ۔ تو جو چیز کرمنل لا امنڈمنٹ بل میں رکھی ھے وہ نہایت اچھی اور مفید ھے اور ھر ایک ممبر کو اس کی پوری پوری حمایت کرنی چاھئے ۔

خواجہ محمد صفدر—کل کی بات غالباً بھول گئے ملک صاحب ۔

وزیر خوراک—کیا آپ تھوڑے بولے ھیں ؟

خواجہ محمد صفدر—آپ بولیں ؟

وزیر خوراک—میں عرض کر رھا ھوں کہ ھم یہ نہیں چاھتے . . . . . (قطع کلامی) ھمارے تین چار آدمیوں کو بولنے کی اجازت دینی چاھئے ۔

Mr. Ali Gohar Khuhro : Mr. Speaker Sir.

Mr. Senior Deputy Speaker : Is there any point of order ?

Mr. Ali Gohar Khuhro : Sir my submission is that no one has spoken from the southern region. Because this will be applicable to the former province of Sind and nobody has expressed his views from that region—all the people from Punjab have expressed their views as yet—so I would request that we should also be given sometime.

Mr. Senior Deputy Speaker : I have now called upon Mr. Yasin Wattoo. The member may please have his seat.

میاں محمد یسین خان وٹو (منٹگمری ۔ ۴) —جناب والا ۔ اس معزز ایوان کی زندگی میں اس مسودہ قانون سے زیادہ اھم مسودہ قانون آج تک پیش نہیں ھوا اور یہ خوشی کی بات ھے کہ اس مسودہ قانون کی اھمیت کو پیش نظر رکھتے ھوئے اس ایوان کے معزز ارکان نے اس پر پوری توجہ دی ھے اور نہایت خلوص ایمانداری اور محنت سے ایسے خیالات اور ایسے دلائل اس ایوان کے سامنے رکھے ھیں جو اس ایوان کے دیگر ممبران کے لئے بھی اور میں سمجھتا ھوں کہ ایک مستقل طریقہ سے قوم کے لئے بھی مفید

رهیں گے - اس طرف سے بھی اور اس طرف سے بھی ایسے دلائل پیش کئے گئے جو واقعی نہایت سنجیدگی سے ہماری توجہ اپنی طرف مبذول کرانے پر ہمیں مجبور کرتے ہیں - جناب والا - میں نے تمام دوستوں کے دلائل جس وقت بھی میں اس ایوان میں موجود رہا بڑی توجہ سے سنے ہیں اور ان کی اہمیت کا پورے طور پر قائل ہوں -

(1) ایک بات جو بے حد اہمیت کی حامل ہے وہ کسی بھی ملک یا قوم کی تاریخ ہے ہم جب بھی پاکستان کی بات کرتے ہیں جب بھی ہم اپنے ملک کے معاشرے کی بات کرتے ہیں جب بھی ہم اپنے ملک کی قانون کی بات کرتے ہیں تو ہم اسے اس ملک کی تاریخ سے علیحدہ نہیں کر سکتے - ہمارا ملک جناب والا - صرف ۱۶ سال ہوئے کہ ایک غیر قوم کی غلامی سے آزاد ہوا اس قوم نے نہ صرف یہ کہ صرف ایک میدان میں بلکہ ہماری تمام زندگی میں ہمارے تمام معاشرے میں ایسے قانون نافذ کئے جو ان کے فقہہ کے مطابق تھے - مگر ہماری اسلامی فقہہ کے مطابق نہ تھے اور یہ سلسلہ دو یا تین چار سال کے لئے جاری نہیں رہا یہ سلسلہ صدیوں تک جاری رہا ہے اور وہ قانون ہمارے ملک اور ہمارے عوام پر ایک صورت میں لاگو ہوا - اب اگر ہم آج یہ چاہیں یا اس وقت جبکہ پاکستان معرض وجود میں آ گیا ہے یہ چاہیں کہ ایک جنبش قلم سے ان تمام قوانین کو ختم کر دیں تو میرے خیال میں اس کے نتائج خطرناک ہوں گے اور سخت تکلیف دہ ہوں گے اور بہترین نظام جس کے لئے ہم کوشش کر رہے ہیں - جو ہم دیکھنا چاہتے ہیں اس سے عوام کو بد ظن کر دینگے - کیونکہ اسی کام کے لئے پہلے سوسائٹی کو تیار کرنا نہایت ضروری ہے - (2)

جناب والا - میرا خیال ہے ہر قانون کا منشاء یہ ہے کہ ایک ایسی سوسائٹی ایک ایسا معاشرہ معرض وجود میں آ جائے جس معاشرے میں قانون کی ضرورت ہی نہ رہے بلکہ انسان کی خود اخلاقی ضمیر اور انسانی زندگی میں ایک قسم کا چیک ہو کہ ایک اسی قسم کا قانون ہو کہ کسی بیرونی رہنمائی کی ضرورت پیش نہ ہو - اس لئے کہا گیا ہے کہ انسانی زندگی کے معاشرے کی تکمیل

کی یہ انتہا ہے کہ اس میں قانون کے واسطے ضرورت نہ رہے (3)
پھر جب ہم یہ دیکھتے ہیں اور محسوس کرتے ہیں کہ انسانی
زندگی اور اس کے حقوق نہیں چھیننا چاہئے نہ کسی کی زندگی
کو چھیننا چاہئیے نہ کسی کو اذیت پہنچانی چاہئیے کہ وہ یہ
سمجھے کہ یہ اس کا حق ہے اس کی اپنی مرضی ہے جو چاہے
وہ کرے اس لئے کہ اخلاق کا تقاضا ہے اور انسانی زندگی کے
لئے بھی یہ تقاضا ہے لیکن جناب والا ۔ آج ایسے لوگ بھی سوسائٹی
میں موجود ہیں جو قانون کے پابند محض اس لئے ہیں کہ اخلاق
طور پر ہمیں یہ کرنا چاہئے کہ پابند ہوں لیکن ایسے لوگ بھی
ہماری سوسائٹی میں خاص تعداد میں موجود ہیں جو یہ نظریہ
نہیں رکھتے جو ان نظریات کے برعکس ایسے نظریات رکھتے ہیں
کہ اپنے عمل سے اور اپنی انسانوں کی زندگی چھینتے ہیں ۔ اسلام
کے مطابق نہیں چاہتے ایمان کے مطابق نہیں چاہتے وہ چھین لیتے
ہیں انسانوں سے مال وہ چھین لیتے ہیں انسانوں سے ان کا حق
لیکن وہ اس بات کو لیتے ہیں کہ انسان سے انسان کی زندگی (4)
چھین لیتے ہیں اور وہ اس چیز کے لئے مجبوری اس وقت پیدا ہوتی
ہے کہ جب وہ لوگ جن لوگوں کے لئے ہم قانون بنانا چاہتے
ہیں جن سے ہم توقع کرتے ہیں کہ وہ مذہب کی بہتری کے
لئے کچھ نظریات سامنے رکھیں اور جب وہ نظریات نفرت سے
ٹھکرا دیتے ہیں تو وہ اس کی پرواہ نہیں کرتے اور اس کے برعکس
یہ چاہتے ہیں کہ ان کو اپنے اس ماحول کا بااثر شخص سمجھا
جائے اور وہ ان لوگوں پر جو لوگ قانون کا احترام کرتے ہیں
ان پر ایک حاکم کی حیثیت سے ایک جابر کی حیثیت سے خود
زبردست تسلط کرنا تو اس وقت دقت پیدا ہوتی ہے جناب والا ۔
موجودہ ماحول میں کتنی ہی مثالیں موجود ہیں کہ معصوم بچوں
کو اٹھا کر لے جاتے ہیں ۔ چار سال کے بعد پتہ لگا کہ انکے (5)
ہاتھ پاؤں توڑ دئے گئے اور انہیں بھکاری بننے پر مجبور کیا گیا
ہم جانتے ہیں کہ یہ بھی قوم کے بچے ہیں ہماری سوسائٹی
میں ایسے افراد بھی موجود ہیں جو خود کو مسلمان کہتے ہیں
پاکستان کی باتیں کرتے ہیں لیکن ان باتوں کا احترام نہیں کرتے۔
وہ لوگوں سے ان کی محبت چھین لیتے ہیں ان کی اولاد چھین

لیتے ہیں اور ایسے مکروہ جرائم پر انہیں مجبور کرتے ہیں کہ یہ چیز جناب والا ۔ بے حد اہمیت کی حامل ہے ۔

میں سمجھتا ہوں کہ کسی بھی انسان کے لئے کسی بھی مسلمان کے لئے بہترین وقت وہ ہوگا جب ایسے کسی قانون کی ضرورت نہ ہوگی ۔ جو کسی کو سزا پر مجبور کرے مگر اب دیکھنا یہ ہے حقائق کی روشنی میں ۔ آج ہمارے معاشرہ کی کیا نوعیت ہے اسلام کے لئے اس ایوان کے ہر ممبر کے دل میں وہی محبت ہے جو کسی بھی ایک ممبر کے دل میں موجود ہے اور میں بھی ان لوگوں میں ایک ہوں جو اسی کوشش میں رہنا چاہتے ہیں ۔ ہم آخر میں اسلام کے نظام کو اپنا سکیں ۔ ہمارے ماحول کو صحیح بنیادی اقدار پر لے جائے لیکن اب دیکھنا یہ ہے کہ آیا یہ معاشرہ اس سٹیج پر پہنچ چکا ہے مثلاً یہی بات لیجئے کہ شہادت کے قانون کو اس ایف ۔ سی ۔ آر کے تحت اڑایا گیا ہے ۔ میں یہی بات تھوڑی دیر بعد عرض کروں گا کہ موجودہ مسودہ قانون میں ہم نے کیا کیا ۔ ہم نے ایسی چیزیں رکھی ہیں کہ ایف ۔ سی ۔ آر والی برائی جو ہے وہ ختم ہو جائے ۔ اور موجودہ سوسائٹی میں عملی حالات میں جو ہمارے لئے مفید چیزیں ہیں وہ آ جائیں ۔

اب اسلام کا قانون شہادت جن باتوں کا تقاضا کرتا ہے ہم نے اس چیز کو آج دیکھنا ہے کہ آج ہماری سوسائٹی میں ہمارے افراد اس قوم کے افراد اس بات پر پورے اترتے ہیں کہ اسلام جس شہادت کا بلند معیار مقرر کرتا ہے اس کے مطابق ہماری قوم کا سواد اعظم میرا مطلب ہے چند آدمی تو ضرور بیٹھے ہیں ۔ جن کے دامن پر نماز تو واقعی ضرور پڑھی جا سکتی ہے لیکن اکثریت کو ہمیں دیکھنا ہے کیا وہ اسلام کے اس اونچے شہادت کے قانون پر پورے اترتے ہیں ۔ اگر ہم پورے غور سے دیکھیں تو یقیناً پورے نہ ہوں گے ۔ اس وقت میں سمجھتا ہوں جان کے لئے جان کا مسئلہ دو وقت میں پیدا ہو سکتا ہے ایک تو موجودہ قانون کے مطابق جس وقت عدالت میں شہادت موجود

ہو ۔ تمام اپیل کا حق ملزم کو ہو اور پھر بھی سب سے بڑی عدالت کہہ دے کہ اس کو سزا موت دے دی جائے یہ مروجہ قانون کے تحت ہے ۔ اسلام کے تحت چند اصول ہیں ۔ اس میں گواہان موجود ہوں اور اس قدر سچے لوگ ہوں ۔ نیک ہوں صالح ہوں اس کے بعد جناب جرم ثابت ہو جائے اور شہادت دے دیں پھر اس شخص کا سر کاٹ لیا جائے ۔ اب یہ موجودہ قانون اور ایف ۔ سی ۔ آر جو ہے تھوڑا سا فرق پیدا کرتا ہے ۔ جہاں یہ معلوم ہو عوام کو پتہ ہو لوگوں نے دیکھا بھی ہو اور وہ ڈر کی وجہ سے بیان نہیں کر سکے اگر اس خاص شخص نے قتل کیا ہے تو یہ شہادت نہ مروجہ قانون کے معیار پر اترتی ہے نہ اسلام کے قانون کے معیار پر اترتی ہے اس وقت یہ چاہئیے کہ موجودہ ماحول ہو میں کہتا ہوں صحیح اسلامی معاشرہ میں میں اس قانون کو پلیڈ نہیں کروں گا لیکن آج اس معاشرہ کے لئے جس میں یہ چیزیں ہوتی ہیں ۔ مجرم یہ نہیں چاہتا کہ اسے سزا ملے ورنہ اسلام کے مطابق تو یہ چاہئے کہ جس شخص نے جرم کیا ہو وہ اقبال کر لے مگر اس کے لئے اخلاق کی ضرورت ہے اس کے لئے کریکٹر کی ضرورت ہے ہماری عوام قوم میں مجموعی حیثیت سے موجود نہیں ہے ۔ دوسری بات یہ ہے کہ گواہان سچ بولیں وہ بات بھی یہاں موجود نہیں ہے ۔ یہ ہماری عملی دقت ہے جو ہمیں مجبور کر رہی ہے اور کچھ عرصہ کے لئے میں اس چیز کے خلاف ہوں کہ یہ قانون جو ہے ہمیشہ ہماری statut book پر رہے ۔ کچھ عرصہ کے لئے وقتی دقتوں کے مطابق ہم اس کو اس حیثیت سے اپنا لیں وہ مجرم وہ لوگ وہ گواہان جو اسلام کے مطابق شہادت دینے کے لئے آگے نہیں آتے اور معیار پر پورے نہیں اترتے ہیں اس کی بناء ہماری سوسائٹی میں دقت اور تکلیف کا مظہر ہیں ۔ یہ چیزیں ایسی ضروری ہیں جناب والا ۔ جس کی ضرورت کے مطابق ہمارے لئے ضروری ہو گیا ہے ۔ عام قانون سے ذرا تھوڑا ہٹ کر ان لوگوں کو حق دیں جن پر ظلم ہو رہا ہے ۔ یہاں یہ بات بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس ایوان میں بہت سے ہمارے ملک کے ایسے معزز ججوں کے ارشادات پیش کئے گئے ہیں جن ججوں کے ارشادات پر اور انکی integrity

پر انکی honesty پر دنیا کی کوئی بھی قوم فخر کر سکتی ہے اور ہم بھی یقیناً فخر کر سکتے ہیں ۔ ان کے خیالات کا مجھے بے حد احترام ہے مگر یہاں میں تھوڑا یا ایک فرق آپ کی اجازت سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایک جج اور ایک اس ملک کے اس صوبہ کے آج کا لیجسلیچر میں ہمیشہ کا لیجسلیچر نہیں کہتا میں یہ کہتا ہوں اس ملک کا جج آج کے لیجسلیچر میں جو فرق ہے وہ یہ جج نے جناب والا ۔ ہماری اس منزل کی طرف رہنمائی کرنی ہے جو منزل سوسائٹی کے اس مقام پر پہنچا دے ۔ جہاں قانون کی ضرورت نہ رہے ۔ جہاں اخلاق ہی اخلاق ہو وہ ہماری رہنمائی جج کریں گے اور اس کے کے برعکس لیجسلیچر نے کیا کرنا ہے اور جناب والا ۔ یہ بات عرض کر دوں کہ دنیا کے تمام ممالک میں قانون کو سب سے بہترین سمجھنے والے لوگ ہمیشہ اونچی عدالتوں کے بہت بڑے جج سمجھے گئے ہیں لیکن اس کے باوجود کبھی کسی ملک نے ججز کو یہ اختیار نہیں دیا ہے کہ وہ قانون خود بنا دیں کیونکہ اگر یہ بات ہو تو جج سے زیادہ اچھا قانون کیا ہم لوگ جن کی صرف قابلیت ہمارے آئین کے مطابق اور ساری دنیا کے آئین کے مطابق ہے کہ ووٹر ۲۱ سال کے ہوں کیا یہ سارے لوگ ان بہترین ججوں سے اچھا قانون کبھی نہیں بنا سکتے ؟ نہیں بنا سکتے لیکن جس چیز کو ہمیشہ دنیا میں یہ بات پرکھی ہے کہ بجائے جج کو قانون بنانے کا اختیار دینے کے ایسے قانون کی تسخیر کا اختیار دیا ہے قانون بنانے کا اختیار کس کو دیا ہے وہ دیا ہے لیجسلیچر کو ۔ قانون سازوں کو کیونکہ قانون سازوں نے جج کے ارشادات کو اپنی رہنمائی کے لئے ضرور سامنے رکھنا ہے مگر قانون سازوں نے اس بات کے ساتھ ساتھ اس چیز کو بھی مد نظر رکھنا ہے کہ میری سوسائٹی کو آج کی ضرورت کیا ہے ۔ سیاسی حالات کے مطابق ۔ سماجی حالات کے مطابق ۔ اقتصادی لحاظ سے . . . . . .

(قطع کلامی)

میاں محمد یسین خاں وٹو--تو جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ لیجسلیچر یا قانون ساز کی ذمہ داریاں کیا ہیں۔ لیجسلیچر کی ذمہ داریاں جس طرح میں نے پہلے عرض کیا ہے اور محترمہ فاضل بیگم صاحبہ نے مجھے interrupt کر دیا ہے ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ لیجسلیچڑ کی ذمہ داریاں جج سے کچھ اور مختلف کیفیت کی ہیں۔ ہم نے قانون سازی کرتے وقت یہ دیکھنا ہے کہ ہمارے معاشرے کی حالت کیا ہے ۔ اخلاقی طور پر سماجی طور پر اور اقتصادی طور پر اور سیاسی طور پر ان ساری باتوں کو ہم نے مد نظر رکھنا ہے اور ان ساری باتوں کو مد نظر رکھتے ہوئے پھر ہم نے یہ فیصلہ کرنا ہے کہ یہ آج کا جو قانون ہے یہ ہمارے لئے کس حد تک مفید اور ضروری ہو سکتا ہے ۔

جناب والا ۔ ایک چیز جو بار بار دوسری طرف سے اٹھائی گئی ہے اور جس چیز کو میں سمجھتا ہوں آسانی سے نظر انداز نہیں کرنا چاہئیے وہ شاید غلط فہمی ہے کہ اس قانون کی حیثیت یہ ہو جائے گی کہ آج کے بعد کبھی اسے ہٹایا نہیں جا سکیگا یا آج کے بعد اس قانون میں ترمیم کے لئے آئینی قسم کی ترامیم کے سلسلے میں جس طرح دو تہائی مجارٹی یا کوئی ایسی صورت ہوگی یہ نہیں ہے بلکہ اس کے برعکس یہ ہے کہ اس قانون کو bare majority سے پاس کیا جا سکتا ہے ۔ bare majority سے ختم کیا جا سکتا ہے ۔ جناب والا ۔ میں نے جیسا پہلے بھی عرض کیا ہے اس سلسلے میں میں قطعاً کوئی غلط فہمی نہیں رہنے دینا چاہتا میں ضروری چاہتا ہوں کہ میری یہ بات ریکارڈ پر آ جائے لیکن میں ایف ۔ سی ۔ آر کے بھی خلاف ہوں اور ایسے قانون کے بھی خلاف ہوں جن میں استثنیٰ کی جائے کہ کسی شخص کو رائج الوقت عام قانون سے نکال کر اس سے زیادتی کی جائے لیکن اب میرے فاضل دوستوں کا یہ اعتراض کہ یہ اسلام کے خلاف ہے اس کے لئے میرا بھی یہ اعتراض ہے آج کی سوسائٹی پر آج کے مروجہ قانون جو ہیں ان میں اکثریت اسلام کے قانون کے خلاف ہے اور اس پر ہم چل رہے ہیں ۔ یعنی اگر ہم ایسی بات آج موجودہ قانون سے نکالتے ہیں تو یوں

سمجھ لیجئے کہ پہلے اسلام سے جو باہر کے قوانین ہیں ان میں سے بعض کو نکال لیا ۔ قانون شہادت جو ہے خود اس پر یہ اعتراض ہے کہ کہ وہ اسلام قانون شہادت کو تسلیم نہیں کرتا کئی معاملات اس کے برعکس ہیں تو زیادہ سے زیادہ اپ جو شق ہے اب جو موجودہ بل ہے اپنی ترامیم کے ساتھ وہ زیادہ سے زیادہ یہ کرتا ہے کہ ایک قانون جو پہلے اسلامی قانون نہیں ہے اس میں سے اس چیز کو نکالتا ہے مگر پھر جب یہ اچھی بات نہیں ہے میں اس کے حق میں نہیں ہوں ۔ میں اس کو اس لئے تسلیم کر رہا ہوں کہ ہماری سوسائٹی میں جناب والا ۔ ہم ایک قسم کی میرے دوست وہاں ضرورت محسوس کرتے ہیں وہ کون سے دوست جو یہ نہیں سمجھتے کہ فلسفے کے جو حسین و جمیل اور یہ سارے جو نظریات ہیں جن میں میں پورے طور پر قائل ہوں جو اس چیز کو نہیں سمجھتے اور اپنی سوسائٹی میں دیکھتے ہیں کہ ایک شخص جس نے رات ایک آدمی کو قتل کیا ہے وہ چار مہینے کے بعد واپس اسی جگہ پر آ جاتا ہے سب کو پتہ ہے کہ یہ قاتل ہے اور وہ آ گیا ہے ۔ دیہاتی سیدھے سادھے ذہن والے ہیں ان کو اس بات کا جواب نہیں ملتا کہ بھائی اس نے قتل کیا تھا اور کیوں بری ہوگیا ۔ اس بات کے جواز کے لئے وہ لوگ سوچتے ہیں کہ کوئی حل ملے ۔ اسلام میں تو سارے حل مل جائینگے جب ہم اخلاقی اقتدار کو بلند کر لیں گے لیکن آج کوئی حل نہیں ملتا ۔ آج ان لوگوں کو جواب نہیں ملتا کہ دیہات میں لوگ سمجھتے ہیں عوام یہ سمجھتے ہیں کہ شائد اس کا حل یہ ہے کہ کوئی ایسی صورت بنائی جائے جرگہ کو ایسے لوگوں کی جو موجودہ آئین کی ٹیکنیلیٹی سے نکل کر یہ دیکھ سکیں کہ آیا یہ شخص واقعی قاتل ہے یہ واقعی مجرم ہے ۔

میاں محمد یسین خان وٹو۔ دیہات میں عوام یہ سمجھتے ہیں کہ شائد اس کا حل یہ ہے ۔ کہ کوئی ایسی صورت بنائی جائے جرگہ کو ایسے لوگوں کو جو موجودہ قانون کو technicalies سے نکال کر یہ دیکھا سکیں ۔ کہ آیا یہ قاتل یا مجرم ہے ؟ یا بات . . . .

Mr. Ali Gohar Khuhro : What checks have you put.

Mr. Senior Deputy Speaker : Please let him proceed.

میاں محمد یسین خان وٹو۔میں اس کے متعلق بھی عرض کروں گا ۔ کہ میں نے اور میرے دوستوں نے اپنی بساط کے مطابق ملک کے موجودہ حالات کے مطابق یہ ایمانداری سے کوشش کی ہے ۔ کہ ہم زیادہ سے زیادہ چک اس بات پر رکھ سکیں ۔ رکھیں ۔ اور کوشش کریں کہ کسی شخص پر زیادتی نہ ہو اور قانون کا غلط استعمال نہ ہو ۔ اصل میں جھگڑا ہر جگہ یہی ہے ۔ کہ جب قوانین غلط طریقہ سے استعمال کئے جاتے ہیں ۔ تو پھر دل میں سوالات پیدا ہوتے ہیں ۔ کہ پھر دقتیں پیدا ہوتی ہیں ۔ اور رنجشیں پیدا ہوتی ہیں ۔ اس لئے ہم نے اپنی بساط کے مطابق یہ کوشش کی ہے ۔ جس کا میں نے ذکر کیا ہے ۔ اب ۔ جناب ۔ اگر ہم اس قانون کی آج تائید نہ کریں ۔ تو اس کا فوری نتیجہ یہ ہو گا ۔ کہ یہ قانون ختم ہو جائے گا ۔ لیکن ''ایف ۔ سی ۔ آر ،، اپنی تمام تر موجودہ سیاہی کے ساتھ اس ملک کی کتاب قانون پر موجود رہے گا ۔ (قطع کلامیاں) ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے یہ درخواست کروں گا ۔ کہ میں زیادہ سے زیادہ یہ کوشش کرتا ہوں ۔ کہ جب میرے فاضل دوست کچھ ارشاد فرما رہے ہوں تو میں Interrupt نہ کروں ۔

Mr Senior Deputy Speaker : There should be no interruptions.

میاں محمد یسین خان وٹو۔آپ کی وساطت سے ان کی خدمت میں میں یہ استدعا کروں گا کہ مجھے اپنے خیالات کا بغیر انٹرپشن کے اگر موقعہ دیں تو زیادہ مناسب ہو گا ۔

تو جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ ''ایف ۔ سی ۔ آر،، اپنی تمام تر سیاہی کے ساتھ کتاب قانون پر موجود رہے گا ۔ اب اگر اس ''ایف ۔ سی ۔ آر،، کا اور موجودہ ایکٹ کا جو گورنمنٹ نے ہمارے سامنے پیش کیا ہے ۔ موازنہ کیا جائے ۔ تو بہت سی اس میں اچھی باتیں ہیں یعنی یہ کہ پہلے وہاں کتنی بھی بڑی جائیداد کو جرگے

کے سپرد کر سکتے تھے ۔ کہ وہ فیصلہ کر دیں ۔ اور وہ اپنی مرضی سے فیصلہ کر سکتے تھے ۔ یہ بات اب ان کے اختیار سے نکال لی گئی ہے ۔ وہاں یہ اختیار تھا ۔ کہ جیسا کہ پہلے کہا گیا ہے ۔ سیاسی معاملات میں بھی لوگوں کو نکالا جا سکتا ہے وہ ؟

قسم کے جھگڑوں پر لوگوں کو ضلع بدر کیا جا سکتا ہے ۔ یہ باتیں پہلے کے قانون میں تھیں ۔ اب انہوں نے ضلع بدر کا جو لفظ تھا ۔ وہ رکھ لیا تھا ۔ لیکن اس کے بعد ہم لوگ پھر بیٹھے ہیں ۔ اور ہم نے پھر سوچا ہے ۔ اور ہم نے مثلاً دفعہ (۳) میں جناب یہ تھا کہ بغیر کسی چک کے بغیر کسی وجہ کے کمشنر اگر چاہے تو وہ ایک کیس کو ریفر کر سکتا ہے ۔ ہم نے اس میں گو کہ ہم ان ترامیم پر فخر نہیں کر سکتے ۔ لیکن میں یہ عرض کر رہا ہوں ۔ کہ اس کے باوجود ہم یقین سے کہہ سکتے ہیں ۔ کہ یہ ایک نہایت ایماندارانہ اور مخلصانہ کوشش ہے ۔ کہ ہم نے یہ کوششیں کی ہے ۔ یہی نہیں بلکہ جب وہ یہ محسوس کرتے ہیں ۔ کہ بغرض انصاف یہ ضروری ہے ۔ کہ مقدمہ کا عدالت فیصلہ نہ کرے ۔ اس وقت وجوہات بیان کرنے کے بعد اور پھر وہ آرڈر دے سکتا ہے ۔ اس کے لئے وجوہات کا ظاہر کرنا لازمی ہے ۔ کہ وہ کیوں کیس ریفر کرنا چاہتا ہے ۔ یہ چیزیں ایک ایک بات پر بہر حال چک ہیں ۔ پھر ہم نے جرگہ کے بارے میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے اختیارات پر پابندی لگائی ہے ۔ کہ وہ جو بات کرے اس کی وجوہات بیان کرے ۔ پھر ٹریبونل پر بھی ایک قسم کا چک لگایا ہے ۔ کہ جو شہادت وہاں ملزم کی ہو اس پر جرح کا حق موجود ہو تاکہ ساری بات سامنے آ سکے ۔ پھر ہم نے یہ کوشش بھی کی ہے ۔ کہ قانون کو سمجھنے والے لوگ بھی ملزموں کے کیس کو Represent کر سکیں ۔ تاکہ ان پر کسی قسم کی زیادتی نہ ہو سکے ۔ غرض صرف یہ ہے ۔ کہ بہر حال انصاف ہو جائے ۔ اور پھر اس معاملے کو ہم دیکھیں کہ ہم کچھ عرصہ تک کیوں کہ ہم نے دیہات میں دیکھا ہے ۔ کہ اور میں بھی دیہاتی ہوں ۔ اور میں نے اس صورت کو وہاں دیکھا ہے ۔ کہ وہاں اگر ہم ایف ۔ سی ۔ آر کی مخالفت کرتے ہیں ۔ تو لوگ کہتے ہیں کہ ہم وکیل ہیں ۔ اس لئے مخالفت کرتے ہیں ۔ اور اگر ہم اس کی شکل

کو تھوڑا سا تبدیل کر کے یہ کہتے ہیں ۔ کہ وکلاء کو بھی وہاں اجازت دی جائے ۔ کہ وہ لوگوں کی کچھ نہ کچھ حفاظت کر سکیں ۔ تو یہ کہا جاتا ہے ۔ کہ میں چونکہ وکیل ہوں ۔ اس لئے کہتا ہوں ۔ میں اس غلط فہمی کو دور کر دینا چاہتا ہوں ۔ کہ میں اس کی مخالفت اس لئے کرتا تھا ۔ کہ وہاں وکیل پیش ہونے کی اجازت نہیں تھی ۔ اور نہ اس کی حمایت اس لئے کرتا ہوں ۔ کہ وہاں وکیل پیش ہونے کی اجازت ہے ۔ بلکہ اس کی اس لئے مخالفت کرتا ہوں ۔ کہ وہ سیاہ قانون ہے ۔ یعنی آپ کے ارشاد کے مطابق اور اس کی اس لئے حمایت کرتا ہوں ۔ کہ اس سیاہ قانون کی سیاہی کو کچھ انہوں نے ختم کیا تھا کچھ ہم نے سفیدی پھیرنے کی کوشش کی ہے ۔ سیاہی پھر بھی موجود ہے ۔ لیکن آپ اس کو گندمی کہہ سکتے ہیں ۔

(نعرہ ہائے تحسین)

تو اس سے میں سمجھتا ہوں کہ انسانی تاریخ کا تدریجی ارتقا جو ہے اس میں ہمارے اس عمل کا کچھ نہ کچھ دخل ہوگا ۔ میں نے یہ غلط فہمی بارہا دور کر دی ہے کہ میں یہ نہیں چاہتا کہ یہ قانون مستقلاً رہے لیکن ہماری سوسائٹی کی موجودہ گراوٹ کے وقت اس قانون کی وقتی طور پر ضرورت ہے اور اگر اس وقت آپ نے اس قانون کے ذریعہ اصلاح کی اور اس کو دور کر لیا تو پھر بھی آپ نے عوام کی خدمت کی اور اگر آپ اس سلسلے میں کامیاب نہ ہو سکے تو اس قانون کو واپس لینے میں کسی وقت بھی اس ملک کے نمائیندوں کو اعتراض نہ ہوگا ۔ اب جناب ۔ ایک چیز میں جناب کی وساطت سے حکومت کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمیں اپنے جرگوں پر فخر ہے ان کی "integrity" اور "character" پر فخر ہے کہ انہوں نے اس مسئلے میں چند حقیقت پسندانہ آرا دی ہیں ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ ہم اپنے آئین کو مد نظر رکھتے ہوئے اور جرگوں کے ارشادات کو مد نظر رکھتے ہوئے اس ایکٹ کے تحت جو قواعد بنائے ان قواعد میں یہ چیزیں ضرور رکھیں

کہ جس سے ہماری قانون سازی کا جو اصول ہے اس سے ایکٹ کا ٹکراؤ نہ ہو اور اس سلسلے میں ہمارے وزراً صاحبان نے پہلے ہی دن اس قانون کے اعتراض کے جواب میں یہ یقین دھانی کرائی تھی کہ ہم اس قانون میں اس بات کا خیال رکھیں گے کہ ان قانون سازی کے اصولوں سے اس ایکٹ کی دفعات کا تصادم نہ ہو ۔ اس چیز کے متعلق حکومت سے جناب کی وساطت سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وہ اس بات کو اور اس وعدے کو پوری طرح یاد رکھے اور جو قواعد مرتب کرے تو اس نظریہ اور اس بات کو اور اپنے اس وعدے کو جو انہوں نے اسمبلی ہال میں دیا ہے یاد رکھیں ۔ اس کے بعد ہم پھر کوئی شرط عائید کر سکتے ہیں اس رول کے مطابق تاکہ کوئی غلط فہمی یا زیادتی نہ ہو اور پھر جناب ۔ ایک بات جناب کے توسط سے اس معزز ایوان کے تمام اراکین کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں ہوں کہ بہت ساری جگہوں پر میں نے یہ سنا ہے کہ شاید کسی مجبوری کے تحت کئی صاحبان اس قانون کو سپورٹ کر رہے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کی خدمت میں آپ کی وساطت سے عرض کر دوں کہ اسوقت کے لئے گرتے ہوئے معاشرے کی حالت میں آپ اسے نافذ کر رہے ہیں ۔ آپ ہر وقت اس بات پر چک رکھئے کہ آپ نے جس قانون کو پاس کیا تھا جس قانون میں آپ ایک فریق کی حیثیت رکھتے ہیں اسکا کبھی غلط استعمال نہ ہو ۔ ہم اسطرف بیٹھنے والے لوگ بھی اور جناب ۔ اسطرف بیٹھنے والے لوگ بھی عوام کے نمائیندے ہیں ہمارا یہ فرض ہے اور یہ بات ہمارے فرائض میں سے ہے کہ ہم اس کو Jealously Guard کرتے رہیں ۔ حاسدانہ طور پر اس پر نظر رکھیں ۔ کہ جو قانون اب ہم منظور کرنے لگے ہیں ۔ اس کا غلط استعمال نہ ہو تاکہ ہم کچھ عرصہ بعد ان دوستوں کے سامنے سرخرو ہو سکیں کہ بھئی ۔ ہم نے یہ قانون بنایا تھا ۔ جو قانون سازی پر پورا نہیں اترتا تھا ۔ لیکن ہم نے بار بار دیکھا ہے ۔ بار بار کوشش کی ہے ۔ کہ اس کا اس طریقہ سے استعمال نہ کیا جائے ۔ جو آپ کے خدشات ہیں ۔ جو آپ کے خطرات ہیں وہ پیدا اس لئے ہوتے ہیں ۔ کہ ہمارے افسران جس قسم کا رنگ معاملات کو دے دیتے ہیں ۔ تو اس وقت یہ بات

بھول جاتے ہیں ۔ کہ ہمارے بزرگ جو تھے وہ جب اپنے ذاتی معاملے میں قوم کا معاملہ آتا تھا ۔ تو وہ کس طریقہ سے ذاتیات کو ترک کر دیا کرتے تھے ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی وہ بات ہے ۔ کہ ایک شخص نے انکے منہ مبارک پر تھوکا ۔ تو آپ نے فرمایا کہ ''جاؤ اب میری ذات بیچ میں آ گئی ہے ۔ اب خدا کا تیرا معاملہ نہیں رہا،، ۔ اس معاملے کو ہمیں دیکھنا چاہئے ۔ کہ ایسی کوئی بات نہ بنے کہ افسران اپنی ذاتی اغراض کے لئے یا حکومت اپنی ذاتی اغراض کے لئے یا کوئی شخص بھی ایسا نہ کرے کیونکہ جب ہم حکومت کے ساتھ ہیں تو ہم حکومت کو مشورہ دے سکتے ہیں ۔ ہم انہیں مجبور کر سکتے ہیں کہ بھئی ۔ آپ اسے غلط استعمال کر رہے ہیں ۔ اسے غلط استعمال نہ کریں ۔ تو جناب ۔ آخر میں ایک اور بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ موجودہ کرمنل لا ایمنڈمنٹ بل ہے ۔ اس میں جتنا بھی غور کیا جائے اگرچہ میں جناب ۔ نہ تو اس چیز کا میرا مقصد ہے کہ میں ان کی تائید ہی کروں نہ اس بات کے لئے میرا اختلاف ہے کہ صرف اختلاف ہی کروں بلکہ ایک نہایت پرخلوص طریقے سے غور کرنے کے بعد جناب کی وساطت سے میں اپنے دوستوں کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ پورے طور پر توجہ فرمائیں کہ کیا واقعی جب آپ یہ ایک قسم کی مستقل رائے دیتے ہیں کہ ''ایف ۔ سی ۔ آر،، اور اس میں کوئی فرق نہیں ہے ؟ کیا واقعی یہ آپ صحیح کہتے ہیں ؟ اگر آپ صحیح کہتے ہیں تو میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ میرے اور میرے چند دوستوں کی کوششیں رائیگاں گئیں ۔ لیکن آپ ذرا توجہ سے غور کریں تو مجھے تو کچھ ایسا نظر آتا ہے کہ اس میں اور اس میں تفاوت ہے ۔ اس میں تو کچھ بہتری ہی نظر آتی ہے ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ اس میں دو چیزیں میں سمجھتا ہوں کہ اب قابل توجہ ہیں ۔

ایک یہ ہے کہ ہر چیز پر وہ criminal law amendment لاگو نہیں ہوگا ۔ چند دفعات ہیں جو دی گئی ہیں ۳۰۲ - ۳۰۴-۳۰۷ اور اسی طرح دوسری دو تین دفعات ہیں ۴۳۵ - ۴۳۶ اور ۴۹۸ ان دفعات میں اور صرف چند cases میں یہ لاگو ہوگا ۔ corruption cases کے متعلق میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ corruption cases کے متعلق میرا یہ پورا یقین ہے کہ اگر وہ لوگ جو public servants ہیں جن کے پاس اختیار ہے وہ اگر پہلے ہی صحیح طور پر قانون کا استعمال کرتے رہتے تو ہمیں آج نہ ایف ۔ سی ۔ آر کی ضرورت تھی نہ اس کی ترمیم شدہ form کی ضرورت تھی ۔ لہذا جناب والا۔ اس میں یہ شق رکھی گئی ہے کہ یہ corruption پر بھی لاگو ہو میں نے اس لئے اس کی تائید کی ہے ۔ کہ اب بھی میرا یقین ہے کہ اگر اس شق پر پورے طور پر عمل ہوتا رہے تو مجھے یقین ہے کہ جناب والا ۔ اس موجودہ قانون کی ہمارے معاشرے میں پھر بہت جلد ترمیم کرنے کی ضرورت پیش آ جائیگی اور پھر ہمیں عام قانون پر آنے میں کوئی اعتراض نہیں ہوگا ۔ اس بات کی ہم نے خاص طور پر کوشش کی ہے کہ public servants کی corruption کا جہاں تک معاملہ ہو وہاں معاشرے کے عام افراد سے انکو ذرا نیچے رکھا جائے کیونکہ ان کے کیس عدالت کے فیصلے ہونے تک واپس لئے جا سکتے ہیں اور جرگہ کو دئے جا سکتے ہیں۔ دوسری طرف یہ رکھا گیا ہے کہ charge sheet یا فرد جرم لگانے کے بعد کوئی مقدمہ عدالت سے واپس نہیں لیا جا سکیگا ۔ اور اس کے نتائج خاص طور پر وکلأ صاحبان اور وہ اصحاب جنکا تعلق قانون کے ساتھ کسی نہ کسی حیثیت سے ہے یا جو عدالتوں کا تجربہ رکھتے ہیں وہ سمجھتے ہیں کہ اس سے کتنی بڑی تبدیلی آئی ہے قانون میں ۔ یہ چند دفعات ہیں جن میں یہ criminal law amendment آ رہا ہے ۔ اس میں پھر یہ کوشش کی گئی ہے کہ کم سے کم cases اس میں آئیں اور پھر اس پر بھی یہ check لگا دیا گیا ہے اور اس کے باوجود اس کی working کے متعلق ہمیں پوری کوشش کرنی چاہئے کہ یہ ٹھیک طریقے سے چلے اور پھر کچھ

عرصے کے بعد ہم اس کا جائزہ لے سکتے ہیں کہ آیا آج ہماری سوسائٹی کی یہ کیفیت ہے کہ یہ جاری رہ سکے ؟ یا آج یہ کیفیت نہیں ہے ؟ اور اگر نہیں ہے تو اس کو ہٹا دیا جائے ۔ اور اگر ہو تو اسے جاری رکھا جائے ۔ اور اس کی افادیت بھی دیکھی جاسکتی ہے ۔

پھر جناب والا ۔ اگر تقریروں میں یہ کہا گیا ہے کہ موجودہ قانون جو ہے وہ ایف ۔ سی ۔ آر کو سارے مغربی پاکستان میں لاگو کر رہا ہے اور پہلے سارے مغربی پاکستان میں نہیں تھا ۔ میں اس بنیادی قانونی غلطی یا غلط فہمی کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ وہ یہ ہے کہ اس وقت بھی ایف ۔ سی ۔ آر جو ہے it is extended to the whole of west pakistan. یعنی یہ لاگو ہے تمام مغربی پاکستان میں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ کب سے ؟

میاں محمد یسین خان وٹو ۔ تاریخ تو نہیں بتا سکتا ۔ بہر صورت اس آئین کے آنے سے پہلے ۔ اس صورت میں اب صرف یہ بات ہے کہ کسی خاص خاص علاقے میں نافذ ہے کسی خاص خاص علاقے میں نہیں ہے لیکن گورنمنٹ چاہے تو موجودہ قانون کے مطابق ایک نوٹیفیکیشن کے ذریعہ ایف ۔ سی ۔ آر کو سارے مغربی پاکستان میں نافذ کر سکتی ہے ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ عملی طور پر نافذ ہے سارے مغربی پاکستان میں ۔ اب ہم نے یہ کر دیا ہے کہ اس سیاہی میں اس قدر سفیدی گھولنے کی کوشش کی ہے کہ وہ مروجہ قانون کے کافی نزدیک آ گیا ہے ۔

راؤ خورشید علی خان ۔ سیاہی دو آتشہ ہوگئی ہے ۔

میاں محمد یسین خان وٹو ۔ میں نے یہ بھی اس وقت عرض کیا تھا لیکن معلوم ہوتا ہے کہ میرے فاضل دوست متوجہ نہیں تھے ۔ میں نے ان کی خدمت میں اپیل کی تھی کہ آپ اس کا پورے طور پر موازنہ کیجئے اور میں ایوان کے باہر بھی

یہی عرض کروں گا کہ اگر آپ یہ محسوس کرتے ہیں تو میں یہ محسوس کروں گا کہ ہماری محنت رائیگاں گئی ہے ۔ ہم نے بہرحال کوشش کی ہے لیکن چونکہ انسانی افعال مکمل نہیں اس لئے ہو سکتا ہے کوئی غلطی رہ گئی ہو ۔

جناب والا ۔ ان الفاظ کیساتھ میں آپ کی اجازت سے اس بل کی تائید کرتا ہوں اور اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon : (Hyderabad I) Sir, a Member on the Opposition Benches, Mr. Ali Gohar Khubro said that a representative from the SouthernRegion may be given an opportunity to speak. I am greatful to the Speaker that he has given me that opportunity, and I will presently put my views before this august House.

This House will recall that on an earlier occasion I had said on the floor of this Assembly that when a resolution was moved before the District Council Hyderabad for applying the Frontier Crimes Regulation to Hyderabad District I had opposed it although my vote was a solitary one.

Sir, I am glade today that my solitary voice was not the voice in the wilderness. It had its effect. With the passage of the Criminal Law Amendment Bill this F.C.R. will die its natural death and will be removed lock, stock and barrel. Sir a grievance was made by the Leader of the Opposition that the Government had brought this Bill before this House even before consulting its own Party. I join issue with him. But does he not realise that it is the will and wish of the elected Members of this House which I say is the Supreme Cabinet, which intervened and is showing to this House that it is not the Minister's Cabinet which can pass this Bill in the form it was published but it is the Supreme Cabinet which had its will in having it passed in an amended form. (Hear, hear) Sir, two burning instances are before this House. The House will recall that only yesterday Major Yaqub has been convicted on a charge, the facts of which reveal that he had completely succeeded in destroying the evidence against him and it is the Jirga, F.C.R., which has convicted him. As against this a heinous crime- a similar murder in Lyallpur of Hakim Dilbar Husain - went unpunished. Could we have ever expected Major Yaqub to be convicted if he had gone before a Tribunal. Could any one get up and say that Yaqub is innocent and he has been convicted on account of political considerations.

A Voice : Who knows.

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon : I say no.

Reverting to the conditions in Sind this House will again recall that on the very floor of this Assembly it was authoritatively and unauthoritatively stated that dacoities, murders and robberies are the order of the day in Sind. The ordinary Administration has failed. Daily papers report robberies, dacoities and murders. Adjournment motions, discussion on the General Budget and the cut motions moved particularly by my colleagues from Sind side vividly describe that it is the robber who rules, and it is the dacoit who succeeds in the campaign.

Khawaja Muhammad Safdar : That is the failure of the Government.

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon : I am coming to that. What do we find against that ? The detection is dilatory and the conviction in an ordinary court is costly. Under these circumstances we have now to see whether the ordinary law, which is now being administered, is really enough and can rise to the occasion and met the desperate situation that is prevailing there in Sind. Members from Larkana, Members from Jacobabad are here sitting on the Opposition benches. This F.C.R. was applicable to those districts in the past. I have yet to hear from them whether they can quote a single instance in which there has been a reference to a tribunal on account of political differences. What is now Sir the remedy? As I said we have now brought a law which will meet this desperate situation. The law that is now being proposed to be enacted will surely result in the abatement of abductions, in curbing kidnapping. My submission Sir is that without this law we are helpless. When ever any complaint is made here, the authorities say, everything is being done. As against that we know that nothing is being done. After all Sir what are we enacting ? Power is being delegated to the Commissioner to make a reference to the tribunal. We have in all respects trusted the Commissioner, whom I would describe as a tortoise, who carries the elephant, upon which the Pakistan Government rests, and let us now once more trust this tortoise that he will do this duty honestly with the curbs that have been provided. Curbs and restrictions will be provided in the rules.

Then Sir as regards the trial by a tribunal, the set up of a tribunal, with the amendments, is that there will be four persons from among the public as against one Government servant. I will, therefore, Sir describe this tribunal as a tribunal of the people, by the people and for the people.

Khawaja Muhammad Safdar : This is from an eminent lawyer.

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon : We Sir, are here. We know that throughout this province resolutions have been passed by the District Councils. We can't possibly doubt their representative character. Elected members they are. We ourselves have been elected on their votes and they are our electorate. These members have elected us and their unanimous voice is that F.C.R. be extended. I would, therefore, appeal to the members of this side, particularly my colleagues from Sind, to join hands and see that the trouble, which is now facing Sind, is met effectively by the creation of this bill.

Mr. Senior Deputy Speaker : Arbab Muhammd Afzal.

Mr. Ali Gohar Khuhro : Sir Government spokesmen should speak afterwards.

Mr. Senior Deputy Speaker : You will get a chance.

Mr. Ali Gohar Khuhro : No Sir, it is not a question of getting a chance. The Parliamentary Secretaries and the Ministers should speak afterwards.

Mr. Senior Deputy Speaker : Every one has a right to speak.

Mr. Ali Gohar Khuhro : I don't dispute that.

Mr. Senior Deputy Speaker : The member should have his seat. I have now called his name.

ارباب محمد افضل خان (پارلیمنٹری سیکرٹری)—جناب والا ۔ F.C.R. کی اہمیت کے متعلق صوبہ سرحد کے عوام کو جتنا علم ہے ۔ ملک کے کسی اور حصہ کو نہیں بد قسمتی سے یہ قانون سرحد کے ماتھے پر لگ گیا ہے۔ برائیاں اور جرم تو ملک کے ہر حصہ میں ہوتے ہیں ۔ اس لئے انگریز نے اپنے مفاد کی خاطر F.C.R. لگایا تھا ۔ یوں تو ملک کے دوسرے حصوں میں بھی برائیاں ہوتی تھیں ۔ لیکن اس کا اطلاق کسی اور جگہ نہیں ہوتا تھا ۔ دراصل بات یہ ہے ۔ کہ سرحد کے لوگوں میں جرأت ۔ غیرت اور ایمان کا جذبہ ہے ۔ خاص کر قبائلی علاقہ جو Federal area سے ملحق ہے ۔ اس قانون کا اطلاق اس علاقہ پر ہوتا تھا ۔ تاکہ وہاں کے لوگوں کو قابو میں رکھا جائے۔ خوش قسمتی سے جب انگریز نے اس ملک کو چھوڑا تو سب سے پہلے اس قانون کو جو F.C.R. کے نام سے موسوم ہے ۔ صوبہ سرحد پر استعمال کیا گیا ۔ سیاسیات کی اغراض میں ان لوگوں پر ہوا ۔ جو ملک کے وفادار تھے ۔ اور جنہوں نے حصول پاکستان کے لئے کافی قربانیاں دی تھیں ۔ سیاسیات کے مفاد کے پیش نظر ان کو جیل میں ٹھونس دیا گیا ملک بدر کیا گیا ۔ اس لئے اس کو سیاہ قانون بھی کہا گیا ہے ۔

وٹو صاحب نے .F.C.R کی خصوصیات کا ذکر کیا ہے ۔ اور کہا ہے ۔ کہ اس میں کچھ سیاھی بھی ہے ۔ لیکن میں یہ عرض کروں گا ۔ کہ یہ روز روشن کی طرح روشن ہے ۔ اور اس میں کوئی سیاھی نہیں ۔ آج جو لوگ اس کی مخالفت کرتے ھیں ۔ ان کو یہ معلوم نہیں کہ اس کی کیا خصوصیات ھیں ۔ قانون کوئی جرم نہیں کرتا ۔ البتہ قانون کے محافظ غلطی کر سکتے ھیں ۔ .F.C.R جس طرح صوبہ سرحد میں کامیاب ہوا ہے ۔ وہ عیاں ہے اور اس سے چشم پوشی نہیں کرنا چاھئیے ۔

آپ کے پنجاب کی میمن صاحب نے ایک مثال دی تھی ۔ میجر یعقوب کی مثال موجود ہے ۔ عرض یہ ہے ۔ کہ آپ کو غالباً اس بات کا علم نہیں کہ قبائلی علاقہ کے لوگوں نے انگریز کو ابھی تک قبول نہیں کیا تھا ۔ اسی وجہ سے وھاں .F.C.R لگایا گیا تھا ۔

جرم ھر جگہ ھوتا ہے ۔ ملک کے ھر حصہ میں جرم ھوتا ہے ۔ مگر اس کا کوئی نام نہیں لیتا ۔ لیکن اگر کسی جرم کے لئے .F.C.R لگایا جاتا ہے ۔ تو تمام دنیا میں اس کا چرچا اور شہرت ھو جاتی ہے ۔ آج تک یہ قانون ملک کی اقتصادی اور معاشی حالت میں استعمال کیا جاتا رہا ہے ۔ یہ قانون سیاہ قانون نہیں تھا ۔ البتہ سیاسی الجھنیں بہت تھیں ۔ ملک کے معاشرہ کی حالت بگڑی ھوئی تھی ۔ اور جوڈیشری کی حالت بھی اچھی نہیں تھی ۔ چنانچہ اس قانون کو لایا گیا تاکہ بردہ فروشی ۔ چوری ڈاکہ اور قتل و غارت کا انسداد کیا جائے ۔ یہی سبب ہے کہ اب اغوا ، چوری ، ڈاکہ زنی اور بردہ فروشی کا انسداد ھو رہا ہے ۔ در حقیقت جو F.C.R پہلے تھا ۔ یہ وہ نہیں ۔ اس میں کتنی آسانیاں پیدا کی گئی ھیں ۔ پہلے جب کوئی آدمی ڈی سی کی نظروں میں غدار ملک ھوتا تھا ۔ تو اسے ملک بدر کر دیا جاتا تھا ۔ اب اس میں ترمیم کر دی گئی ہے ۔ اب اگر کوئی جرم کا ارتکاب کرے اور جرگہ کے سپرد ھو یا کوئی ملک کا دشمن ھو اور اس سے خطرہ ھو تو اسے اس وقت تک نہیں نکالا جاتا جب تک پوری تسلی نہ ھو جائے ۔

ان حالات میں میں سمجھتا ہوں ۔ کہ F.C.R. کا نفاذ ملک میں آئینی لحاظ سے ضروری ہے ۔ اس کے بعد جب یہ لوگ سمجھیں گے ۔ کہ اس کی اہمیت کیا ہے ۔ اور جب انہیں پتہ لگے گا ۔ کہ F.C.R. کے ذریعہ معاشرہ کی اصلاح کس طرح ہوتی ہے ۔ تو پھر وہ پشیمان ہوں گے ۔ کہ ہم نے اس کی مخالفت کیوں کی ۔

دوسری عرض یہ ہے ۔ کہ F.C.R. میں بہت سی ایسی ترامیم کی گئی ہیں ۔ جوکہ پہلے نہیں تھیں ۔ سب سے پہلے تو یہ بڑی بات ہے ۔ کہ اس کی وجہ سے سیاسی مخالفین کو نہ گھسیٹا جائے گا ۔ جیسا کہ پہلی حکومتوں نے اس وقت کیا تھا ۔ اس لئے میں یہ عرض کروں گا ۔ کہ F.C.R. کا نفاذ یکساں طریقے سے سارے ملک پر ہونا چاہئے ۔ اس لئے میں لازمی سمجھتا ہوں ۔ کہ تمام صوبے میں اس کو نافذ کرنا ضروری ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : I think the motion should now be put

Minister of Revenue : I suggest that question be now put.

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is—

That the West Pakistan Criminal Law Amendment Bill 1963 be referred to a Select Committee

(*The motion was lost*)

We will carry on with the debate on general principles.

مسٹر علی گوہر کھوڑو (لاڑکانہ ۔ ۲)۔صاحب صدر ۔ جیسا کہ F C R. کے لئے کہا گیا ہے ۔ کہ وہ انگریزی سامراج کے منصوبے کی وجہ سے اس ملک میں نافذ ہوا تھا ۔ یہ بل جس شکل میں ہمارے سامنے پیش کیا گیا ہے ۔ وہ بھی ہماری پاکستانی سامراجیت کا منصوبہ ہے ۔ ہوم ڈیپارٹمنٹ اور لاء ڈیپارٹمنٹ کے منصوبے کی وجہ سے اس شکل میں یہ بل آیا ہے ۔ اگر میرے بزرگ دوست ملک صاحب اس بل کو پہلے دیکھتے ۔ تو شائد اسے اس ہاؤس میں اس شکل میں

پیش نہ کرتے ۔ اور میں اس لئے اس کی ذمہ داری ملک صاحب پر نہیں ٹھونسنا چاہتا ۔ یہ ذمہ داری اگر ہے ۔ تو ہماری اُن بیورو کریٹس کی ہے ۔ جنہوں نے پاکستان کو تباہ کر دیا ہے ۔ دنیا کا کوئی قانون یا Legislation برا نہیں ہوتا ۔ بلکہ اس کو چلانے والے برا کر دیتے ہیں ۔ خلق خدا کی نظروں میں گرا دیتے ہیں ۔

صاحب صدر ۔ مارشل لاء کے بعد جب پہلی بار یہ Constitution اس ملک کو دیا گیا ۔ تو ہمارے افسران جو کہ مارشل لاء کے دنوں میں چار برس رنگ رلیاں مناتے رہے ۔ انہوں نے ایسی کوشش کی ۔ کہ جیسے سارے پاکستان میں F.C.R نافذ کیا گیا ہے ۔ میں آپ کو ایک نقطہ بتا رہ ہوں ۔ کہ D I G خیر پور ڈسٹرکٹ کونسل لاڑکانہ کو لکھتا ہے ۔ جو وہاں افسران ہیں ۔ ڈپٹی کمشنر ہے ۔ یا چیئر مین ہے ۔ اس کو لکھتا ہے ۔ کہ ڈسٹرکٹ کونسل لاڑکانہ سے درخواست کی جائے ۔ کہ سارے ضلع لاڑکانہ کے لئے F.C.R چاہئے ۔ تاکہ ہم گورنمنٹ کو تو Move کریں ۔ کہ F C R سارے ضلع میں لگا دیں ۔ تو یہ جو Criminal Law Amendment Bill لگے گا ۔ تو وہ سارے ملک پر لگے گا ۔ کیونکہ ہمارے افسران Power کے بھوکے ہیں ۔ وہ چاہتے ہیں ۔ کہ غریب کے پاس جو پیسہ ہے ۔ وہ وہ ہمارے پاس آ جائے ۔ اور یہ حکومت Politicians کے پاس نہ رہے ۔ اور ان کے پاس آ جائے ۔ پاکستان میں آپ نے دیکھا ہے ۔ کہ شروع شروع ہی سے یہ کشمکش چلی آ رہی ہے ۔ افسران اور Politicians کی ۔ کہ یہ Power کس کے پاس رہے ۔ وہ چاہتے ہیں ۔ کہ یہ Power انکے پاس رہے ۔ ایسا قانون ایسی شکل میں ہمارے سامنے لائے ہیں ۔ جن کی Intricacies کو اسمبلی دور نہیں کر سکتی ۔ یہ تو خود ہی بنا کر نافذ کر دیتے ہیں ۔ اور بیورو کریٹس کی Clauses لاتے ہیں ۔ ہم کوئی Practising Lawyer نہیں ہیں ۔ کہ اس کی Intricacies کو سمجھیں ۔ جیسا کہ عبدالرازق خان نے کہا ہے ۔ کہ رات کو قتل ہو جائے ۔ تو شہادت نہیں ملتی ۔ اور جرگہ میں ثابت ہو سکتا ہے ۔ یہ صحیح ہے ۔ لیکن میں ان سے متفق اس لئے نہیں

ہو سکتا ۔ کہ ہم نے یہ دیکھنا ہے ۔ کہ کیا یہ صرف رات کے قتل کے لئے رولز بنیں گے ۔ یہ تو رولز بنائیں گے ۔ ہر قسم کے خون، ڈاکہ زنی، بھینس یا مویشی کی چوری متعلق بھی ۔ اور ہماری Courts صرف ۔ Minor Crimes کے لئے رہ جائیں گے ۔ نہ ہی ہائی کورٹس نہ ہی سپریم کورٹس اور نہ ہی ججوں کے پاس کام ہو گا ۔ پولیس Crimes رجسٹر کرنے کے بعد S.P. صاحب ڈپٹی کمشنر کو کہے گا ۔ کہ شہادت صحیح طور پر نہیں مل رہی ہے ۔ اس لئے یہ کیس F.C.R. میں چلا جائے ۔ اور آپ کے جرگے کا چیئرمین کون افسر ہو گا ۔ اسسٹنٹ میجسٹریٹ یا سب ڈویژنل میجسٹریٹ ۔ آپ کو انکے کردار کا پتہ ہے ۔ وہ سو روپے لیکر نمبر ۱۱۰ کے چالان شدہ بدمعاش کو رہا کر دیتے ہیں ۔ ان کا تو کردار یہ ہے ۔ ہم کہتے ہیں ۔ کہ اس سے زیادہ سخت قانون بنائیے ۔ لیکن اس کو چلانے کے لئے امریکہ سے یا چین سے لوگ Import کریں ۔ کیونکہ پاکستان میں خدا کو حاضر ناظر جان کر کہتا ہوں ۔ کہ دس فی صد ایسے افسران ہوں گے ۔ جو خدا سے ڈرتے ہوں گے ۔ یا کوئی انصاف کی عزت یا کوئی محبت کرتے ہوں گے ۔ میں وزیروں کے متعلق کچھ نہیں کہتا ۔ کیونکہ مجھے ان سے پالا نہیں پڑا ۔

دوسرا ہمارے وٹو صاحب نے کہا تھا ۔ کہ ہمارا معیار اتنا بلند نہیں ہے ۔ کہ ہم اسلامی شہادت کو خیال میں لائیں ۔ اگر ہمارا کردار اتنا بلند نہیں ہے ۔ کہ ہم اسلامی قانون کو رائج کر کے شہادتیں درج کریں ۔ تو ہمارے Judges کا بھی یعنی جو ٹریبیونل بنے گا ۔ اس کا بھی کردار اتنا بلند نہیں ہے ۔ اور اس کو Loaded gun دے کر اپنی چھاتیوں کو نشانہ بنائیں ۔ ہمیں اختلاف نہیں ہے ۔ کہ سزا زیادہ سے زیادہ نہ دیں ۔ قتل کرنے والے کو on the spot shoot کر دو ۔ لیکن shoot کون کرے گا ۔ وہ ایسا آدمی ہو ۔ جو کم از کم خدا سے ڈرتا ہو ۔ انصاف والا ہو ۔ ایمان دار ہو ۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں ۔ کہ آپ U.N.O. نہ بنائیں ۔ یہ مغربی پاکستان میں پانچ کروڑ آدمی بیٹھے ہیں ۔ فرنٹیئر والے تو بہت کہتے ہیں ۔

کہ یہ ہمارے ساتھ ظلم ہے ۔ ہم نے F.C.R. کا نام بھی نہیں سنا ہے ۔ ہم تو Non-Tribesmen ہیں ۔

ہمارے ہاں اگر آپ نے قتل کی سزا چودہ سال کر دی ۔ تو میں سمجھتا ہوں ۔ کہ لوگ پانچ روپے کے عوض قتل شروع کر دیں گے ۔ سڑکوں پر قتل ہوں گے ۔ جب کہ پھانسی کا ڈر ان کے دماغ سے نکل جائے گا ۔ کیونکہ جب پاکستان ڈے آئے گا ۔ یا مارشل لاء لگے گا ۔ تو وہ چودہ سال کی بجائے پانچ سال کے بعد پھر آئے جائے گا ۔ تو اس طرح تو ہمارے راستوں میں خون ہوں گے ۔

جناب سپیکر ۔ میرے دوست غلام نبی میمن صاحب نے کہا ہے ۔ کہ چونکہ سندھ میں Law Lessness ہے ۔ اس لئے جتوئی صاحب ہر روز Adjournment Motion لاتے ہیں ۔ میں کہتا ہوں ۔ کہ دوران مارشل لاء یا اس سے پہلے ایسی حالت نہ تھی ۔ آپ اگر Adjournment Motions کو دیکھیں ۔ تو ۵۶ء سے لے کر ۵۸ء تک آپ کے ریکارڈ میں Law Lessness کے متعلق کوئی بھی نہ ہو گی ۔ اس کی کیا وجہ ہے ۔ در اصل ہوتا یہ ہے ۔ کہ یہاں سے Condemned افسر ہمارے علاقے میں بھیجے گئے ۔ ان کو ہمارے علاقے کے حالات کا پتہ نہیں ہے ۔ اور وہ آ کر Key-posts پر بیٹھ گئے ہیں ۔

وہاں حالت یہ ہے ۔ کہ ہر پولیس سٹیشن کا نیلام ہوتا ہے ۔ کوئی پولیس سٹیشن پانچ ہزار میں جاتا ہے ۔ اور کوئی دو ہزار ماہوار پر ۔ اور کوئی پانچ سو روپے پر ۔ جتنے زیادہ پیسے والے اس پولیس سٹیشن کے ماتحت آتے ہیں ۔ اتنا ہی اس پولیس سٹیشن کا بھاؤ بڑھ جاتا ہے ۔ آخر وہ پیسہ کہاں سے آئے گا . . . . .

Mr. Senior Deputy Speaker : Is the Member's speech very long ?

Mr. Ali Gohar Khuhro : No, Sir. I am just finishing it.

Mr. Abdul Latif Khan : Time is up. He can speak in the afternoon.

Mr. Senior Deputy Speaker: Can Mr. Khuhro finish his speech within two or three minutes ?

Mr. Ali Gohar Khuhro : No, Sir.

Mr. Senior Deputy Speaker : Then he may continue his speech in the afternoon.

We have already agreed to have afternoon sessions. There is a proposal to make slight changes in the time, that is, from 5-30 p.m. to 8-00 p.m. I think there is no objection

(Voices—No objection)

Mr. Ali Gohar Khuhro : I might take 5 minutes more, Sir.

تو ایسے میں کس طرح Crimes بند ہوں ۔ کیونکہ اگر Crimes بند ہو جائیں ۔ تو پھر پیسہ کہاں سے آئے گا ۔ یہ سب میں اس لئے بتا رہا ہوں ۔ کہ مجھے علم ہے . . . . .

Mr. Senior Deputy Speaker : The House is adjourned to meet again at 5-30 p.m. today.

(*The Assembly then adjourned till* 5-30 *p.m. the same day*)

The Assembly met at 5-50 *p. m. Mr. Senior Deputy Speaker, Mr. Muhammad Ishaq Khan Kundi in the Chair.*

Mr. Senior Deputy Speaker : Mr. Ali Gohar Khuhro to please resume his speech.

مسٹر علی گوھر کھوڑو (لاڑکانہ ۲)۔جناب والا۔ جب ہم نے لنچ کے لئے break کیا تھا تو اس وقت میں اسمبلی کو U. N. O. سے تشبیہ دے رہا تھا ۔ ہم یہاں مختلف چھوٹے صوبوں سے ون یونٹ کے ذریعہ اکٹھے ہوئے ہیں ہم ایک دوسرے کے قوانین اور روایات سے اتنی واقفیت نہیں رکھتے جتنی کہ اس صوبہ کے نمائندہ رکھتے ہیں ۔ اس لئے ہمیں چاہئے کہ ہم جو قانون بھی یہاں لائیں خوب سوچ سمجھ کر لائیں اور حالات کو دیکھ کر مروج کرنا چاہئے ۔ جو حالات فرنٹیر میں ہیں ہمارے ہاں ایسے حالات نہیں ہیں ۔ ہماری وہ زندگی نہیں جو آپ کی زندگی ہے ۔ وہ کھانا نہیں جو آپ کا کھانا ہے ۔ وہ کپڑا نہیں جو آپ

کا کپڑا ہے ۔ ہم سمجھتے تھے کہ برٹش سامراج میں F. C. R. جو ایک قسم کا ظلم تھا اس سے ہمیں نجات ملیگی اور ہم کو خوشی تھی لیکن اس قانون سے جواب لایا جا رہا ہے وہ خوشی گم ہو گئی ۔ جب ہم نے دیکھا تو ہم ڈر گئے اب ہم اسے نجات نہیں سمجھتے ۔ یہ اتفاق ہے اور بالکل اتفاق ہے کہ اگر ۴ آدمی صحیح ہیں اور ایک جھوٹا ہے جب کوئی مقدمہ جرگہ میں آ جاتا ہے تو بے گناہ کے لئے راہ نجات کیا ہے ۔ یقیناً وہ ٹریبونل کے سامنے پیش ہوگا اور اسے سزا ملیگی ۔ اس کو صرف لاکھوں روپیہ سے رہائی مل سکیگی ۔ اس کے سوا عزت بچانے کا کوئی راستہ نہیں کہ وہ مقدمہ لڑے یا فریاد کرے ۔ اگر کسی مقدمہ کے متعلق پولیس first information report میں لکھ دے کہ گواہیاں نہیں ملتی ہیں اس لئے جرگہ کے پاس بھیجا جائے تو جو کچھ S. H. O. لکھیگا وہی S. P. لکھیگا اور جو کچھ S. P. لکھیگا وہی D. C. لکھیگا اور جو کچھ D. C. کہیگا اسی طرح کمشنر کرے گا ۔ اس کے یہ معنی ہوئے کہ کوئی آدمی جو کسی قتل کے مقدمہ میں چلا جائیگا اس کو سات سال کی قید دی جائیگی ۔ یہ خطرہ بہت بڑا ہے ۔ ہم F. C. R. کے مظالم نہیں دیکھ سکتے ہم اس کا ظلم نہیں دیکھ سکتے ہم تھوڑی سی چیز سے گھبرا جاتے ہیں ۔ یہاں تو P. C. C. اور P. P. C. غنڈا ایکٹ یا سیفٹی ایکٹ جیسے قانون ہی میدانوں میں رہنے والے آدمیوں کے لئے کافی تھے کیونکہ ان لوگوں کو بھاگنے کی گنجائش نہیں ان کو بارڈر cross کرنے گنجائش نہیں ۔ ان کے لئے یہی قوانین کافی ہیں کیونکہ ان میں ہائی کورٹ تک پہنچنے کی کچھ تو ray of hope ہے ۔ میں اس کی مخالفت اس لئے نہیں کر رہا کیونکہ میں آپوزیشن میں بیٹھا ہوں یا آپ ادھر بیٹھے ہیں اور یہ بھی نہیں کہ میں ادھر آ جاؤں تو اس کو support کروں گا ۔ میں نے تو اصولی طور پر اس کی مخالفت کی ہے ۔ یہ قانون جو بنے ہوئے ہیں سالہا سال سے چلے آ رہے ہیں ۔ اتنے انقلاب آئے ۔ ڈاکٹر خان صاحب کی حکومت آئی مگر وہ پھر بھی F. C. R. کو نہ ہٹا سکے ۔ کیا اب آپ اس نئے قانون کو لا کر bureaucracy کو چھپانا چاہتے ہیں ۔

اگر آپ نے ایسا کیا تو آپ کے لئے یہ مشکل ہو جائیگی یقین کریں وہ بڑی مشکل پیدا ہو جائیگی۔ کیا آپ چاہتے ہیں کہ سارا house اس کو amend کرے۔ اگر کوئی پرائیونٹ ممبر ایک بل لاتا تو گورنمنٹ کی مرضی ہوتی کہ اسے مانے یا نہ مانے ۔ آپ کو اختیار ہے کہ آپ amend کریں ۔ لیکن میں آپ سے ایک بات کہدوں کہ آپ اپنے اختیارات کو دیکھ بھال کر استعمال کریں اور سوچ سمجھ کر چلیں ۔ غریب عوام جن کی نمائندگی ہم اس ہاؤس میں کر رہے ہیں اس کی ذمہ داری ہم سب پر ہے کہ ہم ایسا قانون پاس نہ کریں جس سے ملک میں کوئی ہنگامہ پیدا ہو اور کسی کو عزت بچانے کے لئے راہ نجات نہ ملے ۔ اس لئے آپ اس اسمبلی کو U. N. O. سے تشبیہ نہ دیں ۔ یہاں کانگو جیسے حالات نہیں ہیں الجیریا کا سوال نہیں اور نہ ہی فرانس جیسے حالات ہیں یہاں صوبہ مغربی پاکستان میں آپ سوچ سمجھ کر ایسا قانون لائیں اور ایسے قاعدے بنائیں جن کو ہم سہہ سکیں اور bureaucracy کے مظالم کو برداشت کر سکیں ۔

ہم اتنے عادی نہیں ہیں ۔ اور نہ ہی اتنے بہادر ہیں ۔ جتنے بہادر کہ ہمارے پٹھان بھائی ہیں ۔ وہ F. C. R. کا مقابلہ کرتے رہے اور F. C. R. کے باوجود قتل کرتے رہے ۔ اور اپنا انتقام لیتے رہے ۔ ہم میں اتنی ہمت اور جرات نہیں ہے ۔ کہ ہم اپنا بدلہ لے سکیں ۔

جناب سپیکر ۔ دوسری بات یہ ہے ۔ کہ ہمارے افسران جو ہیں ۔ ان کے اقدامات appealable نہیں ہیں ۔ اور ہم انہیں X-ray نہیں کر سکتے ۔ ان کے کسی بھی اقدام کو question نہیں کر سکتے ۔ کیونکہ وہی اپنے آپ کو اس ملک کے صحیح حاکم سمجھتے ہیں ۔ وہ ہماری روز مرہ کی زندگی سے تعلق رکھتے ہیں ۔ ان سے کسی نہ کسی بات پر کہیں نہ کہیں پولٹیکل آدمی کی ٹکر ہو سکتی ہے ۔ اس لئے وہ اپنے vengeance کے لئے اپنی ذاتی دشمنی کی بناء پر بدلہ لے سکتے ہیں ۔ میں منسٹر

صاحبان کو blame نہیں کرتا ۔ ان میں اچھے آدمی بھی ہیں ۔ تو اس لئے آپ کچھ نہیں کر سکتے ۔ کیونکہ اوپر سے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

(قطع کلامی)

اگر آپ کے پاس کوئی فریاد لے کر آئے ۔ تو آپ کہینگے۔ ہم کچھ نہیں کر سکتے ۔ مجھے پتہ ہے ۔ کہ majority کے زور پر آپ اس ایکٹ کو پاس کریں گے ۔ لیکن میں اس لئے بھی اس کی مخالفت کر رہا ہوں ۔ کہ کم از کم یہ ریکارڈ تو رہیگا ۔ کہ کس ممبر نے اس کی کسی بنیاد پر مخالفت کی ۔ اور وہ اس سے سبق سیکھیں ۔ میرے دوست عبدالباقی بلوچ نے یہ کہا ۔ کہ قائد اعظم نے یہ فرمایا ۔ اور قائد اعظم نے وہ فرمایا ۔ انہوں نے انکی quotations دی ہیں ۔ اسی بنیاد پر میں بھی ضروری سمجھتا ہوں ۔ کہ میں بھی اپنا کچھ ریکارڈ چھوڑ جاؤں ۔ اور اگر کوئی بھی ہمارے خاندان سے یہاں آئے ۔ یا کراچی میں آئے ۔ تو کم از کم وہ یہ دیکھیں ۔ کہ ہمارے بڑے کیا کر گئے ہیں ۔ اور ہمارے بزرگ پیر محمد خان صاحب اور ملک قادر بخش صاحب کیا فرما گئے ہیں ۔ تاکہ وہ اپنی ایک opinion پیدا کر سکیں ۔ تو اس لئے میں گذارش کرونگا ۔ کہ اگر ہو سکے ۔ تو ایک تو اس میں اپیل کی کچھ گنجائش رکھیں ۔ اور اگر یہ گنجائش نہ رکھیں ۔ تو کم از کم یہ کیا جائے ۔ کہ F. C. R. ایکٹ کو ڈسٹرکٹ کونسل کو جو یہ کہتے ہیں۔ کہ بڑی نمائندہ جماعت ہے ۔ اور وہ اچھا کام کر رہے ہیں ۔ میں آپ کو بتاؤں ۔ کہ آپ کی ڈسٹرکٹ کونسل کیا کر رہی ہے ۔ آپ حیران ہوں گے ۔ کہ ایک سو پچاس سال پہلے سندھ کے زمیندار کتے ریچھ اور سٹور پالتے تھے ۔ اور انہیں آپس میں لڑاتے تھے ۔ عید کے موقع پر یوں ہوتا تھا ۔ کہ آٹھ دس کتوں کو میدان میں چھوڑ کر ریچھ کے ساتھ جنگ کراتے تھے ۔ آج کل ہماری ڈسٹرکٹ کونسل یہ کرتی ہے ۔ کہ ٹی ۔ بی ۔ فنڈ یا ریڈ کراس فنڈ یا کسی اور فنڈ کے نام سے پانچ دس ہزار روپے جمع کر لیتے ہیں اور پھر لاہور سے رنڈیاں منگا لیتے

ھیں ۔ میں ایمان اللہ کہتا ھوں ۔ کہ یہ صحیح ھے ۔ کہ لاھور اور کراچی سے رنڈیاں منگوا کر سرکٹ ھاؤس میں ناچ گانا کراتے ھیں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : How is this relevant to the matter under discussion ?

مسٹر علی گوھر کھوڑو۔جناب سپیکر ۔ میں یہ کہتا ھوں ۔ کہ ڈسٹرکٹ کونسل پر بھروسہ کر کے یہ اختیارات ان کو دیتے ھیں ۔ کہ جس علاقہ میں چاھیں ۔ وہ یہ قانون لگوا دیں ۔ میں یہ کہتا ھوں ۔ کہ اسمبلی کو یہ اختیار دیا جائے ۔ کہ وہ اس قانون کو رائج کرے ۔ اور پھر دوسری بات یہ ھے ۔ کہ اگر ھائی کورٹ میں اپیل کی اجازت نہیں ھے ۔ تو کم از کم پہلے ھی سے وہ Areas مقرر کئے جائیں ۔ کہ ان علاقوں میں یہ قانون ضرور نافذ ھو گا ۔ اور یہ کہ اس کی اجازت اسمبلی سے لی جائے ۔ دوسری بات یہ ھے ۔ کہ یہاں بہت سے دوستوں نے کہا ھے ۔ کہ یہ ایکٹ ھماری بہتری کے لئے پاس کیا جا رھا ھے ۔ حالانکہ بہت سے دوستوں کو اس کے معنی بھی نہیں آتے ھیں ۔ جیساکہ صبح میرے ایک دوست نے رولز کی کتاب کو کہا کہ یہ ایکٹ ھے ۔ تو جو رولز کی کتاب کو ایکٹ سمجھیں ۔ چونکہ وہ انگریزی میں تھی ۔ تو وہ اس ایکٹ کے معنی کیا سمجھیں گے ۔ اس لئے میں سمجھتا ھوں ۔ کہ رولز تو چھ صفحے یا ۱۰ صفحے ھوں گے ۔ لیکن وہ ایکٹ کم از کم سو صفحے کا ھو گا ۔ وہ اسمبلی میں پیش ھو ۔ تاکہ اسمیں ترمیمات کی جا سکیں ۔ تاکہ کوئی اسے اپنے ذاتی مفاد کے لئے استعمال نہ کر سکے ۔ اس میں قوم کا مفاد پیش نظر ھو ۔ اور اسے اس طرح بنائیں ۔ کہ اسے کوئی Misuse نہ کر سکے ۔ ایسا نہ ھو ۔ کہ سارے پاکستان کے کل مقدمات کے فیصلے اسی ایکٹ سے ھی کئے جائیں ۔ یعنی اگر کوئی ڈاکے کا مقدمہ ھو ۔ گائے بیل کے چوری کا مقدمہ ھو ۔ تو وہ بھی جرگہ میں چلا جائے ۔ تو اس کے لئے پھر ایک الگ Judiciary قائم کرنا ھو گی ۔ نئے افسران رکھنے ھوں گے ۔ ان تمام مقدمات کے لئے ایک ڈپٹی کلکٹر نا کافی ھے ۔ پولیس بھی اس معاملے میں کچھ نہیں کر سکتی ۔ یہ سب قانون کا مذاق ھو جائے گا ۔ یہ دیکھنا چاھئے ۔ کہ کونسا قانون

کس علاقے میں لگایا جائے - جس سے Murderers بھاگ جائیں - اور اور جرائیم کم ہوں- یہ اختیارات صرف اسمبلی کو ہونے چاہئیں - اور اسمبلی کی approval لینی چاہئیے - اس طرح گورنمنٹ پارٹی کو زیادہ سے زیادہ اختیارات مل جائیں گے - ہم ان کے لئے Torch بن جائیں گے - کہ ان کی Guidance ہو - اور وہ روشنی میں چل سکیں - ایسا نہ ہو - کہ ہم جب اپنے صوبوں میں واپس جائیں - تو اپنے عوام کو کہیں - کہ یہ ہم آپ کے لئے ون یونٹ اسمبلی سے عیدالضحی کی سوغات لے کر آئے ہیں - یہ ہم اسمبلی میں کام کر کے آپ کے لئے تحفہ لائے ہیں - کورٹ آف وارڈ کا تحفہ لائے ہیں - اور پھر لوگ یہ یاد کرینگے - کہ لاہور سے ہم ان کے لئے کیا تحفہ لائے تھے - کہیں ریونیو کا قانون آتا ہے - تو کبھی کوئی اور قانون آتا ہے - لیکن اچھی چیز کوئی بھی یہاں پیش نہیں ہوتی -

جناب سپیکر - میں آپ کو یقین دلاتا ہوں - کہ ون یونٹ کے ہم حامی ہیں - اور جو قربانیاں یہ کہتے ہیں - کہ پنجاب نے دی ہیں - وہ ہم سندھیوں نے بھی دی ہیں - ہمارے قانون بھی گئے - زمینیں بھی گئیں - اور کیا رہ گیا ہے - جس اسمبلی نے ون یونٹ کے حق میں ووٹ دیا تھا - میں بھی اسی اسمبلی کا ممبر تھا - لیکن جب ہم ۵۸ء میں یہاں آئے - تو ہم نے دیکھا - کہ یہاں کا گورنر بھی اس کے خلاف تھا - اور ہمارے بہت سے پنجابی بھائیوں نے بھی اس کی مخالفت کی تھی - کیونکہ حالات ہی کچھ اس طرح کے ہو گئے تھے - اور ون یونٹ چلانا مشکل ہو گیا تھا - اس لئے اب جو ہم نالاں ہیں - وہ جذباتی طور پر نالاں نہیں ہیں - بلکہ حقیقت میں نالاں ہیں - لیکن ہماری کوئی بھی نہیں سنتا ہے -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر—آپ اپنے arguments کو نہ دھرائیں -

مسٹر علی گوہر کھوڑو—کیا کریں - دل جل رہا ہے -

تو اس لئے جناب سپیکر - میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں - اور یہ کہتا ہوں - کہ کم از کم رولز جو بنائیں - وہ ایسے بنائیں -

کہ وہ اسمبلی کی approval کے لئے ہوں ۔ اور اس کے تحت جو Areas آئیں ۔ وہ بھی اسمبلی کی approval ہی سے ہوں ۔ ایسا نہ ہو ۔ کہ یہ قانون plain اور موچی اور میمن پر یکساں نافذ ہو ۔ F.C.R. سے کام نہیں چل سکتا ۔

نوابزادہ افتخار احمد خان (جھنگ ۔ ۱)۔جناب والا ۔ آج میں حزب اختلاف کے رسم و رواج کو توڑ کر اور ان قیادت اور ان حدود اور ان پابندیوں کو ترک کر کے اپنے وزراء کو مبارک باد پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ آج میں خواجہ صفدر صاحب کی قیادت سے بغاوت کرنے پر آمادہ ہوں اور چاہتا ہوں کہ بڑے خلوص کے ساتھ اپنے وزراء کو اس مسودہ قانون پیش کرنے کے لئے مبارک باد دوں ۔ ارادہ تو یہ تھا اور حق بھی یہی تھا ۔ اور استحقاق بھی یہی تھا ۔ کہ مبارک باد محرک مسودہ قانون کو پیش کرتا ۔ لیکن خان عبدالوحید خان مصر ہیں اور بضد ہیں کہ اس بل کی حمایت کا صلہ اور اس کی مبارک باد مجھے دیجائے ۔ اس لئے مجھے اس صف اول کے مسلم لیگی جس کو اپنی ذات پر ناز اور فخر ہے ۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ کسی حد تک یہ بجا بھی ہے ۔ اس لئے یہ بے بہا موتی اور انمول ہیرے پر ان کو میں مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔ انشاءاللہ امید ہے ۔ کہ یہ موتی بھی اور یہ ہیرا بھی ان کی سیاسی تاریخ میں ایک نمایاں موتی نظر آئے گا ۔

جناب والا ۔ آج وہ مبارک دن ہے ۔ کہ جس دن ایف سی آر کے فرزند ارجمند کی دستاربندی کی جا رہی ہے ۔ اور آج جناب والا۔ اس رسم کو دیکھنے کے لئے لارڈ کلائیو کی شیطانی روح لارڈ ہیسٹنگ کی شیطانی روح لارڈ میکالے کی شیطانی روح اسے دیکھنے کے لئے اس ایوان کے گرد چکر لگا رہی ہے ۔ کہ ان کی یہ روحانی اور ذہنی اولاد اس کارنامے کو کس طرح پورا کرتی ہے ۔ آج جناب والا ۔ یہ سامراجی انگریزوں کی روحیں خاص طور سے جہنم کے دروازوں سے چھٹی لیکر آئی ہیں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : I hope the Member will put a restrained on his expression.

نوابزادہ افتخار احمد خان۔میں جناب ویسی ہی باتیں کر رہا ہوں ۔ جیسی باتیں خان عبدالوحید خان کر رہے تھے ۔ نہ وہ دلائل پر آئے نہ میں دلائل پر آ رہا ہوں ۔

جناب والا ۔ اس قانون کو کالے کا لفظ دینا اور اس قانون کو کالا قانون کالے لفظ کی بے عزتی کی ہے ۔ یہ وہ قانون ہے ۔ یہ وہ بیہودہ یہ وہ ظالمانہ یہ وہ نامعقول قانون ہے ۔ جس کو انگریز سو سالہ دور حکومت میں Unsettled Areas کیلئے مناسب اور موزوں سمجھ سکا تھا ۔ یہ وہ قانون ہے جس کو پچھلے ۲۰ سال میں غیر مہذب لوگوں کے لئے نافذ کیا تھا یہ وہ قانون ہے ۔ جسے اس وقت کے لئے خوش آمدید کہا جا سکتا تھا ۔ جب کہ حکومت بھی Unsettled تھی تہذیب بھی Unsettled تھی ۔ لیکن آج ۱۹۶۳ء میں اس قانون کو نافذ کرنا اور پھر یہ Credit حاصل کرنے کی کوشش کرنا کہ ہم ایف سی آر کی تنسیخ کر رہے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ کہ نہ صرف اس ایوان بلکہ پوری قوم کی ذہانت کی ہتک کرنا ہے ۔ اگرچہ ہمیں احساس ہے ۔ ہم جانتے ہیں ۔ کہ آج قانون شہادت میں خامیاں ہیں ۔ میں اپنے بھائی مسٹر رازق اور مسٹر یاسین وٹو سے اس بات پر متفق ہوں کہ آج قانون شہادت میں خامیاں ہیں ۔ آج ضابطہ فوجداری میں خامیاں ہیں ۔ لیکن کیا یہ خامیاں آپ ایف سی آر کی اولاد سے پوری کرنا چاہتے ہیں ۔ اگر آپ کی نیت صاف تھی اور اگر آپ ان خامیوں کو دور کرنا چاہتے ہیں ۔ تو اس کے لئے آپ ملک میں اور ایوان میں ماحول پیدا کرتے آپ کی یہ بے جا جلدی آپ کی یہ عجلت آپ کی مجرمانہ نیت کی غمازی کر رہی ہے ۔ آپ کو چاہئے تھا ۔ کہ آپ پہلے ایف سی آر کو منسوخ کرتے اور اس کے بعد Clean levels کے ساتھ اس ایوان کے سامنے آتے کہ آج ملک پر یہ مصائب ہیں ۔ آج قانون شہادت میں یہ خامیاں ہیں ۔ اس لئے ہم کرمنل لا امنڈمنٹ بل لانا چاہتے ہیں ۔ تو آپ کو نہ صرف ہم خراج عقیدت پیش کرتے بلکہ آپ کا ساری قوم استقبال کرتی ۔ لیکن آپ کرمنل لا امنڈمنٹ کی ترمیم نہیں کر رہے ہیں ۔ بلکہ آپ انصاف کا خون کر رہے ہیں ۔ آپ کا معیار صرف یہ ہے ۔ کہ اس قانون کو منظور کرو اگر نہ منظور

کرو گے ۔ تو ایف سی آر پھر لاگو رہے گا ۔ جب یہ حال ہو جب آپ کی یہ نیت ہو جب یہ ماحول ہو تو آپ اس کے ہوتے ہوئے یہ کیا کہتے ہیں کہ ہم ایف سی آر میں نمایاں تبدیلیاں کر رہے ہیں ۔ اس لئے جناب والا ۔ یہ کوئی چھپی ہوئی بات نہیں ہے ۔ کہ آپ اس قانون کی تنسیخ کرنے پر مجبور ہوئے ہیں ۔ اور اس وجہ سے مجبور ہوئے ہیں ۔ کہ متفقہ طور پر ساری قوم نے اس کی مخالفت کی ہے ۔ لیکن افسوس کے ساتھ میں کہتا ہوں ۔ کہ آج قوم کی مخالفت کا جواب اس بل کی شکل میں آپ دینا چاہتے ہیں ۔ ایک گوشے سے دوسرے گوشے تک قوم کی مخالفت کی سزا اس مسودے میں تجویز کی گئی ہے ۔ اب اس کے لئے جناب والا ۔ ایک چیز میں اس ایوان کی خدمت میں پیش کروں گا ۔ اور تقریباً اس طرف کے بیٹھنے والوں میں سب میرے دوستوں نے ایک چیز بلا استثناء کہی ہے ۔ اور وہ یہ ہے ۔ کہ اس قانون میں سیاسی حریفوں کو ماخوذ کرنے کی کوئی دفعہ نہیں ہے ۔ اور یہ کہ ہم نے ایف سی آر کی وہ دفعات جو پولیٹیکل مقصد کے لئے اور سیاسی Black Mailing کے لئے استعمال ہو سکتی ہیں ۔ ہم نے ان کو اس بل سے نکال دیا ہے ۔ لیکن جناب والا ۔ کیا میں آپ کی وساطت سے یہ پوچھ سکتا ہوں ۔ کہ کوئی دفعہ پبلک سیفٹی ایکٹ یا جس میں سیاست کو جرم قرار دیا گیا ہو ۔ کیا اس میں سے نکال دی گئی ہے ۔ واضح طور پر کسی قانون میں سیاست کو جرم نہیں قرار دیا گیا ہے ۔ یہ آپ کی بڑی سرکار کا کارنامہ تھا ۔ کہ پچھلے چار سال میں سیاست کو جرم قرار دے دیا ۔ لیکن اب دیکھنا یہ ہے ۔ کہ کیا کوئی ایسا قانون بھی آپ پاس کرنے لگے ہیں ۔ جو سیاسی مقصد کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہو ۔ میں نہایت ادب اور نہایت عاجزانہ طریقہ سے یہ عرض کروں گا ۔ کہ اس قانون میں Discriminatory دفعات ہیں ۔ اور اس کا ایمان اور روح یہ ہے ۔ کہ اس کو سیاسی مقصد کے لئے نہایت آسانی سے استعمال کیا جا سکتا ہے ۔ آپ یہ دیکھئے کہ آپ کہتے ہیں ۔ کہ Trial جرگے کریں گے ۔ اگر کوئی شخص آپکی ہمنوائی نہیں کرتا ۔ تو آپ اس کو کیفر کردار تک جب تک نہ پہنچا لیں گے آپ دم نہ لینگے۔کتنی بڑی ستم ظریفی ہے۔ کہ ڈپٹی کمشنر صاحب کو یہ اختیار حاصل ہے ۔ کہ وہ جرگے کے Trial کو نہ

مانیں اور دوسرے جرگے کے سپرد کر دیں - پھر تیسرے کے سپرد کر دیں - اور اگر تیسرا بھی اسے ملزم قرار نہیں دیتا - تو چوتھے کے سپرد کر دیں - اسی طرح جب تک وہ اپنے کیفر کردار تک نہ پہنچ جائے - یہ سلسلہ جاری رہے گا - اور اگر آپ کسی کو چھوڑنا چاہیں تو آپ جرگے سے کہیں گے کہ یہ بے گناہ ہے - اور قانون میں یہ گنجائش ہے - تو وہ چھوڑ دیا جائے گا - میرے علم میں فرنٹیئر کا ایک واقعہ ہے - میں ان وزیر اعلیٰ صاحب کا نام نہیں لوں گا - کہ ایف سی آر کے ماتحت چھٹے جرگے سے فیصلہ ہوا -

بہرحال جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا اب ایک اور پوائنٹ جو اس طرف سے کہا گیا اس کے متعلق عرض کرتا ہوں کہ کورپشن بند کرنے کا یہ پہلا قانون ہے جو رشوت ستانی کو مسخر کر لیگا اور اس کورپشن کو قابو کرے گا - جناب والا - شکلیں ملاحظہ کیجئے وزراء صاحبان کی (حزب اقتدار کی طرف سے ایک آواز آپ کی بھی دیکھیں)

نوابزادہ افتخار احمد خان—یہ دکھایا گیا ہے کہ یہ بل کورپشن کو اڑانے کے لئے پیش کیا ہے - خود کورپشن کی پیداوار خود پولیٹیکل کورپشن کی پیداوار نہ اس ایوان کا اعتماد حاصل - - - - - -

Mr. Senior Deputy Speaker: The member is casting aspersions. I won't allow him to do that.

وزیر قانون—آپ کو اجازت دے دیں ؟

نوابزادہ افتخار احمد خان—بہرحال اگر یہ منع کرتے ہیں تو میں رہ جاتا ہوں -

وزیر قانون—نکر ہر کس بمقدر ہمت اوست -

نوابزادہ افتخار احمد خان—تو جناب والا - عرض میں یہ کر رہا ہوں کہ یہ تجربہ اور سب کا تجربہ ہے کہ ایک

کورپٹ آفیشل کبھی بھی یہ گوارا نہیں کر سکتا کہ ڈپٹی کمشنر اس سے ناراض ہو جائے اور یہ قانون اگر پاس ہو گیا تو ہماری ایگزیکٹو میں جو تھوڑی بہت independence اور integrity of character ہے وہ بھی ختم ہو جائیگی ہر افسر کو احساس ہوگا کہ میں نے اگر اپنے ڈپٹی کمشنر' کمشنر یا حکومت کو ناراض کیا تو میرے ساتھ کیا جائیگا ۔ نہ گواہ کی ضرورت نہ شہادت کی ضرورت ۔ ڈپٹی کمشنر کا ہیرا اور مالی ہی کافی ہے اس لئے اس قانون کے متعلق یہ کہنا کہ رشوت اور کورپشن ختم کر دیگا تو یہ ناممکن ہے ۔ آج ہماری وہ ہی ڈائریکٹوریٹ چلی آ رہی ہے کہ پہلے ہی یہ فیصلہ کیا جاتا ہے کہ اس افسر کو کورپٹ قرار دینا ہے اس کے بعد اس پر کیس بنایا جائے ۔ جو ڈائریکٹوریٹ کا انچارج ہے اس کا کہنا ہے کہ جو افسر رائی کا پہاڑ بنا دے اور پہاڑ کی رائی بنائے اس کو افسر سمجھتا ہوں لیکن اگر ایسے آدمیوں کو پاورز سپرد کر دی جائیں تو یہ اپنے فرائض سر انجام نہیں دے سکتے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ کورپشن کو ختم کرنا نہیں بلکہ اس کو بڑھانا ہے جرگہ کے متعلق جناب والا ۔ عرض کرتا ہوں ۔ یہ دعویٰ کیا گیا ادھر سے کہ چونکہ جرگہ سسٹم اچھے اصولوں پر مبنی ہوگا اس لئے کورپشن ختم ہو جائیگی ۔ انسانی کیریکٹر کو دیکھئے اور سو سال پہلے کے مسلمان کے کیریکٹر کو دیکھئے کہ سچ بولنا اس کا جزو ایمان ہوا کرتا تھا ۔ اور یہ اس پر اعتماد کیا جا سکتا تھا کہ وہ خدا اور رسول کو سامنے رکھتے ہوئے فیصلہ کریگا ۔ آج ان بی ڈیز law less ness کے پاس انصاف اور قانون سپرد کر دینے سے ملک میں کو دعوت دینا ہے اس لئے یہ قانون ایسا ہے کہ اس کی منشا انصاف کو بحال کرنا نہیں انصاف کو آسان کرنا نہیں روان کرنا نہیں یہ محض ایف ۔ سی ۔ آر کو دوسری شکل میں ملک پر لاگو کرنا ہے ۔

میر حاجی محمد بخش تالپور۔جناب نماز کا وقت ہو گیا ہے ۔ پانچ منٹ وضو کرنے میں لگ جائینگے ۔

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi: (Larkana III): Sir, I have gone through the provisions of this Bill very carefully and compared them with the provisions of the Regulations which it seeks to replace and I have no hesitation in saying that it is only, what we call, 'King Stork for the King Log.

Now, Sir, proceeding further it grieves my heart to observe that a great lawyer gave us an unworkable Constitution and today another lawyer is giving us this detestable law and he is proud of it.

Minister of Law: I am

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi: Let us come to the provisions of this Bill. What are the objects behind this Bill. According to the preamble this Bill seeks to make provision for :—

(1) more speedy trial of certain heinous offences;

(2) more effectual punishment of those offences.

and,

(3) to take effective steps for the eradication of corruption.

Now, Sir, let us see whether these objects have been achieved by the provisions of the Bill before this House. Let us take the speed first and let us compare, from this point of view the provisions of the existing law with the provisions of the law that is sought to be foisted upon us. Under the Criminal Procedure Code after an investigation by the Police the case is straight away sent up to one of the relevant Courts and it is thereafter immediately tried, according to the nature of the offence, either as a Summons case (which is the simplest form of procedure) or as a Warrans case or a Sessions case. For minor cases you have summary proceedingts. For anticorruption cases a simple trial has been devised in which a Special Judge of the status of the Sessions Judge tries the case but without going through the committal proceedings. This is the simplest form of procedure that you can devise.

Let us come to the procedure that is now being introduced for the first time in the whole of West Pakistan. Under the new Act Somebody has first to move the Commissioner that a certain offence should be tried not under the ordinary methods but by a Jirga. Now the Commissioner, Sir, if he is of the view that it is expendient that this case should not be tried by the ordinary methods then he makes what is called a "reference". against this order the accused has the right of revision. The Commissioner can also revise that order suo moto. After the Commissioner revises the order he makes a reference and the District Magistrate appoints a Tribunal. The Head of the Tribunal will be an Additional District Magistrate or a Section 30 Magistrate. He announces the names of Members and invites objections from the accused to the names of the Members of the Tribunal by him. After the objection is disposed off there is a trial.

Sir, according to the provisions of this Bill there will be at least three Members. Now, I understand they are going to raise the number to four or five two of the Members must be present before the case can proceed. If at

any stage there are less than two Members, the proceedings will have to be held up. Now after this trial Sir the Jirga makes a report to the Deputy Commissioner The Deputy Commissioner has the right to refer the case back to the Jirga, if he is not satisfied with the result. Finally Sir there is a conviction by the District Magistrate. Now without any comment Sir I ask you and I ask this House to give their verdict whether this complicated procedure will lead to speedy results, to speedy trials or the old procedure under which we are working. Complaints have often been made againt the present Criminal Procedure Code on two points. One is that there are delays, Another that there is a large Percentage of acquittals So far as delays are concerned Sir, they are the result of insufficient number of judges and Magistrates. Besides the Revenue Magistrates usually have no time to attend to their cases. If the judiciary is separated from the executive, I have no doubt that these delays will be eliminated. So far as acquittals are concerned. they are the result of bad investigation by the Police. If Sir the police were to investigate their cases properly, if they did not Sir manufacture evidence to strengthen the cases, there would be far less acquittals than you have at present.

Now let us Sir examine the other aspect of it, that is to say, effective punishment of offences. Sir under this new law, in the first place, they are doing away with capital punishment. There is no enhancement of of any sentence. Instead of enhancing sentences in the case of child lifting, in the case of kidnapping and abduction in the case of robberies, in the case of dacoities, they have done away with Sir capital punishment, the maximum punishment for murder now will be 14 years; it may be less; it may be one year.

Mr. Senior Deputy Speaker : The House is adjourned for 15 minutes for maghreb prayers.

(The Assembly then adjourned for fifteen minutes for Maghreb prayers).

The Assembly met at 7.00 P.M. after Maghrab Prayers, Mr. Senior Deputy Speaker in the chair

Mr. Senior Deputy Speaker : Mr. Muhammad Hanif Siddiqi may please resume his speech.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : Mr. Speaker, before I was interrupted I was dealing with the objects underlying this Bill. I hope, Sir, I succeeded in showing you that the provisions of this Bill were not conductive to speedy trials.

Coming to more effective punishment (second objective of the Bill) I was submitting that punishments for offences which are rife and which were plaguing us today had not been enhanced, - for example offences like child lifting were common all over the Province, robberies in trains, dacoities, abduction and other offences - sentences for these offences had not been enhanced. On the other hand capital punishment had been abolished and the sentence for murder has been reduced from death or transportation for life to a maximum of fourteen years imprisonment - that may he anything from one day to fourteen years.

Now, Sir, you will note that offences of murder and cases involving fire arms are referrable to Jirgas which means, that it is now safer to shoot a man with a gun in the heart of a town like Lahore or Karachi or anywhere else then by other means, because a man can have the benefit of trial by Jirga and get off lightly, particularly if the victim happens to be a Member of the Opposition. So, the provisions of this Bill are by no means conductive to more effective punishment which is the second object of this Bill.

Now, Sir, let us see what this Jirga is, about which we have hearing so much. Because this Bill in its present form is nothing but a trial by Jirga.

The JIRGA is essentially a trial by Elders of a community or tribe according to the customs of the tribe. The Jirga can be and has been very effective in certain areas because it secures substantial justice. The reasons for it are :

(1) That Elders of the tribe who are usually Sardars have means of knowing the truth,

(2) they deal with the cases of their followers sympathetically, and

(3) they give them justice according to their own customs.

But, Sir, Jirga is, at the most, a rudimentary form of justice. It is suitable for a primitive society. It works in areas where there are large distances, where there are no means of communication, where there is no police, where there are no police stations, it works where there are no Courts, it works where there are tribes, it works where there are Sardars, it works where there are followers of Sardars and where there are customs. It is not at all suitable for a highly civilised, complex and industrial society that we now are or hope to be. It is a primitive law.

Sir, in 1957-58 the West Pakistan Government, of which I was the Law Secretary, appointed a Commission consisting of a single High Court Judge. And I am glad to say, Sir, that the Judge belonged to the Peshawer Bench. The learned Judge after surveying the laws that were applicable to the trible areas and backward areas reported that the people in these areas were unanimously of the opinion that their customs and tribal laws should be replaced by laws applicable to the rest of West Pakistan. He was emphatically of the view that by continuing to apply those laws you were keeping these areas in a state of permanent primitiveness and backwardness. If you wanted to raise the standard of these people and bring those them in line with the rest of the province of West Pakistan you must replace those laws, by more civilisid laws. You must apply those laws which governed the rest of West Pakistan.

Sir, this law was recognised by the Englishman who usually had the good sense to have deference for the customs of the people. But he kept the operation of the Law confined only to tribal areas. He never attempted to apply it to the rest of the country.

Now, Sir, I come to the distinguishing features of the trial by Jirga - two distinguishing features of the trial by Jirga :

(1) That you associate a number of members, who are called Members of the Tribunal, with the Magistrate - either an Additional District Magistrate or Section 30 Magistrate

(2) That you do not have to follow any rules.

Now, Sir, let us examine these distinguishing features in detail.

Now so far as association of members is concerned Sir, according to the provisions of this bill, they are going to associate two or three or more members with a trained, highly qualified Magistrate. I ask you Sir does this advance the cause of justice ? Does it help in any manner to associate laymen with a trained Magistrate or a trained Judge ? In the first place, Sir, this system exhibits a distrust of our judiciary. Only yesterday the Supreme Court has protested against this system being adopted in the country I would submit Sir that this association of Members with a trained Magistrate exhibits distrust of the judiciary and I pointed out that the Supreme Court has recently protested confidence that you are under-mining in the judicary by removing cases from ordinary courts to Jirgas. Then Sir I had pointed out that Members of Jirgas, of which the tribal Sardars are the heads, usually have the means of knowing the truth. These gentlemen, when you are going to associate, have no means of knowing the truth. They do not contribute in any manner towards the advancement of justice. They will be in the nature of assessors or in the nature of bench Magistrates, both of which institutions we have tried and discredited.

Then Sir the gentlemen on the treasury benches, the Ministers, will be creating and are creating a headache for themselves. In the matter of these appointments Sir, they will be the slaves of their 120 followers of whom they are proud. Each of them will want them to nominate their own men. Now I ask you if this will be conducive to justice.

Sir one of my learned friends from Sind on the other side made two points, to which I would like to make a reply here. He was proud that justice has been done in the case of Mrs. Yakub and that her murderers have been brought to book, but has he forgotten Sir that our jails in Baluchistan and the North West Frontier are full of, hundreds and thousands of innocent men.

Then Sir another point that he made was that we have been complaining that there are dacoities and robberies in Sind, that life is unsafe in Sind and that the only method of putting down those offences is to resort to the provisions of this regulation. The Government had been denying all this. They did not allow us to bring adjournment motions. Instead they have been denying from the house-top that there have been any decoities.

Minister of Railways : We do not deny under F.C.R.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : Now Sir F.C R. is applicable to Nawabshah District and Nawabshah District is the hot bed of all these dacoities and robberies. All the dacoits and robbers operate from Nawab shah District. Has this F.C.R. succeeded in this area ?

The second feature of this trial by Jirga is that the Tribunals will not have to follow any God-made or man-made law. They are free to do what they like. They can Sir convict a man on suspicion, they can convict a man on a Police statement. It is this feature, I submit Sir, that has appealed to the Government benches. This is the only thing which appeals to them and I have no doubt that they will take full advantage of it.

Then Sir if you pass this Law there it means good-bye to the Anglo-Muslim system of law, which we have developed during the last one hundred years. It is admitted Sir that the best legal system ever evolved is the British system. It secures you a measure of justice that no other system will secure you. Now the best legacy that the Englishmen left us are there laws civil and criminal and their system of civil and Criminal Procedure. Now to this system, which is not only an English system but which has been developed by our own lawyers and judges during the last one hundred years, we say good bye and revert to a primitive system, a law of the jungle, a law of the Persians and the Medes which was applied more than a thousand years ago.

Now Sir I come to the preventive sections in this bill. Under the Penal Code Sir there are three kinds of offences; first, you convict a man for a completed offence, for example when a murder is completed, then you convict a man ; Here you punish an attempt to commit murder - that is also punishable ; the third class of offence is preparation to commit an offence. Now preparation usually is not an offence in any civilized system of law but in the Indian Penal Code now called the Pakistan Penal Code, preparation for waging war against the King is an offence. There are one or two other offences like that where preparation is an offence. But this new law punishes not only a completed act not only attempts, not only preparation, but it also punishes you for holding certain views. Now - you may not hold them actually - but if the District Magistrate is of the view that you are a fanatic or you have no means of livelihood, then you can be punished. Is this the law Sir of which my friends are proud?

About the public servants Sir I submit that there is already a jungle of laws dealing with them. First Sir we have the Criminal Law (Amendment) Act of 1947, which was passed shortly before the Independenc. Then there are a number of other laws made in various parts of West Pakistan, which were then autonomous. Then Sir came a consolidated Act of West Pakistan. (Interruptions) There is interruption Sir.

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر—چودھری سعی محمد صاحب آپ اپنی جگہ پر جائیں -

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi: Now Sir I was talking about the chapter dealing with public servants. I was submitting that there is already a jungle of laws and lawyers find it difficult to find out the exact Act or provision of an Act, which is applicable to a particular situation. There is for example the Criminal Code, West Pakistan Criminal law (Amendment) Act, and there are other Acts. But procedure itself applicable to trial of public servants is very simple. Speedy as I told you it is a trial by a tribunal, consisting of a Judge of the status of a District Section Judge, and the procedure is very simple. There are no committal proceedings, there is no charge, there is no double trial. So there should be absolutely no difficulty in securingjustice in the case of public servants only if the police investigates the cases properly.

Sir I warn the treasury benches that by bringing these cases within the purview of these Jirgas, you are demoralising your services. No decent man will join your services if you leave him at the mercy of these tribunals.

To conclude, Sir, I have no hesitation in saying that this is a barbarous law. It is a law of the jungle. By applying this law to settled areas you are reversing the wheel of progress and for this you will earn the curses of the future generations. If the provisions of this Act do not recoil on you, they will recoil on the heads of your children.

One thing has been troubling me through out this session. Every day the Government comes forward with Bills asking for more and more powers. I ask them, through you, Sir, why this thirst and why this lust for power? Against whom do they want to use these powers? Even, the Englishman who was interested in keeping us in subjection, did not use these powers and did not seek these powers. Whom do they want to keep under subjection? Are you making these provisions in order to keep your self in power for hundred years? I have to remind you that usurpers have short lives. Your day of judgement is not far off. Why is it, Sir, that law and order is dwindling and crumbling in this country. I will give you reasons in a few words. The reasons are · Firstly, the reaction against Martial Law. Secondly, the unfair manner in which you have treated various areas of this country, and finally, it is a sign, a positive sign, that you have no roots in this country. That your Government is tottering and your fall is about to come.

چودھری سعی محمد۔جناب والا ۔ میں آپ سے التجا کرتا ہوں کہ یہاں سب کارروائی اردو میں ہونا چاہئے ۔ یہاں لوگ نصف سے زیادہ انگریزی نہیں سمجھتے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر۔چودھری صاحب قواعد اجازت دیتے ہیں کہ خواہ انگریزی میں تقریر کریں خواہ اردو میں کریں ۔

چودھری سعی محمد۔قواعد کے متعلق تو جناب روز کہا جاتا ہے کہ آج آئے ہیں کل آئے ہیں ۔ ہم اتنی تکلیف کر کے قوم کی نمائندگی کرنے کے لئے آئے ہیں اور ہمارے ساتھ ظالمانہ برتاؤ کیا جاتا ہے ۔ آپ اگر پاکستانی بولی یعنی اردو میں بولیں تو یہ انگریز کی لعنت تو ہم سے دور ہو جائے ۔

حاجی گل حسن منگھی۔ان لوگوں کو انگریزی میں نہیں بولنا چاہئے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر۔منگھی صاحب آپ تشریف رکھیں ۔

سردار محمد اشرف خان (پارلیمنٹری سیکرٹری)—جناب والا ۔ اس سے پیشتر کہ میں اس بل پر کچھ کہوں میں نوابزادہ صاحب کے spiritually اور روحانی مشاہدات پر کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں جناب نوابزادہ صاحب نے فرمایا ہے کہ لارڈ کلائیو اور لارڈ ہیسٹنگ کی روحیں اس ہاؤس کا چکر لگا رہی ہیں ۔

میاں معراج الدین—پوائنٹ آف آرڈر ۔ یہ آپ ان کو نوابزادہ کیسے کہہ رہے ہیں ۔

سردار محمد اشرف خان—وہ اپنے آپ کو کہتے ہیں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر—آپ خاموش رہیں ؟

سردار محمد اشرف خان—جناب والا ۔ نوابزادہ صاحب نے فرما دیا کہ لارڈ کلائو اور لارڈ ہیسٹنگ کی روحیں اس ہاؤس کا طواف کر رہی ہیں اور یہ دیکھ رہی ہیں کہ ان کے روحانی پیرو ان کی دستار بندی کس طرح کرتے ہیں ۔ ایک وہ یہ چیز بھول گئے کہ ہمارے سینکڑوں ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں بیگناہ مظلوم بھائیوں کی روحیں اس ہاؤس کے آس پاس نہایت اضطراب اور بیچینی سے طواف کر رہی ہیں اور وہ یہ دیکھ رہی ہیں کہ وہ جس ظلم و استبداد کا نشانہ بنے اور قانونی نقطوں کی آڑ لے کر ہمارے اوپر وہ ظلم روا رکھے گئے ۔ کیا اب بھی کسی کو خیال آیا کہ وہ ہمارے دوسرے بھائیوں کو ایسے ظلم و استبداد سے نجات دلائے اور پناہ دے سکے ۔

جناب والا ۔ اس امنڈمنٹ بل پر بہت سے نظریوں سے تنقید کی گئی ہے بالخصوص اسلامی پوائنٹ آف ریو پر زیادہ زور دیا گیا ہے ۔ چنانچہ راؤ خورشید علیخان صاحب نے آج صبح یہ کوشش کی ہے کہ کوئی قانون ایسا نہ بنایا جائے جو اسلام اور شریعت کے خلاف ہو وہ اس حد تک کافی کامیاب ہوئے اور وہ یہ ثابت کر سکے کہ کوئی قانون ایسا نہ بنایا جائے جو اسلام اور سنت کے خلاف ہو لیکن افسوس ہے کہ وہ یہ

قطعاً ثابت کرنے میں ناکام رہے کہ یہ بل جو اس وقت زیر غور ہے یہ یا اور اس کی کوئی شق اسلامی شریعت کے منافی ہے ۔

جناب والا ۔ ہر قانون بناتے وقت اور کوئی فیصلہ کرتے وقت اگر کوئی arguments اور دلیل نہ مل سکے اور اس بات کی صرف پناہ لے لینا کہ یہ قانون ملت اور اسلامی قانون کے منافی ہے کافی نہیں ہو سکتا ۔ چنانچہ میرا خیال ہے کہ ہم اور ہماری حکومت اسلامی قانون کے بنانے میں ایک قدم آگے بڑھی ہے اور اس بل کی تنقید کا دوسرا سب سے اہم پہلو یہ تھا کہ بہت سے دوستوں نے اس قانون کو ایف ۔ سی ۔ آر کی شبیہہ کہا ہے اور یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ یہ قانون بھی ایف ۔ سی ۔ آر کی طرح سخت ہے اس کو بھی ایف ۔ سی ۔ آر کی طرح چلایا جائیگا لیکن اگر اس قانون کو غور سے دیکھیں تو اس قانون کو ایف ۔ سی ۔ آر سے مشابہت دینا سراسر زیادتی ہے ۔ جناب والا ۔ ایف ۔ سی ۔ آر کے تحت ڈپٹی کمشنر کو وسیع اختیارات تھے کہ کوئی case عدالتوں سے واپس لے کر جرگوں کے سپرد کر سکتے تھے لیکن اس بل میں یہ چیز صاف واضح کر دی گئی ہے اور ڈپٹی کمشنر پر یہ پابندی لگا دی گئی ہے کہ وہ ایک خاص حد تک cases کو کورٹ سے واپس نہیں لے سکتا لیکن ان امور میں ان کو کمشنر کا محتاج نہیں بنا دیا گیا کہ وہ cases کو کورٹ سے واپس نہیں لے سکتا ۔

علاوہ ازیں اس بل میں مجرم کو یہ بھی حق دیا گیا ہے کہ وہ جرگے کے ممبروں پر اعتراض کر سکیں اور یہ کوشش کی گئی ہے کہ جس حد تک ممکن ہو سکے کہ جرگہ مجرموں کے لئے قابل اعتراض بنایا جائے اس میں دو stages مہیا کئے گئے ہیں پہلے جو مجرموں کے اعتراضات ہوں گے ان کا احترام کیا جائیگا اور دوسرا سٹیج یہ ہوگا کہ ڈپٹی کمشنر مجرموں کے اعتراضات سننے کے بعد اس کا فیصلہ کریں گے اور پھر اس کی اپیل کمشنر بھی سننیکا مجاز ہوگا ۔ دوسری خصوصیت جو اس میں رکھی گئی ہے اس میں مجرموں کو ڈفنس کا حصہ دیا گیا ہے اس میں

مجرم اپنا وکیل یا اپنا قنصل engage کر سکتا ہے۔ میں اس کے علاوہ یہ عرض کرونگا ۔ کہ ہمیں اس بات کا احساس ہے ۔ ۔ ۔ ۔ (قطع کلامیاں) ہمارے ملک میں تجربہ کار نہایت سنجیدہ اور تعلیم یافتہ قانون دان ہیں ہمیں ان کی قدر ہے اور ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہمارے وکلاء صاحبان جن میں چند لوگ اس بل پر معترض ہوں گے وہ خود دیکھیں کہ اس جرگہ سسٹم میں کیا خرابیاں ہیں ۔ یہ جرگہ سسٹم دوسرے سسٹمز کی نسبت زیادہ کامیاب ہے ۔

سید احمد سعید کرمانی—اس کی کوئی خوبی نہیں ۔

سردار محمد اشرف خان—اس کی خوبی تو آپ کو اس وقت معلوم ہوگی جب آپ خود جرگہ کے سامنے جائیں گے مجرم کی حیثیت سے نہیں بلکہ وکیل کی حیثیت سے ۔ علاوہ ازیں جناب ایف ۔ سی ۔ آر اور موجودہ بل میں سب سے بڑا اختلاف یہ ہے کہ ایف ۔ سی ۔ آر میں ایک فیصلے کے بعد ڈی ۔ سی اس بات کا مجاز تھا کہ وہ جتنی مدت کے بعد چاہے اس کیس کے بری ہو جانے کے بعد دوبارہ جرگہ کے سپرد کر سکتا تھا لیکن اس میں پابندی لگا دی ہے کہ بری ہو جانے کے بعد وہ کیس جرگہ میں نہیں بھیجا جائیگا ۔

چودھری سعی محمد—وکیلوں کو خاص رعائیت دی گئی ہے ۔

سردار محمد اشرف خان—اس کے بعد ایف ۔ سی ۔ آر میں ایسی دفعات موجود تھیں جن سے سیاسی exploitation کا امکان تھا لیکن موجودہ بل میں اس بات کی خاص احتیاط کی گئی ہے کہ اس بل کے تحت سیاسی exploitation نہ ہو سکے اور میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ موجودہ بل کے تحت سیاسی exploitation ناممکن ہوگی ۔ دوسری جناب سب سے بڑی اہم بات یہ ہے کہ قانون اس وقت تک کامیاب نہیں ہو سکتا جب تک قانون شکن یا جرائیم پیشہ طبقہ کو یہ یقین نہ ہو جب تک ان کے دماغوں میں اس بات کا صحیح معنوں میں اثر نہ ہو کہ میں نے اگر جرم کیا تو قانون کے شکنجے سے بچ نہیں سکوں گا ۔ لیکن ان مجرموں میں سو میں سے ۹۲ فیصدی

کو یقین ہوتا ہے کہ موجودہ قانون کی ٹیکنیکل آڑ یا پناہ لے کر وہ بچنے میں کامیاب ہو جائیں گے - تو جب جرائیم پیشہ لوگوں کو یقین ہو جائیگا کہ وہ کسی ایسے قانون سے بچنے سے قاصر رہینگے تو میں پورے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ ہمیں جرائیم کے کم کرنے میں کافی مدد ملیگی -

علاوہ ازیں جناب ایک الزام یہ لگایا جاتا ہے کہ موجودہ بل جمہوری نظام کے منافی ہے میں جناب والا - اس الزام کی مخالفت کرتا ہوں - وہ جمہوری ہے لیکن اس کی broad boral definition یہ ہے کہ مملکت کے تمام امور تمام کام اور نظم و نسق اور تمام چیزیں عوام کے ہاتھ میں دی جائیں اور جسٹس بھی مملکت کے امور میں ایک نہایت اہم چیز ہے - اگر ہم معاشرے کی اصلاح کے لئے ایک موثر قدم اٹھائیں اور یہ کوشش کریں کہ جہاں ہمارے عوام اس چیز کے خواہشمند ہوں بلکہ وہ کوشاں ہوں کہ تمام امور اپنے ہاتھوں میں لیں اور جسٹس جو عوام کی زندگی میں سب سے اہم چیز ہے ان کے حوالے کریں تاکہ وہ بھی اس میں شریک ہو سکیں تو (ہم اس سے زیادہ کوئی بھلائی نہیں کر رہے ہوں گے - میں جناب والا - آخر میں اس قانون کی حمایت ایک بار پھر کرتا ہوں اور وثوق سے کہتا ہوں کہ موجودہ معاشرے کی یہ بے پناہ خدمت کرے گا اور جو جرائیم ہو رہے ہیں اس بل سے امید ہے ان میں بے پناہ کمی ہوگی -

ملک سرفراز خان (سرگودھا - ۳)---مسٹر سپیکر - میں ضابطہ بل کی ترمیم کی مخالفت کے لئے کھڑا ہوا ہوں - یہ ترمیمی بل جو آج اس معزز ایوان میں زیر بحث ہے یہ اصل میں انگریزوں کا وہی پرانا ایف - سی - آر ہے جسے کالا قانون کہا جاتا ہے اور جسے انگریز نے فرنٹیئر سابق صوبہ سرحد کے پٹھانوں کو کچلنے کیلئے آج تک استعمال کیا لیکن انگریز اسے آج تک محض executive regulation کے طور پر استعمال کرتا رہا اسے یہ جرات نہ ہوئی کہ پراونشل اسمبلی سے اس کو پاس کرا لے

حالانکہ اس وقت وہ حاکم تھا ہم محکوم تھے - تو ہر ممکن طریقہ سے اگر وہ اسمبلی سے منظور کرانا چاہتا ہو سکتا تھا لیکن اس نے جرات نہیں کی اور آج وہ میرے بھائی جو treasury benches پر بیٹھے ہیں وہ اس کی حمایت کے لئے سر توڑ کوشش کر رہے ہیں کہ کسی صورت میں یہ بل جلدی پاس ہو جائے - حضور والا - پہلے تو اس کا اطلاق سابق صوبہ سرحد پر تھا لیکن آج باقی ویسٹ پاکستان کو اس نعمت سے نوازا جا رہا ہے - جس نے آج تک مطالبہ نہیں کیا کہ ایف - سی - آر کی ضرورت ہے اور اس کا دوسرے اضلاع میں اطلاق ضروری سمجھا جائے - حضور والا - ایف - سی - آر کی تنسیخ کا مطالبہ ویسٹ پاکستان کے ہر طبقہ فکر نے کیا لہذا گورنمنٹ نے یہ راہ فرار نکالی کہ کالے قانون کو ضابطہ فوجداری کا نام دے کر ایک دفعہ پھر سے صوبہ کے عوام کو دھوکہ دینے کی کوشش کرے - حضور والا - اس بل کی حمایت میں ایک چیز پیش کی جاتی ہے کہ عدالتوں کی رفتار سست ہوگئی ہے اور ان کی رفتار تیز کرنے کے لئے بل کی صورت میں آج ایوان میں پیش ہو رہا ہے - حضور والا - میں یہ عرض کروں گا کہ انہوں نے آج تک ملک صاحب نے یا ان کی وزارت نے یہ کوشش نہیں کی کہ آخر وجہ کیا ہے کہ یہ سستی عدالتوں میں فیصلے ہونے میں کیوں دیر لگتی ہے - آخر کیوں ؟ میں آپ کی وساطت سے عرض کرتا ہوں کہ مجسٹریٹ صاحبان کی تعداد بہت کم ہے -

دوسری بات یہ ہے حضور والا - مجسٹریٹ صاحب عدالتوں میں بالکل کام نہیں کرتے صبح سے لیکر سائل عدالتوں کے احاطوں میں بیٹھے رہتے ہیں — اور سارا دن مجسٹریٹ صاحب ریٹائرنگ روم میں رہتے ہیں - وہاں سے جب اصرار کے بعد ریڈر مجسٹریٹ صاحب کے پاس جاتا ہے - کہ فرمائیں آج کچھ کام کرنے کا ارادہ ہے - وہ فرماتے ہیں - کچھ طبیعت خراب ہے یا کوئی دورہ مثل پر رکھ دو یہ آج کل میٹنگز کا کافی رواج ہو گیا ہے - یا کسی میٹنگ کا حوالہ دے کر تاریخیں دے دو — ریڈر صاحب لکھ دیتے ہیں — تھوڑا عرصہ میں نے بھی وکالت کی ہے — وہ لکھ دیتے

ہیں وہاں سے مجھے فقرہ یاد ہے افسر جلیس دورہ پر تشریف لے گئے ہیں یا افسر جلیس کی کچھ طبیعت ناساز ہے اس لئے مثل التوا ہو یا تقرر فلاں تاریخ کو پیش ہو — جتنے کیسس ہوتے ہیں ان میں جو گواہان موجود ہوتے ہیں انہیں پابند نہیں کیا جاتا اور وہ چلے جاتے ہیں گھروں میں — پھر اگلی تاریخ پر سمن جاری ہوتے ہیں اور کوئی تعمیل نہیں ہوتی - یہ سلسلہ پانچ چھ ماہ تک جاری رہتا ہے - پانچ چھ ماہ کے بعد جا کر تعمیل ہوتی ہے ایک دو گواہ ہوتے ہیں -

حضور والا - میں یہ عرض کروں گا ہمارے ہاں اب بھی ایسے مجسٹریٹ صاحبان موجود ہیں جن کا مجھے ذاتی طور پر علم ہے - کہ وہ کیس کو دو ماہ کے اندر اندر ختم کر دیتے ہیں - پہلی تاریخ کو جب گواہان آتے ہیں تو پانچ چھ کا evidence ریکارڈ کرنے کے بعد اگر چارج کے قابل مقدمہ سمجھتے ہیں تو وہ چارج کر دیتے ہیں - یا ڈسچارج اگر چارج- ہوتا ہے تو next day یعنی دوسری صبح کو گواہان کو پابند کر کے next day hearing ختم کر کے ایک یا دو تاریخوں میں مقدمہ ختم کر دیتے ہیں اب ملک قادر صاحب اور ان کی وزارت نے یہ تکلیف گوارا نہیں کی کہ ایک کمیٹی مقرر کر دیں جو آخر یہ ڈھونڈے کہ یہ جو عدالتوں میں ایک ایک دو دو سال تک ایک کیس میں تاریخیں ملتی رہتی ہیں - اس کی وجہ کیا ہے - اسکی اصلاح کیلئے کوئی قدم اٹھائیں - انہوں نے یہی سمجھا کہ ایف - سی - آر ہی لگا دو - اس سے آخر اثر تو یہ پڑے گا کہ ہماری عدلیہ بھی ختم ہو جائے گی اس لحاظ سے یہ ختم خود کر رہے ہیں -

نمبر دو جناب والا - اس کے متعلق گذارش کروں گا کہ پولیس افسران کا کیس میں کافی دخل ہے بلکہ تفتیش جو زیادہ important گنی جاتی ہے وہ بھی خود تکلیف گوارا نہیں کرتے کہ موقع پر جا کر اس کی تفتیش کریں - انتہا تو یہ ہے کہ اس وقت کا محرر جو ہے وہی ایف - آئی آر ریکارڈ کرتا ہے -

اس کے بعد اے - ایس - آئی صاحب تشریف لے جاتے ہیں - تفتیش کے لئے ایس - آئی صاحب محض اسلئے جاتے ہیں کہ مثل کو forwarded کرنے کیلئے دستخط کر دیں - تو ہمارا خیال ہے مجارٹی میں پڑھا لکھا طبقہ ہی — اے یا ایف - اے کافی تعداد میں ایس - آئی بھی ملتے ہیں — پہلے زمانے کے مڈل پاس یا میٹرک پاس ایس — آئی صاحب ہوتے تھے - ان سے ان کی تعلیمی قابلیت تو زیادہ ہے لیکن تجربہ نہیں — نہ وہاں کوئی کوشش کرتے ہیں - کہ اپنا کام دلچسپی سے کریں — اس وجہ سے حضور والا - وہ مثل جو بڑی محنت سے پولیس افسران تیار کیا کرتے تھے اب اس میں پوری دلچسپی قطعاً نہیں لیتے اس وجہ سے اس مثل میں کافی گنجائش رہ جاتی ہے - اور evidence act میں یا کوئی فائدہ ملزم کو ہو جاتا ہے - اور وہ بری ہو جاتا ہے - اس ضمن یہ زیادہ بہتر ہوتا کہ آپ پولیس کی اصلاح کرتے اور یہ دیکھتے کہ کس طرح انہیں کام کرنا چاہئے اور وہ کیسے کامیاب ہو سکتے ہیں - ملزم کو سزا کرانے کیلئے — تو حضور والا - میں تو سمجھتا ہوں کہ ہمارے آبوزیشن پر یہ اعتراض ڈیری بنچنز سے ہوا ہے کہ ہم اس بل کے پاس ہونے میں روکاوٹ پیدا کر رہے ہیں - حالانکہ یہ ٹھیک نہیں ہے — ہم تو گورنمنٹ کی اس بل میں اصلاح کرنے کیلئے یہاں بیٹھے ہیں - اور ہماری خواہش ہے کہ یہ بجائے ایف - سی - آر اور ایسے ویسٹ پاکستان کریمینل لا ایمنڈ منٹ بل کا نام دے کر نہ لے آتے ہیں - وہ اسے واپس لے لیں - اور اسکی بجائے ایک کمیٹی فارم کریں جو اپنی finding دے کہ speedy trial کیوں نہیں ہو رہے ہیں - مقدمات میں سزا کیوں نہیں ہو رہی ہے - تو زیادہ بہتر تھا - اگر اس طرف سے حضور والا کہا جاتا کہ legal advice جو ہے وہ ہم نے ملزم کو مہیا اس بل میں کی ہے — تو حضور والا - یہ legal advice تو اس طرف چونکہ ہمارے محترم وزرا صاحبان دو تین ایسے ہیں — جو وکیل ہیں وہ بھی ایسٹ پاکستان کے ہائی کورٹ کا فیصلہ ہو جانے کے بعد انہیں یہ خطرہ ہے - بلکہ گورنر صاحب کے رحم و کرم پر وہ ہیں کہ وہ کسی وقت چھٹی دے دے اور ہم کو سیدھا گھر جانا پڑے تو وکالت بھی ہماری جاتی رہے - یہ جو

نیا قانون ہے اس میں اپنے مفاد کیلئے یہ شق رکھ دی ہے۔
(ہیئر ۔ ہیئر)

حضور والا ۔ مارشل لاء میں بھی ملزم کو یہ حق حاصل تھا ۔ کہ وہ وکیل پیش کر سکتا تھا ۔ اس مارشل لاء کو اچھا کہہ سکتے ہیں ۔ صرف اس لئے کہ وہاں پر legal advice ملتی تھی ۔ لیکن میں تو نہیں کہتا کہ مارشل لا اچھا تھا — اس میں وکیل کو پیش ہونے کی اجازت تھی محض اس لئے کہ ایک وکیل کو بلاوا دے کر یہ کہنا کہ ہم legal advice میں ملزم کو رعایت دیتے ہیں تو اس لئے ٹھیک ہے —

حضور والا ۔ اس بل میں میں نے بھی چند ترامیم کا نوٹس دیا ہوا ہے جب نمبر میرے بولنے کا آئیگا میں ان دفعات پر مزید روشنی ڈالونگا کیونکہ ڈسٹرکٹ سرگودھا میں ایف ۔ سی ۔ آر کے تحت مقدمات کے فیصلے ہو رہے ہیں تو وہاں کے تاثرات میں اپنی امنڈمنٹس کے ذریعہ اس ہاؤس کے روبرو پیش کرونگا اس میں یہ کہا جاتا ہے کہ وہاں سیاسی مخالفوں کو دبانے اور کچلنے کے لئے بھی کوئی پروویژن باقی نہیں رہ گئی ہے تو میں اس ضمن میں سیکشن ۳ ، سب سیکشن ۲ کا حوالہ دونگا اس میں یہ گنجائش ہے کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کسی وقت بھی کسی آدمی کو خطرے کے پیش نظر پکڑ کر جیل میں بھیج سکتا ہے تو یہ ہو سکتا ہے اور ہوگا ورنہ اس بل کو اس قانون کو آتنی جلدی ہم سے پاس کرانے کی ضرورت نہیں تھی ۔ تو اس میں یہ شق موجود ہے اسلئے جلدی کیا جا رہا ہے ۔

حضور والا ۔ ہمارے معزز دوست treasury benches والے اور ملک قادر بخش صاحب کہتے ہیں کہ ہم نے اس کو تھوڑا سا سفید کر دیا ہے ۔ کالے کی بجائے تھوڑا سا پوڈر لگا کر کر دیا ہے ۔ اس میں حضور والا ۔ ۳۰۲—۳۰۴—۳۰۷ اور ۳۶۳ کے نیچے عدالت میں ملزم کو حق تھا کہ وہ bail کے لئے میڈیکل گراؤنڈ

یا کسی اور گراؤنڈ سے Bail کے لئے Apply کر سکتا تھا ۔

تو جناب والا ۔ اس "کالے قانون" میں ملزم کو یہ موقعہ مہیا نہیں کیا گیا ۔ میں نے amendment بھی دیکھی ہیں ۔ اور میں نے حضور والا ۔ آج اپنی amendment نئے سیکشن کے لئے دے دی ہے ۔ کہ اس میں سیکشن (ے ۔ اے) نیا بنایا جائے ۔ جس میں ملزم کو یہ رعایت دی جائے ۔ کہ اگر ٹریبونل چاہے تو اس کی ضمانت کریمنل لا کے تحت لے لے ۔ معزز وزیر ملک قادر بخش صاحب کس طرح کہہ سکتے ہیں ۔ کہ ہم نے ملزم کو رعایت کر دی ہے ۔ جب کہ یہاں ضمانت بھی چاہے چار پانچ چھ ماہ وہ جیل میں پڑا رہے ۔ ضمانت نہیں ہو سکتی اور نہ وہ ضمانت کے لئے درخواست کر سکتا ہے ۔ یہ تو ایسا ہی ہے ۔ جیسا پچھلے زمانے میں بادشاہ کسی بھی شخص کو ناراض ہونے پر چار چھ سال کے لئے جیل بھیج دیتے تھے اور جب غصہ کم ہوتا تو نکال دیتے تھے ۔ ورنہ وہ وہیں مر جاتا تھا ۔ ۔ ۔ ۔

ایک ممبر ۔جیسے افغانستان میں ہے ۔

ملک سرفراز خان ۔تو حضور والا ۔ میں اس ایوان کے معزز ممبران سے التماس کروں گا ۔ کہ وہ اس بل کو پاس کرنے میں جلدی نہ کریں اور عبدالرازق خان کی بات پر نہ جائیں (قہقہہ) ان کے حق میں یہ ایف سی آر نرم کر دیا گیا ہے ۔ مگر ہم پر تو یہ گرم ہو رہا ہے ۔ (قہقہہ) اس لئے پنجاب اور سندھ والے سوچ کر اس کے بارے میں ووٹ دیں ۔ میں امید کرتا ہوں ۔ کہ وہ اس کو پاس نہیں کریں گے ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور ۔ ۶)۔جناب سپیکر ۔ اس ملک میں مارشل لاء بھی ایک خطرناک سازش کے تحت نافذ کیا گیا تھا ۔ جس سے مقننہ کو قطعی طور پر ختم کرنا مقصود تھا ۔ (حزب اختلاف سے نعرہ تحسین) حقیقت یہ ہے ۔ کہ مارشل لاء کی دوائی جس نے تجویز کی اس کا یہ غلط اندازہ تھا ۔ کہ ملک میں ابتری پھیلی

I submit that for powers, if you need them, you need a scheme of things, a structure and a pattern to enforce them. Here we have given you astructure. You can improve it and you need not break it. Because these powers are necessary under the social system which we are having here. I will say that some aspects of this law and the improvements that are possible are going to be put up before this House in the form of amendments. But I will make one submission for the consider-ation of those who are concerned with this improvement that the greatest fear which lurks in the minds of the people who have to face these Tribunals is that when the order of reference is being passed by the District Magistrate, no one is heard at this stage and no one is present. I believe that the Executive or the Government will have to frame certain rules for guidance of the District Magistrate to point out those cases which are to be sent to the Tribunals and those cases which are left to have their course in a court of law. I will empha-size that those rules or those instructions must be most explicit. They must be placed before the House and must be published in the Gazette. I submit it is very necessary that before the case is with-drawn to be tried by the Jirga, he must issue a show cause notice to the accused to show as to why his case should not be taken on the Jirga side. And he should be given a chance to be heard before that officer so that he has got the opportunity, with the help of a lawyer, to show to the District Magistrate that the instructions issued by the Government are to the contrary. It is my experience that in contravention of the instructions issued by the Government, cases are transferred from one side to the other. This thing, even if it is agitated in the revision, has got no hope of success. I submit that along-with this there is also an amendment about the section and that is very important. I will have the occasion to make some remarks when the time comes. I will submit for the consideration of the Treasury Benches and the Minister that, if possible, this aspect of the law should be improved.

I have no other point except to point out one thing that this necessity of living with this law has, in its working, exposed one weakness, i. e. it has got a tendency to reduce the efficiency of the Police. I know of cases that during the investigation stages when the police made a slight effort and saw that no evidence would be forth-coming and with a greater efforts in another situation they could have obtained more valuable evidence, they simply say, "Oh, we shall put a chalan and the case will go to the Jirga". In many cases this tendency induces police officers to be corrupt. They neglect to obtain evidence in league with the accused party with an eye to the fact that their case which was going to the Court shall go to the Jirga. I submit, the fear that the District Magistrate will send more cases or entertain corrupt motives towards the Jirga side is not justified. If the case has got sufficient evidence in it, it must necessarily go to the court of law and in that case conviction will be secured with the help of judicial evidence. It is only in those cases where the evidence is week that the accused tries that his case should go to a court of law. There

has never been a case in my experience where a person may have tried when his case was going to a court of law that it should go to a Jirga. The reverse is always true that the accused always tries that his case be carried to a court of Law where he could obtain the advice of a lawyer. He is in a position to pay a sufficient sum to them and he is hopeful of securing acquittal in a court of law. He always tries to avoid the Jirga.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi: What about the Rules of Evidence?

Mr. Muhammad Ishaq Khan Kundi: Now, I will come to the Rules of Evidence. This reminds me of some quotations from a speech of Mr. Justice Cornelious made at Dacca. As far as I remember that was three months ago. The tenor of that speech was quite contrary to what Mr. Baqi was putting before the House.

Mir Abdul Baqi Baluch: I challenge.

Mr. Muhammad Ishaq Khan Kundi: Let me explain, please. To my understanding, and I have no claims to infallibility, what Mr. Justice Cornelious said was that he wanted the institutions of justice to be based on our own cultural roots. What is that? He has referred to the book of Sir Olaf Caroe in his speech but that passage was not quoted by him during his speech. Sir Olaf Caroe has made some remarks about the institution of these Jirgas and its usefullness. A remark in his book, which I remember, is that the Pathans and all the people of those areas will always like justice from the Saddle. In that he praised Dr. Khan Sahib also in a way for his habit that in ordinary executive work he dispensed justice from the saddle. That is the basic idea which was in the mind of Sir Olaf Caroe. As far as I can see that was also the idea of Justice Cornelious. If I remember correctly Mr. Justice Cornelious pointed out in his speech that instead of doing this we are disverting the trial of a case from one system of justice to the other, which is harmful. It is not harmful that we should have our own communal type of judicial Tribunals. What is harmful is that we are disverting from one source and keeping two different institutions side by side.

Begum Jahan Ara Shahnawaz: Then what about the judgement, delivered by Mr. Justice Cornelious, which I quoted?

Mr. Muhammad Ishaq Khan Kundi: I was referring to Mr. Baqi and not that.

Mr. Speaker: It was not necessary for him to reply to each and every question or reference.

Mr. Muhammad Ishaq Khan Kundi: I have not had the occasion to study that. I am referring to the speech which he made at Dacca and where he told clearly that our system of justice should be based on our cultural roots. He clearly said that the laws which are applicable to the West should not be imposed here for many reasons.

I submit in the end that this law which deals with the administration of crimes, which enables us to live a peaceful and honourable life, should be approached without passions and without sentiments. We should clearly see that we have got our duty that law and order situation in the country is improved. This is the first thing for our progress that crime is reduced and the guilty are always punished.

میر نبی بخش خان زہری (کوئٹہ - چگئی)—جناب سپیکر - زیر بحث مسئلہ کرمنل لا' امنڈمنٹ بل ہے - اس پر مختلف علاقوں کے ممبروں نے اپنی رائے کا اظہار کیا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے لئے خوش قسمتی کا مقام ہے - کہ ''ون یونٹ،، بننے کے بعد ہم یہاں مل کر مختلف علاقوں کی رائے سن رہے ہیں - اور یہاں موقع ہے - کہ آپ کے توسط سے اپنی بھی رائے پیش کریں - جہاں تک میں سمجھا ہوں میں نے اس زیر بحث مسئلے کو تین حصوں میں تقسیم کیا ہے -

(۱) ایک تو وہ حصہ کہ جن علاقوں میں ایف - سی - آر تھا اور اب تک موجود ہے -

(۲) وہ حصے جن علاقوں میں ایف - سی - آر نہیں تھا ان پر کیا اثرات ہو سکتے ہیں -

(۳) قائد اعظم کے حوالے اور اقوال جو بعض ممبروں نے پیش کئے ہیں میں ان کے متعلق بھی کچھ کہنا ضروری سمجھتا ہوں -

جہاں تک بلوچستان کا سوال ہے - وہاں ایف - سی - آر اب تک موجود ہے - میں جناب بنگال کے متعلق قائد اعظم کا ۱۹۲۵ء کا حوالہ نہیں بلکہ ۱۹۴۵ء کا حوالہ دینا چاہتا ہوں -

ایف - سی - آر کالا قانون ہے - اور اس کالے قانون کو فوری ختم ہونا چاہئے اس سے کسی کو انکار نہیں ہے - اس کے متعلق قائد اعظم کے الفاظ کیا تھے - اور خیالات کیا تھے - اگر قائد اعظم کے followers میں سے جیسے بیگم شاہ نواز صاحبہ ہیں - جن کی ہمارے دل میں قدر ہے اور ہمارے دل میں قائد اعظم کے سب followers

کی عزت ہے ۔ اگر بیگم شاہ نواز صاحبہ جنہوں نے قائد اعظم کو اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے ۔ اگر قائد اعظم کے اقوال کو وہ یہاں پیش کرتیں تو بہت اچھا تھا ۔ کہ انگریزوں نے ایف ۔ سی ۔ آر بنایا تھا ۔ اور یہ کالا قانون ہے ۔ اس کو گورنمنٹ پاس نہ کرے ۔ لیکن مسٹر باقی بلوچ کے ایسے طالب علم جن کو ابھی جمعہ جمعہ آٹھ دن ہوئے ہیں ۔ وہ ابھی پارلیمانی زندگی کا تجربہ حاصل کریں ۔ پھر قائد اعظم کو اور ان کے اقوال کو یہاں پیش کریں ۔

میر عبدالباقی بلوچ ــ جناب والا ۔ ''جمعہ جمعہ آٹھ دن ہوئے،، یہ unparliamentary ہے ۔ میری استدعا ہے ۔ کہ اس کو یہ واپس لیں ۔

میر نبی بخش خان زہری ــ جناب والا ۔ جب یہ ہاؤس شروع ہوا یہ ممبر بنے ہیں ۔ جمعہ جمعہ آٹھ دن سے میرا کوئی اور مطلب نہیں ہے ۔ اچھا میں اس کو واپس لیتا ہوں ۔

میر محمد مراد خان جمالی ــ جناب والا ۔ میر نبی بخش نہیں بلکہ کمشنر انور عادل بول رہے ہیں ۔

میر نبی بخش خان زہری ــ جناب میں کسی کمشنر کا ایجنٹ نہیں ہوں میری پوزیشن واضح ہے ۔

مسٹر سپیکر ــ جمالی صاحب آپ بھی اس ریمارک کو واپس لیں ۔

میر محمد مراد خان جمالی ــ میں بھی واپس لیتا ہوں ۔

میر نبی بخش خان زہری ــ جناب والا ۔ عبدالوحید خان صاحب نے کہا تھا ۔ کہ کاش میرے دوست عبدالباقی بلوچ نے جو کل قائد اعظم کا حوالہ دیا تھا ۔ اور وہ دینے کی کوشش کر رہے ہیں ۔ اسٹالن کا بھی حوالہ دیتے ۔ میں عبدالوحید خان صاحب سے بالکل متفق ہوں اور کلی طور پر مطمئن ہوں ۔ جناب والا ۔ چند معزز ممبران کی رائے اور مسٹر حمزہ صاحب کی بھی یہی رائے ہے ۔ شائد

وہ یہاں موجود نہیں ہیں کہ مسلم لیگ پارلیمانی پارٹی بے بس ہے ۔ میں جناب کے توسط سے ان تمام ممبران کو جنہوں نے پارٹی کے متعلق یہ الفاظ استعمال کئے اور خیال ظاہر کیا کہ ''بے بس،، ہے ۔ میں یقین دلاتا ہوں کہ ہم اپنے علاقوں کی نمائیندگی کرتے ہیں ۔ اور ہماری پارٹی کی طرف سے بالکل صحیح اسٹنمنٹ آ رہی ہیں ۔

میر محمد مراد خان جمالی۔۔یہ کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی جیب میں ہے ۔

Minister of Railways : Sir, I may inform that he is casting aspersions. I think it should not be done even outside the House. Is this fair'.

Mr. Speaker : Mr. Jamali may please withdraw these words.

Minister of Railways : He should learn manners.

میر محمد مراد خان جمالی۔۔ہاؤس کی پوزیشن نے ان کو بد حواس کر دیا ہے ۔

میر نبی بخش خان زہری۔۔ان کے متعلق جو کچھ میں نے کہا ہے ۔ میں اسے واپس لیتا ہوں ۔

میر محمد مراد خان جمالی۔۔تا کہ ان کو سمجھ آ جائے ۔ اس لئے میں withdraw کرتا ہوں ۔

میر نبی بخش خان زہری۔۔جہاں تک کہ میر محمد مراد خان جمالی اور مسٹر عبدالباقی بلوچ کا تعلق ہے ۔ انہوں نے جو الفاظ قائد اعظم کے لئے استعمال کئے ہیں ۔ اور یہ کہا ہے ۔ کہ قائد اعظم ہے دو بیٹے ہیں ۔ ایک بیٹا کونسل مسلم لیگ ہے ۔ اور دوسرا بیٹا کنونشن مسلم لیگ ۔

سید احمد سعید کرمانی۔۔ایک اصلی بیٹا ہے ۔

میر نبی بخش خان زہری۔۔اس سے کس کو انکار ہو سکتا ہے ۔

جناب والا ۔ جہاں تک بلوچستان کے لوگوں کی رائے اور خیال ہے ۔ میں اس کا خیر مقدم کرتا ہوں ۔ موجود ویسٹ پاکستان کرمنل لا' امنڈ منٹ بل جو پیش ہوا ہے ۔ یہ وہی چیز ہے ۔ جیسے آپ آگ میں پانی ڈال دیں ۔ تو کتنا آرام ہمیں مل جاتا ہے ۔ چونکہ ایف ۔ سی ۔ آر کے بعد ہم نے اس میں سے وہ سخت دفعات نکال دیں ہیں ۔ اور اب یہ ایسا سانپ ہے ۔ جس کے دانت نہیں ہیں ۔ اس لئے مجھے اختلاف کرنا پڑتا ہے ۔ ان لوگوں کی رائے سے جو اس سانپ سے ڈرتے ہیں ۔ میں کہتا ہوں کہ جو سانپ ہم نے دیکھا ہے ۔ اس سانپ کا تو آپ نے تجربہ ہی نہیں کیا ۔ آپ کرمنل لا' امنڈمنٹ بل کو تجربے کے طور پر استعمال کریں ۔ اور آپ کو اس سے خوفہ و ہراس کیوں ہے ۔ آپ اس سے فائدہ اٹھائیں ۔ ہم سے پوچھئے ۔ کہ ایف ۔ سی ۔ آر میں ہم پر کیا گذری ہے ۔

جناب والا ۔ آپوزیشن کی طرف سے کچھ مذہبی آیات بھی پیش کی گئیں ۔ جہاں تک کہ مذہبی معاملات کا تعلق ہے ۔ میں علمائے کرام کے مقابلے میں اتنا ہی بے خبر ہوں ۔ جتنا عبدالباقی بلوچ قائد اعظم کے متعلق معلومات نہیں رکھتے ۔ میں ان معاملات کے متعلق کچھ نہیں جانتا لیکن اتنا ضرور کہوں گا ۔ کہ جب بلوچستان میں ایف ۔ سی ۔ آر لگا تھا ۔ تو اس وقت یہ آیات کہاں تھیں آپ کا اسلام کہاں تھا ۔ اور آپ نے یہ آیات کیوں نہیں quote کیں ۔ آج جب آپ کے سر پر مصیبت آئی ہے ۔ تو آپ آیات quote کر رہے ہیں ۔ میں خوش ہوں کہ آج ''ون یونٹ،، ہے ۔ تو ہم نے ان مشکلات سے چھٹکارا پا لیا اور آج یہ پھندا صرف ہمارے ہی گلے میں نہیں پڑے گا بلکہ سب ون یونٹ کی وجہ سے اس سے فائدہ اٹھائیں گے ۔

اور آپ نے اس کو اگر اپنے لئے مناسب نہیں سمجھا تو یہ ہاؤس کسی وقت بھی فیصلہ کر لے کہ یہ نہیں ہونا چاہئے ۔ تو میں بھی اس مصیبت سے (جس کو آپ ابھی مصیبت سمجھتے ہیں) چھٹکارا پا سکتا ہوں ۔ اس لئے کہ آج ون یونٹ ہے ۔ ورنہ جب F.C.R میری طرف عائد تھا تو یہ آیات خوانی کبھی کرتے ہی نہیں تھے ۔ شکر ہے آج اس ہاؤس میں ہم بیٹھے ہیں ۔

Haji Gul Hasan Mangi: Mr.Usto may be asked to go to his seat. He is disturbing us.

یہ کیا تماشہ ہے ۔

Mr. Speaker : The Member himself is not in his seat.

میر نبی بخش خان زہری۔۔۔جناب والا ۔ جہاں تک کہ ان علاقوں کا سوال ہے ۔ جہاں ایف۔سی۔آر پہلے تھا ۔ میں ہاؤس کو یقین دلاتا ہوں ۔ کہ موجودہ بل اس سے زیادہ موزوں ہے ۔ اور ہم لوگ کلی طور پر مطمئن ہیں اور میں اس ہاؤس کو یہ بھی یقین دلاتا ہوں ۔ کہ بلوچستان لوگ اس بل سے مطمئن ہیں کیونکہ اس میں جو خرابیاں انگریز کے وقت میں تھیں ۔ جس کو قائد اعظم نے condemn کیا تھا ۔ آج یہ اس کی ترمیم کرنے کے لئے تیار ہو گئے ہیں ۔ نمبر دو جناب والا ۔ مجھے موقع دینا چاہئے ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : The member has already spoken for 20 minutes.

میر نبی بخش خان زہری۔۔۔جناب والا ۔ اب رہا دوسرے علاقوں پر اس کا نفاذ تو جو کچھ جس شکل میں آیا ہے ۔ میرے خیال میں میرے ان علاقے کے بھائیوں کو تجربہ کے طور پر اسے مان لینا چاہئے ۔ کیونکہ پچھلے دنوں ایک سال پہلے کراچی میں اشیاء خوردنی کی آمیزش سے (معاف کرنا سپیکر صاحب میں کراچی کا نام لیتا ہوں ۔ تو جناب متوجہ ہو جاتے ہیں) ۔

مسٹر سپیکر۔۔۔نہیں میں کوئٹہ کے نام سے زیادہ متوجہ ہو رہا ہوں ۔ آپنی تقریر میں کراچی کے نام سے آپ مجھے متوجہ کرنا چاہتے ہیں ۔

میر نبی بخش خان زہری۔۔۔جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ یہ اشیاء خوردنی میں ملاوٹ کرنے کے لئے جو قانونی چارہ جوئی ہوئی ۔ اس کے بارے میں میں نے پریس statement کراچی میونسپل کارپوریشن کا دیکھا ہے ۔ وہ بے بس ہو گئے ہیں ۔ وہ اس کی روک تھام نہیں کر سکتے ہیں ۔ اور اس لئے کیا ہمارے جو معزز نمائندے اس ہاؤس میں بیٹھے ہیں اقدام قتل ۔ اشیاء خوردنی میں ملاوٹ ۔ رشوت خوری

اور ایسی بیماریاں جو معاشرے کا ناسور بن گئی ہیں ۔ ان کا قلع قمع کرنے کیلئے کوئی قانون بنانے کے لئے تیار نہیں ہیں ۔ وہ قتل اور چیزیں جو بلوچستان اور صوبہ سرحد میں ہوتی ہیں ۔ کیا ان علاقوں میں نہیں ہوتی ہیں ۔ صرف معاملات کے طویل عرصے کے لئے فیصلہ نہ ہونے کی صورت میں کیا یہ بہتر قانون نہیں ہے ۔ میں کہتا ہوں بہترین قانون ہے ۔ آپ اسے آزمائیے اور دیکھئے جب آپ کو یقین ہو کہ یہ قابل عمل نہیں ہے ۔ تو آپ بھی ہیں یا جو لوگ اس ہاؤس کے نمائیندے بن کر آئیں گے وہ یقیناً دوبارہ سوچ سکتے ہیں ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں یہ بھی عرض کروں گا ۔ کہ جہاں تک کمشنروں کے اختیارات کا سوال ہے میرے معزز دوستوں کو بھولنا نہیں چاہئیے اس کے متعلق امنڈمنٹ آ چکی ہے یہ اختیارات کمشنروں کو ہم نے دیئے ہیں ۔ اور پارٹی کی طرف سے میں دوبارہ یقین دلاتا ہوں ہم ایک ایک لفظ سے جس طرح آپ کے خیالات ہیں ۔ ہم اسی طرح سے آپ کی ترجمانی with the party کر رہے ہیں ۔

چودھری عبدالرحیم۔۔۔پوائنٹ آف آرڈر ۔ حضور والا ۔ جو زہری صاحب نے فرمایا ہے کہ میں پارٹی کی طرف سے یقین دلاتا ہوں ۔ بعض ایسی بھی دفعات ہیں جن کو پارٹی کے علاوہ بھی رکھ لیا گیا ہے ۔ اس لئے وہ پارٹی کا نام نہ لیں ۔

Mr. Speaker : This is no point of order.

میر نبی بخش خان زہری۔۔۔ویسے ڈپٹی لیڈر ہوتے ہوئے مجھے حق حاصل ہے ۔ کہ پارٹی کی طرف سے کچھ کہوں اور آپ کو یقین دلاؤں ....

Syed Ahmad Saeed Kirmani : We think we should hear what Khan Bahader Ch. Abdul Rahim has said.

Mr. Speaker : Is he Khan Bahader ?

سید احمد سعید کرمانی۔۔۔وہ بہادر بھی ہے ۔ شریف بھی ہے ۔ انہوں نے کیا فرمایا ہے ۔ ذرا ہمیں بھی بتا دیجئے ۔

مسٹر سپیکر۔۔۔وہ کہتے ہیں کہ پارٹی کا نام نہ لیجئے ۔

I have ruled that point out of order.

میر نبی بخش خان زہری—جناب والا ۔ جہاں تک کوئٹہ قلات ڈویژن کے علاقے کا تعلق ہے اس بل میں لا' منسٹر صاحب نے مجھے یقین دلایا ہے ۔ یہی جو بل پاس ہونے کے بعد ایک سال کے اندر اندر وہ انتظامات کرکے نافذ کریں گے ۔ انہی یقین دھانی کے تحت میں اپنے علاقے کے نمائیندے کی حیثیت سے مطمئن پاتا ہوں ۔

Mr. Speaker : Shall we continue with the debate ?

وزیر زراعت و قانون—اگر ہاؤس کی مرضی ہو کہ آج question put نہ کریں ۔ تو جتنے آدمی بولنا چاہئیں بول سکتے ہیں ۔

Mr. Speaker : Yes, Mr. Mangi.

Haji Gul Hassan Mangi (Sukkur-I) : Mr. Speaker, Sir, this Criminal Law Amendment Bill will be less harmful than the F. C. R. for the areas where F. C. R. was applied and I think it will be quite suitable if it is brought on the Statute Book with Amendments which have been received from the Government side as well as the Opposition. But, Sir, if this Act is applied on the civilised People (in cities like Lahore, Multan, Bahawalpur, Sukkur, Hyderabad, Karachi etc) they will not like it. They have not even heard the name of F. C. R. and they are upset. I give you an example, Sir. There has been only a simple thing at Sukkur—a variety show of dance and music in which Iqbal Banu took part. Mr. Usto was among those present.

Mr. Speaker : Is the Member speaking on the Criminal Law Amendment Bill ?

Haji Gul Hassan Mangi : Yes.....and there was stone-throwing. There was also Tambola and gambling regarding which an adjournment Motion was brought before this House. There was a lot of hue and cry over this. Now, Sir, if the people do not bear such simple things, if the people do not tolerate such things how can they tolerate and go to jail what is the need of the Criminal Amendment Bill or F. C. R. My friends here and at Sukkur have told me that Law is not required there. They are advanced people. By applying this law putting the civilised people back into the primitive age. I assure you that the ordinary law is working quite satisfactorily.

Sir, in section 1, sub-section (3) has been added, which says,

> **"It shall come into force in such area or areas and on such date or dates as Government may by notification appoint in this behalf."**

This clause was quite suitable but here it has been said that these powers have been misused by the officers and there is no solution of it. Now I think there is only one solution that an exception to this rule be made that it should apply to areas where needed. No whom to give power ? There has been so much talk over this. Some people say that officers are misusing it, some say that Government is misusing it. and even it has been said that Government as well as the officials are hungry for power. I suggest that this power may be given to this august House. Whenever there is need, we can decide it. We are meeting here very frequently.

Sir it has been said in section 3 that this Criminal Law (Amendment) Act is being applied to Government servants to punish the corrupt officers. But sir if you go into it deeply, you will see that they will not be affected because they have been given protection under sub-clause (3) of section 3. Sir in anti-corruption cases no Government servant is to be prosecuted without the prior permission of the Government or the Head of the Department. When such permission is first obtained, what is the point in keeping this protection here for those Government servants. It may be removed. If you give fair trial to the public, then make it applicable to all. Be fair to all.

In Section 4 it has been said that "The Commissioner may, if he thinks fit, at any time reconsider and set aside any order of the Commissioner under this Act." First it should be decided what cases should be tried by the tribunal and what cases by the ordinary courts. It has created a very sad experience especially in Sind So once the power has been given to the Commissioner to refer it to a tribunal, then he should be given no power to reconsider it. What has happened in Sind ? When the assessors see that any case has come, they ask the parties, they ask the accused, to give money or they are referring their case to Jirgas. In this case we must be definite first whether this case should be tried by the Jirga or by the ordinary court. If it goes to the ordinary courts, then it should not be withdrawn, and if it goes to a Jirga, it should be decided there and no power should be given to anybody to reconsider so that we should go and approach them that 'you kindly favour us, and so on.'

Mr. Speaker : The member's time is over. Has he any other point to make ?

Haji Gul Hassan Mangi : Time has been fixed for me only ?

Mr. Speaker : Ten minutes have been fixed for every member.

Haji Gul Hassan Mangi : In Section 5 it has been suggested that members of a tribunal should be three. (interruptions)

Mr. Speaker : No interruptions to Mr. Mangi please.

Haji Gul Hassan Mangi : Three members had been suggested under the F. C. R. system and these Jirga cases were being decided by Sardars, by the leaders of that community. In that case every party is given a chance to elect one member from their own Sardars and the third member is to be elected by their mutual consent. If mutual consent is not given, then that

member has to withdraw. But here you have only given a chance to select three members. The accused persons have no chance. This will not be fair. In this section it must be there that either the three members be elected as provided in the F. C. R. every party should elect one member or the third member should be appointed by mutual consent. If it is not acceptable, then panel of fifteen members should be appointed for each district and three members should be drawn by lots, and if any party objects to one or the other, they should withdraw, and the third time they should be final.

Sir if you go through this Act you will see that no provision has been made for compoundable offences. Generally Sir a murder occurs only on account of two things, i e. land or '*karakari*' cases and you cannot decide these cases without compromise, and there only the Sardars can decide these cases by compromising both the parties. It is very essential that offences under Sections 302, 304 and 307 be made compoundable. Without this section, your whole Act will not serve any purpose. It will be a wastage of time. It will only be a piece of paper, which will not end any dispute between the parties.

Now I come to section 13. I may remind you Sir that you were at Sukkur when the students of colleges went on hunger strike. What happened ? The District Magistrate passed an order that they should not enter the limits of the district, and I say that when the students reached Sukkur, they were actually weeping. They said we are after all Pakistanis. Why this punishment to us ? Mr. Jamshed was at that time the District Magistrate. We approached him and he accepted our request and allowed the boys to remain there on the condition that I should stand their surety and they should not do anything. He is there and I got that order from him with very great difficulty. Now it has said that this will prevent the offences, If there is any dispute between the parties and they have to commit an offence, you keep them in any corner of the province but they must commit the offence and take revenge. So this section will not serve any purpose.

Mr. Speaker : I think Mr. Mangi has made his point.

Haji Gul Hassan Mangi : Only one point remains Sir.

Mr. Speaker : Only one point ? Alright, that should be the last.

Haji Gul Hassan Mangi : In Section 14 of the Bill it has been said that "where the District Magistrate is of the opinion that it is necessary for the purpose of preventing murder, or culpable homicide not amounting to murder, to require a person to execute a bond for good behaviour or for keeping the peace order such person to execute a bond with or without sureties for his good behaviour."

In this section no amount has been mentioned. The maximum amount for which bond is to be executed has not been mentioned. Some time the District Magistrate does not favour a person and asks him to execute a bond for twenty thousand or thirty thousand rupees or even more If you are a zamindar they say no urban property is required and if some person resides in a city they ask surety for agricultural land. These are the defects

in this law and may be improved. Sometimes they say that you should be residing within the limits of five miles. What is the need, Sir ? In asking for a surety why should you put this condition also ? If a man resides within the urban area and he is asked to execute bond about agricultural land from where he will bring the surety. These are the things and if you amend this law accordingly, I think, it will become suitable to the requirements of the people. It should not be applied to cities where civilised people are living.

میجر سلطان احمد خان (هزاره - ۳) - صاحب صدر - یه مسوده قانون جو اس ایوان کے سامنے پچھلے چند دنون سے میں تو یه کہون گا که پیش نہیں کیا گیا بلکه کرایا گیا ہے اسکے متعلق چند ایک بزرگون اور دوستون نے کہا که یه پاکستان کے آئین کے خلاف ہے - میں آئین سازی میں بڑا جاهل آدمی ثابت هوا هون لیکن مقامی اثرات سے میرا تجربه ہے اور یقین ہے که یه نه صرف آئین کے خلاف ہے اور قوم کی بنیاد اور قوم کے مفاد کے خلاف ہے بلکه هر اچھی چیز کے خلاف ہے جس سے همیں شاید کسی نه کسی وقت میں ترقی مل سکے میں قانونی پوائنٹ اسکے خلاف raise نہیں کر سکتا - میں یه عرض کرون گا که میں اسے نه صرف کالا اور نیلا قانون سمجھتا هون - بلکه ایک گناه سمجھتا هون (خوب - خوب) -

اسکے بعد جناب والا- میں اس قسم کے رجحانات جو پیدا هو گئے هیں ان کی تاریخ پر بھی تبصره کرنا چاهتا هون - جناب والا - انگریز اس ملک میں ایک حاکم کی حیثیت سے - ایک ظالم کی حیثیت سے اور ایک تلوار کے زور سے قابض هوا تھا - اس نے یه قانون میرے اور میرا ایک بزرگ یہاں بیٹھا هوا تھا اسکے علاقے میں کسی وجه سے لگائے هونگے - لیکن چونکه اس میں بھی نظام کی مہارت تھی - اس میں یه خوبی نه هوتی تو وه ڈیڑھ سو سال تک یہاں رہ نہیں سکتا تھا - اس نے ایسے طریقے سے اسے استعمال کیا که آج بھی اس پر کوئی خاص اعتراض کھڑا نہیں هو سکتا - کیونکه آج ایسی ایسی مثالیں هیں که دنیا کی کسی کتاب کسی آئین - روایات یا کسی کنونشن میں بھی نہیں مل سکیں - جناب والا - میں سمجھتا هون که اس ملک میں دو چار قسم کے عنصر جو میرے نقطه نظر سے سن باون سے اس ملک میں برسر اقتدار هیں نیچے سے لے کر اوپر تک وه اس انگریز کے اس برے عمل کی پیداوار هیں - وه پہلے جس کو چھوڑ کر گیا تھا اسکو جاگیردار کہا کرتے تھے -

اس نے اپنے ساتھ کچھ سرکاری ملازم ملائے اور سن باون سے اس ملک میں سازشیں شروع کر دیں اور حکومت کو آہستہ آہستہ اپنے ہاتھ میں لے لیا ۔ یہ لازم بات ہے کہ اس قسم کا عنصر اسی قسم کے قانون بنائے گا جن کا وہ ۱۸۵۷ سے قائل رہا ہے اور جو انگریز کی خاطر اپنے علاقوں میں اس ملک میں اپنے ہجروں میں نافذ کرتا رہا ہے ۔ اس کا یہ اخلاقی فرض ہے کہ آج بھی اپنے اخلاق کا پورا ثبوت دیدے اور وہ بر سر عام دے رہا ہے ۔ لیکن ان سب باتوں کے باوجود میں سمجھتا ہوں کہ اس ایوان کے سامنے ۔ ۔ ۔ ہاں جناب اس قسم کے قانونوں کو پیش کرتے وقت ہماری حکومت کے طرح طرح کے لیڈر صاحبان خواہ وہ وزراً ہوں یاچھوٹےہوں یا بڑے یہ دعوی کرتے ہیں کہ یہ ملک کی ترقیوں کی خاطر کیا جا رہا ہے ۔ میں نہیں سمجھتا کہ وہ کس قسم کی ترقیاں ہونگی ۔ ایک ترقی اس قسم کی ہو گی جیسے آج ہمارے سامنے یہ ایوان موجود ہے ۔ ایک دوسری ترقی جسکا میں سمجھتا ہوں وجود لایا گیا ہے وہ یہ ہے کہ اس ملک کے چیدہ چیدہ دماغ اور چیدہ چیدہ کارندے یا تو EBDO کر دئے گئے ہیں یا screen out کر دئے گئے ہیں اور ہمارے جیسے بے حس ہاتھوں میں خدا شان دیکھئے کہ اس ایوان سے میاں ممتاز دولتانہ ۔ عبدالقیوم خاں اور سردار بہادر خان اٹھ کر گئے اور انکی جگہ میں گل حمد اور نواب خاکوانی صاحب آ گئے ہیں ۔ (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : The Member should not be personal. No names please-

Major Sultan Ahmed Khan : This is history, Sir.

Mr. Speaker : History is not under dispute. Talk about the Bill.
Sardar Muhammad Ashraf Khan : On a point of information.

May I know whether it was by chance or design that you have allowed Major Sultan immediately after Mr. Manghi ?

Mr. Speaker : This is no point of information.

میجر سلطان احمد خاں ۔ جناب والا ۔ اس بے حسی پر مجھے ان سے ہمدردی ہے بہر حال میں یہ سمجھتا ہوں کہ آج اس قسم کے قانون پاس کرنے یا کرانے اور نافذ کرنے میں صرف ایک غرض معلوم ہوتی ہے کہ اوناب صاحب جیسے لوگ مونچھوں کو تاؤ دے کر مغربی پاکستان کو

ایک تھانہ بنا دیں اور تھانیدار کی طرح اکڑ کر بیٹھ جائیں ۔ (قطع کلامیاں)

Minister of Revenue : This is again a personal remark.

ارباب محمد افضل خاں ۔ یہ ان پالیمنٹری ہیں ۔ یہ واپس لیں ۔

میجر سلطان احمد خاں ۔ مونچھیں یا آپکا نام ؟ (قہقہہ)

مسٹر سپیکر۔۔اب آپ تقریر فرمائیں ۔

میجر سلطان احمد خاں ۔ جناب والا ۔ اس قسم کے قانون سے یہ سنجیدگی سے دیکھنا پڑے گا کہ بہت بڑی تباہی لائی جا رہی ہے ۔ ہمارے ہاں دو ادارے ہیں جن کے ذریعہ اس ملک کو چلاتے ہیں ۔ ایک ہے انتظامیہ اور دوسرا عدلیہ ۔

انتظامیہ میں میں یہ نہیں کہتا کہ سب لوگ برے ہیں بڑے بڑے نوجوان کسی کارنامہ کے لئے اس میں داخل ہوئے لیکن حالات ایسے پیدا ہو گئے کہ ان کو demoralise کر دیا گیا نتیجہ یہ ہوا کہ آج وہ جانتے ہی نہیں کہ آخر ان کی ڈیوٹی کیا ہے اور انہیں کیا کرنا ہے ۔ کسی وزیر یا کسی با اثر آدمی کو میرے ضلع میں آسانی ہے اسی جرگہ کے تحت وہ ٹیلیفون پر فیصلہ کرا سکتا ہے کچھ لوگ ایسے ہیں جو آج بھی resist کر رہے ہیں ان کا حشر کیا ہوتا ہے کہ انہیں کوئٹمنڈو یا قلات ڈویژن میں بھیج دیا جاتا ہے لیکن آپ کو معلوم ہے کہ اس کی وجہ سے لوگ بے حس ہو جائیں گے اور جو کمزور ہیں وہ زیادہ corrupt ہو جائیں گے اور پھر آنے والی نسلوں کے لئے اس ملک میں کیا رہ جائے گا ۔ خدا کا شکر ہے کہ عدلیہ ابھی تک resist کر رہی ہے لیکن تعجب ہے یار لوگ اسے بھی demoralise کرنے کی کوشش کر رہے ہیں معلوم ہوتا ہے کہ یہ کوشش کسی خاص سازش کی بنیاد ہے ۔

Mr. Speaker : How is this relevent ?

میجر سلطان احمد خاں ۔ جناب والا ۔ چند لوگوں نے اس قانون کے نظریہ کے تحت اور کچھ لوگوں نے میری طرح بے سمجھی کے تحت

یہ فرمایا ہے کہ عملی طور پر جرگہ یعنی council of elders میں زیادہ انصاف ملتا ہے اور یہ اچھا طریقہ ہے ۔ ٹھیک ہے اس میں کچھ ترقی ہوئی ہے پہلے D. C. فیصلہ کرتا تھا اب کمشنر فیصلہ کرے گا ۔ میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ عیسیٰ کا یار موسیٰ ہو گا ۔ جو کچھ نیچے سے لکھا ہوا جاتا ہے اس کے لئے کمشنر صاحب (ڈی سی تو پھر بھی کچھ کام کرتے ہیں) دھوبی مارک کرنے کے لئے ایک ڈاکخانہ بنے ہوئے ہیں ۔ جو لوگ اثر رکھتے ہیں جب انکو کسی نہ کسی امداد کی ضرورت پڑ جائے گی ۔ وہ ڈی سی کے پاس پہنچ جائیں گے ۔ لیکن ہمارے جیسے غریب لوگ پہنچ بھی نہیں سکیں گے ۔ اس میں ایک اور سازش بھی ہے ۔ جس سے Civil Servants کو تباہ ۔ محتاج اور لاچار بنایا بنایا گیا ہے اب ان کے خلاف بھی یہ قانون استعمال کیا جا سکتا ہے ۔ اچھی غرض کے لئے نہیں ۔ اس سے موجودہ وقت کے حکمرانوں کا یہ رویہ ہے خاص طور پر مغربی پاکستان میں ۔ کہ بے قانونی او بے ضابطگی سے جتنی زیادہ دیر ہو سکے یہاں پر تسلط جمایا جائے اور Civil Servants کو آلہ کار بنانے کے لئے ان کی یہ کوشش ہے کہ وہ ہر وقت ان کے خوف کے نیچے رہیں ۔ جناب والا ۔ اس کے اثرات میرے گھر میں بھی پہنچے ہیں آپ ایک بل پاس کر چکے ہیں اور آپ action بھی لے چکے ہیں ۔ میرے بزرگ پیر محمد خان صاحب اگر اس کا انکشاف کر دیں تو اچھا ہے ۔ ان کے پاس اس کی اطلاع آ چکی ہے ۔

ارباب محمد افضل خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میجر صاحب کو Mental Hospital بھجوا دینا چاہئے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ۔

میجر سلطان احمد خان ۔ جناب والا ۔ یہ ایک من گھڑت قانون تھا اور ایک من مانا قانون تھا جسے بل کی form میں پاس کیا اور جو رجحان تھا اسے پیش نہیں کیا گیا ۔ کیا ان کے علم میں نہیں تھا کہ جگہ کونسی ہے آج وہاں ایک بڑا انتشار پیدا ہو گیا ہے اور اور ذہنی کوفت جاری ہے کیونکہ

دربند جیسی جگہ میں ایک سرکاری چیز ایک نواب کے حوالے کر دی ہے ۔ جہاں لوگ دو سال سے قابض تھے ۔ (Interruptions)

مسٹر سپیکر ۔ How is it relevant

میجر سلطان احمد خان ۔ FCR, Sir ۔ کیا کسی تہذیب یافتہ قوم میں ایسے قوانین ہوسکتے ہیں کہ دو دو سال کے مالک کو بے گھر کر دیا جائے یہ لوگ کہتے ہیں کہ خدشہ ہے کہ وہاں ہندو واپس نہ آ جائیں اور یہ حکومت ان کے حوالے نہ ہو جائے ۔

Mr. Speaker : I think the member has made his point. He may please resume his seat.

مسٹر عبد اللطیف خان (پارلیمنٹری سیکرٹری) ۔ صدر محترم ۔ criminal law amendment bill پر اس ایوان میں کافی بحث اور تنقید ہو چکی ہے ۔ میں اس کے متعلق اپنے مشاہدات اور تجربات پیش کروں گا ۔

صدر محترم ۔ criminal law amendment bill پر اس ایوان میں کافی بحث اور تنقید ہو چکی ہے ۔ اور اس کے ہر پہلو کو اچھی طرح سے discuss کیا گیا ہے میں اس کے متعلق اپنے تاثرات اس طریقہ سے پیش کرنا چاہتا ہوں یعنی tribal belt اور settled districts کے متعلق جو مشاہدات اور تجربات میرے سامنے آئے ہیں وہ عرض کروں گا ۔

tribal belt میں مجھے کافی وقت کام کرنے کا موقع ملا ہے ۔ بحیثیت Assistant political officer اور بہ حیثیت ایک Assistant political agent ۔ اس طرح سے settled districts میں مجسٹریٹ sec. 30 اور A. D. M. کی حیثیت سے کام کرنے کا موقع ملا ہے ۔

عالی جاہ ۔ ایجنسی کے متعلق بلکہ tribal belt کے متعلق میرے مشاہدات اس طرح سے ہیں کہ وہاں پر نہ تو کوئی P. C. C. ہے نہ P. P. C. ہے اور نہ کوئی evidence act ہے ۔ وہاں پر خرابیوں کو دور کرنے کیلئے ایک ہی code ہے اور وہ ہے جرگہ کا

کا code ۔ جتنے معاملات ہوتے ہیں خواہ وہ بڑے ہوں یا چھوٹے ان سب کیلئے بذریعہ جرگہ فیصلہ کیا جاتا ہے کوئی خون کی واردات ہو یا اغوا کی واردات ہو یا کوئی جھگڑا ہو وہ سب بذریعہ جرگہ فیصلہ پاتے ہیں ۔

ہمارے محترم ممبر عبدالباقی صاحب نے جو اعداد و شمار قتل کی واردات کے پیش کئے ہیں اگر انکو درست مانا جائے تو میرے خیال میں ان اعداد و شمار کے مقابلہ میں tribal belt میں واردات کم ہی ہوتی ہیں اور بہت کم قتل وغیرہ ہوتے ہیں ۔ میں سوات کے متعلق وثوق سے کہہ سکوں گا کہ یہ ریاست ایک طرح سے قبائلی علاقہ ہے اس کی آبادی ۶ لاکھ نفوس پر مشتمل ہے وہاں پر سال میں زیادہ سے زیادہ آٹھ دس قتل کی واردات ہوتی ہوں گی ۔ اگر اس طرح سے دیکھیں تو قبائلی علاقہ میں یعنی خیبر نارتھ وزیرستان ۔ ساؤتھ وزیرستان اور کرم کے علاقوں میں جہاں تک مجھے معلوم ہے اور میرا تجربہ ہے ان اعداد و شمار کے مقابلہ میں واردات بہت کم ہیں ۔ پھر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ واردات کیوں کم ہیں اس لئے کہ وہاں قبائلی لوگ کمر بستہ رہتے ہیں ہاتھ میں بندوق اور بغل میں چھری رکھ کر اپنی حفاظت کرتے ہیں ۔ انکو ایسے واقعات کا مرتکب ہونا بڑا آسان ہے یہ نسبت ان لوگوں کے جن کے پاس ہتھیار نہیں ہوتے ۔ قبائلی علاقوں میں قتل کی واردات کیوں نہیں ہوتیں ۔ اس کی وجہ صرف ایک ہے اور وہ یہ ہے کہ انکے تمام معاملات جرگہ کے ذریعہ فیصلہ پاتے ہیں اور مجرموں کو کماحقہ سزائیں ملتی ہیں ۔

اس کے بعد میں settled districts کے متعلق عرض کروں گا ۔ settled districts میں ایسے واقعات زیادہ نوٹس میں آئے ہیں ۔ اس لئے کہ جب عدالت سے کوئی ملزم بری ہو کر گھر آتا ہے ۔ اسی دن سے مستغیث کے دل میں غصہ زیادہ ہوتا ہے اور وہ اس پروگرام کے ذریعے ہوتا ہے کہ کب قاتل کو مارا جائے اور اس کی جان لی جائے ۔ اس قسم کے واقعات اور معاملات

جرگہ کے سپرد ہو جاتے ہیں ۔ ایسے کئی مقدمات خود میرے ہاتھ سے گذرے ہیں جن میں چیئرمین رہ چکا ہوں ۔ ایسے بھی مقدمات پیش ہوئے جن میں پولیس کو ملزم کا کچھ پتہ نہیں چلتا تھا اور کافی تگ و دو کے باوجود اس ملزم کو سزا نہیں دی جا سکتی تھی لیکن جب ایسے cases جرگہ کے پاس جاتے ہیں تو اس کے متعلق کافی تحقیقات ہوتی ہے اور اچھی طرح سے تسلی ہو جاتی ہے کہ یہ شخص مجرم ہے تو پھر اس کو اس کے جرم کے مطابق سزا مل جاتی ہے ۔ پھر جب اس کو سزا ملتی ہے تو مستغیث کو تسلی ہو جاتی ہے ۔ اس سے بھی زیادہ بہتر اور آسان کام جرگہ کا یہ ہے ۔

کہ فریقین عدالت کے بھاری اخراجات اور مقدمات سے بچ جاتے ہیں مزید برآں ایک مشہور مثال ہے ۔ کہ (justice delayed is justice denied) کورٹس میں پہلے تو مجسٹریٹ کی عدالت میں ابتدائی تحقیقات ہوتی ہیں ۔ جس پر چار پانچ مہینے لگ جاتے ہیں۔ اس کے بعد اگر گواہان موجود ہیں ۔ اور پولیس نے مستعدی سے کام کیا تو وہ sessions کو commit کئے جاتے ہیں ۔ تو پھر session میں جتنا وقت لگتا ہے ۔ ایسے واقعات میرے نوٹس میں آئے ہیں ۔ میں اپنے تجربے سے یہ واقعات عرض کرتا ہوں میں ایک دفعہ سنٹرل جیل پشاور گیا ۔ وہاں پر میری ڈیوٹی تھی اور دو convicts پھانسی ہوتے تھے ۔ as a rule جیسا کہ مجسٹریٹ جاتے ہیں اور پوچھتے ہیں ۔ کہ آخری بار تم نے کچھ کہنا ہے ۔ میں نے بھی ان سے پوچھا کہ اب تو تم مر رہے ہو سچ بتاؤ کیا تم گنہگار ہو ۔ تو انہوں نے کہا ہاں ہم گنہگار تھے اور ہمارے ساتھ فلاں فلاں آدمی بھی تھے ۔ اور وہ اب آزاد پھر رہے ہیں ۔ اس رپورٹ کا ذکر میں نے ڈپٹی کمشنر سے کیا ۔ کیس جرگہ میں لا کر ان کو سزائیں دی گئیں ۔

جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کی توجہ جرگہ کے ممبران کے متعلق مبذول کرانا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے ۔ کہ ممبران کی تقرری کے سلسلے میں نہایت احتیاط

اور غور سے کام لینا ضروری ہے ۔ ممبران ایسے مقرر کئے جائیں جن میں قوم کا درد ہو جو دیانتدار ہوں اور تعلیم یافتہ ہوں ۔

جناب والا ۔ آپ میرے ساتھ اتفاق کرینگے اگر میں یہ کہوں کہ دنیا میں کوئی قانون بنانے والا ایسا نہیں بناتا ۔ کہ جو کسی کے نقصان یا تکلیف کیلئے ہو ۔ قانون تمام اچھے ہیں قانون کو implement کرنے والے ان پر عمل درآمد کرانے والے ایسے ہونے چاہئیں کہ وہ اسے اس کی اصلی سپرٹ میں implement کریں یہ نہیں کہ قانون خراب ہے opposition side پر بیٹھنے والے بعض معزز ممبران کو یہ فکر لاحق ہوگئی ہے ۔ اور وہ بڑے فکرمند ہیں ۔ کہ اگر یہ قانون اس علاقے میں آ جائے اور جرگہ system تجویز ہو تو ممکن ہے کہ اس سے ہمیں انتہائی تکلیف پہنچے اور ہمارے ساتھ بے انصافی ہو ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ۔ جہاں تک میرا خیال ہے ۔ قبائلی علاقے میں تو یہ ابتدا سے یعنی جب سے قبائلی علاقہ پیدا ہوا ہے ۔ یہی قانون ہے ۔ جناب والا ۔ اس criminal law amendment bill کا اطلاق ہماری services پر بھی ہوگا ۔ میں اس کے متعلق یہ عرض کرونگا ۔ کہ services ہماری ایڈمسٹریشن کا back bone ہیں اور انکی protection بھی ضروری ہے ۔

وزیر زراعت و قانون —جناب والا ۔ میں ایک بجے question put کروں گا ۔

نوابزادہ افتخار احمد خان یہ اس understanding کے خلاف ہے۔ جو لیڈر آف دی ہاؤس اور لیڈر آف آپوزیشن میں ہوا ہے ۔

Mr. Speaker: At this stage I am not prepared to hear anything about that understanding.

مسٹر عبداللطیف خان—تو جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ corruption cases کے سلسلے میں جو جرگہ مقرر کیا جائے اس میں gazetted کلاس 1 کے افسران کی majority ہو ۔ تاکہ انکی سروسز انکے notice میں ہو ۔ انکو تجربہ ہو بعض اوقات اس طرح ہو سکتا ہے ۔ کہ ایک خود دار افسر کسی خانصاحب خان بہادر صاحب چودھری صاحب یا نواب صاحب کی جائز

خواهشات کو پورا نہیں کر سکتا ۔ تو اس صورت میں اسکے خلاف قسم قسم کا پروپیگنڈا تراشا جاتا ہے ۔ میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے اور پھر بھی عرض کرتا ہوں ۔ کہ یہ جو کچھ عرض کر رہا ہوں ۔ یہ اپنے تجربے اور مشاہدے کی باتیں عرض کر رہا ہوں ۔ اس لئے یہ بہتر ہوگا کہ جس وقت جرگہ مقرر ہو ۔ اس میں ذمہ دار ریٹائرڈ کلاس I افسران ضرور ہونے چاہئیں ۔ services کے متعلق ۔ ایک پوائنٹ یہ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ criminal law amendment بل میں کلاز تیرہ میں dangerous fanatics اور علاقہ غیر کے لوگوں کا ذکر ہے ۔ مجھے نہایت خوشی ہے کہ پارٹی میٹنگ میں اس کلاز کو delete کیا گیا ہے ۔ اس کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ قبائلی لوگ جس طرح پاکستان کے اور علاقے ہیں ۔ اسی طرح قبائلی علاقے بھی پاکستان کے جزو لاینحک ہے (قطع کلامی) سوات سٹیٹ بھی پاکستان کا جزو لاینحک ہے ۔ اور جو جو کام اور کارروائی قبائیلیوں نے کشمیر میں کی ہیں وہ اظہر من الشمس ہیں ۔ انکو دھرانے کی ضرورت نہیں ہے ۔ آخر میں میں اپنے وزراء صاحبان اور بالخصوص لاء منسٹر صاحب کی خدمت میں اس نیک قدم کے واسطے مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد—point of order sir, ابھی پارلیمانی سیکرٹری نے تجویز کیا ہے ۔ کہ سرکاری ملازمین کیلئے جرگہ بنائیں ۔ اگر اسے انکی پارٹی نامنظور کریں تو کیا وہ مستعفیٰ ہو جائینگے ۔

Mr. Speaker : This is no point of order.

خان اجون خان جدون (مردان ۔ ہ)—مسٹر سپیکر ۔ اس ایوان میں کرمنل لا امنڈمنٹ بل جو گورنمنٹ کی طرف سے پیش ہوا ہے ۔ اس کی مخالفت اس طرح کی جاتی ہے جس طرح کہ ایف ۔ سی ۔ آر کی جاتی ہے ۔ جناب والا ۔ جہاں تک ایف ۔ سی ۔ آر کا تعلق ہے ایف ۔ سی ۔ آر یقیناً ایک کالا قانون تھا اور انگریزوں نے سو سال قبل محض غیور پٹھانوں کے جذبہ آزادی اور انگریز دشمنی کے سبب سے انکو کچلنے کیلئے نافذ کیا تھا لیکن تاریخ گواہ ہے کہ پٹھانوں

نے انگریزوں کے اس ظلم و استبداد کا مقابلہ نہایت دلیری اور خندہ پیشانی سے کیا اور اس قانون کو بھی برداشت کیا ۔

میر محمد مراد خان جمالی اب نوکر شاہی کا برداشت کیجئے ۔

خان اجون خان جدون—یہ ہمارا اپنا ملک ہے انگریز کا یہ ملک نہیں ہے یہ نوکر شاہی بھی ہم میں سے ہے جب ہم انگریز سے نہیں ڈرے تو ہم نوکر شاہی سے بھی ڈرتے نہیں ہیں ۔

ضرورت دراصل اس امر کی تھی کہ آزادی کے ملنے کے فوراً بعد اس قانون کو منسوخ کر دیا جاتا لیکن ہمارے ملک کی بد نصیبی تھی کہ آزادی کے بعد ہم ایک سیاسی انتشار میں مبتلا ہو گئے اور ۱۹۵۸ء تک یعنی مارشل لاء کے نفاذ تک ملک میں کوئی آزادانہ انتخابات نہ ہو سکے اور کبھی صحیح جمہوری حکومت قائم نہ ہو سکی ۔ اس دوران میں خود غرض سیاستدانوں نے اس قانون کو بھی برقرار رکھا اور اسے سیاسی اغراض کیلئے بھی استعمال کیا جو اس قانون کی سیاہی میں اضافے کا باعث ہوا ۔

جناب والا ۔ دوران مارشل لاء اور مارشل لا کے بعد صدر ایوب کی حکومت نے اس ملک میں جس طرح کہ اور اصلاحات کیں اسی طرح سماج دشمن عناصر کا قلع قمع کرنے کیلئے سخت قانون نافذ کئے ۔ ایف ۔ سی ۔ آر کی ان دفعات کا استعمال نہ صرف سابق صوبہ سرحد بلکہ پنجاب اور پنجاب کے دیگر علاقوں میں بھی کیا جس سے سماج دشمن عناصر کی بیخ کنی کرنا مقصود تھا اور یہ تجربہ اس قدر کامیاب نظر آ رہا ہے کہ آج سارے پنجاب کے عوام بھی اس پر متفق ہیں اور چاہتے ہیں کہ یہ قانون ان پر نافذ ہو اور اس وجہ سے اس بات کی ضرورت پیش آئی ۔

جناب والا ۔ میں آپ سے عرض کرتا ہوں اور آپ کو یاد دلاتا ہوں کہ مارشل لاء سے قبل گجرات کے سٹیشن کے پاس ایک مردہ پایا گیا تھا جس کا ساری پولیس کو سراغ نہ مل سکا ۔ میں ایف ۔ سی ۔ آر کے حق میں نہیں بول رہا ہوں میں نے بہت سے پنجاب کے لوگوں سے سنا ہے کہ یہ قانون پنجاب میں نافذ کیا جائے ۔

میجر سلطان احمد خان- آپ ایف - سی - آر کی ان دفعات پر بول رہے ہیں جو سیاسی اغراض کیلئے استعمال کی جاتی ہیں -

خان‌خان اجون خان جدون -اس کیلئے ترمیمات آئیں ہیں آپ انکو پڑھئے - اگر حکومت نے انکو سیاسی اغراض کیلئے استعمال کیا تو میں اس کیساتھ نہیں ہونگا -

میجر سلطان احمد خان—اگر آپ کے اپنے گھر میں استعمال ہوئی ہوں تو اس کا کیا علاج ہے ؟

Sir, he is himself the victim of it.

Mr. Speaker : No interruptions please. Mr. Ajoon Khan may please address the chair.

خان اجون خان جدون - غلطی ہو ہی جاتی ہے میں یہ نہیں کہتا- کہ اسکاغلط استعمال نہیں ہوسکتا- اسلئے میں عرض کر رہا ہوں کہ جہاں تک ایف - سی - آر کی ان دفعات کا تعلق ہے - جو سیاسی اغراض کیلئے استعمال کی گئی ہیں - تو انگریزوں نے ایف - سی - آر جو اسلئے بنایا تھا - تو ان دفعات کو ہم نے خارج کر دیا ہے - دفعہ ۱۳- میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو یہ اختیارات ہوا کرتے تھے کہ اگر وہ کسی آدمی کو چاہیں - تو صوبہ بدر کر سکتے ہیں اور اب جو ترمیم لائی گئی ہے - وہ یہ ہے - کہ انکو صرف ایک ماہ کیلئے پابند ضمانت کیا جا سکتا ہے - اور اسکے بعد ان کو کسی ٹریبونل کے حوالے کیا جائے گا - اس لئے اب اس قانون کو صرف سماج دشمن عناصر کی بیخ کنی کیلئے استعمال کیا جائیگا-

اب میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اسکو سارے مغربی پاکستان میں کیوں پیش کرنے کی ضرورت پیش آئی - جہاں تک صوبہ سرحد میں جرائم کا تعلق ہے - صوبہ سرحد میں جرائم کی تعداد بہت کم ہے - میرے پاس کل اسمبلی میں جو ایک سوال کے جواب کے سلسلے میں اغوا کے کیسیز کی فہرست دی گئی ہے - اسمیں میں نے دیکھا ہے - کہ سنہ ۱۹۶۰ میں ۱۲- سال سے کم عمر کے بچوں کی اغوا کی وارداتیں پشاور اور ڈی - آئی - خان ڈویژن میں صرف ۴۷ ہوئے

لاهور میں ٦٦ اور کراچی میں ٦٦ - ملتان میں ٤٥ - اور اسی طرح باقی اضلاع میں بھی ٤٠- سے کم کہیں نہیں ہے - اب اس جرم کو بھی ہم نے اس کریمنیل لاء امنڈ منٹ بل میں شامل کیا ہے - اسکی وجہ یہ ہے - کہ ان cases میں آدھے سے زیادہ cases میں acquittals ہو گئیں - اور تین سال تک تقریباً ٥٠ فیصدی cases کا ابھی trial ہو رہا ہے - جس طرح کہ ہمارے دوست نے کہا کہ justice delayed is justice denied تو اگر یہ cases اس کریمنل لاء امنڈ منٹ بل کے تحت try کئے جائیں تو میں سمجھتا ہوں - کہ انکے فیصلے جلدی ہو جائیں گے - اور یہ جو acquittals ہیں کہ اصلی مجرم acquit ہو جاتے ہیں - وہ ہر گز نہیں ہونگے - اس لئے میں اس کریمنل لاء امنڈمنٹ بل کی تائید کرتا ہوں اور اسے سارے مغربی پاکستان کے لئے مفید سمجھتا ہوں لیکن ایک شرط پر کہ اسے سیاسی اغراض کے لئے استعمال نہ کیا جائے -

حاجی عبدالمجید جتوئی (دادو - ١) جناب والا میں اس بل کے بارے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں - کہ یہ جو کالا قانون لگایا جا رہا ہے - پہلے سندھ میں وہ کچھ ضلع اور تحصیلوں میں اس کام کیلئے لگایا گیا تھا کہ بلوچ قوم میں سرڈر جو ہوتے ہیں - وہ نہ ہوں اور اسلئے یہ کالا قانون وہاں ضروری تھا اور اس لئے سابق صوبہ بلوچستان میں یہ کالا قانون تھا - اور بعد میں برٹش گورنمنٹ کے پرانے سی - ایس - پی افسروں کے کہنے پر سیاستدان اور غریبوں اور عوام پر لگایا گیا تھا- کہا جاتا تھا کہ برٹش کی حکومت میں سورج غروب نہیں ہوتا ہے - مگر اس کے ظلم کا نتیجہ یہ ہوا - کہ برٹش گورنمنٹ کا سارا خاتمہ ہو گیا ہے - اور ہندوستان اور دوسرے ملک آزاد ہو گئے اور اب یہ ساری قوم پر اور سارے سندھ اور ویسٹ پاکستان پر لگایا جا رہا ہے - میں حکومت سے کہوں گا کہ وہ پرانے سی ایس - پی آفیسر کی چالوں میں نہ آئیں - آپنے دماغ سے کام لیں - ظلم کے قانون نافذ کرنے سے باز آئیں -

اور میں حکومت سے پوچھنا چاہتا ہوں - کہ کالے قانون کی اپنی جلدی پاس کرانے کی ضرورت کیوں پیش آ گئی ہے ؟ میں اس ہاؤس کو بتاتا ہوں کہ چھوٹے صوبوں میں ون یونٹ کی مخالفت زیادہ بڑھ گئی

ہے ۔ ان کی آواز کو بند کرنے اور گدو بیراج میں زمین افسران کو دینے کے لئے یہ قانون بنایا جا رہا ہے ۔ اس کی مخالفت میں hunger strike ہونے والی ہے ۔ غلام محمد بیراج میں جو لینڈ ریونیو سکیم ہے ۔ اس کے مطابق مالیہ ۳ سال کے لئے بند کیا گیا تھا ۔ لیکن اسے لوکل باشندوں سے وصول کیا جا رہا ہے اور آفیسروں سے وصول نہیں کیا جاتا اس لئے لوکل باشندوں کی زبان بند کرنے کے لئے یہ قانون جلد منظور کیا جا رہا ہے ۔

Mr. Speaker : Is it relevant ?

حاجی عبدالمجید جتوئی—جناب میں ایف ۔ سی ۔ آر کی بات کر رہا ہوں ۔

Mr. Speaker : The Member is talking about some scheme in Ghulam Muhammad Barrage.

حاجی عبدالمجید جتوئی—ان کی مخالفت میں جناب لوگ چیخ رہے ہیں ۔ ان کی زبان بند کرنے کے لئے ان کو جیل میں ڈالنے کے لئے یہ قانون بنایا گیا ہے ۔ مہاجرین کے لئے Agreed and Non-agreed کا ٹیڑھا مسئلہ ہے ۔ یہ ان کی بھی زبان بند کرنے کے لئے استعمال کیا جائے گا ۔

Mr. Speaker : Please try to be relevant.

حاجی عبدالمجید جتوئی—مجھے افسوس ہے ۔ کہ چھوٹے صوبوں پر ظلم ہو رہا ہے ۔

ایک ممبر—پوائنٹ آف آرڈر ۔ بل پر تقریر تو نہیں ہو رہی ان کو اجازت دی جائے کہ وہ ون یونٹ کی مخالفت پر تقریر کریں ۔

حاجی عبدالمجید جتوئی—میں نے پہلے ہی یہ بتایا ہے ۔ کہ یہ agreed and non-agreed کا جو مسئلہ ہے ان کو بھی ختم کرنے کے لئے اور ان کی زبان بند کرنے کے لئے یہ کام شروع ہو گیا ہے ۔ میں اپنے چھوٹے صوبہ کے بھائیوں کو بتاؤں گا ۔ کہ سابقہ صوبہ سرحد کے اتنے ہزار آدمی جیل میں پڑے ہیں ۔ جن کی ملکیتیں

ضبط ہو گئی ہیں ۔ بلوچستان میں کتنے پھانسی کے تختے پر لٹکے ہیں ۔ اصل معاملہ جس کی وجہ سے یہ قانون بنایا جا رہا ہے ۔ یہ ہے کہ افسران بڑے مزے کے ساتھ اپنی زمین گدو بیراج میں حاصل کریں ۔ اور گدو بیراج کا سارا مال لوٹیں اور فارسٹ کو جسے ''قومی دولت،، کہا جاتا ہے ۔ ختم کر کے افسران کے لئے زمین بنائی جا رہی ہیں ۔ ہالہ فارسٹ پر گولی بارود پھینک کر ان کو تباہ کیا جا رہا ہے زمین بنانے کے لئے میں عرض کروں گا ۔ یہ سب کچھ ڈکیتوں کے لئے نہیں ہے ۔ آپ کو پتہ ہے خان عبدالوحید خان صاحب نے کہا تھا سندھ میں dacoities order of the day ہے ۔ ان کو یہ ہمدردی نہیں جو docoits پر گولی چلائی ہے ۔ مگر اس پالیسی سے جو عام غریب لوگ ہیں وہ ایف ۔ سی ۔ آر کی زد میں آئیں گے ۔ میں افسوس سے خاص طور سے سندھی بھائیوں اور چھوٹے صوبہ والے بھائیوں سے کہوں گا ۔ کہ آپ واپس جا کر اپنے بھائیوں کو کیا بتائیں گے ۔ کہ ہم نے آپ کے لئے کالا قانون پاس کیا ہے ۔ اور پھانسی تیار کرا دی ہے ۔ ہم واپس آ گئے ہیں اس لئے ہمیں مبارک باد دو ۔ افسوس کی بات ہے ۔ وہ آنکھیں کھولیں اور اتنی جلدی نہ کریں ۔ وزراٗ صاحبان ابھی افسران کے slow boy نہ بنیں ۔ پرانے سی ۔ ایس ۔ پی اور پی ۔ ایس ۔ پی افسران اپنا پیٹ بھرنا ہے ۔ وہ حکومت کو تباہ کر رہے ہیں ۔ قائد اعظم مرحوم ایسے آدمی نہیں تھے ۔ جس نے پاکستان لیا ہے ۔ اور جس نے ایسے کالے قانون کو ختم کیا ان کے جانے کے بعد اور معاملہ شروع ہو گیا ہے ۔ اور اس لئے پرانے سی ۔ ایس ۔ پی اور پی ۔ ایس ۔ پی افسر جو انگریز کی گورنمنٹ کے ایجنٹ تھے اور ٹٹو تھے اب حکومت ان کے ہاتھ میں ہے ۔ اور حکومت کی باگ ڈور کے مالک ہیں ۔ اس لئے میں حکومت کی خدمت میں عرض کروں گا ۔ کہ ایسے قانون ان کے کہنے پر نہ بنائیں ۔ اگر بنانے ہی ہیں تو اس میں تین چیزوں پر غور کریں ۔ ایک تو اس کا جو ہیڈ بننا ہے ۔ وہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نہ ہو بلکہ ڈسٹرکٹ جج بنے ۔ دوسرا یہ ہے کہ ان کی evidence ریکارڈ کی جائے وہ evidence act کے مطابق ریکارڈ کی جائے اور ان کے اوپر جو ممبر بنائے جائیں وہ خاندانی ہوں ۔ اور اچھے آدمی ہوں ایسے آدمی نہ ہوں جنہیں رستے سے پکڑ کر بٹھا دیا جائے اور ہائی کورٹوں کو

اپیل سننے کا اختیار دیا جائے ۔ ہر آدمی ہائی کورٹ میں اپیل کر سکے ۔ قانون اس طریقہ سے بنایا جائے اور خاص کر یہ قانون صرف murder کیلئے بنایا جائے اور کسی غرض کے لئے نہ بنایا جائے یہ جو قانون ہے اگر murder کیلئے نہیں بنایا جائے گا۔ اور کسی غرض کیلئے بنایا جائے گا تو مجھے ڈر ہے کہ جب انگریزوں نے یہ کالا قانون چلایا اور حکومت گنوائی تو ہمارے پاکستان کا کیا حشر ہو گا ۔ غریبوں کی آہیں اور بد دعائیں کیا اثر کریں گے ۔ اس لئے غریبوں کے کندھوں سے یہ پھانسیاں ہٹا لو اور اس بل کو سوچ سمجھ کر پاس کرو ۔ صرف اس لئے کرو کہ murder کے لئے ہونا چاہئے ۔ جو افسر رشوت لیتے ہیں ان کے متعلق کوئی خیال نہیں ہے ۔ کریمینل لاء بل جو ہے ۔ اور جو evidence act ہے ۔ اس کو کیوں نہیں amend کرتے ۔ اس کو کیوں نہیں ٹھیک کرتے ۔ رشوت کیوں نہیں بند کرتے اور کالے قانون کو اتنی جلدی پاس کرانے کی کیا ضرورت ہے ۔ سب دیکھ رہے ہیں کہ حکومت کیا کر رہی ہے اس لئے سب کی خدمت میں اور سندھی بھائیوں کو عرض کروں گا ۔ آپ اس کا خیال کریں ۔ ایسے قانون کو غریبوں پر اور عوام پر نہ ٹھونسا جائے نہ politicians کا منہ بند کیا جائے ۔ ون یونٹ کی مخالفت ہو رہی ہے ۔ اور ہو گی اور آخیر تک ہو گی ۔ ون یونٹ قائم نہیں رہ سکے گا ۔

ماسٹر خان گل ۔ (کوہاٹ ۔ ۲) جناب سپیکر ۔ میرا ارادہ اس موضوع پر بولنے کا نہیں تھا لیکن میری کمزوری ہے کہ جب میں کسی کو مظلوم دیکھتا ہوں تو میری طبیعت میں اس کا ساتھ دینے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے ۔ خوا وہ کرمانی ہو خواہ راؤ خورشید ہو اور خواہ ملک قادر بخش ہو اور میں یہ ثابت کروں گا کہ بد قسمتی اس پارٹی اور اس حکومت کی ہے کہ اگر اس کی برائی کو برائی بیان کیا جائے تو میرے خیال میں کوئی حقیقت پسند انسان برا نہیں کہے گا اور اگر اس برائی کو بیان بھی نہ کیا جائے کہ یہ اچھائی کر رہا ہے معاف کریں مخالفت کا کیا یہ طریقہ ہے لیکن اگر اس کی اچھائی کو برائی بیان کیا جائے تو یہ اس سے بڑا ظلم ہے ۔ اس مسئلے میں حقیقت یہی ہے کہ ہمارے دوستوں نے اس مسئلہ پر اچھی روشنی ڈالی ہے اور کافی کوشش

کی ہے ہمارے دوست اس مسئلہ کو سمجھ جائیں ۔ میں مختصراً طور پر عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایف ۔ سی آر یا بنگال ریگولیشن جس کے حوالے ہمارے دوست عبدالباقی صاحب نے دئے ہیں اس کے بالکل دو حصے ہیں ۔ ایک حصہ وہ ہے جس میں عوام کے قتل مقاتلے کے معاملات ہیں اور ایک حصہ وہ ہے جس میں حکومت اور ان لوگوں کا حصہ ہے جو حکومت کی نگاہ اچھے نہیں ہوتے حکومت کی نگاہ میں باغی ہوتے ہیں سرکش ہوتے ہیں ان کے لئے ایک حصہ ہے ۔ اب آپ سوچیں انگریز کو اس بات سے تو کوئی غرض نہیں تھی کہ میجر سلطان قید ہو جائے یا ماسٹر خان گل قید ہو جائے اس کا اس سے کوئی مطلب نہیں تھا لیکن اگر خان گل یا میجر سلطان انگریز کی حکوت کے خلاف حرکات عمل میں لاتا ہے تو یہ سرکش بھی ہے ۔ باغی بھی ہے یہ ملکہ برطانیہ کا وفادار بھی نہیں ہے ۔ ایف ۔ سی آر کو جو کالا قانون یا برا قانون کہتے ہیں وہ صرف اس کا یہ پہلو تھا اور مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے جب ہم پر اس کی چکی پیس رہی تھی اور سرحد کو ۱۹۴۸ کے بعد ۱۹۵۵ تک جہنم بنایا گیا تھا اس ایف ۔ سی ۔ آر ۔ سے اس تمام ملک میں کسی کو درد نہ ہوا بہر حال آج بھی غنیمت ہے اگر اس کالے قانون کو بھی کالا کہہ دے میں ان کے ساتھ ہوں (تالیاں) لیکن سوال یہ ہے اور انصاف کی بات یہ ہے کہ یہ حکومت کیا کر رہی ہے آیا کوئی نئی چیز لا رہی ہے کوئی بری چیز لا رہی ہے یا جو کچھ اس کو آزادی کے مدعیوں سے ورثے میں ملی ہے اس کی کاٹ چھانٹ کر رہے ہیں ہم نے دیکھنا یہ ہے یہ کوئی نئی چیز لا رہی ہے یا بری جتنی اس کو اس ملک کے عوام کے سامنے پیش کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔ حقیقت یہ نہیں ہے ۔ یہ حکومت اس کالے قانون کے عوض میں ترامیم کرکے ۔ خرابیاں نکال کر اس کی اصلاح کر رہی ہے حقیقت یہ ہے ۔ اور آپ کو شائد علم نہیں ہے جیسا آپ کہتے ہیں یہ لوگ کہتے ہیں کہ ہم کٹھ پتلی بنے ہوئے ہیں یہ حقیقت نہیں ہے ۔ نہ یہاں دولتانہ ہے نہ اس کے چمچے ہیں ۔ یقین رکھئے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : I will not allow any personal remarks or unparliamentary words.

مسٹر افتخار احمد خان - پوائنٹ آف آرڈر - مسٹر سپیکر - میں اسکے متعلق سخت احتجاج کرتا ہوں اس بات پر - - - -

وزیر ریلوے - چمچہ غیر پارلیمنٹری لفظ نہیں ہے - (شور) - مسٹر سپیکر - آپ واپس لے لیں -

ماسٹر خان گل - جناب سپیکر - یہ فقرہ unparliamentary نہیں ہے - اس اسمبلی میں استعمال ہو چکا ہے - میں نے وہی استعمال کیا ہے -

خواجہ محمد صفدر - جو شخص دولتانہ کے دروازے پر چپراسی کی طرح بیٹھنے میں فخر کرتا تھا کہ میں اتنی دیر بیٹھا رہا ہوں آج اس دولتانہ کے متعلق وہی شخص ایسے الفاظ کہے - میں ان سے کہوں گا کہ آپ میں سے ہر ایک شخص - - - -

(قطع کلامیاں اور شور)

مسٹر افتخار احمد خان — میں ایک بات کہنا چاہتا ہوں یہ بات پارلیمانی روایات کے خلاف ہے - - -

Mr. Speaker : Let me hear the member.

ماسٹر خان گل — جناب سپیکر - افسوس کی بات تو یہ ہے کہ میں نے تو کسی کو نہیں کہا - - - - (قطع کلامیاں) (شور)

Mr. Speaker : I can't hear four persons at a time. This is not the parliamentary way.

Mr. Iftikhar Ahmad Khan : You have allowed.

جناب‌والا - یہ خان عبدلوحید خان صاحب me, sir. نے ابھی فرمایا ہے - کہ میں دولتانہ صاحب کو - - - -

Mr. Speaker : What is it ?

مسٹر افتخار احمد خان — یہ میرا "point of explanation ہے۔ (قطع کلامی، شور)

I hold no brief for Mian Mumtaz Muhammad Khan Daultana.

لیکن یہ پارلیمانی روایات کے خلاف ہے - ایسے قائدین کے خلاف ایسے رہنماؤں کے خلاف جنہوں نے اس ملک کو بنایا ہے - اور جنہوں نے اس ملک کی اینٹیں رکھی ہیں - ان کے خلاف ایک ایسے آدمی کو آجازت دی جائے - جس نے پاکستان کی مخالفت کی ہو - (قطع کلامیاں شور)

Mr. Speaker : No personal remarks.

وزیر ریلوے — انہوں نے تو ایک جملہ بھی ان کے متعلق نہیں کہا -

Mr. Speaker : Master Khan Gul may please continue his speech.

ماسٹر خان گل— میں اپنے دوستوں سے واضح طور پر یہ کہنا چاہتا ہوں کہ وہ جو میں مناسب سمجھوں گا اس کا ساتھ دونگا - اور جس کو مناسب نہیں سمجھوں گا اس کا ساتھ نہیں دوں گا - اور میری پارٹی - - - -

Mr. Speaker : Master Sahib should not be personal.

ماسٹر خان گل — اب سوال یہ ہے کہ یہ حکومت جو چیز موجود ہے اس میں ترمیم کر رہی ہے - اس کا ایک پہلو خراب ہے جو کم از کم آدھا ہے - بد قسمتی یہ ہے کہ جو ترمیمیں میری پارٹی نے اس میں کی ہیں اگر یہ تمام چیزیں پہلے آ جاتیں تو ہمیں یقین ہے کہ ہمارے دوستوں کو یہ تلخی پیدا نہ ہوتی اختلاف کا پہلو بالکل اپنی جگہ پر موجود ہے - اب یہ چیز کہ ایک شہری آزادی کو قتل کے مقدمہ کے کیس کے ساتھ ملا دیا جائے اور اس کو برا کہا جائے اس میں بہت بڑا فرق ہے - جو انفرادی آزادی ہے - شخصی آزادی ہے - بنیادی آزادی ہے شہری آزادی ہے - بنیادی حقوق ہیں وہ حصہ اس میں سے پہلے نکال دیا گیا ہے جو اس کی اصل بیماری تھا جس کی وجہ سے اس کو ''کالا قانون،، کہا گیا تھا وہ چیز اس میں نہیں رہی - یہی چیز میں نے اپنی پارٹی میں کہی کہ بھئی - جو انقلابی ہستی کو کل کسی نہ کسی بہانے سے

گرفتار کر سکتا ہے اس کو نکال دیا جائے ۔ مقدموں کے بارے میں میں سمجھتا ہوں کہ برطانیہ نے اگر کوئی دلچسپی نہیں لی اور جیسا کہ میرے دوست کہتے ہیں کہ کسی کو اس میں دلچسپی ہو سکتی ہے ۔ ایک شخص کے ذاتی مسئلے میں کسی کو کیا دلچسپی ہو سکتی ہے ؟ حکومت برطانیہ کے مفادات اور تھے مگر یہاں تو کوئی ایسی حکومت نہیں ہے جس کے مفادات باہر ہوں ۔ ملک کے حالات ملک کی مجبوریاں اس بات کا تقاضہ کرتی ہیں ۔ اخلاقی بد کرداریوں کی وجہ سے قتل کی وارداتیں زیادہ ہوتی ہیں جیسا کہ ہمارے باقی صاحب نے بتلایا ہے کہ کس طریقہ سے قتل کی وارداتیں زیادہ ہوئی ہیں۔ یہ تو الگ بات ہے یہ الگ بحث کہ قتل کے واقعات کیوں زیادہ ہوئے ۔ آپ کو یہ یقین رکھنا چاہئیے کہ اگر Tribal میں جائیں جیسا کہ ہمارے دوست لطیف صاحب نے بتلایا ہے وہاں قتل کرنا بہت مشکل کام ہے کیوں کہ آپ نے اگر قتل کیا تو آپ بھی قتل ہو جائیں گے ۔ ٹرائبل میں یہ نہیں ہے ۔ اب اس کا جو پہلو تھا خراب اور جسے ہر شخص خراب کہے گا وہ اس حکومت نے اسے نکال دیا ہے ۔ میں یہ کہتا ہوں کہ انصاف کی بات یہ ہے کہ جب سے ہماری اسمبلی آئی ہے افسروں کے خلاف شکایات ہوئی ہیں ۔ اب یہ پہلی حکومت ہے جس پر یہ الزام ہے کہ یہ افسروں کے ماتحت ہے ۔ اگر ان افسروں کے خلاف ایک چیز آتی ہے اگر کسی میں برائی ہے تو ہم اسے گرفت کریں گے ۔ اب انصاف کی بات یہ ہے کہ کہدو کہ بھئی ۔ یہ اچھا کام کیا ہے ۔ اس کو برا کہا جاتا ہے کہ تم افسروں کو لا رہے ہو ۔ آخر اس ملک کو چلانا ہے ۔ بھئی ۔ بات کرنا بڑا آسان ہے ۔ برا بھی کہہ سکتے ہو گالی ابھی دے سکتے ہو لیکن کرکے دیکھنا اور جو کچھ کر کے ہم نے دیکھ لیا ہے اس کی روشنی میں انصاف کی بات یہ ہے کہ اس حکومت نے اس میں ترمیم کر کے اس کی برائیاں دور کر کے قوم کی اور ملک کی خدمت کی ہے ۔ (وزارتی نشستوں کی طرف سے نعرہ ہائے تحسین) یہ چیز کہ اختلاف کی وجہ سے ہم اچھی اور بری چیز کو برا ہی کہیں یہ الگ سوال ہے لیکن ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : Yes Master Khan Gul be short now.

ماسٹر خان گل ــ ہمیں اس جذبے کے مطابق کہ جو حکومت اچھا کام کر رہی ہے کم از کم اگر خلاف اس کو تسلیم نہ کرے تو حکومت کی اچھائی کو اس کے صحیح طریقہ سے عوام کے سامنے پیش کرے ۔ میں کہتا ہوں کہ اس ملک میں سب سے بد نصیب ایک شخص ہے جس کا نام محمد ایوب ہے ۔ اس نے ملک کی خدمت کی ۔ ملک کو تباہی سے بچایا لیکن اس کو میں جانتا ہوں کہ کیا کیا ۔ کیا آپ کو معلوم نہیں کہ اسمبلی میں قتل ہوتے رہے اور جمہوریت کا تماشا لوگوں نے نہیں دیکھا ؟

میر محمد مراد خان جمالی ۔ جتنی بے حیائی اس مارشل لا میں ہوئی ہے وہ .....

Mr. Speaker : Please resume your seat. I will not allow you to speak like this.

ماسٹر خان گل ۔ بے حیائی اپنی جگہ پر ہے .....

میر محمد خان مراد جمالی — بے حیائی اپنی جگہ پر تو ہے مگر .....

Mr. Speaker : Again you are interrupting. Please resume your seat otherwise I will have to point you out.

ماسٹر خان گل — ہم اب حکومت کو ایسا نہیں کرنے دیں گے کہ وہ بے حیایوں کی سرپرستی کرے ۔ ہم اپنے وزیروں سے بھی کہینگے کہ وہ .....

میر محمد مراد خان جمالی — یہ ہمیشہ ہوا ہے اور ہوتا رہیگا .....

Mr. Speaker : No interruptions. Mr. Jamali.

مسٹر حمید اللہ خان — یہ بدتمیزی ہے کہ آنریبل ممبر بار بار اٹھ کر تقریر میں مداخلت کر رہے ہیں ۔

Mr. Speaker : Yes Mir Gul be short now.

ماسٹر خان گل—ہم اپنے وزیروں کو بھی اجازت نہیں دینگے کہ ایسے ثقافتی میلوں میں جائیں ۔ جہاں ملک کے عوام کے اخلاق پر برا اثر پڑتا ہے ۔ ہم ان کا محاسبہ کرینگے ۔ آپ یقین رکھیئے ہم ان کا محاسبہ ضرور کرینگے ۔ لیکن جمالی صاحب آپ تسلی رکھیں کہ ہم کر رہے ہیں ۔ پارٹی کی تمام باتیں آپ کے پاس نہیں آتی ہیں ۔

مسٹر سپیکر — وقت ختم ہو گیا ہے ۔ اپنا جملہ پورا کر لیں ۔ کیا آپکی تقریر ختم ہو گئی ؟

میجر سلطان احمد خاں — پوائنٹ آف آرڈر ۔

مسٹر سپیکر — کیا پوائنٹ آف آرڈر ہے آپ کا ؟

میجر سلطان احمد خاں — یہ معاملہ بڑی نازک شکل اختیار کر گیا ہے ۔ میں گو کہ آپوزیشن میں بیٹھا ہوں ۔ لیکن میں صدر مملکت کا چھوٹا بھائی ہوں ۔ یہ محض اسکا نام لینے والے اس کے ذاتی دشمن بھی ہیں ۔ اور جس طریقہ سے اس کا حوالہ دیتے ہیں یہ محض اس کو بدنام کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ۔

مسٹر سپیکر — آپ تشریف رکھیں ۔ ماسٹر خان گل آپ جملہ پورا کر لیں ۔

میجر سلطان احمد خان — میں اندرونی سارے واقعات . . . .

مسٹر سپیکر — آپ تشریف رکھیں میجر صاحب ۔

This is no point of order.

میجر سلطان احمد خان — بس ایک ہی بات ہے . . . . .

Mr. Speaker : This is no point of order. Please try to understand the parliamentary way.

Major Sultan Ahmad Khan : On a point of order.

Mr. Speaker : Under what rule ?

Major Sultan Ahmad Khan : I need your guidance. He has made a statement.....

Mr. Speaker : Order please.

Major Sultan Ahmad Khan : Please hear me.

Mr. Speaker : The member should first have a clear idea of his point of order, then I will hear him.

دو منٹ سوچ لیں اس کے بعد بتلائیے کہ کونسا رول پیش کرتے ہیں ۔

ماسٹر خان گل ۔ مجھے یہ سمجھ آ گیا ہے ۔ کہ اگر لوگ یہ کہتے ہیں ۔ کہ ایوب خان یہ کیوں لا رہا ہے ۔ تو اسکی وجہ یہ ہے ۔ کہ میجر سلطان اسکا مخالف ہے .....

Mr Speaker : The Member has completed his sence. Now he may please resume his seat.

At this stage Mr. Speaker left the chamber and Mr. Senior Deputy Speaker, Mr. Muhammad Ishaq Khan Kundi occupied the chair).

Syed Ahmad Saeed Kirmani : (Lahore V) Sir, I stand handicapped considerably in making my submissions regarding the principles of this Bill . . . .

(Interruptions-Voices 'Urdu' 'Urdu')

Mr. Senior Deputy Speaker : Order, order.

Syed Ahmad Saeed Kirmani : .....for the reason that most of the vital points have been ably dealt with by various Members of this august House during the last two days. I also stand handicapped by the reason that unfortunately I was absent when a brilliant speech was delivered by my friend, the Railway Minister. I had no occasion to benefit from the observations and points made out by him the other day. But I would assure you that I would try not to repeat what has already been said on this Bill by various Members. And, therefore, Sir I would invite your attention and through you the attention of this House to those principles which every legislature must keep in view while doing this Legislative business. The principles that I am going to submit are those which are universally accepted as the golden principles which should be always kept in view while making any law for any country. When I will narrate those principles I will show that those principles have the support of all the well-known jurists of the world and I am not going to say anything on my own What are those principles? They are about eight or nine and I will point out these principles very briefly.

(1) The first principle that must be kept in view while making laws in a civilised country (I think that we are sufficiently civilised) is that

the law should be in consonance with the nations of liberty obtaining in the country and it should not curb liberty at any cost. This is one fundamental principle.

(2) The seconed principle is that the laws should advance the cause of justice and not retard the same.

(3) Thirdly, that the laws should be specific and not vague.

(4) Fourthly, that judicial functions while making laws should not be entrusted to the Executive which always has the tendency to misuse them.

(5) Fifthly, that the power of rule-making given to the Executive should not be very wide, and the only necessary and minimum powers be given to the Executive under the law-making power.

(6) Sixthly, that the laws should be such as would commad the respect of the people. There is no point in making laws which are subsequently ridiculed or not respected by the people.

(7) Seventh, that the laws should not cover the field which has been already covered by the laws previously. There should be no over-lapping of legislative activity.

(8) Eighth principle is that whenever a law deals with a penal type of legislation it should keep in view the principles that the "benefit of doubt" must always go to the accused. This principle is very essential with regard to the Criminal Law., and

(9) Lastly, that the Legislature should not pass laws which are of a discriminatory nature.

These are the nine principles which I have enumerated before you. Now, we have to see whether this Bill put forth by the Government satisfies those principles or is conformity with those well-accepted principles. I will take the principles one by one and I will be brief.

The first is that it should be in consonance with the nations of liberty obtaining in the country. What are the notions of liberty at present? We have only two means of communications by which we can know the sentiments and feelings of the people of this Province – the National Press and of course the views of individuals when they convey them to us when they meet us individually.

Now replying on these two sources one cannot escape the irresistible conclusion that the notion of liberty of the people of Pakistan is that very notion which is shared by the people of Europe, America and other Asiatic country. It is not the case that people in Europe and America and in advanced Asiatic countries have one notion of liberty whereas the people residing in Pakistan have a different notion of liberty. Liberty is a word which has been conclusively and exhaustively defined and there cannot be any confusion with regard to the actual meaning and definition of this word.

Now, Sir, I am sorry to say that this Bill hopelessly falls short of the principle that I have just narrated.

Then the second principle is that it should advance the cause of justice and not retard it. We are accustomed to a system of justice where we frequently make use of the provisions of the Evidence Act and other allied laws. But here is a measure which has said in so many words that the provisions of the Evidence Act will not be applicable to the proceedings before the Tribunal. For the last one hundred years our people have been trained in that very system which has worked, of course, very well so far and which system cannot work if the principles and provisions of the Evidence Act are not applied to any judicial proceedings.

So the experience shows, that the principles of Evidence Act if made applicable to judicial proceedings would go a long way in advancing the cause of justice and any proceedings to which these principles are not made applicale will not result in the advancement of justice but will positively cause injustice to the cause of justice. Therefore, Sir, we should see that the cause of justice is not in any way injured.

Thirdly, the laws should be specific and not vague. Because if the laws are not specific and they are vague then there is every likelihood that there will be different interpretations of the provisions of law and there may be different types of justice given to the people. For these reasons laws must be specific where no doubt is left. But I am pained to see that unnecessary rather unwarranted haste is being displayed by the Treasury Benches in getting this Bill passed. Whereas by their own conduct they have by implication admitted that this legislation requires thorough, cool and dispassionate scrutiny, and this is borne out by the fact that almost all the clauses have been substituted by way of amendments moved by the treasury benches themselves. This is what we have been saying for the last two days. This is what we have been impressing upon them. But unfortunately the attitude of the Government is that we have not to accept anything from the Opposition, no matter howsoever reasonable, howsoever convincing it might be. So Sir it is vague, it is not clear. Sir the most unfortunate aspect of this bill is, the most damaging rather, that the executive is being entrusted with judicial functions. We are already fed up with the excesses of the executive in this country. We have been employing words like bureaucracy and officialdom in order to voice our resentment against this class and again by this bill the poor, innocent people of this province are being placed at the mercy of these men. The executive by nature of its train ing is incapable of administering proper justice and that was the reason that by the experience of ages we have been able to evolve a system whereby we have entrusted the administration and dispensation of justice to a particular organ, known as the judiciary. What is the case of the Government in saying that we are going to entrust the judicial functions to the executive? Why don't they entrust these functions to the judiciary, which is able to uphold the cause of liberty and the cause of the down-trodden people in this country. If there is any organ in this country, which is acclaimed as a class composed of hon'ble people, people doing justice.

A Member : His time is over.

Mr. Senior Deputy Speaker : Please go on with your speech

Syed Ahmad Saeed Kirmani: ..... . that is the judiciary. So Sir then what functions they intend to enturst to the judiciary if the Government is not going to entrust them the judicial functions. What do they intend to get out of them ? Do they want them to draw salaries without doing any job ? Do they want to permit them to waste their talents ? I think Sir that in view of the public opinion in this country, it is only fair that the judicial functions in no way should be entrusted to the executive but should be entrusted to the judiciary, as has been done in the past and as is done in every civilized country.

Then Sir my fifth point was the power of rule-making. In this bill under section 32, they have said that Government may make rules to carry out the purposes and objects of this Act. We have come across many bills in which the wordings have been that the Government may make rules to carry out the purpose of a particular section. Such a wide power is being given to the executive against whom there is a lot of protest in the public. Not only in the very Act the powers have been given to the executive but the law-making powers given to the executive are also very wide. Rule-making power is given in a very rare case and where it is given in a very limited manner.

Then Sir the sixth point I said was that the law should command the respect of the people. No legislature in any country of the world would pass a law about which they think that it will not command respect Why that golden principle is not followed here? Why are we insisting on passing a law, which should be ridiculed, and by ridiculing a law you only permit a certain section to indulge in lawlessness. We should pass those laws, which should satisfy the collective conscience of the community and not laws which only suit a particular section at the moment in power, which may not be in power after some time. We have only to heep in view what people think about the law. And the law which is respected by the people will work well and the law which does not command the respect of the people will break down. I am sure that if this bill is passed, after some time this Government will be constrained to bring in another measure to amend it because this does not satisfy the genuine aspirations of the people of this province. Then Sir I concede that the cardinal principle in enacting penal legislation is that the accused is always given the benefit of doubt but the case in this bill is otherwise. It is very unfortunate. If we do like that, no person will call this county a civilized country. We will be ridiculed in the country as well as outside the country. Can't we have a look at the legislative activities in our neighbouring county, India? Do they bring such measures ? They don't. Our leaders in season and out season claim that our democracy is much better. We are more advanced than most of the countries of Asia, but is this the way to help people to march towards advancement and progress that you are bring forth legislation the hidden principle of which is that the benefit of doubt will go to the prosecution. This is a thing unheard of in the history of penal legislation.

Then Sir lastly but not the least, the legislature should not pass discriminatory legislation. Here is a class of civil servants for whom you have to seek sanction from the Government, an agency more powerful than the Commissioner. But whenever you have to deal with an ordinary citizen like me, you have only to seek the sanction of the Commissioner. Then you have purposely left out the cases of those civil servants, who are

connected with the affairs of Centre. Why that? They are all equal in the eyes of law. Maybe, we are not equal in the eyes of law in in this country, but we are all equal in the eyes of God. I say that any legislation, which smacks of discrimination, should not be passed by any legislature.

Now Sir I would invite your attention and through you Sir of this House that this law is meant I don't know for whom. Either we have respectable persons in the country, of goondas or disorderly persons, or we have those people whose loyalty to the State is of a doubtful nature. There are four categories. You cannot have the fifth one. There is already a law which deals with the disorderly persons in the country, and very wide powers have been given to the executive to deal with them. There is also a law in the country which is known as the West Pakistan Control of Goondas Ordinance 1959. That also deals with another type of people. Then you have a law—of course, it is only applied to the former province of the Punjab- Restriction of Habitual Offenders Punjab Act 1918. I have already said that there is no point in making a law about matters for which there is already a law. It is just wasting the time of the House. We are left with no other conclusion than that the only aim of the Government, through this measure, is to victimize its political opponents.

Minister of Railways : There is no political section.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Now, Sir, I have taken pains and devoted a bit of my time in comparing those provisions with the provisions of this Bill. In all those Bills the provisions of Evidence act have been made applicable. The right of revision to the High Court has been granted. You will feel pity for us that for goondas, if an order is passed against them by the District Magistrate, the right of revision has been given to the High Court. If an order is passed by the Collector of Karachi the right of revision lies with the High Court but if any order is passed, under this Act, against a respectable citizen who in the heat of a moment commits some murder no facility is afforded to him. After all, every murderer is not a person to be condemned and a person commits murder under the circumstances which he cannot avoid and we cannot blame him. So, no such facility is being granted to such a person but goondas are given facilities.

Mr. Senior Deputy Speaker : The member should be brief and complete his point.

Minister of Law and Agriculture : I will put the question at one O'clock and reply.

Mr. Senior Deputy Speaker : Is the Minister moving closure motion?

Minister of Agriculture : I will be moving closure motion, with your permission.

Mr. Senior Deputy Speaker : Mr. Kirmani will have only two minutes more

Syed Ahmad Saeed Kirmani : Can I resume my speech in the afternoon ?

Mr. Senior Deputy Speaker : He may complete it now.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : The Punjab Control of Goondas Act was worked out for eight long years and after that eight long years of work that Act met the Government Adviser and they brought forth the West Pakistan Control of Goondas Act 1959 by which they conceded three points—that the provision of the Criminal Procedure Code should be made applicable to the provisions under the Goondas Act. Without that no justice is possible. They said that the transfer before the Tribunal would be judicial in character implying thereby that the provisions of the Indian Evidence Act, as adopted by Pakistan, would be applicable. Then they granted the right of appeal which was not previously given. They provided the right of appeal and they also subsequently provided the right of revision by the High Court. I would invite your attention to the portion of this Bill which deals with the prevention of offences. Again, we have in the Criminal Procedure Code Section 106 to 109.. .....

Mr. Senior Deputy Speaker : The member has completed his first point. This is a fresh point. Hy may resume his seat now.

Syed Ahmad Saeed Kirmani : I will wind up briefly, Sir.

Minister of Law & Agriculture : Question be now put.

Syed Ahmad Saeed Kirmani : I will say that under these circumstances and in view of these glaring injustices and blackest spots in this Bill, it is not possible for any patriotic legislator to support this Bill. I would request this House that this Bill be thrown out.

Minister of Law : I will move the closure first. Sir I move :

That the question be now put.

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is :

That question be now put.

(*The motion was carried.*)

اوزیر قانون (ملک قادر بخش)—جناب سپیکر - میں ان تمام صحاب کا جنہوں نے دونوں اطراف سے تقریریں کی ہیں - ان کا تہہ دل سے مشکور ہوں - آپوزیشن کا اس واسطے بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ہمیں آگاہ کیا کہ ہو سکتا ہے کہ

اس قانون میں کسی وقت کوئی آئینی رکاوٹیں ہوں یا عدالتوں میں جا کر کوئی رکاوٹیں پیدا ہوں ۔ اور یہی چیزیں میرے اپنے احباب نے بھی میرے سامنے پیش کیں ۔ میں ان جملہ حضرات کا مشکور ہوں ۔ آپوزیشن کے حضرات نے ایک غلط فہمی کے ساتھ کچھ تقریریں کی ہیں وہ یہ سمجھتے ہیں ۔ کہ یہ کوئی تعزیری قانون ہے یا یہ کوئی نیا قانون ہم نے بنایا ہے ۔ یا کوئی نئی تعزیرات ہم نے بنائی ہے یا کچھ ایسے افعال جو پہلے جرم نہیں تھے انکو بھی ہم جرم بنا رہے ہیں ۔ یہ غلط فہمی ہے کہ ہم کوئی نیا تعزیراتی قانون لائے ہیں ۔ ہم نے کسی ایسے فعل کو جرم قرار نہیں دیا جو پہلے جرم نہیں تھا ۔ صرف procedure ور ضابطے کا قانون ہم پیش کر رہے ہیں ۔ اس کے اصولوں پر میں آگے چل کر بحث کروں گا ۔ لیکن کرمانی صاحب نے جو زرین اصول ہمارے سامنے پیش کئے ہیں ان کو میں پہلے لیتا ہوں ۔ کہ وہ زرین اصول اس procedural قانون پر جس کو میں آگے بیان کروں گا حاوی نہیں ہوتے ہیں ۔ ہم تو یہ کر رہے ہیں کہ بعض ایسی چیزیں جو قانون کی زد میں تھیں وہ نکال دیں ۔ یہ تو ایک procedural law ہے نہ کہ کوئی تعزیری لا ۔ نمبر دو میرے فاضل دوست کرمانی صاحب نے یہاں تک چیلنج کیا کہ یہ قانون unheard of ہے ۔ اور مہذب دنیا میں اس کی کوئی مثال نہیں ملتی ۔ وہ مثالیں دیتے رہے غنڈہ ایکٹ کی ۔ جو بعد میں ترمیم ہوا اور اس ترمیم شدہ کو پڑھتے رہے ۔ ہمارے محترم قانون دان لیڈران کرام جو تھے یعنی نشتر صاحب مرحوم چندریگر صاحب مرحوم ۔ شہید ملت لیاقت علی خاں ۔ خواجہ ناظم الدین صاحب وغیرہ جب اختیارات رکھتے تھے تو اس وقت ملک میں یہ حالت ہو گئی تھی کہ مستورات سڑکوں پر جا رہی ہیں اور انکے دوپٹے نوجوان اٹھا رہے ہیں ۔ جب ملک میں یہ حالت ہوگئی کہ معمولی عدالتیں procedural law کے نقائص کی وجہ سے تقریباً مفلوج ہو چکی تھی تو غنڈہ ایکٹ لایا گیا ۔ (قطع کلامیاں) میں یہ کہہ رہا ہوں کہ وہ حق بجانب تھے انہوں نے یہ فعل ٹھیک کیا تھا کہیں یہ غلطی نہ سمجھی جائے میں جس پوائنٹ پر آ رہا ہوں وہ اور ہے ۔

انہوں نے ضروری سمجھا کہ سرجری کی جائے اور یہ مناسب سمجھا کہ ڈاکٹر کو چاقو چلانے کی ضرورت ہے اور معمولی قانون کو . . . . . (قطع کلامیاں) please don't interrupt me, Deputy Leader of the Opposition مسٹر سپیکر ۔ ضرورت تھی کہ ہاڈی کو بچانا چاہئے۔ میں اس قانون کو اچھا نہیں کہہ رہا یعنی غنڈہ ایکٹ کو اچھا نہیں کہہ رہا لیکن ان محترم لیڈروں کو جن کی نیکی اور جن کی حب الوطنی میں کس کافر کو شک ہے انکو ضرورت پڑی کہ ایک قانون بنایا جائے اور انہوں نے اسے کس شکل میں بنایا ؟ طے یہ ہوا کہ ایس ۔ پی ۔ اور ڈی ۔ سی ۔ ایک بند کمرے میں بیٹھیں اور ملزم کو نہیں بتلایا جائیگا کہ گواہ کیا گواہی دے رہا ہے ۔ یہ قانون بنا ۔ بعد میں ہائی کورٹ میں اس کی کچھ دفعات چیلنج ہوئیں اور اسکو کچھ نئی shape دی گئی ۔ میرے کہنے کی غرض یہ ہے کہ یہ کہنا کہ تاریخ میں اس کی کوئی مثال نہیں ملتی غلط ہے ۔ میں کہتا ہوں کہ ہمارے محترم لیڈران یہ پہلے کر چکے ہیں اور ملک کی بھلائی میں کر چکے ہیں ۔ سوسائٹی کی حفاظت کیلئے کر چکے ہیں ۔ اس لئے میں کہتا ہوں کہ ہم کوئی نیا قانون نہیں پیش کر رہے ہیں ۔ چند چیزیں جو پیش کی گئیں ان میں ایک چیز تھی رائے عامہ ۔ اگر رائے عامہ سے مراد حزب مخالف کے چند افراد یا چند معزز ممبران ہیں تو پھر یہ قانون رائے عامہ کے خلاف ہے ۔ لیکن اگر رائے عامہ کے معنی ۷۵ فیصدی آبادی ہے جو دیہات میں رہتی ہے تو on the floor of the house میں خدا کو حاضر ناظر جان کر کہہ رہا ہوں کہ جب میں نے لوگوں سے یہ کہا کہ رشوت میں ملازمین سرکار اس کے نیچے آئیں گے child lifters اب جرگہ میں آئیں گے۔ انصاف ہم آپ کے دروازوں پر لا رہے ہیں تو انہوں نے مبارکباد اور زندہ باد کے نعرے لگائے ۔ (قطع کلامیاں اور شور) کرمانی صاحب ذرا حوصلہ کیجئے . . . . . .

A Member : I can produce two letters.

مسٹر عبدالرازق خاں—جناب میں آپ کے سامنے مردان بار ایسوسی ایشن کا ریزولیوشن پیش کر سکتا ہوں ۔ (قطع کلامیاں اور شور)

خواجہ محمد صفدر—لاہور بار ایسوسی ایشن کا آج پڑھ لیجئے گا ۔

وزیر قانون - میں ,,بار،، کے ذکر پر بھی آؤں گا میں ابھی عوام کا ذکر ھی کروں گا ۔ سمجھ لیجئے کہ میں غلط بیانی کر رہا ھوں لیکن یہ کون بیٹھے ھیں ؟ اگر یہ عوام کے نمائندے نہیں تو کیا خواص کے نمائندے ھیں ؟ یہ عوام ھی کیلئے سب کچھ کیا جا رہا ھے ۔ کرمانی صاحب میں کوئی حملہ نہیں کر رہا ھوں ۔ یہ ڈپٹی لیڈر جو ھیں انکو میرے خیال میں لاہور کے باھر کسی گاؤں کا نام بھی نہیں آتا ھوگا جانا تو درکنار (قہقہہ) دیکھئے کہیں آپ کا heart نہ فیل ھو جائے ۔ (قطع کلامیاں) آپ بیٹھے رھیں میں نے بہت سی باتیں کرنی ھیں ۔

اب جناب والا ۔ میں وکلا پر آتا ھوں ۔ حضور والا ۔ آگے ھمیں کہا گیا ھے کہ وکلاء کی رائے ۔ حضور والا میں وکلاء کی عزت کرنے پر مجبور ھوں میرے لئے کوئی چارہ نہیں میں بھی وکیل ھوں حضور والا ۔ ۱۵ سال اس زندگی میں میں بھی انکا شریک رھا ھوں اور میں نے انصاف کا خون ھوتا اپنی آنکھوں سے دیکھا ھے ۔ حضور والا ۔ عدالتوں کا قصور نہیں تھا اب اگر وہ اٹھ کر ..... (قطع کلامیاں) میں اپنے آپ کو شامل کر رہا ھوں ۔ (قطع کلامیاں اور شور)

Mr Senior Deputy Speaker : Order please. Kirmani sahib, please be in order

وزیر قانون - حضور والا ۔ ھائے میں کچھ اپنے پیشے کے خلاف بھی کہنے لگا ھوں کیونکہ وہ اس کا ذکر لائے ھیں لیکن جہاں ایسے شاندار اور بہترین ریکارڈ کے وکلاء cream of the society موجود ھیں جو میجسٹریٹوں کو رشوت دلایا کرتے ھیں اور انکی رائے؟ یہ انکی رائے ھمیں دیتا ھے ؟ مجھے آج شرم آ رھی ھے کہ یہ چیز پریس میں جائیگی لیکن میں کہتا ھوں جہاں بہت سے اچھے ھیں وھاں یہ فرقہ بھی موجود ھے اور اس سے آگے کچھ نہیں کہنا چاھتا ۔

(قطع کلامیاں) لیکن اگر یہ کہوں کہ اس کے علاوہ یہ نامراد کچھ اور بھی کرتے ہیں . . . . . .

میاں عبداللطیف جناب یہ grossly defamatory statement floor of the house کے باہر جا کر کہیں اور کسی کا نام لیں ۔ ورنہ ان لوگوں کو عادت پڑ گئی ہے کہ نام لیتے ہیں اور profession کا نام لیتے ہیں ۔ اور ہاؤس کی protection میں لیتے ہیں ۔ جناب یہ کسی کا نام لے کر کہیں اور ہاؤس کے باہر جا کر کہیں یہ تو ہاؤس کی protection میں کہہ رہے ہیں ۔

وزیر قانون ۔ لطیف صاحب یہ کام نہ کراؤ ۔ میں باہر بھی کہہ دونگا ۔ (قطع کلامیاں شور)

حضور والا ۔ غالباً I am open to correction غالباً جسٹس کیانی صاحب مرحوم نے وکلاء کو جھنجھوڑا تھا ایک تقریر میں وہ کافی اشارہ تھا ہمارے لئے (قطع کلامیاں) انہوں نے جھنجھوڑا تھا تم کیا تھے اور کہاں جا بھٹکے ۔ یہ ہے جناب ان حضرات کی رائے لیکن میں کہتا ہوں انکی رائے سے زیادہ اچھی رائے ان عوام کی ہے جن کے ہم نمائندے ہیں ۔

اب ایک چیز اور ہے یعنی پریس ۔ یہ بھی معزز سمجھدار اور سلجھا ہوا رہبری کرنے والا ایک طبقہ ہے (قطع کلامیاں) just wait sir اور میں نے بڑی احتیاط سے اور بڑے غور سے انکے comments پڑھے ہیں وہ بھی mixed feelings رکھتے ہیں اور جہاں یہ corruption ہے . . . . . (قطع کلامیاں)

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Oh no, no.

Minister of Law : Yes Sir.

کرمانی صاحب ذرا حوصلہ کریں ۔ میری تقریر ابھی اور پریشان کرے گی ۔

حضور والا ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ ایک اور طبقہ ہے جو یہ کہتا رہا ہے کہ ایکٹ شہادت پاکستان (معاذ اللہ) متروک

کتاب ہے اور تم اس کو پھینک رہے ہو ۔ حضور والا ۔ وکلاء حضرات جو یہاں بیٹھے ہیں وہ انکار نہیں کر سکتے ہیں کہ اب بھی اس قانون میں پرووِژن موجود ہے کہ hearsay evidence یعنی سنی سنائی بات پر کسی آدمی کو condemn کیا جا سکتا ہے یہیں تک نہیں ۔ اگر کسی نے وقوعہ نہ دیکھا ہو اور اس کو ایک زخمی آدمی کہہ دے کہ مجھے فلاں فلاں نے مارا ہے تو سننے والے کی بات پر موت کی سزا ہو سکتی ہے یہانتک نہیں (قطع کلامیاں) صرف کرمانی صاحب یہ کہدیں کہ مجھے زخمی نے کہا تو کرمانی صاحب کے بیان پر ملزم کو سزائے موت ہو سکتی ہے ۔ جس قانون شہادت کی یہ پرستش کر رہے ہیں ۔ اس میں مجھے معاف کرنا ایک دفعہ ہے کہ ایک قاتل جب معافی لے لے اور وہ کہے کہ میرے ہمراہیاں فلاں فلاں تھے اگرچہ جرم کرنیوالا وہی ہے لیکن قانون شہادت جس کے لئے مجھے بار بار کہا جا رہا ہے کہتا ہے کہ ملزم کو سزائے موت دینا اس بد بخت کی شہادت پر بھی درست ہوگا ۔

Syed Ahmed Saeed Kirmani : With independent interpretation.

Minister of Law : This is not under section 133. That is the interpretation of the high Court. Rest assured, I am coming to that.

ان باتوں میں مجھ سے سبق سیکھئے وہ ۱۱۴ کے نیچے آتا ہے ۔ جناب مجھے ۳۵ سال وہیں گذر گئے ہیں ۔ اور پنجاب کے آدھے اضلاع میں نے سیالکوٹ تک دیکھے ہیں ۔ یہ سعادت آپ کو کبھی نصیب نہ ہو گی ۔

حضور والا ۔ اب ۱۱۴ میں کیا لکھا ہے approver یا سلطانی گواہ کے لئے ....

Syed Ahmed Saeed Kirmani : But you are retaining that act for other Purposes.

Mr. Senior Deputy Speaker : The member was sufficiently protected by the Chair when he spoke and now he must also not interrupt.

وزیر قانون ۔۔تو جناب یہ عدالت کی مرضی ہے کہ اس کو قابل

اعتبار سمجھ لے یا قابل اعتبار نہ سمجھے ۔ قانون وہی تھا دفعہ ۱۳۳ کا ایک قاتل کے بیان پر ملزمان جتنے بھی ہوں عدالت انہیں سزائے موت دے سکتی ہے ۔ اس قانون کو اتنا انہوں نے اچھالا ہے ۔ اتنی اس کی تعریف کی ہے ۔ لیکن میں اس بات پر وقت زیادہ نہیں لینا چاہتا ورنہ اس قانون کو جس کو evidence act کہہ رہے ہیں ۔ اس سے یہ چیز بدرجہا زیادہ موثر ہو گی جو ہم لا رہے ہیں ۔ لیکن جس چیز پر بحث کرنی چاہئے تھی ۔ افسوس اس طرف سے زیادہ بحث نہیں ہوئی ۔ ہمارے جھنگ کا ممبر جسے میں کہوں گا ۔ اپوزیشن کا ہیرا اور موتی ۔ کاش وہ یہاں ہیرا صاحب یا موتی صاحب بیٹھے ہوتے (قہقہہ) کل انہوں نے کچھ کہا تھا ۔ وہ سنتے کہ پیر والا جھنگ میں گاؤں کا نام ہے ۔ گذشتہ بیس سال سے (یہ تفاصیل اگر میں سناؤں تو بڑا وقت لگ جائے گا ۔) پیر والا میں سادات کے خاندان میں ایک چکر چل رہا ہے قتلوں کا ۔ قتل پر قتل ہوتے ہیں ۔ سزا ہوتی ہے یا چھوٹ جاتے ہیں ۔ گواہ بیٹھ جاتے ہیں ۔ با اثر لوگ ہیں ۔ یہ قانون ہے جو غریب کی امداد کے لئے ہم لا رہے ہیں ۔ اس کے بعد گواہ بٹھلانے والے امراء کا پیسہ کام نہیں آ سکے گا ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) امراء کی امداد پیسہ نہیں کر سکے گا ۔ حضور ایک مثال پیش کرتا ہوں ۔ لائل پور کے ایک مقدمہ میں چار چشم دید گواہان اور چند گواہان motive کے تھے اور مجھے پتہ نہیں کہ وکلاء نے کیا فیس لی میں حاضر نہیں تھا ۔ لیکن ہو سکتا ہے ۔ ہزاروں روپیہ روز کا لیا ہو اور وہ ۲۸ دن لگے رہے ۔ ابھی اپنے پیشے کو کہتے ہو کہ ہم سب اچھے ہیں ۔ ۲۸ دن جرح ہو رہی ہے چار گواہان پر جناب والا ۔ ایسے وکلاء کے پنجے سے ہم نے غریبوں کو نجات دلائی ہے (ہیئر ۔ ہیئر) وقت آ گیا ہے ۔ (قطع کلامیاں شور) لیکن آئین کی عزت کرتے ہوئے ہم پابند تھے ۔ کہ ہر آدمی کو وکلاء رکھنے کا حق ہو گا اس کے لئے ہم نے provision رکھ دی ہے ۔ (قطع کلامیاں) ۔

حضور والا ۔ اصل بحث سے یہ تمام حضرات جو میرے اس طرف بیٹھے ہوئے ہیں ۔ وہ مجھے دل میں کوس رہے ہوں گے ۔ اصل بحث اس موضوع کی جو تھی اس کو کسی نے سامنے نہیں رکھا ۔ چیز

دیکھنے والی یہ ہے ۔ کہ ملک میں کوئی بیماری ہے سہی یا نہیں ؟

کہ جس کا ہم کو فرضی یا غلط سہی کوئی نسخہ تجویز کرنا ہو گا ۔ کیونکہ بیماری مسلمہ ہے ۔ میں دیکھتا رہا ہوں کہ کوئی بندہ خدا اس طرف سے اٹھے گا اور کہے گا کہ ملک میں کوئی جرم ہی نہیں ہے ۔ اور ملک میں نہ رشوت ہے اور نہ کوئی سمگلنگ ہے اور نہ کوئی چائلڈ لفٹنگ ہے ۔ اور نہ کیٹل لفٹنگ ہے اور کہے گا کہ لاء منسٹر کیوں تو بڑھاپے میں بیوقوف ہو گیا ہے ۔ کہ یہ ایک نیا پروسیجر بنانے لگا ہے ۔ لیکن وہ یہ نہیں کہہ سکتے کیونکہ یہ بات ذرا ان کو چبھ رہی تھی ۔ ہر روز بجٹ سیشن سے لے کر دوسرے سیشن میں اور پھر اس سیشن میں سوالات آتے رہے کہ ہم جرائم کا انسداد نہیں کر رہے ہیں ۔ اس پر تحریک التوا بھی پیش ہوئیں ۔ پھر کیا وجہ ہے عدالتوں میں ملزم چھوٹ جاتے ہیں ۔ عدالتوں کا کوئی قصور نہیں ۔ میں کہتا ہوں کہ کوئی بد بخت عدالتوں والے برے ہوں گے تو ہوں گے ۔

Khawaja Muhammad Safdar : Result of Mal Administration.

Minister of Law : Sir, It is not Mal-Administration. These political speeches and these people ... .. (Interruption)

معاف فرمائیے ۔ اس سٹیج پر principles of this act پر تقریر ہوتی ہے ۔ مگر جتوئی صاحب کہتے ہیں کہ ون یونٹ نہیں رہنے دوں گا ۔ ون یونٹ نہیں رہنے دوں گا ۔ (قہقہہ) ۔ حضور بات کہاں کی تھی ۔ اور کہاں لے چلے ۔ دیکھنا یہ ہے اگر آپ سچ کہتے ہیں ۔ اور میں بھی کہتا ہوں ۔ کہ جرائم کی tendency کی مختلف وجوہات ہیں ۔ میں ان کے analysis میں نہیں جاتا ۔ میں ان کے r ots میں نہیں جاتا ۔ لیکن یہ حقیقت ہے جو وہ بھی مان چکے ہیں کہ جرائم بڑھ گئے ہیں ۔ اور مجرم کیفر کردار تک نہیں پہنچتے ۔ جب اس سے اتفاق ہے اور اس سے انکار نہیں ہو سکتا تو آؤ ہم آپس میں سر جوڑ کر بیٹھیں اور اس کا کوئی علاج سوچیں اور وہ علاج ہم نے پیش کیا ہے ۔ اب جناب ۔ ایک طرف تو یہ عوام کے متعلق ہمارے ہم

خیال ہیں ۔ جب ہم کہتے ہیں عوام نہایت اچھے محب الوطن دیانت دار ہیں لیکن جب میں کہتا ہوں کہ انہی عوام کے نمائندوں انہی عوام میں سے کچھ آدمیوں کو فیصلہ کرنے دیں تو میاں لطیف صاحب کہتے ہیں وہ بے ایمان ہیں ۔ افسوس .....

Mian Abdul Latif : This is absolutely wrong. I never used such language.

وزیر قانون—میرا مطلب ہے آبزیشن ۔ آپ کیوں ناراض ہو گئے ۔ میں معافی مانگتا ہوں آپ سے ۔

That was my reference, your honour, to what my friends on the other side have said and with respect to their speeches. I would humbly advise them that they should not abuse the masses.

ہم انہی عوام میں سے ہیں ۔

اب رہا یہ سوال کہ نکتہ چینی اصولی تھی یا نہ ۔ کہا گیا ہے کہ کمشنر صاحب اور ڈپٹی کمشنر درحقیقت دونوں سرے سے ہی ایمان دار نہیں ہیں ۔ اور جو آدمی وہ چنیں گے اس غرض سے چنیں گے کہ حمزہ صاحب کو کسی جرم میں پھنسایا جائے ۔ اس کو یعنی حمزہ صاحب کو میں جرائم گن کر سناتا ہوں ۔ کسی میں بھی یہ نہیں آئے گا ۔

(قہقہہ)

یا حضور اتنا غصہ والا تو ہے نہیں کہ یہ کوئی قتل کرے ۔ اللہ اس سے نہ کرائے ۔ اور نہ ان حضرات سے کرائے ۔

مسٹر حمزہ—یہ باتیں تو میانوالی ہی میں زیادہ ہوتی ہیں ۔

(شور ۔ قطع کلامیاں)

مسٹر ڈپٹی سپیکر—آرڈر ۔ آرڈر

مسٹر حمید اللہ خان۔۔وہ کیوں میانوالی کا نام لیتے ھیں ۔ جب دیکھو میانوالی کا ذکر ھے ۔ آخر میانوالی سے انہیں کیا دشمنی ھے ؟

(قطع کلامیاں)

مسٹر ڈپٹی سپیکر۔۔آرڈر ۔ آرڈر ۔ وہ نہیں لیں گے ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

وزیر قانون۔۔یہ میں کسی دن بتلاؤں گا کہ میانوالی کا نام کیوں لیا جاتا ھے ۔ اب نہیں پھر ۔ اس کے لئے بھی دل تھام کر بیٹھنا ۔

حضور والا ۔ یہ کہ تمام کمشنر صاحبان اور ڈپٹی کمشنر صاحبان ھمارے ملک کے اچھے آدمی نہیں ھیں اور وہ جو فہرست بنائیں گے یعنی فہرست ممبران جرگہ تو وہ اچھی نہیں ھو گی ۔ عرض یہ ھے کہ انسان کا بنایا ھوا قانون کبھی خامیوں سے مبرا نہیں ھوتا ۔ یہ کہنا کہ انسانی ضابطہ میں کوئی خامی نہیں ھو گی ۔ تو اس کا دعویٰ تو میں نہیں کر سکتا ۔ انسان انسان ھے ۔ لیکن یہ خادم حکومت کوشش کرے گی کہ ممبران جرگہ ھر ضلع کے ایماندار بہترین اور پڑھے لکھے اور سمجھدار آدمی ھوں پھر انہیں حلف اٹھانا ھو گا لوگوں کے سامنے ۔ اقرار کرنا ھو گا ۔

(نعرہ ھائے تحسین)

کہ ھم انصاف کریں گے ۔ لیکن میں یہ عرض کرتا ھوں کہ یہ مثالیں بلکہ مفروض مثالیں تین دن سے اخباروں میں آ رھی ھیں کہ سیاسی داؤ چلایا جائے گا ۔ میں نے حضور اس شیڈول کو بار بار پڑھا ھے ۔ کہ اگر کل میں چاھوں اور کوئی کہنا میرا مان بھی لے کہ خواجہ صفدر صاحب کو میں کسی جرم میں پھنساؤں تو وہ کوئی جرم مجھے نظر نہیں آتا ۔ کیونکہ جرائم ھیں ۳۰۲ ۳۰۳ ۳۰۷ ۔

ایک ممبر۔۔یہ ۳۰۷ میں آتے ھیں ۔ (قہقہہ) ۔

وزیر قانون۔۔۔آگے جناب ۔ ۹۸ء میں بھی یہ شریف آدمی نہیں آئے گا ۔ باقی سمگلنگ ہے ۔ بچوں کا اغوا ہے۔ میں اتفاق کرتا ہوں کہ اگر کسی دن اس حکومت نے یا اس کے بعد آنے والی حکومت نے اس قانون کی موجودگی میں اس قانون کو سیاسی ورکرز یا سیاسی اغراض کے لئے innocent citizens کو چالان کیا تو اس دن اس حکومت کا اپنا خاتمہ ہو گا ۔ (نعرہ ہائے تحسین)۔ میں عرض کر رہا ہوں کہ وہ کسی سیکشن کی طرف یا کسی پرنسپل کی طرف ہاؤس کی توجہ مبذول نہیں کرا سکے کہ وہ کونسی دفعہ یا کونسا پیراگراف ہے جس کو سیاسی طور پر استعمال کیا جائے گا ۔ انہوں نے بیشک یہاں یہ کہا ہے کہ اگر تھانہ دار یہ کر دے اور اگر قادر بخش وزیر کسی کو یہ کہدے کہ فلاں پر میرا غصہ نکالو تو اس ''اگر،، کا جواب آدم کی تخلیق سے آج تک نہیں آیا ۔ (قہقہہ) ۔ عرض یہ ہے جناب ۔ ایک چیز جو آپوزیشن کے پاس میں سات آٹھ ماہ سے دیکھتا چلا آ رہا ہوں وہ یہ ہے ۔ کہ جب ان کے پاس کوئی خاص ہتھیار حملہ کرنے کے لئے نہیں ہوتا ہے تو یہ اس میدان میں چھلانگ لگاتے ہیں جس کی ''الف،، ''ب،، بھی ان کو نہیں آتی اور وہ ہے مذہب ۔ شریعت ۔ (قہقہہ) ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ پوچھتے ہیں کہ یہ ..... خیر مسٹر سپیکر ۔ میں گالی کا جواب گالی سے نہیں دینا چاہتا ۔ ادھر سے کہا جاتا ہے کہ یہ منافق ہیں ۔ یہ کافر ہیں ۔ یہ یہ ہیں ۔ لیکن .....

خواجہ محمد صفدر۔۔۔کس نے کہا ہے ۔

وزیر قانون۔۔۔راؤ خورشید صاحب بیٹھے نہیں ۔

خواجہ محمد صفدر۔۔۔نہیں نہیں ۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ انہوں نے ایسا نہیں کہا ہے ۔ (قطع کلامیاں)

وزیر قانون۔۔۔میں ایک بار یقین دہانی پھر دلانا چاہتا ہوں ۔ کرمانی نے کہا ہے کہ یہ قانون discriminatory ہو گا ۔ عدالت عالیہ ہائی کورٹ ۔ سپریم کورٹ کے فیصلوں کو میں نہایت عزت کی نگاہ سے دیکھتا ہوں ۔ اور میں ان کی رولنگ سے رہنمائی حاصل کروں گا ۔

اور جب قواعد بن جائیں گے تو دیکھوں گا ۔ انشاء اللہ یہ پارٹی انہیں discriminatory نہیں رکھے گی (نعرہ ھائے تحسین) ۔

سید احمد سعید کرمانی—پہلے دیکھئے بعد میں پیش کیجئے ۔

وزیر قانون—باقی یہ کہتے رہے ہیں حضور fundamental rights تو میں کہتا ہوں کہ ہم نے جب قواعد بنائے اور یہ مکمل ہو گیا تو ہم ان fundamental rights کو سامنے رکھیں گے جو ۱۹۵۶ء میں تھے جس کے متعلق وہ روز پیٹا کرتے ہیں ۔ انہی کو سامنے رکھ کر انشاء اللہ یہ قواعد وضع ہونگے ۔ کوئی discrimination نہیں ہوگی ۔ (ھیئر ۔ ھیئر) ۔ یہی ہوگا ۔ ہم کسی کی آزادی کے خلاف نہیں ہیں ۔ باقی صاحب مجھے افسوس ہے میں ایک ایک کا جواب نہیں دے سکتا ۔ حضور والا ۔ discrimina ion کے لئے ہم تمام قواعد میں انشاء اللہ ساری انسانی کوشش صرف کر دیں گے کہ ایسا نہ ہو ۔

(قطع کلامیاں)

حضور والا ۔ یہ ٹھیک ہے اور میں اس اصول کو مانتا ہوں کہ کلاسز میں قوم کے افراد میں تفریق نہ کی جائے ۔ یہ نہ ہو کہ ڈپٹی کمشنر کی مرضی ہے ۔ پولیس کی مرضی ہے کہ جس شخص کے کیس کو چاہے جرگہ میں بھیجے اور جس کیس کو چاہے ادھر بھیج دے ۔ قانون کو انکی مرضی پر بھی نہیں رکھا جائیگا ۔ انشاء اللہ شرائط اس قسم کی رکھی جائینگی کہ وہ جوڈیشری دیکھ سکے ۔ پابندیاں ہونگی incorporated in the rules اگر چاہتے ہیں تو میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ یہ چیز کلاز میں رکھ دی جائیگی ۔

That rules according to the law making power of the legislative .....

(نعرہ ھائے تحسین)

یہ رکھیں گے میں آپ کے ساتھ ہر فیصلہ کرنے کے لئے تیار ہوں کیونکہ میری نیت صاف ہے ۔ میری نیت میں فتور نہیں ہے ۔ (نعرہ تحسین)

مسٹر سپیکر—جناب باقی صاحب نے اعداد و شمار گنتے گنتے باقی کچھ نہیں چھوڑا ۔ (قہقہہ) وہ ایک واقعہ بتلاتے ہیں ۔ میں بھی ایک دو واقعات سناتا ہوں کہ میانوالی میں جرگہ قائم تھا۔ اور ماضی میں کسی وقت میں آ کر شاید سنہ ۷۴ء میں اسے اٹھا دیا گیا ۔ پھر کیا ہوا ؟ کندیاں سٹیشن سے ٹرین مغرب کے وقت چلی ۔ غروب آفتاب کے وقت دوسرا سٹیشن ہے وان بھچراں ۔ درمیان میں کوئی سٹیشن نہیں ہے ۔ ایک چھکڑے میں ستاون آدمی موجود ہیں ان ستاون میں سے چار اٹھتے ہیں اور ایک بیٹھے ہوئے آدمی پر چاقوؤں سے حملہ کر دیتے ہیں ۔ وہ چھلنی ہو جاتا ہے زخموں سے ۔ باقی آرام سے بیٹھے رہتے ہیں . . . . . (قطع کلامیاں) ''yes sir, ordinary court'' میں آیا تھا (قطع کلامیاں) . . . . . کیوں گھبرا گئے ؟ جناب والا ۔ جب سٹیشن کے قریب گاڑی پہنچی ہے ۔ پلیٹ فارم پر پہنچتی ہے تو مارنے والے پلیٹ فارم پر ہی اترتے ہیں ۔ کہیں زنجیر نہیں کھینچی ۔ راستے میں نہیں ٹھہرے ۔ راستے میں نہیں بھاگے ۔ پلیٹ فارم پر اترے اور بھاگ گئے ۔ پولیس وہاں موجود تھی گاڑی میں ۔ وہ آ گئی ۔ اس نے باقی جو باون آدمی تھے ان سے پوچھا کہ تم نے یہ قتل ہوتے دیکھا ؟ کہنے لگے ہاں دیکھا ہے ۔ پولیس نے پوچھا تم قاتلوں کو شناخت کر سکتے ہو ؟ کہنے لگے نہیں ۔ پولیس نے پوچھا تم انکا حلیہ بتا سکتے ہو ؟ کہنے لگے نہیں ۔ انکا قد بتا سکتے ہو ؟ کہنے لگے نہیں ۔ انکی عمر بتا سکتے ہو ؟ کہنے لگے نہیں ۔

مسٹر حمزہ—کسی بڑے آدمی کے مستعار ہونگے ۔ (قطع کلامیاں)

Mr. Senior Deputy Speaker : I would invite the member's attention to the rules. He will please observe them. He should take it as a request as well as a warning.

وزیر قانون—جناب سپیکر ۔ جب وہ کیس پولیس کے پاس گیا تو پتہ تو لگ گیا ۔ یہ چھپنے والی بات نہیں تھی ۔ پتہ تو لگ گیا کہ مجرمین کون ہیں ۔ مگر اب شہادت کہاں سے آئے ؟ انکو لے گئے ۔ شناخت پریڈ کرائی گئی تو گواہوں نے کہا کچھ وہاں کے تھے کچھ آگے کے سٹیشنوں کے تھے ۔ انہوں نے کہا کہ

ہم گواہی کیسے دیں ؟ کیسے شناخت کریں ؟ گواہی کے لئے گئے تو ہم خود مارے جائیں گے ۔ اب کہا جائیگا کہ یہ غلط ہے ۔ اور سناتا ہوں ۔ ایک گواہ میانوالی کی عدالت کے برآمدے میں بیٹھا ہوا تھا ۔ ایک عورت آئی اور اسے کہنے لگی ,,او بیوقوف ۔ تو میرے رشتہ دار کے خلاف گواہی دینے آیا ہے ؟،، اس نے کہا میری تو معمولی سی گواہی ہے کوئی خاص گواہی نہیں ,,گواہی نہ دو،، عورت کہہ رہی ہے اس نے کہا میری گواہی ہے میں نے جھوٹ نہیں بولنا ۔ جو ٹھیک ٹھیک بات ہوگی کہدونگا ۔ عورت نے پستول نکالا اور ,,ڈز،، کر دیا ۔ گواہوں کے ساتھ یہ حشر ہو رہا ہے یہ واقعہ ایک نہیں ہے ۔ یہ کہیں گے exeeptional case ہے۔

Syed Ahmed Saeed Kirmani : A very bad commentary on law and order.

وزیر قانون—میرے پاس وقت نہیں میں اس پنجاب کے ایک‌ایک ضلع میں آپ کو لے جاؤں اور آپ کو وہ کہانیاں سناؤں کہ آپ کی آنکھوں سے آنسو نکال کر یہاں رکھ دوں لیکن میں کیا کروں ؟ میرا واسطہ کن سے ہے ؟ جن کے متعلق حکیم الامت نے کہا تھا ۔

پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر
مرد نادان پر کلام نرم و نازک بے اثر

(قہقہہ)

عرض کروں حضور اس کو isolated case نہ لیں ۔ multiply کریں ۔ یہ انکے نوٹس میں بھی ہیں لیکن ان میں اخلاق جرات نہیں ہے ۔ ہمارے علم میں ہیں اور ہم میں جرات ہے کہ ہم کہہرہے ہیں ۔ اگر یہ isolated cases ہوتے تو حکومت کوئی ایسا قدم نہ اٹھاتی ۔ لیکن ہم نے آخر کیا کیا ہے ؟ میں پھر اصولوں پر آتا ہوں because on principles they did not say a word, or very little about principles.

میں عرض کرتا ہوں کہ ہم نے احتیاط کی ہے کہ ممبران جرگہ کوئی permanent institution like honorary Magistrates نہ بن جائیں

کہ corrupt ہو سکیں ۔ ہم نے احتیاط کی ہے کہ ملزم کو حق ہو ۔ یہ ترامیم ہم لائے ہیں reconsider کر کے کہ ملزم کو حق ہو کہ اگر وہ کسی ممبر پر اعتراض کرتا ہے تو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ مجبور ہو جائے کہ اس کا اعتراض مان لے اور اس کی بجائے by rotation اور آدمی آ جائے ۔ پھر بھی ہماری نیت پر شک کرتے ہیں حضور ۔ ہم اس حد تک جا رہے ہیں ۔ ہو سکتا ہے کہ ہم پھر بھی قاصر رہ جائیں لیکن آنے والی نسلیں یہ ضرور کہیں گی کہ ان لوگوں نے کوشش ضرور کی تھی کہ انصاف ہو ملک کے ساتھ اور ظلم نہ ہو سکے ۔ ملزم کے ساتھ انصاف ہو اور ضرور ہوگا ۔ کوئی وجہ نہیں کہ نہ ہو ۔ میں ان الفاظ کے ساتھ یہ عرض کرونگا کہ

Principles of the Bill as they are, they are all in the interest of the nation. The situation of the day requires it and with that Sir, I beg leave of the House .....

Syed Ahmed Saeed Kirmani : In the interest of the Ministry.

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is -

That the West Pakistan Criminal Law Amendment Bill 1963 be taken into consideration atonce.

(The motion was carried)

Mr. Senior Deputy Speaker : The House is adjourned to meet at 5.30 P.M. today.

(The Assembly then adjourned till 5.30 P.M. the same day)

The Assembly met at 5.55 P.M. Mr. Senior Deputy Speaker in the Chair.

Mr. Senior Deputy Speaker : Now the House will take up clause by clause consideration of the West Pakistan Criminal Law Amendment Bill 1963.

(Clause 2)

In clause 2 there is an amendment by Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo. He may please move his amendment.

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo : Sir I move -

That clause 2 be re-numbered as sub-clause (1) thereof and in the sub-clause so re-numbered for paragraph (a), the following be substituted, namely :—

"(a) 'Commissioner' means the chief officer incharge of the revenue administration of a Division, and includes any other officer who is eligible for such appointment and is specially empowered by Government to exercise the powers of a Commissioner under this Act ;"

Mr. Senior Deputy Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That clause 2 be re-numbered as sub-clause (1) thereof and in the sub-clause so re-numbered for paragraph (a), the following be substituted, namely :—

"(a) 'Commissioner' means the chief officer incharge of the revenue administration of a Division, and includes any other officer who is eligible for such appointment and is specially empowered by Government to exercise the powers of a Commissioner under this Act ; "

There is an amendment to the amendment by Syed Ahmed Saeed Kirmani. He may move it.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Sir, I beg to move :

That in the amendment given notice of by Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo and others, appearing at serial No. 1, in the 5th Revised List No 1, in the proposed paragraph (a) of sub-clause (1) of clause 2, a full-stop be substituted and the words "and includes any other officer who is eligible for such appointment and is specially empowered by Government to exercise the powers of a Commissioner under this Act" be deleted.

Minister of Law : Opposed.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Sir, this amendment is being moved keeping in view the various utterances, made by the learned Law Minister regarding the provisions of this Bill, some of which were made yesterday and some were made today. The original clause is that -

"(a) "Commissioner" means the Chief Officer in charge of the revenue administration of a Division and includes any other officers specially empowered by Government to exercise the powers of a Commissioner under this Act".

My amendment only seeks to suggest that it should be confined to these words -

" "Commissioner" means the Chief Officer in charge of the revenue administration of a Division".

Now the chief reasons which have prompted me to move this amendment are that by enlarging the definition of the word "Commissioner", the Government being given very wide powers and they are being given the chance to withdraw the case of a particular individual from the Commissioner of a Division and entrust it to an officer of their own choice thereby opening the way for corruption. It is with that intention that I have

suggested that only the Commissioner of a Division should be allowed to make a reference to the District Magistrate and not any other officer. After all, what heavenly argument can be advanced by the Government to suggest that there should be other officers besides the Commissioner who should be allowed to make a reference to the District Magistrate. When the Commissioner is there, and according to them he is the most responsible officer of the division, then why to mistrust him ? Why to show no confidence in him ? Why not to allow him to discharge his duties under this Act ? Why to entrust those duties to some other officer who, of course, will be appointed by the Government. Sir, in this way, Government wants to interfere with the smooth working of this Bill. With these words I suggest that my amendment be accepted because it will narrow down the activities of the Government and the desire of the Government to interfere with the smooth working of this Act. It will deprive the Government of interfering with the work and the function of a Commissioner under this Act. I personally believe that it has been moved not with the intention of just opposing but with a sincere desire to see that if this Bill has to come then let there be no hinderance in the smooth working of this Act.

Mr. Senior Deputy Speaker : Amendment to amendment moved is :

> **That in the amendment given notice of by Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo and others, appearing at serial No. 1, in the 5th Revised List No. I, in the proposed paragraph (a) of sub-clause (1) of clause 2, a full-stop be substituted and the words "and includes any other officer who is eligible for such appointment and is specially empowered by Government to exercise the powers of a Commissioners under this Act" be deleted**

Minister of law : In fact I was expecting some appreciation from the opposite benches for this amendment.

Khawaja Muhammad Safdar : Very sorry for disappointing you.

وزیر قانون—شروع میں یہ تھا کہ کمشنر کے معنی یہ ہونگے میں اردو میں کہتا ہوں تاکہ کہ وہ چیف آفیسر جو مال کے محکمہ کا ایک بڑا افسر اور آگے ہم نے رکھا تھا اور کوئی کوئی افسر جس کو کہ حکومت یہ اختیار دے دے لیکن ہماری پارٹی نے اس پر غور کیا کہ کل وہ اختیار کسی تحصیلدار کو دے دیں اور کل وہ کسی مجسٹریٹ کو دے دیں تو یہ آپوزیشن بنچز کی طرف سے اعتراض ہوگا اس لئے ہم نے یہ رکھا کہ کمشنر اور اگر کمشنر ہمارے پاس نہیں ہے تو ایسا عہدیدار جو کمشنر بننے کے لائق ہو تو بجائے اس کے کہ ہمیں appreciation ملتی ہیں داد ملتی الٹے ایک ترمیم آ گئی میں عرض کرونگا کہ وہ اسے واپس لے لیں ۔

مسٹر محمد حنیف صدیقی—اگر آپ اس لفظ کو نکال دیں تو کیا ہوتا ہے ۔

وزیر قانون—ہو سکتا ہے کہ کمشنر کسی وقت بیمار ہو جاتا ہے تو اس کو cover کرنے کے لئے ہم نے یہ چیز رکھی ہے بجائے داد دینے کے مبلغ ایک عدد ترمیم آ گئی ہے میں اس کو oppose کرتا ہوں ۔

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi: Like the King, the Commissioner never dies

Mr. Senior Deputy Speaker: I ca l upon Mr Siddiqi to speaker only when be is allowed by the speaker.

Mr. Hamza has got a notice on the same amendment. Does he want to speak ?

مسٹر حمزہ (لائلپور ۔ ۶)—yes sir جناب سپیکر ۔ اس بل کے ذریعے گورنمنٹ پارٹی اس پر تلی ہوئی ہے کہ کمشنر کو وسیع اختیارات دئے جائیں لیکن کمشنر کی جو definition ہمارے سامنے پیش کی گئی ہے اس کا نقص یہ ہے کہ بعض اوقات گورنمنٹ کے ملازمین گورنمنٹ کے منشاء کے مطابق سیاسی مصلحتوں کے تحت کام کرنے سے انکار کر دیتے ہیں ایسی صورت میں اکثر دیکھنے میں یہ آیا ہے کہ اس قسم کے کلاز کا سہارا لے کر اپنی منشاء کا آدمی جو ان کے اشارے کے مطابق کام کرے رکھ لیا جاتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں جتنا بڑا افسر ہوتا ہے اس کے اتنے ہی وسیع اختیارات ہوتے ہیں اور اس کی ذمہ داریاں بھی اس کے مطابق ہی ہوتی ہیں لیکن کمشنر کی اس definition کے ذریعے ایسے لوگوں کو کمشنر کے اختیارات تفویض کرنے یا کرانے کا احتمال ہے جن کو اپنی منشاء کے مطابق استعمال کیا جا سکیگا ۔ اگر ہم اس سیکشن کو موجودہ حالت میں پاس کرنے کی اجازت دیں تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ قانون پاس کرتے وقت ایک قسم کے کمشنر کی ہمارے سامنے نہیں اور کل جب اس کو لاگو کریں گے تو دوسری قسم کے کمشنروں سے سابقہ پڑیگا ۔

میں ان وجوہ کے پیش نظر ملک صاحب سے گذارش کرونگا کہ وہ اس پر مزید غور کریں ۔

میاں محمد یسین خان وٹو (منٹگمری ۔ م)—جناب والا۔ جو ملک صاحب نے فرمایا ہے کہ بل میں یہ بات تھی کہ کسی ایسے افسر کو بھی اس ایکٹ کے تحت کمشنر نامزد کیا جا سکتا ہے جو افسروں کی تعریف میں آتے ہیں اس لئے یہ ترمیم ہماری جانب سے پیش کیگئی ہے ۔

کہ افسر ایسا ہونا چاہئے جو اختیارات کے لحاظ سے اور قانون کے مطابق کمشنر کے برابر rank کا ہو اور کمشنر تعینات کیا جا سکتا ہو ۔ اور یہ اس لئے ضروری ہے کہ کمشنر جسے ہم یہ اختیارات دے رہے ہیں اگر کسی شخص کو اس ایکٹ کے تحت کمشنر قرار دیں تو status کے لحاظ سے قابلیت کے لحاظ سے اور قانون کے مطابق اس معیار کا شخص ہو جسے ہم کمشنر قرار دیں اور یہ یوں ضروری ہے کہ اس پر ہمارے فاضل دوست نے اعتراض فرمایا ہے ۔ میں اس سلسلے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہم اس بل کے ذریعے قانون فوجداری کے متعلق بھی اختیارات کمشنر کو تفویض کر رہے ہیں اور جس طرح ہمارے فاضل دوست جانتے ہیں کہ قانون میں یہ بات بہت ضروری ہے کہ معاملات کا فیصلہ جلد سے جلد کیا جائے ۔ کمشنر ڈویژن کا ہیڈ ہوتا ہے اس کے پاس پہلے ہی کئی معاملات ہوتے ہیں وہ وہ اپنی مصروفیتوں میں مصروف ہوتا ہے ہو سکتا ہے کہ وہ پوری توجہ نہ دے اس لئے ہم نے یہ بات رکھی کہ گورنمنٹ کو یہ اختیار ہونا چاہئے کہ اگر کمشنر کسی اور کام میں مصروف ہو تو یہ نہ ہو کہ جو ریفرینسز کے معاملات ہیں اور بیس بیس دن مہینہ مہینہ دو دو مہینے گذر جائیں اور کمشنر صاحب مصروف ہیں ۔ اس لئے ہم نے کمشنر کے علاوہ دیگر افسران کو اختیارات دینے کی ترمیم پیش کی ہے اگر یہ عملی طور پر مفید ہوا تو عین ممکن ہے کہ ایسا شخص جو کمشنر نہ ہو اس کو اختیارات دے دئے جائیں تو میرے خیال میں کمشنر صاحب غیر جانبداری سے کام سر انجام دے سکیں گے ۔ میرے فاضل

دوست نے فرمایا کہ کمشنرز ان پر اعتبار نہیں کرتے تو اس کے جواب میں میں یہ عرض کرونگا کہ کمشنر اور دیگر افسران گورنمنٹ ہی کے تعنیات کردہ ہیں ۔ ان معروضات کے ساتھ میں یہ عرض کرونگا کہ میری ترمیم نہایت مفید ہے اس کو قبول کر لیا جائے اور یہ پاس کر دی جائے ۔

Mr. **Ghalam Nabi Muhammad Varyal Memon** : Sir the definition of the word "Commissioner" has been made deliberately an omnibus definition. A contingency is contemplated when the Commissioner may be on leave for one month and the Additional Commissioner in the Division is officiating or acting or the senior most officer in the Division is officiating, acting or holding charge and it may be that during that one month and emergent case comes up. As has been orgued here, justice delayed is justice denied. It is exactly to meet a contingency like this that this definition has been framed in the manner it is proposed so that there should be no unnecessary delay in the function of the tribunal.

Mr Senior Deputy Speaker : The question is :

> That is the first amendment given notice of by Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo and others, appearing at Serial No. 1 in the 5th Revised List No. 1, in the proposed paragraph (a) of sub-clause (1) of clause 2, a full-stop be substituted and the words "and include any other officer who is eligible for such appointment and is specially empowered by Government to exercise the powers of a Commissioner under this Act" be deleted.

(*The motion was lost*)

Mr. Senior Deputy Speaker : Mr. Hamza's amendment being similar also falls through.

Next amendmedt is in the names of Allama Rehmat Ullah Arshad, Mr. Abdul Majid Jatoi, Amir Habib Ullah Khan Saadi, Mian Muhammad Akbar, Chaudhri Muhammad Ibrahim, Rao Khurshid Ali Khan and Allama Abdul Haque. All of them are absent except Chaudhri Muhammad Ibrahim, who may move the amendment.

Chaudhri Muhammad Ibrahim : Sir, I beg to move -

> That the amendment given notite of by Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo and others appearing at Serial No. 1 in the 6th Revised List No 1, for the proposed paragraph (a) of sub-clause (1) of clause 2, the following be substituted, namely :—
>
> "(a) 'District Magistrate' means an officer as defined in the Criminal Procedure Code, 1898."

اس ترمیم سے صرف یہ مقصد تھا کہ ڈی ایم کی کوئی تعریف اس میں واضح طور پر نہیں دی گئی تھی - جو ہم نے ترمیم اس کے بعد دی اس میں کمشنر نہیں آتا اس لئے ڈی ایم کی ڈیفینیشن کی ضرورت پڑی ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Clause under consideration, amendment to the amendment moved is -

That in the amendment given notice of by Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo and others, appearing at Serial No. 1 in the 6th Revised List No, 1, for the proposed paragrrph (a) of sub-clause (1) of clause 2, the following be substituted, namely :—

"(a) 'District Magistrate' means an officer as defined in the Criminal Procedure Code, 1898."

میاں محمد یسین خان وٹو۔جناب والا ۔ آگے ترامیم آ رہی ہیں جن میں ہم نے وضاحت کر دی ہے ۔ کہ generally جو الفاظ اس ایکٹ میں استعمال ہوئے ہیں ۔ ان کی تعریف نہیں کی گئی ان کی تعریف نہیں کی گئی ان کی تعریف وہی ہو گی جو پی پی سی یا سی پی سی میں پہلے ہی موجود ہے اس لئے چودھری صاحب کا اعتراض cover ہو جاتا ہے ۔ اس لئے مزید اس امنڈمنٹ کی ضرورت نہیں ۔

خواجہ محمد صفدر۔میں نے جناب والا ۔ یہ ترامیم جو اس طرف سے اور اس طرف سے move ہوئی ہیں دیکھی ہیں ۔ اس amendment کا مقصد غالباً یہ ہے جو کہ میں سمجھا ہوں ۔ کہ کمشنر کو اب جس طریق سے میرے محترم دوست چودھری ابراہیم صاحب اس بل کو ترمیم کرنا چاہتے ہوں اس میں کمشنر صاحب کے ذمے کوئی کام نہیں رہتا کیونکہ آگے آپ دیکھئے amendment میں کمشنر کی جگہ سیشن جج کو وہ substitute کر رہے ہیں تو اس لئے انہوں نے substitution کے لئے یہ لکھا ہے کہ ڈی ایم کیونکہ کمشنر صاحب کی اب definition ان کے نکتہ نظر سے اس بل میں جو گنجائش نہیں ہے ۔ اس لئے اس کو اڑا دیا جائے اور اس کی جگہ ڈی ایم کے ذمہ کچھ فرائض ہوں گے ۔ اس کی definition یہاں رکھ دی ہے ۔

میاں محمد یاسین خان وٹو۔اس amendment کے محرک نے فرمایا ہے ۔ کہ ان کی وہی منشاء ہو گی یہ تو میرے خیال میں ان کی منشاء کو بہت دور لے جانیکے مترادف ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is

That in the amendment given notice of by Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo and others, appearieg at Serial No. 1 in the 6th Revised List No. 1, for the proposed paragraph (a) of subclause (1) of clause 2, the following be substituted. namely :—

"(a) 'District Magistrate' means an officer as defined in the Criminal Procedure Code, 1898."

(*The motion was lost*)

Mr. Senior Deputy Speaker : Now we come to the original Amendment. The question is :

That clause 2 be re-numbered as sub-clause (1) thereof and in the sub-clause so renumbered for paragraph (a), the following be substituted, namely :—

"(a) 'Commissioner' means the chief officer incharge of the revenue administration of a Division, and includes any other officer who is eligible for such appointment and is specially empowered by Government to exercise the powers of a Commissioner under this Act;"

(*The motion was carried*).

Mr. Senior Deputy Speaker : Amendments No : 2, 3, 4, and 5 have now become redundant.

Amendment No : 6 standing in the name of Mr. Munnawar Khan and Amir Habibullah Khan Saadi lapses because they are not present.

Amendment No : 7 by Mr. Hamza has also become redundant.

Now we come to amendment No : 8

Babu Muhammad Rafiq : Sir I do not want to move it.

Mr. Senior Deputy Speaker : Master Khan Gul and Mr. Munnawar Khan are absent. So this amendment is not moved.

Now we move on to amendment No : 9

Nawabzada Ghulam Qasim Khan : Sir, I beg to move :

That in clause 2, in paragraph (e) for the figure '5', in line 2, the figure '4' be substituted.

Mr. Senior Deputy Speaker : Clause under consideration, amendment moved, the question is :

That is clause 2, in paragraph (e) for the figure '5', in line 2, the figure '4' be substituted.

(*The motion was carried*)

Mr. Senior Deputy Speaker : Amendment No : 10. Does Babu Muhammad Rafiq want to move it ?

Babu Muhammad Rafiq : No Sir.

Mr. Senior Deputy Speaker : So it is not moved.

Amendment No : 11 is the same. So I take up Amendment No 12.

Nawabzada Ghulam Qasim Khan : Sir I beg to move :

That in clause 2, the following sub-clause be added as sub-clause (2), namely :—

"(2) Words and expressions used in this Act but not herein defined shall have the meanings assigned to them in the Pakistan Penal Code and the Code of Criminal Procedure, 1898."

Mr. Senior Deputy Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That in clause 2, the following sub-clause be added as sub-clause (2), namely :—

"(2) Words and expressions used in this Act but not herein defined shall have the meanings assigned to them in the Pakistan Penal Code and the Code of Criminal Procedure, 1898."

Now, there is an Amendment to this Amendment by Mr. Kirmani. He may move it.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Sir, I beg to move :

That in the amendment given notice of by Mian Muhammad Yasin Khan and others, appearing at Serial No. 12 in the 6th Revised List No. 1, in line 2 of proposed sub-clause (2), the words of clause 2, the words "the Pakistan Penal Code and" be deleted.

Syed Ahmad Saeed Kirmani : Sir, I am in agreement with the object underlying this Amendment. But I think that the words "Pakistan Penal Code and" should be deleted for the reason that in the definition contained in Section 4 of the criminal Procedure Code the words are :

"all the words and expressions used here in and defined in the Pakistan Penal Code, and not hereinbefore defined, shall be deemed to have the meanings respectively attributed to them by that Code."

So the definitions contained in the Pakistan Penal Code has been taken over by virtue of this paragraph. So the words "Pakistan Penal Code" are unnecessary. So if they want to waste their words that is a different matter, but the definitions contained in the Code also contain the definitions contained in the Pakistan Penal Code and they can be taken over. Therefore, the definitions of the Pakistan Penal Code may not be resorted to as has been suggested in the proposed amendment. The words can be safely deleted and the purpose might be adequately served.

Mr. Senior Deputy Speaker : Clause under consideration, amendment to amendment moved is

That in the amendment given notice of by Mian Muhammad Yasin Khan and others, appearing at Serial No. 12 in the 6th Revised List No. 1, in line 2 of proposed sub-clause (2) of clause 2, the words "the Pakistan Penal Code and" be deleted,

میاں محمد یاسین خان وٹو۔جناب والا ۔ جس سیکشن کی طرف میرے دوست نے اشارہ کیا ہے اس میں کریمنل پروسیجر کوڈ کے لئے بھی ان الفاظ کو اپنایا ہے ۔ ہم نے ان دونوں کوڈز میں جو الفاظ استعمال ہوئے ہیں ان کی تشریحات کو اس حیثیت سے اپنایا ہے ۔ کہ جو جو معنیٰ ان الفاظ کو ان مختلف کوڈز میں حاصل ہیں ان کو ہم نے اس بل کے لئے اور اس کوڈ کے لئے بھی اپلائی کیا ہے ۔ میرے خیال میں زیادہ مناسب اور زیادہ موزوں یہ ہے کہ ہم نے دفعات ۳۰۲، ۳۰۳، ۳۰۷ جرائم اور اس طریقہ سے اور کئی الفاظ استعمال کئے ہیں ۔ ہو سکتا ہے کہ یہاں ان سے انہیں کوئی complication پیدا ہو اور جس طرح میرے فاضل دوست نے خود تسلیم کیا ہے ۔ ان کی دانست میں زیادہ سے زیادہ یہ ''فالتو الفاظ'' ہیں لیکن ضروری ہے ۔ تو میرے خیال میں بجائے اس کے کوئی complication ہمارے سامنے آئے ہم ان دونوں کو موجودہ صورت ہی میں برقرار رکھینگے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is -

That in the amendment given notice of by Mian Muhammad Yasin Khan and others, appearing at Serial No 12 in the 6th Revised List No. 1, in line 2 of proposed sub-clause (2) of clause 2, the words "the Pakistan Penal Code and" be deleted.

(*The motion was lost*)

Mr. Senior Deputy Speaker : We now come to the original amendment, which was moved by Nawabzada Ghulam Qasim Khan.

The question is -

That in clause 2, the following sub-clause be added as sub-clause (2), namely :—

"(2) Words and expressions used in this Act but not herein defined shall have the meanings assigned to them in the Pakistan Penal Code and the Code of Criminal Procedure, 1898."

(*The motion was carried*)

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is -

That clause 2, as amended stand part of bill.

(*The motion was carried*)

Mr. Senior Deputy Speaker : The House now stands adjourned for fifteen minutes for Maghreb prayers.

(*The Assembly then adjourned for fifteen minutes for Maghreb Prayers*)

The Assembly met again at 7. 00 *P.M. Mr. Senior Deputy Speaker in the Chair.*

(*clause* 3)

Mr. Senior Deputy Speaker : Now the House will take up Clause 3. Mr. Ghulam Nabi Memon may move his amendment.

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon : Sir. I beg to move :

That for clause 8, the following be substituted, namely :—

"8. (1) Where, in the opinion of the Commissioner, for reasons to be recorded in writing, it is inexpedient in the interest of justice, that the questions of the guilt or innocence of any person accused of an offence specified in the first Schedule, or of any several persons so accused, be tried by a Court mentioned in section 6 of the Code of Criminal Procedure, 1898, the Commissioner may, notwithstanding anything contained in the Code of Criminal Procedure, 1898, or in any other law for the time being in force, by an order in writing, with reasons therefor, refer the question to the decision of a Tribunal, and require the Tribunal to come to a finding on the question after such enquiry as may be necessary and after hearing the accused :

Reference to tribunal

Provided that the case of a person accused of an offence specified in Part B of the First Schedule shall not be referred to a Tribunal where such person is a public servant serving in connection with the affairs of the Centre

(2) Where a case is pending in a Court, the reference may be made at any time before the charge is framed against the accused :

Provided that if the case is in respect of an offence specified in Part B of the Second Schedule, the reference may be made at any time before the judgment is pronounced.

(3) No reference shall be made to a Tribunal under this section in respect of an offence specified in Part B of the First Schedule, where the accused or any of them is a public servant serving in connection with the affairs of the Province except with the sanction in writing of Government or of any other authority specially authorised by Government in this behalf :

Provided that no such sanction shall be required, where sanction for the prosecution of the public servant has previously been obtained under the provisions of sub-section (5) of section 6 of the Criminal Law Amendment Act, 1958."
That for clause 8, the following be substituted namely :—

Mr. Senior Deputy Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

"8. (1) Where in the opinion of the Commissioner, for reasons to be recorded in writing, it is inexpedient in the interest of justice, that the questions of the guilt or innocence of any person accused of an offence specified in the First Schedule, or of any several persons so accused, be tried by a Court mentioned in section 6 of the Code of Criminal Procedure, 1898, the Commissioner may, notwithstanding anything contained in the Code of Criminal Procedure, 1898, or in any other law for the time being in force, by an order in writing, with reasons therefor, refer the question to the decision of a Tribunal, and require the Tribunal to come to a finding on the question after such enquiry as may be necessary and after hearing the accused :

Reference to Tribunal

Provided that the case of a person accused of an offence specified in Part B of the First Schedule shall not be referred to a tribunal where such person is a public servant serving in connection with the affairs of the Centre,

(2) Where, a case is pending in a Court the reference may be made at any time before the charge is framed against the accused :

Provided that if the case is in respect of an offence specified in Part B of the Second Schedule, the reference may be made at any time before the judgment is pronounced.

(3) No reference shall be made to a Tribunal under this section in respect of an offence specified in Part B of the First Schedule, where the accused or any of them is a public servant serving in connection with the affairs of the Province except with the sanction in writing of Government or of any other authority specially authorised by Government in this behalf :

Provided that no such sanction shall be required, where sanction for the prosecution of the public servant has previously been obtained under the provisions of sub-section (5) of section 6 of the Criminal Law Amendment Act 1958."

Minister of Revenue : Accepted.

Mr. Senior Deputy Speaker : There is an amendment to this amendment by Syed Ahmed Saeed Kirmani. He may move it.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Sir I move -

That in the amendment given notice of by Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo and others, appearing at Serial No 13 in the 6th Revised List No. 1, in the proposed clause 8, sub-clause (1), the words "with reasons therefor", occurring in lines 11-12, be deleted; and for the words 'after such enquiry as may be necessary and after hearing the accused', occuring in lines 14-15, the words "by way of a trial in accordance with the provisions of the Criminal Procedure Code, 1898" be substituted.

Sir I will deal with the earlier part of this amendment first. Sir you will appreciate that the opening words of this amendment moved by Mian Muhammad Yasin Wattoo are that "Where, in the opinion of the Commissioner, for reasons to be recorded in writing, it is inexpedient in the interest of justice, that the questions of the guilt or innocence of any person accused of an offence specified in the First Schedule, or of any several persons so accused, be tried by a Court mentioned in section 6 of the Code of Criminal Procedure, 1898, the Commissioner may, notwithstanding anything contained in the Code of Criminal Procedure, 1898, or in any other law for the time being in force, by an order in writing, with reasons therefor, refer the question to the decision of a Tribunal, and require the Tribunal to come to a finding on the question after such enquiry ..... ". Sir you will note that in the earlier portion the words are "for reasons to be recorded in writing." He has to record reasons for what. For this thing whether it is inexpedient in the interest of justice to refer the question of guilt or innocence of anybody to any court mentioned in section 6 or not. But once that decision is taken that it is inexpedient to refer to an ordinary court and it must go to a tribunal, then there is no need to give further reasons for the reference. It is enough. Once reasons are given that are enough. I personally feel that these words are redundant and if they insist then the difficulty would be that the Commissioner will write another order giving reasons therefor for referring the question to a tribunal. That means that he will be pre-judging; that means that he will be anticipating certain things and that will tantamount to interfering with the working of the tribunal. As your honour is well aware that when a matter is referred to a tribunal, which has to determine the conduct of the persons in accordance

with the accepted principles of justice, then no such instructions or reasons should be given by any authority, whether of equal status or of a superior status, because in that case they will be prejudicing the trial before the tribunal. For these reasons Sir I submit that the words "with reasons therefor" should be deleted. It is only fair that after reference, no more reasons or opinion of the Commissioner should be conveyed to the tribunal. Let it proceed independently.

Then the second part is that when the reference has been made to the tribunal, then the tribunal has to come to a finding on the question after such enquiry as may be necessary and after hearing the accused. Now Sir we are leaving everythtng of procedure to the tribunal to determine. This is neither desirable nor fair. As pointed out by me in the earlier part of the day, we should make the law specific. We should not make it vague in character. We should insert here what procedure he should follow in determining the question referred to the tribunal. For that I have inserted that the finding on the question will be "by way of a trial in accordance with the provisions of the Criminal Procedure Code, 1898". Your goodself is well aware that in the allied acts, for example, the Karachi Control of Disorderly Persons Act 1952, The West Pakistan Control of Goondas Act 195?, it has been specifically laid down that while disposing of the cases by the tribunal under these Acts and Ordinances, the tribunal will be governed in the matter of procedure by the procedure laid down in the Criminal Procedure Code. So Sir if in other acts it has been found necessary that the tribunal should be asked to abide by a particular procedure, I fail to understand why we should effect a departure from that practice and we should leave the matter of procedure entirely into the hands of the tribunal.

With these remarks, Sir, I press my amendment.

Mr. Senior Deputy Speaker : Clause under consideration amendment to amendment moved is :

> **That in the amendment given notice of by Mr. Ghulam Nabi Memon, appearing at Serial No 13 in the 6th Revised List No. 1, in the proposed clause 3, sub-clause (1), the words "with reasons therefor", occurring in lines 11-12, be deleted; and for the words 'after such enquiry as may be necessary and after hearing the accused', occurring in lines 14-15, the words "by way of a trial in accordance with the provisions of the Criminal Procedure Code, 1898 be substituted.**

Mr. **Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon** : The objection of Mr. Kirmani is two-fold. Firstly if the Commissioner, who is the referring authority, is permitted to record his reasons in writing, his reasons therefor are likely to prejudice the judgment of the tribunal, which will ultimately sit to decide the question of the guilt or innocence of the accused, whose case is referred to the tribunal. I think it should have been clear enough to my friend that the reasons, which the Commissioner will record, will remain in his record. It will only be a reference, which will be forwarded to the District Magistrate for the purpose of constituting a tribunal, and not the reasons therefore. Therefore, no tribunal will have any knowledge or intelligence about it.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : Will that order not be communicated the District Magistrate ?

Mr. Senior Deputy Speaker : If the member wants to speak he will be given time. He should not interrupt in this way.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : We can always ask a question. We have some freedom in this House.

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon : The second objection of Mr. Kirmani is that the procedure should be laid down in the bill or in the Act itself, which should govern the procedure that is to be followed by the tribunal The reply to that is that let my friend be assured that ample provision will be made in the rules, which will be issued and framed under the Act, in which the procedure will be laid down, and I think the difficulty. which my friend is contemplating, will be removed.

Mr. Senior Deputy Speaker : Does Mr. Hanif Siddiqi want to speak ?

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : No Sir.

میاں عبداللطیف۔۔جناب والا ۔ اس سلسلے میں میری دو ترمیمیں اپنی ہیں ایک تو یہ ہے کہ proviso کلاز ۳ کے ساتھ add کیا جائے ۔ اور دوسری یہ کہ clauso ۳ بالکل اڑا دی جائے ۔

Mr Senior Deputy Speaker : Is this that members original amendment or amendment to amendment.

Mian Abdul Latif : It was original amendment.

Mr. Senior Deputy Speaker : Then these will come later on.

میاں محمد یاسین خان وٹو۔۔(منٹگمری ۴) جناب ۔ یہ کرمانی صاحب نے جو اعتراض کیا ہے کہ وہ کون سے وجوہات ہوں گے ۔ کہ جو علاقے کے لوگوں اور ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ اور ٹریبونل کو متاثر کریں گے ۔ اس کلاز ۳ اے کے الفاظ یہ ہیں ۔

> "3 (1). Where, in the opinion of the Commissioner, for reasons to be recorded in writing, it is inexpedient in the interest of justice, that the questions of the guilt or innocence of any person accused of an offence specified in the First Schedule, or of any several persons so accused, be tried by a Court mentioned in section 6 of the Code of Criminal Procedure ..... ".

یہاں انہوں نے یہ reasons دئیے ہیں کہ آیا ایک شخص جو مجرم ہے یا بے گناہ بلکہ اس میں صرف اس بات کے وجوہات بیان کرتے ہیں ۔ کہ آیا ایک شخص جس کے جرم یا بے گناہ ہی کا مسئلہ زیر غور ہے ۔ یہ سوال زیر غور ہے یہ سوال جو ہے یہ انصاف کی خاطر

ضروری ہے اور یہ نا مناسب ہے ۔ کہ ضابطہ فوج داری کی دفعہ چھ کا مطابق کہ کورٹس ٹرائی کریں گے یا نہیں کریں گے ۔ کہ ملزم بے گناہ ہے بلکہ میں یہ بیان کروں گا کہ انصاف کی غرض سے یہ بات ضروری ہے کہ اس شخص کی گناہی یا بے گناہی دیکھنے کے لئے ایسے معاملے ٹریبونل کے سپرد کئے جائیں اور بلکہ یہ reasons to be reordered کا جہاں تک مسئلہ ہے ۔ اس چیز کو ہم نے کمشنرز کی unfettered power جو ہیں ان پر check رکھ دیا ہے ۔ اور ہم یہ دیکھیں گے کہ انصاف کی خاطر کسی شخص کی گناہی یا بے گناہی کا مسئلہ عدالتوں میں نہ آئے ۔ جب اس چیز کے وجوہات دے چکے تو پھر یہ وجوہات دئے گئے کہ یہ ضروری ہے کہ ٹریبونل کو ریفر کیا جائے تاکہ ملزم اپنی گناہی یا بے گناہی کا وہاں اظہار کر سکے ۔ یہ دیکھنے کا سوال ہے کہ ٹریبونل کے سپرد کیا جائے یا نہ کیونکہ ہمارا خیال ہے کہ کمشنروں کی unfettered powers پر ایسے checks ہونے چاہیئں ۔

خواجہ محمد صفدر۔۔جناب والا ۔ جہاں تک اس اصول کا تعلق ہے اور جو کچھ میرے محترم دوست وٹو صاحب نے ارشاد فرمایا کہ کمشنر صاحبان کی powers جو اس بل کے نیچے انہیں حاصل ہوں گی ۔ ان کو محدود کرنا ہے یہاں تک مجھے اس سے اتفاق ہے ۔ لیکن اعتراض یہ ہے کہ یہ amendment جس طرح draft کی گئی ہے ۔ وہ در اصل انتہائی بہم بنا دی گئی ہے اور ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ کمشنر کو دو orders لکھنے پڑیں گے پہلے یہ حکم تحریر کرنا ہو گا کہ کرمنل پروسیجر کوڈ کے تحت ایسے مقدمات کا فیصلہ کرنا قرین مصلحت نہیں ہے not expedient دوسرا فیصلہ وہ یہ لکھیں گے ۔ کہ مقدمہ ٹریبونل کے سپرد کیا جائے ۔ یہ در حقیقت ایک فیصلہ ہو گا ۔ اور دوسری بار صرف تکرار ہو گا ۔ دوسرے الفاظ میں یہ redundent یا غیر ضروری ہے ۔ تو ڈرافٹنگ کے نقائص کی وجہ سے در اصل یہ amendment پیش کی گئی ورنہ اصول جو انہوں نے فرمایا ہے ۔ ہمیں اس سے اتفاق ہے کہ کمشنر کو لا محدود اختیار نہ دئے جائیں ۔ ہم تو چاہتے ہیں کہ بالکل نہ دئے جائیں ۔ بہر حال اگر وہ دینا چاہتے ہیں تو محدود طور پر یہ نہایت اچھی بات ہے اس اصول سے وہ کسی حد تک کامیاب ہو رہے ہیں ۔ تو ان کے سارے اختیارات

کو محدود کرنے سے ہمیں اتفاق ہے لیکن ترمیم ڈرافٹنگ کی نہایت ناقص ہے ۔ ذہن اسے قبول نہیں کرتا دو آرڈرز علیحدہ علیحدہ لکھے جائیں ۔ اور ایک دفعہ پھر ڈرافٹنگ کرنی چاہئے اور ان آرڈرز میں دوسری بات کے پورے وجوہات ہوں ۔ اس لئے ہم اس امنڈمنٹ کی مخالفت کر رہے ہیں ۔ میرا خیال ہے کہ میری بات وٹو صاحب کے ذہن میں آ گئی ہو گی اور وہ غور فرمائیں گے ۔ اگر ضروری ہے تو دوسری بار وجوہات دے دیں اس کا مطلب وہی ہو گا ۔

وزیر مال ــــ صاحب صدر ۔ مطلب دونوں کا یہ ہے کہ وجوہات جو دے دئے تو بعد میں جیسا کہ میمن صاحب نے کہدیا ۔

That will form part of the Commissioner's file. The reasons will not be communicated to the District Magistrate, only the order will be communicated.

Khawaja Muhammad Safdar : Will there be two orders or one ?

Minister of Revenue : only one. Reasons will not be communicated to the District Magistrate.

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon : Khawaja Safdar's contention is that the words "with reasons therefor" be deleted and thereby he means to say that the Commissioner will not put down his reasons on the paper. Assuming for the argument's sake that these words are deleted but still he can put down the reasons on paper if he wants to do so. So, this difficulty which is being apprehended will not be there. The order will be divided into two parts. The first part will be the basis of his order as to why he feels it expedient that the questions of the guilt or of any person accused of on offence be tried by a court. That will be on his personal file and he will never part with it. The other part as to why he feels it expedient to refer the case to a Tribunal will go to the Tribunal.

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is -

> That in the amendment given notice of by Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo and others, appearing at Serial No. 13 in the 6th Revised List No. 1, in the proposed clause 8, sub-clause (1), the words "with reasons therefor", occurring in lines 11—12, be deleted; and for the words after such enquiry as may be necessary and after hearing the accused', occurring in lines 14—15, the words "by way of a trial in accordance with the provisions of the Criminal Procedure Code, 1898," be substituted.

(The motion was lost)

Mr. Hamza : Sir, I beg to move :

That in the amendment given notice of by Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo and others, appearing at serial No. 13 in the 6th Revised List No. 1, in proposed clause 3, sub-clause (1), for the word "Commissioner", occurring in lines 1 and 8, the words "Sessions Judge" be substituted.

(Voices from the Government benches Opposed)

مسٹر حمزہ(لائلپور - ۴)۔جناب سپیکر۔ یہ جو ترمیم پیش کی گئی ہے اس میں صرف اتنا فرق ہے کہ کمشنر صاحب بذات خود اس کی سماعت کریں گے اور فیصلہ کرتے وقت اس کے ساتھ وجوہات بھی تحریر فرمائیں گے ۔ میں سمجھتا ہوں وہ شخص جو بذات خود پراسیکیوٹر اور جج ہو وہ کبھی بھی کسی کیس کا جانبدارانہ فیصلہ نہیں کر سکتا ۔ عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ یہ ایک technical process ہے ۔ نیچے سے مثلیں جاتی ہیں جو کچھ بھی ان پر لکھا جاتا ہے اس پر ditto کر دیا جاتا ہے اور کیس کی برائی یا اچھائی کو یا اس کے نقائص یا خوبیوں کو کبھی بھی نہیں پرکھا جاتا بلکہ عام طور پر محکمے کے وقار کا سوال پیدا کیا جاتا ہے اور ان حالات میں غریب اور کمزور لوگوں کو نقصان اٹھانا پڑتا ہے ۔

جناب والا ۔ حقیقت یہ ہے کہ ایسے اہم مقدمات کا فیصلہ کرنے کے لئے عدلیہ اور انتظامیہ کا علیحدہ ہونا انتہائی ضروری ہے ۔ کمشنر صاحب کو اس قسم کے اختیارات دینے کی سب سے اہم اور بڑی وجہ گورنمنٹ کی طرف سے یہ پیش کی گئی ہے کہ بعض ایسے کیسیس ہوتے ہیں جس میں اگر عام قانون کے مطابق مقدمہ چلایا جائے تو ملزمان کو سزا نہیں دی جا سکتی ۔ یہ حقیقت بھی ہے کہ ہمارے ہاں بہت سے ایسے کیسیس ہوتے ہیں جن میں ٹیکنیکل نقائص کی بنا پر مجرمان کو ہم سزا نہیں دے سکتے لیکن انہوں نے ایک اہم چیز کو نظر انداز کیا ہے اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے جیسے کہ جناب کھوڑو صاحب نے سندھ کے بارے میں فرمایا تھا کہ وہاں تھانوں کے ٹھیکے چلتے ہیں ۔ کیس کے خراب ہونے کی سب سے بڑی وجہ ماتحت عملہ اور اعلیٰ حکام میں رشوت ستانی کی وبا ہے ۔ آپ

اعتماد کیجئے کہ میرے علاقہ میں جہاں ایک ملزم کو رشوت دینی پڑتی ہے اس کے ساتھ ساتھ ایک مدعی کو بھی رشوت دینے میں اس کا مقابلہ کرنا پڑتا ہے ۔ اگر ایسا نہ کیا جائے تو مقدمہ خراب کر دیا جاتا ہے ۔ جب کبھی لوگ قابل دست اندازی پولیس جرم کے وقوع پذیر ہونے پر بھی پولیس سٹیشن یا حکام متعلقہ سے رجوع کرتے ہیں انہیں مجرم کے ساتھ ہمیشہ رشوت کے دینے میں مقابلہ کرنا پڑتا ہے اور اگر ہم اس قسم کے لا محدود اختیارات کمشنر صاحبان کو دیں گے اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ ایک نئی قسم کی رشوت کا رواج پڑ جائیگا کیونکہ اس مسودہ قانون کے تحت ہم جرگہ کے سامنے پیش ہونے والے قتل کے مقدمات میں ۱۴ سال سے زائد سزا نہیں دے سکیں گے ۔ عام طور پر اس بہانہ کا سہارا لیا جائیگا کہ کیس اس قدر خراب ہو چکا ہے کہ مجرم کو سزا نہیں دی جائیگی نتیجہ یہ ہوگا کہ کھاتے پیتے مجرمان متعلقہ افسران کو رشوت دیں گے اور ان سے یہ رپورٹ کروائیں گے کہ کیس اس قدر خراب ہو گیا ہے کہ اس کی عام قانون کے تحت سماعت بیکار ہے ایسی رپورٹ کے پیش نظر کیس کی سماعت جرگہ کے سامنے ہوگی اور اس کو زیادہ سے زیادہ ۱۴ سال سزا دی جا سکیگی ۔ لازماً نتیجہ یہ نکلیگا کہ قاتل کو پھانسی نہیں دی جائیگی یا پھانسی دینے کے امکانات انتہائی محدود ہو جائیں گے اور جرائم آگے سے بھی زیادہ ہوں گے اور بھیانک قسم کے جرائم عام ہو جائیں گے ۔ میری ترمیم کی غرض و غایت یہ ہے جو قرین انصاف بھی ہے کہ سیشن جج جو کہ عدلیہ کا حاکم اعلیٰ ہونے کے علاوہ جانبدار بھی ہوتا ہے کو اس قسم کے اختیارات دئے جائیں تاکہ وہ دونوں پارٹیوں کو سماعت کا موقع دینے کے بعد اگر مناسب سمجھے کہ قانون اور حالات اس چیز کے متقاضی ہیں کہ اس کیس کو جرگہ کے سامنے بھیجا جائے تو اس کے بارے میں آرڈر دے ۔ جہاں تک کمشنر صاحب کا وجوہات تحریر کرنے کا یا بذات خود سماعت کرنے کا تعلق ہے وہ قطعی طور پر بیکار اور بے معنی ہے ۔

میں ان الفاظ کے ساتھ اس ترمیم کو گورنمنٹ بنچز پر بیٹھنے والوں کے غور کے لئے پیش کرتا ہوں اور توقع کرتا ہوں اگر وہ صحیح معنوں میں ملک میں قانون کی حکومت چاہتے ہیں تو میری اس ترمیم کو منظور فرمائیں گے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: Clause under consideration, amendment to the amendment moved is :

> **That in the amendment given notice of by Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo and others, appearing at Serial No. 13 in the 6th Revised List, in proposed Clause 8, sub-clause (1), for the word 'Commissioner', occurring in lines 1 &8, the words "Sessions Judge" be substituted.**

راؤ خورشید علی خاں (منٹگمری ۔ ۳)—جناب والا ۔ ترمیمی بل کی اس کلاز ۳ کے ذریعے کمشنر صاحب کو یہ اختیار دئے گئے ہیں کہ جس مقدمہ کے متعلق وہ چاہے کہ عام عدالت میں اس کا فیصلہ نہیں ہونا چاہئے تو انہیں یہ اختیار دیا گیا ہے کہ ایسے مقدمات کو ٹریبونل کے حوالے کر سکتے ہیں ۔

جناب والا ۔ ایگزیکٹو آفیسرز نے اب تک جو اپنے اختیارات کو استعمال کیا ہے اس کی روشنی میں اگر ہم اس کلاز کا تجربہ نہ کریں تو اس بات کا پورا خطرہ ہے کہ ہم صحیح قسم کی لیجسلیشن نہیں بنا سکیں گے ۔ سابقہ تجربات اور سابقہ روایات سے اگر ہم نے عبرت حاصل نہ کی اور کوئی سبق حاصل کرنے کی کوشش نہ کی اور اندھا دھند اس قسم کی غلطیوں پر اور اس سے بھی شدید قسم کی غلطیوں پر اپنی new legislation کی بنا رکھیں ۔

تو ظاہر ہے کہ اس کے نتائج نہایت خطرناک ہوں گے اور آئندہ آنے والی نسلیں ہمیں ان الفاظ میں condemn کرینگی کہ پہلی legislation میں تو غلطی کا امکان ہے اس لئے کہ انسان خطا کا پتلا ہے لیکن بار بار غلطیاں کرنے کے باوجود پھر آدمی insist کرتا ہے غلطیوں پر تو ظاہر بات ہے کہ لوگ ہماری عقلوں کا ماتم کریں گے اور ہمیں بہت برے الفاظ سے یاد کریں گے ۔

میں جناب والا ۔ کے نوٹس میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ ابھی حال ہی میں ایک کیس سرگودھا ضلع ٹریبونل کے حوالے ہوا ہے ظلم کی انتہا یہ ہے کہ یہ کیس پہلے ایڈووکیٹ جنرل کو ریفر کیا گیا تھا ۔ اس کی قانون رائے اس معاملے میں معلوم کی گئی اور ایڈووکیٹ جنرل نے یہ رائے دی کہ انہوں نے اپنے پورے reasons ریکارڈ کئے کہ یہ کیس ٹریبونل میں نہیں جانا چاہئے لیکن اس کے باوجود ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ صاحب چونکہ عام طور پر judicial minded نہیں ہوتے ۔ ایگزیکٹو کے اختیارات جو ہیں اور اس کے جو اثرات ہیں اس کے تحت وہ فیصلہ کرنے کے عادی ہیں اس واسطے اپنے ایڈووکیٹ جنرل کی رائے کو بالکل بالائے طاق رکھتے ہوئے اور اس کو نظر انداز کرتے ہوئے اور اس کو ٹھکراتے ہوئے اور اس کو نظر انداز کرتے ہوئے راتوں رات اس کو ٹریبونل کے حوالے کر دیا ۔ جناب سپیکر ۔ اس قسم کا حال کا مسئلہ میں نے جناب کی خدمت میں پیش کیا ہے ۔ ابھی ابھی سرگودھا میں اس قسم کا کیس ٹریبونل کے حوالے کیا گیا ہے اور political consideration کے تحت کیا ہے ۔ اس قسم کی سفارشات پہنچی ہیں کہ اگر یہ کیس ٹریبونل کو نہ بھیجا گیا تو ملزم صاف بچ کر نکل جائیں گے ۔ بھئی ۔ خدا کے بندو ۔ اگر تمہیں کیس کو condemn کرنا ہے تو تمہیں کیا حق ہے کہ بغیر شہادت اور ثبوت کے اسے کنڈم کرو ؟ اگر آج اس کے نتائج و عواقب سے بچ سکتے ہو تو اللہ میاں کے یہاں کیا جواب دو گے ؟

جناب والا ۔ اس سلسلے میں جناب کی خدمت میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ اس قسم کے عظیم اختیارات ہمیں ایک شخصیت کے حوالے بلا خوف و خطر کرنا چاہئے جو judicial minded ہو اور جو امور قانون پر کامل دستگاہ رکھتا ہو کہ merit پر اس کیس کی کیا حالت ہے ؟ اور ظاہر بات ہے کہ اس ملک کی عدالتوں نے اس ملک کے جوڈیشل آفسرز نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ ان پر ایک حد تک اعتماد کیا جا سکتا ہے کہ وہ اپنے اختیارات کا صحیح استعمال کرینگے ۔ لیکن

ایگزیکٹو آفسرز کی بہت بڑی اکثریت اب تک جو ثبوت مہیا کئے ہیں وہ یہ ہیں ۔ کہ ان کے فیصلے ہمیشہ سیاسی اثرات کے تحت مرتب ہوتے ہیں ۔ اور اس طرح سے اکثر و بیشتر غلط فیصلے کئے جاتے ہیں ۔ ان حالات کی روشنی میں اپنی کلاز ۳ میں یہ امنڈمنٹ کہ یہ جو اپنے بڑے اختیارات کمشنر کو سپرد کئے جارہے ہیں ۔ جن کی حالت یہ ہے کہ اگر ہم میں سے کچھ لوگ کسی پارٹی بازی کے تحت کسی کیس میں ماخوذ شخص کے ساتھ دشمنی کرنا چاہیں یا اس سے انتقام لینا چاہیں تو اس پر سیاسی دباؤ ڈالتے ہیں اور کمشنر کو مجبور کرتے ہیں کہ اس کو ٹریبونل کے حوالے کیا جائے اس لئے کہ عام عدالتوں میں اس قسم کے کیس کامیاب نہیں ہو سکتے ۔ اس قسم کی حالت جب جناب والا ۔ روا رکھی جائے اور جیتے جاگتے بہ قائمی ہوش و حواس اس قسم کی قانون سازی کرنے پر تل جائیں تو بلا سے کوئی مرے کوئی زندہ رہے کوئی دوزخ میں جائے یا بہشت میں جائے ہمیں تو اپنا شناپ اندھا دھند legislation کرنی ہے ۔ تو جناب والا ۔ میں جناب کے توسط سے یہ بات اپنے دوستوں پر ظاہر کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ بھئی ۔ عالم بالا کی ہدایات پر یہ سب کچھ پاپڑ آپ پیل رہے ہیں ۔ تو خیر آپ مجبور ہیں لیکن اگر آپ بالکل independent ہیں اس قانون سازی میں تو آخر کیا وجہ ہے کہ آپ سابقہ تجربوں سے کوئی سبق حاصل نہ کریں ۔ سابقہ غلطیوں کی تلافی نہ کریں ۔ اب تک ہمارے ایگزیکٹو آفسرز جو گل کھلاتے رہے ہیں ۔ جناب والا ۔ ابھی کچھ کمشنروں کے حالات ہمارے سامنے تازہ بتازہ ہیں یقیناً وہ اس قسم کا moral .....

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ اپنے دلائل کا اعادہ نہ کریں ایک دفعہ کافی ہے ۔

راؤ خورشید علی خاں ۔ یہ بات تو میں نے پہلی دفعہ عرض کی ہے ۔

(قہقہہ)

تو میں جناب والا ۔ آپ کی خدمت میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ جو ہمارے ایگزیکٹو آفیسرز اور کمشنرز moral turpitude میں مبتلا ہو رہے ہیں ۔ اس ملک کی سپریم کورٹ نے جن کے اخلاق اور کردار کی نسبت مہر condemnation ثبت کی ہو ان لوگوں کو آج ہم پھر مزید اختیارات دے رہے ہیں ۔ میں آخر آپ لوگوں کے متعلق کیا سمجھوں ؟

(قہقہہ)

میں یہ سچ کہہ رہا ہوں کہ میں پورا allowance آپ کو دینا چاہتے ہوں ۔ پورے حسن ظن کے ساتھ سلوک کرنا چاہتا ہوں ۔ لیکن بڑے افسوس کی بات ہے کہ کوئی ایک بات بھی ایسی کرنے کے لئے آپ تیار نہیں ہیں ۔ کہ ہم جسے پسند کرنے کے لئے مجبور ہوں ۔ یعنی آخر کیا وجہ ہے ؟ مثلاً ہماری ترمیم میں جو تجویزیں پیش کی گئی ہیں وہ یہ ہیں کہ کمشنر کے بجائے سیشن جج کو یہ اختیارات دے دئے جائیں ۔ بھئی ۔ سیشن جج کو آخر اتنی بری مخلوق آپ نے کیسے سمجھ لیا ہے ؟

(قہقہہ)

یقیناً ایک judicial minded شخص جو ہے اس کو تو اختیارات دینے کے لئے آپ تیار نہیں ہیں اور جس شخص یعنی کمشنر کو judicial mind کو بروئے کار لانے کی سعادت تک نصیب نہیں ہوئی ہمیشہ ان کے فیصلے آپ دیکھئے جناب سپیکر ۔ ہمیشہ ان کی condemnation اس طرح ہوتی ہے انہوں نے ulterior motive کے ساتھ بلکہ exterior motive کے ساتھ یہ فیصلے کئے ہمارے جو جوڈیشل آفیسرز ہیں ان کو تو انسانی خامیوں کے باوجود میں آج یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہماری عدالتوں نے تمام خامیوں کے باوجود اس ملک میں عدلیہ کے وقار کو بڑا اونچا کیا ہے ۔

(نعرہ ہائے تحسین)

یہ کتنا بڑا ظلم ہو گا کہ جن لوگوں نے بڑے نا خوشگوار حالات میں بھی عدلیہ کے وقار کو انجام کو دینے کی کوششیں کی ہے آج ان سے اختیارات چھینے جا رہے ہیں - اور ایگزیکٹو آفیسرز جنہوں نے اختیارات کا غلط استعمال کیا ہے - ان کو اور مزید اختیارات دئے جا رہے ہیں - ان الفاظ کے ساتھ میں حمزہ صاحب کی ترمیم کی تائید کرتا ہوں -

علامہ رحمت اللہ ارشد (بہاولپور ۲-)جناب صدر- میرے فاضل دوست جناب عبدالوحید خان صاحب نے اس بل پر تقریر کرتے ہوئے ایک نہایت ہی قیمتی فقرہ ارشاد فرمایا تھا - کہ ہم نہ صرف اس ہاؤس میں قانون سازی کر رہے ہیں - بلکہ اس میں تاریخ کے ابواب مرتب ہو رہے ہیں میں اس فقرے سے اتفاق کرتا ہوں - مجھے عرض صرف اتنا کرنا ہے کہ آج ہم سب یا ہم میں سے بھاری اکثریت اس لئے اس مقننہ کے ایوان میں جمع ہوئی ہے کہ ہم عدالتوں کو مفلوج کر کے زیادہ سے زیادہ اختیارات انتظامیہ کے ہاتھ میں دے دیں -

(نعرہ تحسین)

میں محسوس کرتا ہوں کہ آئیندہ آنے والی نسلوں کا معاملہ جیسا کہ میرے فاضل دوست راؤ خورشید علی صاحب نے فرمایا ہے وہ تو دور کی بات ہے ہمارا یہ فیصلہ عوام کا یہ فیصلہ اس قوم کو اس ملک اور اس صوبے کے پانچ کروڑ عوام کو اس ہاؤس سے مایوس کر دے گا جنہوں نے مارشل لاء کے بعد اس ایوان سے بہت سی امیدیں وابستہ کی ہیں -

(نعرہ تحسین)

مجھے کہنے کی ضرورت نہیں ہے کسی مہذب - متمدن - ترقی یافتہ باصول ملک اور اس ملک کی حکومت کی ہمیشہ سب سے زیادہ کوششیں یہ ہوتی ہے کہ وہ ایگزیکٹو کو

عدلیہ کے تحت فرائض انجام دینے کی اجازت دینے اور انتظامیہ کو ہر لحاظ سے عدلیہ کے ماتحت کر دے لیکن آج ہمارے دوست اس بات پر مصر ہیں کہ ایگزیکٹو ہی مستغیث بن کر مقدمہ میں سامنے آئے اور ایگزیکٹو ہی عدلیہ کی صورت میں اس مقدمہ کا فیصلہ کر دے ۔

(نعرہ تحسین)

میرے فاضل دوست میاں یسین خان وٹو نے انتہائی نیک نیتی سے یہ ترمیم پیش کی ہے مجھے ان کی نیت پر شبہ کرنے کا کوئی حق نہیں ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم نے اس ''کالے قانون'' میں سفیدی کا اضافہ کیا ہے ۔ ہو سکتا ہے کہ یہ صحیح ہو مگر میری رائے یہ ہے کہ یہ ''گند در گند اور آسا نند'' ہے اس میں سے جتنے کیڑے بھی نکالینگے یہ پھر بھی گند ہی رہے گا ۔ اب جیسا کہ راؤ خورشید علی صاحب نے بیان فرمایا ہے کہ ہم سب کو اس سے اتفاق کرنا چاہئے کہ آزادی کے بعد جن مصائب سے ہمیں دو چار ہونا پڑا ۔ جن سیاسی مصائب سے ہمیں دو چار ہونا پڑا جن سیاسی مصلحتوں نے اس ملک کے اندر وبال لایا اس میں اگر کوئی روشنی کی امید اس ملک کے اندر تھی تو وہ ہماری عدالتیں تھیں وہ ہماری عدالتیں ہی تھیں جو مشکل حالات میں انصاف کے تقاضے پورے کرتی رہیں اور لوگوں کو امیدیں اس کے ساتھ وابستہ رہیں ۔ لیکن یہ منحوس دن ہمیشہ یاد گار رہے گا ۔ کہ آج ہم عدلیہ کو مفلوج کر کے بیکار کر کے انتظامیہ کو زیادہ سے زیادہ اختیارات دے رہے ہیں ۔

(نعرہ تحسین)

اس طرف جو وکلائے کرام تشریف رکھتے ہیں میں ان کے قانونی فہم و فراست کو اپیل کرتے ہوئے یہ کہتا ہوں ۔ کہ خدا را وہ اپنے قانون دانی کے فرائض بھی پہنچائیں ۔ یہ

ٹھیک ہے کہ جس قسم کے انتخابات ہوئے ان میں ہم عوامی نمائیندگی سے متہم ہو کر یہاں پہنچ گئے ہیں - اس تہمت کو چھوڑ دیجئے لیکن ان کے اپنے کچھ فرائض بھی ہیں - اور زیادہ سے زیادہ گران بار فرائض یہ ہیں کہ ہمیں عدلیہ کو زیادہ سے زیادہ اختیارات دینے چاہئیں - اس لئے میں نے خود بھی ترمیم پیش کی ہے کہ کمشنر کی بجائے ڈویژن کے سینئر ترین سیشن جج کو یہ اختیارات ہونے چاہئیں تاکہ وہ اپنی judicial sense کے ساتھ کسی چیز کا فیصلہ کر سکیں -

Mr. Senior Deputy Speaker: Mr. Khuhro may speak, but he will have to put before the House new points. I will not allow him to repeat what has been already said.

Mr. Ali Gohar Khuhro: Sir every one will have new ideas.

Mr. Senior Deputy Speaker: Yes, give us some new ideas.

مسٹر علی گوہر کھوڑو (لاڑکانہ - ۲)—مسٹر سپیکر - میں مسٹر حمزہ اور راؤ خورشید علی خان کی ترامیم کی حمایت کرتا ہوں- ہم سب کا یہ مقصد ہے - آپوزیشن میں ہوں یا گورنمنٹ بنچز میں کہ ہم وہ قانون پاس کریں جس سے بے انصافی کسی غریب سے غریب آدمی کے ساتھ بھی نہ ہو - ہم سب کا یہ مقصد ہے اور اس مقصد کے لئے ہم یہاں آئے ہیں - لیکن گورنمنٹ پارٹی کی طرف سے اس بل میں کلاز کی کلاز اڑا دی گئی ہیں جو کہ لاء ڈیپارٹمنٹ نے قوم کے لئے اچھی خاصی سمجھ کر رکھی تھیں -

یہ ترامیم جو اسوقت زیر غور ہیں ان کے ذریعہ ہم چاہتے ہیں کہ کمشنر کی بجائے سیشن جج ہونا چاہئے - اس میں کیا اعتراض ہو سکتا ہے ؟ اس میں کیوں اعتراض ہے ؟ میں گورنمنٹ پارٹی سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا وجوہات ہیں کہ وہ ڈسٹرکٹ ججز کو trust نہیں کرتے کہ یہ چیز ان کے سپرد کر دیں - یہ میں لاء منسٹر صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس چیز کی کیوں مخالفت کی جاتی ہے ؟ یہ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ جو ڈسٹرکٹ جج ہیں جب کہ کاغذات وغیرہ ان

کو ڈپٹی کمشنر کے دفتر سے جلدی پہنچ سکتے ہیں تو کیا وجوہات ہیں کہ ڈسٹرکٹ جج کو اس ٹریبونل کے اختیارات نہیں دئے جاتے ؟ اور جب تک اس چیز کا کوئی logical جواب گورنمنٹ بنچز سے نہیں آئے گا کم از کم میں تو مطمئن نہیں ہونگا کہ یہ بل غلط استعمال نہیں ہوگا ۔

گورنمنٹ پارٹی کے ممبر اس ہاؤس میں تالیاں بجا رہے ہیں لیکن ایک دن جیسا کہ والپول نے کہا تھا ۔

"You are ringing bells but a time will come when you will wrench, your hands.

ان الفاظ کے ساتھ میں تقریر ختم کرتا ہوں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Does Mr. Memon want to reply ?

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon : Sir, my friend has raised an objection why Government is not prepared to substitute a Sessions Judge for a Commissioner. It is not as implicitly suggested by the Members on the Opposition side that the Government has no confidence in the judiciary or the Sessions Judges, but it is just the opposite of it. As stated by the Law Minister today on the floor of this House, the Government have got full confidence in the sense of justice, integrity and the intelligence of the judiciary.

Khawaja Muhammad Safdar : This is lip service only.

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon : And it is precisely for this reason why the Government does not want a Sessions Judge to be put into an embarrassing situation. Sir we know it that the powers of a Sessions Judge under the Criminal Procedure Code and other laws are not taken away by the enactment of this Act. When a case is pending investigation and an application is made for bail before the Sessions Judge of the District, to dispose of that application on merits the Sessions Judge has got to say why he accepts the application or why he refuses it. At the stage the matter comes before a court of law, the Act has provided that a case can be withdrawn from the files of a Magistrate before a charge is framed. Till then it is not unlikely that the Sessions Judge has to deal with that particular case in his judicial capacity as a Sessions Judge on the judicial side. When Sir, a case comes before him and, as is suggested, if this power is given to the Sessions Judge, he has to put on paper, as this House has now by this time passed that clause, he has to record the reasons why he thinks it inexpedient that a particular case should not be tried in an ordinary court. Having put that reason on record if during the pendency of the

case before a charge is framed, the matter comes up to him either on the revisional side or the like, the Sessions Judge will find himself in a very embarrassing position because having stated his reasons on merits in connection with the matter pending before him, it may be practically impossible for him to deal with that case judicially. If he refuses to make a reference, the Magistrate continues to deal with the case, gives any conviction and appeal is filed before him. It is likely that there is going to be a conflict of decisions and of opinions by the same authority in the same matter on similar facts.

Sir this House is aware that during the Martial Law days, the Martial Law authorities had written to the effect.....(interruption).

Mr. Senior Deputy Speaker: Mr. Kirmani, should have patience.

Khawaja Muhammad Safdar: We are all attention.

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon: .....that a Judge/Magistrate should be associated with the tribunal. The Government made a reference but the High Court strongly objected and resented the association of a Judge/Magistrate to sit with the Army officers and other Magistrates as a Judge. So if a Sessions Judge is substituted, the High Court may take a similar attitude that in these matters why District Officer, who has got to decide everything judicially in the district, should not associate himself with any such matter. I, therefore, Sir repeat that the move is just to make and allow the Sessions Judge to remain independent to have the sense of judgment, which is expected of him.

Mr. Senior Deputy Speaker: The question is:

> **That in the amendment given notice of by Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo and others, appearing at Serial No. 13 in the 6th Revised List, in proposed Clause 8, sub clause (1), for the word 'Commissioner', occurring in lines 1 & 8, the words "Sessions Judge", be substituted.**

Mr. Senior Deputy Speaker: I think we can sit for half an hour more.

(voices – no, no)

Syed Ahmed Saeed Kirmani: We are sorry, Sir, because we have already made our appointments.

خواجہ محمد صفدر—جناب والا ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ مسودہ قانون میں کافی دقتیں ہیں ن کو دیکھنے اور تیاری کرنے کے لئے بھی کچھ وقت چاہئے یہ ننھی منی سی آپوزیشن ہے ۔ سارا دن کام کرنے کے بعد آخر ان کی بھی کوئی engagements ہوتی ہیں اسلئے میں درخواست کرونگا کہ ٹائم extend نہ کیا جائے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: The House is adjourned to me t again at 9.00 a.m. tomorrow.

(*The Assembly then adjourned till* 9-00 *a.m. on Thursday the* 11*th April,* 1963.)

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

THIRD SESSION OF THE FIRST PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Thursday, the 11th April, 1963

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9-40 a.m. of the Clock. Mr. Speaker, Mr. Mobinul Haq Siddiqui, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an and its translation by Qari Ali Hussain Siddiqui, Qari of the Assembly.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ ؕ
كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِيْحَهٗ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ۝ وَلِلّٰهِ
مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ۝ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ
يُزْجِيْ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهٗ ثُمَّ يَجْعَلُهٗ رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ
مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ جِبَالٍ فِيْهَا مِنْۢ بَرَدٍ فَيُصِيْبُ بِهٖ
مَنْ يَّشَآءُ وَيَصْرِفُهٗ عَنْ مَّنْ يَّشَآءُ ؕ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهٖ يَذْهَبُ بِالْاَبْصَارِ ۝
يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ۝

پ ۱۸ س ۶۴ ع ۱۲ آیات ۱ تا ۴

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ کی پاکی بیان کرتی ہیں جو بھی (مخلوقات) زمین و آسمان میں ہیں اور پرندے بھی جو پر پھیلائے ہوئے اڑتے پھرتے ہیں سب کو اپنی اپنی دعا اور تسبیح معلوم ہے۔ اور اللہ ان لوگوں کے تمام اعمال سے پوری طرح باخبر ہے۔ اور اللہ ہی کی حکومت ہے آسمانوں اور زمین میں اور اللہ ہی کی طرف سب کو لوٹ کر جانا ہے۔ کیا تم کو یہ بات معلوم نہیں کہ اللہ (ایک بادل) کو دوسرے بادل کی طرف چلتا کرتا ہے پھر اس بادل کو ملا دیتا ہے پھر اس کو تہہ بتہہ کر دیتا ہے پس تم دیکھتے ہو کہ بادلوں سے بارش ہونے لگتی ہے پھر اس بادلوں کے بڑے بڑے پہاڑوں سے اولے برساتا ہے پھر جس پر چاہتا ہے گرا دیتا اور جس سے چاہتا ہے اسکو ہٹا دیتا ہے۔ اور اس بادل کی بجلی کی چمک کی یہ حالت ہوتی ہے بس ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا اب اس نے آنکھوں کی بینائی لی۔ (اس طرح) اللہ رات و دن کو بھی بدلتا رہتا ہے بیشک ان سب میں اہل دانش کیلئے عبرت کے (مواقع) ہیں۔ وما علینا الا البلاغ۔

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

CONSTRUCTION OF SMALL DAM AT KUNDAL (TEHSIL SWABI)

*2181. **Khan Ajoon Khan Jadoon :** Will the Minister of Agriculture be pleased to state whether it is a fact that the construction of a small dam at Kundal (Tehsil Swabi) has been approved by the Divisional Council, Peshawar, if so, (*i*) the estimated cost thereof, (*ii*) the amount sanctioned for the purpose, (*iii*) the total areas of land likely to be irrigated by it and the time by which it will start functioning ?

Refusal by Government to post pone auction of Guddu Barrage lands in Rohri subdivision

Mr. Speaker : First of all I will take up the adjournment motion sought to be moved by Mr. Ali Gohar Khuhro on 8th April regarding auction of lands in Guddu Barrage. Further consideration of the question of its admissibility was postponed to this day. What has the Minister concerned to say about these lands in the Guddu Barrage.

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں محمد شریف)—جناب سپیکر ۔ یہ لیڈز آف دی ھاؤس کی طرف سے ان کا statement اخبارات میں آ چکا ھے ۔ اگر اجازت ھو تو عوام کی معلومات کے لئے پڑھ دیتا ھوں ۔

گدو بیراج کے علاقے میں مزید آراضی کا نیلام روک دیا گیا ھے ۔
اس علاقے میں آراضی کا نیلام فوری روک دیا گیا ھے تاکہ گدو بیراج کے تحت دس لاکھ ایکڑ سے زاید آراضی میں سے تقریباً ۲۳ ھزار ایکڑ آراضی کے نیلام کا قبل ازیں فیصلہ ھو چکا ھے ۔ اس علاقے میں وہ متاثر نہ ھو گی ۔

Mr. Ali Gohar Khuhro : Who are you ?

Mian Muhammad Sharif : I am a member of this House.

آپ خاموشی سے سنیں ۔ مداخلت نہ کریں ۔ بدیہی طور پر اس علاقے میں کل قابل کاشت آراضی کا ایک معمولی سا حصہ ھے ۔ جناب والا ۔ ۲۳ ھزار ایکڑ آراضی جس کا تصفیہ پہلے ھو چکا ھے ۔ مزید دس ھزار ایکڑ پہلے کی طرح تقسیم کیا جائے گا ۔

Major Sultan Ahmed Khan : On a point of order. I think the answer to the adjournment motion should be given by the Minister and not by a member of the House.

مسٹر سپیکر۔میجر صاحب کہہ رہے ہیں کہ پارلیمنٹری سیکرٹری کے بجائے وزیر متعلقہ اس کا جواب دیں ۔

مسٹر علی گوہر کھوڑو۔میرے ایڈجرنمنٹ موشن کے متعلق اس ہاؤس کو کچھ غلط فہمی ہے ۔ میں ان کی انفرمیشن کے لئے آپ کی وساطت سے عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ یہ زمین جو ۱۵ اپریل کو ایاڑو اور گھوٹکی وغیرہ میں نیلام ہو گی یہ وہی زمین ہے ۔ جو وہاں کے آدمی گذشتہ بیس پچیس سال بلکہ تیس سال سے پٹہ پر لے کر آباد کر رہے ہیں ۔ زمین آباد ہے ۔ ٹیوب ویل وہاں لگے ہوئے ہیں ۔ وہ developed land ہے اگر یہ زمین auction کر کے کسی اور کو دی گئی تو .....

Mr. Speaker : General principles in the motion of Mr. Khuhro have already been discussed.

Mr. Ali Gohar Khuhro : I am giving a statement of facts.

Mr. Speaker : No statement of facts.

Minister of Agriculture and Law : There is a press communique from the Government. With your permission I will read it.

مسٹر علی گوہر کھوڑو۔میری گذارش یہ ہے کہ آسمان نہیں گر جائے گا ۔ قیامت نہیں آ جائے گی اگر آپ پندرہ روز یا ایک ماہ کے لئے یہ auction جس میں پندرہ ہزار سے زاید آدمیوں کی زندگی کا سوال ہے نیلام نہ کریں ۔ یہ اگر وہاں سے ہٹا دئے گئے تو وہ کیسے دوبارہ آباد کئے جائیں گے ؟ یہ ایک اور مسئلہ آباد کاری کا پیدا ہو جائے گا ۔ لیڈر آف دی میجارٹی نے کہا ہے کہ .....

Mr. Speaker : They have said that they have already postponed the auction.

Mr. Ali Gohar Khuhro : I make the members of UNO to understand it. (Interruptions)

Mr. Speaker : It is the Provincial Assembly of West Pakistan.

Mr. Ali Gohar Khuhro : I think it is UNO. (Interruptions)

آپ تحمل سے سنیں ۔ میں کسی پر نکتہ چینی نہیں کر رہا ہوں ۔ اور نہ کسی نکتہ چینی کی وجہ سے یہ ایڈجرنمنٹ موشن لایا ہوں میں صرف عوام کی فریاد لایا ہوں ۔ آپ میجارٹی میں ہیں سنئے یا نہ سنئے ۔

I want to give you facts.

Mr. Speaker : I do not want facts.

Mr. Ali Gohar Khuhro : I will speak on technical points, but before that I will read one telegram which I got yesterday.

Mr. Speaker : Do not read telegrams, please.

Mr. Ali Gohar Khuhro : Sir the telegram says :

Reference proposed sale of lands in Guddu Barrage area kindly represent case of lease holders since 1960 particularly those having sunk Tubewells at huge cost and labour AAA protection essential to avoidgrave injustice and ruining consequences Karam Illahi Malik. For Tubewell owner lessees.

ہم تو یہ کہتے ہیں کہ یہ زمینیں وہ آباد زمینیں ہیں جو آپ ریل گاڑی سے لاہور سے کراچی جاتے ہوئے گھوٹکی وغیرہ کے علاقہ میں دیکھتے ہیں ۔

Mr. Speaker : I think the member has made his case.

(Interruptions)

حاجی عبدالمجید جتوئی ۔۔ہم کچھ کہیں بھی نہیں ؟

مسٹر سپیکر ۔۔آپ کو موقع دیں گے ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

Minister of Agriculture and Law : Before reading this communique I would like to say that I was really surprised to hear from Mr. Khuhro disowning his nationality as a Pakistani and saying that here are 'United Nations' and he disowned his nationality. We are one nation.

یہاں ایک قوم بیٹھے ہیں ہم ۔ اور وہ کہتے ہیں کہ یہاں مختلف اقوام بیٹھی ہیں ۔ یہ سن کر ہمیں افسوس ہوا ہے کہ اس ملک میں دو قومیں آباد ہیں ۔ خدا کے نام پر یہاں دو قومیں نہ بناؤ ۔ ہم ایک قوم ہیں ۔

Mr. Speaker : We are not United Nations but United Pakistanis.

چودھری سعی محمد۔۔پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب ۔ آپ نے فرمایا ھے کہ دو قومیں نہ بناؤ ۔ ھم تو بالکل آپ کے حکم کی تعمیل کرتے ھیں ۔ پنجاب کی زمینوں سے تو آپ نے پہلے لوگوں کو علیحدہ کر دیا ہے اور زمینوں کو فروخت کر دیا ھے ۔ اور ان کے متعلق یہ حکم دے رھے ھیں کہ auction روک دیا ھے ۔ پھر بھی وہ چپ نہیں کرتے ۔

مسٹر سپیکر۔۔یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ھے ۔

Minister of Agriculture and Law : Here is a statement issued in the form of a press communique :—

There will be no further auction of land in the Guddu Barrage area until the committee set up by Sheikh Masud Sadiq, Leader of the House in the Provincial Assembly submits its report to the Council of Ministers.

This assurance is contained in a Press statement issued on Thursday by Sheikh Masud Sadiq, Minister of Finance and Information, to allay undue apprehensions about the disposal of Guddu Barrage land.

The statement also assures that the ratio of land to be given to locals in the Guddu Barrage area, would not, in any case be less than that in the Ghulam Mohammad Barrage area. This ratio will prevail in respect of all categories and grades of land available in the Guddu Barrage.

Following is the text of Sheikh Masud Sadiq's statement ;

"I have been informed that there are still certain misapprehensions in the minds of the local population about Government's policy regarding the disposal of land in Guddu Barrage area. Actually there should have been no ground for any doubt or fear after I announced in the House that a committee had been set up by me to go into the whole question of disposing of agricultural land under the Guddu Barrage.

However, in view of some misgivings expressed to me I wish to announce in categorical terms that no further auction of the land in Guddu Barrage area will take place until the Committee has submitted its report to the Council of Ministers, and the Council of Ministers has taken a decision on it. All land auction in that area has been stopped with immediate effect."

Mr. Ali Gohar Khuhro : If he says that the auction fixed for 15-4 63 is also cancelled then I accept it.

Minister of Agriculture and Law : Just hear me. That is another thing. It will be for the House to judge how far the Government has gone.

It is not individually for Mr. Khuhro to make a judgement.

Mr. Ali Gohar Khuhro : I have no intention to buy land.

Minister for Agriculture and Law : For God's sake you are a Pakistani.

Mr. Ali Gohar Khuhro : I am more Pakistani than you are.

Minister for Agriculture and Law :

"All land auction in that area has been stopped with immediate effect. It must be appreciated, however that some 23 thousand acres of land out of over a million acres under the Guddu Barrage, already decided to be auctioned, cannot be affected. As is obvious, this acreage is only an iota of the total culturable land available in that area.

I also wish to assure the local population that the ratio of land to be set apart exclusively for locals in the Guddu Barrage area would not, in any case, be less than the ratio prevailing in the Ghulam Muhammad Barrage area. This ratio will apply, according to percentage basis, to all categories and grades of land in Guddu Barrage, without any exception.

I should like to reiterate that we are treating this issue with earnestness, honesty and complete frankness and I am sure that the conclusions reached by the Special Committee will be to the satisfaction of all concerned. I may state that the Committee will give thorough attention to every detail of the matter and no aspect of the problem will be ignored or neglected. Members of the Committee will visit the area so that they have a complete picture of the issue in their minds before they make any recommendations.

Mr. Ali Gohar Khuhro : On a point of personal explanation.

Mr. Speaker : No personal explanation at this stage.

Mr. Ali Gohar Khuhro : The Minister has passed certain remarks.

Mr Speaker : You may take up the question after the adjoutnment motions are over.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : I hope I am voicing the feelings of all the Members from Sind when I say that we are not at all satisfied with this statement. Sir, our demand was that the auctions which have been scheduled to take place on the 15th should be stopped immediately. Now, there is no assurance on that point. On the contrary the reply is that these auctions will proceed.

Now, Sir, a Committee has already been appointed to go into that question. I would suggest that till the Committee gives its findings future auctions should be stopped. What would happen if these auctions are postponed for a week, ten days or fifteen days. Shall I give you a reason why the auctions are not being postponed and why we want postponement of these auctions ?

Sir, there is a persistent demand from the people of Rohri Division and right now meetings are being held there and all papers carry editorials on this point. The demand is that the auctions should be postponed till the Committee takes a firm and final decision.

The reasons for this demand are that these lands comprise several villages, in which the locals are living, and the lands, which are to be auctioned, surround those villages.

Mr. Speaker : I want some points on admissibility and not on facts.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : Sir there has not been any objection from the other side.

Mr. Speaker : There is no question of any objection. It is my business to see that the members talk on the admissibility. I want to know whether Mr. Jamali's resolution has not already been discussed here.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : Sir Mr. Jamali's resolution was that 50 per cent land should be reserved for the locals, and my motion is that the auctions should be stopped.

Minister of Agriculture & Law : This is not a speech on the admissibility.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : Sir on what point do you want me to speak ?

Mr. Speaker : That a resolution on this subject has already been discussed.

Minister of Railways (Mr. Abdul Waheed Khan) : On a point of order Sir. My point of order is this that the other day this matter was postponed for one day. I had raised a preliminary objection when you had put this matter before the House that it was not a matter of recent occurrence and this matter has already been discussed. It was only in order to give an opportunity to the Members to get some sort of statement from the Government. A categorical statement has been made by the Government, which may satisfy them or not, that is a different thing. It is not a motion. It is an adjournment motion. It is a matter which requires the adjournment of the business. On that matter we have given an assurance. It may be palatable to them or not, that is a different matter. But my preliminary objection to this was that is not a matter of recent occurrence. It has already been discussed. It should be ruled out of order only on that point. You should not allow general discussion.

Mr. Speaker : I am not permitting general discussion. I agree that they should talk on the admissibility. That is of course in the absence of any objection from Government side, which the Minister should have noted. I have already agreed with the Minister's point of order.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : Sir this is a recent matter Nobody can deny that the question of local auctions arose on the 6th when a statement was made in this House by the Revenue Minister that Government had refused to postpone these auctions. On the 7th we gave an adjournment motion.

Mr. Speaker : I want to know, again I repeat because this is the basic query, I want a clarification of rule 49 (*iii*) which says—

> "The motion shall not revive discussion on a matter which has been discussed in the same session."

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : Sir are you satisfied on the first point that this is recent.

Mr. Speaker : Yes.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : I will now go to the next point. The motion must be allowed because the resolution of Mr Jamali was different. It was to the effect that 50 per cent land should be reserved for the locals, and this adjournment motion relates to postponement of auctions, which are scheduled to be held on the 15th. I ask you whether this is a similar matter, or these are two distinct matters. Moreover, the motion of Mr. Jamali was not admitted. It was not discussed. This rule says that a matter, which has been discussed already, shall not be revived. Now you know a matter cannot be discussed unless it is admitted.

Minister of Railways - Sir it was ruled out of order. Same principle applies here.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : No No.

Mr. Speaker : Was this issue of postponement not discussed in the resolution of Mr. Jamali ?

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : I think it is a different matter.

Mr. Speaker : I think there was long discussion.

Minister of Railways : Principle is the same.

Mr. Speaker : It is alright ; I have heard the member now.

Mr. Ali Gohar Khuhro : Sir the truth will get them one day.

Haji Gul Hassan Mangi (Sukkur I) : Sir this matter has been discussed in the adjournment motion already moved by Mr. Jamali. Only the name is changed. Mr. Jamali's adjournment motion was that 50 percent of land should be reserved for the locals and in this motion it is said that auctions of land to be held from the 15th April should be postponed, as no proper distribution of the land has been made yet and the committee has not submitted the report. Sir we are thankful to Malik Qadir Bakhsh, who has given an assurance for the distribution and re-appointment of the Committee, when the demand of the people is that no auction should be held unless it satisfies the people. Sir when there is a demand from the public then why should we hesitate. Government is not going to lose anything. They can auction it again. It is only a demand for postponement. They are not saying that we should be given land.

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon : I think a little more clarification will considerably ease the situation Firstly, we would like to know whether this Press Note, which has now been read out in the House, has been issued by the Government after a deputation of Sind MPAs met the leader ;

Secondly, whether the decision of the Committee announced on the floor of this House earlier remained in tact or has been modified or changed;

Thirdly, we would certainly like to know the views of our representatives in the Cabinet. Both of them fortunately are present in this House, so that we should have guidance from them.

مسٹر محمد اکبر کانجون۔۔جناب والا ۔ گدو بیراج کی زمین کی تقسیم کے سلسلہ میں آج صبح پاکستان ریڈیو کی خبروں میں یہ بتایا گیا تھا کہ ۱۶ آدمیوں کو نامزد کر دیا گیا ہے ۔ ان میں ۴ وزیر صاحبان ہیں ۔ کچھ صوبائی اسمبلی اور کچھ مرکزی اسمبلی کے ممبران ہوں گے ۔ کیا ان کے نام بتائے جا سکتے ہیں ۔

وزیر زراعت و قانون۔۔کیوں نہیں ۔ ان کے نام دئے ہوئے ہیں ۔

بابو محمد رفیق۔۔پوائنٹ آف انفارمیشن ۔ ابھی جو کھوڑو صاحب نے statement دی ہے ۔ اس سلسلہ میں میں حکومت سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ ۱۹۶۰ء کے Lessees کا معاملہ بھی consider ہوا ہے یا نہیں ۔ جیساکہ حکومت کی عادت ہے کہ بلوچستان کو ignore کیا گیا ہے ۔ اس کمیٹی میں بھی ہمارا کوئی نمائندہ نہیں ۔

Mr. Speaker : This is an adjournment motion. Point of information is not allowed at this stage.

ڈاکٹر بیگم اشرف عباسی۔۔اس کی admissibility اس وجہ سے ہے کہ پہلے ایک Adjournment Motion اس Region میں ۵۰ فیصد الاٹمنٹ کے متعلق تھی ۔

That was regarding 50% of land being reserved for the locals.

اور اب اس Adjournment Motion میں یہ Discuss ہو گا ۔

Whether after forming the committee the present auctions will be postponed, and they said more auctions will not take place. The thing is that due to auctions, which are taking place, there are so many local lessees, who will be displaced. So we want to know from the Government whether they will consider this thing at the time of con-

firmation of auctions, which have already taken place, because they will displace local lessees, who have sunk their tubewells and they have brought the land under cultivation. So I would like to know from the Government whether at the time of confirmation of the auctions, they will consider the local lessees, who have sunken their tubewells already.

مسٹر محمد ابراهیم برق۔جناب والا ۔ گدو بیراج کی زمین کی تقسیم کے سلسلے میں assurance لی جا رہی ہے ۔ اور مطالبات پیش کئے جا رہے ہیں ۔ اور میں جناب وزیر مال کی خدمت میں عرض کرونگا ۔ کہ جب یہ کمیٹی فیصلہ کرنے لگے تو اس وقت کالا باغ کی نہر سے متاثر ہونے والے زمین دار جو ضلع میانوالی کے ہیں یا مظفر گڑھ کے جن کی ۸۰ فیصدی آراضی دس روپے فی ایکڑ خریدی گئی ۔ اور وہ زمین ہزار روپے ایکڑ کی ہے ان لوگوں کا بھی خیال رکھا جائے ہمیں بھی یہ assurance دی جائے ہمیں assurance کیوں نہیں دی جا سکتی ۔ . . . . . (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : This has nothing to do with the adjournment motion.

حاجی عبدالمجید جتوئی۔یہ جو adjournment motion ہے یہ اس سے separate ہے ۔ یہ auction کو بند کرنے کے لئے ہے ۔ یہ ہلاکو اور چنگیز خاں کی حکومت ہے ۔ یہ ہمارے زخموں پر نمک ڈال رہے ہیں ۔ مجھے سخت افسوس ہے کہ آپ ہم لوگوں سے کیا کر رہے ہیں ۔ چوبیس لاکھ ایکڑ زمین کی auction اگر postpone ہو جائے اور اس کا فیصلہ کمیٹی کے بعد ہو جائے تو کیا حرج ہے ۔ غریب لوگوں کے ٹیوب ویل لگے پڑے ہیں اور اب ان کو بے دخل کیا جا رہا ہے ۔ یہ ہلاکو اور چنگیز خاں سے بدتر ہے (قطع کلامیاں اور شور)

Mr. Speaker : Yes Khan Sahib.

Mir Muhammad Murad Khan Jamali : I should be given a chance. I have stood up for so many times but you have not given me any chance to speak.

Mr. Speaker : If this is the attitude adopted by the member then I am not going to give any chance.

چودھری سعی محمد۔جناب یہ سندھ کے رہنے والے ہیں ۔ یہ باز نہیں آئینگے ۔

Mir Muhammad Murad Khan Jamali : But this is my right I must speak.

Mr. Speaker : This is the discretion of the Speaker. He should apologise for his behaviour otherwise I will not allow him to speak.

Mir Muhammad Murad Khan Jamali : I will apologise provided you give me a chance.

Mr. Speaker : The member should assure me that he will not speak in such an objectionable tone in future.

Mir Muhammad Murad Khan Jamali : Alright, I apologise.

Dr. Mrs. Ashraf Abbasi : Sir, just now when you said to Mr. Jamali that he should behave properly, on that, Chaudhri Sai Muhammad said that he will not behave properly because he belongs to Sind. Does he mean to say that all the Sindhis do not behave properly ?

مسٹر سپیکر۔چودھری صاحب اپنے الفاظ واپس لیں ۔

چودھری سعی محمد۔جناب والا ۔ میں نے یہ اس لئے کہا ہے کہ یہ معاملہ بھی سندھ کا ہے اور وہ بھی سندھ کے ہیں ۔ آپ کا حکم ہے تو میں واپس لیتا ہوں ۔

Dr. Mrs. Ashraf Abbassi : Sir, we strongly protest. He has insultued all the Sindhis in that way.

Mr. Speaker : He has withdrawn. It is now clear. Yes, Mr. Jamali, please be quick.

میر محمد مراد خاں جمالی۔جناب والا ۔ فضل بر مکی خلیفہ ہارون الرشید کے وزیر تھے ان کا قول ہے کہ . . . . . .

مسٹر سپیکر ۔خلیفہ ہارون الرشید کی کونسی اسمبلی تھی جس کی رولنگ quote کر رہے ہیں ۔ اس کا یہاں کیا تعلق ہے ۔

میر محمد مراد خاں جمالی۔اس کے ساتھ تعلق ہے اور اگر نہ بھی ہو تو میں تعلق پیدا کر دیتا ہوں وہ فرماتے ہیں کہ جو حکمران دنیا میں دولت جمع کرتے ہیں ان کی حالت ایسے انسان کی سی ہے جو اپنا گوشت کھا رہا ہو یہ اراضیات کی ویرانی کا تعلق ہے اور صرف گورنمنٹ چاہتی ہے کہ اس کو

فروخت کر کے روپیہ وصول کر لے حکومت سے میری مراد گورنر یا صدر نہیں - حکومت سے میری مراد وہ لوگ ہیں جو اس ملک پر حکمرانوں کی حیثیت سے ہم پر مسلط ہیں - وہ نوکر شاہی کی حکومت جو اس ملک پر مسلط ہے مزارعین چاہے سندھ سے ہیں پنجاب سے ہیں صوبہ سرحد سے ہیں - کہیں سے بھی ہوں میں سمجھتا ہوں ان اراضیات پر سب کا حق ہے لیکن سب سے مقدم ان کا حق ہے جو وہاں موجود ہیں جو وہاں کے باشندے ہیں - اس کے بعد ان کو دیا جائے جن کے پاس زمینیں نہیں ہیں ان کا حق پہنچتا ہے اس لئے یہ auction قطعاً بند ہونا چاہئے . . . . . .

(قطع کلامی)

میری تحریک التوا اس سلسلے میں نہیں تھی - آپ نے یہ تحریک التوا اخلاقاً admit کر لی ہے میرا یہ مطالبہ ہے کہ گورنمنٹ assurance دے کہ یہ نیلامی نہیں کریں گے - آپ اس کو admit کر چکے ہیں . . . . . .

(قطع کلامی)

میں دیکھنا چاہتا ہوں کہ سندھ کے جو وزراً اور ایم - پی - اے ہیں وہ سندھیوں کے حقوق کی حفاظت کرتے ہیں یا نہیں -

وزیر امداد باهمی—کیا یہ موشن ایڈمٹ کر لیا گیا ہے -

مسٹر سپیکر—نہیں بالکل نہیں -

وزیر امداد باهمی—تو پھر یہ لمبی چوڑی تقریریں اس پر کیوں ہو رہی ہیں -

Minister of Revenue : Mr. Speaker I should be the last.

This is a question of commonsense.

قبل اس کے کہ میں اس موضوع کے متعلق اس معزز ایوان کی خدمت میں کچھ عرض کروں - میں نے اپنے دوست جمالی صاحب

کی جذبات سے بھری ہوئی تقریر سنی اور میں ان سے اتفاق کرتا ہوں ۔ اور انشاء اللہ جہاں تک میرا بس چلیگا یہ اراضیات سندھ میں بھی غریبوں کو ملینگی اور باھر بھی غریبوں کو ملینگی ۔ کوئی مال دار آدمی ۔

(قطع کلامیاں اور شور)

کوئی مال دار آدمی کوئی ٹرانسپورٹر . . . . . .

(شور)

کسی مال دار آدمی کسی transporter کو اراضی نہیں ملیگی۔ کسی ایسے آدمی کو نہیں ملے گی جو پاکستان بننے کے بعد over night مالدار ہوگئے ہیں ۔

(قطع کلامیاں اور شور)

غریب آدمی کو ملے گی ۔ کسی بڑے آدمی کو نہیں ملے گی ۔ اور انشاء اللہ غریبوں کو ملیں گی ۔ اس کے بعد . . . . . .

میاں عبداللطیف۔اگر آپ نے غریبوں کو نہ دی تو کیا آپ استعفا دے دیں گے ۔

میر محمد مراد خاں جمالی۔غریب کی definition کیا ہے ۔

وزیر مال۔کسی سابقہ سیکرٹری کو بھی نہیں ملے گی . . . . . .

(قطع کلامی)

تحریک التوا کے متعلق جناب والا ۔ یہ عرض ہے جہاں تک اس کی قانونی پوزیشن کی صورت ہے وہ تو میرے دوست نے کہہ دیا ہے so far its legal espect is concerned وہ کچھ کہہ گئے ہیں اور جہاں تک ان کے پریس statement کا تعلق ہے تو اس ضمن میں لیڈر آف دی ہاؤس کے بیانات اور پریس کمیونکے آ چکا ہے ان میں یہ صاف طور پر کہا جا چکا ہے کہ ۲۲۰۰۰ ایکڑ اراضیات جو پندرہ تاریخ کو نیلام ہوں گی ۔ ہمارے پاس

اتنی زمین ہے کہ اس کا اس پر اثر نہیں پڑے گا ۔ ہمارے لکھو کہا ایکڑ زمین ہے دس لاکھ ایکڑ فرسٹ کلاس زمینیں غریبوں کے لئے ریزرو رکھی ہیں ۔ اور اس نیلام سے اس پر کچھ اثر نہیں پڑے گا ۔ ہم جو ان بنچز پر بیٹھے ہیں ۔ میں ان سندھی بھائیوں کو یقین دلایا ہوں کہ کسی ایسے آدمی کو جو قابض ہو اگر وہ اراضی نیلام ہو گئی ان کی تکالیف کو میں ایسے ہی سمجھونگا جیسے کسی اور جگہ کے متاثرہ غریب آدمی کی اراضی ہو اسے کسی قسم کی تکلیف نہیں ہوگی ۔ اور ہم کوشش کرینگے میں جتوئی صاحب کی یقین دھانی کی پرواہ نہیں کرتا جمالی صاحب کی پرواہ نہیں کرتا ۔

I am morally responsible to the Sindhi Members sitting on this side. (Interruptions)

Khawaja Muhammad Safdar : We strongly protest.

Minister of Revenue : I know the intention that is behind this. But I will see that no poor man suffers. (Interruptions)

Mr. Speaker : I think the Minister may clarify.

Minister of Revenue : If this is their attitude then I will have to have a stiff attitude.

Khawaja Muhammad Safdar : Then you will break. (Interruptions) Sir, kindly give me a chance for a few minutes. (Interruptions and noise)

Minister of Railways : Sir, first you give your ruling and then see if they have any objection.

Khawaja Muhammad Safdar : I want to say something.

Mr. Speaker : After my ruling. In view of the fact that the matter in substance has already been discussed on a resolution of Mr. Jamali and in view of the statement made by the Leader of majority Party, Sheikh Masood Sadiq, the position has considerably changed and the motion is, therefore, ruled out of order.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : We do not accept your ruling and in protest we walk out.

(At this stage a few members from the Opposition walked out.)

وزیر ریلوے ۔ سپیکر کی رولنگ کے خلاف واک آؤٹ کرنا کچھ اچھی چیز نہیں ہے ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱)۔جناب پیر محمد خان صاحب کی اس لافزنی کو سنکر جو ابھی انہوں نے اس ہاؤس میں کی ہے مجھے سخت رنج ہوا بلکہ مجھے سخت تکلیف پہنچی ہے - وہ اپنی پوزیشن کو خود سمجھ نہیں سکے باوجود اس کے کہ مجھ سے عمر میں ۱۰ - ۲۰ - سال بڑے ہیں - لیکن معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے دھوپ میں بال سفید کئے ہیں - وہ اس صوبے کے وزیر ہیں انہیں یہ کہتے ہوئے اپنی پوزیشن کا احساس ہونا چاہئے تھا کہ اس صوبہ کا ایک ایک فرد اور ۵ - کروڑ افراد یہ حق رکھتے ہیں کہ ان کو گردن سے پکڑ لیں اور مطالبہ کریں - ان کو ۵ - کروڑ انسانوں کی نمائندگی حاصل ہے وہ صرف بعض حصوں کے نمائندے نہیں ہیں -

مجھے انتہائی رنج پہنچا ہے - اور میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے اپنے اختیارات کو نہیں پہچانا اس وجہ سے وہ بے بس وزیر کہلاتے ہیں -

دوسری بات جناب یہ کہ انہوں نے ہم کو یہ دھمکی دی ہے کہ اگر ہم اس قسم کا رویہ اختیار کریں گے تو یہ بہت stiff ہو جائیں گے - میں ان کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ جو لوگ stiff ہوتے ہیں وہ کمر سے ٹوٹ جاتے ہیں اور جو نرم ہوتے ہیں وہ کبھی نہیں ٹوٹتے -

تیسری بات یہ ہے کہ گدو بیراج کی زمینوں کے متعلق بات سننے سے ہمارے وزیر صاحبان کیوں گھبراتے ہیں اور اس اہم مسئلے پر کھل کر کیوں بات نہیں کرنے دیتے اور ہمیں یہ کیوں اجازت نہیں دیتے کہ ہم پوری طرح سے اس پر اظہار خیال کر سکیں - تاکہ ہم کوئی اچھا راستہ گورنمنٹ کو دکھا سکیں - میں درخواست کرونگا اور ادب سے درخواست کرونگا کہ ایوان کو موقع دیا جائے کہ وہ اس اہم ترین مسئلے کے متعلق اپنے جذبات کا اظہار کرے - اور اس کے بعد حکومت اپنی پالیسی وضع کرے -

وزیر مال (خان پیر محمد خان)_مسٹر سپیکر۔ قائد حزب اختلاف کی تقریر سنتے ہوئے کہ یہ بال دھوپ میں سفید ہوگئے مجھے یہ کہنا پڑتا ہے کہ ان کے بھی بزرگ ہونگے اور ان کے متعلق بھی وہ یہی خیال کرتے ہونگے ۔ گذارش ہے کہ کسی وقت انسان سے غلطی ہو سکتی ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ حزب اختلاف کے ممبروں سے بھی غلطیاں ہوتی ہوں ۔ لیکن جو کچھ میں نے کہا وہ اس جذبے کے تحت کہا کہ جو گورنمنٹ بنچز کی طرف سے ہو رہا ہے وہ نیک نیتی سے ہو رہا ہے اور ہم پر کوئی بدگمانی نہ کی جائے اور یہ اس لئے میں نے کہا کہ آپوزیشن ممبروں نے ہمیں خود غرض کہا تھا اسی خود غرضی کو مد نظر رکھتے ہوئے میں نے یہ کہا تھا ۔ جہاں تک نیک نیتی کا تعلق ہے اور نیک نیتی سے کوئی تجویز پیش کرنے کا تعلق ہے ہماری cooperation ہمیشہ ان کے ساتھ ہے ۔ لیکن اگر کوئی چیز اس نیت سے پیش کی جائے کہ کہنا کچھ ہو اور اس کا مطلب کچھ ہو تو میں سمجھتا ہوں کہ اس کا جواب یہی تھا ۔

جہاں تک حزب اختلاف کے لیڈر کا تعلق ہے ان کی مرضی ہے وہ جو چاہیں کریں ۔ اور ہمیں ان کی کوشش کا علم ہے کہ اختیارات حاصل کرنے کے لئے میرے دوست نے کیا کچھ کیا ۔ لیکن

قسمت کی خوبی دیکھئے ٹوٹی کہاں کمند

دو چار ہاتھ جب کہ لب بام رہ گیا

مجھے پتہ ہے ۔ جہاں تک عوام کا تعلق ہے ہمیں معلوم ہے کہ ہماری کیا ذمہ داری ہے میں ان سے اتفاق کرتا ہوں کہ میں اور میرے رفقائے کار کے ساتھ یہ واقعات پیش آئے ہیں کہ ہم کو راستے میں روک لیا گیا ہے ۔ اور ہم راستے میں رک گئے ۔ انہوں نے میرے جن الفاظ کے متعلق کہ ۔

'I will adopt a stiff attitude'

اعتراض کیا ہے ۔ اس کے متعلق میں نے پوزیشن واضح کر دی ہے ہو سکتا ہے میرے دوست حزب اختلاف کے لیڈر کو ان الفاظ سے رنج ہوا ہو ۔

Mr. Speaker : There was an other adjournment motion on the same subject from Mr. Muhammad Hanif Siddiqi. This was also taken up on 8th April, but was deferred till today. I rule it out of order on the same grounds.

Khawaja Muhammad Safdar : I respectfully beg to submit that there has been an insinuation made against me by the Minister.

Minister of Revenue : I have not named you.

خواجہ محمد صفدر۔جناب والا ۔ خان پیر محمد خان صاحب نے میرے متعلق ذکر کیا ہے ۔ تو یہ میں ان کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ مجھے جو پوزیشن حاصل ہے وہ مجھے پبلک کی طرف سے عطا کی گئی ہے اور مجھ کو کئی بار منسٹری پیش کی گئی مگر میں نے ٹھکرا دی ۔

(قطع کلامیاں)

میاں ۔محمد اکبر۔جھوٹوں پر خدا کی لعنت ہو ۔

(قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : Mr. Akbar, what is this ? (Interruptions) Order, please.

Transfer of business locality of Darband to the Nawab of Amb.

Mr. Speaker : Now there is an adjournment motion by Major Sultan Ahmad Khan who wants to ask for leave to make a Motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the serious law and order situation arising out of the extremely unjustified and illegal orders of the Provincial Government in transferring the entire business locality of Darband town to the Nawab of amb, thus depriving the owners of this vast property of their just and legal rights, who have gone on strike for the last two days.

The specific point is : is it of recent occurrence ?

Major Sultan Ahmad Khan : It is recent.

Mr. Speaker : How is it recent ?

Major Sultan Ahmad Khan : Three days back this order of Government was notified to the people of the area.

Mr. Speaker : Be quick.

Major Sultan Ahmad Khan : Sir, I cannot be quick about it. Sir, three days ago the people of this area were notified of the Government's order. Forty-eight hours ago I was informed of this action. The Minister of Revenue, too, I believe has received a telegram that due to this action the people of Darband had struck work and would not continue work unless their grievances were redressed. That is why it is recent. That is very important, Sir, in the sense that if the Government does not intervene to bring about an amicable settlement between the two parties the situation may not improve Sir, before I proceed further I will appeal to this lot of people who are known as 'Conventionists' for God's sake (even if Pakistan is turned the other way round it will not be important for them) this is an important case. It affects two thousand people and collectively a population of two hundred thousand people.

Minister of Railways : Sir, he is going into facts.

Major Sultan Ahmed Khan : I am explaining that it is of recent occurrence. I and the Minister of Revenue were informed two days ago. I was approached with a deputation yesterday. (Interruptions) At the moment they don't seem to take seriously. I may tell you, Sir, that it is not only a matter of recent occurrence but it is dangerous as well because if the Government does not guarantee or look into the matter seriously (I hope not) there is going to be bloodshed. Sir, if this is not important then nothing is important.

Minister of Revenue : So far as the admissibility of the question is concerned, it is about two or three days ago, I am not definite .....

Major Sultan Ahmad Khan : Try to be definite.

Minister of Revenue : Sir, I had also received a telegram from these people to the same effect I tried to elicit some information from a gentleman whether he knew about the origin of the dispute or not. He was not in a position to give me any information.

Mr. Speaker : Will the Minister look into the matter ?

Minister of Revenue : I will look into it.

Major Sultan Ahmad Khan:Let him give me an assurance that he would look into it.

Minister of Revenue : That is my duty to look into it. I do not know when this matter started and when it took place.

Major Sultan Ahmad Khan : If I know the meaning of the word 'look into it'.....

Minister of Revenue : I will have to ascertain what the real facts are. (Interruptions)

Major Sultan Ahmad Khan : If the Minister assures me that he will give a stay order .....

Minister of Revenue : I cannot give a stay order without discussing the issue. I will try to find out the real facts.

Major Sultan Ahmad Khan : I have great respect for my friend, the Minister. I am sure he can intervene, Sir, this house has to recommend or reject the case. I do press that this question be discussed and the Government be forced to take action.

Mr. Speaker : I am afraid I have to give my ruling. The matter is not of recent occurrence and is ruled out of order.

Primary School Teachers of Khairpur District.

Mr. Speaker : There is an adjournment motion by Mr. Jatoi who has asked for leave to make a Motion for the adjournment of the Business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the decision of 1290 Primary School Teachers of Khairpur District to go on hunger strike on 15.4.63 as a protest against the non-acceptance of their legitimate demands and the discriminatory attitude of the Government towards them as they have not been allowed the pay-scales made admissible to the Primary School Teachers of other Districts. Unless their genuine demands are met there is every possibility that it may spark off into a country-wide strike of other Teachers' Unions, which will wreck the educational frame work of the whole Province in its entirety. It may also be mentioned that the Chairman of the Action Committee of Primary School Teachers' Association Training College Khairpur has intimated about the decision of the students of the Training College Khairpur to go on strike in sympathy with the said teachers of Khairpur District.

An adjournment motion on the same subject by Mir Muhammad Murad Khan Jamali was ruled out of order on 4.4.1963. Therefore this Motion is also ruled out of order.

Cancellation of Government Transport passes for Students in Hyderabad.

Mr. Speaker : Next adjournment motion is from Mr. Ali Gohar Khuhro who wants to ask for leave to make a Motion for the adjournment of the Business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the cancellation of passes to student community studying in various educational institutions in Hyderabad for Government transport plying between Motiari and Hyderabad which has resulted in resentment in the student community against the Government.

Minister of Railways : Mr. Speaker .....

Mr. Ali Gohar Khuhro : The Minister of Communications may kindly reply to this Motion.

Minister of Railways : Through this Motion does not mention any date we do not know whether it is a matter of recent occurrence or not I had a talk with Mr. Usto, Minister of Communications and he said that if his attention would have been drawn earlier he would have done something. The Motion for adjournmhnt should come to the Assembly when you have exhausted all the resources. They could write a simple letter to the Minister Concerned. If he had not taken any action then they could bring an adjournment Motion before the House.

Khawaja Muhammad Safdar : In that case it would not be recent.

Minister of Railways ; Then do not move a Motion, Is it necessary ? The Minister has told me that he will look into it.

Mr. Ali Gohar Khuhro : I would like the Minister of Communications to give me an assurance in this behalf. (Interruptions)

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر در محمد استو)۔۔۔جناب والا۔ اس سلسلے میں مجھے صرف یہ عرض کرنا ہے ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ سٹوڈنٹس نے یہ مسئلہ میرے سامنے پیش کیا تھا یہ مسلہ اب اس نوعیت کا ہے ۔ کہ سارے ویسٹ پاکستان سے یہ demands انہوں نے کی ہیں ۔ کہ جہاں سکولوں میں بچوں کو آنے جانے کی سہولتیں نہیں ان سب کو concession ملنا چاہئے تو اس مسئلہ میں financial implication involved ہیں اس سلسلہ میں جو ٹرانسپورٹ بورڈ کی correspondence فائنینس ڈیپارٹمنٹ سے چل رہی ہے اور میں یہ صرف کہہ سکتا ہوں کہ مجھے ان طلباء سے دلی ہمدردی ہے اور جہاں تک ممکن ہو سکے گا ہم ان کی مدد کرنے کے لئے تیار ہیں ۔

Mr. Speaker : Is Mr. Khuhro withdrawing his motion ?

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon : Have the students in Lahore been given this concession, and are they not enjoying it till this day? Let the Minister make a statement.

وزیر مواصلات و تعمیرات۔۔۔جناب والا ۔ میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے کہ ہم consider کر رہے ہیں اور ہمیں ہمدردی ہے ۔ اور دیکھ رہے ہیں ۔ کہ لاہور کے سٹوڈنٹس کو concession ہے یا نہیں ۔

Dr. Mrs. Ashraf Abbasi : Sir why in a particular city they should enjoy certain concessions and not in other regions. Either it should be done away with everywhere or others should also be given the same concessions.

Mr. Speaker : Is the Minister prepared to give an assurance?

وزیر مواصلات و تعمیرات—جناب والا - میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے - کہ ہم کوشش کر کے ایسی پالیسی بنائیں گے - جو سارے ویسٹ پاکستان پر لاگو ہو - چاہے وہ لاہور ہو چاہے سندھ ہو یا فرنٹیر ہو -

Mr. Speaker : Is Mr. Khuhro still pressing his motion after this assurance of the Minister?

Mr. Ali Gohar Khuhro : No Sir I am not pressing.

Major Sultan Ahmed Khan : Sir there is confusion in the House. Who is the 'Mantri Mandal' in this House? (Laughter)

Ban on public meetings and processions in Mardan District.

Mr. Speaker : There is an adjournment motion from Khawaja Muhammad Safdar who wants to ask for leave to make a Motion for the adjournment of the Business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the uncalled for and malafide ban imposed on public meetings, processions and assembly of five or more persons in the District of Mardan as reported in the Press yesterday, which besides being a clear negation of and encroachment on the fundamental rights of association and speech of the people, is manifestly intended to obstruct the Muslim League in organizing itself and educating public opinion. It is particularly directed against the impending visit of Khawaja Nazim-ud-Din, President All Pakistan Muslim League to the District Mardan.

وزیر ریلوے (مسٹر عبدالوحید خان)—جناب والا - جہاں تک اس کی قانونی پوزیشن کا تعلق ہے - اس کے متعلق آپ پہلے ہی رولنگ دے چکے ہیں پرسوں یعنی ۳ دن ہوئے ہیں ۱۴۴ کو نافذ کرنا یا نہ کرنا کوئی نئی بات نہیں ہوتی یہ ہمیشہ ہوتی رہتی ہے - لیکن مصیبت یہ ہے اگر آپ پر کوئی اثر پڑے تو تحریک التوا آ جائے گی اور اگر عام لوگوں پر اس کا اثر پڑے تو آپ کبھی تحریک التوا نہیں لاتے -

دوسری بات جناب یہ ہے - کہ جہاں تک مسلم لیگ کی تنظیم

کا تعلق ہے وہ ان کو مغالطہ ہے مسلم لیگ کی تنظیم خدا کے فضل سے بڑے زور سے جاری ہے - اور بڑے زور سے جاری رہے گی وہ ۱۴۴ سال والی پرانی ممکن ہے اس سے متاثر ہو لیکن جناب ۱۴۴ کا اثر خود ہماری مسلم لیگ پر بھی پڑتا ہے جو اصلی مسلم لیگ ہے اس کا جلسہ بھی ہونا تھا وہ سب بند ہو گئے ہیں - اور ایک بات میں عرض کروں گا - کہ خواجہ محمد صفدر صاحب سے توقع نہ تھی کہ وہ ایڈجرنمنٹ کی شکل میں لا کر اپنی تقریر میں اور بھی دلائل پیش کر دیں اور یہ بھی کہہ دیں کہ کسی کو جلسے arrange کرنے کے لئے victimise کیا گیا ہے - میں صرف اتنا عرض کرتا ہوں کہ جہاں تک قانونی پوزیشن ہے اس میں میری وضاحت کی ضرورت نہیں ہے آپ اس پر رولنگ دے چکے ہیں - جہاں تک واقعات کا تعلق ہے اس کے متعلق میں نے عرض کر دیا ہے کہ مسلم لیگ کی تنظیم پر کوئی اثر نہیں پڑ رہا ہے بلکہ وہ باقاعدہ جاری ہے -

Mr. Speaker: How do you say that this is not a matter of ordinary administration of law.

خواجہ صاحب آپ نے ۱۴۴ کا لفظ تو لکھا نہیں ہے -

خواجہ محمد صفدر—جناب والا - جہاں تک جناب وزیر صاحب کا یہ اعتراض کہ یہ عام نظم و نسق کا مسلہ ہے اور اس پر ایڈجرنمنٹ موشن نہیں آ سکتی ہے - میری Contention یہ ہے کہ یہ عام نظم و نسق کا مسلہ نہیں ہے بلکہ بد دیانتی سے اور جان بوجھ کر ۱۴۴ اس لئے لگائی گئی - پشاور میں دو چار روز ہوئے ۱۴۴ لگائی گئی تھی تاکہ وہاں این - ڈی - ایف کانفرنس جو تین روز کے لئے ہو رہی تھی وہ نہ ہو سکے - وہاں خواجہ ناظم الدین صدر پاکستان مسلم لیگ تشریف نہ لے جا سکیں اب چونکہ انہوں نے دورہ مردان کا رکھا ہے اب مردان میں ۱۴۴ دفعہ لگائی گئی ہے -

Mr. Speaker: I want to know how a matter or ordinary administration of law can be made the subject matter of an adjournment motion.

خواجہ محمد صفدر—میں تو یہ کہہ رہا تھا کہ یہ لا اینڈ آرڈر کا مسلہ نہیں ہے -

وزیر ریلوے—جناب والا - میں ایک بات ان کو یاد دلا دوں قبل اس کے کہ آپ اس کی وضاحت میں پڑیں اب بھی آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کی مسلم لیگ خواجہ صاحب کے لئے ہے پچھلی مرتبہ جب ان کا دورہ ہوا جہاں جہاں ۱۴۴ پہلے نافذ تھی ہم نے آرڈر کر دیا جہاں جہاں خواجہ ناظم الدین صاحب جائیں ۱۴۴ کا نفاذ واپس لے لیا جائے - جہاں تک خواجہ صاحب کی مسلم لیگ کا تعلق ہے ہم اس سے خائف نہیں ہیں ہم پبلک پلیٹ فارم پر اس کا مقابلہ کریں گے - ایسے نہیں کریں گے - ہم نے ان کی تشریف آوری پر ان کے عزت و احترام کی خاطر راولپنڈی اور دوسرے مقامات پر جہاں جہاں پچھلی مرتبہ وہ گئے فوراً آرڈر دئے جہاں جہاں خواجہ صاحب کا دورہ ہو ۱۴۴ واپس لے لی جائے لیکن یہ Situation جو مردان اور پشاور کی انہوں نے پیش کی ہے وہ یہ ہے اتفاق سے اس زمانے میں وہاں کچھ یوم شہدا مناتے ہیں یعنی ۲۳ اپریل کو اور اسی وقت کونسل مسلم لیگ کا جلسہ بھی چھوٹا سا ہونا ہے - وہاں اور ایک بہت بڑی پولیٹیکل کانفرنس مسلم لیگ کی ہونے والی تھی - ہم تو خود اس کے مارے ہوئے ہیں - اگر ہم کوئی امتیاز کرتے تو آپ کی جائز شکایت تھی میں آپ کو بتاؤں خواجہ صاحب جہاں جہاں جاتے ہیں ہماری مسلم لیگ کا کام جو نہیں ہوتا ہے وہ بھی ہو جاتا ہے - اگر ایسا ہوتا تو دوبارہ پچھلی مرتبہ آرڈر with draw نہ کریں -

Mr. Speaker : Yes, Mr. Safdar.

خواجہ محمد صفدر—جو کچھ انہوں نے ارشاد فرمایا ہے اس کا تعلق در اصل اس ایڈجرنمنٹ سے ہے ہی نہیں - میں کہتا ہوں اگر آپ کی نیت ٹھیک ہو تو آپ پشاور اور مردان سے بھی دفعہ ۱۴۴ کے احکامات with draw کر لیں - انہوں نے ارشاد فرمایا ہے کہ وہاں این - ڈی - ایف کا جلسہ تھا اور اس لئے مسلم لیگ یعنی خواجہ صاجب کے جلسے سے این - ڈی - ایف کا clash ہو سکتا ہے - در اصل بات یہ ہے کہ ہم سب آپوزیشن اکٹھے ہیں ان کا clash تو ہو نہیں سکتا اس لئے جان بوجھ کر وہاں سرکاری لیگ کا جلسہ رکھ دیا حالانکہ ان کا وہاں کوئی کام نہیں تھا اور یہ ظاہر کرنے کے لئے کہ ۱۴۴ لگانے میں ہم حق بجانب ہیں - آپ نے جلسے کا اعلان کر

کے بعد میں ۱۴۴ لگا دی تو جناب مردان میں یہ پوزیشن نہیں تھی یہ موشن بڑا واضح تھا اور اس میں قطعاً کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا ۔ میں گذارش کروں گا کہ اس ایڈجرنمنٹ موشن کو پیش کرنے کی مجھے اجازت دی جائے ۔

Mr. Speaker : The matter is of ordinary administration of law and it is, therefore, ruled out of order.

بیگم جہاں آرا شاہنواز۔جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے ریلوے منسٹر کو دعوت دیتی ہوں کہ وہ ۲۰ تاریخ کو موچی دروازہ آئیں اور جو جلسہ عام وہاں ہو گا ۔ اپنی آنکھوں سے دیکھیں کہ وہاں مٹھی بھر لوگ ہیں یا زیادہ ۔

Proposed hunger strike by Primary School Teachers of Khairpur District.

Mr. Speaker : There are notices of three adjournment motions by Mr. Ali Gohar Khuhro, Mir Murad Khan Jamali and Mr. Muhammad Hanif Siddiqi. regarding the decision of 1290 Primary School Teachers of Khairpur District to go on hunger strike on 15. 4. 63. I have already ruled out of order an adjournment motion of Mr. Abdul Majid Jatoi on the same subject. So these are also ruled out of order.

Point of Personal Explanation.

Mr. Ali Gohar Khuhro : on a point of personal explanation, Sir.

جناب والا ۔ ملک قادر بخش کا مجھے بڑا احترام ہے وہ ہمارے بزرگ ہیں ان کا ہمارے اوپر حملہ کہ ہم پاکستانی نہیں ہیں ۔ نہیں چاہئے تھا ۔ مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے ۔ جب ہم کالج میں مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کی طرف سے پاکستان کی جد و جہد میں لگے ہوئے تھے تو اس وقت ملک قادر بخش صاحب یونیسسٹ پارٹی میں پارلیمنٹری سیکرٹری یا ممبر کی حیثیت سے عیش کر رہے تھے ۔ یہ ہے پاکستان کی پہلی ہسٹری ۔ پاکستان کے بعد مسلم لیگ نے پاکستان کی صحیح خدمت کی .....

Mr. Speaker : Make a personal explanation only. No History.

مسٹر علی گوہر کھوڑو۔جو اصول کے لئے نہیں لڑے وہ بھی اینٹی پاکستان ہو گئے ہیں جو پاکستان کے خلاف لڑے وہ پاکستانی ہو گئے ہیں ۔

This is an irony of fate.

مسٹر تاج محمد خانزادہ۔جناب والا ۔ اسلام میں بہت سے خالدبن ولید گذرے ھیں جو ایمان لے آئے اگر یہ ایمان لے آئے ھیں تو ٹھیک ھے۔

وزیر زراعت و قانون (ملک قادر بخش)۔جناب والا ۔ میں پرسنل بات میں نہیں جانا چاھتا جیساکہ میرے عزیز گئے ھیں ۔ میں پرسنل نہیں ھونا چاھتا اگر میں پرسنل ھو جاؤں تو ھو سکتا ھے ۔ میرے نوجوان بھائی کا heart کچھ shudder کرنے لگ جائے ۔ میں پرسنل نہیں ھوں گا ھرگز نہیں ھوں گا ۔ لیکن آپ کو میں پاکستانی سمجھتا ھوں آپ کو ایک سچا پاکستانی ھوں اور جتنے یہاں بیٹھے ھیں میں ھر ایک کو سچا پاکستانی سمجھتا ھوں ۔

لیکن آپ کے منہ سے یہ الفاظ نکلے کہ یہ یونائیٹڈ نیشنز کی اسمبلی ھے ۔ یہ عجیب بات مجھے اچھی نہیں لگی ۔ کسی وجہ سے سہی ۔ خواہ آپ نے یہ غصے میں آ کر کہا ھو میں سمجھتا ھوں کہ یوں آپ کو ایسا نہیں کہنا چاھئے تھا کہ یہ مختلف نیشنز کے لوگ بیٹھے ھیں ۔ اس پر میں نے کہا کہ کیا آپ پاکستانی نہیں ھیں ؟ میں پھر بھی آپ سے معافی مانگتا ھوں خواہ آپ اسے واپس لیں یا نہ لیں ۔

Mr. Speaker : I think it is better that you should withdraw those words about "United Nations"

Mr. Ali Gohar Khuhro : I withdraw. But what I meant was that they should listen to us.

POINT OF ORDER

Re Discontinuance of Ministers as Members of the Assembly.

مسٹر افتخار احمد خان۔پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ اس ایوان کا وقار ھماری مشترکہ ذمہ داری ھے اور میں اس ایوان میں نہ صرف اپنے آپ کو اس ذمہ داری کا پابند سمجھتا ھوں بلکہ ان وزراء کو بھی جو اس معزز ایوان کے ممبر ھیں ان کے وقار کو بھی میں اتنا ھی ضروری اور اھم سمجھتا ھوں جتنا اپنے وقار کو سمجھتا ھوں ۔

(نعرہ تحسین)

اس لئے آج میرا مقصد اس پوائنٹ آف آرڈر کو raise کرنے سے ان کی کوئی مخالفت یا ان کے وقار کو نقصان پہنچانا نہیں ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر آج وہ میرے پوائنٹ آف آرڈر کو تسلیم کرینگے ۔ تو وہ اس ایوان کے وقار میں اضافہ کریں گے اور اپنی حفاظت کریں گے ۔ جو چیز کل یا پرسوں ہو جانی ہے ۔ جو چیز قانون نے کر دینی ہے اس کو آج ہی کیوں نہ تسلیم کر لیں ۔

Mr. Speaker : What is that? Please state specifically. It is not a matter of long speech.

مسٹر افتخار احمد خان ۔میں یہ نہیں سمجھتا کہ یہ میری خواہش نہیں ہے کہ ۱۰۴ میں جو تاوان ہمارے وزراً کو پڑنے والا ہے اس سے یہ محفوظ رہیں اس لئے اس نیت کے ساتھ کہ اس قانون کی زد میں نہ آئیں اور یہ تاوان نہ بھریں میں یہ پوائنٹ آف آرڈر raise کر رہا ہوں ۔ اب جناب والا ۔ ۱۰۴ کی سماعت کے لئے میں اسے آپ کے سامنے پڑھتا ہوں ۔

Mr. Speaker : Is the Advocate-General ready to meet the point ?

Minister of Agriculture & Law : Yes, Sir.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : Article 104 of the Constitution says :—

> "104. (1) If a member of an Assembly is elected as President, or appointed as a Governor or Minister or to any other office of profit in the Service of Pakistan, he shall cease to be a member of the Assembly on the day on which he enters upon his office.
>
> (2) If any question arises whether a member of an Assembly has, after his election, become disqualified from being a member of the Assembly, the Speaker of the Assembly shall refer the question to the Chief Election Commissioner and, if the Chief Election Commissioner is of the opinion that the member has become disqualified, the member shall cease to be a member".

اس لئے جناب والا ۔ اب اس ایوان کے سامنے یہ مسئلہ میں نے پیش کیا ہے کہ ہمارے وزراً کرام . . . . . .

وزیر ریلوے (مسٹر عبدالوحید خان)۔آپ ذرا اس judgement کا portion پڑھ کر سنائیں ۔

مسٹر افتخار احمد خان۔سناتا ہوں ۔ میرا مقصد بھی ہے کہ یہ class I اور class II کے وزراً کی تمیز اٹھا دی جائے ۔ (قہقہہ)

Mr. Speaker : I have heard the Member. Now, let me hear the Advocate-General.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : I have not yet started, Sir.

جناب والا ۔ قانون کی پہلی سیکشن سے یہ واضح ہے کہ جو وزارت کا عہدہ قبول کر لیں گے وہ ایوان کے ممبر نہیں رہ سکتے ۔ پریذیڈنٹ نے اس میں amendment فرمایا تھا جون ۶۲ میں جس کے ذریعہ سے اس کو انہوں نے amend کیا گیا ڈھاکہ ھائی کورٹ نے اس کو خلاف قانون اور "ultra vires" قرار دے دیا ۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ڈھاکہ ھائی کورٹ نے جو interpretation اس amendment کی کی ہے اور اس کے متعلق جو قانونی رائے ظاہر فرمائی ہے یہ interpretation اس ایوان پر اور ویسٹ پاکستان پر لاگو ہے یا نہیں ؟ اس لئے جناب کہ اس کے متعلق میں عرض کرونگا کہ جو ڈھاکہ ھائی کورٹ نے interpretation کی ہے وہ constitution کے آرٹیکل کی interpretation ہے اور وہ آرٹیکل اور constitution پاکستان کے دونوں wings پر حاوی ہے ۔ اس لئے جو جو interpretation ڈھاکہ کورٹ یا ویسٹ پاکستان ھائی کورٹ کرے گی وہ interpretation ملک کے دونوں حصوں پر لاگو ہوگی ۔

Mr. Speaker : Does the member mean to say that we should wait for the interpretation of the West Pakistan High Court ?

مسٹر افتخار احمد خان۔اس کی ضرورت نہیں ہے ۔ اب میں عرض کرتا ہوں کہ اب یہ اعتراض اس طرف سے نہیں ہوگا کہ ہم اس interpretation کے پابند نہیں ہیں ۔

مسٹر سپیکر۔آپ نے یہی کہا ہے تاکہ دونوں کورٹس جو کرینگے وہ ہم پر "binding" ہوگا ۔

مسٹر افتخار احمد خان۔جی نہیں ۔ میں نے یہ عرض کیا ہے کہ ڈھاکہ ھائی کورٹ نے آرٹیکل کی interpretation کی ہے اور یہ آرٹیکل constitution کا ایک حصہ ہے اور constitution پاکستان کے دونوں حصوں پر حاوی ہے اس لئے جو ڈھاکہ ھائی کورٹ نے interpretation کی ہے وہ چونکہ constitution کی interpretation

ہے اس لئے وہ ہم پر بھی اس طرح لاگو ہے جتنی ایسٹ پاکستان پر لاگو ہے ۔ دوسرا پوائنٹ یہ ہے کہ میں سمجھتا ہوں کہ وہ یہ stand نہیں لیں گے کہ یہ ڈھاکہ ہائی کورٹ کا فیصلہ ہم پر لاگو نہیں ہوتا کیونکہ ہم روزانہ عدالتوں میں ایسی ایسی interpretation کرتے ہیں ۔ ہم قانونی طور پر interpretation کے قائل ہیں ۔ یہ تو یہ دوسرے ہائی کورٹس کی بھی جو پاکستان کے باہر ہیں وہ بھی اگر ان four corners میں آئیں ۔ ان limits میں آئیں ہم ان کی بھی انٹرپٹیشن کے قائل ہیں ۔ اس بارے میں میں دو رولنگز جناب کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔ یہ جناب ہے Abdul Ghafoor Ghuyan & others ڈھاکہ ہائی کورٹ کا فیصلہ ہے ۔

Mr. Speaker : The member may refer to the case and give the book to me. He has referred to it. He may not read it. We will look into it.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : I am not going to read the whole. I am giving you head-notes only.

PLD - Dacca - 1960 - Page 809 says :—

> **"Even though the decisions of the Calcutta High Court are no longer binding on the Court of East Pakistan, yet those decisions which were given in respect of law which then applied and still do apply to East Pakistan have established a basis for the regulation of rights and liabilities and interests over a large number of years and the High Court of East Pakistan would be reluctant to bring in a new order and make a sudden change in the interpretation of that law as it applied to East Pakistan."**

یعنی ہائی کورٹ ایسٹ پاکستان نے یہ hold کیا ہے کہ وہ interpretations اور وہ judgements جو کلکتہ ہائی کورٹ کی ہیں اگر وہ ان laws کے مطابق ہوں جو ادھر inforce ہیں تو وہ بھی binding ہوں گی ۔ تو اس لئے ان رولنگز کے بعد یہ بات واضح ہے کہ اور جناب والا ۔ خود ایک بہترین قانون دان ہیں کہ decision ہونے کے بعد وہ ہم پر binding ہے ۔

دوسرے یہ عرض کرونگا کہ اس decision کی extra territorial jurisdiction ہے ۔ ڈھاکہ ہائی کورٹ نے سنٹرل منسٹرز کے خلاف اب جو فیصلہ کیا ہے جناب والا ۔ اگر اس فیصلے کو محدود ہونا ہے ایسٹ پاکستان تک تو کیا اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ

نیشنل اسمبلی کا اجلاس جب راولپنڈی میں ہوگا تو وہ منسٹر رہینگے - اگر اس فیصلے نے operative ہونا ہے صرف ایسٹ پاکستان میں تو اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ اگرچہ وہ ڈھاکہ میں وزیر نہیں ہوں گے لیکن راولپنڈی میں ہوں گے -

اس امنڈمنٹ سے میری غرض و غایت صرف یہ ہے اور یہ ظاہر بات ہے کہ اس کی بہت سی سختیاں دور کرنے کے باوجود اس کے کالا ہونے میں اور اس کی سیاھی میں کوئی فرق نہیں آیا ۔ اب بھی لوگ اس کے اتنے ھی مخالف ھیں جتنے پہلے تھے ۔ ملک کی تمام Bar Associations نے اس کو condemn کیا Higher Judicial Authorities نے اس کو condemn کیا ۔ اس Amendment سے میرا مقصد صرف اس قدر ہے کہ بجائے اس کے کہ اس کو Piecemeal طریقہ سے نافذ کیا جائے اور اس کا اثر یہ ہو کہ جن Areas میں اس کو نافذ کر دیا وہ تلملاہٹ اور تکلیف محسوس کرتے رہیں اور دوسرے Areas میں وہ یہ سمجھیں کہ یہ بلا دور ہے ھمیں اس کی مخالفت کرنے کی کیا ضرورت ہے ۔ میری Amendment کا مقصد یہ ہے کہ اس کالے قانون کی سختی کو بیک وقت سارے صوبے میں محسوس ہونا چاھیئے تاکہ تمام کا تمام صوبہ ایک آواز ہو کر اس کو Condemn کرے اور منسوخ کرانے کی کوشش کرے ۔ Piecemeal طریقہ سے اس چیز کے لانے کا مقصد یہ ہے کہ جو لوگ پیس رہے ھیں تکلیف میں ھیں ان کی آواز کمزور اور نحیف قسم کی ہوگی اور سب لوگوں کو اس کا احساس نہیں ہوگا ۔ بیک وقت سارے لوگوں کو اس کی سختی اور خرابی کو محسوس کرنے کے لئے اس بات کی انتہائی ضرورت ہے کہ اس کو سارے صوبے میں نافذ کیا جائے ۔ یہ ظاہر طور پر جناب سپیکر ۔ بڑی عجیب و غریب بات ہوگی کہ ہم جو اس Legislation کی مخالفت کر رہے ھیں بجائے اس کے کہ اسے چند Areas میں محدود کیا جائے ہم نے اپنی Amendment کے ذریعے سے کوشش کی ہے کہ اس کو سارے صوبہ میں نافذ کیا جائے ۔ غرض و غایت اس امنڈمنٹ کی یہی ہے ۔

غیر ملکی حکمرانوں کی کوشش تھی کہ پاکستانیوں اور ہندوستانیوں میں پھوٹ ڈالو اور حکومت کرو تو یہ جو موجودہ Legislation ہے اور اس کی یہ شق کہ اس کو چند Areas میں محدود کر دیا جائے تو یہ بھی پھوٹ ڈالنے اور حکومت کرنے کی پالیسی کے مترادف ہے ۔ ہمیں اس چیز کو expose کرنا چاہیئے اور یہ تاثر دینا چاہیئے اور یہ ثابت کرنا چاہیئے کہ اس وجہ سے محض وقتی طور پر چونکہ یہ قانون ہمارے علاقے پر نافذ نہیں ہے اس لئے ہمیں اس کی مخالفت کرنے کی کیا ضرورت ہے ۔ ہمیں بیک وقت سارے صوبے میں نافذ کرنا چاہیئے تاکہ سب لوگوں کو اس کی خرابی اور سختی محسوس ہو اور تمام لوگ متحد ہو کر اس کالے قانون کی مخالفت کریں اور اس کو منسوخ کرانے کی کوشش کریں اور ظاہر بات ہے کہ جب تک اس غلط قانون کے نافذ کرنے والوں کو ہٹا کر صحیح قسم کی قیادت کو بروئے کار نہ لایا جائے اس وقت تک ملک کے اس صوبے کے مسائل حل نہیں ہو سکتے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی اس Amendment کی تائید کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved, the question is :

That in clause I, sub-clause (3) for the words 'in such area or areas and', occurring in line I, the words "in the whole of West Pakistan except the Tribal Areas" be substituted.

(*The motion was lost*)

Mr. Speaker : As Nawabzada Iftikhar Ahmed Khan is not present, his amendment lapses.

The question is—

That Clause I, as amended, stand part of the Bill.

(*The motion was carried*)

Minister of Agriculture and Law (Malik Qadir Bakhsh) : Sir, I beg to move,

That the West Pakistan Criminal Law Amendment Bill, 1963, be passed.

Mr. Speaker : The motion moved is :

That the West Pakistan Criminal Law Amendment Bill, 1963, be passed.

Begum Jahan Ara Shahnawaz (Lahore Multan Division) : Sir, before I speak on the Bill under discussion, I would like to know from you, what procedure is going to be followed at the third reading stage. We are handicapped as without a House Committee or a Privileges Committee ; without even the Rules and Regulations having been finalised even after ten or eleven months, we do not know what is going to be the case.

I will point out that if it is the Presidential System, then you will find, on page 161 of Cannon's procedure that unless a resolution is passed unanimously by the House, there cannot be any restriction or any time limit on the speeches. May I know from you, Sir, that what procedure is going to be followed ?

Mr. Speaker : So far as the time limit is concerned there is no rule but the rules give certain powers to the Speaker. That is the position.

Mir Abdul Baqi Baluch : There is no precedent that there should be any time bar.

Mr. Speaker : I have not said that there is any time bar. I never said that I would allow five or ten minutes.

بیگم جہاں آرا شاہنواز—صدر محترم—آج مجھے تقریباً ۲۲ سال چار مہینے اس ہال میں بیٹھتے ہوئے ہو گئے ہیں ۔ میں آپ کو سچ بتاتی ہوں کہ میں تمام ان جذبات کو جو اس وقت میرے دل میں موجزن ہیں ان الفاظ میں اس ایوان کے سامنے رکھ دینا میری اپنی طاقت اور ہمت ہی نہیں بلکہ میں سمجھتی ہوں کہ لغات سے بھی باہر ہے ۔ محترم—میں نے اسی بل پر بحث کے دوران خاموشی سے وزرا صاحبان، پارلیمنٹری سکریٹری صاحبان کی تقریریں سنیں سوچتی تھی شائد کوئی جواز ان کی تقریروں میں مل جائے جو اس بات کو Justify کر سکے کہ آج یہ بل اس ایوان کے سامنے کیوں پیش ہوا ۔ محترم میں نے اس دن اپنی تقریر میں عرض کیا تھا، اپنے ان محترم بھائیوں کے سامنے کہ اس وقت تمام ملک میں خصوصیت کے ساتھ تمام ویسٹ پاکستان میں ہیجان ہے ۔ کیا Jurists کیا Bar Associations سوائے مردان کے آپ کی جتنی intelligentsia آپ کی مختلف پولیٹیکل پارٹیز سوائے conventionists کے سب اس کے بر خلاف آواز بلند کر رہے ہیں مگر کچھ سمجھ میں نہیں آتا صدر محترم ۔ کہ آیا کیا ایسی عجلت ہے ۔ اس صوبے مغربی پاکستان میں کیا ہو گیا ہے کہ یہ بل اتنی جلدی پاس کیا جا رہا ہے ۔ آیا جرائم بڑھ نہیں گئے کم ہیں ۔ جس کے متعلق میرے عزیز بھائی مسٹر عبدالباقی صاحب ایسی قابلیت سے آپ کو بتا چکے ہیں آیا کونسی ایسی بڑی دقت پیش آئی ہے کہ جس وقت Fundamental Rights کا بل نیشنل اسمبلی کے سامنے پیش ہے ۔ پیشتر اس کے کہ اس کے متعلق کوئی فیصلہ ہو یا نیشنل اسمبلی فیصلہ کرے کہ آیا کیا کیا بنیادی حقوق مقرر ہوں گے اور ہم یہ دیکھ لیں کہ آیا یہ بل جو اس وقت زیر بحث ہے اس کی بعض شقیں آیا اس کے بر خلاف تو نہیں ۔ یہ بل فی الفور پاس کر لیا جائے اور اس عجلت سے پاس کیا جائے جو میں سمجھتی ہوں کہ کسی زیادہ سے زیادہ ضروری بل کے ساتھ آج تک، یا چھوٹے سے چھوٹے بل کے ساتھ نہیں ہوا ۔ ہم اس چیز کو سمجھنے سے قاصر ہیں ۔

صدر محترم - میں نے اپنے لاء منسٹر صاحب سے آپکی وساطت سے اس دن عرض کیا تھا کہ افسوس ہے کہ انہوں نے جب یہ بل پیش کیا تو کوئی خاص جواز اس کو ایوان میں لانے کا ہمارے سامنے نہ رکھا ، جب پھر اس کے بعد انہوں نے تقریر کی تو انہوں نے چند ایک جواز اس ایوان کے سامنے رکھے اس کے بعد آج میں پہلی تقریر کر رہی ہوں - میں ان کے متعلق عرض کرنا چاہتی ہوں ، انہوں نے مثالیں بھی پیش کیں اس ایوان کے سامنے انہوں نے فرمایا تھا کہ چونکہ Speedy Justice نہیں ہو سکتا اور چونکہ کئی دفعہ جنہوں نے جرم کا ارتکاب کیا ہوتا ہے ان کو سزا نہیں ہو سکتی - اس لئے یہ بل ایوان کے سامنے رکھا جا رہا ہے اور ضابطہ فوجداری میں ترامیم پیش کی جا رہی ہیں -

صدر محترم - پیشتر اس کے کہ میں اس معاملہ پر روشنی ڈالوں کہ کیا وجہ ہے کہ Speedy Justice نہیں ہو سکتا میں یہ عرض کرنا چاہتی ہوں اور میری سمجھ سے یہ باہر ہے کہ اگر اس وزارت کو یہ بل اس ایوان میں لا کر اس عجلت سے بغیر سوچے سمجھے پاس کرانا تھا تو کیوں انہوں نے ایف - سی - آر کی بعض شقوں کی ترمیم نہ کر دی اور ضابطہ فوجداری جو ۱۸۹۸ سے کام کر رہا ہے اس کو اس عجلت سے بغیر کسی Jurist کی رائے لینے سے تبدیل کیوں کر رہے ہیں - یہ بات ہماری سمجھ میں نہیں آ سکتی -

صدر محترم - میں یہ عرض کروں گی کہ بہر حال ایف - سی - آر تو ایک انگریز فارن گورنمنٹ کا قانون تھا اور آنے والی نسلیں کیا کہیں گی کہ یہ نیا قانون خود ہم نے بنایا اور وہ ایف - سی - آر سے بدتر ہے - یہاں بعض لوگوں نے فرمایا ہے کہ مسلم لیگ کے زمانے میں کیوں F. C. R. amend نہ کیا گیا -

ایف - سی - آر ایک چھوٹی سی Special legislation تھی جس کو Triba lares کے سوا کہیں نافذ نہ کیا گیا - انہوں نے آتے ہی ایک ڈویژن دوسری ڈویژن کے اضلاع میں نافذ کرنا شروع کر دیا - یہ وہ کالا قانون تھا جس کے متعلق میں سمجھتی ہوں ۲۰-۳۰ سال میں سینکڑوں تقریریں ہمارے اکابرین نے مختلف وقتوں میں کیں بہر حال اب یہ بل ضابطہ فوجداری کی ترمیم کرنے کا لائے - محترم کیا عرض کروں وزیر قانون نے فرمایا ہے کہ Speedy Justice نہیں ہو سکتا میں ممنون ہونگی اگر

وہ میری ایک دو باتوں کو توجہ سے سنیں گے میں ان کے ساتھ بالکل اتفاق کرتی ہوں بیشک Speedy Justice نہیں ہو سکتا مگر اس کی وجہ کیا ہے محترم وجہ یہ ہے کہ یہ جو پرانا انگریزی نظام Criminal Procedure Code کا ہے (مہربانی کر کے دو چار باتیں اس طرف کی بھی سن لیں شائد آپکے کسی وقت کام آ سکیں) میں جانتی ہوں صدر محترم - یہ سب کچھ جانتے ہیں مگر ممکن ہے بعض تجاویز ایسی ہوں خود کسی نہ کسی وقت ٹھنڈے دل کے ساتھ سوچیں اور اس پر کچھ کارروائی کر سکیں وزیر قانون صاحب افسوس ہے وہ میرے ضلع سے منتخب ہو کر آئے ہیں میں ان کی قابلیت اور انکی فہم و فراست کی دل سے قدر کرتی ہوں مجھے ابھی تک معلوم نہیں ہو سکا کہ ایک ایسے قابل وزیر کے ہاتھوں یہ قانون کیوں آیا میں بالکل اس چیز کو نہیں سمجھ سکی - کاش اس وقت کوئی اور لاء منسٹر مقرر ہو گیا ہوتا اور یہ بل مظفر گڑھ کے ساتھ منسوب نہ ہوتا - میری عرض ہے اور وزیر قانون بھی اچھی طرح سے جانتے ہیں کہ یہ فرسودہ طریق کار جو اس وقت ہے بہت پرانا ہو چکا ہے جس کو برٹش فرسودہ کار Criminal Law کہتے ہیں - یہ کبھی کا بدل دیا جانا چاہئیے تھا - آپ کے چیف جسٹس پاکستان آپ کے ہائی کورٹ کے جج صاحبان سب اس پر اپنی رائے کا اظہار کر چکے ہیں کہ Continental Law کو ہم اپنائیں جو جرمنی اور فرانس میں طریقہ جرائم کے انسداد کرنے کا ہے یعنی جو Criminal Procedure Code اس وقت جرمنی اور فرانس میں رائج ہے - اس کو اپنا کر طریقہ کار زیادہ آسان کرنا چاہئیے تھا - آپ کے کئی ایک جج صاحبان جو اس کو اچھی طرح جانتے ہیں اس کے متعلق بارہا کہہ چکے ہیں - صدر محترم - اس کے بر عکس کیا ہوا ہے ایوان جانتا ہے اور میرے عزیز - ملک اور قوم جانتی ہے بجائے اس کے کہ Jurists کی ایک کمیٹی بٹھاتے جو Speedy Justice اور آسان طریقہ کار اختراع کرتے Continental Law پر غور کرتے اور دوسرے ممالک کے قانون کا مطالعہ کرتے کہ کس طریقہ سے زیادہ آسان اور سیدھا اور زیادہ موثر بنایا جا سکتا ہے - یہاں تو انہوں نے لاء کمشن کی رپورٹ جس میں چند ایک سفارشات کی گئی ہیں اس کو بھی آج تک داخل دفتر کر رکھا ہے اور اتنا نہیں کیا کہ اس کی بعض سفارشات کو عملی جامہ پہنا کر قانون کی شکل میں ایوان کے سامنے پیش کرتے - صدر محترم - یہی نہیں بلکہ لاء کمیٹی کی سفارش یہ تھی کہ عورتوں کے معاملات سپیشل

کورٹ کو دیئے جائیں ۔ اس کے متعلق خاکسار نے ایک ریزولیوشن پیش کیا کہ سپیشل کورٹ بنائی جائیں اور لاء کمشن نے سفارش بھی کی ہے ۔ اس کو وزارت نے Support نہیں کیا بلکہ They threw it out ۔

اب صدر محترم ۔ میں یہ عرض کروں گی کہ یہ طریقہ ٹھیک نہیں ہے ۔ ۸ مارچ کو سیشن شروع ہوا ۔ آج ۵ ہفتے ہو چکے ہیں آپ کی وساطت سے اس ایوان سے دریافت کرتی ہوں کہ ہم نے منتوں اور مرادوں سے سیشن کو Requistion کیا ۔ کہ ہم پانچ چھ ہفتے بیٹھیں گے اور بڑے useful بل لائیں گے یعنی تعلیم کے متعلق طبی سہولتوں کے متعلق ، بیکاری کے متعلق اور ہزاروں ایسے معاملات کے متعلق جو ہماری قوم کو درپیش ہیں اور پھر ان پر بحث ہو گی ۔ مگر صدر محترم ۔ آپ نے اور ہم نے کیا دیکھا کہ ہم نے کیا پاس کیا ہے ۔ ایک Pure Food Act جسکو ہم نے بی ۔ ڈی ۔ کے ہاتھوں دے دیا کہ معمولی کلرک بڑے بڑے تاجروں سے سینکڑوں روپیہ نہیں ہزاروں روپیہ رشوت لے کر اپنے دامن بھر لیں اور آج ہم سیاہ بل پاس کر رہے ہیں ۔ بجائے اس کے کہ Jurists کی کمیٹی بٹھائی جاتی ہمارا طریقہ کار کیا ہے یہ کہ بجائے اس کے کہ ساری دنیا کے Criminal Procedure Codes کا مطالعہ کرکے یا Continental Law جو سب سے آسان قانون ہے استفادہ کرکے کوئی قانون لاتے ۔ عدلیہ اور انتظامیہ جو سب سے بڑی اہمیت کی حامل ہیں دونوں کو Separate کرتے ۔ آج یہ ہوا کہ یہاں یہ بل پیش کیا گیا ہے ۔ اس لئے کہ کل کو قوم جرگوں کے سپرد ہو گی اور قوم کی تکالیف دن بدن بڑھتی چلی جائیں ۔ صدر محترم ۔ ایک ضروری چیز کی طرف آپ کی توجہ مبذول کراتی ہوں ۔ آج چار پانچ سال کے بعد آپ کا ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کون ہو گا اس کی مثال پیش کرتی ہوں ۔ سپیکر صاحب مجھے چار سال ہوئے Mr. Burgess جو اس وقت اکیڈیمی کے پرنسپل تھے ۔ انہوں نے کہا کہ ایک نیا Batch سٹوڈنس کا اکیڈیمی میں آیا ہے ۔ آپ ضرور آئیں آپ ایک شام ان کے پاس گذاریں تاکہ وہ ملک کے حالات جاننے والوں کو مل سکیں ۔ میں نے کہا میں بڑی خوشی سے آؤں گی آپ مجھے بلائیں ۔ چنانچہ انہوں نے ایک دن مجھے کھانے پر بلایا مگر جس وقت میں گئی اور انہوں نے مجھ سے ہاتھ ملایا اور کہا کہ میں آپ کو کس سے ملاؤں میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آپ کے

ملک کا کیا حشر ہونے والا ہے ۔ کیونکہ جتنا Batch اس وقت آیا ہے تین لڑکوں کے سوا کوئی بھی ایسا لڑکا نہیں ہے جس کی کوئی ایسی بیک گراؤنڈ ہو کہ وہ جانے کہ ایک ضلع کا حاکم کیا چیز ہوتا ہے اور ان سے کیا Expect کیا جا رہا ہے ۔ چنانچہ جس وقت میں ان سے ملی میں خود حیران ہو گئی کہ چار پانچ سال میں یہ آپ کے ''اے ڈی ایم،، بنینگے Tribunals کے چیئرمین ہوں گے Mr. Burgess نے کہا کہ جیسا آپ لوگوں نے گول میز کا نفرنس کے زمانے میں برٹش گورنمنٹ سے سرتیج بہادر سپرو وغیرہ نے کرایا تھا کہ آدمی Selection سے Appoints ہوں اور آدھے لڑکے مقابلہ کے امتحان سے آئیں وہی آپ بھی کیجئے نہیں تو آپ کے آئندہ حاکم یہ ہوں گے جو اس وقت ہمارے سامنے بیٹھے ہیں ۔

صدر محترم—ان نوجوانوں کے ہاتھوں میں آج قوم کی قسمت دی جا رہی ہے جو یہ نہیں جانتے کہ قوم کیا چیز ہے ۔ مجھے خود بھی ایک دو سے سابقہ اپنے ضلع لیہ میں پڑ چکا ہے ۔ معاف کیجئے ۔ ان کو بولنے کا طریقہ بھی معلوم نہیں ہے کہ ایک ''اے ۔ سی،، یا ''اے ۔ ڈی ۔ ایم،، کو کس طرح سے بولنا اور گفتگو کرنا چاہیئے ۔ صدر محترم— ان کے ہاتھوں اس قوم کی قسمت دی جا رہی ہے جو اگر کسی کے ذرا بھی خلاف ہوتے تو دو تین اپنے لوگوں کا جنہیں ان کے پٹھو کہنا چاہیئے جرگہ بنا کر ان کی عزت خاک میں ملا دینگے اور ان کا آرام اطمینان ختم کر دینگے ۔ معاف کیجئے ۔ اسی وزارت نے یہ بالکل نہیں سوچا کہ یہ کیا کر رہے ہیں ورنہ پہروں سوچتے اور کبھی ایسا خیال بھی نہ کرتے ۔ اس کے علاوہ صدر محترم— مجھے دو تین اور ضروری باتیں کرنی ہوں ۔ ایک یہ کہ جس وقت برٹش گورنمنٹ یہاں سے گئی ہے تو کیا انہوں نے سارا انتظام سلطنت ایک مٹھی بھر لوگوں کے ہاتھ میں دے دیا تھا ؟ نہیں صدر محترم— ایسا انہوں نے نہیں کیا ۔ انہوں نے جو کچھ کیا وہ یہ تھا کہ جو عوام کے نمائندے تھے ان کے ہاتھ میں وہ نظام حکومت دے کر گئے اور آج ۔ صدر محترم—آپ بھی جانتے ہیں اور میں بھی کہ ۱۹۵۶ء کا جو آئین تھا اس کا بھی کوئی الکشن نہیں ہوا وہ لوگ بھی Indirect طریقہ سے لائے گئے تھے اور آج تو جس طرح ''بی ۔ ڈی،، سے لوگ آئے ہیں وہ آپ بھی جانتے ہیں اور میں بھی جانتی ہوں ۔

اس کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا Treasury benches ان صاحب اقتدار کا یہ فرض نہیں تھا کہ ایک ایسا بل—جس نے عوام کی قسمت کا فیصلہ کرنا ہے ۔ جو تمام دنیا کی رائے کے خلاف ہے اور جو تمام قانون بنانے والے اصولوں کے خلاف لایا جا رہا ہے اور جس میں عدلیہ سے اختیارات چھین کر انتظامیہ کو دئیے جا رہے ہیں ، بجائے اس کے کہ انتظامیہ سے لیکر عدلیہ کو دیتے — ایسا بل رائے عامہ معلوم کرنے کے لئے مشتہر کیا جاتا بلکہ ضرورت پڑتی تو اس پر Referendum کرایا جاتا جو کہ مہذب ملکوں کا دستور ہے ، اگر یہ نہیں کیا گیا تھا تو بہر حال ایک صدارتی نظام میں کیا یہ ضروری نہیں تھا کہ اس قسم کے اہم بل کو Committee on Parliamentary Affairs کے سپرد کرتے اور ان کو یہ کہتے کہ Jurists کی ایک کمیٹی بٹھاؤ اور ان سے مشورہ لو اور پھر اس کو اپنی سفارشات کے ساتھ ایوان کو بھیجو ۔ میں یہ آپ سے دریافت کرنا چاہتی ہوں کہ کیا یہ ان کا فرض نہیں تھا کہ جس جمہور کی فرمانروائی ہے اس بل پر Referendum کراکے ان کی رائے لیتے اگر وہ نہ تھا تو Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs کو دیتے اور ان سے کہتے کہ وہ اعلیٰ Jurists کی رائے لیں اور پھر اپنی سفارشات کے ساتھ اس ایوان کے سامنے پیش کریں ، صرف یہی نہیں ، ہمارے نوجوان وکلاء نے یہاں پر چند ایک اچھی اچھی ترمیمیں پیش کیں لیکن ان کو ٹھکرا کر پھینک دیا گیا ہے کیوں؟ کیوں صدر محترم ؟ اس لئے کہ . . . . . .

وزیر زراعت و قانون (ملک قادر بخش) : Interruption کی معافی چاہتا ہوں ۔

I cannot thrust my will on the Speaker. But I will be, with your permission placing before the Members today a closure motion. It is upto you to fix a time limit or not. I cannot thrust my will. I intend to move a closure motion.

Mr. Speaker : Just now or after some time.

Minister for Agriculture : It is upto you. I may be moving at twelve.

Mian Abdul Latif : Sir, the closure motion is put only when the Speaker is satisfied that it is not an abuse of the Rules. (Interruptions)

Begum Jehanara Shahnawaz : Before I sit down I am going to cut short my speech because they are very impatient for pushing through this Bill. I may say that I can speak for four hours on this Bill and nobody can stop me.

Mr. Speaker: I would be only too glad to hear the lady member for four hours provided she can show me the Rule.

Begum Jehanara Shahnawaz: Speaker's discretion.

Mr. Speaekr: I have also to give an opportunity to other Members.

بیگم جہاں آرا شاہنواز۔صدر محترم - پیشتر اس کے کہ میں کچھ اور عرض کروں - میں ان صاحب اقتدار لوگوں کے سامنے اس وقت علی الاعلان یہ کہنا چاہتی ہوں کہ عوام کی آزادی ، شہریوں کی عزتیں جرنلوں کے سپرد ہونے والی ہیں ، سوائے اس کے کہ اس قسم کا قانون لا کر اس خونین انقلاب کو دعوت دی جا رہی ہے جو اس وقت Middle East کے ملکوں میں جگہ جگہ آ رہا ہے ، (قطع کلامی) ، کاش وزراء ٹھنڈے دل سے سوچ کر اس بل کو پیش نہ کرتے - (قطع کلامیاں) -

Sir, I am going to make a very important announcement. I declare that we the Opposition, sitting on this side of the House, reserve our right to appeal to the International Congress of Jurists when this Bill is passed: "that West Pakistan today has become an uncivilised State where the Rule of Law does not prevail" and if this has any repercussions in the international world and international countries the responsibility will be on the shoulders of the Treasury Benches.

میر عبدالباقی بلوچ (مکران - ۱) جناب صدر۔اس بل پر مجھے کہنا پڑتا ہے کہ ''خامہ انگشت بدندان کہ اسے کیا لکھئے ناطقہ سر بگریبان کہ اسے کیا کہیئے،، آج یہ بل اس ایوان میں پیش ہے اور یہ غالباً اس بل کا آخری دن ہوگا ، آج یہاں مغربی پاکستان کے عوام کے شہری حقوق کی نماز جنازہ ادا کی جا رہی ہے ، کل سے ہماری سو سالہ پرانی عدلیہ کا نظام درہم برہم ہو رہا ہے - یہ بل ہمیں بیک جنبش قلم ۱۶ اپریل ۶۳ء سے زمانہ قبل از تاریخ میں پہنچا دے گا اور Indus valley civilization میں جو عبرت ناک انقلاب اس بل سے آئے گا وہ قابل غور ہے ، کل سے جناب والا - سندھ کے عوام موہن جو ڈارو تہذیب میں لوٹا دئے جائینگے اور پنجاب کے عوام ہڑپا کی تہذیب میں پہنچ گئے ہوں گے اور سرحد کے عوام ٹیکسلا تہذیب میں ہوں گے اور ہم بلوچستان کے عوام ''بابلی تہذیب،، کے مزے چکھ رہے ہوں گے - یہ کمال ہے ان کے اس قانون کا۔اس گندھارا آرٹ کا جو آج یہ حکومت اس ایوان میں پاس کرائے گی - جناب والا - میں یہ بات تفریحاً نہیں کہہ رہا ہوں بلکہ تاریخ اسے ثابت کرتی ہے کہ یہ سلسلہ۔یہ جرگہ جو یہ منعقد کر رہے ہیں اس کی مثال قبل مسیح

سے لیکر انگریزوں تک کی تاریخ میں کہیں نہیں ملتی ۔ اس سلسلے میں ۔ میں نے تاریخ کے اوراق کی ورق گردانی کی ہے اور اشوک کے دور حکومت تک میں نے دیکھا ہے ، اس دور حکومت میں کابل و قندھار بھی اس کے زیر اثر تھے اور اس وقت آپ کے سابقہ سرحد کے علاقوں میں بھی جو قانون نافذ تھا اس میں مذہبی نظام کے ذریعہ بدھ مذہب کے اصولوں پر انصاف کیا جاتا تھا ۔ اس وقت کہیں جرگہ کا نام و نشان نہیں ملتا ، اس کے بعد جناب والا ۔ دوسری صدی عیسوی سے لے کر ساتویں صدی عیسوی تک کا یہ علاقہ ہندو دور حکومت میں رہا ۔ اس میں چندر گپت کا زمانہ خاص طور پر قابل ذکر ہے جس کی حکومت سنٹرل ایشیا تک پھیلی ہوئی تھی ۔ اس وقت بھی مذہبی اصولوں پر برھمنوں کے ذریعہ دھرم شاستر کے اصولوں کے مطابق عوام کو انصاف دیا جاتا تھا اور کہیں بھی جرگہ کا نشان موجود نہیں تھا ۔ تیسرا دور مسلمانوں کا تھا ۔ مسلمانوں کے دور حکومت میں مغلوں کے زمانے میں بھی ان علاقوں میں جنہیں یہ اس جرگہ کا سرچشمہ بتا رہے ہیں وہاں انصاف قاضیوں کے ذریعہ ہوتا تھا اور ہائی کورٹ چیف جسٹس کو صدرالصدور کہا جاتا تھا جو اسلامی قوانین کے مطابق تھا ۔ سکھوں کے دور میں بھی جناب والا ۔ سرحد میں جرگہ کا کہیں نشان نہیں تھا ۔ البتہ جو اصول آج اس جرگہ میں موجود ہے ۔ اس اصول کی بنیاد سکھوں کے ایک اصول پر ضرور پڑی تھی ، وہ یہ تھا کہ رنجیت سنگھ کے زمانے میں ایک موٹے شخص کو پھانسی کی سزا دی گئی ۔ پھانسی کا رسہ اس کے گلے تک نہ پہنچ سکا تو حاکم نے حکم دیا کہ اسے چھوڑ دو اور ''کسے ہور موٹے جیسے نوں پھڑ لو،، آج اس جرگہ میں بھی جو ہمارا خاندان غلاماں منعقد کرے گا یہی اصول موجود ہے ۔ جناب والا۔ انگریزی دور حکومت میں سرحد کے دو حصے تھے ۔ ایک Settled علاقہ اور ایک قبائلی علاقہ ۔ قبائلی علاقہ وہ علاقہ تھا جہاں ۱۸۷۰ سے ۱۹۳۰ تک انگریزوں نے ۲۶ Major Military Operation کئے اور ان پر انگریز کا چار سو کروڑ روپیہ خرچ ہوا لیکن اس کے باوجود وہ علاقہ انگریزوں کے اثر میں نہ آسکا ۔ اس کے برعکس جو Settled علاقہ تھا وہ تو سکھوں کے دور میں بھی سکھوں کے زیر اثر رہا اور انگریزوں کے دور میں بھی انگریزوں کے زیر اثر رہا ۔ یہ جرگہ کا نظام جس پر انگریزوں نے ڈپٹی کمشنر کا ملمع چڑھا کر اسے

فرنٹیئر میں نافذ کیا تھا ۔ در اصل اس قبائلی علاقے سے نقل کیا گیا ہے جہاں چار قبائل مہمند ، محسود ، آفریدی اور وزیری آباد تھے ۔ ان کی کوئی باقاعدہ حکومت نہیں تھی اور وہ آپس کے جھگڑوں کا مل بیٹھ کر فیصلہ کرتے تھے اور اسے جرگہ کہتے تھے ۔ اب صورت حال یہ ہے کہ آج ہم کو یہ چاہیئے تھا کہ پاکستان کا جتنا قبائلی علاقہ ہے اسے ہم ترقی دے کر مغربی پاکستان کے علاقوں کے برابر لے آئیں لیکن اس قانون سے ہم الٹا مغربی پاکستان کو ترقی معکوس دے کر قبائلی نظام میں لے جا رہے ہیں ۔

اس ایوان میں جناب والا ۔ میرے کچھ دوستوں نے جرگہ سسٹم کے حق میں کچھ دلائل دئے ہیں ، میرے محترم دوست جناب کندی صاحب نے اس سلسلے میں اس نظام کی حمایت کی ہے ۔ میں ان کی توجہ بڑے احترام کے ساتھ آج سے تیس سال قبل N.-W. F. P. Council Debates کی طرف مبذول کراتا ہوں جب ان کے محترم ماموں صاحب خان بہادر عبدالرحیم خان کندی اس کونسل کے ڈپٹی سپیکر تھے ۔ انہوں نے Repeal of Special Regulations کے ریزولیوشن پر تقریر کرتے ہوئے ان ریگولیشنز کے متعلق یہ رائے دی تھی ۔

"I think it would be an insult to us and also an insult to the British Government if they retained these regulations against which all the people of this province with one voice and full heart have protested."

میں نہیں جانتا کہ تیس سال قبل اگر سرحد اس قدر آگے تھا تو آج پیچھے کیوں چلا گیا ہے ، بہر حال یہ ان کے بزرگ کے اقوال ہیں ۔ ان کے اقوال سے مجھے کوئی جذباتی تعلق نہیں ۔ یہ جناب میرے سرحد کے بعض بڑے محترم دوستوں نے اس حق میں بہت دلائل دئے ہیں اور بڑی فصیح تقریریں کی ہیں ، لیکن میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ صاحب زادہ عبدالقیوم جنہیں وہ سرحد کا سر سید مانتے ہیں اور جتنے احسانات صاحب زادہ صاحب کے سرحد پر ہیں اور کسی کے نہیں ہیں ۔ ۱۹۳۳ء میں وہ انگریز کی حکومت میں سرحد میں وزیر تھے اور وزیر ہوتے ہوئے بھی انہوں نے Special Regulations Repeal Resolution پر جو تقریر کی تھی اس کی طرف میں آپ کی توجہ مبذول کراتا ہوں ۔ ان کی رائے سنئے ۔ وہ فرماتے ہیں ۔ . . . . . .

".....The regulation is based on the so-called old customs of the people but the sooner these customs make room for more modern and civilized laws, the better it will be for all concerned....."

اس کے بعد آگے وہ فرماتے ہیں—

".....As far as the procedure adopted under the regulation is concerned, I condemn it whole-heartedly. This parallel procedure of trying cases under the Frontier Crimes Regulation is to my mind most unsatisfactory. It deprives the accused of the right of self-determination and of receiving a fair trial. If the idea is that the tedious procedure of ordinary law courts, both on the criminal and civil side, should be shortened, I endorse it, but I would not like that the procedure should be shortened simply to suit certain classes whether residing in tribal areas or inside the British territories....."

اس کا علاج بھی وہ بتاتے ہیں اور علاج یہ نہیں جو آج آپ پیش کر رہے ہیں - علاج وہ ہے جو انہوں نے اس دن پیش کیا تھا -

".....I must say that we should try to improve the police investigation and the magesterial enquiry. We should improve the capacity and the efficiency of these officials, rather than change the law and do away with the most essential precautions provided for in the Evidence Act and other laws of the realm against the miscarriage of justice."

صاحبزادہ صاحب اس وقت انگریز کے وزیر تھے اور وہ یہ کہتے ہیں - آج سرحد کے معزز اراکین اس ایوان میں صرف ممبر ہیں اور کس قسم کی باتیں کہتے ہیں -

جناب والا—میری تقریر پر خان عبدالوحید خان صاحب نے جو تقریر دلپذیر فرمائی تھی اس پر تو مجھے یہ گمان ہوتا تھا کہ جیسے فرما رہے ہوں - . . . . . .

اے مسافر جانے والے دیکھنا منہ پھیر کر
میں مسافر کس لئے آیا ہوں رستہ گھیر کر

(قہقہہ)

اور ان کا یہ بل گویا مغربی پاکستان کے عوام کے لئے سانڈے کا تیل تھا - اس انداز سے انہوں نے تقریر فرمائی کہ گویا اس سانڈے کے تیل کے بغیر مغربی پاکستان کے عوام زندہ نہیں رہ سکتے (قہقہہ) انہوں نے مجھ پر یہ بھی الزام لگایا کہ میں Elsmay کے قانون کی بجائے Macaulay کے قانون کا پرستار ہوں - میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ پچھلے سیشن میں بھی جب میں نے ایف - سی - آر کے خلاف تقریر کی تھی تو میں نے دونوں کے قوانین کی مخالفت کی تھی اور آج بھی میں یہی کہہ رہا ہوں - میں نے اس ایوان میں اسلامی قوانین کی حمایت کی ہے اور ابھی میں نے تاریخ کے حوالہ جات سے بھی بتایا ہے کہ Indus Valley Civilization

میں چاہے کوئی بھی مذہب بر سر اقتدار تھا ۔ مذہبی اصولوں پر ہی انصاف ہوتا رہا اور قوانین انہیں اصولوں پر بنتے رہے اور اسی لئے ان علاقوں کے عوام کا مزاج مذہبی قوانین کے لئے ہی موزوں ہے ۔ انہوں نے قائد اعظم کے متعلق بھی یہ فرمایا تھا کہ وہ ان کے ہمسفر تھے اور ساتھ ہی ساتھ یہ بھی کہا کہ میں نے تاریخ کو مسخ کرنے کی کوشش کی ہے اور میں نے قائد اعظم کے ارشادات گرامی کو غلط طریقے پر پیش کرنے کی کوشش کی ہے ۔

ان کی دلیل یہ تھی کہ قائد اعظم نے جس زمانے میں یہ بات کی تھی وہ انقلابی زمانہ تھا ۔ حالانکہ جو حوالے میں نے دیئے ان میں universal باتیں تھیں ۔ اگر میں یہ بھی مان لوں کہ قائد اعظم نے انقلابی زمانے میں یہ کہا تھا تو وہ قائد اعظم جو انقلابات سے دو چار حکومت کو ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر ریلوے- جناب والا ۔ میں اس کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mir Abdul Baqi Baloch : Sir, I have his speech with me.....

Mr. Speaker : No interruption please.

Minister of Railways : I did not say that.

Mir Abdul Baqi Baluch : You did say that. Your speech is with me.

Minister of Railways : Should I tell you what I said ?

Mr. Speaker : No. There is no need. Mr. Baloch may carry on.

میر عبدالباقی بلوچ - تو جناب والا ۔ جب وہ اس حکومت کو اس ہنگامی حالت میں بھی یہ اختیار نہیں دیتے تھے تو وہ کسطرح آج کے عام حالات میں اپنے ملک کے عوام کے حقوق کو غصب کرنا پسند فرماتے ۔ میں ان کی اطلاع کے لئے یہ عرض کر دوں کہ قائداعظم نے اس سلسلے میں کیا فرمایا تھا اور ان کے عدل و انصاف کے تصورات کیا تھے ۔ وہ فرماتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

am a firm believer that no man's liberty should be taken away for a single minute without a proper judicial enquiry."

پھر وہ ۱۹۱۹ کے رولٹ ایکٹ کے سلسلے میں فرماتے ہیں

o man should lose his liberty or be deprived of his liberty, without a judicial trial in accordance with the accepted rules of evidence and procedure,...."

آپ کے اس قانون میں کونسا procedure ہے ۔ کونسا evidence کا طریقہ ہے اور آگے پھر وہ فرماتے ہیں :۔

"..... the powers which are going to be assumed by the executive, which means substitution of executive for judicial, such powers are likely to be abused, and, in the past, we have instances where such powers have been abused."

کیا آپ کے اس بل میں اس تصور کی خلاف ورزی نہیں ہو رہی ؟ پھر وہ فرماتے ہیں—

"My Lord, standing here as I do, I say that no man who loves fair play, who loves justice and who believes in the freedom and the liberty of the people can possibly give his consent to a measure of this character."

تو جن کا تصور عدل و انصاف کا یہ تھا آپ ان کے متعلق یہ فرماتے ہیں کہ وہ سب باتیں وقتی تھیں ۔ اور وہ اسی انقلابی دور سے متعلق تھیں ۔ آج آپ ان کی بنائی ہوئی مملکت میں ان کے اصولوں کی خلاف ورزی کرکے الٹا اپنے کردار کی وضاحت فرماتے ہیں اور اس انداز میں فرماتے ہیں یہ کس قدر شرمناک بات ہے ۔

جناب والا ۔ قائداعظم اس حد تک بھی کہہ گئے ہیں اور یہ انہوں نے Bengal Criminal Law Amendment Supplementary Bill پر ۲۳ مارچ ۱۹۲۵ء کو کہا تھا اور اس وقت کہا تھا جب کہ حکومت انقلابات سے دوچار تھی ۔

"..... If I were an official and if I felt that my life was in danger and I was going to be shot down, even like a dog, I should never be a party to a measure which will endanger the life and liberty of the innocent population as this measure undoubtedly does."

تو اس کا مطلب کیا ہے ؟ آپ اپنے اس بل کو دیکھئے اور اس کے مقابلے میں حضرت قائداعظم علیہ رحمہ" کے ارشادات کو دیکھئے ۔ آج آپ جس شیر کے مارے ہوئے شکار کو شغال کی طرح کھا رہے ہیں اس کے بنائے ہوئے نظریاتی ملک کا آپ یہ حال کر رہے ہیں ۔ کس قدر افسوس ناک بات ہے ۔

جناب والا ۔ ایک دلیل یہ بھی دی گئی ہے کہ یہ ایک محدود قانون ہے اور اس کا احاطہ صرف محدود مقدمات تک ہے یعنی اس کے تحت صرف قتل کے مقدمات آئیں گے اور عدلیہ کے نظام پر اس کا کوئی اثر نہیں ہوگا ۔ وہ بدستور قائم رہے گا ۔ اس سلسلے میں عرض یہ ہے کہ میری بات انہیں پسند نہیں ۔ اس ملک کے عوام کی بات انہیں پسند نہیں ۔ اس ایوان کی بات انہیں پسند نہیں ۔ میں ان کی اس دلیل کا جواب پھر قائداعظم کے ارشادات سے دیتا ہوں ۔ وہ فرماتے ہیں ۔

I cannot possibly stand here and say that because it is restricted in its scope and only deals with offences of murder or attempt to murder, therefore, we shall depart from the normal, ordinary fundamental principles of law.

اس کے بعد آپ کے پاس کیا جواز ہے ؟ کیا آپ ان کے ایک ایک لفظ کی خلاف ورزی نہیں کر رہے ۔

جناب والا ۔ یہاں یہ بھی کہا گیا تھا کہ ہم قانون ساز ہیں ۔ ہمارا حق ہے کہ ہم عوام سے متعلق جو قانون چاہیں وضع کریں ۔ یہاں ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کے حوالے دے کر یہ کہا گیا کہ انہیں تو صرف قوانین چلانے کا اختیار ہے ۔ عقل کل تو صرف ہم ہیں اس لئے میں اس قانون کو منظور کرتا ہے ۔ یہ بل نہ کسی Select Committee کے پاس گیا اور نہ ہی اسے Public Opinion elicit کرنے کے لئے بھیجا گیا ۔ اور نہ ہی یہ کسی باقاعدہ procedure کے تحت لایا گیا ہے ۔ اس کے متعلق بھی میں حضرت قائداعظم کے الفاظ ہی پیش کروں گا ۔ وہ ۱۹۱۹ء میں Indian Legislative Council میں Criminal Law Emergency Powers Bill کے متعلق فرماتے ہیں :—

Quaid-i-Azam said on March 12, 1919 in the Indian Legislative Council speaking on Criminal Law (Emergency Powers) Bill, 1919 :—

.....My Lord, may I ask a simple question that if that is so, why is it that any Bill is ever allowed to be published at all; why is ever any Bill sent for opinions to local governments, to the High Courts and to the public bodies, why is it ever done, I repeat?....."

.....The object of this is that we want outside opinion, opinions from the different parts of the country, opinions from men who are both in close touch with the actual administration of the country and also of the public life of th country. That is the object, and it is a very wise and a very salutar practice; we must not arrogate to ourselves that we alone here have the concentrated wisdon centered in Delhi or in this Hall.

تو جناب والا — اس بل سے جو انہوں نے اس ایوان میں پیش کیا ہے اور اس عجلت سے پیش کیا ہے ۔ ہماری عدلیہ کا تمام نظام درہم برہم ہو جائے گا ۔

جناب والا ۔ میں اس ایوان کا زیادہ وقت لینا نہیں چاہتا آخر میں میں صرف یہ عرض کرونگا کہ ان کے وزراء کے کہنے کے مطابق یہ ایف۔سی۔آر ایف۔سی۔آر ہی نہیں ، اگر یہ دلیل تسلیم کی جائے کہ ۱۹۰۱ء کے ایف۔سی۔آر کی ۶۴ دفعات تھیں اور اس قانون کی ۳۳ دفعات ہیں اور اس لئے یہ اب ایف۔سی۔آر نہیں رہا تو میں سمجھتا ہوں کہ اس لحاظ سے تو پھر ۱۸۷۱ کا ایف۔سی۔آر تو بالکل ہی ایف ۔ سی ۔ آر نہیں کیونکہ اس کی تو صرف ۱۲

دفعات تھیں اور پھر لطف کی بات تو یہ ہے کہ یہ فرماتے ہیں کہ ہم تو ایف۔سی۔آر کو منسوخ کر رہے ہیں ۔ ۱۹۰۱ء کا ایف۔سی۔آر تو ایک مخصوص علاقے میں تھا یعنی قبائلی علاقوں میں جو ہرگز منسوخ نہیں ہو رہا بلکہ وہاں بدستور نافذ ہے اور اس ۶۴ دفعات والے ایف۔سی۔آر کی موجودگی میں انہوں نے ایک ۳۳ دفعات والا ایف۔سی۔آر ایزاد کرکے تمام مغربی پاکستان پر تھوپ دیا ہے اور عوام کی آنکھوں میں دھول اس طرح جھونک رہے ہیں کہ جناب ہم نے تو ایف۔سی۔آر کو ختم کر دیا ہے ۔ جیسے صدہا سال سے سارے مغربی پاکستان میں ایف۔سی۔آر نافذ تھا جسے انہوں نے ختم کیا ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ انہوں نے ۱۹۶۰ء سے بعض علاقوں میں ایف۔سی۔آر کا نفاذ بڑھایا ہے اور آج اسے خود ہی سارے مغربی پاکستان پر لاگو کر رہے ہیں ۔ آپ خود ہی اندازہ لگا لیجئے کہ اب ان کا یہ دعوی کہاں تک درست ہے کہ انہوں نے ایف۔سی۔آر کو منسوخ کیا ہے ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ انہوں نے کوئٹہ اور قلات ڈویژن کو اس بل میں مستثنیٰ قرار دیا ہے ۔ قلات ڈویژن وہ ڈویژن ہے جہاں نہ اسمے کا قانون چل سکتا ہے اور نہ میکالے کا ۔ وہاں چار سو سال سے اسلامی قوانین نافذ تھے ۔ وہاں آبادی کا تناسب ۳ سے ۶ آدمی فی مربع میل ہے ۔ اور آپ کے موجودہ قانون شہادت کے تحت آپ کی پولیس عام حالات میں شہادت مہیا نہیں کر سکتی ۔ آپ کی پولیس وہاں ناکام ہے ۔ لہذا میرے نزدیک اس ماحول میں بہترین طریقہ اسلامی قانون شہادت کا نفاذ ہے جو وہاں آج تک کامیاب رہا ہے ۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ ملک میں یکساں قوانین ہوں تو یہ نہ اسمے کے قانون سے ہو سکتے ہیں اور نہ میکالے کے قانون سے ۔ یہ قوانین صرف ایک ہی صورت میں یکساں ہو سکتے ہیں اور وہ اس طرح کہ آپ پورے ملک میں اسلامی قوانین نافذ کریں جو قلات ڈویژن میں بھی پورے طور پر کامیاب رہ سکتے ہیں اور لاہور ڈویژن میں بھی ویسے ہی کامیاب ہو سکتے ہیں ۔

جناب والا ۔ آخر میں میں ان سے ایک درخواست کرونگا اور وہ یہ کہ آج آپ اس بل کو منظور تو کر دینگے مگر میری ایک گذارش آپ مان لیں اور وہ یہ کہ آج آپ بینڈ باجے منگوا لیں اور اس بل کو پاس کرنے کے بعد سرکاری پارٹی اپنا جلوس نکالے اور مال روڈ سے بھنگڑا اور خٹک ڈانس کرتی ہوئی اس بل کو گورنمنٹ ہاؤس تک لے جائے اور عوام کی شہری آزادیوں کو پورے سرکاری اعزازات کے ساتھ گورنر ہاؤس میں دفنا کر آ جائے ۔

جناب والا ۔ حزب اقتدار نے اس تمام بحث کے دوران میں یہ تاثر دیا ہے کہ یہ قانون ۱۹۰۱ء کے F. C. R. سے بہتر ہے ۔ گویا وہ ہمیں یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اس معزز ایوان کے Terms of reference محدود ہیں اور ہمارے پاس صرف دو ہی راستے ہیں یعنی یہ کہ ہم اس ۱۹۰۱ کے F. C. R. کو قبول کریں یا اس ۱۹۶۳ F. C. R. کو قبول کریں ۔ میں یہ گذارش کروں گا کہ اس ایوان کو جب یہ بل منظور کرنے کا اختیار حاصل ہے تو اسے نامنظور کرکے ۱۹۰۱ والے F. C. R. کو منسوخ کرنے کا بھی اختیار ہے ۔ آپ ہمیں اس گورکھ دھندے میں کیوں پھنساتے ہیں ۔ اس کا مجھے اعتراف ہے کہ بعض قوانین کے لئے اس ایوان کے اختیارات انڈین کونسل ایکٹ ۱۸۶۱ کی دفعہ ۴۲ کے تحت محدود ہیں جس میں گورنر جنرل کے پاس کردہ قانون میں کونسل نہ ترمیم کر سکتی تھی نہ منسوخ کر سکتی تھی ۔ لیکن میں یہ بھی مانتا ہوں کہ میجارٹی پارٹی کے اختیارات ۱۸۶۱ والے کونسل ایکٹ سے بڑھ کر ۱۸۹۲ کے کونسل ایکٹ سے ملتے ہیں کیونکہ اس کی دفعہ ۵ کے تحت کسی بل یا قانون کو منسوخ کرنا یا اس میں کوئی ترمیم کرنا مقصود ہوتا تھا تو گورنر جنرل کی اجازت ضروری ہوتی تھی ۔ چونکہ میرے خیال میں ان کی پارٹی بالا بالا اجازت طلب فرماتی ہے اور یہ پارٹی انڈین کونسل ایکٹ ۱۸۹۲ کی دفعہ ۵ کے تحت پرسرکار ہے اسی لئے ان کے لئے ''حکم حاکم مرگ مفاجات'' کے مترادف ہے ۔ میں اس بل کی مخالفت کرتا ہوں اور شدت سے مخالفت کرتا ہوں ۔ میں سمجھتا

ہوں کہ میرے پاس ایسے الفاظ نہیں کہ میں بتا سکوں کہ اس کے پاس ہونے سے ملک میں کیا کیا نتائج برآمد ہوں گے اور کس شہنشاہیت کی طرف ہم قدم پیما ہوں گے ۔

سردار عنائیت الرحمن خان عباسی—(ہزارہ - ۱) جناب والا ۔ میں اس بل کی وضاحت پیش کرنا چاہتا ہوں ۔

جناب والا ۔ اس میں شک نہیں کہ جس طرح سے یہ کہا جاتا ہے کہ مہذب دنیا میں کسی خصوصیت کے ساتھ قانون لائے جاتے ہیں اگر اس زمانہ میں اس قسم کے قانون لائے جانے سے عوام کے حقوق یا جمہوریت کے حقوق کو کسی طرح پامال ہونے کا خدشہ ہو تو نامناسب ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ میں ایوان کی خدمت میں گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ جس وقت یہ بل جو اس form میں تیار کیا گیا تھا جب ہماری پارٹی میٹنگ میں پیش کیا گیا اور ہم بحث و تمحیص کے بعد ایک نتیجہ پر پہنچے تو پھر اس ایوان میں پیش کیا گیا ۔ آپ یقین کریں اگر میں یہ بتاؤں کہ ہمارے دل میں اس وقت وہی خیالات تھے وہی جذبات تھے جو ایوان میں دوسری طرف بیٹھنے والی پارٹی کے ذہن میں اس وقت موجود ہیں ۔

میں آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں اور آپ کی وساطت سے جمہوریت کے علمبرداروں سے پوچھتا ہوں کہ جمہوریت کا ڈھنڈورہ پیٹنے والو ۔ کبھی آپ نے معاشرہ پر غور بھی کیا ۔ کبھی آپ نے معاشرہ کی طرف توجہ بھی دی اس معاشرہ کی طرف جو ایک ناسور کی شکل اختیار کر چکا ہے اور میں یہ کہنے میں حق بجانب ہوں کہ معاشرہ میں ہر انسان اپنے profession میں کامل deceit کی طرح موجود ہے ۔ آپ اپنے بازار میں چلے جاؤ اپنے علاقہ میں چلے جاؤ ۔ جمہوریت جس کا آپ ڈھنڈورہ پیٹ رہے ہیں شہری حدود کے اندر محدود ہے اور کسی کی وہاں تک رسائی نہیں ہوتی ۔ آپ کو معلوم ہے کہ اس وقت کیا حالت ہے ۔ کھانے کو اچھا گھی نہیں ملتا ۔ حلال گوشت

نہیں ملتا ۔ میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ رائج الوقت قوانین کے تحت اس جمہوریت کے دور میں کسی آدمی کی خوبصورت بیوی محفوظ نہیں ۔ کسی کی خوبصورت لڑکی محفوظ نہیں کسی کی دولت محفوظ نہیں کسی کا مکان محفوظ نہیں کسی کی زمین محفوظ نہیں ۔ اب میں یہ پوچھنے میں حق بجانب ہوں کہ آپ کی جمہوریت کہاں ہے ۔ ۱۰ سال سے اس ملک میں جمہوریت رائج ہے جس کا ڈھنڈورہ آپ ابھی تک پیٹ رہے ہیں ۔ ایسی جمہوریت جو ان لوگوں کو protect کرنے میں کامیاب نہیں ہوئی ۔ خدا شاہد ہے مسٹر سپیکر ۔ میں آپ کی وساطت سے اس ایوان کی خدمت میں ایسی کتنی مثالیں پیش کر سکتا ہوں ۔ ایک مثال میرے اپنے گاؤں میں ہمارے علاقہ کی ہے جہاں ایک قتل ہوا ۔ جسے trace کرنے میں پولیس کامیاب نہ ہو سکی ۔ اس میں شک نہیں بلکہ یہ درست ہے کہ اس جمہوری دور میں لوگوں کو ایسے وسائل مہیا ہو جاتے ہیں یا اس جمہوری ملک میں ایسے وسائل مہیا کئے جاتے ہیں ۔ کیا آپ نے حالات پر غور کیا ہے ۔ آپ ذرا ان حالات پر غور کریں ۔ کہ وہ جمہوری ملک کیسے ہیں اور آپ کا جمہوری ملک کیسا ہے کیا ایسے حالات کسی اور جمہوری ملک میں بھی ہیں جس طرح آپ کے ملک میں ہیں ۔ کیا عوام کے حقوق کی حفاظت اس طرح دوسرے ممالک میں ہوتی ہے ۔ اگر آپ نے کبھی غور کیا ہے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ اس جمہوریت نے عوام کے حقوق کا ستیاناس کر دیا ہے کیا آپ پہلے حکمرانوں کے قوانین سے یہ توقع رکھ سکتے ہیں کہ وہ غریب زمینداروں اور مظلوم انسانوں کے حقوق کی حفاظت کر سکیں گے جو کسی طریقہ سے بھی اپنے حقوق کی حفاظت نہیں کر سکے ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر سپیکر ایوان سے تشریف لے گئے اور مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر مسٹر محمد اسحاق خان کنڈی کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے) ۔

میرے بھائی عبدالباقی صاحب نے اور میرے دوسرے دوستوں نے تقریریں کی ہیں اور ارشاد فرمایا ہے کہ ملک میں صحیح

اور بالکل قطعی علاج یہ ہے کہ اسلامی قوانین نافذ کر دئے جائیں - میں ان سے گذارش کروں گا کہ اے اسلامی قوانین کا ڈھنڈورہ پیٹنے والو کیا آپ نے کبھی غور کیا کہ اسلامی قوانین کی اصل نوعیت کیا ہے اور وہ کس طرح جرائم کی حفاظت کرتے ہیں - ان قوانین کی رو سے کانوں میں سیسہ پگھلا کر ڈالا جاتا ہے اور اگر زبان سے کوئی برائی کے الفاظ نکلے تو زبان کھینچ لی جاتی ہے -

میں ثابت کر سکتا ہوں کہ اس ایوان میں کس کس قسم کی باتیں ہوئی ہیں آپ اس ایوان کی پہلی کارروائی کو پڑھیں - اس میں یہ کہا گیا ہے کہ اسلامی قوانین آج سے ۱۳۰۰ سال پہلے کے قوانین ہیں اس مہذب دنیا میں موزوں نہیں اور میں آپ کی خدمت میں عرض کروں گا -

میر محمد مراد خان جمالی—حزب اختلاف نے ایسا کوئی لفظ استعمال نہیں کیا - نہ باقی صاحب نے کہا ہے اور نہ کسی اور ممبر نے اسلامی قوانین کے متعلق ایسے الفاظ استعمال کئے ہیں -

Mr. Senior Deputy Speaker : Order, order. The member should address the Chair.

میر محمد مراد خان جمالی—معزز ممبر کی یہ بات بالکل بے بنیاد ہے کہ کسی شخص نے ایسا نہیں کہا یہ ۱۳۰۰ سال کے پرانے قوانین ہیں -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر — آپ نے ہاؤس کی توجہ اس امر کی طرف دلائی ہے - اب آپ تشریف رکھیں -

سردار عنائیت الرحمٰن خان عباسی — جناب والا - میں نے پورے اعتماد سے کہا ہے - میں ان الفاظ کو دھرانا نہیں چاہتا البتہ اتنا عرض کروں گا کہ ایک معزز ممبر نے ایسا کہا تھا - آپ پچھلے سیشن کی کارروائی ملاحظہ کریں - میں یہ نہیں کہنا چاہتا کہ کس ممبر نے کہا تھا کہ اس زمانہ میں ایسے وحشیانہ قوانین نہیں ہونے چاہئیں اگر یہ بات غلط ہوئی تو میں معافی مانگ لوں گا -

اس میں شک نہیں کہ اس وقت جرائم زیادہ ہیں اور اب اس بات کی اشد ضرورت ہے کہ عوام کو ان کے حقوق ملنے چاہئیں ۔ اور جرائم کا انسداد ہونا چاہئے آپ کو چاہیئے کہ ایسے طریقے فراہم کریں کہ اس کی روک تھام ہو سکے ۔ اگرچہ میں خود F. C. R. کے مظالم سے دو چار ہو چکا ہوں ۔ مگر مجھے اس بات کی پروا نہیں ۔

یہ کس قدر افسوس اور شرم کی بات ہے کہ ہماری حالت اب اس قدر گر گئی ہے جس کے متعلق سعادت حسن منٹو کا ایک واقعہ کا پس منظر عرض کروں گا ۔ دراصل رائج الوقت قوانین میں اتنی لچک موجود ہے کہ ایک ہی قانون سے کسی شخص کو دار پر لٹکا دیتے ہیں اور اسی قانون سے دوسرے شخص کو تختہ دار سے اتار لیتے ہیں ۔

مسٹر سینیئر ڈپٹی سپیکر — اصل موضوع کی طرف آئیے ۔

سردار عنایت الرحمن خان عباسی — ہاں وہ مثال یہ تھی ۔ کہ ایک پنساری کے پاس ایک شخص گیا اور اس سے کالا سنکھیا مانگا ۔ چنانچہ اس نے دے دیا ۔ رات کو اس شخص نے وہ سنکھیا کھایا لیکن صبح کو جب دیکھا تو وہ صحیح سلامت تھا ۔ وہ شکوہ لے کر پنساری کے پاس گیا اور کہا کہ اس سنکھیا نے مجھ پر کچھ اثر نہیں کیا جس کے جواب میں پنساری نے کہا کہ بھائی آپ عجیب ہیں اس دور میں خالص چیز کی تلاش کرتے ہیں ۔ یہی حال اس معاشرہ کا ہے عوام چاہتے ہیں کہ ان کے حقوق کی حفاظت ہو اور protection ہو اور یہ نہیں کہ قانون کو جیسے چاہو استعمال کر لو ۔ آپ اس بات پر غور کریں ۔ کیا آپ چاہتے ہیں کہ ایف۔سی۔آر جس طرح پہلے نافذ تھا کیا وہ اسی طرح رہے ۔

اب ہم سے یہ گلہ نہ کرو کہ وحشی قسم کے لوگ دوسرے ضلعوں میں رہتے تھے ۔ آپ کو تو صرف اسبات پر غور کرنا چاہئے کہ اس قانون سے سنگین جرائم کی روک تھام ہوگی اور معاشرے کے جرائم کا انسداد کیا جائیگا ۔

سندھ کے علاقے کے ممبروں نے یہاں adjournment motion پیش کئے ہیں کہ سندھ میں چوری ڈکیتی اور قتل و غارت ہوا کرتی ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : No repetition please.

سردار عنایت الرحمن خان عباسی—جناب یہ Repetition نہیں ہے میں عرض کر رہا ہوں کہ ان لوگوں نے یہ adjournment motion پیش کئے کہ آپ کے رائج الوقت قانون سب ہار چکے ہیں اور آپ چوریوں کے روکنے میں ناکام ہو چکے ہیں اور ایک طرح سے وہ قوانین ناکام ہو چکے ہیں ۔ لہذا خدا کے لئے اس قانون کو نافذ ہونے دیں اور ظالم اور سفاک لوگوں سے غریبوں کی عزت آبرو اور جان و مال آپ بچانے دیں ۔

میاں عبداللطیف (شیخوپورہ ۔ ۱) جناب والا ۔ قانون سازی کے دو بہت بڑے بین الاقوامی مانے ہوئے اصول ہیں ۔

(۱) Positive

(۲) Negitive.

چنانچہ Positive یہ ہے قانون بناتے ہوئے ایک ایک لفظ پر نہایت ٹھنڈے دل سے اور بڑی گہری توجہ سے غور کیا جائے ۔

Negative یہ ہے کہ جلد بازی کو مکمل طور پر دور رکھا جائے میں اپنے اس طرف کے بیٹھنے والوں اور گورنمنٹ بنچز سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ انہوں نے جو بل بنایا ہے سخت جلد بازی سے بنایا ہے اور جو پیش کیا ہے اسپر قطعاً کوئی غور نہیں کیا اسکا ثبوت یہ بل اور اس ہاؤس کی Proceedings ہیں ۔ جناب نے اپنے تجربہ میں اس قسم کی لیجسلیشن ایشیا بھر کے کسی چھوٹی سے چھوٹی ریاست میں بھی نہیں دیکھا ہوگا ۔

اسکی ۳۳—کلاز کیلئے اس ہاؤس نے ۲۶۳ amendment دی ہیں اور اس وقت جو بل جناب پیش کیا جا رہا ہے اس بل کا وجود اس original بل میں کہیں نہیں ہے ۔ اسکی

ہیں ان Unimportant ۴ یا ۵ شقوں کو چھوڑ کر جو
کو چھوڑ کر اس کا کوئی ایک فقرہ بھی قائم نہیں ہے
اس وقت جو کچھ آپ نے پاس کیا ہے وہ ۳۳ amendment
ہیں جو اس ہاؤس نے پاس کی ہیں ۔

That is a shame tons. That is a shame to the party. That is a shame to the Conventionist Muslim League. That is an insult to the Legislative sense of the whole House.

Minister of Law : This is a credit to us.

میاں عبدالطیف—یہ جناب ایک ریکارڈ ہوجائیگا کہ ۳۳ کلاززکے بل کیلئے اس ہاؤس میں اسکی اپنی پارٹی کی طرف سے ۱۶۲ amendment آئی ہیں تو میں یہ الزام پھر دہراتا ہوں ۔ ہم نے جناب گذارش کی کہ اس بل کو کیونکہ یہ بل اہم ہے Fundamental Rights, Basic Rights اور جسٹس کے Trial کیلئے Fair play کیلئے ایک بنیادی چیز ہے اس لئے اسکو پبلک opinion کیلئے Circulate کیا جائے ۔ آپ نے انکار کر دیا ۔ ہم نے درخواست کی کہ خدا کیلئے اگر وہاں نہیں بھیجتے ہائی کورٹ سیشن ججوں ،ججز، بار ایسوسی ایشنوں، ڈسٹرکٹ بورڈوں، میونسپل کمیٹیوں اور Individuals کی رائے سے تو آپ گھبراتے ہیں، اسے جانے دیجئے ایک سٹینڈنگ کمیٹی قائم کر لیجئے لیکن آپ نے اس سے بھی انکار کر دیا اور ایک دس گیارہ آدمیوں کی ایک کمیٹی قائم کر دی اس کمیٹی کا Amended Bill ہمارے پاس نہیں تھا جس پر ہم غور کرتے ۔ اس کے بعد ہم نے درخواست کی کہ چند چیدہ چیدہ آدمیوں کی ایک سیلیکٹ کمیٹی قائم کر دیجئے اور اسکے حوالے یہ کام کر دیجئے اور وہ ایک ہفتہ اس پر غور کر کے اپنی رپورٹ پیش کرے آپ نے اس سے بھی انکار کر دیا اور ہم نے اس پر جو غور کیا ہے تو وہ بہت بھونڈے طریقے پر غور کیا ہے اور ہم کو اس پارٹی نے مجبور کر دیا کہ ہم اس پر غلط طریقے پر غور کریں اور غلط طریقے پر ہم غور کرتے رہے اور ہم نے رات کے ایک ایک بجے تک صبح جب آئے تو دیکھا کہ ایجنڈے میں صرف انکے پانچ پیاروں کی ایک نئی Amendment موجود ہے ۔ جسکا مطلب یہ ہوا کہ ہماری بہتری کی جو

amendments میں وہ غائب ہیں اور اسکا لازمی نتیجہ یہ بھی نکلا ہے کہ آج ہم اس بل پر نہیں۔ بلکہ ان amendments پر غور کر رہے ہیں۔

اب جناب۔ دوسرا پہلو اسکا یہ ہے جس کے خلاف ہم نے احتجاج کیا تھا۔ ہم نے یہ کہا تھا کہ جلد بازی نہ کرو۔ جلدی ہم اس وقت کریں کہ جب کوئی emergency ہو۔ کوئی آفت نازل ہو رہی ہو۔ کسی صوبے میں یا ملک کے کسی حصے میں ایک ایسی صورت میں اس آفت کو مٹانے کیلئے emergency قانون لگائے جاتے ہیں اور ایسے موقعوں پر Rules suspends کئے جاتے ہیں، کراچی، سندھ اور بہاولپور میں آخر اس وقت کیا e nergency تھی کہ اس بل کو سیلیکٹ کمیٹی کے حوالے کرنے کی بجائے جلدی سے اس کو ہاؤس میں پاس کر لیا جائے۔

اسکے بعد میں یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ اس بل کی اور اس Amended بل کی ملک کے تقریباً ہر طبقہ نے مخالفت کی ہے اور ان لوگوں نے بھی مخالفت کی جو ۱۹۱۷ء اور ۱۹۱۸ء سے کرتے رہے ہیں۔ بار ایسوسی ایشن نے مخالفت کی ہے۔ پریس کے تمام طبقوں کی طرف سے مخالفت ہوئی ہے۔

اب جناب میں اس بل کے Merits اور Demerits کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ ۱۸۹۲ء میں اس پر غور و خوض کیلئے ایک کمیشن بیٹھا کہ Tribal Areas کے لوگوں کیلئے قتل وغیرہ کے سنگین مقدمات کیلئے کیا عدالتی سسٹم اختیار کیا جائے۔ انگریز اپنی ہیبت کے باوجود Tribal Areas میں اپنے Courts ordinary قائم کرنے کے معاملے میں بے بسی محسوس کر رہا تھا۔ Tribal Areas کی c mposition اس قسم کی تھی کہ وہاں Tribal Chiefs تھے۔ اگرچہ وہ ان پڑھ تھے، لیکن بہت زیادہ خود دار۔ اور انکی ایمانداری مسلم تھی اپنے علاقے میں لوگوں کو کامل اعتماد تھا اور انکی پوزیشن یہ تھی کہ اگر کوئی معاملہ آ جاتا تو ان کے پاس جا کر فیصلہ ہوتا تھا اگر وہ نہیں ہوا تو اسکی چارپائی کے پائے کو ہاتھ لگا کر فیصلہ کر لیتے تھے اور اگر چارپائی بھی نہیں

ملی تو اسکی قسم کھا کر فیصلہ کر لیتے تھے - چنانچہ ان کے اس قسم کے لیڈر تھے اور تقریباً ہر جرگے کا لیڈر تھا - جسے انگریزوں نے غور و خوض کرتے ہوئے ۱۹۰۱ء میں محض اس خصوصی حصے کیلئے جرگہ سسٹم Evolve کیا - اس وقت پنجاب، سندھ، کراچی، بہاولپور یہ بھی انگریزوں کے ماتحت تھے، چاہتے تو وہ ان علاقوں کیلئے بھی جرگہ سسٹم اختیار کر لیتے - لیکن انہوں نے غور و خوض کے بعد یہی مناسب سمجھا کہ پنجاب میں جرگہ سسٹم نہیں چل سکتا - بہاولپور میں اسکی ضرورت نہیں ہے اور محض کچھ مخصوص ضلعوں کو اس لئے چنا گیا اور وہاں جرگہ سسٹم لگایا گیا ، اس لئے کہ وہاں کی آب و ہوا اور وہاں کے حالات اس قسم کے تھے کہ وہاں انگریز کنٹرول نہیں کر سکتے تھے لہذا میں اپنے بھائی کی خدمت میں عرض کرونگا کہ پنجاب ، کراچی - سندھ اور بہاولپور کی آب و ہوا جرگہ سسٹم کی مخالف ہے اور انگریز کے زمانہ میں بھی جرگہ سسٹم وہیں لگایا گیا جہاں کے لئے اسکے حالات ساز گار تھے اور وہاں وہ کامیاب بھی رہے - لیکن وہ سسٹم اب یہاں بھی رائج رہنے کے قابل نہیں رہا اسکے لئے میں اپنے بھائی کی توجہ نیشنل اسمبلی کی Proceedings کی طرف دلاتا ہوں ، Concilliation courts کے متعلق جو حال ہی میں نئی چیز ایجاد ہوئی ہے اس کے متعلق کسی صاحب نے بل دیا ہے اس کے objects یہ ہیں . . . . . .

"The Concilliation courts had miserably failed to be a judicial machinery and could not inspire confidence in the minds of the population. Disproportionate trust, he said, had been reposed in these courts mostly composed of unlettered people and these courts had become the breeding grounds of nasty politics. The member maintained that the.....

وزیر زراعت و قانون — کس جج کا فیصلہ ہے ؟

Mian Abdul Latif : It is not a فیصلہ but a bill moved in the National Assembly.

Mr. Senior Deputy Speaker : You can adopt that agrament. It is merely a statement in the Preambie. There is no need to read it.

میاں عبداللطیف—اب جناب جرگہ سسٹم ہمیں کیوں نہیں کرتا - یہ جناب Empty statement نہیں -

میرے فاضل بھائی اگر جا کر خود غور کریں تو معلوم ہوگا کہ جرگہ سسٹم نہ پنجاب نہ بہاولپور، کراچی وغیرہ میں بالکل suit نہیں کرتا ۔

ایک نہایت پڑھے لکھے سمجھدار Conventionist ممبر میرے ساتھ سفر کر رہے تھے جو اس ہاؤس کے اس بل کے framers میں ایک اچھی important پوزیشن رکھتے ہیں میں نے ان سے عرض کی کہ Mr. So & So ایمانداری کے ساتھ آپ بتائیے ہم دونوں بیٹھے ہیں ۔ آپ کے ضلع میں کوئی ایسا ایک فرد ہے جو سیاست میں حصہ نہ لیتا ہو ۔ جس کے تعلقات کسی سے مخالفت یا کسی سے دوستی کے نہ ہوں ۔ جو impartial طریقہ پر جرگہ ممبر کا کام دے سکے ۔ اس نے سر پکڑا ۔ دو منٹ کے بعد فرمایا کہ کوئی نہیں ۔ میں نے کہا کہ آپ ۴۰ آدمی میں سے ضلع میں کوئی ایسا ڈھونڈھ سکتے ہو جس کے متعلق ہم لوگ یہ کہہ سکیں کہ مکمل طور پر impartial طریقہ سے یہ شخص جرگہ سسٹم میں قتل کا فیصلہ کر سکتا ہو ۔ ہمیں تو ۴۰ آدمی فی صد میں ڈھونڈنے ہیں ۔ میرے فاضل بھائی کو ایک آدمی ایک ضلع میں سے میسر نہیں آیا جس کو ہم مکمل طور پر یہ کہہ سکیں کہ یہ عدالت سے بہتر ہے ۔ جو جرگے میں بیٹھ کر کامل اور مکمل انصاف ہمیں بخشں دے گا . . . . . (قطع کلامی)

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر — خاموش ۔ تقریر جلدی ختم کیجئے ۔

میاں عبداللطیف — میں جناب مختصر کروں گا ۔ میرے فاضل دوست نے فرمایا کہ ہماری پوزیشن کو ختم کرنے کے لئے جرگہ سسٹم رائج کر رہے ہیں ۔ عالی جاہ ۔ کس طرح سے ہمیں دھوکا دیا گیا ۔ اگر کسی جرم کی سزا پہلے ۵ سال ہو اور میرے فاضل بھائی نے اسکی ۱۰ سال کر دی ہو ۔ اگر کسی کی ۱۰ سال ہو اسکے لئے ۱۴ سال کر دی ہو یا اس کی سزا پھانسی کر دی ہو تو ہم یہ سمجھیں کہ یہ جرائم کے کم کرنے کے

لئے کیا گیا ہے۔ لیکن یہ سب کو معلوم ہونا چاہئے کہ کسی جرگہ کو یا کسی ڈی۔ایم کو سات سال سے زیادہ سزائے قید دینے کا اختیار نہیں تو اب جناب اسکی روشنی میں دیکھ لیجئے کہ کیا ہے ۳۰۲ میں عام قوانین میں پھانسی کی سزا ملتی ہے۔ لیکن اس ایکٹ میں سات سال رہ گئی۔ ۳۰۴ میں transportation ہو سکتی ہے اس میں سات سال ہے۔ ۳۰۷ میں transportation ہو سکتی ہے اس میں سات سال کر دی ہے ڈکیتی میں transportation ہے اس میں اب ۷ سال کر دی ہے۔ ۳۳۶ میں transportation تھی لیکن اب سات سال کر دی ہے۔ ۳۵۷ میں جرم چوری ہو ۱۴ سال تھی وہ گھٹا کر سات سال کر دی ہے۔ ۳۵۹ اور ۳۶۰ میں transportation تھی اب میرے فاضل بھائیوں نے Heinous offences کے لئے گھٹا کر سات سال کر دی ہے اور پبلک کے سامنے دعویٰ یہ کرتے ہیں کہ ہم ان جرائم کو کم کرنے کے لئے deterrent سزا دینے کے لئے تیار ہیں۔ تو جناب یہ deterrent ہے۔

وزیر قانون—پوائنٹ آف آرڈر جناب۔ میرے خیال میں بل پڑھ لیا ہوتا تو اچھا ہوتا۔ ۱۴ سال ہے۔

میاں عبداللطیف - قومیں پڑھیں گی۔

وزیر قانون — پوائنٹ آف آڈر جناب بل اگر پڑھ لیتے تو اچھا تھا۔

Mir Muhammad Murad Khan Jamali : Was it a point of order, Sir?

Mr. Senior Deputy Speaker : That was for the Chair to say? The member may please have his seat.

میاں عبداللطیف—تو جناب میرے فاضل بھائی کو خیال ہے کہ ۱۴ سال۔ میں اب بھی کہتا ہوں کہ کسی ڈی۔ایم یا جرگہ کو سات سال سے اوپر ایک دن کی سزا کا اختیار نہیں دیا میں نے ترمیم دی تھی کہ اگر آپ چاہتے ہیں کہ Effective سزا ہو تو خدا کے لئے چیئرمین کسی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کو بنا لو۔ پھر اس کو powers دو کہ وہ Hang کر سکے اور Publicly Hang

کر سکے اور اسی spot پر Hang کرے کہ جہاں قتل کا واقعہ ہوا ہو لیکن میرے فاضل بھائی کو تجویز پسند نہیں آئی ۔

وزیر خوراک و قانون—(ملک قادر بخش) بالکل نہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

میاں عبداللطیف—اس کے بعد جناب مہذب دنیا میں جہاں کہیں بھی میرے خیال میں نیفا کے ایریا میں بھی یہ قانون نہیں ملے گا کہ کوئی کورٹ خواہ جرگہ ہو یا نان جرگہ ہو ملزم کی غیر حاضری میں شہادت لے لے ۔ ہم چلائے کہ یہ پرووِژن رکھ لو کہ کسی گواہ کی شہادت ملزم کی غیر حاضری میں نہ لی جائے گی لیکن میرے فاضل بھائی نے تبصرہ نہیں فرمایا ۔ اسکے بعد ہم نے یہ کوشش کی کہ کوئی مہذب علاقہ یہاں آج دنیا پر ۱۹۶۳ء میں نہیں ہے جہاں حق اپیل نہ ہو ۔ آپ اپیل کا حق دیں ۔ لیکن اپنے طور پر کیا ہوگا ؟ بذریعہ ڈاک مثل ڈی ایم کے پاس جائیگی وہ بغیر ملزم کو سننے کے پابند نہیں ۔ وہ گواہ کو دیکھنے کا پابند نہیں وہ وکیل کی بحث سننے کا پابند نہیں وہ بذریعہ ڈاک اپنا فیصلہ صادر کر سکتے ہیں ۔ اسکے بعد revision کا حق نہیں ۔ revision کا ان کو اختیار نہیں ۔ لیکن provision رکھا ہوا ہے کہ وہ اس میں ریکارڈ call کر لیں ۔

Minister of Agriculture and Law : He has not read it. He has been absent.

Mian Abdul Latif : Please be patient. I have read that provision.

Minister of Law : You have not.

Mr. Senior Deputy Speaker : Mian Sahib may verify his statement.

Mian Abdul Latif : I have verified may statement.

اگر وہ interference کرنا چاہیں تو they are bound to hear the accused and even the prosecuting party.

لیکن اگر وہ نامنظور کرنا چاہیں تو کوئی provision نہیں کہ کسی وکیل کو نہ بلایا جائے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Next point.

میاں عبداللطیف—تو ایسے حالات ہیں حضور جہاں سزا دینے والا بھی کسی وکیل کو سننے کا پابند نہیں ۔ جہاں اسکی اپیل کو سننے کے لئے ملزم کی حاضری کی ضرورت نہیں اسکے وکیل کی حاضری کی ضرورت نہیں ۔ دوسرے یہ کہ ڈاک میں فیصلہ گھر پہنچ جائےاس پر یہ نازاں ہیں اور فخر کرتے ہیں کہ اس پر انکو مبارک دی جائے ۔ عالی جاہ ۔ میں اپنے فاضل بھائی کو مبارک باد دیتا ہوں ۔ کہ انہوں نے مہذب دنیا کے fair trial کے طریقوں کو سلب کر کے انہیں دفن کر کے ایک بہت بڑا کارنامہ کیا ہے ۔ آئندہ آنے والی نسلیں یاد رکھیں گی کہ جس چیز کیلئے ۱۸۹۲ میں انگریزوں نے ہمیں fit نہ سمجھا ہمیں مہذب سمجھا اسکے خلاف ۱۹۶۳ میں ملک قادر بخش صاحب نے ہمیں primitive سمجھا کہ دنیا کے آدمی ہیں یا evident act کو توڑدو ۔ ضابطہ فوجداری کو توڑدو اور نافذ کیا کر دو جرگہ سسٹم کون کرے گا ۔ دس نمبر کے بدمعاش ۔ بی ڈی کے چیئرمین convicts اس قسم کے آدمی فیصلے کیا کریں گے اور انکا نمائندہ بھی بدمعاش ہوگا جسکی دشمنیاں بیشمار ہیں جو ایک گھوڑی کو اپنے گھر پر رکھ کر .....(قطع کلامیاں اور شور) ۔

وزیر خوراک وقانون - بدمعاشوں کا نمائندہ بدمعاش ہے ۔

نوابزادہ غلام قاسم خان پوائنٹ آف آرڈر بدمعاشوں کا نمائندہ بدمعاش .....(شور)

Mr. Senior Deputy Speaker : Order, please.

Major Sultan Ahmed Khan : Point of order Sir. The Members are infuriated on the other side. It is on Government record that there are 'budmuashes' as B. D. Chairmen.

Minister of Agriculture and Law : He should withdraw it.

Mr. Senior Deputy Speaker : Order please, order.

(Voices : Mian Sahib should withdraw.)

Mian Abdul Latif : I refuse to withdraw any comma out of my statment.

Minister of Agriculture and Law : Then resign.

Mr. Senior Deputy Speaker: order please.

Mr, Senior Deputy Speaker : Will Mian Sahib please hear my observation ? Many of the Members of this House are the Chairmen of the B. Ds. So he is directly casting aspersions on them. I think it is advisable that he should withdraw those words.

Mian Abdul Latif : I withdraw.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Sir I have noticed that certain Members from the other side used these words.

Mr. Senior Deputy Speaker : I have not noted it. The member may please resume his seat.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : My submission is that when you were good enough to observe that such words should not be used, a Member from that side used those very words and he should be asked to withdraw them.

Mr. Senior Deputy Speaker : I have not heard any such thing from that side.

Syed Ahmad Saeed Kirmani : Sir, one Member from the Quetta Division used these words for the Member on this side.

بابو محمد رفیق - میں نے یہ کہا ہے اگر کوئی چاہتا ہے کہ بی - ڈی کے ممبر بدمعاش ہیں اگر وہ کہتے ہیں یہ لفظ ممنوع ہے تو میں with draw کر لیتا ہوں -

Mr. Senior Deputy Speaker : He has with drawn it.

میاں عبداللطیف - جناب ایک اور بات عرض کرنی ہے کہ دنیا میں آج سے کئی ہزار سال پہلے سے یہ دستور رائج ہے کہ تشدد سے جبر سے بددیانتی سے اگر کوئی چیز کسی سے حاصل کی جائے جو اس کی نہیں وہ تو واپس کی جائے کیونکہ وہ جرم ہے - اس طرح سے اگر کسی شخص سے تشدد سے , جبر سے ، بددیانتی سے ، لالچ سے اقبال کرایا جائے تو اس پر کوئی عدالت کبھی سزا نہیں دیتی لیکن میرے فاضل بھائی اور ہماری اس محترم کنونشن پارٹی نے اس قانون میں یہ provision رکھا ہے کہ پولیس نے جو چیز مار مار کر کسی چیز کا Confession حاصل کیا ہو تو ہر سزا اس پر base کی جاسکتی ہے - میں نے ترمیم بڑے ادب کے ساتھ پیش کی تھی کہ خدا کے لئے سارے Evidence Act کو کیوں نظر انداز کرتے ہو کم از کم یہ رکھ لو کہ تشدد کے ساتھ اگر کوئی کسی سے Confession حاصل کیا گیا ہے یا پولیس نے کسی ملزم سے Confession حاصل کیا ہے تو اس پر سزا base نہ کی جائے -

عالی جاہ - میں پھر عرض کر دوں اور میں نے ان سے بھی گذارش کی تھی کہ یہ provision کر دو کہ سنی سنائی شہادت پر ہر کسی کو Condemn نہیں کریں گے مجھے حوصلہ دلایا جائے یہ چیزیں کچھ اچھی معلوم ہوتی ہیں—

کچھ بھلی معلوم ہوتی ہیں ہم شاید کرپائیں ۔ انہوں نے بتایا ہے کہ ہم نہیں کر سکتے ہیں ۔ عالی جاہ ۔ ان سے پوچھئے کہ کیا چاہتے ہیں کہ پولیس تشدد کر کے کسی سے Confession کرائے اور اس Confession پر پولیس کی ڈائری پر وہ جرگہ اپنی Conviction کو base کر دے —

وزیر زراعت وقانون- نہیں ہو گا —

میاں عبدالطیف ۔ اگر یہ نہیں ہو گا تو دیانتداری کا تقاضا تھا کہ میری amendment کو قبول کر کے اس بل کا ایک حصہ بناتے ۔ یہ جناب جو چیز انہوں نے بنائی ہے میں اسلام کے قوانین سے بہت زیادہ واقف نہیں لیکن میں یہ جانتا ہوں کہ کوئی چیز جو اخلاق اور انصاف کے خلاف ہے وہ شریعت کے بھی خلاف ہے ۔ یہ وہ چیزیں ہیں جو شریعت کے خلاف ہیں ۔ انصاف کے خلاف ہیں ۔ morality کے خلاف ہیں Civilisation کے خلاف ہیں ۔ ایسی حالت میں ان کو اگر مبارک باد نہ دی جائے تو اور کیا کیا جائے ۔

تو جناب والا ۔ اب میں کچھ زیادہ عرض نہیں کروں گا اب جناب ایک آخری گذارش کرتا ہوں میرے فاضل بھائی مرسمہ قانون کے چھپ جانے کے بعد گورنر صاحب کی Sanction مل جانے کے بعد پھر اس کو پڑھ لیں اس کے بعد پھر بھی دیکھ لیں شائد وہ اس کو with draw کر سکیں اگر جوڈیشری کو Confidence کے اعزاز کو Restored کر سکیں اگر سپریم کورٹ کے اعزاز کو Maintain کر سکیں اگر صوبہ میں Evidence Act کو لاگو رکھ سکیں تو ان کی کرم بخشی ہے ۔

مسٹر عبدالرازق خان (مردان ۔ ۳) جناب سپیکر ۔ Criminal Law Amendment Bill پر تقریر کرتے ہوئے میرے معزز دوست عبدالباقی بلوچ صاحب نے خاص طور پر سابقہ صوبہ سرحد کے ممبران کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے ۔ بلوچ صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ سابقہ صوبہ سرحد میں ایف ۔ سی ۔ آر کے نفاذ کے بعد اکابرین صوبہ سرحد نے مختلف مواقع پر ایف ۔ سی ۔ آر کی مخالفت کی ہے اور ان کی سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ اس معزز ایوان میں جو ممبران سابقہ صوبہ سرحد کی نمائندگی کرتے ہیں انہوں نے کس طرح اس Criminal law Amendment Bill کی حمایت کی ہے ۔

جناب والا - میرے خیال میں اگر انہوں نے ذرا بھی توجہ دی ہوتی تو وہ سابقہ صوبہ سرحد کے ممبران کو مبارک باد پیش کرتے کیونکہ میں نے اپنی پچھلی تقریر میں ایف - سی - آر کی ان دفعات پر جس میں سابقہ صوبہ سرحد کے لوگوں کی آزادی سلب کرلی تھی اور ان دفعات کے متعلق میں نے ذکر کیا تھا جس کی وجہ سے انگریز نے سابقہ صوبہ سرحد کے حریت پسندوں کی جائیدادیں ضبط کرلیں تھیں اور میں نے اس کا بھی ذکر کیا کہ ایف - سی - آر کی ان دفعات کے تحت آج بھی صوبہ سرحد کے وہ مجاہد جنہوں نے اس ملک سے انگریزوں کو نکالا تھا وہ ۴۰۰ کی تعداد میں خان عبدالغفار کی لیڈر شپ کے تحت جیلوں میں بند ہیں اگر یہ ایف - سی - آر نہ ہوتا تو مجھے یقین ہے کہ ان آزادی کے پروانوں کو جیل میں ڈالنے کیلئے حکومت کے پاس اور کوئی جواز نہ تھا - میرے خیال میں Criminal Law Amendment Bill کی حمائت کرکے سابقہ صوبہ سرحد کے ممبران نے سابقہ صوبہ سرحد کی نمائندگی کا پورا پورا حق ادا کیا ہے اس کا ثبوت یہ ہے کہ آپ نے اخبارات میں صوبہ سرحد کے کسی بار ایسوسی ایشن کا یا صوبہ سرحد کے کسی فرزند کا یہ بیان نہیں پڑھا ہوگا کہ وہ ایف - سی - آر Criminal law amendment لانے کے خلاف ہے - اور اگر Amendment Bill پاس نہ ہو تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ سابقہ صوبہ سرحد میں ایف - سی - آر اس طرح جیسا کہ پہلے تھا نافذ رہے گا - ہم نے Criminal law Amendment Bill کی حمایت کر کے اپنے عوام کی صحیح نمائندگی کی ہے -

جناب والا - اس کے بعد جناب عبدالباقی بلوچ صاحب نے یہ بھی فرمایا اس بل کے پاس ہونے کے بعد ہم قرون وسطے میں پہنچ جائیں گے اور وہ زمانہ ہوگا جو ۱۸۷۰ یا ۱۸۹۲ کا تھا - میں تمام اصحاب سے یہ پوچھوں گا کہ آپ ایک منٹ کے لئے ایمانداری سے سوچ کر یہ بتائیں کہ آپ کے محلے میں آپ کے شہر میں کیا ایسے لوگ آپ کو نہیں معلوم جنہوں نے دن دھاڑے قتل کیا ہے اور اس کے بعد عدالتوں نے ان کو بری کردیا ہے اور وہ

دندناتے پھر رہے ہیں کیا عوام کے نمائندے ہوتے ہوئے آپ پر یہ فرض عائد نہیں ہوتا کہ آپ ان مجرموں سے بدلہ لینے کے لئے اس غریب مظلوم کی داد رسی کے لئے کوئی ایسا حل سوچیں کہ وہ جو اس نے جرم کیا ہے اس کی ان کو پوری سزا ملے ۔ میرے خیال میں یہ آپ کو سوچنا چاہیئے اس کے دو ہی حل ہو سکتے ہیں ایک یہ ہم اپنے پولیس کے نظام کو اس قدر مضبوط بنائیں اور ان کو اس قدر مراعات اور سہولتیں دیں کہ کوئی مجرم ان کی تفتیش سے بچ نہ سکے ۔ لیکن بحالات موجودہ بہت سے کمشنروں نے رپورٹ پیش کی ہے اور اخراجات اس قدر زیادہ ہوں گے اس پر ہماری حکومت اور ہمارا خزانہ ان اخراجات کو برداشت کرنے کے قابل نہیں ہے ۔ یہی وجہ ہے بہت سے لوگ سائنٹیفک تفتیش کے مکمل ثبوت پولیس کے پاس مہیا نہ ہونے کی وجہ سے جرم کرتے ہیں اور اس کے بعد آزاد ہو جاتے ہیں ان کی کوئی باز پرس نہیں ہوتی ۔ تو جہاں تک Criminal law Amendment Bill میں ان جرائم کی سزا کے لئے جو دفعات رکھی گئی ہیں میں سمجھتا ہوں کہ اس میں کوئی قباحت نہیں ہے اور اگر ان دفعات پر صحیح طریقے پر عمل کیا گیا تو یہ ایک بہترین قانون ہوگا میرے خیال میں جناب میاں عبداللطیف صاحب نے کچھ عجیب باتیں اس ایوان کے سامنے پیش کی ہیں انہوں یہ فرمایا ہے اگر کوئی قتل کرے تو اس کو ۷ سال سزا ہوگی ۔ جناب اس بل میں صاف طور پر یہ کہا گیا ہے کہ اس کی سزا ۱۴ سال ہوگی ۔ میرے خیال میں انہوں نے ہمیں غلط فہمی میں مبتلا کرنے کی کوشش کی ہے ۔ میاں لطیف نے یہ بھی فرمایا کہ بنیادی جمہوریت کے ممبران اور چیئرمین نمبر دس کے بدمعاش ہیں اگر یہ صحیح ہے اور ایک شخص ایسے ہی لوگوں کے ووٹوں پر کامیاب ہوکر آیا ہو پھر صحیح راستہ یہ ہے کہ اس کو مستعفیٰ ہو جانا چاہیئے ۔ حالانکہ میں ان کے اس بیان کو ہرگز درست تصور نہیں کرتا ۔

جناب والا ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا اس بل میں یہ صاف طور پر کہا گیا ہے کہ اس کی سزا چودہ سال ہوگی ۔

ایک ممبر۔ ایک ممبر پھانسی نہیں ہوگی ۔

مسٹر عبدالرازق خان — اگر آپ جوڈیشل کورٹ میں ثابت کریں تو ہوگی - یہ تو ان مجرموں کے لئے ہے جس کے جرم کو آپ ثابت نہ کرسکیں جو سرمایہ دار ہوں جو مال دار ہوں جن کے متعلق شہادت دینے سے لوگ گھبراتے ہوں اور وہ واقعی قاتل ہوں - اس کے محلے اور گاؤں کے اور شہر کے لوگوں کو یہ معلوم ہو کہ یہ قاتل ہے - اس کو آپ ،، ایف - سی - آر ،، کے تحت لینگے — ،، ایف - سی - آر ،، کے جو رولز آپ کے سامنے آئینگے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ جو پابندیاں ٹریبونل پر رکھنا چاہتے ہیں وہ بہت سخت ہونگی اور بے انصافی یا اختیارت کے غلط استعمال کی گنجائش باقی نہ رہے گی -

جناب والا - جہاں تک crime کے انسداد کا تعلق ہے مغربی پاکستان میں اعدادو شمار قتل کے مطابق ہر سال یہاں ڈھائی ہزار قتل ہوتے ہیں - مجھے یقین ہے کہ ان میں سے ۲۵ فیصد کو بھی سزائیں نہیں ملتی ہیں - سب چھوٹ جاتے ہیں - جناب والا - ڈاکہ زنی اور اس قسم کی سنگین نوعیت کے Crimes جو ہیں وہ ۵۶ سے ۶۰ تک کے اعداد و شمار میرے پاس ہیں - ۲۶ سو ایک سال میں ۲۸ سو دوسرے سال میں - ۲۹ سو تیسرے سال میں اور پھر تین ہزار تک یہ پہنچ گئے ہیں - اس کی وجہ یہ ہے اور میں اپنی ہائی کورٹ یا سپریم کورٹ یا ان کی ماتحت عدالتوں پر الزام نہیں لگا رہا ہوں کہ وہاں انصاف نہیں ملتا وہ یقیناً قابل فخر ہیں اور خصوصاً ہماری ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ پر عوام کا جو اعتماد ہے اس پر ہمیں فخر ہے لیکن بعض لوگ نافذالوقت قانون کی کمزوریوں کا سہارا لیکر چھوٹ جاتے ہیں اور اس کا اثر عوام پر برا پڑتا ہے - ہمیں یہ سوچنا چاہئے کہ اس قسم کے مجرمین کو کس طرح قانون کی زد میں لانا چاہئے تاکہ ان کو ان کی غلط حرکات سے روکا جاسکے - Criminal Law Amendment Bill محض اس لئے نافذ کیا گیا ہے اور جہاں تک صوبہ سرحد کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ ان کے نمائیندوں نے اس بل کی حمایت کرکے ان کی صحیح نمائیندگی کی ہے -

Syed Zafar Ali Shah (Deputy Speaker): Mr. Speaker, Sir, I must rise to say a few words about this Bill, since it is going to affect the former province of Sind. Sir, basically this law is an emergency measure to curb the growing lawlessness in the province. But, Sir, the

reasons advanced for extending this Criminal Law Amendment Bill to the whole province do not hold any water, that firstly, due to increase in crime it has become necessary that this law should be enforced and secondly, that for the cheap dispensing of justice, it is necessary that this law should be enforced. These two are the basic things in the official mind that this law is necessary. Sir, I think this is definitely a retrograde measure. It will certainly smother the spirit of the people, it will curb the liberties of the people. Basically our friends from the North West Frontier are happy that a law has gone away which was retrograde, which was first degree retrograde and has been replaced by a law which is better. They think that the Criminal Law Amendment Bill is better than the Frontier Crimes Regulation. Therefore, they are happy. I can say that they are happy and they have every reason to be happy, because the Frontier Crimes Rugulation had certain provisions in it which were so retrograde and which were so reprehensible that by replacing them with the present Criminal Law Amendment Bill they feel that they have been relieved a bit, if they cannot be relieved of the whole law, and this at least is a measure which has been taken to give them relief in a way. So, I think the application of this amending Bill to the Frontier Province is not the reason to apply it to the other parts of West Pakistan.

Sir, the other thing is this that in former Sind we had inheritted better administration and I can say, throughout those provinces which now comprise West Pakistan, or let us say, East Pakistan we had inheritted the best examples of administration, because it was the Bombay Presidency and we had the privilege of having the best administrators during the British Regime. Therefore, Sir, we can see the difference, we can see what is a good law and what is a bad law.

The other thing is this that basically the people of southern region are pacific, they are a pacific race, they are not martial people, they are homely type of people. That is why the British Government gave them softer laws. The police Act which was in vogue then was a very good Act which has now been replaced by the Punjab Police Act. There the S.P. was subordinate to the District Magistrate. Now, Sir, under the present extension of these Rules and Laws of Police the District Magistrate has no control over the S.P. with the result that police has become autonomous. The Police has been given vast powers and, therefore, the administration of Police has gone down, inefficiency has crept in and officials of the Police Department are corrupt to the core. Sir, I can give you reasons for this. The first thing is that a subordinate police official does not care for his S. P., he does not care for his D. I. G. because he knows that they are corrupt and they are directly dealing with their D. I. G., and they are directly dealing with their S. Ps. and they are directly getting money from them, therefore, they do not care for them. They do not care that tomorrow the S. P. will call them and ask for explanation from them for their misbehaviour. Sir, I can give you examples. Manifestly unjust things are increasing and happening where the police is doing things where the complainants are in jail and respondents or the accused persons are standing as they are complainants and as prosecution witnesses. Then Sir, you expect from this sort of police administration to deliver the goods.

Sir, the other thing is that a person, according to normal law, is supposed to be innocent unless he is proved guilty, but under the present Bill is he supposed to be guilty, unless he is proved innocent. And who will prove it? This will be proved by a Jirga and the jirga will comprise about 40 to 50 people in the division and these 40-50 people will be picked up by the Commissioner on the recommenda-

tion of the District Magistrate. What does the present Jirga show us? We have a very sorry state of affairs. Therefore, Sir to expect justice from a Jirga is, I, think, not hopeful, because of one thing that by circumventing and short-circuiting the judicial processes, the normal judicial and legal process of law, we are not doing service to the nation, we are not doing service to this country because we call ourselves an independent nation, we call ourselves a civilised nation. If we say that because the crime has risen, therefore we must have such kind of emergency laws, then, Sir there will be a reason to say that because in Chicago or because in London there are Crimes, there is a wave of crime, therefore, they should also have such laws.

I think, Sir, a few provisions have been made in the present Bill, which are a little bit different in outlook from the Frontier Crimes Regulation. For instance, advocates will appear on behalf of the accused persons. But where is the Evidence Act; what will they argue, what will they ask. They will be just standing there. They will be in a little better position to be able to reveal the points of view of accused persons. Because there will be no Evidence Act, because there will be no procedure. What procedure is there? It is just a Jirga. It is just a customary thing. You are replacing law by a customary thing. It is definitely retrograde. It is shameful for us.

Sir it is better that a guilty person goes scot-free than an innocent person is put behind the bars. It is a normals process of law. Let us replace those people who prove inefficient and corrupt. Let us get people who are available and who have been put on unimportant posts. Because they are not sycophants because they are not toeing the line of favoured people you do not give them important positions. Every one of us knows that there are certain people in the Districts who are responsible for this state of affairs. You know what is happening there. But you are not replacing them. You know very well. (Interruptions and laughter) You may laugh, you may be happy, but I tell you this is true. I know you are not going to take any action. You have put those people intact.

Mr. Senior Deputy Speaker : The Member may please speak to the subject matter of the Bill.

Syed Zafar Ali Shah : I am giving reasons for the failure of Administration.

Therefore, Sir, the best thing is to take this law back. Take stringent measures to make the Administration really efficient. Remove the people who are inefficient and corrupt and bring better people who are already there but are rotting in unimportant posts. If you bring them up administration will improve. In the Districts where you have sent good people administration has improved. I, therefore, appeal to you to take the law back even if it is passed, because Karachi—Hyderabad and Sind are not the places where you will apply this law.

Allama Rehmatullah Arshad : What about Bahawalpur ?

Syed Zafar Ali Shah : Jacobabad District and part of Larkana and Dadu Districts were under the Frontier Crimes Regulation. In 1955 when these Regulations were removed there was some lawlessness. But when the Ministers called upon the officials to be efficient lawlessness disappeared.

Sir, Member from Hyderabad has said that Jirga is for the people, of the people and by the people. Perhaps he has forgotten that when he was defending old politicians and Ebdoed persons against PRODA and EBDO he had said that EBDO and PRODA are retrograde measures. Now he says that the Jirga system is for the people, by the people

and of the people. Sir, I am surprised by this statement, I do not understand how people reconcile themselves to the violation or vital principles so soon.

Sir, no doubt that in certain parts of the province there has been a wave of crimes. But I think it is only due to the in efficiency of the administration. I would, therefore, repeat that it will be a very repressive measure if it is adopted for the rest of the province. I would appeal to the members of this House to reject it. I would also appeal to the Ministers and Government not to extend this law to the rest of the Province.

چوکھری محمد انور (پارلیمنٹری سیکرٹری) — جناب سپیکر ۔ Criminal law Amendment Bill اپنی دوسری reading کے بعد اور اپنی ترمیمات کے بعد اپنی آخری شکل میں ھاؤس کے سامنے موجود ھے ۔ اور اس کے متعلق تحریک کی جاچکی ھے کہ اسے pass کیا جائے اور اب ھاؤس کے تما ممبران اس سے واقف ھیں کہ اس میں کون کون سی ترمیمات لائی گئی ھیں ۔

جناب والا ۔ Criminal Law Amendment Bill کی ضرورت اس لئے محسوس کی گئی کہ ایف ۔ سی ۔ آر جس کے متعلق ھر Political party کا یہ خیال تھا کہ یہ کالا قانون ھے اور اسے جلدی سے جلدی repeal کر دیا جائے ۔ خود مسلم لیگ کنونشن پارٹی کا یہ خیال تھا کہ اس کو repeal کیا جائے اور اس کی بجائے ایسا قانون لایا جائے جو وقتی تقاضوں کو پورا کرے ۔ اس لئے عوام کی خواھشات اور political parties کی خواھشات کو مد نظر رکھتے ھوئے موجودہ قانون introduce کیا گیا ھے ۔ اور اس کے ساتھ ھی ساتھ ایف ۔ سی ۔ آر کو repeal کیا گیا ھے اور ایسا قانون لایا گیا ھے جو وقتی تقاضوں کو پورا کرتا ھو ۔ اور بڑے بڑے جرائم کا قلع قمع کرنے کے لئے موثر ثابت ھو سکے ۔ چنانچہ موجودہ کریمینل لاء امنڈ منٹ بل introdue کیا گیا ۔

جناب والا ۔ اس پر ایک اعتراض یہ کیا گیا ھے کہ کیوں نہ ھمارے penal laws یعنی Criminal Procedure Code اور Penal Code میں ایسی ترمیمات لائی گئیں کہ ان سے زیادہ موثر طریقے پر کام لیا جا سکتا ۔ جناب والا ۔ سوال یہ پیدا ھوتا ھے کہ قانون ایسا قانون ھونا چاھئے جو کہ آسان قانون ھو ۔ penal Laws میں ترمیمات کرنے کے لئے penal Code کی بھی ترمیم کرنی پڑتی اور ایکٹ شہادت کی بھی ترمیمات کرنی پڑتیں ۔ اور Criminal Procedure Code میں بھی ترمیمات لانی پڑتیں ۔ اس سے قانون اتنا پیچیدہ بن جاتا کہ عام آدمی

اسے سمجھ نہ سکتا موجودہ حالات کے تحت ایسے قانون کی ضرورت تھی جسے عام لوگ سمجھ سکیں جو کہ آسان ہو اور عام فہم ہو ۔ چنانچہ اس ضرورت کے ماتحت یہ قانون موجودہ شکل میں introduce کیا گیا ہے اور اس سے ہرگز یہ مقصد نہیں ہے کہ زیادہ سے زیادہ اختیارات لئے جائیں یا زیادہ سے زیادہ اختیارات سلب کر لئے جائیں ۔

جناب والا ۔ جہاں تک قانون سازی کا تعلق ہے ہمارے آئین میں قانون سازی کے سولہ اصول دیئے گئے ہیں ۔ ان اصولوں کا میں بالتفصیل ذکر کرنے کی بجائے صرف ایک دو کا ذکر کروں گا ۔ اس لئے کہ وہ Constitution کے دفعہ ۶ میں درج ہیں ۔ اور میں انہیں دہرانے میں ہاؤس کا وقت بھی نہیں لوں گا ۔ نمبر ایک یہ ہے کہ کوئی قانون ایسا نہ ہو جو اسلام کے منافی ہے ۔ موجودہ ترمیمات کے بعد یہ امر ہاؤس پر واضح ہوگیا ہو گا کہ اس میں قتل کے سلسلے میں خون بہا کی پرووِیژن رکھی گئی ہے اور قتل کے جرم کو قابل راضی نامہ بنا دیا گیا ہے ۔ تو جناب والا ۔ میں عرض کروں گا کہ اس قانون کو اسلامی رنگ دینے کے لئے یہ provision لائی گئی ہے اور قطعاً یہ قانون اسلام کے منافی نہیں ہے ۔ دوسرے یہ کیا گیا ہے کہ یہ قانون ہر شہری کو مساوی حق دیتا ہے ترمیم موجود ہے کہ رولز بناتے وقت گورنمنٹ اس بات کا خیال رکھے گی کہ ہر شہری کو مساوی حق دیا جائے اور ہر شہری جہاں تک trial کا تعلق ہے ایک جیسا ہے ۔ اس کے علاوہ بہت سے اصول ہیں جن کی طرف میں اشارہ نہیں کروں گا ۔ بہر صورت کوئی بھی ایسا اصول نہیں ہے جس کو Criminal Law Amendment Bill پیش کرتے وقت نظر انداز کیا گیا ہو ۔ اور یہ بل ان تمام اصولوں کے منافی نہیں ہے بلکہ ان کے تابع ہے ۔

اس کے علاوہ جناب والا ۔ یہ اعتراض اٹھایا گیا ہے کہ حکومت اور افسران کو اس بل کے ذریعے زیادہ اختیارات دیئے گئے ہیں اور اس بل کے ایکٹ بن جانے کے بعد افسران کو زیادہ اختیارات ہونگے اور حکومت کو زیادہ اختیارات ہونگے ۔ میں عرض کروں گا کہ اگر حکومت کو کسی خاص قسم کے اختیارات کسی کو پھانسنے کے کسی کو قید کرنے کے یا گرفت میں ڈالنے کے حاصل کرنے کا خیال ہو تو اس کے پاس پہلے ہی Safety Laws موجودہ ہیں ۔ نظر بندی کا قانون موجود ہے ۔ گورنمنٹ کی نیت کے

متعلق یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ وہ اس بل کو کسی بھی victimisation کے لئے لا رہی ہے ۔ اگر اس کا یہ منشاء ہو تو اس کے لئے اس کے پاس پہلے ہی قانون موجود ہے لیکن یہ قانون ہرگز اس نقطہ نظر سے نہیں لایا جا رہا ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ میں افسران کے اختیارات کے متعلق یہ عرض کروں گا کہ اس وقت اگر ایک مجسٹریٹ زیر دفعہ ۳۰۷ مقدمہ سنتا ہے تو یہ مجسٹریٹ دفعہ ۳۰ ہوتا ہے ۔ اور وہ اس مقدمے کی سماعت کے لئے مطلق العنان ہوتا ہے لیکن جناب موجود قانون کےتحت کیا ہوگا وہ مجسٹریٹ جو مطلق العنان تھا اس کے ساتھ اب پبلک کے چار آدمی اور بیٹھیں گے ۔ اس کی مطلق العنانی بالکل ختم ہو جائے گی ۔ لہذا موجودہ قانون کے تحت افسران کو زیادہ اختیارات نہیں دیئے گئے ۔ بلکہ ان کے اختیارات میں ان کے ساتھ ساتھ عوامی ممبران کو بھی شامل کر دیا گیا تاکہ یہ نہ ہو کہ وہ زیادہ powerful ہو جائیں یا کسی مقدمے کے فیصلے کا انحصار ان کی اپنی مرضی پر رہ جائے ۔

جناب والا ۔ حزب اختلاف کی طرف سے یہ اعتراض بھی کیا گیا ہے کہ عاملہ کو زیادہ اختیارات دیئے گئے ہیں ۔ اور عدلیہ کو نظر انداز کیا گیا ہے ۔ یا اس پر بھروسہ نہیں کیا گیا ۔ جناب والا ۔ ہمیں اپنے صوبہ میں اپنی عدلیہ پر ناز ہے ۔ ہمیں اس پر فخر ہے اور ہم اس لئے بجا طور پر فخر کرسکتے ہیں کہ ہماری عدلیہ نہایت independent عدلیہ ہے ۔ لیکن میں یہ عرض کردوں کہ جہاں تک عدلیہ کے اختیارات کا تعلق ہے جہاں تک عام مقدمات کا تعلق ہے تھوڑے ایسے ہونگے جو اس قانون کے تحت زیر سماعت آئیں گے ۔ یہ مقدمات صرف وہ ہونگے جہاں کوئی شخص ۔ کوئی امیر آدمی دولت کے بل بوتے پر چھوٹ جاتا ہے ۔ یا ایکٹ شہادت کی پیچیدگیوں میں پڑ کر کسی کو ناجائز فائدہ پہنچ جاتا ہو یا انصاف نہ ہو سکتا ہو ۔ ان حالات میں یہ قانون استعمال کیا جائے گا ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ اس قانون کے منظور ہونے سے عدلیہ کے اختیارات میں کسی قسم کی کمی واقع نہ ہوگی ۔ اس لئے یہ شبہ کرنا کہ عدلیہ پر بھروسہ نہیں کیا گیا سراسر غلط ہے ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ میں یہ عرض کروں گا کہ بڑی شدت سے اس بات پر اعتراض کیا گیا کہ یہ دراصل اختیارات کی

بات ہے اور یہ وہ پرانی شراب ہے جو نئی بوتلوں میں بھر دی گئی ہے جناب والا ۔ اگر آپ ایف ۔ سی ۔ آر کی provisions کو ملاحظہ فرمائیں اور موجودہ Criminal Law Amendment Bill کی provisions پر غور کریں تو آپ اس نتیجہ پر پہنچیں گے کہ یہ وہی پرانی شراب نہیں جو نئی بوتلوں میں بھر دی گئی ہے ۔ بلکہ یہ تو ایک بالکل مختلف چیز ہے ۔

سید احمد سعید کرمانی — یہ دیسی شراب ہے جو نئی اور دیسی بوتلوں میں پیش کی جا رہی ہے (قہقہہ اور شور)

Mr. Senior Deputy Speaker: Mr. Kirmani, please be in order.

چودھری محمد انور — جناب والا ۔ اگر آپ ایف ۔ سی ۔ آر دفعہ کی کو ملاحظہ فرمائیں تو آپ دیکھیں گے کہ اس میں Whipping کی سزا تھی جو اس بل میں نہیں ہے پھر ایف ۔ سی ۔ آر ۔ civil disputes پر بھی لاگو تھا ۔ لیکن موجودہ قانون صرف Criminal cases کے متعلق ہے اور اس کے تحت civil disputes پر civil reference نہیں ہوسکتا ۔

علاوہ ازیں ایف ۔ سی ۔ آر کے تحت غیر محدود قسم کے جرمانے عائد کرنے کے اختیارات تھے جو اس بل میں نہیں رکھے گئے ۔

اس کے علاوہ ایف ۔ سی ۔ آر میں جائداد ضبط کرنے کے اختیارات تھے جو اس قانون میں شامل نہیں کئے گئے ۔

پھر بعض مقدمات کسی stage پر Sessions کو سپرد کئے جا سکتے تھے لیکن اب مقدمے کی سماعت کے بعد ایسا نہ کیا جا سکے گا ۔

علاوہ ازیں Collective fine کی ایک بہت بڑی provisions تھی جو موجودہ قانون میں نہیں رکھی گئی ۔

لہذا میں یہ عرض کروں گا کہ basically بہت سی چیزیں ایسی تھیں جو پرانے ایف ۔ سی ۔ آر میں موجود تھیں لیکن موجودہ قانون میں شامل نہیں کی گئیں ۔ اس لئے یہ کہنا کہ یہ وہی قانون ہے جو اس صورت میں پیش کیا جارہا ہے سراسر غلط ہے ۔

جناب والا ۔ رشوت کے متعلق میری عرض یہ ہے کہ حزب مخالف کی طرف سے یہ کہا گیا ہے کہ اس قانون کے نفاذ سے رشوت

بڑھ جائیگی اور رشوت کا بازار گرم ہو جائے گا - میرے نزدیک یہ درست نہیں کیونکہ پہلے ایک مجسٹریٹ کو یہ پورا اختیار تھا کہ وہ دفعہ ۳۰۷ کے جرم کے تحت کسی شخص کو قید کر دے — اسے کسی قسم کا خوف نہ تھا اور نہ ہی اس پر کوئی check تھا—لیکن موجودہ شکل میں اسی مقدمے کیلئے چار جج اور ہوں گے—تو میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ اس سے رشوت کا بازار گرم ہونے کی بجائے رشوت کا قلع قمع ہو گا—اور دیگر قوانین کے علاوہ اس قانون کے تحت بھی رشوت کے جرائم کا خاطرخواہ سد باب ہو جائے گا—

جناب والا - اسکے علاوہ موجودہ قانون کو ہم اس شکل میں آسان—عام فہم اور ایک عوامی قانون کہہ سکتے ہیں (تالیاں) موجودہ شکل میں عوام کو اس قانون کے سمجھنے میں زیادہ آسانی ہو گی—اور سچائی ڈھونڈنے میں مدد ملے گی—مثلاً جہاں ایک آدمی قتل ہو جاتا ہے اور اسکے بعد ملزم چھوٹ جاتے ہیں اور پتہ نہیں چلتا کہ اس قتل کا اصل ملزم کون تھا—تو اس قانون کے تحت انشاء اللہ سچائی نکلے گی اور اس قاتل کو ضرور سزا ملے گی جو فی‌الواقع قاتل تھا اور قانون کی موشگافیوں کی وجہ سے بچ سکتا تھا—ان گذارشات کے ساتھ میں عرض کروں گا کہ یہ قانون اس معزز ایوان کو ضرور منظور کرنا چاہئے—

علامہ رحمت اللہ ارشد (بہاولپور-۲)— جناب صدر محترم—میں سب سے پہلے آپ کی خدمت میں یہ اعتراف کرتا ہوں کہ آج میں بہت افسردہ خاطر اور دل گرفتہ ہوں—اور میں ایمانداری سے محسوس کرتا ہوں کہ آج یہ ایوان ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کے خلاف عدم اعتماد کی ایک مجرمانہ دستاویز مرتب کر رہا ہے (شور)

جناب والا - ہم نے مقدور بھر اپنی وسعت و بساط کے مطابق کوشش کی کہ اپنی ruling party یعنی حکمران جماعت اور اس وزارت کو جس کے عناصر ترکیبی میں نوے فیصد حضرات Law Graduate ہیں—کو اس قانون کے بنیادی تقاضے اور اس کے مقابلے میں انصاف کے اساسی تقاضے یاد دلائیں—اور مسجد کے ایک نیم خواندہ آدمی کی حیثیت سے میں نے خود بھی ان کو اسلامی قوانین اور اسلامی انصاف کے اصولوں کی طرف متوجہ کرنے کی کوشش کی تا کہ حزب‌اقتدار کسی طرح بھی ایک ایسے قانون کو منظور کرنے میں عجلت سے کام نہ لے جس کی وجہ سے سارے صوبہ

کا intelligentsia لرزہ بر اندام ہے (شور)

صاحب صدر—میں آپ کے توسل سے خان پیر محمد خان صاحب کی خدمت میں عرض کر دوں۔ وہ تو شاید پہلی مرتبہ اس ایوان میں تشریف لائے ہیں—اس ایوان کے درودیوار نے ایسے بہت سے قتلوں کو ماتمی آہوں میں تبدیل ہوتے دیکھا ہے—یہ معمولی یا ہنسنے کی بات نہیں—بلکہ آج تو رونے کا دن ہے—کیونکہ آج ہائی کورٹ کے تمام اختیارات سلب کر رہے ہیں—آپ سپریم کورٹ کو مفلوج کر رہے ہیں—آپ انتظامیہ کو اختیارات دے رہے ہیں—آپ اپنے افسروں کو جن کی integrity آج تک مسلمہ اور محفوظ تھی—اب پولیس کے ہاتھوں میں دے رہے ہیں—آج آپ ان سی—ایس—پی افسروں کے ساتھ جن کے متعلق یہ خیال تھا کہ وہ اس ملک کا نظم و نسق چلا سکتے ہیں—اس قانون کی provisions کے تحت جرگے کے ان پڑھ ممبروں کو ان مقدمات کی سماعت کے لئے بٹھائیں گے—

صاحب صدر — ایک اور بات جس کی طرف میں آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں اور بالخصوص سابقہ پنجاب کے دوستوں کی — یہ ہے کہ ۱۹۴۷ تک مشرقی پنجاب اور مغربی پنجاب جسے پاکستانی پنجاب کہا جاتا ہے — دونوں علاقوں میں ہم سب لوگ اکٹھے تھے — یہاں سکھوں کو ایک شورہ پشت اور مفسد قوم کہا جاتا تھا — چنانچہ آپ کے تھانوں اور جرائم کے اعدادوشمار واضح کرتے ہیں کہ فی الواقع جرائم کے ارتکاب کی اہلیت یا رجحانات اس قوم میں بہت زیادہ تھے — لیکن کیا آج تک مشرقی پنجاب میں بھی کسی کو اس قسم کا قانون نافذ کرنے کی سوجھی ہے — آخر اس مغربی پنجاب نے کیا گناہ کیا ہے—

جناب صدر — تاریخ کی طرف دیکھئے جن لوگوں نے سب سے زیادہ قربانیاں دی ہیں میں اعتراف کرتا ہوں کہ بہاولپور سے زیادہ پنجاب کے زندہ دلان نے قربانیاں دی ہیں — اب یہ کوئی justification نہیں کہ F. C. R. جو صوبہ سرحد پر لاگو تھا اب اس کی worst قسم کی second edition کو پورے صوبہ پر لگا دیا جائے اس ہاؤس میں جس دن یہ کہا گیا اور شیخ مسعود صادق صاحب نے اپنی پارٹی کے فیصلہ کا یہ اعلان کیا کہ F. C. R. کو منسوخ کیا جائے گا تو تمام ہاؤس نے اکٹھے ہو کر بلا امتیاز کہ وہ کس پارٹی سے تعلق رکھتا ہے نعرہ ہائے تحسین سے اس کا استقبال کیا —

مجھہ تک جو ان کی بزم میں آیا ہے دور جام
ساقی نے کچھ ملا نہ دیا ہو شراب میں

لیکن ڈر تھا کہ جو چیز آنے والی ہے وہ کہیں اس سے بھی زیادہ مہلک ثابت نہ ہو اور اس وقت ہمارے لیڈر خواجہ محمد صفدر صاحب نے کہہ دیا تھا کہ اگر یہ ''شراب کہنہ در جام نو'' ہوئی تو ہم مخالفت کریں گے۔

اب میں صرف یہ عرض کروں گا کہ ہماری کوششیں اور جو بھی چھوٹی چھوٹی باتیں اس ضمن میں ہم سے ہو سکیں وہ یہ تھیں کہ ہم نے ترمیم کی شکل میں — گذارشات کی شکل میں استدعا کی شکل میں اور تجاویز کی شکل میں عرض کیا کہ خدا کے لئے یہ نیا قانون جو لایا جا رہا ہے اگر اس میں کوئی اختیار کسی جرگہ کو دیا گیا تو اس کا مقصد یہ ہو گا کہ آپ کوئی نظم و نسق نہیں چلا سکینگے اس لئے ضروری ہے کہ آپ evidence کو record کریں —

وزیر قانون — (ملک قادر بخش) — It will be recorded.

علامہ رحمت اللہ ارشد — اب اس کے متعلق میں جناب سے فیصلہ چاہتا ہوں کہ اس قانون میں یہ دیا گیا ہے کہ

"The Tribunal shall hear any evidence (Clause-8).

میں نے اس میں ایک ترمیم پیش کی تھی کہ evidence کو record کیا جائے جو کسی نے قبول نہ کی۔

اگر آپ صحیح معنوں میں اس بات پر مجھ سے اتفاق کرتے ہیں تو خدا کے لئے کسی جج پر اعتبار کرو کیونکہ اگر ہائی کورٹ پر اعتماد نہیں ہو گا۔

یا سپریم کورٹ کے پاس اپیل نہیں ہو سکے گی تو یہ کالا، سیاہ رو، گندہ اور جنگل کا قانون صوبہ کے نظم و نسق کو بگاڑ دے گا—اگر یہ ایسا قانون نہ ہوتا تو ممکن تھا ہم اس کی مخالفت نہ کرتے — لیکن آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ جب اس قسم کا غلط قانون مسلط ہو جاتا ہے جس سے قوم اور ملک کی بربادی کا امکان ہو تو شہر کے رہنے والے باہر میدان میں نکل آتے ہیں اور اپنی ہمت اور قربانی سے چھٹکارا حاصل کرتے ہیں جس طرح unionists سے چھٹکارا حاصل کیا تھا — اسی طرح اس قانون سے بچنے کے لئے ہاؤس سے باہر لڑائی لڑی جائے گی۔

وزیر مال— (خان پیر محمد خان) — ہم اس challenge کو قبول کرتے ہیں —

میاں محمد یاسین خان وٹو—(منٹگمری - ۴) جناب والا—میں چند دنوں سے اس بات پر غور کر رہا تھا کہ دنیا میں بہترین قانون کیسا ہو سکتا ہے اور بہترین قانون کی تعریف کیا ہو سکتی ہے اور بہترین قانون کا مقصد کیا ہو سکتا ہے —میں نے جب کچھ سوچا تو اس نتیجہ پر پہنچا کہ بہترین قانون کی تعریف یہ ہو سکتی ہے کہ اس میں کسی بے گناہ کو سزا نہ ہو اور کوئی گناہگار سزا سے بچ نہ سکے —

جب اس تعریف پر میں نے دنیا کے مہذب قوانین کو پرکھا اور پھر اپنے اس قانون کو بھی پرکھا تو میں نے دیکھا کہ تھوڑی سے استثنا کر کے یہ ایک معقول بل ہے — میں نے انگریزوں کے قانون کو بھی دیکھا امریکہ کے قانون کو بھی دیکھا اور اس نتیجہ پر پہنچا کہ حقائق یہ ہیں کہ قانون کی جو بھی تعریف کی جائے یا بہترین سے بہترین جو بھی رائج الوقت قوانین ہیں ان تمام قوانین کی بہتری کے باوجود ایک گناہگار سزا سے بچ جاتا ہے اور باوجود پوری احتیاط کے یہ بھی دیکھا ہے کہ مہذب سے مہذب قوم کے قانون سے بے گناہ کا دامن داغدار ہو جاتا ہے — یہ ایک حقیقت ہے اور اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا — میرا مطلب یہ نہیں کہ قانون سے تہذیب چھین لی جائے — میرا کہنے کا مقصد یہ ہے کہ قانون کو مکمل کرنے کی جس قدر بھی کوشش کی جائے یہ امکان ہے کہ گناہگار بچ جائے اور بے گناہ سزا پا جائے — ایک انسان کوشش کر سکتا ہے لیکن اس کے باوجود اپنی تمام تر کوششوں کے ہوتے ہوئے اس بات پر پورا نہیں اترتا — اس کی وجہ یہ ہے کہ کسی بھی مہذب قانون کے لئے اس میں Human factor زیادہ اہم ہوتا ہے — اگرچہ نیت صاف ہو اور خواہ کتنی بھی کوشش کی جائے انسان کے ہر فعل میں غلطی کا امکان ہو سکتا ہے —

جناب والا — ہر قانون کے نفاذ کے لئے کچھ اصولوں کی ضرورت ہوتی ہے — اس میں الفاظ خواہ کتنے ہی خوبصورت ہوں لیکن قانون کو نافذ کرنے کے بعد جن لوگوں کے ہاتھ میں وہ قانون جاتا ہے یا جنہوں نے اس کے تحت نظام حکومت کو administer کرنا ہوتا ہے ان کے متعلق یہ دیکھنا پڑتا ہے کہ وہ اسے کیسے استعمال کرتے ہیں — انگریزوں کے زمانہ کے وضع کردہ قانون شہادت کو لیجئے — ہم دیکھتے ہیں کہ اس

قانون کے تحت محض شہادت کی بناء پر ایک شخص کو سزا مل جاتی ہے اور دوسرے کو بری کر دیا جاتا ہے — اس کی وجہ کیا ہے — اس کی وجہ میں عرض کرتا ہوں — کہ قانون میں ایک بنیادی اصول ہوتا ہے ۔ کہ شک کا فائدہ ملزم کو پہنچتا ہے — اب اس شک کی کوئی انتہا ہی نہیں وہ ایک گہرا سمندر ہے جس کی گہرائیوں تک عام حالات میں انسان نہیں پہنچ سکتا — ہم دیکھتے ہیں کہ بہت سے لوگ جن کے متعلق ہماری سوسائٹی کے افراد یا علاقہ کے لوگ مطمئن ہوتے ہیں اگر کبھی کوئی جرم کرتے ہیں تو وہ بچ جاتے ہیں — اس لئے بچ جاتے ہیں کہ ان کو شک کا فائدہ پہنچتا ہے اور وہ شہادت یا گواہوں کی وجہ سے بری ہو جاتے ہیں — اس زمانہ میں موجودہ قانون میں کچھ عجیب قسم کی چیز پائی جاتی ہے اور وہ یہ کہ اگر کسی شخص سے کوئی غلطی ہو جائے یا کوئی شخص بے گناہ ہے تو اس قانون میں کوئی ایسی چیز نہیں جس سے کوئی بے گناہ سزا پا جائے یا کوئی گناہگار بری ہو جائے — اس لئے سوچنا چاہئے کہ وہ کیا باتیں ہیں جو اس وقت ہمارے سامنے ہیں — نیز ہمیں ان تمام مسائل کے متعلق بھی سوچنا چاہئے کہ ان کو کسطرح حل کیا جائے — آج کچھ لوگ ہمیں یہ بتاتے ہیں کہ اگر آپ نے کریمینل لا کو ان ترامیم کے ساتھ جو اس وقت ہمارے سامنے ہیں حالات کے مطابق پاس کر دیا —

(اس مرحلہ پر مسٹر سپیکر کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے)

تو عین ممکن ہے کہ درست ہو اور ہمارے اہم مسائل کا حل مہیا ہو جائے —

جناب والا — معزز ممبران کو معلوم ہے کہ ایسے قانون کا تجربہ صوبہ سرحد میں کس قدر کامیاب ہوا ہے —

Minister of Law and Agriculture : I may remind you that I had requested for the question being put.

Mr. Speaker : Is there any move ?

Minister of Law and Agriculture : I had asked for that when you were here but you disallowed at that time.

Begum Jahan Ara Shahnawaz : Latitude is generally given on the third reading.

Minister of Law and Agriculture : There is no question of latitude.

میاں محمد یاسین خان وٹو — جناب والا — اس بات پر اعتماد کیا گیا ہے اور اس تجربہ سے استفادہ کیا گیا ہے اور جن چیزوں کو

خطرناک بیان کیا گیا ہے ان میں سے ایک کو بھی اس قانون میں رہنے نہیں دیا گیا — اور جن چیزوں کے متعلق انہوں نے کہا ہے کہ ساٹھ سالہ تجربے سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ وہ عملی طور پر موجودہ حالات میں واقعاتی طور پر اور یہاں مفید ثابت ہے صرف ان باتوں سے استفادہ کیا گیا ہے اور استفادہ کے بعد پھر بھی جس طوح میں نے پہلے عرض کیا تھا کہ قانون ملک کے سماجی حالات اور ان حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے بنایا جا رہا ہے جنکے متعلق میاں لطیف صاحب نے اعتراض فرمایا تھا کہ ہمیں ایک ایک ضلع میں ۳۰—سے ۵۰— آدمی بھی دیانتدار اور ایماندار میسر نہ آئیں گے جو صحیح طور پر فیصلہ کر سکیں — میں انکی اسبات سے متفق نہیں ہوں—ہمارے یہاں ملک میں ایمانداروں کی کمی نہیں ہمیں جتنی ضرورت پڑیگی مل جائیں گے — اور مجھے خود اعتماد ہے کہ اگر مجھے جرگے کے سامنے پیش ہونا پڑے تو مجھے لطیف صاحب کے Nomination پر اعتراض نہ ہو گا —

جناب والا—میں نے آپ کی تشریف آوری سے پہلے عرض کیا کہ جو قانون آج نافذ ہے وہ اپنے صحیح مقصد کو پورا نہیں کرتا — اب ہمارے سامنے جو دقت ہے وہ شہادتوں کے میسر نہ آنیکی ہے — ٹریبونل میں جو آدمی ہوں وہ واقعات اور اطلاعات کو اس طریقہ سے دیکھیں کہ موجودہ قانون کا جو معیار ہے اسپر وہ پورے اترتے ہیں یا نہیں—یہ بھی بنیادی طور پر اسبات کیلئے ایک کوشش ہے کہ قانون بہترین وہ ہے جسمیں کوئی گناھگار شخص بچ نہ سکے اور بیگناہ شخص کو سزا نہ ہو سکے — اس تجربے سے عین ممکن ہے کہ ہمیں کوئی اچھی بات مل جائے —

اب ہمنے جرگے کے Nomination پر بے تحاشا پابندیاں عائد کر دی ہیں کہ ایسے آدمیوں کو نامزد کیا جائے جن آدمیوں کا کیریکٹر اور Status ایسا ہو کہ لوگوں کو ان پر اعتماد ہو پھر ان پر ملزموں کو اعتراض کرنیکا اختیار ہو گا جنکے لئے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ مجبور نہیں کر سکتا یعنی اس سے زیادہ اور کیا کوشش ہو سکتی ہے کہ فریقین کو ان پر اعتماد ہو — پھر جناب والا - ایک اعتراض یہ کیا گیا ہے کہ ریکارڈ نہیں رکھا جائیگا تو اسکے متعلق میں عرض کرونگا کہ پہلے بل کے کلاز ۲۸ میں بھی یہ ہے کہ باقاعدہ office اب جو موجودہ حالات میں ہے اسکی ۲۹ ملاحظہ فرمائیں prescribe کیا جائے گا کہ

ٹریبونل کی صورت میں ریکارڈ رکھے — پھر آخر میں کلاز ۳۲ — کیطرف میں آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں اس نے تمام ان شکوک کو دور کر دیا ہے جنکی طرف میرے دوستوں نے اعتراض فرمایا ہے — اب کلاز ۳۲ کی سب کلاز ۲ میں یہ ہے Rules to be made under sub-section I shall among other matters lay down The principle ensuring equality before law to be Allowed by the Commissioner in making reference to the tribunal in section 3. تو یہ بھی کوشش ہم نے کر دی ہے کہ وکلاء کو جرح کی اجازت دے دی ہے جس شق میں ہمنے وکلاء کو ٹریبونل، ڈپٹی کمشنرز اور کمشنرز کے سامنے جرح کی اجازت دی ہے وہاں لفظ shall کا استعمال کیا گیا ہے جس سے میرے خیال میں یہ اعتراض بھی کہ ملزم کو چاہے کہیں پھینک دیا جائے وہ بھی نہیں رہے گا —

Khanzada Taj Muhammad Khan : Sir, I have been very patiently listening to the various Arguments advanced by both sides of the House regarding the merits of this Bill which is before this Legislature today. Sir, before coming to the actual merits of this Bill, I would like the Members of this House to recollect as to how this amendment came into the F. C. R. Sir, against the various ordinances passed and the application of the F. C. R. against certain political leaders in this country, the question was raised in this House that this Act which was made by the Imperialist Government of Britain for curbing the crimes in the way of murder and dacoity was being wrongfully used to harass and subdue the political ambitions of certain area. Sir, an assurance was held by the Leader of the House that necessary amendments would be brought in the F. C. R. so that those clauses which have been used in the past will not longer be a valid ground for corrupt and interested politicians to be used against people of honest conviction. Sir, it was the last thing that we expected that the F. C. R. would be replaced by a permanent statute on the law of West Pakistan. It was a legitimate demand of the people of the Frontier, who have suffered and who continue to suffer under the F. C. R. and the representatives of the former Frontier Province legitimately felt that since 1919 and 1935 the inhabitants of those areas have been agitating against the total repeal of this law, and, if not against the total repeal, at least against the repeal of the obnoxious clauses of that law. The murder of 200 Pathans in the Kissakhawani Bazaar was one of the reasons in which they asked for repeal of this law. But it was never expected that the black law which has been existing since 1919 would be thrust on the rest of West Pakistan a shameful act, a going back on the solemn assurance given to this House. And what is more ! I would like them to take notice of the fact that trying to violate the moral principles by sheer weight of numbers is no way for passing a legislation.

Syed Ahmad Saeed Kirmani : Now, we know where you are. (Interruptions).

Minister for Revenue : In the end you will know where he is. (Interruptions).

Khanzada Taj Muhammad Khan: Sir, after the slaughter in 1929 the Government of India decided to set up a highpowered Enquiry Committee for the F. C. R. under a High Court Judge Sir Nematullah of Allahabad. Its members were people of high standing like late Nawab Sir Abdul Qayyum Khan Nawab of Hoti and Sir, Shahnawaz and other well-known jurists of India. If you refer to their report certain clauses regarding the views of Sir Sahibzada

have been enumerated by my learned friend. I do not wish to go into them. But, Sir, that grand old man of the Frontier Province fought for the constitutional rights of that region. When freedom and democracy was being practised in the rest of India it was denied to the Frontier. It was his efforts in the Imperial Council of India and the Legislative Assembly of India that bore fruit. I will not forget, though I was a child, when Sir Sahibzada said, you may think that we are very small, you may think us to be as small as a mosquito but a mosquito in your trousers will not allow you to sleep for the whole night. Sometimes mosquitoes are effective. The extract blood out of your body and out of the area which you cannot expose.

Minister for Revenue : Is it Parliamentary, Sir ?

Mr. Speaker : The word 'mosquito' is not unparliamentary.

Minister for Revenue : Parts of the body which cannot be exposed. (Interruptions).

Khanzada Taj Muhammad Khan : Sir, as a result of that enquiry, from 1931-36 F.C.R. was shelved in the Frontier Province and this law was no longer operative there. The Congress fought the elections on the slogan of 'total repeal of the F.C.R.'. And then what happened later on? They captured power. This shows that the people of the Frontier Province were totally against the F. C. R. It was a black, obnoxious and mediaevel law which was brought by the imperialist power of Britian to keep the Pathans under their clutches, because they had the rifles and could fight from behind the hills. What happened later ? When the politicians came, they wanted to subdue certain people and they wanted to punish certain people who had stood up against them. The law of the land did not give them enough power to deal with them, and so this law was in added. What happened later ? I will give you an example.

In the Charsadda shooting at Babra, where a Red Shirt was murdered a Jirga was instituted. The Deputy Commissioner twice released the accused but under a revision which was made to the Chief Minister—The Chief Minister who was a politician.

was Commissioner for revision under the F. C. R. the whole case was revised and Jirga was reconstituted and the man was put behind the bars (Interruptions).

Mr. Speaker : The Member should be short.

Mr. Taj Muhammad Khanzada : Sir, what is happening under this law. Under this law power is being handed over to the very bureaucrat, who stands condemned by the very Minister who is bringing this law today.

Sir, under this law, the Commissioners and the Deputy Commissioners are at liberty to exercise power in a manner involving discrimination, acknowledging neither guidance nor restraint, and their actions may be governed by enmity, or partisan and political considerations. Sir, it has been left to the unfettered, and uncontrolled power of the Deputy Commissioner to decide as to who should and who should not form the Jirga.

Mr. Speaker : Now the time is over.

Mr. Taj Muhammad Khanzada : These uncontrolled powers will seriously affect the liberties of the free citizens of a free country.

Before I finish I would say that when we have a Government of the people, for the people and by the people this law would be the first law to be removed from the Statute Book. I appeal to the Treasury Benches (I know it is going to be passed) before they give a burial to the civil liberties of the

people, that this law may not be made for the whole of West Pakistan it should only be applied by special notification to certain areas with the consent of those people. This is the least they can do.

Mr. Speaker : Yes, Mr. Kundi.

Mr. Muhammad Ishaq Khan Kundi (Senior Deputy Speaker) : Sir, I feel handicapped by the absence of Mr. Abdul Baqi Baluch, because I had no intention to speak at this stage, but I wanted to clarify certain points which arose from his speech.

Sir, I am reminded that one big writer when writing to one of his friends, also a writer, advised him that his thoughts should never be controlled by the words at his command. I will repeat the same advice to Mr. Baqi Baluch that his thoughts should never be controlled by the arguments at his command. He should see that his duty as a legislator requires that he should be a realist, that only those arguments should be put forth which are relevant and necessary and he should not go on repeating.

Mr. Speaker : Mr. Kundi is no more handicapped. Mr. Baqi has come.

Mr. Muhammad Ishaq Khan Kundi : In the beginning my learned friend sought reliance on Justice Cornelious and I pointed out that the theme of his speeches and his thesis was quite different. The point has been rather pertinently put by Begum Shahnawaz that the difficulty which we are facing is that the old system of British Administration and Law which is based on the concept of Anglo-Saxon race has totally failed.

Now, Sir, what is the remedy ? My learnad friend, Mr. Baqi Baluch has said that there should be an Islamic System of Justice. He has not given details of that system. I myself am not an expert in that line of thought and I cannot offer any comments. But the question still remains "what are we to do with the difficulties that have been created in the law and order situation.' Whether any scheme is available for us ? Till we can think over this matter and before we have introduced the Continental Law as Begum Sahiba has said or some sort of Islamic Law as Mr. Baqi has suggested what should be done to fill the gap. When Malik Qadir Bakhsh delivered his speech exceptions were taken to some parts of his speech. I myself am not so courageous as to repeat what he has said. But I will take the protection of quoting our own Chief Justice. I will read out a passage from his speech delivered at Rawalpindi.

> "There are people in all sections of the community in Pakistan who wonder why there is so much outcry for the introduction and application of Islamic principles in all laws in force. They criticise the outcry on two main grounds.
>
> "Firstly that since the law is left behind by the British for many years and have by legislative processes been largely moulded to suit the requirements of the People, it would be dangerous to interfere with it, and secondly, they say that the British system of justice is applauded all over the world as one of the best and is by now well understood by the people. They, therefore, ask why make a change.

That is the position taken by the gentlemen on this side, including Mr. Kirmani. Now he says :—

> "These are superficial answers to the problem at the best, They often come from people, who are the beneficiaries of the system, namely the judges and the lawyers who can be relied upon to make something of a ght to maintain their livelihood. The mere fact that the cases are decided does not necessarily mean that the system followed is fully adopted to the understanding and the sentiments of the people. We all know of

civil cases where after getting a decision from the final court, the parties have to go home and make a compromise so as to produce a practical result more in consonance with what they know to be a natural justice of the matter. As for criminal cases, it is probably correct to say that under the present system every decision has the quality of breeding more cases of the same kind. The courts now rely upon evidence given in open court under an oath whose value is precisely nil and they follow a strict technique of exclusion of evidence some of which would be most valuable for the settlement of the question. The result is that cases in which guilty persons are acquitted probably form the majority. On the other hand, there are a number of cases in which innocent persons are convicted on the basis of oral evidence and even suffer death. In both these eventualities the seeds of revenge have been well sown".

And he proceeds :—

"Cases are common enough where ten to fifteen persons have been jointly slaughtered by three or four of their enemies and carried their heads in triumph through out the village. One supposes that when they were acquitted, as they often are, the villagers live in a state of terror from these persons when they return and the whole balance of life is upset once again".

This is the situation, for which description, I have the support of our highest judicial authority. So my submission is that if this is the state of affairs, we have to devise some method and that method, so far as I know, which has p oved practicable in the frontier area, is the Jirga system. Inspite of all its draw backs, inspite of all the difficulties it has worked. It has the support of all the good administrators. There are some difficulties in it but I will quote the words Sir Olaf Carroe, which have been quoted in this very article by the Chief Justice, that the probability of an innocent person being convicted in the Jirga has proved to be practically nil. So I thought why should there be so much hue and cry that innocent persons will again be put there, when such has not been the lesson of history atleast for 60 years of its working in the Frontier Province.

Now we have been talking that the executive is corrupt, that the officers are corrupt, and so much trouble will be brought to bear upon them. I submit that all these questions are reduced only to one problem, that is, the failure of our human material. For that no law can protect you unless our national character improves. What to say of this poor law, say, a bill of 30 sections. We have our solemn Constitution running into more than 200 Articles, which was prepared after so much study and all the best principles of every Constitution were gathered there and the draft was revised by our highest thinkers and even on the advice from outside, And what we made of them. It was reduced to shreds and pieces only after two or three years when the Revolution came over. If that state continues, no form of law, however best worded, no principles to which you can appeal even if they are enshrined in that law, can help that. For that the remedy lies elsewhere and that is until and unless by some revolution or by some miracle, our national character improves, that remedy cannot be applied.

I submit Sir that the Opposition has been rather of a divided mind, If we say that we should base each and every new law upon the concepts of the Anglo-Saxon races, I think many people differ from it and I have again the support of the highest judicial authority. Even Begum Sahiba has

supported me on this point. So it is of no use to repeat the maxims of English Law, benefit of doubt, and all these things. In this article, the learned Chief Justice has specifically pointed out that this presumption of burden of proof that the accused person is innocent has failed to work in our country that is, in this country this maxim is not to be followed and in English countries this maxim has been followed. I will read that only for a while. (pause) I think it is a different article in the Dacca Speech and I need not repeat it. But the summary of it is that the system in the Middle Eastern countries probably will have to be applied here. There the burden was on the prosecution but all along with it at the same time, there was a burden on the accused to clear

his position by taking an oath. These things are side by side. So I submit that merely because certain principles, which belong to a foreign culture, have not been followed in the formation of this law that I think is no reason for rejecting it. We should see the practical side of it that we are faced with a problem and we want some remedy which may be applied immediately. There is one thing about which I want to make my position clear. In my previous speech, I also stated most respectfully that as far as the old areas, where the F. C. R. was working, are concerned, it is a very great improvement. I submit that in some cases the improvement exceeds the recommendations of even the Law Commission. The Law Commission had recommended that confiscation of property should be kept as punishment. It does not appear here now. The Law Commission said that lawyers should not be allowed at the first stage. Here they have allowed lawyers at the first stage. The Law Commission was definitely of the opinion that High Court should not be brought into the picture at all and that for very good reasons. Before integration this case was referred to our High Court and they categorically refused to accept this position that revision should lie to them. There are many reasons for that. Then there was a question of secret and open enquiries. The Law Commission considered that and it was their opinion that secret and open enquiries, as long as Jirga system is to continue, are necessary and must be there. You cannot do without it. There were many obnoxious features in this law, previous F. C. R. I would say. Villages could be removed from one place to another. Property could be confiscated. Even for carrying one dagger you could be sentenced to five years, and so many other things. They all have been removed and I would say that only bare minimum necessary portion has been kept to meet the situation of law and order and to see that murders are not committed with impunity.

I think this time Mr. Baqi was careful enough not to rely on the Chief Justice, but in his previous speech he was quoting the Quaid-e-Azam in the context of the Bengal Criminal Law (Amendment) Act, which provided sentence for only an attempt to murder. I submit how those arguments can be relevant in the context of this Bill, which all sides have agreed, is an improvement. The question of extension to other areas presents some difficulties and I submitted in my previous speech that a Commission should be appointed or some enquiry should be definitely made why that system, which had been working for a hundred years, had failed. What are the reasons for it ? Many reasons have been suggested. One of my friends have been telling me—he has to deal with these administrative problems—that one of the reasons why this system is failing is that with the changed circumstances, third degree methods by police cannot be applied, and he said that in fact the Criminal Procedure Code and the Penal Code was in practice supplemented by a third degree method by the police, and as that difficulty has now arisen and we are now being deprived of that method, that is the reason why the system is failing. I cannot say, and I have got no means to say, whether that is correct or not, but that is one side of the question, which needs investigation. I submit that though this law is going to

be passed, its extension should be carefully watched and some Commission or some enquiry should be instituted as to why has this become necessary that this system, which even the British did not find necessary to impose here, should be extended to other areas, and if it is found that there are some reasons—and there may be many—then at least the public conscience will be satisfied.

Minister of Law and Agriculture : Sir, I beg to move ; that the question be now put.

Mr. Speaker : The Minister wants to put the question at 12-30 ? But there are so many speakers. I am sorry I cannot allow him at this time. I have to give time to the Members who want to speak. Yes, five minutes to each.

Minister of Railways : At what time do you propose to put the question ?

Mr. Speaker : He may put the question at 1,o clock.

Minister of Law and Agriculture : Alright, I will put it at one and then wind up.

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon : Sir, after hearing many illuminating speeches from the Opposition Benches, two points come out prominently.

امیر حبیب اللہ سعدی - پوائنٹ آف آڈر - جناب صدر — دوسروں کو تو آپ نے زیادہ وقت دیا ہے اور ہمیں صرف پانچ منٹ دیئے ہیں - مسٹر سپیکر - آپ کو نہیں - میمن صاحب بول رہے ہیں - تشریف رکھئیے -

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon : (Hyderabad—I) I was submitting that after hearing many illuminating speeches from the Members sitting on the Opposite Benches, two points stand out prominently and they pose a challenge and that challenge must be met effectively. The first one is that by enacting this Bill, complete want of confidence has been shown in the Judiciary. The second point made out is that the Rules of Evidence and the procedure relating to the trials, at present in existence, have been done away with.

Advocates practising on the criminal side, and I hope Mr. Kirmani is one of them, will be able to recount that the Law Reports abound in cases in which the Judges of the Supreme Court and the Judges of the High Courts have repeatedly said, ' we are sorry, we cannot convict. we are morally convinced that the accused is guilty but because of the shackles of this Rule of Evidence we are helpless and we find that the true culprits is being acquitted'. I know of two cases where in one case ten murders took place and the witnesses completely went back on their earlier statements, with the result that the case was discharged. This case was taken to the High Court and the High Court, after examining the evidence, said, " we have yet to come across a case of more colossal prejury than the one committed in this case but we are sorry. We are helpless. There is no legal evidence according to the Evidence Act enacted by the Britishers. We are helpless, and we cannot do anything ". Sir, I put it to them. What is your solution to this challenge which the Judiciary has posed ? What are you going to do for this ? How are you going to meet this situation ? Instead of offering any constructive suggestion or any constructive solution, there has been absolute unjust criticism on that side and nothing concrete is coming forward. I challenge my friend from Sind, Syed Zafar Ali Shah, who said that before 1955, F.C.R.

was applied to his district, that is, the Nawab Shah District. I put it to him that it is the date, it is the time, when his late lamented father, Syed Muhammad Ali Shah, was a Minister in the Cabinet and it was in his days that F. C. R. was applied to Nawab Shah. I ask him if he has become wiser, more wiser, than his father? I know his District is on fire and I sympathise with him but the solution that he has suggested is transfer of certain officials. I ask him again who was responsible? Since 1955 you had your own Cabinet, you had your own officers and you had officers of your own choice. Why was it then that the crime increased necessitating the imposition of F. C. R.? Is this a solution that officers not palatable to 'A', 'B', or 'C' should be transferred and the crime will decrease? My submission is that this challenge which has been posed by the Judiciary should be met adequately. The Judiciary wants us to enact a law which can meet the situation. This present Bill, the Criminal Law Amendment Bill, Inshaala, will be passed and during the course of the day will meet that challenge. We will try to tell the Judiciary that it is in pursuance of their decision and in obedience to their decision. We are today enacting a law which will meet that contingency and no culprit will ever dare to escape punishment.

Major Sultan Ahmnd Khan : Sir I have stood up four times but I have not been given a chance.

Mr. Speaker : Mr. Kirmani, should decide with Major Sahib.

Syed Ahmad Saeed Kirmani : Then I will not have any chance to speak.

Mr. Speaker : I will try to accommodate him.

میجر سلطان احمد خان - جناب صدر - پہلے اس کے کہ میں اس موضوع پر یا اس بل پر یہ کہوں کہ یہ کن ارادوں سے لایا گیا ہے مجھے جون کا ایک واقعہ یاد آتا ہے ، یہ ۱۵ جون ۱۹۶۲ء کا واقعہ ہے جب ملک قادر بخش صاحب اس کرسی پر بیٹھے تھے اور انہوں نے بڑے عاجزانہ اور مخلصانہ انداز میں اور میرے خیال میں واقعی مخلصانہ انداز میں اعلان کیا تھا کہ ہماری کوششیں یہ رہیں گی کہ رائے عامہ آگے آگے بھاگے اور ہم اس کے پیچھے پیچھے چلیں - خدا کی شان کہ آج دس ماہ کا واقعہ ہے کہ رائے عامہ پیچھے پیچھے بھاگ رہی ہے اور یہ ایک ریگستانی اونٹ کی طرح بوکھلائے ہوئے آگے آگے بھاگ رہے ہیں - (قہقہہ) -

Minister of Railways : It is parliamentry, Sir ?
Major Sultan Ahmed Khan: Yes, we have "ریگستانی اونٹ"

Mr. Speaker : Don't be personal, please.

میجر سلطان احمد خان - وہ بوکھلا کے بھاگتا ہے جناب - ایسا کہ اس کو کوئی خبر نہیں ہوتی - یہ چیز کوئی personal نہیں کہہ رہا ہوں - دعویٰ کیا گیا ہے کہ ان کے اس اقدام کو رائے عامہ کی حمایت حاصل ہے محض اس لئے کہ یہ ۱۲۴ "جمہوریت پسند" ان کے پیچھے بیٹھے ہوئے ہیں حالانکہ اصل واقعہ یہ نہیں ہے - میں سچ

کہتا ہوں میں کسی کی توہین نہیں کرنا چاہتا بخدا یہ سب باہر اس قانون کو اس حکومت کو اور اپنی ذات کو بڑا برا بھلا کہہ رہے ہیں کہ کس مصیبت میں پھنس گئے ہیں اس کے باوجود یہ وزراء صاحبان کو کہ یہ قانون ان کا نہیں ہے اور میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ انہوں نے اسے پڑھا تک نہیں ہے ۔ لیکن یہ جو تھوپنے کی کوششیں کی ہے وہ اس قوم کے ساتھ زیادتی ہے ۔ جناب والا ۔ جہاں تک میں سمجھا ہوں اس کے اغراض اور ارادے بڑے خطرناک ہیں ۔ اس لئے نہیں کہ میں مخالف پارٹی میں بیٹھا ہوں اور حکومت پر حملہ کرنا چاہتا ہوں، اس ملک کی تاریخ نے کچھ واقعات ایسے دکھا دئے ہیں کہ خطرات اب ناقابل برداشت صورت حال اختیار کرنے کا اندیشہ ہے ۔ جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ مغربی پاکستان کے حکمرانوں میں سے کچھ ایسے بھی ہیں جنہوں نے طرح طرح کے آقاؤں کے ساتھ نوکریاں کی ہیں یا ان کے صلاح کار رہے ہیں اور آج کل یہ موجودہ آقاؤں سے تنگ معلوم ہوتے ہیں اس لئے کچھ ایسے حالات پیدا کرنا چاہتے ہیں کہ یہاں ہنگامی صورت حال پیدا ہوجائے تاکہ کوئی نیا آقا یا نئی حکومت آ سکے لیکن میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ انشاللہ یہ قوم ایسی عیاشی کبھی برداشت نہیں کرے گی ۔

جناب والا ۔ کہا گیا ہے کہ یہ سانپ کالا ضرور تھا لیکن اس کے دانت نکال لئے گئے ہیں ۔ ہمارے سابقہ سرحد کے لوگ دانتوں والے سانپوں کے بھی کچھ عادی ہو چکے تھے لیکن اب بد نصیبی یا خوش نصیبی ہے کہ اسے علاقہ سندھ اور پنجاب کے لئے کم از کم دانتوں کے بغیر ہی رکھا گیا ہے ۔ لیکن سانپ کچھ کالا ناگ معلوم ہوتا ہے ۔ باہر جاکر دیکھئے ۔ ۔ ۔ ۔

میاں محمد شریف ۔ ہمارے پاس تریاق ہے ۔

میجر سلطان احمد خان ۔ جناب والا ۔ جہاں تک میری اطلاعات ہیں یا میرا چھوٹا سا ذہن سمجھ سکتا ہے یہ جمہوریت پسند کم از کم ساڑھے تین تین لاکھ انسانوں کے نمائندے ہیں ۔ جس طریقے سے بھی ہوئے نمائندے ضرور ہیں ۔ ان کا فرض تھا کہ وہ اپنے ذہنوں میں (جیسے بھی ہیں) ذرا سوچیں کہ جب ان کی وہ قیمت ہی نہیں رہی، جب وہ قدر ہی نہیں رہی تو پھر اپنے ضمیر کو اس طرح بے حس کر دینا اور تباہ کر دینا مجھے سمجھ نہیں آتی کہ کیوں ایسا کر رہے ہیں ؟

Mr. Speaker : Please be relevant.

میجر سلطان احمد خان ۔ آخر میں میں ان سے اپیل کروں گا اور درخواست کروں گا کہ اگر ان کو خدا کا خوف نہیں ، انسانیت کا خوف نہیں ہے تو علامہ اقبال کے ایک چھوٹے سے اشارے پر توجہ ضرور دیں ۔ کیونکہ اس ایکٹ کے ساتھ حالات ایسے پیدا ہو جائیں گے ۔

ڈر اس کی سخت گیری سے

جناب والا ۔ ہم تو کوئی انتقام سہہ جائیں گے مگر ان میں سے کسی میں سہنے کا مادہ ہی نہیں ۔

خان اچون خان چدون ۔ (مردان ۔ م) جناب سپیکر ۔ اس ایوان میں اس بل کی جو مخالفت ہوئی ہے میں سمجھتا ہوں کہ وہ اس بل کی مخالفت نہیں ہے ۔ بلکہ وہ ایف ۔ سی ۔ آر کی مخالفت ہے اور ایف ۔ سی آر کی جتنی مخالفت آپوزیشن کی طرف سے ہوئی ہے اس سے زیادہ ہم اس کے مخالف ہیں ۔ کیونکہ جس طرح کہ میجر سلطان احمد نے فرمایا یہ دانتوں والا کالا ناگ جو تھا اس کا ہمیں کافی تجربہ ہوچکا ہے اور ان کو تو ابھی ہوا ہی نہیں اس کا تجربہ ۔ عرض یہ ہے کہ ۷۰—۶۰ سالہ تجربے میں جو سابقہ صوبہ سرحد میں انگریز نے کیا اور پاکستان بننے کے بعد بھی ہوا اس تجربہ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ہم اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ اس میں خراب دفعات وہ تھیں جو سیاسی اغراض کے لئے استعمال ہو سکتیں تھیں، جن سے لوگوں کی جائیدادیں ضبط ہو سکتی تھیں جن سے لوگوں کو بغیر کسی وجہ کے ایگزیکٹو جیل میں بند کر سکتی تھی ، وہ دفعات خراب تھیں اور وہ دفعات جو قاتلوں کو سزا دینے کے لئے موجود ہیں وہ کامیاب دفعات ہیں ۔ اس لئے ہم نے اس کو دو حصوں میں تقسیم کیا جو خراب دفعات تھیں وہ خارج کر دی گئی ہیں ۔ تاکہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کسی کی جائیداد ضبط نہ کر سکے ۔ کسی کو قید میں نہ ڈال سکے ۔ اسے صرف اتنا اختیار دیا ہے کہ وہ ایک ماہ کے لئے اگر کسی شخص سے نقص امن کا خطرہ ہو تو اسے پابند ضمانت کرے اور اس کے بعد باقاعدہ ٹریبونل میں کیس جائے اور جس طرح کارروائی ہوتی ہے وہ ہو ۔ ہم نے وہ تمام چیزیں جو خراب تھیں جو سیاسی اغراض کے لئے استعمال ہو سکتی تھیں جن سے لوگوں کی political victimisation کی جا سکتی تھی وہ سب ہم نے خارج کر دی ہیں ۔ اس لئے اب اس میں مقصد صرف یہ تھا کہ سمگلرز کو

اور قاتلوں کو اور جو برے فعل کے مرتکب ہیں ان کو سزائیں دی جاسکیں ۔

دوسری بات جناب والا ۔ یہ ہے کہ یہ ذمہ داری ہمارے لیجسلیچر کی ذمہ داری تھی کہ ہم نے اس قانون کو ایوان میں پیش کیا اور اسے پاس کر رہے ہیں ۔ اب اس کی ذمہ داری گورنمنٹ کی ایگزیکٹو اور ٹریبونل کے ممبران پر ہے جو کہ عوامی لوگ ہوں گے یہ ان کی ذمہ داری ہوگی کہ اس کو صحیح طریقے پر چلائیں اور جس سپرٹ سے ہم نے اسے پیش کیا ہے اسی سپرٹ پر اسپر عمل کریں ہم نے جس مقصد سے اسے پیش کیا ہے وہ صرف یہ ہے کہ سماج دشمن عناصر کی بیخ کنی کی جائے ۔

مسٹر سپیکر—سید حاذق علی شاہ۔.....

سید حاذق علی شاہ ۔ جناب سپیکر ۔.....

چودھری عبدالرحیم ۔ جناب والا ۔ آپ ہمارے بھی سپیکر ہیں صرف منسٹروں کے سپیکر نہیں ہیں ۔ آپ لسٹ کے مطابق نہیں چلتے بلکہ منسٹروں کے کہنے پر چلتے ہیں ۔

Mr. Speaker : I am not bound by any list.

آپ کھڑے ہوا کریں ۔ جو اصحاب بولنا چاہیں وہ کھڑے ہوا کریں ۔ (قطع کلامیاں) میں لسٹ لے لیتا ہوں تاکہ دونوں طرف sense معلوم ہو جائے ۔ (قطع کلامیاں اور شور) ۔

For your information, I am not bound by any list. It is for the facility of the House that I take the list. (Interruptions).

چودھری عبدالرحیم ۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔ آپ نے انہیں (سید حاذق علی شاہ کو) بولنے کے لئے کہا ہے اس لئے کہ انہوں نے (وزرا نے) اس طرف اشارہ کیا ہے ۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ سپیکر ہیں یا یہ (وزیر) سپیکر ہیں ؟ (شور) ۔

Mr. Speaker : The member's name is not in the list submitted by the Leader of the Majority Party. I may tell him that for the sake of convenience take the lists from the Leader of the House and the Leader of the Opposition. But I am not bound by any list.

چودھری عبدالرحیم ۔ انہوں نے ہاتھ سے اشارہ کیا ہے ۔ (قطع کلامیاں اور شور) میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پہلے مجھے یہ بتا دیجئے کہ آپ سپیکر ہیں یا (وزیر) سپیکر ہیں ؟

Mr. Speaker : I am the Speaker, I am saying that I am not bound by the list. The member may resume his seat. This is no point of order.

سید حاذق علی شاہ۔ (کوہاٹ - ۱) جناب سپیکر — ممکن ہے میں اس بل پر بولنے کی ضرورت محسوس نہ کرتا مگر اس طرف سے کچھ ہنگامہ اور شور و غوغا ہو رہا ہے۔ کبھی تو وہ اس بل کو عدلیہ کی توہین بتا رہے ہیں اور کبھی انتظامیہ کو ان کا حاکم بتا رہے ہیں تو میں اس لئے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس قانون کو یعنی حکومت کے پیش کردہ بل کو ہم شاید کسی صورت میں بھی سابقہ ایف۔ سی۔ آر کی صورت میں قبول نہ کرتے اور ہم مخالف پنچوں کو بتا دینا چاہتے ہیں کہ جو ترمیمات اس میں ہوئی ہیں وہ ہمارے بھائیوں کے مشورے سے ہوئی ہیں اور انہوں نے بڑے غور سے اس پر غور و فکر کیا ہے اور جو تجربہ ہم لوگوں کو سابقہ سرحد میں حاصل تھا ہم نےعملی طور پر اس سے فائدہ اٹھایا ہے اور کوشش کی ہے کہ اس بل کو موزوں اور موزوں تر بنایا جائے چنانچہ موجودہ شکل جو اس بل کی ہے وہ کافی حد تک ٹھیک ہے اور اس میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو عدلیہ کی توہین ہو جیسا کہ میرے فاضل دوست کندی صاحب نے بتایا کہ شاید عدلیہ کا منشاء بھی یہی تھا کیونکہ جہاں عدلیہ تک نوبت ہی نہیں پہنچتی مقدمات کی تو عدلیہ وہاں کیا انصاف کر سکتی ہے۔ اگر ہمارے وکلا صاحبان سوچیں تو میرا خیال ہے کہ زیادہ خرابی کا باعث وہ ہیں کہ ان میں سے بعض لوگ خود قانون کو توڑ مروڑ کر ایسی ترکیبیں بتاتے ہیں ملزموں کو تاکہ ان کی نجات کا راستہ کھل جائے۔ اکثر ملزم حقیقت میں گنہگار ہوتے ہیں لیکن وہ وکیل ان کو سزا سے بچانے کے لئے راستہ بتاتے ہیں تاکہ ان کا پیشہ تاکہ ان کی روزی تاکہ ان کی دکان سلامت اور قائم رہے۔ ہم کہتے ہیں کہ یہ صرف ان کے نعرے ہیں اور وہ صرف نعروں پر عمل کرتے ہیں اور حقیقت کی طرف کوئی بھی نہیں دیکھتا کہ حقیقت اس میں کیا ہے کیونکہ اگر یہ قتل اور یہ وارداتیں اور یہ ملزم کم ہو جائیں گے تو ان کا پیشہ بھی اور ان کی دوکانداری بھی کم ہوجائے گی اس لئے وہ حقیقت کی طرف نہیں جاتے اور وہ حقیقت پر نظر ہی نہیں رکھتے میری گذارش یہ ہے کہ قانونی لحاظ سے مقدمے کی تین stages ہوتی ہیں ایک تو تفتیش کے موقع کی stage ہے جو untraced یعنی عدم پتہ کی۔

Mr. Speaker : Please wind up.

سید حاذق علی شاہ۔ جناب والا۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ مقدمات کی تین stages ہوتی ہیں جن پر میں خاص طور سے

وکلاء صاحبان کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں ، ایک وہ ہے جسے untraced یعنی عدم پتہ کہتے ہیں - عدم پتہ مقدمہ کی صورت میں جب اس کے واقعات نیچے ہی ایسے ہوں کہ وہ اوپر عدالت میں جانے کے قابل ہو نہ ہو تو کیا ہم یہ سمجھیں گے کہ وہاں کوئی واردات ہی نہیں ہوئی - واردات تو یقینی طور پر ہوئی ہے مگر وہاں حالات کچھ ایسے ہوں گے کہ وہ مقدمہ untraced کی صورت میں رائج الوقت قانون کے تحت آکر کبھی کا ختم ہو چکا ہوتا -

اس طرح اس کی دوسری stage یہ ہے کہ اگر مجسٹریٹ اور Lower court جن کے متعلق خاص طور پر ہمارے مخالف بنچوں والے دوست کہتے ہیں کہ وہ غلط فیصلے کرتے ہیں ، lower courts میں دفعہ ۳۰ مجسٹریٹ جب قتل کے مقدمات کی ابتدائی سماعت کرتے ہیں تو وہ بوجہ عدم ثبوت فیصلے دیتے وقت اکثر مقدمات خارج کر دیتے ہیں - لہذا اگر وہ انصاف کرتے ہیں تو یہ مقدمات کبھی اوپر نہ جاتے -

Mr Speaker: The Member's time is over. Yes, Mr. Saadi.

امیر حبیب اللہ خان سعدی -(لائل پور-۷) - صدر محترم - محترم سید حاذق علی شاہ صاحب اور غلام نبی میمن صاحب کی تازہ ترین تقریروں سے مجھے وہ زمانہ یاد آگیا جب کہ لوگ انگریز کے دور میں برکات سلطنت انگلشیہ گنوایا کرتے تھے - تو میں ان کی تقریروں کے متعلق صرف یہ عرض کر سکتا ہوں -

کس قدر خوش فہم و خوش بین ہیں اسیران قفس
آشیانوں سے دھواں اٹھا ، گھٹا دھنے لگے

وزیر مال - (خان پیر محمد خان) - جناب کیا یہ مشاعرہ ہو رہا ہے -

امیر حبیب اللہ خان سعدی - اگر آپ کو مشاعرے پر اعتراض ہے تو ہم مشاعرہ چھوڑ دیتے ہیں آپ اپنی قوالی شروع کر دیں - (قہقہہ) -

تو صاحب صدر - پاکستان کی تاریخ قانون سازی میں آج کا دن یوم سیاہ ہے قانون کے نام پر اگرچہ اس بل میں ترامیم لائی گئی ہیں اور اس کی شکل بدلی گئی ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ قانون کے نام پر آج ایک ایسا اقدام کیا جا رہا ہے جو نہ صرف معقولیت اور اس صوبے کی رائے عامہ کی توہین ہے بلکہ جرائم کے انسداد کے سلسلے میں ہماری انتظامیہ کی نا اہلی کا ایک کھلا اعتراف ہے اور میں

اس معزز ایوان میں یہ کہنے میں بھی جھجک محسوس نہیں کرتا کہ یہاں پر مسودہ قانون پیش کر کے اس صوبے کے نظام عدل کے ساتھ ایک نہایت گستاخانہ حرکت کی گئی ہے۔

مجھے اعتراف ہے کہ ضمیر کی خلش محسوس کرنے والے بعض احباب نے حزب اقتدار کی طرف سے سر توڑ کوشش کر کے وزراء صاحبان کو کم از کم اس بات پر مجبور کر دیا کہ وہ آزاد ارکان اور حزب اختلاف کی طرف سے پیش کردہ ترامیم کی نقل کریں خواہ کتنی ہی بھونڈی کیوں نہ ہو لیکن ان کی اس بھدی نقل کے باوجود اس کے اندر چھپی ہوئی شرارتیں اور تلخیاں ابھی کم نہیں ہوئیں ۔ یہ حقیقت ہے کہ سانپ کے چھوٹے دانت تو نکالے گئے ہیں لیکن اصل زہر اسی طرح باقی ہے۔

صاحب صدر ۔ آپ مجھے زیادہ وقت دیں کیونکہ مجھے آپ نے بڑی دیر کے بعد تقریر کرنے کا موقع دیا ہے۔

جناب صدر ۔ میں اس مسودہ قانون کو وزارت کی طرف سے ایک آرڈیننس سمجھتا ہوں جو اکثریت کے بل پر مغربی پاکستان بھر میں نافذ کیا جا رہا ہے تو آپ ذرا غور فرمائیں کہ جب شہادت کے تمام اصول اور قوانین نظر انداز کر دیئے جائیں اور ایک ہی جرم کی سزائیں مختلف ہوں اور پھر عدلیہ کی بجائے اختیارات ایک نا اہل انتظامیہ کے حوالے کئے جائیں تو . . . . . .

Mr. Speaker : The Member can have only one minute more.

امیر حبیب اللہ خان سعدی — جناب والا ۔ آپ مجھے زیادہ وقت دیں کیونکہ یہ بڑی نا انصافی ہے۔

مسٹر سپیکر— آپ اپنا پوائنٹ پورا کرلیں ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی— اور جب آخری طور پر بھی عدلیہ کے سامنے مرافعہ یا اپیل کی کوئی گنجائش نہ رکھی جائے تو اس صوبہ کی آبادی ایک نہایت ہی مجبور و مقہور غلاموں کی آبادی میں بدل جائے گی ۔

صاحب صدر ۔ آج کے دن کو میں یوم سیاہ اس لئے کہتا ہوں اس بل کی موجودہ شکل میں بھی اس کے اثرات اتنے دور رس ہوں گے کہ ان وزراء صاحبان کو آئندہ

نسلیں پکار کر یہ کہیں گی —

کہاں مارا ہے لا کر آدمیت کی تمنا نے
یہاں تو منصفوں کے فیصلے قاتل بدلتے ہیں

چودھری عبدالرحیم (سیالکوٹ - ۴) — حضور والا - بہت سے معزز ممبران نے فرمایا ہے کہ یہ قانون اور اس کا رنگ کالا ہے - انکو غالباً یہ معلوم نہیں کہ بعض اوقات کالا رنگ خوبصورتی میں اضافہ کرتا ہے یعنی اگر اسے صحیح طریقے پر اچھی جگہ مل جائے تو یہ رنگ خوبصورتی میں اضافے کا موجب ہوتا ہے — اس لحاظ سے یہ کالا قانون بہت مفید ثابت ہوگا - لیکن حضور والا — جہاں تک اس کی اچھائی یا برائی کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں ایف - سی - آر اور اس میں کوئی فرق نہیں - اس کی مثال تو بالکل چارپائی کی طرح ہے چارپائی پر اگر آپ سرھانے کی طرف سوئیں تو کمر درمیان میں آئے گی اور اگر پائینتی کی طرف سوئیں جب بھی کمر درمیان میں آئے گی بہر صورت فرق کوئی نہ پڑے گا (قہقہہ اور شور) اسی طرح اس قانون کی اچھائی یا برائی ایف - سی - آر سے کسی طرح بھی کم نہیں اس لئے صوبہ سرحد اور دیگر علاقوں کے معزز دوستوں نے یہ جو فرمایا ہے کہ ہمیں اس قانون کا کافی تجربہ ہے تو اس کی مثال یوں ہوگی کہ میری بھینس چلی جائے لیکن شریک کا رسہ ضرور جائے یعنی ان کو اپنی بھینس کی بجائے شریک کے رسے کی فکر ہے - اصل میں ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ معزز ممبران یہ فرماتے کہ ہمیں اس قانون کا ذاتی تجربہ ہے اس لئے اس کو بجائے سارے مغربی پاکستان میں لگانے کہ فرنٹیئر و دیگر علاقہ سے بھی ہٹایا جائے -

جناب والا آخر میں میں آپ کے توسل سے حکومت کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ حکومت کو اس بات کا ضرور خیال رکھنا چاہئے — یہ قانون اب باقی صوبہ پر بھی لاگو ہے - اس کے بعد میں حکومت سے صرف یہ عرض کروں گا :

جب چمن سے گذرے تو اے صبا
تو یہ کہنا بلبل زار سے
کہ خزاں کے دن قریب ہیں
نہ لگانا دل بہار سے

Mr. Iftikhar Ahmad Khan : My name is there and you have not allowed me.

Syed Ahmad Saeed Kirmani : Sir you always give me a disorderly House.

Mr. Iftikhar Ahmad Khan : Then I have to walk out Sir.

Mr. Speaker : The Member may walk out if he likes. I cannot allow three persons at a time. (Interruptions and uproar). Order please. Yes, Mr. Kirmani, be quick,

امیر حبیب اللہ خان سعدی - پوائنٹ آف آرڈر -

جناب صدر - میں نہایت لجاجت سے عرض کروں گا کہ معلوم نہیں کیوں عجلت کی جا رہی ہے اور اس قانون کے پاس کرنے میں اس قدر تعجیل کیوں ہو رہی ہے -

Minister of Agriculture and Law : No time will be left for me.

Mr. Iftikhar Ahmad Khan : You have nothing to say.

Mr. Speaker : Mr. Kirmani may continue his speech.

Syed Ahmad Saeed Kirmani : Sir, today a very impatient and tired House has fallen to my lot. (Interruptions).

Mr. Speaker : If anybody has doubt about his name on the list, he can come and see it himself. Yes Mr. Kirmani go on.

Syed Ahmad Saeed Kirmani : Sir I was only submitting that to my misfortune, a tired and impatient House has fallen to my lot and for that reason I would be very brief and I would not commit the crime of being a bore to the Members sitting in this House at the moment.

Sir, I have struggle very hard to convince myself about the justness of this piece of legislation, but I must frankly admit that I don't find myself in a position to congratulate the Government on this obnoxious piece of legislation. To say the least, this piece of legislation is a black law. It is worse than the Rowlatt Act and it is not only undemocratic but is anti-people as well. In short, this bill is a conspiracy against the common man ?

Now, Sir, a few months back. The Laader of the House amidst thunder said that he is going to repeal the F.C.R. We also welcomed that decision of the Leader of the House. We were also glad to note in the body of the bill the last clause, which said that the F.C.R. is repealed hereby. The people at large understood that the Government is convinced that the principles embodied in F.C.R. are highly objectionable and they did not deserve to remain on the statute book, but we more subsequently disappointed and shocked to notice that instead of bringing about an improvement, there has been a retarding process. We notice that whatever little we had in the provisions of the F.C.R. has been denied to us.

Minister of Agriculture and Law : Sir the question be now put.

Mr. Speaker : After his speeah, the Minister may move a closure motion.

Minister of Agriculture and Law : There is no question of moving the closure motion. I have conveyed that after this speech you kindly put it.

Syed Ahmad Saeed Kirmani : Sir to quote one instance, I went to draw through you the attention of the Law Minister particularly to Section 59 of the F.C.R.. which intend to repeal. It reads as follows:—

> An offence punishable under Section 29 or Section 30 may be tried by a Court of Sessions or by a court of a Magistrate of the First Class. An offence punishable under Section 33 may be tried by the Magistrate of the First Class.

This principle was conceded in the F.C.R. that certain offences may be tried by the judicial tribunals. This principle is conceded that in the matter of certain offences, if a conviction is made, the aggrieved party could go to the higher appellate court namly the Session Judge, and also by way of revision to the High Court. But this only good principle kept in the F.C.R. has been taken away in this bill. Instead all the offences are to be tried by the A.D.M. with the assistance of other persons. Subsequently the D.M. appears and then the Commissioner figures, and ultimately the Provincial Government comes forward to administer justice. Nowhere in this bill any offence is to be tried by a Magistrate or by a Sessions court. whereas in the previous regulation, this provision was there that a certain class of offences could be tried by a Magistrate of First Class, and on conviction the aggrieved party could go in for appeal and then for revision. In the presence of Section 29 in this F.C.R., and in the presence of the elimination of this principle in the present bill, how can the Government state and urge and take the plea that this bill is an improvement upon the F.C.R. I will not repeat what has been said by my friends, but I will say that can you quote any country in the world where...

Mr. Speaker : The member's time is over. He may co Splete his point.

Syed Ahmad Saeed Kirmani : A conviction can be based on the hearsay evidence, where conviction can be based on the police diaries, where a conviction can be based because the Members are normally convicted that an offence has been committed. It will be the first country in the whole world where such considerations will weigh with the tribunal while determinining the innocence or guilt of the accused. I, Sir, must say that the whole province is boiling, the whole province is protesting and not a single soul outside this House is in favour of the application of this blackest law, that has ever been enacted by the Assembly.

Minister of Law and Agriculture : Sir. I beg to move :

That the question be now put.

Mr. Speaker : The question is

That question be now put.

(The motion was carried)

Rao Khurshid Ali Khan : Point of order.

آپ ہمیں موقعہ کیوں نہیں دیتے -

مسٹر سپیکر — آپ کا تو لسٹ میں نام ہی نہیں ہے —

راؤ صاحب !

میں کسی کا پابند نہیں ہوں لیکن صرف ایوان کی خواہشات کا پابند ہوں اور اسی لحاظ سے کام کرتا ہوں -

مسٹر حمزہ — پوائنٹ آف آرڈر

مسٹر سپیکر — آپ کا پوائنٹ آف آرڈر کیا ہے۔

مسٹر حمزہ — میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ اس مسودہ قانون پر سب سے سخت اعتراض یہ تھا کہ اختیارات ایسے افسران کو دیئے جا رہے ہیں جو غیر جانب دار نہیں ہیں۔ ہماری یہ انتہائی بد قسمتی ہے کہ اس ایوان میں آپ بھی غیر جانب دار نہیں ہیں اور آپ کے سامنے جو فہرست ہے آپنے اس کا Sequence بدلا ہے۔

Mr. Speaker : The Member may come and see the list. If he does not want to see I cannot help it.

وزیر زراعت و قانون (ملک قادر بخش) ۔ حضور والا ۔ آج میں اس سیٹ پر اپنا سر اونچا کئے ہوئے کھڑا ہوں ۔ اور ان حضرات کا جنہوں نے اس بل کو پیش کرنے میں مدد کی ہے شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ میں آپوزیشن کے ممبروں کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے وقتاً فوقتاً اپنے قیمتی خیالات سے مجھے موقع دیا کہ جتنا بھی نرم سے نرم قانون ہو سکتا ہے ہم کرتے جائیں ۔ اس کا ثبوت یہ ہو سکتا ہے کہ ہم ترامیم میں ترامیم پیش کرتے چلے گئے ۔ اور عوام کی رائے کے سامنے جھکتے چلے گئے ۔

راؤ خورشید علیخان—عوام کی رائے کا نام نہ لیں ۔

وزیر زراعت و قانون —ایک منٹ ذرا حوصلہ کیجئے ۔ حضور والا ۔ اپنے ان احباب کا جنہوں نے ہماری مدد کی ہے شکریہ ادا کرنے کے بعد اور آپوزیشن کا شکریہ ادا کرنے کے بعد میں صرف ایک بات شروع ہی میں واضح کر دینا چاہتا ہوں تاکہ کوئی مغالطہ نہ رہے ۔

مجھے دھمکیاں بھی ملیں اور مبارکباد کی چٹھیاں بھی آئیں دھمکیاں اس لئے ملیں کہ میں نے وکلاء کو برا کہا اور میں اب بھی کہتا ہوں کہ ہمارے وکلاء میں کچھ عنصر ایسا آ گیا ہے جو نہ آنا چاہئے تھا ۔ اگر مجھے بار کونسل میں جانا پڑا تو میں یہ نہیں کروں گا کہ اپنے اس کچھ عنصر کو برا لگا کروں بلکہ میں اپنا لائسینس ضبط کرا لوں گا ۔

حضور والا ۔ جب سے میں وزیر بنا ہوں میرے کمرے میں میرے دوست عبدالباقی صاحب کبھی تشریف نہیں لائے لیکن آج سے دو روز قبل وہ میرے کمرے میں تشریف لائے اور آکر کہا کہ خدا کے نام پر اس قانون میں کوئٹہ اور قلات کو شامل کرو ۔

میر عبدالباقی بلوچ — ۱۹۰۱ء والا.....

وزیر زراعت و قانون—سپیکر ۔ میں آپ کی وساطت سے آپوزیشن والوں سے یہ پوچھتا ہوں کہ اگر یہ واقعی ایف ۔ سی ۔ آر ہے تو حضور والا ۔ پیشک کل وہ اخباروں میں تردید کر دیں کہ کل اسنے غلط کہا ہے ۔ اور میں آپوزیشن والوں اور باقی صاحب سے بھی معافی مانگ لوں گا اور میرا ضمیر پاک ہے اور یہ قانون ہم قوم کی فلاح و بہبود کی خاطر لائے ہیں ۔ حضور والا ۔ انہوں نے یہ بات نہیں دیکھی اور نہ یہ شیڈول پڑھکر دیکھا Schedule میں ہم نے رکھا کیا ہے ۔ سنئے جواب ۔ ایک تو وہ جرائم جو انسانی زندگی لینے کے متعلق ہیں ۔ نمبر ۲ — آگ لگانا کسی کے گھروں کو ۔ میں نے وہ cases دیکھے ہیں کہ باہر سے نالا لگا کر آگ لگا دی اور بچے تڑپ تڑپ کر مر گئے اور ملزموں کا پتہ ہوتے ہوئے وہ چھوٹ گئے ۔

نمبر ۳—تیسرے ہمنے رکھا ہے Cattle lifting ۔

نمبر ۴— ہمنے Smuggling کو رکھا ہے ۔

نمبر ۵—ہمنے رشوت کو رکھا ہے ۔

اور چھٹی چیز وہ ایسی بری ہے جس کے لئے ہر جگہ سے آواز اٹھتی ہے اور وہ زنا ہے ۔ میں تو کہتا ہوں کہ کسی کا گھر لٹ جائے وہ بچ جائے گا کسی کا مویشی اٹھ جائے وہ بچ جائے گا کسی کا بیٹا مر جائے وہ بھی بچ جائے گا ۔ کسی کا زنا نہیں بچ سکتا اس کے لئے موت ہے ۔ ہم سے کہا گیا ہے کہ یہ پرانی شراب ہے میں کہتا ہوں کہ شراب کے عادیوں سے شراب ہم نے چھڑا دی ہے یہ کوئی نئی شراب نہیں آئی ہے ہمنے کوئی نیا قانون نہیں لگایا ہے ہم نے کوئی نیا جرم نہیں بنایا

ہے جس پر سعدی صاحب اور خانزادہ صاحب فرمانے لگے کہ ایف ۔ سی ۔ آر فرنٹیئر ریجن سے ادھر کیوں لایا گیا میں پوچھتا ہوں کہ کیا رشوت کیمبل پور میں نہیں ہے کیا وہاں اغوا نہیں ہوتا ۔ علامہ ارشد صاحب سے میں کہوں گا کہ کیا اغوا بہاولپور میں نہیں ہوتا ہے ۔ کیوں اس قانون کو فرنٹیر تک محدود رکھا جائے اور اس سے آگے کیوں نہ بڑھایا جائے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپوزیشن والے جن چیزوں کا نام لیتے رہے ہیں میں کہتا ہوں کہ ۱۹۴۷ء میں کسی کے خواب میں بھی یہ نہیں تھا اور کسی نے خواب میں بھی یہ نہیں دیکھا تھا کہ لوگ راہ گذر عورتوں پر حملہ آور ہوں گے اور کسی نے خواب میں بھی یہ نہ دیکھا تھا کہ over night رات کی رات قوم دولتمند بننے کو تیار ہو جائے گی اور کسی کے خواب میں بھی . . . .

May be I am resposible for it, but it is a fact.

اس حقیقت سے گھبرا نہ جائیے ۔ حضور والا ۔ یہ کسی کو علم نہ تھا اور میں تو یہ کہتا ہوں کہ اگر قائد اعظم رحمت اللہ علیہ ہوتے تو اس سے زیادہ تعزیر آپ پر لاتے ۔ یہ ٹھیک ہے کہ ایسی برائیاں سماج میں نہ آتیں تو ایسے قانون کی نہ ضرورت تھی ۔ ایک محترم مذہب کا نام اور پیارے مذہب کا نام گھسیٹ کر لے آئے ۔ ایک محترمہ نے اس سیشن میں فرمایا تھا ہاتھ کٹوانا وحشیوں کا کام ہے ۔ یہ مذہب کی عزت کی گئی ہے ۔ اور یہ بات آپوزیشن کی طرف سے ہوئی تھی ہماری طرف سے نہیں ہوئی تھی۔

راؤ خورشید علی خان—اور آپ نے اس پر تالیاں بجائیں تھیں ۔

Minister of Agriculture and Law : Rao Sahib, be pateint.

مسٹر سپیکر — راؤ صاحب—اب آپ تشریف رکھیں ۔

وزیر زراعت و قانون ۔ میں کہتا ہوں کہ اگر اس قانون میں کچھ اچھائیاں نہ ہوتیں تو باقی صاحب مجھ سے آ کر یہ نہ کہتے ۔ میرے کمرے میں آئے اور کہنے لگے کہ تمہاری نیت میں فرق ہے ۔ میں نے کہا کیا فرق ہے ۔

کہنے لگے کہ تم کوئٹہ قلات پر یہ قانون نافذ کرنا نہیں چاہتے ہو - تم ہمیں اس پرانے ایف - سی - آر میں رکھنا چاہتے ہو - میں کہتا ہوں

حق وہ جو سر چڑھ کر بولے
نشہ وہ جو سر چڑھ کر بولے

حضور والا — باقی صاحب نے کہا ہے کہ کوئٹہ اور قلات پر تمہاری نیتیں خراب ہیں - کیوں کہ تم پرانا قانون لاگو رکھو گے - میں نے کہا نہیں - بات یہ ہے وہاں فی الحال تھانے نہیں اور کوئی مجسٹریٹ نہیں کچھ تکلیفیں ہیں تو کہنے لگے کہ اس صورت میں ہم مر جائیں گے - تو ان کا یہ خیال ہے کہ میں نے یہ نہیں رکھا لیکن حکومت ایک سال کے اندر کوئٹہ اور قلات میں بھی لائے گی - آپ کو مبارک ہو میں نے آپ کا کہا مان لیا اور اس خٹک ناچ میں آؤ ہمارے ساتھ ناچتے چلو باہر کیونکہ یہ باعث فخر ہے . . . . قطع کلامیاں . . . . بیٹھو سعدی صاحب آداب محفل سیکھو — حضور والا — اس ایوان میں یہاں تک کہا گیا کہ ہمارے ملک کے عوام جنہوں نے ہمیں نمائندہ بنا کر بھیجا وہ جاہل ہیں اور بد معاش ہیں اور دس نمبرئے ہیں مسٹر سپیکر - میں یہ اس لئے کہتا ہوں کہ وہ یہ point argue کو رہے تھے کہ Assessors یعنی اہالیاں جرگہ کس کو بنائیں گے کیونکہ عوام تو بد معاش ہیں - میں کہتا ہوں ان کو استعفیٰ دے جانا چاہئے ان عوام سے ان B. Ds. سے - دوسرے کا سنئے اس نے ایک اور گیت گایا اور کہا کہ B. Ds. بد معاش ہیں اب دوسرا اٹھا اس نے کہا کہ یہ جلدی کیوں کیا تم لوگوں نے B. Ds. سے ان کی رائے لی ہے میری سمجھ میں نہیں آتا کہ ڈسٹرکٹ کونسل سے رائے لے لیتے . . . .

درمیان قعر دریا تختہ بندم کردہ ای
باز می گوئی کہ دامن تر مکن ہشیار باش

اس کا یہ ہے - کہ ایک طرف کہتے ہیں کہ Basic Democratic سے مشورہ لو اور دوسری طرف سے کہتے ہیں کہ یہ بد معاش ہیں ان دو باتوں سے اللہ تعالیٰ بچائے . . . . (قطع کلامیاں اور شور)

Mr. Speaker : No. Interruptions please.

وزیر زراعت و قانون — عرض یہ ہے کہ ایک ممبر نے کہا کہ ملک قادر بخش ریگستانی اونٹ کی طرح پیچھے رہ گئے کہ عوام کی رائے پیچھے رہ گئی، وہ پہاڑی ٹٹو بن گئے لیکن آگے دوڑ نکلے کاش وہ یہاں بیٹھا ہو - سن لیں میری بات کا مطلب کیا ہے کہ وہ لاء اینڈ آرڈر کو تباہ کرنا چاہتا ہے وہ یہ چاہتا ہے کہ عوام چاہتے ہیں کہ ان کی بہو بیٹیاں نکل جائیں اور کوئی پوچھنے والا نہ ہو - میں کہتا ہوں کہ یہ پہاڑی ٹٹو اور آگے نکل گیا ہے اور اس کو سوچنا چاہئے تھا کہ ریگستانی اونٹ زندہ رہے گا - وہ آہستہ آہستہ چلے گا اور اس طرح ترقی لے آئے گا - قوم اس پہاڑی ٹٹو کے ساتھ نہیں چل سکتی (قہقہہ)

آگے جناب ایک بات یہ کہی گئی ہے کہ میرے معزز ڈپٹی سپیکر حضور والا جونئیر ڈپٹی سپیکر صاحب نے فرمایا کہ بار ثبوت ملزم پر نہیں ہوتا - میں کہتا ہوں دنیا کی تاریخ میں مجھے بتلا دو کہ کہیں ایسا بھی ہوا ہو کہ قانون آئین نہیں - قانون میں پارٹی سے ہمیشہ ہوا کرتے ہیں فیصلہ پارٹی سے ہوتا ہے ہم نے کیا رکھا ہے کہ ۳/۵ — پانچ ممبروں میں سے اگر ۳ اتفاق کر جائیں تو ٹھیک ہے کہ گناہگار کو سزا ہو سکے گی ورنہ نہیں اس سے زیادہ بتاؤ کون شک کا فائدہ دے سکتا ہے - بتاؤ ہسٹری میں سے نکالو آج لیکن اس سے زیادہ مشورہ کیا دوں . . . . (قطع کلامیاں)

راؤ خورشید علی خان—فیصلہ کرنے والے اگر سارے چور ہوں تو . . . . (شور)

میاں محمد شریف—آپ کو ایسی باتیں نہیں کرنی چاہئیں -

وزیر زراعت و قانون — وقت ختم ہو رہا ہے ورنہ اس ہاؤس میں آج دکھاتا کہ کس طرح ان لوگوں نے گیلری کو Play کیا اور کس طرح انہوں نے بے ہنگم او

بے مطلب باتیں کہیں - عوام ہمارے ساتھ ہیں - غلط باتیں
کی گئیں - میں عرض کروں گا کہ Matter should be put to the vote.

Mr. Speaker : The question is—

That the West Pakistan Criminal Law (Amendment) Bill, 1965, be passed.

(*The motion was carried*)

(Cheers from the Government Benches)

Mr. Speaker : The House now stands adjourned *sine die*.

(The Assembly then adjourned *sine die*.)

1141PLP—600—10-4-65 SGPWP Lahore.